براہینِ قاطعہ

بجواب

انوارِ ساطعہ

مروجہ مولود و فاتحہ اور شرک و بدعات و رسومات کے رد میں لاجواب کتاب
جس میں "انوار ساطعہ" کا مفصل جواب اور احمد رضا خاں صاحب کے بہتانات کے شافی جواب شامل ہیں

حضرت مولانا خلیل احمد محدّث سہارنپوریؒ

حسب الحکم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ

ضمیمہ از: **مولانا محمد منظور نعمانی**

دارالاشاعت

اردو بازار کراچی ط فون ۲۶۳۱۸۶۱

ذاتی ملکیت
منجانب: ادارہ تعلیم القرآن

يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اے لوگو! تحقیق آئی تمہارے پاس حجت تمہارے رب کی طرف سے

الحمد للہ المعطی الاعلیٰ کہ کتاب لاجواب ماحی رسوم و بدعات و دافع اوہام و ظلمات محلّٰی بحجج لامعہ موشی بدلائل ناقعہ اعنی

البراهين القاطعة

على

ظلام الانوار الساطعة

الملقب

بالدلائل الواضحة

على

كراهة المروج من المولود و الفاتحة

بامر حضرت بقیۃ السلف حجۃ الخلف رأس الفقہاء والمحدثین تاج العلماء الکاملین جناب مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی ۱

اشاعت اول مارچ ۱۹۸۶ء

فہرست مضامین براہین قاطعہ

مضامین	صفحہ
خطبہ، وجہ تالیف کتاب و ضرورت تالیف	۵
مسئلہ خلعت وعید قدمار میں مختلف فیہ ہے	۶
معنی حدیث شلی	۷
وتر کی ایک رکعت حدیث صحیح میں موجود ہے	״
نفس ایصال ثواب و ذکر مولود مندوب	״
شرکت امرداں کیوں وجہ ممانعت ہے	۸
زیب و زینت محفل کیوں وجہ ممانعت ہے	۱۲
بحث شیرینی و تحقیق مسئلہ التزام مباح	۱۷
جو روشنی وجہ ممانعت ہے کونسی ہے	۱۹
صاحب انوار کے لطیفہ کا جواب اور تحقیق حدیث ان الدین لیارز الی الحجاز الخ	۲۲
معنی آیت ان اولیاءہ الا المتقون اور اہل حرمین کو بغض رکھنے کے معنے	۲۵
تحقیق ندار بلفظ یا رسول اللہ صلعم	۲۷
رامپوری کی شکایت اربعہ کا جواب	۳۱
حضرت حاجی صاحب قدس سرہ کی اجازت قیام مولود ناواقفیت حال جہلاء پر مبنی ہے	״ ״
قرون ثلثہ میں موجود ہونے نہ ہونے کے معنی	۳۲
تقلید شخصی واجب ہے	۳۳
اشغال مشائخ ثابت بالسنۃ ہیں	۳۴
ہیئات اور طرق ذکر ثابت بالسنۃ ہیں	۳۵
بدعت حسنہ و سیئہ کی حقیقت	״
بدعت کی حدود جو منقول ہیں متعارض نہیں محض اختلاف عنوان ہے	״
معنی حدیث علیکم بسنتی الخ و حدیث ما انا علیہ و اصحابی و حدیث خیر القرون الخ	۳۷
قرون ثلثہ میں جو چیز نکلی اس کے سنت ہونے کے معنی اور حدیث	۳۹

مضامین	صفحہ
خیر القرون میں خیریت کونسی خیریت مراد ہے	۳۹
اس جملہ کا مطلب اور حدیث ان بعدہم قوما یشہدون ولا یستشہدون الخ کے معنی	۴۱ ״
صحیحین کی روایت غیر صحیحین پر کب راجح ہوتی ہے	۴۲
معنی حدیث ثم یفشو ما یظہر الکذب	۴۳
قرون ثلثہ میں کسی امر کا بلا نکیر ہونا دلیل ہے نہ کہ مطلق وجود	۴۴
حدیث من احدث الخ میں ما لیس منہ کے معنی	״
مقید میں حکم قید کی طرف راجح ہوتا ہے، اس قاعدہ کا مطلب اور بدعت حسنہ اور سنت میں محض فرق اصطلاحی ہے نزاع حقیقی نہیں ہے	״ ״ ״
حدیث من سن سنۃ حسنۃ میں سنت حسنہ سے کیا مراد ہے اور حدیث و دیگر عبارات مثبتہ بدعت حسنہ مانعین کو مضر نہیں	۴۵
اللہ تعالی کی کسی صفت خاصہ میں کما کیفا شرکت کا اعتقاد ہی شرک نہیں بلکہ نفس شرکت کا اعتقاد بھی شرک ہے	۵۴
بحث علم غیب	۵۵
حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی کے جواب کے رد کا رد	۵۸
امر مباح بلکہ مندوب بوجہ التزام و اعتقاد تاکد بدعت و ناجائز ہو جاتا ہے، اس لئے متقدمین کا تعامل بھی اس بارے میں حجت نہیں	۶۱
مولوی امیر باز خاں کے جواب کے رد کا رد کون التزام بدعت ہے اور کون جائز و مستحب ہے	۶۴
تارک الورد ملعون و صاحب الورد ملعون کی تحقیق	۶۹
مرکب کی ہیئت ترکیبیہ حرام ہوگی تو مرکب کا حکم بدل جاویگا اگرچہ تمام اجزاء مباح ہوں	۷۷

مضامین	صفحہ
فاتحہ مروجہ کو طعام سامنے رکھ کر دعا زیادہ فرمانے پر قیاس نہیں کر سکتے کہ فارق موجود ہے	۷۹
کھانے پر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ہنود کی مشابہت ہے اور رفع یدین جہاں ثابت نہیں ہوا مکروہ ہے	۸۳
جس قدر عبارات مؤلف موہم جواز فاتحہ مروجہ میں پیش کی ہیں فاتحہ مروجہ ثابت نہیں ہوتی	۸۴
شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات سے بدعت ہونا فاتحہ کا ثابت ہوتا ہے اور عبارات شاہ صاحب موہم جواز عرس مؤول ہیں اپنے مدلول میں نص نہیں ہے اور حدیث صحاح اس کی معارض ہے	۸۵
شرح ملیہ کی ایک عبارت کی توجیہ	۸۶
حضور صلی اللہ علیہ وسلم روٹی آنے پر انتظار سالن کا نہ کرتے تھے اس سے اور نیز لا صلوٰۃ بحضرۃ الطعام سے کراہت فاتحہ مروجہ ثابت ہوتی ہے	۹۱
بعض حضرات فاتحہ کو کیوں منع کرتے ہیں	۹۲
شب جمعہ میں ارواح کے اپنے گھر آنے کے اثبات میں جو روایات ہیں مخدوش ہیں اور خلاف صحاح	۹۳
تذکرۃ الموتیٰ اور عوارف سے ارواح کا برزخ میں چلنا پھرنا ثابت ہے نہ گھر آنا	۹۵
اولیاء کو بلکہ خود فخر عالم علیہ السلام کو کثرت اتباع کی حرص تھی اور اجتماع روحانی بین الاولیاء خواہ ان میں بُعد جسمی کسی قدر ہو سکتا ہے	۹۶

مضامین	صفحہ
صالح مُزنی کا قصہ مانعین کو مضر نہیں مجوزین کو مفید نہیں اور اس کی صحت میں بھی کلام ہے	۹۷
عیدین اور شب براءۃ اور عشرہ کی فاتحہ میں کوئی روایت قابل احتجاج نہیں ہے	۹۸
تنزل الملائکۃ والروح سے شب براءت وغیرہ میں ارواح کا گھر آنا ثابت نہیں ہوتا	۹۹
مسئلہ فاتحہ اعتقادیہ ہے ایسے مسائل میں ضعاف کیا احاد صحاح بھی قابل اعتماد نہیں	۱۰۰
صاحب انوار کے ایک قاعدہ متعلقہ اصول کی تغلیط	۱۰۱
سویم کی بحث	۱۰۳
سویم کی ہیئت ترکیبیہ بدعت ہے نہ کہ کل دیگر اجزاء	۱۰۴
سویم کے قرآن خوانی کی بحث متضمن بر فوائد	۱۰۶
سویم میں اجتماع برادری کی بحث	۱۱۲
تیسرے دن کے تعیین کی بحث	۱۱۳
التزام مباح و مستحب کی عجیب بحث جو باب بدعات میں اصل کلی ہے	۱۱۴
تشبہ کی عجیب بحث کہ جو بدعت کی قسم کرنے والی ہے اور معنی حدیث من تشبہ بقوم فہو منہم	۱۲۸
مسجد میں گھڑا بھیجنے کی بحث	۱۲۸
چالیس روز تک کھانا بھیجنے کا بیان	〃
چہلم و دہم وغیرہ کی تحقیق	〃
مانعین کے دلائل پر مؤلف کے نقض کا رد	〃

مضامین	صفحہ
دلیل اول شرح منہاج کی عبارت اور اس میں مؤلف کی تشریح	۱۲۹
دوسری دلیل عبارت بزازیہ کی اور مؤلف کی خوش فہمی	۱۳۱
تیسری دلیل عبارت شاہ ولی اللہ صاحب اور اس میں مؤلف کی تحریف	۱۳۵
چوتھی دلیل عبارت قاضی ثناء اللہ صاحب	〃
پانچویں دلیل نوادر الفتاویٰ کی عبارت اور اس میں مؤلف کی خیانت و تحقیق مسئلہ کراہت طعام میت	۱۳۶
چھٹی دلیل نیز عبارت نوادر الفتاویٰ اور مطلب اس عبارت کا	۱۳۹
تعیین ایام فاتحہ	۱۴۰
تحقیق مسئلہ اجرۃ تعلیم قرآن اور اس کو رسوم مروجہ کا مقیس علیہ نہیں بنا سکتے	۱۴۱
تحقیق مسئلہ تثویب اور مسئلہ تثویب کو رسوم سے کچھ مس نہیں	۱۴۱
قاعدہ کم من احکام تختلف باختلاف الزمان کی تحقیق	〃 〃
تحقیق اعجام و تعریب قرآن و تزئین مساجد اور بیان اس کا کہ ان مسائل پر رسوم مروجہ کو قیاس نہیں کر سکتے	۱۴۲
مطلب عبارت شاہ ولی اللہ صاحب درباره تجدید اشغال و بیان اس امر کا کہ تجدید اشغال مقیس علیہ رسوم مروجہ نہیں بن سکتے	۱۴۳

مضمون	صفحہ
رسوم مروجہ میں مؤلف کے قیاسات لایعنی سب مردود و مطرود ہیں اور عبارات سلف سے بالکل اس کا جواز ثابت نہیں	۱۴۳
نقل فتویٰ مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے	؍؍
نقل فتویٰ جناب مولانا مولوی رشید احمد صاحب محدث گنگوہی رحمۃ اللہ و تشریح عبارت شرح مقیدہ سویدیا بالتعیین و تحقیق مبحث وما یه النزاع	۱۵۱
آیہ ورفعنا لک ذکرک سے مذاکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں صحابہ رضی اللہ عنہم سے	۱۵۳
استدلال جواز محفل کا رد	؍؍
امر مستحسن مستحب بہیئتہ مالم یرد بالشرع بدعت ہے	۱۵۸
مولانا احمد علی صاحب کے استدلال حدیث عطا کرم مؤلف کے کلام بے سروپا کا رد	؍؍
زیادۃ لفظ سیدنا درود شریف میں ثابت ہے و معنی کل ما کان ادخل فی التعظیم الخ اور یہ قول مفید مؤلف نہیں	۱۶۱
نقل قول ملا علی قاری صاحب مطبوعہ موجودہ محفل مولود مروجہ بدعت ہے	۱۶۵
معنی حدیث ما راٰہ المسلمون حسنا الخ و حدیث علیکم بالسواد الاعظم و حدیث لا تجتمع امتی علی الضلالۃ	۱۷۱
تمام عبارات سلف سے اجمالاً نفس ذکر ولادت کے مستنبط ہوتی ہے	۱۷۲
تشبہ ناجائز کی حقیقت	۱۷۳
آلات حرب جدیدہ میں تشبہ ناجائز نہیں ہے	۱۷۵
مشابہت ممنوعہ میں من کل الوجوہ تشابہ ضروری نہیں	۱۷۸
تفصیل امور لاحقہ ممنوعہ محفل مولد	۱۷۸

مضمون	صفحہ
فرش و منبر و استعمال خوشبو و تقسیم شیرینی سب امور بذاتہا مباح ہیں مگر ان کی ہیئتہ ترکیبیہ رائجہ محفل مولد بدعت ہے	۱۸۰
عادات اسلامیہ مجرد ذی انتظامات سے ثابت بالسنۃ ہیں یہ ہیئت معارض ہرگز نہیں بن سکتی	۱۸۲
مجلس نکاح و صوم یوم عاشورا و افطار و مثل مجلس مولد مروج نہیں ہو سکتے جیسا کہ مؤلف سمجھا ہے	؍؍
امام مالک کا عند التحدث تعطر و تجبر و تادب اہل بدعت کو مفید نہیں	۱۸۷
بحث طعام محفل مولد	۱۸۸
تعیین وقت و میلاد میں مؤلف کی استدلال آیہ ربنا انزل علینا الخ و صوم یوم عاشورا کا نقض ہے آپ کی عبارت مدخل مفید تعیین وقت و میلاد نہیں	۱۹۱
آیہ و دیا اجد عوما الخ و تداعی اہتمام تراویح سے جواز التزام محفل مولد نہیں مستخرج ہوتا	۱۹۳
مطلق قیام تعظیمی بحث نہیں بلکہ اس مطلق کی تقیید ممنوع ہے	؍؍
قیام مولد کے بعض افراد شرک ہیں اور گناہ کبیرہ سے تو کسی حال خالی نہیں	۱۹۸
سجدہ تحیۃ غیر اللہ کو حرام ہے	۱۹۹
زیارت روضہ مطہرہ کے وقت قیام درست ہے اس پر قیام مولد کو قیاس کرنا فاسد ہے	۲۰۰
اگرچہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور سنتے بھی ہیں مگر ہر وقت یہ بات ضروری نہیں	۲۰۸
کشف کی حقیقت اور یہ کہ کشف سے احکام ثابت نہیں ہوتے	؍؍
تشریف آوری کا روح نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی اثبات میں مؤلف کی غلطیاں	۲۱۱

مضمون	صفحہ
جواز قیام مولد میں مؤلف کے قیاسات کا رد	۲۱۳
ندا بروجہ خطاب غائب کی کون قسم ناجائز ہے اور اس کے جواز میں مؤلف کے دلائل بے اصل ہیں	۲۲۰
قبر کے بارے میں مانعین کے اعتراض کا نہ سمجھنا	۲۲۸
خوشبو و دیگر سامان مولد پر مانعین کا اعتراض	۲۲۹
عیدین کے احکام پر مولد کو قیاس نہیں کر سکتے	۲۳۰
ترک قیام کے دلائل پر مؤلف کی بیہودہ باتیں	۲۳۰
جواز قیام کی کوئی وجہ مروجہ مولود میں نہیں پائی جاتی	۲۳۲
رمل حج و صوم عاشورا و تصویر شیخ سے حکایات کے ساتھ محل عشق کا سا معاملہ کرنا ثابت نہیں ہے	۲۳۳
مؤلف کا تقریر سابق میں قیام مولد کو کہنا بے اصل ہے	۲۳۸
حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے کھڑے ہو کر اشعار پڑھنے سے جواز قیام مولد کسی طرح ثابت نہیں ہو سکتا	۲۴۴
بانیان مولد کا منکرین قیام پر خشل تارک فرض کے ملامت کرنے کا حال	۲۴۵
آیہ اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس الاٰیہ سے جواز قیام نکالنا لغو و بے ہودہ ہے	۲۴۷
ذکر ولادت کی طرح ذکر معراج و حج وغیرہ میں قیام نہ کرنے کا جواب بے اصل ہے	۲۴۸
اگر مباح یا مستحب کی مداومت موہم وجوب ہو تو ترک ضروری ہے	۲۴۹
مروجہ مولود کے جواز سے شریعت کے حکم مطلق کو مقید کرنا لازم آتا ہے	۲۵۳
مجدد صاحب کی عبارت سے جواز مولد ثابت نہیں	۲۵۹
اعتراضات مانعین کے جواب میں مؤلف کی لغزشیں اور ایک قاعدہ کلیہ مفیدہ	؍؍
علماء متقدمین کے مولود کرنے کی کیفیت	۲۶۳

مولانا خلیل احمد صاحب پر مولوی احمد رضا خان کے بہتانات کا جواب از مولانا محمد منظور نعمانی صاحب ۲۸۱ / ۳۳۶ | ۲۷۵ قدس اللہ سرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہزار ہزار شکر تیرا اے منعم حقیقی کہ تو نے ایسا حبیب مقبول عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بھیجا جس کا وجود باجود مومنین کیلئے موجب نور وایمان اور باعثِ آرامِ جان ہے، لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رءوف الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خطبہ کتاب وجہ تالیف وضرورت تالیف

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمد عبدہ ورسولہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین۔ الی یوم الدین اما بعد بندہ احقر الناس خلیل احمد انبیٹھوی عفا اللہ تعالیٰ عنہ بخدمت مستفیدان باد انش[1] عرض کرتا ہے کہ ہر چند جناب حق تعالیٰ کے منشور عام واجب الاذعان[2] انزال فرمایا کہ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی (آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت کا اتمام کیا) اور فخر عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اشتہار علی الاعلان فرمایا کہ علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین عضوا علیھا بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل بدعۃ ضلالۃ الحدیث (تم پر میری سنت اور خلفاء راشدین کی سنت لازم ہے اسے مضبوطی سے پکڑ لو اور نئے نئے امور سے بچو اس لئے کہ اسمیں نئی نئی باتوں کا پیدا کرنا گمراہی ہے) مگر تاہم عوام کالانعام[3] باغوائے شیطانی[4] اختراع فی الدین سے باز نہ رہے اور محدثات کو عمدہ عبادت تصور کر کے منہمک ان سیئات کے ہوئے اور پھر علماء ربانیین نے اگر قلع وقمع میں ان محدثات کی سعی بلیغ فرمائی مگر علماء دنیا نے بتسویل نفسانی[5] ان بدع کی تحسین میں رسائل تالیف کئے ہر چند یہ سب کچھ تھا لیکن کسی نے فقہاء مجتہدین وعلماء راسخین کو سب وشتم[6] سے یاد نہ کیا تھا اور نہ علماء اولیاء کے طعن سے اپنا دنیا ودین برباد کیا۔ اس سن تیرہ سو تین ہجری کے ماہ شعبان میں ایک کتاب مسمی بانوار ساطعہ کہ فی الواقع وہ ظلمات باطلہ ہے اس احقر کی نظر سے گذری کہ اس کے مؤلف نے نصر احناً علماء راسخین اور اولیاء کے مقبولین پر طعن وشتم کر کے مورد ومن عادی لی ولیا فقد اذنتہ بالحرب کا ہوا ہے اور طرفہ یہ کہ وہ خود علم وفہم سے بالکل عاری جہل مرکب میں مبتلا ہے، نہ سائل کی مراد سے واقف ہوا نہ مجیب کے جواب کو سمجھا اور نہ اپنے دعوے ودلیل کو جانا کہ کیا کہتا ہوں اور کیا مقصود تھا اور اس پر دعوی علم وتبحر وتفقہ کا وہ کچھ کہ گویا دنیا میں لاثانی ہے اور باوصف اس زعم وتبجح[7] وناز اپنے علم کے کہ جہل مرکب ہے اپنے نام کو ستر اخفاء میں مکتوم[8] کیا ہے کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خود اپنی اس تحقیق باطل کا مترد د ہو رہا ہے تا گنجائش انکار باقی رہے مگر بقول ع نہاں کے ماند آں رازے کزو سازند محفلہا ۔ چونکہ مؤلف مجمع جہلاء میں فخر اپنی اس تالیف کو بزعم خود بے مثل تصور

ا دین دار ٢ قابل یقین ٣ جانوروں کے مانند ٤ شیطان کے بہکانے سے ٥ نفس کے فریب میں آکر ٦ گالی گلوچ ٧ تکبر
٨ پوشیدہ۔

لاکھوں کروڑوں درود اس امام رسل کی روح پرفتوح پر جس کے فیض تعلیم وہدایت سے ہر زندہ دل اپنے مردگانِ غمناک کی ارواح کو فاتحہ و درود سے راحت رساں ہو ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولاتجعل فی قلوبنا غلا للذین اٰمنوا ربنا انک رؤف الرحیم

امابعد:۔ اہلِ اسلام کو اپنی اس حالتِ نازک پر رونا چاہیئے کہ اسلام ایک گلِ پژمردہ کی طرح سموم[1] اختلافات بیجا سے آناً فاناً کمہلایا جاتا ہے۔ اور عناد وفساد ایک تند باد شدید ظلمانی کی طرح ہر طرف سے اٹھا چلا آتا ہے نہ زبانیں سچی نہ سینے صاف سیکڑوں مفسد ہزاروں اختلاف کوئی یہ کہہ رہا ہے کہ جناب باری عز اسمہ جس کی شان عالی یہ ہے من اصدق من اللّٰہ حدیثا اللہ تعالیٰ سے زیادہ سچا کون ہے

کرکے ممدوح کرکے داد چاہتا ہے اور بریں فہم ودانش وعلم چند جہلا کی تحسین پر اپنے جامہ میں نہیں سماتا چنانچہ خود تحریر رسالہ گواہ اس دعوے کی ہے لہٰذا خوب روشن ہوگیا اور مثل آفتاب نیمروز کے واضح ہوا کہ مؤلف اس کا مولوی عبدالسمیع رام پوری ہے جو میرٹھ میں بر مکان شیخ الٰہی بخش مرحوم رہتا ہے کہ اس نے ابتدائے طفلی سے رسائل مبتدعین کو جمع کرکے یہ ملکہ واہیہ بہم پہنچایا، اور باوجود یکہ خدمت جناب مولانا احمد علی صاحب سہارنپوری اور مولوی سعادت علی صاحب سہارنپوری اور مولوی شیخ محمد صاحب تھانوی ۔۔۔۔۔۔۔۔ اور مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہم میں بایں بضاعت مزجاۃ علم بے فہم کی حاصل کی تھی ان کو بھی مع علماء متقدم ومتاخر کے نشانِ سہامِ طعن وشتم بنایا اس وجہ سے زیادہ تر موجب ملال تعجب کا ہوا، چونکہ جہلاء ضلال اس کتاب پر ناز کرتے ہیں اور خود مؤلف بھی اس تارِ عنکبوت کو حصن حصین تصور کرتا ہے اس کی حقیقت جہل کی تشت کو ضروری جانا تاکہ مؤلف کو مبلغ اپنے علم وفہم کا واضح ہوجاوے اور ہر ناظر پر کیفیت مؤلف کی اور استعداد ولیاقت اس کی ہویدا ہوجائے، اور اس رد انوارِ ساطعہ کا نام البراہین القاطعہ علیٰ ظلام الانوار الساطعہ رکھا گیا اور اس رد میں لفظ مؤلف سے مراد مولوی عبدالسمیع رام پوری کہا ہووے گا اور مجیب سے وہ عالم کہ جس کے جواب پر مؤلف نے بحث شروع کی ہے، اور اس جواب میں مقاصد مضامین اس رسالہ کا ابطال اور حاصل مراد مؤلف کا قمع کیا گیا ہے اور اس کے الفاظ وعبارت کی اغلاط اور سقوات وخرافات کا جواب اور سب وطعن کا انتقام اور جملہ جملہ کا افساد وابطال بسبب خوف وطوالت کے ترک کیا گیا ہے۔ الامانشاء اللہ تعالیٰ پس بغور ملاحظہ طلب ہے، کہ مؤلف کے جملہ مطالب کو نیست ونابود اور جمیع قبائح ومفاسد کو باختصار تمام ساقط ومشہور باذنہ تعالیٰ کردیا گیا ہے کہ تھوڑی فہم والا بھی اس تالیف ومؤلف کی قدر پر مطلع ہوجاوے گا، واللہ ولی التوفیق وعلیہ الاعتماد وبیدہ ازمۃ الحق والتحقیق۔ قولہ اما کوئی کہہ رہا ہے کہ جناب باری عز اسمہ الخ اقول۔

مسئلہ خلفِ وعید قدماء میں مختلف فیہ ہے امکان کذب کا مسئلہ تو اب جدید کسی نے نہیں نکالا بلکہ قدماء میں اختلاف ہوا ہے کہ خلفِ وعید آیا جائز ہے کہ نہیں چنانچہ رد المختار میں ہے ھل یجوز الخلف فی الوعید فظاہر مافی المواقف والمقاصد ان الاشاعرۃ قائلون بجوازہ لانہ لایعد نقصا بل جودا وکرما الخ (خلف وعید جائز ہے کہ نہیں ظاہر تو یہ ہے اشاعرہ اس کے قائل ہیں ۔۔۔۔۔ اس وجہ سے کہ وہ اس کو نقص نہیں شمار کرتے بلکہ بخشش اور کرم تصور کرتے ہیں)، ایسا ہی دیگر کتب میں لکھا ہے پس اس پر طعن کرنا مؤلف کا پہلے مشائخ پر طعن کرنا ہے اور اس پر تعجب کرنا محض لاعلمی ہے ہاں حق تعالیٰ کو اپنی مخلوق کی مثل پیدا کرنے پر قادر نہ ہونا آج تک کسی اہل علم نے نہ کیا تھا، جیسا کہ اس شیخ سیزدہم صدی کے مبتدعین نے کہا ہے اور عجز قادر مطلق کے مقر ہوئے اور ان اللہ علیٰ کل شیئ قدیر کے خلاف عقیدہ ٹھہرایا، اس پر مؤلف کو افسوس اور عبرت نہ ہوئی پس یہ باجرا لائق دید ہے کہ تمام امت کے خلاف حق تعالیٰ کے عجز پر عقیدہ ٹھیرا

[1] اختلاف کی آندھی [2] اہل بدعت [3] گالی گلوچ [4] کے ذرے کا نشانہ [5] گمراہ جاہل [6] مکڑی کا جال [7] مضبوط قلعہ [8] ظاہر [9] علم

[10] واضح [11] تیرہویں صدی [12] اقرار کرنے والے

اس کو امکانِ کذب کا دھبہ لگاتا ہے اور حضرت فخرِ موجودات سرورِ کائنات جسنے خود اپنی زبانِ مبارک سے ارشاد فرمایا ہے کہ ایکم مثلی یعنی کون ہے تم میں میری مانند لستن کاحد من النساء یعنی ایک تم میں میری طرح نہیں اور وہ تو وہی ہیں۔ ان کی بیبیوں کی یہ شان عالی ہے کہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا یانساء النبی لستن کاحد من النساء (ترجمہ) اے نبی کی بیبیو تم عام عورتوں میں سے کسی عورت کی طرح نہیں۔ ہو ابھر اس زمانہ میں ایک ادنیٰ سا آدمی ہے کہ وہ کہتا ہے رسول اللہ میرے بھائی ہیں، واضح ہو کہ بھائی جسقدر ہوتے ہیں سب اپنے باپ کے کل ترکہ میں برابر کے شریک ہوتے ہیں، اس لفظ میں ایہام دعویٰ برابری حضرت فخر الانبیاء کے ساتھ ہے معاذ اللہ منہا اب کس کس اختلاف کو بیان کیجئے، ایک کہتا ہے کہ وتر ایک رکعت پڑھو تین رکعت ضرور نہیں،

تو مؤلف کے پیشوایان کا دین ہے اور مؤلف اس پر افسوس نہیں کرتا، اور امکان کذب کہ خلف وعید کی فرع ہے جو قدماء میں مختلف فیہ ہو چکا ہے اس پر طعن کرتا ہے اس سے حال علم و فہم مؤلف کا ہر شخص امتحان کرکے دیکھے فقط **قولہ** اور حضرت فخرِ موجودات صلے اللہ علیہ وسلم الخ **اقول** ایکم مثلی میں مماثلت تقرب الی اللہ تعالیٰ کی مراد ہے چنانچہ لفظ ابیت عند ربی یطعمنی ویسقینی (ترجمہ) وہ مجھکو کھلاتا اور پلاتا ہے، خود اس پر دلالت کرتا ہے اور ایسا ہی لستن کاحد من النساء میں نفی مماثلت شرف زوجیت¹ ولوازم زوجیت کی مقصود ہے نہیں کوئی ادنیٰ مسلم بھی فخر عالم علیہ الصلوٰۃ کے تقرب و شرف کمالات میں کسی کو مماثل آپ کا نہیں جانتا، البتہ نفس بشریت میں مماثل آپ کے جملہ بنی آدم ہیں کہ خود حق تعالیٰ فرماتا ہے قل انما انا بشر مثلکم (ترجمہ) کہدیجئے کہ میں تمہارے ہی جیسا ایک بشر ہوں، اور بعد اسکے یوحی الی کی قید سے پھر وہی شرف تقرب کو بعد اثبات مماثلۃ بشریت کے ثابت فرمادیا، پس اگر کسی نے بوجہ آدم ہونے کے آپ کو بھائی کہا تو کیا خلاف نص کے کہدیا وہ تو خود نص کے موافق ہی کہتا ہے اور فخر عالم² نے بھی فرمایا وددت انی قد رأیت اخوانی الحدیث (ترجمہ) مجھے پسند ہے کہ میں اپنے بھائیوں کو دیکھوں، پس اخوت بوجہ اولاد آدم ہونے کے کہا اور یہی وجہ قائل کی ہر موافق قرآن و حدیث کے ہے اس پر طعن کرنا قرآن و حدیث پر طعن ہے اور اس کے خلاف کہنا نص کی مخالفت ہے لہذا چونکہ جس نے آپ کو اخ کہا ہے بوجہ اولادِ آدم ہونے کے کہا ہے اور تقرب کی مماثلۃ کا وہ ہرگز قائل نہیں تو اس پر طعن سوائے مخالفت نصوص کے اور کیا ہووے گا اور آپ کی ذات کو بشریت سے نکال کر (جو اشرف المخلوقات ہیں) کسی دوسری نوع میں داخل کرنا محض گستاخی اور ہتک شان رفیع آنجناب ہے، سو مؤلف کو ہنوز یہ بھی خبر نہیں کہ قائل کی کیا مراد ہے اور طعن مؤلف کا خود قرآن و حدیث پر ہوتا ہے مگر اپنی کم فہمی کی کہانی کہنی ضرور ہے علیٰ ہذا حال آیۃ لستن کاحد من النساء کا ہے **قولہ** واضح ہو کہ بھائی جسقدر ہوتے ہیں الخ **اقول** الاریب اخوۃ نفس بشریت میں اور اولاد آدم ہونے میں ہر آئینہ مساوات بنص قرآن ثابت ہے اور کمالات تقرب میں نہ کوئی بھائی کے مثل جانے سو یہ طعن بالکل سفسطہ ہے خلاف فہم و عقل کے قائل³ ادر کار ہے جیسے کہ وتر کی ایک رکعت احادیث صحاح میں موجود ہے **قولہ** کہتا ہے کہ وتر کی ایک رکعت الخ **اقول** وتر کی ایک رکعت احادیث صحاح میں موجود ہے اور عبداللہ بن عمرؓ اور ابن عباس وغیرہما صحابہؓ اس کے مقر اور مالکؒ و شافعیؒ و احمدؒ کا وہ مذہب پھر اس پر طعن کرنا مؤلف کا ان سب پر طعن ہے کہ اب ایمان کا کیا ٹھکانا جب آنکھ بند کرکے ائمہ مجتہدین پر اور صحابہؓ اور احادیث پر تشنیع کی پس یہ تحریر بجز جہل کے اور کیا وجہ رکھتی ہے معاذ اللہ منہا۔

¹ یعنی زوجیت کا شرف اور اس کی وجہ سے جو لوازم مرتب ہوتے ہیں ان کی مثال عام عورتوں میں نہیں ہے ² کم عقلی ہے ³ غور طلب

⁴ یعنی اگرچہ بہت سے صحابہ کرام اور امام اعظمؒ کے نزدیک وتر کی تین رکعتیں ہیں مگر بعض صحابہؓ و ائمہ مجتہدین کے نزدیک وتر کی ایک رکعت ہے سو اس قول پر طعن کرنا ان حضرات پر طعن کرنا ہے ہاں اگر غیر مقلدین پر اتباع ہوائے نفسانی کا طعن کرتے تو ممکن تھا کہ اس طرز سے جیسے کیا ہے ۱۲

بحث مماثلت

وتر کی ایک رکعت صحیح حدیث سے ثابت ہے

اور تراویح بیس پڑھنی بدعت ہیں آٹھ سنت ہیں اسی طرح وہ محفل میلاد جس کو عالم عامل محدث کامل فقیہ فاضل حافظ ابوالخیر سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ جمیع اطراف وجوانب ارض میں اہل اسلام پڑھتے ہیں مولد نبی کریم اور پاتے ہیں اس کے سبب برکات عظیم۔ اب اس دور میں کوئی آدمی اس کو کفر و شرک کہتا ہے کوئی بدعت کہتا ہے کوئی حرام نعوذ باللہ منہا۔

محفل مدح پاک کو کہتے ہیں کفر و شرک جو بد ان سے کہو واہیو منھ کو ذرا لگام دو

علیٰ ہذا القیاس وہ اموات جو محزون ایک غار زنگ دردناک و تاریک میں پڑے ہوئے آس کر رہے ہیں کاش میرا بیٹا یا بیٹی کچھ مجھکو دیں یا بھائی بہن فاتحہ درود بھیجیں، اب اس وقت میں بعض وہ صاحب ہیں کہ بے دھڑک فتوے دے رہے ہیں کہ یہ سب امور بدعت ہیں، ان مفتی صاحبوں میں جو واعظین ہیں وہ اپنی گود بھرتے ہیں مردوں کا مال جسقدر دیدو گٹھڑی باندھ لیتے ہیں اور جو ان میں مدرسین ہیں وہ امور فاتحہ درود کو بدعت بتلاکر تمامی اموال موتیٰ کا اپنے مدرسوں میں آنا آرزو کرتے ہیں، غرضیکہ ہر کوئی اپنی طرف کھینچ رہا ہے، عوام جو تیئیس تراویح کی تقلید میں کچھ گذر رہے تھے وہ بالکل شتر بے مہار ہو گئے، بدعت سن کر تمام مصارف خیر سے سبکدوش اور دست بردار ہو گئے امداد اموات بند ہو گئی، لیکن ان حضرات مانعین کو اس سے کیا غرض موتیٰ اپنی قبروں میں تڑپا کریں اور مساکین بھوکے خاک میں لوٹا کریں اور تماشا یہ کہ جب ان سے کہیئے کہ میاں کیوں امور خیر بند کراتے ہو، کہتے ہیں واہ ہم تو بہت اچھا کام کرتے ہیں بس یہ کہنا ان کا اسی کے قریب جا کر ٹھہرا کہ قرآن شریف میں وارد ہے وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ، تیرہویں صدی میں لوگوں کا کیا عجب حال نقا اب چودھویں شروع ہوئی دیکھئے کیا قیامت ہو، دنیا میں کیا خرابی اور دین میں کیا مصیبت ہو، ان ایام میں دہلی کے تین نفر اور چند علماء دیوبند و گنگوہ و سہارنپور کی حسن توجہ سے اور مطبع خاص ہاشمی میرٹھ کی سعی سے ایک فتویٰ چار ورق پر چھپکر اکثر اطراف میں تشہیر کیا گیا ہے، حاصل نتیجہ اس کا یہ ہے، کہ محفل مولد شریف علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام گناہ ہے، اور اسی طرح اموات کا فاتحہ درود جو ہندوستان میں رائج ہیں یہ سب خراب و تباہ ہے

قولہ تراویح بیس پڑھنی الخ **اقول** تراویح آٹھ سے زیادہ کو بدعت کہنا قول کسی عالم کا نہیں بلکہ قول سفہا[1] کا ہے ایسے اقوال ساقطہ کا ذکر یہاں بے محل ہے البتہ بعض علماء نے جیسے ابن ہمام آٹھ کو سنت اور زائد کو مستحب لکھا ہے سو یہ قول قابل طعن نہیں،

قولہ اسی طرح وہ محفل میلاد الخ **اقول** نفس ذکر میلاد فخر عالم علیہ السلام کو کوئی منع نہیں کرتا بلکہ ذکر ولادت آپ کا مثل ذکر دیگر سیر و حالات کے مندوب ہے، چنانچہ یہ امر فتویٰ مولوی احمد علی صاحب محدث سہارنپوری میں مصرح مذکور ہے اور مؤلف اس کو دیکھ چکا ہے کہ یہ کتاب اس کی انسی فتوے کے رد میں تالیف ہوئی ہے البتہ امور غیر مشروعہ جو اس کے ساتھ ضم ہو گئے ہیں، اس کی وجہ سے حکم مجموعہ پر بدعت و منکر ہونے کا یا شرک و حرمت کا لگایا جاتا ہے اور یہ حکم باعتبار ان قیود غیر مشروعہ کے ہے نہ بوجہ نفس ذکر کے چنانچہ یہ سب قریب معلوم ہو جائے گا، پس مؤلف کا یہ طعن بدون سوچے سمجھے ان فتاویٰ کے محض کم فہمی ہے افسوس کہ اصل سوال اور جواب کو غور بھی نہ کیا اور اعتراض کرنے کو کھڑا ہو گیا **قولہ** علیٰ ہذا القیاس وہ اموات جو محزون الخ **اقول** ایصال ثواب طعام و قراءۃ اموات کو کسی نے منع نہیں کیا اس باب میں جو منع ہے تو اس طرح و ہیئت سے ایصال کو منع کرتے ہیں کہ جس میں تشبہ بکفار لازم آجاوے یا تقیید مطلق کی جائے کہ یہ دونوں تمام امت کے نزدیک حرام و بدعت ہیں اور یہ امر کہ منع کرنا بوجہ قیود و ہیئت

نفس ایصال ثواب [illegible]

[1] ازادنے ہیں تو تو سکہ شامل سکے غریبوں کو کھانا کھلانے اور قراءۃ قرآن کے ذریعہ مردوں کو ثواب پہنچانا

کچھ دن اس پر نہ گذرے تھے کہ ایک فتویٰ دوسرا چوبیس صفحہ پر مطبع ہاشمی میں چھپکر دوبدر پھرنے لگا، اس میں زیادہ تر مذمت میلاد شریف کی ہے اور وہی چو ورقہ جو پہلے چھپا تھا پھر دوبارہ اسمیں چھپایا مجھ سے بعض اخوان طریقت نے بتاکید تمام یہ فرمائش کی کہ اس فتوے کے سبب لوگوں میں نزاع وجدال ہو رہا ہے اور کچے دل کے آدمی تشکیکات میں پڑے جاتے ہیں اور معاندین اس فتوے کو جا بجا دکھاتے ہیں اب تم کو چاہیئے کہ تم خبر لو ورنہ یہ عوام جگر خام گرداب ضلالت میں ڈوب جائیں گے اور پھر کبھی ساحل ہدایت کی طرف خروج نہ پائیں گے ہر چند کہ مریض تقفیہ کم طاقت حوائج علائق سے کم فرصت اس قدر گنجائش نہ رکھتا تھا لاکن ملہم الصدق والصواب نے جسکے قبضہ قدرت میں آدمی کا دل ہے میرے دل میں بھی ڈال دیا کہ بالفعل اس باب میں امر حق افراط و تفریط سے خالی لکھ دینا چاہیئے، ایسے موقعہ میں سکوت کرکے عوام کالانعام کو جو اغوای مانعین سے بہکے جاتے ہیں .... نہ ڈبونا چاہیئے، تب میں نے نظر ڈالی دونوں فتووں مطبع ہاشمی پر تب پایا فتویٰ پچھلے میں زیادہ تر اہتمام فقط مذمت مولد شریف کا اور دیکھا پہلے فتوے میں انکار مولد شریف پر اور نیز طعن و تشنیع چند امور خیرات و حسنات پر اس لئے جواب لکھا میں نے اسی فتویٰ اولیٰ کا جیمیں چند امور تھے اور نیز اس کے مکرر چھپنے سے اس کی تاکید سمجھی گئی تھی، لیکن فتویٰ ثانیہ کی بھی دلائل اور مسائل کو اسی کے ذیل میں کہیں صراحتاً کہیں ضمناً رد کیا گیا ہے چاہیئے کہ ناظرین بچشم تدبر ملاحظہ فرماویں اور نام رکھا ہم نے اس فتویٰ کا فتویٰ انکاری جس مقام پر یہ نام آوے جان لیجئے وہی فتویٰ چو ورقہ مانع الخیرات مراد ہے اور نام رکھا ہم نے اپنے رسالہ کا **انوار ساطعہ در بیان مولود و فاتحہ** مشتمل چار انوار پر نور اول میں دو لمعے ہیں **لمعہ اولیٰ** میں بیان ہے ان علماء و مشائخ کا جو مفتیان فتویٰ انکاری کے مقتدا ہیں **لمعہ ثانیہ** میں اس سوال کی نقل ہے لفظاً لفظاً جو اس فتویٰ انکاری میں درج ہے پھر جو کچھ خطائیں اس سوال میں ہیں ان کی تشریح پھر ثبوت دیا گیا ہے خوش آوازی اور فروش تکلفی بچھانے اور تقسیم شیرینی اور روشنی کرنے کا اور حرمین شریفین کی عظمت اور خطاب حاضر مدح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کرنے کا اور یہ کہ حکم شرعی موقوف فقط حدیث پر نہیں نور دوم میں چھ لمعے ہیں لمعہ اولیٰ میں جواب مانعین منقول ہے بلفظہ اور مولوی محمد یعقوب صاحب مدرس اول مدرسہ دیوبند کی چار شکایتیں، لمعہ ثانیہ میں رد جواب مانعین ثبوت بدعت حسنہ بدلائل ساطعہ لمعہ ثالثہ میں نقل ہے عبارت مولوی عبد الخالق صاحب واعظ دیوبندی کی پھر رد کرنا اس کا لمعہ رابعہ میں ہے رد عبارت مولوی عبد الجبار اور اثبات ہر جگہ موجود ہونے ملک الموت اور ابلیس اور چاند اور سورج کا، اور نہ مشرک ہونا آدمی کا اس اعتقاد سے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک محفل مولد شریف میں آتی ہے **لمعہ خامسہ** نقل عبارت مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی پھر اس کی شرح، **لمعہ سادسہ** عبارت مولوی امیر باز خان صاحب واعظ جامع مسجد سہارنپوری کی، پھر جواب اس کا اور ذکر سماع اور حقہ کا،،

کے ہے نہ بوجہ ایصال کے اس فتوے میں جس کا رد کرنے کو مؤلف نے یہ کتاب لکھی ہے، مصرح ہے مگر دیدۂ حق بین نہ ہو تو اس کا کیا چارہ بس اگر کسی نے مسلمانوں کو خسران دین و دنیا سے بچایا کہ مال بھی ضائع ہو اور مقصود بھی حاصل نہ ہو کہ مقصود ثواب اموات تھا نہ کہ معصیت سے ملوث ہونا تو یہ عین دین ہے اس کو قبیح کوئی اہل دین و دانش ہرگز نہیں کہہ سکتا،

لہ جھگڑا ان شبہات کا صدق اور ثواب کا الہام کرنے والا مراد اللہ تعالیٰ ہے و ا صحح ہے نقصان

نور سوم میں چھ لمعے ہیں لمعہ اولیٰ۔ جواز فاتحہ اور جواب دلائل مانعین لمعہ ثانیہ جمعرات کی فاتحہ لمعہ ثالثہ، عیدین وشب برات وعشرہ محرم میں فاتحہ لمعہ رابعہ جواز طریقہ فاتحہ سوم لمعہ خامسہ، ذکر چہلم وبستم ودہم کا اور بھیجنا گھڑا مسجد میں لمعہ سادسہ نصائح درباب اموات نور چہارم میں آٹھ لمعے ہیں لمعہ اولیٰ اثبات محفل مولد شریف لمعہ ثانیہ، یہ اعتراض کہ محفل مولد شریف کو کنھیا کے جنم اور نصاریٰ کے بڑے دن سے مشابہت ہے پھر اس کا جواب لمعہ ثالثہ یہ اعتراض کہ یہ محفل بدعت سیئہ ہے پھر اس کا جواب اور اصول مقررہ مولوی اسمٰعیل صاحب سے ثابت کرنا کہ یہ محفل سنت ہے بدعت ہرگز نہیں کیونکہ اس کی اصل بھی ثابت ہے اور نظیر اور مثل بھی لمعہ رابعہ یہ اعتراض کہ محفل خاص بارہویں ربیع الاول کو کیوں کرتے ہیں اور ہر سال التزام کیوں ہے پھر اس کا جواب اور ثبوت تخصیص یوم والتزام دائمی چند دلائل سے لمعہ خامسہ یہ اعتراض کہ قیام شرک ہے اور روح کا وہاں حاضر جاننا شرک ہے پھر ان سب کا جواب اور چلنا پھرنا روحوں کا دلائل قویہ سے ثابت کرنا اور یہ بھی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچتی ہے محفل مولد شریف کی، لیکن قیام اس واسطے نہیں کہ روح مبارک تشریف لاتی ہے بلکہ قیام چند وجوہ سے شرع میں پایا گیا ہے لمعہ سادسہ۔ یہ اعتراض کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غائب ہیں الفاظ حاضر مخاطب ان کے واسطے بولنے کفر ہیں پھر اس کا جواب دلائل قاطع سے اور ثبوت اس کا عہد صحابہ سے اب تک لمعہ سابعہ اعتراضات متفرقہ واہی تباہی پھر ان کا جواب لمعہ ثامنہ اسمار مبارک حضرات عالی درجات فقہاء ومحدثین مجوزین این عمل وبرکات تضمین یعنی مولد ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ واولیاء امتہ اجمعین **مؤلف رسالہ**: جمیع اہل اسلام کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ جب میں نے یہ بات دیکھی کہ بعض جاہلین فتویٰ انکاری پڑھ پڑھ کر اپنے مسلمان بھائیوں کو بیدردی سے چڑاتے ہیں اور فتنہ کی آگ جو اس قسم کی تحریکات نفسانی سے بھڑکتی ہے بھڑکاتے ہیں تب اس نزاع باہمی پر کمال افسوس ہوا اور اگر یہ مفتیان دین سمجھتے کہ یہ آدمی فتویٰ لکھوا کر باہم سر پھوڑیں گے اور شیشہ اتفاق وجمعیت سنگ تفرقہ سے توڑیں گے نہایت درجہ کے یقین کامل سے کہتا ہوں کہ کبھی یہ علماء اسمیں قلم نہ اٹھاتے اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈال کر کفار کو اپنی خانہ جنگی کا تماشہ نہ دکھاتے بجبر گذشتہ را صلوات اب میں بصد التجا سب صاحبوں کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ میں ایک مرد مبتلائے افکار ہوں، ترددات سے دم بھر خالی نہیں جنگ وجدال اور تضیع اوقات سے بچتا ہوں کیونکہ میں کوئی وارستہ مزاج لاابالی نہیں اپنے کاروبار کو اصلاح دین کے لئے چھوڑ کر یہ رسالہ لکھتا ہوں،

البتہ واعظین ومدرسین پر جو کہ تمثل امر بلغوا عنی ولو آیۃ کے ہیں اور امروا بالمعروف ونھوا عن المنکر کے عامل طعن وتشنیع کرنا اور بدظنی کو کام فرمانا کہ منہی عنہ بنصوص قطعیہ ہے لاریب تسویل شیطان اور ارضاء لعین ہے اور توہین نواب فخر عالم کی کرکے اپنی عاقبت کا برباد کرنا اور خلق کا گمراہ کرنا ہے پس مؤلف اپنے اس فعل شنیع سے اپنا انجام سوچے کہ کیا ہے اور یہ عذر کہ وہ بطمع دنیایہ وعظ ودرس کرتے ہیں سو اس کا حساب علی اللہ تعالیٰ ہے مؤلف کو حکم حسن ظن کرنے کا تھا نہ بدظنی کا لقولہ علیہ السلام ایاکم والظن الظن اکذب الحدیث۔ سو مؤلف عدول حکم ہو کر کون ہوتا ہے اور جو وہ اجرت لیتے ہیں

؎ آزاد ؎ جس کی نصوص قطعیہ سے ثابت ہے

اے اہل اسلام للہ نظرِ انصاف سے اس کو دیکھو، نفسانیت کو ہرگز دخل نہ دیجیو، اگر حق سمجھ میں آجاوے تو قبول کیجیو، اور
قولِ سابق سے رجوع کرنے کو کسرِ شان مت سمجھیو، اور اگر مدتوں کی جمی ہوئی دل سے نہ نکالو تو اتنا بالضرور کرو کہ طرفِ
ثانی کی تشنیع سے زبان سنبھالو۔ مرا بخیر تو امید نیست بد مرساں - وہ لوگ جو باقتدائے سلفِ صالح ان امورِ حسنہ کے
قائل ہیں دیکھو ان کے پاس اپنی تقویت میں کسقدر دلائل ہیں، اور ادلہ شرعیہ سے مدلل ان کے مسائل ہیں تو اول ہیں دو لمعے
ہیں، لمعۂ اولیٰ میں بیان ہے ان علماء و مشایخ کا جو مفتیانِ فتویٰ انکاری کے اساتذہ اور مشایخ اور مقتدا اور پیشوا ہیں واضح
ہو کہ اس فتوے کے جسقدر مفتی ہیں وہ معتقد ہیں اُن دو عالموں کے یعنی مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی اور مولوی اسحاق صاحب
دہلوی کے پس بعضوں کو ان صاحبوں کے خاندان میں واسطہ در واسطہ رابطہ شاگردی کا حاصل ہے، بعضوں کو مریدی طالبی
اور بعضوں کو محض تقلید اور اتباع، پس مولوی اسماعیل صاحب کا خاندانِ طریقت یہ ہے کہ وہ مرید ہیں سید احمد صاحب کے
اور وہ شاہ عبدالعزیز صاحب کے اور وہ شاہ ولی اللہ صاحب کے اور مولوی اسحاق صاحب علمِ حدیث میں شاگرد ہیں شاہ
عبدالعزیز صاحب کے اور شاہ ولی اللہ صاحب کے اور مولوی رشید احمد صاحب اور مولوی محمد یعقوب صاحب کا ایک
سلسلہ تو صابریہ ہے دوسرا نقشبندیہ مجددیہ وہ منتہی ہوتا ہے شاہ ولی اللہ پر اس طرح کہ یہ دونوں صاحب اور نیز تیسرے
مولوی محمد قاسم صاحب ساکن نانوتہ ضلع سہارنپور، یہ تینوں صاحب مرید ہیں جناب حاجی امداد اللہ صاحب کے اور وہ میاں جی
نور محمد صاحب کے اور وہ سید احمد صاحب کے اور وہ شاہ عبدالعزیز صاحب کے اور وہ شاہ ولی اللہ صاحب کے حاصل یہ کہ
ان صاحبوں کے استاد یا پیر امام معتقد فیہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب ہیں اور شاہ ولی اللہ صاحب کا سلسلہ اوپر کو اس طرح چلتا ہے
خاندان مجددیہ میں کہ وہ مرید ہیں اپنے باپ شاہ عبدالرحیم صاحب کے اور وہ مرید ہیں سید عبداللہ صاحب کے وہ سید آدم بنوری
کے اور وہ امام ربانی مجدد الف ثانی کے الیٰ آخرہ اور دوسرا سلسلہ اپنا شاہ ولی اللہ صاحب نے کتاب انتباہ میں یہ لکھا ہے
کہ اس فقیر نے علمِ حدیث لیا اور خرقۂ تصوف پہنا اور خلافت پائی شیخ ابو طاہر سے اور انھوں نے شیخ ابراہیم سے اور انھوں نے
شیخ احمد قشاشی سے اور انھوں نے شیخ احمد شناوی سے اور انھوں نے اپنے باپ علی بن قدوس سے اور انھوں نے شیخ عبدالوہاب
شعراوی سے اور انھوں نے شیخ جلال الدین سیوطی سے اور انھوں نے شیخ کمال الدین امام کاملیہ سے اور انھوں نے شیخ الاسلام

تو آخر علماء متاخرین نے درس اور وعظ پر اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے اور خود مؤلف بھی ایک رسالہ اس باب میں طبع کرا چکا ہے
پس یہ طعن اپنے ادبا اور علماء متاخرین اور فقہاء پر ہوا کہ اپنی غرض فاسد کی اتباع میں اپنا قول بھی یاد نہ رہا سخت تعجب ہے معہذا جو کچھ
واعظ کو اور مدرس میں بہ نیت ایصال ثواب دیا جاتا ہے اس کا ثواب بھی تو اموات کو پہنچتا ہے سوا اموات کا حرمان نہ معلوم کہ مؤلف
کس طرح سمجھ گیا مگر شاید مؤلف کے نزدیک وعظ و درس کوئی گناہ ہے کہ اس کے صرف میں وصول ثواب بھی نہیں ہوتا معاذ اللہ و نیز
وعظ و درس چونکہ فرض ہے ان کے صرف میں اجر بھی زیادہ ہوتا ہے تو مساکین کے دینے سے اس میں اموات کو زیادہ نفع ہے حسب حکم
شرع پس مؤلف کا یہ کلام محض کینہ کا اظہار اور بےخبری علمِ دین سے ہے پس جواب مسئلہ و طعن ناموزوں مؤلف کا حاصل ہو چکا اور

ابو الخیر ابن الجزری شیخ القراء و المحدثین سے الی آخرہ الحاصل یہ بزرگان مندرجہ سلاسل مذکور مقتدا اور پیشوا ہیں مفتیان فتویٰ انکاری کے اور نقل کیا ہم نے ان اسماء کو ان کی کتب مشایخ مثل الانتباہ و قول جمیل، و ضیاء القلوب سے، اور یہ اس لئے کہ ہم جو قول یا دلیل پیدا کریں گے تو وہ یا خود ان بزرگواروں کی تصانیف میں ہوں گی، یا ان بزرگواروں کی مسلم الثبوت کتابوں میں **لمعۂ ثانیہ** سوال فتویٰ انکاری کی نقل ہے **سوال**۔ کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مولود خوانی مدح سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ایسی ہیئت سے کہ جس مجلس میں امردان خوش الحان خواندہ ہوں، و زیب و زینت و شیرینی و روشنی کثیرہ ہے اور رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم اشعار میں مخاطب حاضر ہوں جائز ہے یا نہیں، اور قیام وقت ذکر ولادت صلی اللہ علیہ وسلم کے جائز ہے یا نہیں اور حاضر ہونا مفتیان کا ایسی مجلس میں جائز ہے یا نہیں، اور نیز بروز عیدین و پنجشنبہ وغیرہ کے آگے طعام سامنے رکھکر اس پر فاتحہ وغیرہ ہاتھ اٹھا کر پڑھنا، اور ثواب اس کا اموات کو پہنچانا جائز ہے یا نہیں اور نیز بروز سوم میت کے لوگوں کو جمع کر کے قرآن خوانی و کلمہ طیبہ چنوں بھنوں پر پنج آیت کے و شیرینی تقسیم کرنا بحدیث نبوی صلے اللہ علیہ وسلم جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا؟ تمام ہوئی عبارت سوال کی حرفاً حرفاً۔ شرح اس سوال کی کرتا ہوں اس طرح پر کہ عبارت سوال پر لفظ قولہ ہوگا اور میری عبارت پر لفظ اقول ہوگا، **قولہ**۔ جس مجلس میں امردان خوش الحان خواندہ ہوں الخ **اقول** دیکھو سائل چونکہ سخت عناد محفل خیر العباد رکھتا ہے خواہ اپنے مفتیوں کے مشورہ سے خواہ اوروں کی کمیٹی سے وہ لفظ درج کرتا ہے جس میں مفتی صاحب گھنڈ مہر مناہی کی لگا دیں، بھلا کوئی اس سائل سے پوچھے کہ کیا مجلس میلاد کو خاص امردان خوش الحان ہی پڑھتے ہیں اے مرد خدا آنکھیں کھولکر دیکھ دہلی میں مولانا عبد الحکیم صاحب اور مولوی محمد یعقوب صاحب اور

جو کچھ کلام لا یعنی اس کا سوائے اس کے نہیں اس کا حوالہ یوم الجزاء پر کیا جاتا ہے نہ یہ کام علم کا ہے، بلکہ دہلی کے بھکڑ باز اس سے زیادہ لکھ سکتے ہیں اس کے بعد جو مؤلف نے وجہ تالیف لکھی اور اپنے عالم متبحر ہونے اور معتبر زمانہ کی داد دی ہے اس کا جواب دینا فضول ہے کیونکہ یہ کتاب مؤلف کی خود شاہد اس کے علم و فہم کی اور مکذب اس کے دعوے کی موجود ہے کہ ہر اہل علم مبلغ فہم مؤلف کا دریافت کر سکتا ہے علیٰ ہذا ابتو بیت و تقسیم رسالہ و لمعۂ اولیٰ نور اول کا قابل جواب نہیں اس سے عبور کر کے آگے بڑھتا ہوں فقط **قولہ لمعۂ ثانیہ** سوال فتویٰ انکاری کی نقل الخ **اقول**۔ سائل نے وہ ہیئت واقعہ محفل مولود جو مروج ہے درج سوال کر کے اس کا حکم پوچھا تھا اس کی غرض یہ تھی کہ اصل ذکر مولود کو تو سب علماء جائز رکھتے ہیں مگر اس ہیئت کا کیا حال ہے مؤلف نے بنام نہاد شرح سوال کے اس کا جواب دیا ہے اور شرح میں اپنی رائے سے جو مناسب جانا لکھ دیا ہے چنانچہ ظاہر ہوا جاتا ہے **قولہ** اقول۔ دیکھو سائل چونکہ سخت عناد محفل الخ **اقول** یہ مؤلف کا محض کینۂ قلبی ہے کہ سائل کو معاند فخر عالم علیہ السلام کا لکھا ہے البتہ اگر سائل متبع سنت ہے تو اس ہیئت کا معاند بیشک ہوگا کیوں کہ اس ہیئت کو بدعت جان کر اس سے مجتنب ہے لقولہ علیہ السلام کل بدعۃ ضلالۃ۔ اور اصل ذکر کو وہ مندوب ہی جانتا ہے مگر مؤلف کے حسن فہم سے جو کچھ اس کے قلب میں ہے وہ ٹپکتا ہے **قولہ** وہ لفظ درج کرتا ہے الخ **اقول** اس کلام سے اس قدر معلوم ہوا کہ امردان کا حاضر ہو کر غزل و قصیدہ پڑھنا مؤلف کے نزدیک بھی موجب تامل فتویٰ کراہت کے دینے کا

ے اچھے آگ والے نابالغ لڑکے ے ممنوع ے جھٹلانے والی ے مخالف

مولوی وزیر الدین واعظ جامع دہلی اور چند علماء معمر میلاد شریف پڑھتے ہیں اور کئی برس کو مولوی عبد الرب صاحب دہلوی بھی مولد شریف پڑھنے لگے خوب محفل سجاتے ہیں یہ بھی ساٹھ برس کے ہوں گے امرد خوبرو نہیں ہیں البتہ بعض محافل میں کوئی لڑکا خوش آواز بھی آجاتا ہے

ہے جس سبب سے سائل پر غصہ ہے کہ کیوں ایسا سوال بنایا اور مولف اپنی مجالس میں امردوں کی مولود خوانی سے انکار کرتا ہے مگر مولف کا یہ قول کسقدر کم فہمی ہے تو کیا مجلس میلاد کو خاص امردان خوش الحان ہی پڑھتے ہیں کیوں کہ سائل نے کب کہا ہے کہ امرد ہی پڑھتے ہیں یہ حصر مولف کے فہم ناقص سے پیدا ہوا ہے، سائل یہ کہتا ہے کہ امردان خوش الحان خواندہ ہوں اور خواندہ ہونا عام ہے کہ بالکل وہی پڑھیں یا کچھ پڑھیں اور مطلب سائل کا حسب واقعہ مروجہ ہے قصائد مدح وغیرہ مجلس میں پڑھنے سے ہے نہ کہ خود کتاب مولود کی پڑھنا سو یہ توجیہ مولف کی جواب غفلت ہے کیوں کہ اس کی غرض حضور امارد اور خوش الحانی سے قصائد پڑھنا ہے اور یہ امر مجالس میں موجود ہے کیوں کہ اس سے انکار کرنا ممکن نہیں تھا کہ خود مولف کی محافل میں بھی یہ امر موجود ہوتا ہے لہذا اس کے دفعہ کے واسطے یہ تدبیر کی کہ قول سائل سے کہ امرد خواندہ ہوں امرد کا کتاب مولود کی پڑھنا شرح سوال میں مراد لیا اور پھر استشہاد لائے کہ دہلی وغیرہ میں سب بوڑھے اور معمر پڑھتے ہیں سبحان اللہ خوب شرح کی اور خوب اعتراض کیا عوام کو تو شاید دھوکہ لگ جائے مگر فہیم آدمی تو اس کاریگری کو خوب سمجھ لیوےگا پھر یہ کہ اگر بالفرض یہ امر نہ بھی ہوتا تاہم سائل ایک صورت فرضی کر کے اس کا حکم پوچھتا ہے اور ہر روز یہ ایسے سوالات امر شائع رہے ہیں یہاں تک کہ کتب فقہ میں بعض ایسے سوال مندرج ہیں کہ محال عادی ہیں، پس سائل پر یہ عتاب مولف کا کہ یہ صورت کہاں ہوتی ہے ایسا سوال کیوں کرتا ہے کون عقل کی بات ہے مجیب اور عالم کو واقعہ سے کیا بحث ہے وہ سوال کی صورت کا جواب دیتا ہے یہ مولف کا نیا قاعدہ مخترعہ ہے مگر بات وہی ہے کہ سائل نے خود عیب مولف کا بیان کیا اس کے رنج میں غصہ آگیا اور دوسری شرح خلاف مقصود کر کے جواب میں انکار واقعہ کر دیا گیا مگر اس تغیر سے کیا حاصل ہوا کیوں کہ قصائد خوانی اور مولود خوانی دونوں کا ایک ہی حکم ہووےگا غرضکہ حضور امارد خوش الحان سے ہے مگر مولف ایسا فہم کہاں سے لائے جو اس کو سمجھتا یہ سمجھا کہ جواب مسکِت دے حالاں کہ یہ جواب قابل خندہ ہے کیوں کہ سائل پوچھتا ہے کہ جس محفل میں امردان خوش الحان قصائد پڑھیں اور حالانکہ امرد بعض حسین صبیح بھی ہوتے ہیں اور مجالس مولود میں جوانان فساق فجار بھی حاضر ہوتے ہیں تو ایسی صورت میں اندیشہ فتنہ کا ہے سو چوں کہ سب سامان فتنہ وہاں موجود ہوتے ہیں تو مظنہ شہوت حرام کا ہے کہ امارد میں کوئی صبیح کم کوئی زیادہ اور خوش بختی اور لباس صاف اور خوشبو کا ہونا اور فسق و فجور شباب کا ہونا داعی پس ایسی حالت میں گو ذکر عالم علیہ السلام کا ہی ہو مگر مظنہ شہوت نفس غالب ہے ایسی محفل کا کیا حکم ہے اگرچہ ذکر مندوب ہے مگر لحوق معصیت اور کراہت کا بھی ہے اور مجموعہ پر حکم باعتبار قیود کے ہوتا ہے تو مولف نے جواب اول تو دیا کہ دہلی وغیرہ میں کوئی امرد مولود نہیں پڑھتا اور اگر کوئی امرد آجاوے تو امردوں کو قرآن یا مدح پڑھنا کہیں منع آیا وہ سبحان اللہ کیا عمدہ جواب ہے، وہ تو پوچھتا ہے کہ اس مجمع اور ہیئت میں حاضر ہونا اور مدح خوانی کیسی ہے مولف جواب دیتا ہے کہ مکتب میں یا خلوت و گھر میں قرآن پڑھنا منع نہیں ہے وہ تو مکتب و خانہ میں قرآن و مدح کو پوچھتا ہے یا مطلق قرآن و مدح کو پوچھتا ہے وہ تو ایسے مجمع میں کہ مظنہ فتنہ کا ہے سوال کرتا ہے مطلق قرآن و مدح کو اس نے کہاں پوچھا

---

۱ دلیل ۲ ایجاد کردہ ۳ امرد کی جمع ۴ گمان ۵ خوبصورت ۶ قید کی جمع

کوئی منقبت یا مدح یا حمد خوش آوازی سے پڑھ دیتا ہے، سو یہ کہیں قرآن و حدیث فقہ اصول سے ثابت نہیں کہ امردوں کو قرآن پڑھنا یا اپنے رسول کریم کی مدح اور نعت کا پڑھنا ممنوع ہے کچھ تعریف زلف و رخ و خال و خد محبوبان نازنین کا ذکر نہیں پڑھتے باقی رہی خوش الحانی، سو اس فرقہ کے مسلم الثبوت عالم ربانی مجدد الف ثانی جلد ثالث مکتوبات میں فرماتے ہیں و مجدد در باب مولود خوانی اندراج یافتہ بود در نفس قرآن خواندن بصوت حسن و در قصائد و نعت و منقبت خواندن چہ مضائقہ است ممنوع تحریف و تغییر حروف قرآن است و التزام رعایت مقامات نغمہ و تردید صوت بآں بطریق الحان یا تصفیق مناسب آں کہ در شعر غیر مباح است انتہیٰ اس سے معلوم ہوا کہ خوش آوازی سے مولود پڑھنا جائز ہے ہاں البتہ تالی بجانا اور رعایت راگنی کے قواعد کی نہ چاہیئے یہاں کا قول ہے اور مواہب لدنیہ میں علامہ قسطلانی لکھتے ہیں والحق ان السماع اذا وقع بصوت حسن بشعر متضمن للصفات العلیاء والنعوت النبویۃ المحمدیۃ یحرک باعث الاشتیاق الی المحبۃ الشریفۃ العلیہ کان من الحسن فی غایتہ و تمام تزکیۃ النفس نہایتہ الی آخرہ، اور نیز مولوی اسمٰعیل صاحب صراط مستقیم میں لکھتے ہیں حب عشقی کے بیان میں، از جملہ مؤیدات آن استماع الحان خوش و اصوات دلکش و قصص شوق آمیز و اشعار عشق انگیز است انتہیٰ اور ابن جزری جو سید احمد صاحب اور شاہ ولی اللہ صاحب کے مشایخ میں ہیں فرماتے ہیں اس سنہ سات سو پچاسی میں بادشاہ مصر نے محفل مولد شریف کی کی تھی ہیں اسمیں حاضر ہوا محفل کا احتشام دیکھ کر محکوحیر

ہے اور جو مؤلف کی غرض ہے کہ اصل ذکر تو درست ہے گو عروض فتنہ عارض ہو گیا تو یہ بالکل غلط ہے کیوں کہ حرمت عارضی بھی شئی حلیہ کے محکوم ہوتی ہے اگر یہ مراد ہے کہ مطلق جب حلال ہوا تو پھر جس قید میں اس کا وجود ہو حلال ہی ہے فاتحہ یہ بھی سراسر غلط ہے کہ مطلق حلال بقید ممنوع سے ممنوع ہو جاتا ہے چنانچہ نماز ارض مغصوبہ میں ممنوع و مکروہ ہے اور یہ جو مراد ہے کہ امرد اگر خد و خال کے اشعار پڑھے تو منع ہے مگر مدح فخر عالم علیہ السلام کا اندیشہ نہیں تو یہ بھی محض غلط ہے کیوں کہ شہوت پرستوں اور جوانان باشہوت کو مدح اور قرآن اور غزل میں اور صلوٰۃ و ذکر میں کچھ تمیز نہیں ہوتی طبعًا اور یہ امر بدیہی ہے ہر شخص جانتا ہے گو مؤلف دیدہ و دانستہ انکار کرے یا بوجہ ضعف دماغ کے قوت شہویہ زائل ہو گئی ہو، دیکھو درمختار میں صبیح کی امامت کو مکروہ لکھا ہے — اور وجہ اس کی وہی مظنۂ فتنہ ہے جب نماز اور قرآن میں علما مکروہ لکھتے ہیں تو ایسی مجلس میں مدح خوانی کب درست ہووے گی اور احیاء العلوم میں امرد کی صوت کو درصورت مظنۂ فتنہ کے مکروہ لکھا ہے مؤلف آنکھ کھولکر مطالعہ کرے پس ہر گاہ کہ اس مایۂ صلاح میں اس کو مکروہ لکھا ہے تو اس زمانۂ فتن میں صلحاء کا بھی حال قابل طمانیت نہیں چہ جائیکہ اس محفل میں جہاں فساق موجود ہوں پس محاصل یہ کہ مؤلف نے کمال فہم کو کام فرمایا کہ سائل تو ایسی محفل کے حضور کو پوچھتا ہے جسمیں فتنہ کا ظن غالب اور امارد کا وہاں ہونا موجب فتنہ کا ہے اور مؤلف جواب دیتا ہے کہ امرد کا قرآن و مدح پڑھنا درست ہے یہ علم مؤلف کا قابل دید ہے **قولہ** باقی رہی الحان خوش الخ **اقول** یہاں سے مؤلف اپنے دعویٰ پر دلیل لایا ہے کہ صوت حسن جائز ہے حضرت مجدد کا قول اور مواہب لدنیہ کی عبارت اور صراط مستقیم کی تقریر مگر کوئی مؤلف سے پوچھے کہ ان روایات سے صوت حسن کا جواز معلوم ہوا اگر امرد حسن الصوت کا مجمع فساق میں پڑھنا ثابت نہیں ہوتا سائل اس ہیئت کو پوچھتا ہے نہ مطلق صوت حسن کو تو آپ ان روایات سے

لہ جو زمین زبردستی کسی سے چھینی گئی ہو ۲ نابالغ لڑکا ۳ جب فتنہ کا گمان ہو ۴ فاسق کی جمع

ہوئی اور میں اس کو دیکھکر خوش ہوا خیال کرتا ہوں کہ اس محفل میں دس ہزار مثقال سونا خرچ ہوا ہوگا، کھانے پینے کی چیزوں اور خوشبوئیں اور روشنی شمعوں میں پچیس[۱] حلقے تو چھوٹی عمر کے لڑکوں قرآن قرارت سے پڑھنے والوں کے تھے نقل کیا اس حکایت کو ملا علی قاری نے اپنی مورد الروی میں اور اس کے قریب قریب ذکر کیا نورالدین ابو سعید بورانی نے اور یاد رکھو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پسند کرتے تھے خوش آواز کو روایت ہے کہ سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا ابی موسیٰ کا فرمایا لقد اوتی ہذا مزمارا من مزامیر آل داؤد جب یہ خبر ابی موسیٰ کو پہنچی، انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جو میں جانتا کہ آپ سنتے ہیں تو خوب ہی بنا کر پڑھتا غرضکہ حسن صوت اور خوش الحانی ہر سلیم الطبع کو پسند ہے مگر جو لوگ بلید الطبع بارد مزاج ہیں وہ اس کی قدر نہیں جانتے علامہ قسطلانی نے مواہب میں لکھا ہے وحسن الجمع مع بلادۃ طبعہ متأثر بالحداء وتاثیرہ بمد عنقہ وبصغی سمعہ الی الحادی فمن لم یحرکہ فہو فاسد المزاج وبعید العلاج انتہی اسی معنی میں سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

اشتر بشعر عرب در حالت است وطرب　　　　گر ذوق نیست ترا کج طبع جانورے

قولہ زیب و زینت **اقول** یہ لفظ اکثر مانعین و منکرین میلاد سے سنا ہے کہ وہ منجملہ دلائل منع کے زیب و زینت کو بھی منہیات میں شمار کرتے ہیں محفل میلاد میں زیب و زینت یہ ہوتی ہے کہ بانی محفل دری بچھاتی قالین خوب صورت جو اس کو بہم پہنچتے ہیں اپنے گھر میں

کیا سود حاصل ہوا و سوائے تطویل کے کون سا نفع ملا علی ہذا ابن جزری کے قصے میں پچیس حلقے لڑکوں میں قرآن خوانی کو وہ بھی بچگان[۱] کی قرآن خوانی کو تعلیم نہ اس سائل کے مقصد کو مضر علی ہذا حدیث لقد اوتی مزمارا من مزامیر آل داؤد اور قسطلانی کا قول اور سعدی کا شعر ان سب سے سوال کا جواب ہرگز حاصل نہیں ہوتا مؤلف کی محض تطویل در خواہ مخواہ جمع کرنا روایات بے محل کا جس سے جہلا[۲] تو سمجھ گئے کہ مؤلف نے بہت سے دلائل سے مدعی اپنا ثابت کیا اور اہل علم جان گئے کہ مؤلف کو سوائے جمع الفاظ کے معنی اور مطلب سے کوئی بھی مناسبت نہیں سائل کچھ پوچھتا ہے اور مؤلف کچھ اور ہی جواب دیئے جاتا ہے جس امر کو سائل لکھتا ہے اس کو فقہا خود منع کرتے ہیں نماز و قرآن میں بھی اور جس کا جواب مؤلف دیتا ہے وہ سب کے نزدیک درست ہے اس کو اس سے کچھ مناسبت ہی نہیں ہے پس ایسے فہم مؤلف پر ہم کو بڑا اندیشہ ہوتا ہے کہ جب مؤلف کا یہ طریقہ ٹھہرا کہ اگر کوئی مقید کا حکم پوچھے گا مؤلف مطلق کا حکم بتلا کر گمراہ کیا کریگا مثلاً سائل کہے گا کہ بکری کی چوری کی کیسی ہے مؤلف جواب دیگا کہ بکری حلال ہے قرآن و حدیث میں بکری کو حلال لکھا ہے حرام کہیں نہیں لکھا کوئی پوچھے گا کہ زوجہ سے نفاس[۳] میں صحبت کیسی ہے؟ مؤلف کہے گا صحبت اپنی زوجہ سے حلال ہے کہیں حرام نہیں لکھا، علی ہذا تمام ابواب فقہیہ کو قیاس کرو کہ سائل قید کے حکم کا طالب ہوگا مؤلف مطلق کا حکم نکالکر گمراہ کرے گا اور تمام دین کو برہم کر دیوے گا لاحول ولا قوۃ الا باللہ، جیسا اس سوال میں علم و فہم کو مؤلف نے صرف کیا کہ سائل ایسے مجمع میں کہ مظنہ فتنہ[۴] کا ہے امردوں کی نغمہ خوانی کو پوچھتا ہے مؤلف صوت حسن کے جائز ہونے اور امرد کے قرآن و مدح پڑھنے کو جواز کی دلیل قرار دیکر جواز اس امر مکروہ کا ثابت کرتا ہے اور پھر اس علم پر فخر و ناز ہے اور جو کسی اور سے بزعم مؤلف کچھ ایسی کہ بظاہر سرزد ہو جاوے تو اس پر سخت اعتراض کرتا ہے اور خود اپنی خبر نہیں **قولہ** زیب و زینت .... **اقول** یہ لفظ اکثر مانعین الخ **اقول** اس کو بھی مؤلف خوب سمجھے اور

۱ بچے ۲ جمع جاہل کی ۳ نفاس وہ خون جو عورت کو ولادت کے بعد آتا ہے ۴ فتنہ کا گمان

بمقام محفل بچھاتا ہے سو یہ باتیں سب جائز ہیں فتاوی عالمگیری جو فریقین کی مسلم الثبوت کتاب ہے مولوی اسحاق صاحب جابجا اپنی تصنیفات میں اس کی سند پکڑتے ہیں اس کی جلد خامس باب ہفتم میں ہے کہ جائز ہے انسان کو بچھانا اپنے گھر میں جو کچھ چاہے فروش و قالین سفید یا رنگین سادہ یا منقش **قولہ** و شیرینی **قول**، یہ لفظ بھی اس لئے درج کیا ہے جب محبین ذکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مانعین کے منع پر کسیطرح شمول محفل میلاد شریف سے باز نہیں آتے تب یہ جال ڈالتے ہیں کہ ایک گفتگو طعن و تشنیع کے طور پر شروع کرتے ہیں کہ شاید ہمارے چڑانے سے اس محفل کو ترک کریں کہتے ہیں کہ یہ لوگ شیرینی کی طمع سے جاتے ہیں اور وہ لوگ بھی جواب ترکی بہ ترکی چڑانے کا جواب چڑانا اس طرح پر یہ اشعار پڑھ دیتے ہیں۔ **اشعار**

خوب جواب دیا اور مصداق اَتَامُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَکُمْ کی ہوئی کیونکہ اور سفتیان پر طعن کرتے ہیں کہ کس واسطے تفصیل مسئلہ کی نہیں لکھتے اجمالی جواب دیتے ہیں اور یہاں خود اس پر عمل کرتے ہیں سنو کہ غرض سائل کی صاف ظاہر ہے کہ یہ ہے کہ جب محفل میلاد میں حضور جوان و طفل و پیر و صالح اور فاسق دنیادار ہر قسم کے آدمی کا ہوتا ہے اور حسب عادت بوجہ رغبت کے عمدہ فاخرہ لباس میں آتے ہیں اور بیشتر لباس غیر مشروع بھی ہوتا ہے اور وضع میں بھی امر غیر مشروع ہوتا ہے اور موقع امر بالمعروف کا بھی نہیں کیونکہ اگر امر بالمعروف ہو تو یہ مجمع ہی نہ ہو، چنانچہ سب مشاہد کرتے ہیں علی ہذا القیاس بساط و فراش میں اکثر خلاف شرع ہو جاتا ہے اور دیوار گیری وغیرہ امور بھی ہوتے ہیں پس جہاں کہیں کہ زیب و زینت کسی قسم میں حسب عادت خلاف مشروع ہوا اور امر بالمعروف نہ ہووے وہاں حاضر ہونا کیسا ہے اور ذکر ولادت فخر عالم علیہ السلام کا وہاں جا کر سننا کہ مندوب ہے ایسی محفل میں کہ یہ امور غیر مشروع وہاں جائز ہے یا نہیں تو مؤلف صاحب نے کس جزم کے ساتھ جواب دیا ہے کہ اول تو شرح زیب و زینت کی آپ ہی کی کہ فقط فرش کو اس کا مصداق بنایا اور دیوار گیری وغیرہ زیب و زینت مکان کو اور زینت حاضرین کو یک قلم حذف کیا اور فرش کی زینت کو بھی اجمالاً ذکر کیا اور عموماً جواز کا حکم فرما دیا گویا زیب و زینت چاندنی دری ہی کا نام ہے لغۃً اور پھر فرش بساط بھی گویا کبھی غیر مشروع ہوتا ہی نہیں نہ کچھ تفصیل کی نہ شرح کی مطلقاً سب کو مباح لکھ دیا حالانکہ بخاری میں منقول ہے کہ ابو درداء صحابیؓ دیوار گیری ہونے کے سبب ابن عمرؓ کے گھر سے لوٹ آئے اور دعوت کو کہ سنت ہے رد کر دیا اور عالمگیریہ اور ہدایہ وغیرہ میں موجود ہے کہ اگر محل دعوت میں معصیت ہو تو وہاں جانا جائز نہیں قال اللہ تعالیٰ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ پس جہاں لباس حریر اور داڑھی چڑھی ہووے اور پاجامہ میں اسبال اور مکان میں دیوار گیری اور فتیل سوز وغیرہ چاندی کے مثلاً اور دیگر امور ہوں وہاں جانا کس طرح درست ہوگا مگر مؤلف نے چشم بند کر کے عوام کو دھوکہ دینے کو حکم جواز کا دیکر ایک روایت عالمگیری کی نقل کر دی اور غرض و مراد سائل سے کچھ بھی خبر نہیں یہ تماشا ہے کہ سائل کچھ پوچھتا ہے اور مؤلف کچھ اور شے کا جواب دے رہا ہے، اولاً سوال عام کو ایک فرد میں مقید کر دیا، ثانیاً اس فرد کو بھی بلا تفصیل مطلقاً حلال لکھ دیا اور صریح خلاف نصوص کے فتوی جواز کا دیدیا اور پھر تمام دنیا پر اعتراض کہ جواب و سوال میں مطابقت نہیں اور جواب میں اجمال ہے اور اپنا یہ حال کہ سوال جواب کو مناسبت نہیں اِنَّ ھٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ

بحث شیرینی و تحقیق مسئلہ التزام مباح | **قولہ** شیرینی **اقول** یہ بھی اسلئے **اقول** اس قید کی شرح میں تو مؤلف نے خوب داد اپنے علم کی دی

---

۱ یعنی ۲ پاجامہ کا ٹخنوں سے نیچے لٹکانا

سب ہیں تقسیم اگر مٹھائی ہوئی، ٭ تم کہو اسمیں کیا برائی ہوئی ٭ مومنوں کا تو منہ ہوا میٹھا، ٭ ہاتھ مل مل کے تم نے سر پیٹا دونوں نعمت نصیب ہم کو ہوئیں ٭ ذکر شیریں و لقمۂ شیریں ٭ دونوں لذت سے تم رہے محروم ٭ کیا کریں اپنا اپنا ہے مقسوم تم کو دیتا کوئی جلیبی نہیں ٭ تاکہ منکر کا دل جلے بھی کہیں ٭ اور کبھی اور بھی اشعار پڑھ کر ان کی مذاق بازی کا جواب دیتے ہیں لوگ مرجائیں سر پٹک کے حسود ٭ ہم نہ چھوڑیں گے محفل مولود ٭ اپنے حضرت کا ذکر کیوں چھوڑیں ٭ جن کی امت ہیں ان سے منہ موڑیں خیر یہ تو گفتگو فریقین کے مذاق میں ہوتی ہے اب ہم اصل بات سناتے ہیں نہ شیرینی کے واسطے لوگوں کو آنا منع ہے اور نہ صاحب محفل کو تقسیم شیرینی منع ہے، آنا اس لئے منع نہیں کہ صاحب محفل نے جو شیرینی وغیرہ کچھ تیار کیا ہے اس کی غرض یہ ہے کہ سب صاحب میرے گھر آویں اور حسب حصہ تناول فرماویں در حقیقت یہ ضیافت ہے تھوڑی بہت چیز پر منحصر نہیں حکم شریعت یہ ہے کہ اِنْ دعیتم الی کراع فاجیبوا یعنی اگر بکری کے ایک پایہ کھلانے کے واسطے بھی تم کو بلاویں تو قبول کرو اور ہدایہ میں ہے من لم یجب الدعوۃ فقد عصی ابا القاسم یعنی جو مسلمان دعوت کیا ہوا بغیر عذر نہ آیا تو اس نے نافرمانی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی افسوس وہ لوگ تو تحصیل سنت کیلئے آویں قلیل کثیر پر نظر نہ کریں، یہ کمبخت ان عالمان سنت پر طعن کریں اب کہیئے کس کے ایمان میں یہ تزلزل آیا! اور بیان اس کا اثبات محفل مولد شریف میں بھی کرینگے، اور صاحب محفل کو تقسیم کرنا اس لئے منع نہیں ہے کہ شاہ عبد العزیز رح صاحب رسالہ ما اہل بہ لغیر اللہ مطبوعہ مطبع محمدی کی صفحہ ۱۳ میں لکھتے ہیں، و تقسیم طعام و شیرینی امر مستحسن و خوب است باجماع علماء انتہیٰ بلفظہ فتاوی خزانۃ الروایات کی فصل ضیافت اور درج البیان کی جلد دوسری میں لکھا ہے فی بطن الرحمن زاویۃ لا یملاء الا الحلواء

کیوں کہ علمی بحث میں ایسے مسخریات کا لکھنا مؤلف ہی کا کام ہے اس کے جواب میں کاغذ کا سیاہ کرنا فضول ہو مگر جس کو مؤلف نے سمجھا ہم کو اس کی تشریح کرنا ضرور ہوا اول مؤلف کے فہم کی خوبی قابل غور ہے کہ سوال مسئلہ کا تو علماء مانعین سے ہے اور قید شیرینی کی اس میں مجوزین کے چڑانے کو لکھی سبحان اللہ اگر یہ سوال مجوزین کے پیش ہوتا تو یہ گمان کچھ بجا ہوتا مگر مؤلف صاحب کو مضمون فہمی سے تو کچھ کام ہی نہیں اپنے فہم سے آپ جو جی چاہا ترجمہ کر دیا آپ ہی جواب دیا اور خوش ہو گئے اور عوام کے نزدیک اپنا تبحر علمی ظاہر کر دیا مگر اہل علم آپ کے ظلم کو خوب سمجھ گئے سنو کہ شیرینی کا ہونا بھی مثل زیب و زینت لباس بساط مکان کے ایک جزو ہیئت کذائیہ ہے سائل یہ پوچھتا ہے کہ تقسیم شیرینی فی حد ذاتہ مباح ہے مگر چونکہ کوئی مولود خالی اس سے نہیں ہوتا گویا کہ لوازم ضروریہ مجلس مولود کا ہو گیا ہے تو ہر چند غرض صاحب محفل کی یہ ہو کہ اس کے ذریعہ سے مجمع خوب ہو جاوے کہ اطفال و شباب کے مزاج میں رغبت اس کی رکھی ہے ہم دیکھتے ہیں کہ جو نماز فرض اور جمعہ اور وعظ میں کبھی رخ بھی نہیں کرتے اگر ایک ٹکے کی لڈو کی بھی کہیں توقع ہو تو معہ تمام فرزندان کے کپڑے بدل کر رات کو بھی سب سے پہلے حاضر ہو جاتے ہیں یا کوئی دوسری غرض ہوتی ہو گی مگر بہر حال اس التزام سے عوام کو ضروری ہونا شیرینی کا اس محفل میں عقیدہ ہو گیا ہے اور یہ مسئلہ محقق ہے کہ مباح کا ایسا التزام کہ عوام کو واجب لگنے لگے مکروہ ہو جاوے، مکروہ ہوتا ہے پس جب یہ محفل محتوی امر مکروہ کو ہوئی تو ایسی مجلس میں جانا جائز ہے یا مکروہ یہ مراد سائل کی تھی مگر مؤلف اپنے مذاق کی طرف اس کو کھینچ کر لے گیا اور اصل مطلب سے بالکل غافل خوش طبعی کرنے لگا اور خواہ مخواہ ورق سیاہ

۔ جائز ماننے والے ۔ بذات خود ۔ مشتمل

یعنی مومن کے پیٹ میں ایک گوشہ ہے جس کو نہیں بھرتی، کوئی چیز سوا مٹھائی کے اچھی، اب خیال کرنا چاہیئے کہ گوشۂ شکم مومن جو
کہیں سے نہیں بھرتا مٹھائی سے اس کا خلو رفع کرنا کچھ اجر کی بات ہوگی اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون ، یعنی
نہیں پہنچو گے تم نیکی کی حد کو جبتک نہیں خرچ کرو گے وہ چیز جس کو دوست رکھتے ہو اور حدیث شریف سے معلوم ہوا ہے جن چیزوں
کو مومن دوست رکھتا ہے ان میں مٹھائی بھی ہے چنانچہ خزانۃ الروایات و نیز تفسیر روح البیان میں آیا ہے قال علیہ السلام ان المؤمن
حلو و یحب الحلاوۃ پس معلوم ہوا کہ جو چیز خود قاسم و مومن اور نیز مومنین مقسوم علیہم کو محبوب ہے آدمی اس کے تقسیم کرنے میں نیکوکاری کی حد کو
پہنچتا ہے اور کچھ شک نہیں کہ اس طرح کی وجوہات سے شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو مستحسن اور خوب باجماع علماء لکھا ہے **قولہ** و رد شبہہا
کثیرہ **اقول** ، سائل کی بندش اور تقریر دیکھو سب جانتے ہیں محاورہ اہل زبان ہند کا کہ اگر کسی بزرگ کے مزار پر ایک چراغ جلتا ہو تو اس کو روشنی
کوئی نہیں کہتا بلکہ روشنی اس کو کہتے ہیں جس میں زیادہ چراغ جلیں سائل نے فقط روشنی کا لفظ نہ لکھا بلکہ اسمیں اور لفظ جمع کا یعنی لفظ ہائے

کثیرہ بیج ہے ع مگر کس بقدر ہمت او ست ۔ اہل علم علم کو جانتے ہیں اور اہل بطن لذت اکل و شرب کو پس جناب مؤلف نے اس کو دعوت
قرار دیکر چند روایت پیش کیں اور اس محفل کی حاضری کو سنت قرار دیکر اپنے موافقین کو متبع سنت اور مخالفین کو رد کرنے والا دعوت کا ٹھہرایا اور
اس علم پر بہت فخر فرمایا مگر یہ یاد نہ رہا کہ وہ علم کثیر جو زیر نظر مؤلف کے ہے وہ ایسی دعوت کو منع کرتا ہے کہ جہاں کوئی معصیت اور بدعت
ہو اور ابو درداء رضی اللہ عنہ کا ابن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر سے دعوت کو رد کرکے چلا آنا پہلے بخاری شریف سے نقل کر چکا ہوں اور فخر عالم علیہ السلام کا خانۂ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے
لوٹ آنا بسبب پردہ منقش[1] کے لٹکانے کے دیوار پر یہ روایت بھی بخاری شریف میں موجود ہے پس جس جگہ اس محفل میں خود سائل لکھ رہا
ہے کہ وہاں آثار حضور و فساق ملباس غیر مشروع زیب و زینت مکروہ اور کراہت شیرینی کے بسبب التزام کے موجود ہے تو اس ضیافت کا
قبول کرنا کونسی حدیث سے سنت ہوا اور کس نص سے اس کو جائز فرمایا سوائے طبعزاد مؤلف کے کونسی روایت جواز حضور کے یہاں ہے کہ حاضرین
متبع سنت ہوں لاحول و لا قوۃ الا باللہ مگر ہاں گوشۂ شکم حریص جب بدون شیرینی کی ڈلی کے نہ بھرتے تو کیا کیا جاوے گناہ ہو یا ثواب
جانا ضرور پڑتا ہے ۔ معاذ اللہ اب دیکھو کہ یہ حال مؤلف کے فہم عالی کا ہے کہ سوال کو ہرگز نہ سمجھا اور لڈو کی ڈلی کو بایں ہیئت دعوت قرار
دیکر مجلس معصیت میں جانا کہ حدیث سے منع تھا سنت قرار دیا اب کہو کہ گناہ کو سنت کہنے والا کون ہوتا ہے اور پھر مؤلف نے اپنی
عادت کے موافق کہ سوال سائل کا تو قید و مقید کے حکم پوچھنے کو تھا اور مؤلف مطلق اور اپنے فہم کا جواب دیکر راضی ہوا شیرینی تقسیم کرنے
کی اباحت کی دلیل کہیں شاہ عبد العزیز صاحب کے قول سے لکھ رہے ہیں اور کہیں دعوت کے قبول کرنے کی سند دے رہے ہیں غرض بے
خبر از حقیقت حال اور دور از فہم غرض اپنی طبع زاد مراد کا جواب دیکر عوام کے زعم میں فاضل بن بیٹھے اور علماء کے نزدیک تو بجز خندہ اور
کچھ حاصل نہیں کیا شیرینی کی عمدگی کی عبارت نقل کرکے وقت ضائع کیا کہ نہ غرض سائل کی اس سے تعلق رکھتی ہے نہ مؤلف کو اس سے
کچھ فائدہ اور نہ سائل اس کا منکر تھا وہ تو قید التزام مالا یلزمہ[2] الشارع کو پوچھتا ہے اور بسبب عوام کے مؤکد جاننے کے اس کی کراہت
کو کہتا تھا اور مؤلف صاحب شیرینی کی عمدگی کو ظاہر کرتے لگے اور مطلب سائل سے کچھ کام ہی نہیں رکھا پس مبلغ علم و فہم مؤلف کا ہر
کہہ و مہ پر واضح ہو گیا کہ کسقدر نکتہ شناسی خداداد رکھتے ہیں اور کیا جواب مطابق سوال دیتے ہیں ماشاء اللہ تعالیٰ

---

[1] وہ پردہ جس پر نقش و نگار بنے ہوں [2] اس چیز کو لازم قرار دینا جو شارع کی طرف سے غیر لازم ہو [3] منتہا علم ہر شخص کی فکر اس کی ہمت کے مطابق ہوتی ہے کھانا پینا

اضافہ کیا اور کہا روشنیہا پھر اس جمع پر بھی صبر کیا اس کی صفت میں لفظ کثیرہ اور زائد کیا روشنیہائے کثیرہ سے انتہا درجہ کا مبالغہ سائل نے کیا تاکہ مفتی غیض کھا کر خواہی نخواہی اس کو حرام بول اٹھے اب ہم تحقیق اس کی لکھتے ہیں اے بھائی سن اگر تیری آنکھیں روشنی ہائے کثیرہ سے چندھیائی ہیں تو بہت محفلیں مولود شریف کی دن کو ہوتی ہیں ان میں ایک چراغ بھی نہیں جلتا ان میں شریک ہو جایا کر لیکن تم کب شامل ہو گے تمہاری تو بہانہ بازیاں ہیں ع خوئی بد را بہانہ بسیار است :: اور رات کی محفلوں میں بھی بہتیری محفلیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان میں ایک ہی چراغ ہوتا ہے پھر روشنیہائے کثیرہ لکھ کر تمام محفلوں پر ایک حکم لگوانے ہو کیا غضب کرتے ہو اصل حال یہ ہے کہ بعض امراء ذی مقدور جو زینت کے عادی ہیں وہ لوگ فانوس اور لمپ وغیرہ روشن کرتے ہیں سو اس کو کسی نے حرام نہیں لکھا اول روشنی کے بانی حضرت امیر المومنین حضرت عمر بن الخطابؓ ہیں علامہ نور الدین حلبیؒ نے لکھا ہے مستحب ہے لٹکانا قندیل کا مساجد میں یہ کام اول عمرؓ نے کیا جب صلوٰۃ تراویح کے لئے لوگوں کو جمع کیا تو لٹکا دیئے گئے کتنے قندیل جس وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا اس طرف گذر ہوا دیکھا کہ مسجد جگمگا رہی ہے روشنی سے، دعا فرمائی کہ تو نے ہمارے مسجدوں کو روشن کیا اللہ تعالیٰ تیری قبر کو روشن کرے اے عمر بن الخطابؓ اور فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے بھی کتاب تنبیہ میں روایت کی کہ حضرت علیؓ نے دعا دی حضرت عمرؓ کو اور روایت ہے کہ اسی طرح حضرت

جو روشنی وجہ حماقت ہے کون سی ہے **اقولہ** روشنیہائے کثیرہ الخ اقول سائل کی بندش اور تقریر **اقول** یہاں تو مؤلف کچھ سمجھا کہ کثرت روشنی زیادہ از حد ضرورت اسراف اور حرام ہے اور جس محفل میلاد میں ایسا ہو گا وہاں جانا اور یہ کرنا معصیت ہو وے گا کیوں کہ مؤلف کہتا ہے کہ دسائل کی بندش دیکھو کہ روشنی بکثرت کو ذکر کرتا ہے کہ جس سے مفتی خواہی نخواہی اسے حرام بول اٹھے جس سے صاف معلوم ہوا کہ کثرت روشنی بیشک مؤلف کے نزدیک موجب حرمت ہے شکر ہے کچھ تو سمجھے مگر مؤلف کا یہاں بھی فہم غور طلب ہے اس واسطے کہ سائل کی غرض لفظ روشنیہائے کثیرہ سے کثرت زائد از حد ضرورت ہے اور یہ امر مجالس مولود میں یقیناً ہوتا ہے لیکن مؤلف اس کو اپنی طبع زاد تقریر سے ٹالا چاہتا ہے کہتا ہے کہ روشنی محاورہ اہل ہند میں زیادہ چراغوں کا نام ہے سبحان اللہ تمام ہند میں روشنی مطلق نور پر بولتے ہیں مگر ہاں رامپور، گنگوہ، انبہٹہ وغیرہ کے جہلا اجلا ہے اتیلی اور مبتدعین ان قصبات کے روشنی کثرت چراغاں وعرس کو بولتے ہیں مگر مؤلف شان سے ہی دوستی محبت کر رکھی ہے یہی اصطلاح ذہن میں سما رہی ہے سائل تو مبتدع نہیں اس کو اس اصطلاح سے کیا بحث تھی روشنی ہائے کثیرہ زائد از حاجت اور کثیرہ کا لفظ تاکید کے واسطے لکھا ہے پس مؤلف کی غرض اس تقریر بے معنی سے یہ ہے کہ سائل کی مراد چار سو پانچسو چراغ ہیں کیوں کہ روشنی عرس بزرگان میں دو چار سو سے عادۃً چراغ کم نہیں ہوتی پھر اس کو جمع کرنے پس یہ مراد اپنے ذہن میں قرار دیکر اس کا انکار کر دیا کہ اس قدر چراغ مولود میں کہاں ہوتے ہیں پس اس سوال سے بری ہوئے مگر بہر حال مراد سائل کی جو تھی وہ روشنی زائد از قدر حاجت تھی اگرچہ دو سو چراغ نہ ہوں اور وہ مؤلف کے مولود اور دیگر مجالس میں خود موجود ہوتے ہیں تو اس کے اثبات کی فکر میں ہوتے ہیں **لقولہ** اصلی حال یہ ہے کہ بعض امراء ذی مقدور الخ **اقول** سبحان اللہ کیا عمدہ استدلال و تقریر ہے کہ سننے والا وجد میں آیا جاتا ہے دیکھو سائل تو زائد از قدر حاجت کو اسراف حرام بقولہ تعالیٰ ان المبذرین کانوا اخوان الشیٰطین الآیۃ کہتا ہے پھر وہ خود ایک ہی لمپ اور فانوس کیوں نہ ہو اور خواہ امراء عباد ہی

ے حصول خرچی ے بلاوجہ ے طبیعت کی ایجاد کردہ ے اہل بدعت ے چراغ دان۔

عثمان سے بھی دعا کا دینا آیا ہے انتہا و نیز حلبی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ جب تمیم داری نے مسجد نبوی کے ستونوں سے قندیل
لٹکائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دعا دی اللہ تعالیٰ تجھکو نور دے جیسا نورانی کیا تو نے ہماری مسجدوں کو اور نیز حلبی رح نے لکھا ہے
کہ تمیم داری رض نے جو قندیل آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے لٹکائے تھے کم تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کثرت سے لٹکائے
اور یہ بھی حلبی رح نے نقل کیا ہے ایک عالم سے کہ وہ فرماتے ہیں کہ مجکو بادشاہ مامون نے حکم دیا کہ لکھدو حکم ہماری مملکت میں کہ مسجدوں میں
بہت چراغ روشن کیا کریں۔ لیکن میرے کچھ خیال میں نہ آیا کہ کس طرح لکھدوں تب مجھکو خواب میں بشارت ہوئی کہ لکھدے روشنی کثیر
کے واسطے کہ اس میں دل لگے گا تہجد گذاروں کا اور مسجدیں خانۂ خدا ہیں، پس خانۂ خدا سے وحشت اندھیرے کی دفع ہوگی جب میں نے
بشارت دیکھی تب میں ہوشیار ہوا اور لکھدیا یہ حکم پس جس طرح زیادہ روشنی کرنے سے وحشت ظلمت کی دور ہوتی ہے مساجد سے اسی طرح
دور ہوتی ہے مواقع ذکر اللہ اور ذکر الرسول سے اور جس طرح زیادہ روشنی سے ۔۔ انس ہوتا ہے اور دل لگتا ہے نمازیوں کا اسی طرح

اسراف[1] کی وجہ سے خواہ مؤلف کے انس طبع کے سبب سے ہو خواہ کسی کے گھر اور کوٹھے میں ہو خواہ محفل میلاد میں ہو سب اسراف ناجائز ہے
پس عادت امرا سے حجت لانا کسقدر دور از علم ہے کہ بمقابلہ نص قطعی کے عادت امرا کو دلیل بنایا جاتا ہے نعوذ باللہ منہا اور یہ کہنا
کہ اس کو کسی نے حرام نہیں لکھا دوسری غفلت از دین ہی خود قرآن مجید میں موجود ہے اور حضرت عمر رض کی روشنی کو سند لانا بھی وہی
عادت کم فہمی مؤلف کی ہے کہ غرض سائل کی روشنی سے زائد از حاجت ہے اور حضرت عمر رض سے جو منقول ہے وہ روشنی مطلق
قدر حاجت تھی اور ان سب روایات منقولہ حلبی میں روشنی قدر ضرورت آئی ہے پس ان روایات کا نقل کرنا محض لغو غیر مفید مطلب
مؤلف کو ہے کیوں کہ کسی روایت سے زائد از ضرورت ہرگز ہرگز نہیں معلوم ہوتا اور نفس روشنی میں سائل کو انکار ہی نہیں پس
مؤلف بے خبر یہ نہیں جانتا کہ اسراف جیسا ہزار چراغ میں حرام ہے دو چار چراغ کا بھی حرام ہے وضو کے پانی میں بھی اسراف منع ہے
چہ جائیکہ تیل چراغ میں اور یہ طریقہ مؤلف کا کہ اس کو اگر روشنی کے سبب سے محفل میں نہیں آتا تو دن کو آجایا کر یہ بھی کمال حزم مؤلف کا
ہے کیوں کہ سائل نے نہ تو دعویٰ التزام و لزوم روشنی کا کیا اور نہ کراہت اس مجلس کو حصر روشنی میں کیا اگر دن کو روشنی نہیں تو دیگر
مفاسد تو موجود ہیں دن کو جلوہ اما رد رات سے بھی زیادہ ہوتا ہے اور علیٰ ہذا دیگر امور التزام شیرینی و لباس وزی فسق تداعی وغیرہ
کا حال ہے البتہ اگر حق تعالیٰ مؤلف کو توفیق فرماوے اور یہ کہدے کہ ہم سب امور غیر مشروعہ کو یک قلم موقوف کردیں گے تو البتہ مسائل
خوش ہیک اس ذکر مندوب کا ہو جاوے گا کاش مؤلف کو یہ توفیق ہو جاوے القصہ مؤلف کی خوبی فہم ہر ہر جملہ میں ایک جدید اعجوبہ ہے
اور قول حلبی رح کا کہ حضرت عمر رض نے قنادیل کثرت سے لٹکائے، دلیل کثرت کی فہم عالی مؤلف میں آگئی اور فی الواقع یہ کم فہمی ہے سنو کہ
لفظ کثرت دو معنوں میں بولا جاتا ہے ایک کثرت اعداد مثلاً دس بیس کو کثیر کہتے ہیں دوسرے کثرت از حد ضرورت تو یہاں حضرت
عمر رض کی نقل میں کثرت اعداد مراد ہے کیوں کہ مسجد نبوی ایک بڑا وسیع مکان ہے اس میں پچاس ساٹھ قندیل بھی کم از حاجت
ہیں پس حضرت عمر رض نے قنادیل کی کثیرہ فی الاعداد کہ حد حاجت سے ہرگز زائد نہ تھے لٹکائے تھے اور اس کی مدح حسنین رض سے
منقول ہے پس مؤلف کثرہ سے زائد از حاجت سمجھ گیا، ماشاء اللہ کیا فہم رسالہ ہے صحابہ کو قرآن بھی یاد نہ تھا بزعم مؤلف کہ

[1] فضول خرچی [2] مستحب [3] قندیل کی جمع معنے چراغ [4] حضرت عثمان و علی رض

اس مجلس پاک میں دل لگتا ہے، شائقین بیان صفات رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا البتہ بعض علماء نے کثرت سے روشنی کرنے کو مکروہ لکھا ہے سو نہیں پہنچیں ان کو یہ حدیثیں اور آثار پس صحیح یہی ہے کہ روشنی کا کرنا ممنوع نہیں ہے اور مجکو یہ تعجب آتا ہے کہ جب یہ لوگ مدینہ منورہ جاتے ہوں گے اور حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ نورانی کے گرد اگرد جھاڑ اور فانوس اور قندیل کی کثرت سے اس درجہ کو کہ یہاں کسی کو بھی میسر نہیں آتے وہاں روشنی دیکھتے ہوں گے معلوم نہیں یہ لوگ آنکھیں روشنی کی طرف سے بند کر لیتے ہوں گے یا اس کے غیظ اور غصہ میں زیارت بھی ترک کر دیتے ہوں گے اگر ترک کر دیتے ہیں تو ہم کو کچھ شکایت نہیں وہاں محروم رہے تھے یہاں بھی محروم رہے لیکن اگر وہاں اسی روشنی میں جاکر زیارت کی اور زیارت روضہ شریف کی مستحب ہے تو حضرت کے معجزات اور مدائح اور مناقب کا سننا بھی مستحب ہے، یہ بھی روشنی ہیں اگر ہیں نور روشنی ظاہری سے ظاہر کی آنکھ اور ذکر نورانی سے باطن کی آنکھ روشن کرو وہ روضۂ پرانوار جس کی ذات اقدس کا مدفن ہے یہ محفل نورانی بھی انہیں کی شرح صفات کا موطن ہے وہاں روشنی کثرت سے کرائی جاتی ہے تو یہاں روشنی کیوں منع ٹھیرائی جاتی ہے ہم نے دلسوزی اسلامی سے دلائل اور مثال کھول کھول کر سمجھائی اب بھی اگر یہ صاحب نہ سمجھیں تو بہت افسوس ہے اس مقام میں ایک بات اور یاد آئی کہ بعضے صاحب مکہ اور مدینہ جاتے ہیں زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً وہاں خوب محفلیں مولد شریف کی اور قیام کرنا اور تقسیم شیرینی کا ہوتا سب کچھ دیکھتے ہیں اور سنتے ہیں کہ یہاں کے تمام علماء شافعیؒ مالکیؒ حنفیؒ حنبلیؒ سب اس عمل مبارک کو جائز بلکہ مستحسن فرماتے ہیں لیکن جب ہندوستان میں آتے ہیں وہی انکار کرنے لگتے ہیں اس بات میں ایک شاعر شیوا بیان نے سعدیؒ کا شعر تضمین کیا ہے واقعی حدیث صحیح میں آیا ہے ان من الشعر لحکمۃ وان من البیان لسحرا، یعنی بعض شعر حکمت ہوتے ہیں اور بعضے بیان سحر کی طرح دل میں کھب جاتے ہیں ان اشعار کا مضمون اور بیان اسی طرح کا ہے، وہ شعر یہ ہیں، اشعار،

وہ خلاف قرآن کے تبذیر کرتے اور علیٰ ہٰذا اس عالم کے قصہ میں جو مامون کے عہد سے نقل کرتے ہیں کثرت عدد مراد ہے اور جو دہا دوسرے معنی ہوں تو کوئی حجت بھی نہیں خواب کا قصہ عہد مامون کا معاملہ، یہ دونوں حجت شرعی نہیں بہرحال قنادیل کثیرہ کا کیا عمدہ استدلال ہو کہ قابل دید ہے ہرگز مؤلف معنی آثار کو نہیں سمجھا اور ہرگز یہ آثار اس کو مفید نہیں اور ہرگز سوال سائل کا جواب یہ نہیں ہوسکتا **قولہ** البتہ بعض علماء نے کثرت روشنی کو الخ **اقول**، اب اس قدر پریشانی اٹھا کر اور تقریر لایعنی کر کے مؤلف کو خیال آیا کہ فقہاء کثرت روشنی کو حرام اور اسراف لکھتے ہیں تو یہ جواب دیا کہ وہ سمجھے نہیں ان کو یہ روایات نہیں ملی نعوذ باللہ مؤلف اپنے جہل کو علم سمجھ گیا ہے اور فقہاء علماء کو جاہل قرار دیا فقہا کی تمام روایات اور آیۃ قرآن پیش نظر تھی اور ان کو حق تعالیٰ نے فہم و علم زیادہ سمجھ گئے کہ کثرت سے فعل حضرت عمرؓ میں مراد کثرت اعداد ہے اور حضرت عمرؓ قرآن کے خلاف عمل کرنیوالے نہیں تھے، مگر مؤلف ہی اپنی جہل میں مبتلا ہے اور روایات کو نہ سمجھا اور قرآن کو بھولا اپنے فہم رکیک سے اپنے مدعی باطل کو خلاف نصوص کے حق سمجھ گیا اور فقہاء پر طعن محض بے محل و بے اصل و ناروا کر دیا اور کچھ خدا تعالیٰ سے نہ شرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون افتوا بغیر علم فضلوا واضلوا پس اب آگئے کلام لایعنی مؤلف کا کیا جواب لکھوں کہ کوئی علم کی بات نہیں ہو، لکھتا ہے کہ روشنی سے دلکشائی بھی ہو، اور

ل اسراف اور فضول خرچی ۲ کمزور ۳ نامناسب۔

ایسے منکر شدید ہیں بعضے × گرچہ مکہ میں بھی وہ ہو آئے × وہاں مجنوں کا ڈھنگ دیکھ آئے × بزم مولد کا رنگ دیکھ آئے
پھر وہی ضد ہے اور وہی تکرار × وہی مولد شریف کا انکار × مجھکو سعدیؒ کا قول یاد آیا × ایسے لوگوں کے حق میں فرمایا
خر عیسیٰ اگر بمکہ برند × باز آید ہنوز خر باشد × **لطیفہ** ایک مقام پر دو عالموں میں گفتگو ہوئی ایک ان میں مولد شریف کے مثبت تھے اور ایک منکر، منکر نے کہا قصبۂ دیوبند میں فتویٰ بھیجو دیکھو مولد شریف کو کیا لکھتے ہیں، مثبت نے کہا دیوبند تو کچھ دارالاسلام نہیں یوں کہیئے کہ آؤ حرمین شریف زادہما اللہ شرفا و تعظیما کو فتویٰ بھیجیں یعنی اس لئے کہ وہ دین وایمان کا گھر ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ دین مکہ مدینہ میں سمٹ آوے گا جیسے سمٹ آتا ہے سانپ اپنے بل میں یعنی جیسے سانپ اپنے بل سے نکلکر پھر سب جگہ پھر کر اس میں قرار پاتا ہے اور سانپ جب بل میں گھس جاتا ہے تو ایسی قوت سے چمٹ جاتا ہے کہ کوئی اس کو نکالنا چاہے تو مشکل نکلتا ہے پس اسی طرح دین اول مکہ مدینہ سے نکلا آخر زمانہ میں بھی اگر کہیں دین نہ ہوگا تو یہاں ضرور ہوگا اور کوئی یہاں سے دین کو نکالنا چاہے گا تو نہ نکل سکے گا غرضیکہ اگر فتویٰ لکھواؤ تو اس ملک کے علماء سے لکھواؤ جس کی تعریف احادیث میں ہے دیوبند کی تعریف کون سی حدیث میں آئی ہے منکر صاحب بولے مکہ میں تو چور آدمی ہیں رستہ لوٹتے ہیں مثبت نے جواب دیا رہزنی مال لوٹنا وہاں کے بدو لوگ اطراف کے رہنے والے کرتے ہیں خاص مکہ کے آدمی نہیں کرتے سو یہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے وقت سے ہے قرآن شریف میں آیا ہے اولم یروا انا جعلنا حرما امنا و یتخطف الناس من حولہم یعنی سورۂ عنکبوت میں ہے کیا نہیں

بالغین مدینہ کی روشنی سے آنکھ بند کر لیتے ہوں گے اور دیگر علماء حجاز کی نسبت شوخ چشمی سے اشعار لکھے کہ یہ سب کام علماء کا نہیں اس بھگڑ کے جواب میں وقت کا عذر ضائع کرنا ہے مؤلف اپنے کردار کو آپ پاوے گا مگر ہاں اتنا لکھتا ہوں کہ خرچ وشتی زائد از حاجت ہو وہ داخل اسراف ہے اور بسبب ناراضی حق تعالیٰ کی موجب ظلمات اور نار جہنم کی روشنی دکھانے والی ہے ہاں قدر حاجت محل عبادت میں کہ خالی از مسا کیر ہو البتہ موجب کشادگی قلب کی ہے مگر سائل اس سے بحث ہی نہیں کرتا خود مؤلف یمین و یسار سوال کے جواب لکھ رہا ہے اور صحابۂ کرام اور خلفاء راشدین کے فعل و قول کو اپنے زعم کا سد خلاف شرع پر حمل کر کے فقہا کی شان میں گستاخی کر رہا ہے خدا تعالیٰ اس کو ہدایت و توبہ نصیب کرے کہ یہ سب فساد جہل کا ہے اگر کچھ بھی علم ہوتا تو اس روز سیاہ سے بچتا،

صاحب انوار کے لطیفہ کا جواب اور تحقیق حدیث ان الدین لیأرز الی الحجاز | قولہ لطیفہ الخ **اقول** علماء دیوبند کا حال جو کچھ ہے وہ سب روشن ہے اور کچھ دو نہیں جس مسلمان منصف کا دل چاہے بچشم خود دیکھ لے کہ ظاہر لباس و ہیئت موافق شرع کے رکھتے ہیں اور نماز کو بجماعت بخوبی ادا کرتے ہیں امر بالمعروف میں بشرط قدرت کوتاہی نہیں کرتے اور تحریر فتویٰ میں رعایت غنی و فقیر کی نہیں حق جواب دیتے ہیں اور جوان کو کوئی متنبہ کسی خطا پر کر دیوے تو بشرط صحت کے قبول سے دریغ نہیں بشر و چشم معترف ہوتے ہیں یہ سب اوصاف واضح ہیں جس کا دل چاہے دیکھ لیوے امتحان کر لیوے اور یہی قبولیت عند اللہ تعالیٰ کا نشان ہے اور علماء مکہ معظمہ کا حال جس نے عقل و علم کے ساتھ دیکھا وہ خوب جانتا ہے جو نہیں گیا وہ ثقات کے بیان سے مثل مشاہدہ کے جانتا ہے اور اکثر وہاں کے علماء نہ کہ سب کیونکہ اکثر وہاں متقی بھی ہیں اس حالت میں ہیں کہ لباس ان کا خلاف شرع اسبال آستین اور دامن

ے قائل یہ منکر کی جمع یعنی ممنوع ۔ دائیں اور بائیں ۔ ناقص ۔ معتبر لوگ

دیکھتے کہ ہم نے کردیا مکہ پناہ اور امن کی جگہ اور لوگ اچک لئے جاتے ہیں اس کے آس پاس سے انتہی، سو یہ مارپیٹ اور اچک لینے کی باتیں قدیم سے وہاں کے بدو آدمی خارجی کرتے رہے ہیں اور اب بھی کرتے ہیں لیکن کفر و شرک سے منزہ ہیں وہاں کے بدوئے گنوار آدمی بھی گناہ صغیرہ یا کبیرہ کریں لیکن کفر و شرک اس ارضِ مقدس کے آس پاس تک نہیں ہوتا اور دیوبند میں تو کفر و شرک بھرا ہوا ہے جابجا سیتلا پوجی جاتی ہے مندر اور شوالے بنے ہوتے ہیں سنکھ بج رہے ہیں پھر دیوبند اچھا ہوا یا حرمین شریفین؟ منکر صاحب کی طرف سے جواب ہوا کہ ہم دیوبند کے جاہل مسلمان عامی سے اور مشرکان قوم ہنود سے سند نہیں پکڑتے ہم تو وہاں

حفہ و قمیض میں کرتے ہوئے بعض اکثروں کی قبضہ سے کم نماز میں بے احتیاطی مر بالمعروف کا باوصف قدرت کے نام و نشان نہیں اکثر انگوٹھی چھلے آغیر شروع ہاتھوں میں پہنے ہوئے ہیں قطع صفوف شائع ہے فتوی نویسی میں کچھ دیکھو چاہے لکھو تو اگر ان کو عصبیت سے کوئی مطلع کر دیوے تو مارنے کو موجود ہو جاویں اور خود شیخ العلماء نے جو معاملہ ہمارے شیخ الہند مولوی رحمت اللہ علیہ کے ساتھ کیا وہ کسی پر مخفی نہیں؟ اور بعد اوس کے رافضی سے کچھ روپیہ لے کر ابوطالب کو مومن لکھدیا، یا خلاف روایت صحاح احادیث اور علی ہذا کہاں تک لکھوں کہ طول ہے اور شرم بھی آتی ہے کہ ہجو علمائے حرمین کی لکھوں مگر بناچاری لکھنا پڑا پس اگر کسی نے ایسی حالت میں علمائے دیوبند کو علمائے حرمین پر ترجیح بوجہ اعتماد کے دیدی تو کون سا غضب کیا اہل فہم انصاف کریں کہ ایسی حالت میں علمائے دیوبند کا فتوی قابل اعتماد ہوگا، یا علمائے حرمین کا، مثلاً ایک عالم فاجر مسجد میں رہتا ہو کہ اشرف مواضع ہے اور دوسرا عالم متقی بازار کی دوکان میں رہتا ہو کہ شر البلاد ہے تو بازاری عالم کا فتوی معتبر ہوگا یا مسجد میں رہنے والے کا پھر ایسی صورت میں اگر کوئی کہے کہ مسجد خیر البقاع والے سے مسئلہ پوچھو بازار شر البقاع والے سے مت پوچھو اور فضائل مسجد کے اور برائی بازار کی بیان کر کے حجت لاوے تو اس مسجدی بھائی کو لوگ احمق کہیں گے یا نہیں اور اس کلام سے بازار کی افضلیت مسجد پر کون بے وقوف استخراج کرے گا پس اس لطیفہ کثیفہ مؤلف کو دیکھنا چاہیے کہ بحث تو علمائے دیوبند کے معتبر اور دین دار ہونے میں اور بعض علمائے مکہ کے غیر معتبر فی الفتویٰ والدین ہونے میں ہو اور اس سے افضلیت دیوبند کی مکہ پر سمجھ کر خرافات لکھنی شروع کر دی اور نہ سمجھا کہ یہ مفاسد وہاں کے علماء کے زیادہ تر موجب بعد و خسران کے ہیں کہ وہاں کی معصیت اشد ہے دیگر بلاد کی معصیت سے مگر ہاں شاید مؤلف کے نزدیک وہاں کے لوگوں کو مناکیر بھی حلال ہوں معاذ اللہ پس دیکھو کہ گفتگو کیا تھی اور نتیجہ کیا نکالا کیا فہم رسا ہے مؤلف خود بھی حج کر آیا ہے پھر بھی مکہ سے ویسا ہی لوٹا جیسا گیا تھا سو یہی مصداق تضمین کا ہو رہا ہے، اے مسلمانوں اعتبار قرآن و حدیث و فقہ کا ہے نہ مکہ کے باشندوں کے قول و فعل کا، ذرا غور کرو کتب دین کو دیکھو کوئی معصیت مکہ کے تعامل سے حلال نہیں ہوتی بلکہ زیادہ موجب عذاب و شناعت کی ہو اور مؤلف کی بلاہت کو غور کر کے سنو کہ فضل حجاز میں کہ حرمین شریفین بھی اسمیں داخل ہے حدیث کہ ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرھا سو اس کا ترجمہ مؤلف نے نقل کیا اور خود اس کی شرح کی ہے بقولہ یعنی جیسے سانپ اپنے بل سے نکلکر پھر سب جگہ پھر کر اس میں قرار پاتا ہو الخ پس ذی عقل و الا بھی جانتا ہے کہ سانپ جب اپنے بل سے نکلکر جاتا ہے تو بل سانپ سے بالکل خالی ہو جاتا ہے اور پھر سانپ بل میں لوٹ آتا ہے تو اس وقت بل قرار گاہ سانپ کا ہو جاتا ہے تو اس تشبیہ

ک خالی جگہ ۳۳ اچھی جگہ ۳۴ گندہ ۳۵ بے وقوفی ۳۶ ٹھکانہ ۳۷ استدلال ۳۸ پوشیدہ

کے علماء اہلِ اسلام کی سند پکڑتے ہیں مثبت نے کہا بس ہمارا بھی یہی جواب ہے کہ ہم حرمین کے علماء دین و مفتیانِ شرع متین کی سند لیتے ہیں کہ وہ سب بالاتفاق محفلِ مولد شریف کو درست فرماتے ہیں پھر تم ناحق بدوؤں اور جنگلی لٹیروں کا ذکر کیوں کرتے ہو پہلے بھی حرمین کے خواص علماء کا حکم اور فتویٰ لیا جاتا تھا علیٰ ہٰذا القیاس اب بھی پس علماء خیر البلاد کی سند منگاؤ، لیکن منکر کو خوب معلوم تھا کہ اگر وہاں استفتاء بھیجا تو وہاں کے سب علماء حکمِ استحباب محفلِ میلاد لکھدیں گے اس لئے اس نے انکار کیا کہ ہم حرمین کو نہیں مانتے، معاذ اللہ منہا ہم تو دیوبند کو مانتے ہیں، تب مثبت نے جواب دیا کہ آپ کو دیوبند مبارک ہووے اس پر ایمان رکھیئے ہم کو حرمین شریفین مبارک ہوں ہمارا ایمان ان لوگوں کے ساتھ ہے اسی پر گفتگو ختم ہو گئی اب دیکھئے ان لوگوں کی

مذکورہ مؤلف کے صاف ظاہر ہے کہ کسی وقت میں دین حرمین سے نکلکر دیگر بلاد میں چلا جاوے گا اور حرمین دین سے خالی رہے گا اور پھر عود کر کے حرمین میں آجاوے گا اور یہ امر تقریر مؤلف سے ظاہر ہے گو مؤلف کو ہوش نہیں پس اگر کوئی مؤلف کو یہ کہے کہ اب اس وقت میں حرمین میں حسب تقریر آپ کے کمالِ دین و دیانت نہیں دیگر بلاد میں ہے مگر وقت ظہور ایام مہدی صاحب کے عود کر کے آوے گا جیسا کہ حدیث سے ظاہر ہوتا ہے حسب شرح آپ کے تو مؤلف صاحب کی تزکی تمام ہو جاوے گی اور خود حدیث سے حسب زعم مؤلف کے شرح کے ظاہر ہو جاوے گا کہ ایسے وقت میں حرمین کے باشندوں کا قول قابلِ اعتماد نہ ہوا اور یہ خلاف مقصود مؤلف کے ہے اور یہ نتیجہ خود شرح مؤلف کا ہے کہ سلیقہ خداداد سے معنی تشبیہ کے بیان کئے نہیں اور مطلب نہیں سمجھا واہ سبحان اللہ کیا خوب استدلال ہے اب سنو کہ حدیث میں یہ فرمایا ہے کہ دین وہاں سمٹ آوے گا اور قرار پکڑے گا سو اس کا کسی کو انکار نہیں یہ تو نہیں فرمایا کہ وہاں بدعات امور غیر مشروعہ نہ ہوں گے اور وہاں کوئی خلاف نہ رہے گا اور عملِ بدعت نہ کرے گا تھوڑی عقل والا بھی سمجھتا ہے کہ اگر دین بھی وہاں ہوا اور خلافِ شرع اعمال بھی وہاں ہوتے ہوں تو خلافِ حدیث کے نہیں یہ کہاں سے سمجھا گیا کہ حرمین میں جو کچھ ہوگا وہ سب مشروع ہی ہووے گا اور بدعت وہاں ہرگز نہ ہوگی یہ تو خلاف مشاہدہ کے ہے یہ محض کم فہمی مؤلف کی ہے بیشک حرمین محلِ دین ہے اور وہاں کے باشندگان علماء و عوام دیندار ہیں خصوصاً مہاجرین کہ اپنا ملک چھوڑ کر حرمین میں متوطن ہوئے اور تشبیہ سمٹنے سانپ کی بوجہ اتم ظاہر ہو گئی مگر یہ سب علماء اور سب باشندے وہاں کے ایسے دیندار کامل ہونے ضرور نہیں، بلکہ اہلِ بدعت اور خلافِ شرع بھی وہاں رہتے ہیں جیسے سانپ کے بل میں سوا سانپ کے اور الاکش وغیرہ بھی ہوتی ہے اور حدیث میں بھی اس کا اشارہ ہے اور اس بندۂ عاجز نے ایک عالم نابینا سے جو مسجد مکہ میں بعد نماز عصر کے وعظ کہتے ہیں حال مجلس مولود کا پوچھا تو انھوں نے فرمایا بدعت حرام پس وہاں کے علماء حقانی اس عمل کو مذموم جانتے ہیں اگرچہ وہاں کے ایسے بھی علماء ہیں جن کا حال اوپر گذرا، اب جو کچھ علماء نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے تھوڑا سا لکھتا ہوں ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح البخاری میں لکھا ہے قال الداودی کان ھٰذا فی حیوتہ علیہ السلام والقرآن الذی کان فیھم والذین یلونھم خاصۃ وقال القرطبی وھذا اختص بعصر النبی علیہ السلام والخلفاء الراشدین اما بعد ظھور الفتن و انتشار الصحابۃ فی البلاد ولاسیما فی اواخر المائۃ الثانیۃ وھلم جرًا فھو فی بالمشاھد بخلاف ذلک انتھی اور ملا علی قاری اور شیخ عبد الحق نے بھی اس کے قریب قریب

لے لوٹ کر سکے مؤلف کے گمان کو مطابق نہ گذر گی

لے یعنی داودی فرماتے ہیں کہ حرمین شریفین وغیرہ کی طرف دین کا سمٹ جانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرامؓ اور تابعین کے زمانہ میں ہوا اور قرطبی فرماتے ہیں کہ یہ آپ کے اور آپ کے خلفاء راشدین کے زمانہ میں ظاہر ہوا لیکن بعد ظہور فتنوں کے اور ادھر ادھر بھیجانے صحابہ کرامؓ کے خصوصاً دوسری صدی کے آخر میں حال اہلِ حرمین شریفین وغیرہ کا مشاہدہ میں خلاف حدیث مذکور ہے ۱۲

یہ حالت ہو گئی کہ دیوبند کے آگے حرمین شریف کو حقیر جاننے لگے ہائے وہ حرم پاک کہ ہم پانچوں وقت نمازوں میں اپنا منہ اس کی طرف کریں قول وجہك شطر المسجد الحرام اور سوتے وقت بھی رو بقبلہ سونا سنت اور مر جاویں تو بھی حکم دیا جاوے قبر میں فنائی کے وقت کہ یوجہ الی القبلۃ اور اس خانہ محترم کے متولیان کی غبل کار کی خدا تعالیٰ ثنا فرما دے کہ ان اولیاءہ الا المتقون یعنی نہیں ولی کا پروا زبیت اللہ کے مگر پرہیزگار آدمی، افسوس ہے کہ یہ لوگ اس حرم پاک اور اس کے اولیاء کو اس حقارت سے یاد کریں یہ لوگ اپنے بزرگوں کا کلام بھی بھول گئے تحفۃ العرب والعجم میں مولوی قطب الدین خاں صاحب لکھتے ہیں عرب کے علماء پر جو بعضے احمق لوگ طعن کرتے ہیں بڑی خطا پر ہیں اس لئے کہ وہ خیر البقاع کے رہنے والے ہیں، انتہی، اور شاہ ولی اللہ فیوض الحرمین میں لکھتے ہیں، خبردار اہل مدینہ سے ہرگز کدورت دل میں نہ لائیو ورنہ فیضان انوار محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم رہو گے

لکھا ہے اس سب تقریر سے اس قدر سب کو معلوم ہو گیا کہ مؤلف کا ..... فہم کسقدر کج ہے کہ کہیں مطلب کو نہیں سمجھا اپنی رائے سے ایک مطلب قرار دیکر جو چاہتا ہے بے جوڑ لکھ دیتا ہے اور پھر اپنے مطلب تراشیدہ کے موافق بھی دلائل نہیں لاتا کچھ عجب قصہ ہے اہل علم و فہم غور سے ملاحظہ کریں، ایسی تالیف بھی کہیں دیکھی نہ سنی ہوگی **قولہ** اور اس خانہ محترم کے متولیان الخ **اقول** یہاں تک تو مؤلف صاحب نے خارج بحث خواہ مخواہ دیوبند پر مکہ کی فضیلت ثابت کی تھی حالانکہ یہ سب کا متفق علیہ ہے اب اہل مکہ کے علماء کی افضلیت و تقویٰ آیۃ ان اولیاءہ الخ سے ثابت کرتے ہیں، علم مؤلف کو دیکھنا چاہیے، سنو کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار مکہ نے مکہ میں عمرہ کے واسطے نہ جانے دیا اور لوگوں نے ان کو ملامت کیا تو جواب دیتے تھے کہ ہم متولی و خدمتگار بیت اللہ و مسجد حرام کے ہیں جس کو چاہے آنے دیں اور جس کو چاہیں نہ آنے دیں ہم مختار ہیں تو اس کو حق تعالیٰ نے رد فرمایا کہ وہ ہرگز مستحق ولایت بیت اللہ کے نہیں کیوں کہ ظالم ہیں اور مشرک ہیں اور مستحق ولایت بیت اللہ کے مومن موحد ہوتے ہیں اور نیز بیت اللہ کی خدمت گاری خدا تعالیٰ کا گھر ہونے کی وجہ سے وہی کرتا ہے کہ جو حق تعالیٰ کا بندہ مومن موحد ہو، مشرک کہ دشمن حق تعالیٰ کا ہے حق تعالیٰ کے بیت کا کب متولی ہو سکتا ہے بلکہ وہ تو اپنی دنیا کی وجہ سے اور اپنی معیشت کی وجہ سے اس کی کارگذاری کرتا ہے، پس استحقاق ولایت بیت اللہ کا مشرکین کو ہونا محض غلط ہے اور علیٰ ہذا خدام بیت اللہ کا بوجہ حق تعالیٰ کے بیت ہونے کے دعوی کرنا ان کا بالکل لغو ہے استحقاق ان کا مومنین ہی کو ہے اور خدا تعالیٰ کا بیت ہونے کی وجہ سے سوائے مومنین موحدین کے کوئی ولی بیت کا نہیں ہو سکتا ہے یہ مطلب آیت کا تھا جناب مؤلف صاحب نے ایک عجیب و معنی پیدا کئے کہ جو ولی بیت کا ہوتا ہے وہ مومن متقی ہی ہوتا ہے غیر متقی ولی خادم بیت کا ہوتا ہی نہیں پس جن کو خادم بیت دیکھ جان لینا کہ حسب علم حق تعالیٰ کے وہ متقی ہی ہے سو اگرچہ کافر یا فاسق ولی بیت کا ہو وہ بھی متقی ہی ہوگا، سبحان اللہ کیا ذہن رسا ہے اول تو بداہتہ معلوم ہے کہ مشرکین خادم بیت ہیں تو تکذیب قرآن کی حسب تفسیر مؤلف کے اس کو لازم آتی ہے پھر یہ کہ خادم اگر فسق و فجور میں مبتلا ہو پھر بھی وہ متقی رہے گا یہ تمام آیات و احادیث و اجماع کے خلاف ہے فساق خدام بیت کو اگر مؤلف فاسق نہیں جانتا اپنے ایمان کی فکر کرے کہ کفر کو ایمان اور فسق کو تقوی بتلاتا ہے تمام نصوص کا انکار لازم آتا ہے اور فساق خدام کو متقی ٹھیرا کر ان کا مداح ہو کر مورد عتاب حدیث اذا مدح الفاسق اهتز عرش الرحمٰن وغضب الرب الحدیث کا بنتا ہے اور اس سے در گذر کر اگر یہ آپکی رائے خلاف نصوص کے کوئی جاہل تسلیم بھی کر لیوے تو آپ کو کسی طرح مفید نہیں کیوں کہ خدام بیت اللہ کی سلطان و شریف اور شیبی اور

ہذا کلامہ ملخصاً **قولہ** اور رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وسلم اشعار میں مخاطب حاضر ہوں جائز ہے یا نہیں اور قیام وقت ذکر ولادت صلی اللہ علیہ وسلم جائز ہے یا نہیں **اقول** اس وقت قیام میں اہل حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً سے جو سنا ہے تو یہ اشعار پڑھتے ہیں:
یا نبی سلام علیک ؛ یا رسول سلام علیک ؛ یا حبیب سلام علیک ؛ صلوٰۃ اللہ علیک ؛ اور ہندوستان میں کچھ ذکر میلاد کرکے اس طرح پڑھتے ہیں **انشعار** السلام اے آفتاب داودیں ؛ السلام اے انتخاب اولیں ؛ السلام اے رحمۃ للعلمین السلام اے مہبط روح الامین ؛ غرضیکہ اسی قسم کے اشعار سلامیہ خطابیہ پڑھے جاتے ہیں ان کے جواز میں کون کلام کرسکتا ہے مولوی اسحٰق صاحب کی مائۃ مسائل میں خود یہ مسئلہ مذکور ہے، جواب سوال بست چہارم میں بیان فرماتے ہیں، در ندا کردن غائب میان نبی وغیر نبی فرق است اگر نبی را ندا خواہد نمود برائے ایصال صلوٰۃ یا سلام ظاہرا جواز است بدو جہت یکے آنکہ در حدیث شریف وارد است کہ ملائکہ از طرف حق تعالیٰ مقرر اند ہر کہ بر نبی صلے اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ یا سلام می فرستد ملائکہ نزد پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم می رسانند دوم آنکہ در التحیات خطاب برائے رسانیدن سلام وارد شدہ پس بنابراین اگر کسے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بگوید برائے رسانیدن درود یا سلام جائز است انتہی، پھر اگر کوئی شبہ لاوے کہ مولوی اسحٰق صاحب نے سلام اور درود کے ساتھ حضرتؐ کو یا رسول اللہ یا نبی اللہ کہنا درست لکھا ہے اس واسطے کہ فرشتے پہنچا دیتے ہیں سلام اور درود کو لیکن وہ اشعار مخاطب حاضر بہ نسبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے جن میں سلام درود نہ ہو تو وہ بالکل ناجائز ٹھہرے حالانکہ مولد شریف میں ویسے شعر بھی پڑھتے ہیں تو جواب اس کا یہ ہے کہ بس یہی جواب ان شعروں کا بھی سمجھو یعنی اگر کوئی مداح اور نعت اور منقبت میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مخاطب حاضر کرے گا تو یہ بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچ جائے گا ان سے چھپا نہیں رہے گا امت کے سب اعمال اور سب کہنا سننا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پہنچتا ہے روی البزار بسند جید صحیح عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال حیاتی خیر لکم ومماتی خیر لکم تعرض علیّ اعمالکم فما کان من حسن حمدت اللہ علیہ وما کان من سیئی استغفرت اللہ لکم، اور شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ تفسیر عزیزی کی سورہ بقر میں آیۃ ویکون الرسول علیکم شہیدًا میں لکھتے ہیں، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مطلع ست بہ نور نبوت بر رتبہ متدین بدین خود کہ در کدام درجہ از دین

خواجہ سرا و خدمتگاران مسجد ہو ویں گے نہ علمار و سکان وہاں کے کہ ان کو کچھ بھی اختیار مسجد و خدمت بیت کا نہیں مثل دیگر ناس[1] کے ہیں پس ان میں بحث ہے یا علمار میں پس آپ کے ترجمہ ناصواب کے موافق بھی آپ کا مدعا برآمد نہ ہوا اور یہاں بھی وہی ہو گیا کہ اصل مدعی کچھ اور اثبات کچھ قرآن شریف کی تفسیر کو مسخ بھی کیا مفسر بالرائے بھی بنا مگر مطلب نہ نکلا لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور حال لباس و معاملات ان خدام کا بھی محض خلافِ شرع ہے پھر ان کو متقی جاننا مؤلف جیسے حق پوش ہی کا کام ہے قرآن وحدیث سے تو وہ ہرگز متقی نہیں ہو سکتے معاذ اللہ اور نواب قطب الدین صاحب نے بھی ناحق طعن کرنا وہاں کے علمار کا لکھا ہے اور شاہ ولی اللہ صاحب نے بھی ناحق کدورت لانے کو منع کیا ہے نہ یہ کہ وہاں کے اہل فسق کو اچھا جانو اور ان کی مدح کرو بغض فی اللہ جزو ایمان کا ہے ان کے اس فسق کو برا جانو اور اس وجہ سے ان کو برا سمجھ کر ان کی برائی ظاہر کرنا واجب ہے تاکہ احمق جاہل ان کے افعال کو دین اور جائز نہ سمجھ جاویں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فساق کی غیبت سے مت اندیشہ کرو مگر ہاں وہ غیبت بوجہ دین اور مسلمانوں کی خیر خواہی کے ہو نہ بوجہ اپنے غیظ کینہ کے پس اب

[1] باشندے سکہ لوگ سے بگاڑ دینا،

سن رسیدہ الی ان قال در روآیات آمدہ ہر نبی را اعمال امتیان خود مطلع می سازند کہ فلانے چنان می کند و فلانے چنان تا روز قیامت ادائی شہادت تواں کرد انتہی، اور نیز علامہ اسمٰعیل آفندی اور قسطلانی اور زرقانی رحمۃ اللہ علیہم روایت کرتے ہیں عن سعید ابن المسیب قال لیس من یوم الا و تعرض علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اعمال امتہ غدوۃ و عشیۃ فیعرفہم بسیماہم و اعمالہم فلذلک یشہد علیہم یوم القیمۃ۔ پس اگرچہ رسول صلے اللہ علیہ وسلم مدح خوانوں کی نظر سے غائب ہیں لیکن ان کے اشعار مخاطب حاضر پڑھے ہوئے سب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تک خدا پہنچا دیتا ہے ہر صبح و شام پھر جس علت اور دلیل سے الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ یا ایہا النبی وغیرہ بقول مولوی اسحاق صاحب جائز ہوا تھا اسی دلیل سے مدح اور منقبت میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب حاضر کے اشعار پڑھنے جائز ہیں اور ہم ذمہ لیتے ہیں کہ صحابہ کرام سے لے کر آج تک اولیاء کرام اور علماء عظام سے اشعار مخاطب حاضر کا پڑھنا ثابت کر دیں گے بیان اس کا ابحاثِ محفل مولد شریف میں آوے گا افسوس ہے کہ اپنے پیر مرشدوں کے کلام پر بھی نظر نہیں رکھتے بول اٹھتے ہیں منھ سے جو چاہیں یہ نہیں جانتے کہ ہر لفظ کا مباحثہ قیامت کو ہوگا وما یلفظ من قول الا لدیہ رقیب عتید اس مقام میں ایک شعر مولوی محمد حسین فقیر کا یاد آیا جو مذمت محفل مولد شریف میں بیان فرماتے ہیں ؎ بہت ندائے رسول خدا میں شاغل ہیں ؛ یہ مشرکوں کی علامت ہے محفل میلاد ؛ تو صاحبو عرب میں جو ندائے رسولؐ کرتے ہیں اور جو ہند میں کرتے ہیں ان کا حال تم کو سنایا گیا ہے اب کہیئے اگر یہی شرک ہے تو یہ مفتی صاحب اپنے اعتقاد کے موافق پانچوں وقت عین نماز میں مشرک بنتے ہوں گے

مؤلف کا فہم و استدلال خوب واضح ہو گیا مؤلف ایسے کلمات سے توبہ کرے اور کہیں رہ کر کچھ پڑھ لیوے فقط

تحقیق ندا بلفظ یا رسول اللہ **قولہ** حضرت فخر عالم اشعار میں مخاطب حاضر ہوں الخ **اقول**، سائل کی مراد اس سے یہ مخفی کہ ندا اور خطاب تو سب لغات میں حاضر موجود کے واسطے موضوع ہے سو اشعار و مدح میں جو ندا و خطاب پڑھا جاتا ہے تا اگر ذات فخر عالم کو حاضر ناظر بالذات کوئی عقیدہ کرے تو مشرک ہوتا ہے اور اگر یہ عقیدہ نہیں بلکہ محض محبت میں کہتا ہے یا بوجہ اس کے کہ اگر ضمن صلوٰۃ و سلام میں ہے تو ملائکہ آپ تک پہنچا دیں گے اور جو بدون اس کے ہی وقت عرض اعمال کے پیش ہو جاوے گا تو جائز ہے مگر چونکہ اس مجمع میں جہالؔ سفہاؔ اور اہل بدعت کہ تمام اولیاء تک کی نسبت ان کا عقیدہ عالم بالذات ہونے اور متصرف بالذات ہونے کا ہے موجود ہوتے ہیں تو بصورت ندا و خطاب کے ان کے عقائد کا افساد اور ان کی بدعت و شرک کی تائید ہوتی ہے تو درصورتیکہ یہ امر مظنون بلکہ بحکم یقین ہے تو درصورت ثانیہ خطاب شرک نہیں مگر توہم شرک اور بسبب فتنہ فساد کا ہے تو یہ جائز ہے یا نہیں اور اس امر کے ضم سے یہ مجلس کیا حکم رکھتی ہے یہ تھی مراد سائل کی تو مؤلف صاحب نے پہلی شق جس میں شرک لازم آتا تھا مطلقاً ذکر نہ فرمائی اس کو بالکل حذف فرمایا گویا یہ معنی خطاب و ندا کے مفتی ہی نہیں اور دوسری شق کو اپنی اصل پر رکھ کر فی حد ذاتہ اس کا جواب دیا کہ بالکل جائز ہے کون اس کو منع کرتا ہے اور پھر اس کے اثبات میں دلائل پیش کر دیں، اب مؤلف صاحب سے کوئی پوچھے کہ جس شق کے اصل جواز کا آپ فتویٰ فرما رہے ہیں اور اس پر بڑی دھوم دھام سے مولانا محمد اسحاق صاحب و شاہ عبد العزیز صاحب اور بزاز وغیرہ سے روایت کشی ہو رہی ہے اس کا سائل کب منکر ہوا اور وہ اس کو کہاں پوچھتا ہے تم کیوں سر ہو کر تقریر طویل لاحاصل کر رہے ہو یا تو شق اول کا جواب لکھنا تھا کہ آیا وہ شرک ہے یا نہیں یا دوسری شق کی عارض پر بحث کرنی تھی

ے جاہل کی جمع ۲ے بیوقوف

اس لئے کہ التحیات میں پڑھتے رہیں السّلام علیک ایّہا النّبی یعنی سلام ہو تم پر اے نبی تو دیکھو اس میں ندائے رسول خدا موجود ہے اب کوئی دن میں مولوی صاحب نمازیوں کے حق میں بھی یہ شعر پڑھیں گے ع بہت ندائے رسول خدا میں شاغل ہیں نہ یہ مشرکوں کی علامت ہے پنجگانہ نماز نعوذ باللہ من سوء الاعمال الاعتقاد اور واسطے بیان خطاب حاضر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آئندہ زیادہ تر تحقیق

کہ باوصف اس مفسدہ کے بھی مجامع عام میں ایسے اشعار پڑھنے درست ہیں یا نہیں وہ کب کہتا ہے کہ فی حد ذاتہ یہ صورت ناجائز ہے اور مفتیوں کے مرشدوں دوستوں نے اگر ایسے اشعار کبھی پڑھے تو خود خلوت میں یا خواص میں جو یار ہیں اور نہ عوام جہلا میں اور طبع ہو کر ان کی تشہیر کا اگر قصور ہے تو دوسرے لوگوں کا ہے بس کیا عجیب مؤلف کے فہم پر ہے کہ جس کو سائل پوچھتا ہے اس کا تو قلیل کثیر کچھ بھی جواب نہیں، اور ایک غیر مسئول امر پر زور و شور علم کا جتلایا جاتا ہے پس آپ کی سب روایات منقولہ مسلم ہیں مگر آپ کے فہم پر اور حسن جواب پر صد آفرین ہے، الغرض جواب آپ کی خوبی علم و فہم کا، اور اس تقریر طویل کا تو ہو چکا اب اگر تم لاکھ دلائل اولیاء و علماء و صحابہ کے اس باب میں نقل کرو گے تو آپ کو ہرگز ذرہ بھر بھی مفید نہیں کیوں کہ سب کا یہی جواب ہے کہ ان کا عقیدہ ہرگز حضور و اثبات علم و غیب کا فخر عالم علیہ السلام کا نسبت نہیں اور یہ کلمات فرط محبت میں کہے اور خلوت یا جلوت خواص میں پڑھے، اب بولو کہ آپ کی اوراق نویسی اس ایک کلام سے رد ہو گئی یا نہیں بعد اس کے جو آپ نے مولوی محمد حسین فقیر پر ایک طعن کیا ہے محض بیجا ہے کیوں کہ اہل بدعت کا یہ عقیدہ علم غیب بالذات کا محقق و مشہور ہے سو انھوں نے ان کی ہی نسبت یہ شعر لکھا ہے، اور واضح ہے کہ اس عقیدہ سے خواہ ضمن صلوٰۃ و سلام میں خطاب ہو یا غیر صلوٰۃ و سلام میں بہر حال شرک ہے اور بدون اس عقیدہ کے خواہ صلوٰۃ و سلام ہو یا غیر اس کے جائز جبتک مجمع عوام و سفہا میں نہ ہو سو ان پر طعن بیمحل ہے اگر التحیات میں عقیدہ علم غیب کا ہوگا تو ان کو اس کے شرک ہونے سے کب انکار ہے وہ بھی شرک ہو جاوے گا اور التحیات میں یہ صیغہ یا محض نقل و ہدایت ہے اس واسطے درست ہوا یا بوجہ سلام کے کہ وہ عدۂ ایصال ہو چکا ہے اور خلاف اس کے عقیدہ کرنے میں بھی وہی حکم ہے، پھر طعن کیسا بے موقع ہو اگر مولوی محمد حسین صاحب تو آپ کے معاصر ہیں ان پر طعن کرنے سے کوئی آپ کو بڑائی حاصل نہیں ہوتی، البتہ بڑے بڑے علماء جیسے مولوی محمد اسماعیل صاحب مولوی محمد اسحاق صاحب ان پر اعتراض کرتے ہیں اور علماء و فقہاء متقدمین میں جو روشنی کثیر کو مکروہ فرماتے ہیں ان پر طعن علمی سو ابت کرنے سے جیسا روشنی کے مسئلہ میں گذرا اور خود حضرت عمر و عثمان و علی پر اسراف کی روشنی کرنے اور اس کی مدح کرنے پر کہ قرآن شریف کے حکم کے خلاف اسراف کیا آپ صراحتاً و اشارۃً طعن کر چکے ہیں تو وہ البتہ موجب آپ کے تبحر علم کا عوام کالانعام کے نزدیک ہوتا ہے لو اس باب میں بھی ہم آپ کو بتلاتے ہیں کہ بخاری میں ہے کہ ابن مسعود حیات فخر عالم السلام علیک ایہا النبی التحیات میں پڑھتے تھے اور بعد وفات آپ کے السلام علی النبی پڑھنے لگے تھے اب ان پر طعن فرمایئے تاکہ لوگوں کے نزدیک خوب عظیم شان آپ کی ہویدا ہو جاوے مولوی محمد حسین تو بڑوں کی تقلید سے بری ہو جاویں گے، ایسوں پر طعن فرمایئے تاکہ لوگوں کے نزدیک اب مؤلف صاحب غور فرماویں اور سب اہل علم نظر فرماویں کہ مؤلف صاحب نے شرح سوال کیا کی اپنی طرف سے ایک سوال نیا تصنیف فرمایا ہے سائل نے پانچ قید سوال میں لکھی تھی، امردان خوش لحن کا قصائد مدح پڑھنا زیب و زینت کا ہونا شیرینی کا ہونا، روشنی کثیر کا ہونا۔ فخر عالم کو خطاب و نداء سے یاد کرنا، سو پانچوں قیود کی وہ شرح فرمائی

بعض ہو کرنا جس کے بارے میں سوال نہیں کیا گیا ۔ شاباش ہے زیادتی پر محفل لفظ ثابت ہے ہم زمانہ ٹھہرا ۹ عوام جانور کی طرح ہیں

نوبہ یادم میں آوے گی **قولہ** بحدیث نبوی جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا **اقول** سائل نے حصر کر دیا دین کو حدیث میں کہ حدیث سے جائز ہے یا نہیں، یوں پوچھنا چاہیئے تھا، کہ شرع شریعت میں جائز ہے، یا نہیں، اس لئے کہ شرع شریف کے مسائل فقط حدیث ہی سے نہیں نکلتے، بلکہ اول دلیل شرع قرآن مجید ہے پھر حدیث شریف پھر اجماع امت پھر قیاس اس بات کا کہ ہم خاص ان ہی کے مجتہد مذہب سے سنوائے دیتے ہیں، دیکھو مولوی اسماعیل صاحب تذکیر الاخوان میں درباب رد بدعت لکھتے ہیں، جو مسئلہ کہ قرآن میں مفصل مذکور نہیں، اس کا حال حدیث سے دریافت کرے اور جو حدیث میں بھی صریح بیان نہ ہو تو وہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحابوں سے دریافت کر کے اس اجماع کے موافق عمل کرے اس واسطے کہ حدیث کی رو سے صحابہؓ کے اجماع کی پیروی کرنے کا حکم ثابت ہے، پھر جو مسئلہ اجماع سے ثابت نہ ہو یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم کے وقت میں ویسا واقع نہ ہوا جو اس پر وہ حکم تغیر اگر اجماع کرتے تو ایسی بات پر مجتہدوں کے قیاس صحیح کے موافق عمل کرے انتہی، بلکہ مولوی اسمٰعیل صاحب کے کلام سے تو مابعد مجتہدوں کی بات نکالی ہوئی بھی حق معلوم ہوتی ہے اس مقام میں بعد تیرہ[۱۳] چودہ[۱۴] سطر کے فرماتے ہیں پھر اور کوئی مولوی مشائخ جو اپنی عقل کو دخل دیکر کوئی بات نکالے تو اس کا کیا ٹھکانا، مگر ہاں اکثر عالم دیندار متقی پرہیزگار اس مسئلہ کو قبول کر لیں تو البتہ وہ بھی معتبر ہے، انتہی۔ اب سائل کو معلوم کرنا چاہیئے کہ جب جواز امور کے واسطے بہت دلائل ہوئے، یعنی قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس مجتہدین اور اتفاق اکثر علماء دیندار پس جب کوئی امر ان دلائل میں کسی ایک دلیل سے ثابت ہو جاوے گا اس کو کہیں گے کہ یہ امر شرع میں جائز ہے یا نہیں

کہ ہرگز سائل کے ذہن میں بھی نہیں گذری ہے اپنی طرف سے خلاف مقصود سائل کے ایک شرح فرمائی اور پھر جواب اس شرح کے لکھے وہ بھی اکثر جگہ اس شرح کے مطابق و مناسب نہیں چہ جائیکہ اصل مقصود سائل کی موافق ہوتی چنانچہ تحریر بالا سے ہویدا ہو گیا سوالیا جواب سوال اور ایسی شرح شاید کسی نے آنکھ کھول کر دیکھی ہوگی عجب تماشہ ہے اور پھر ان جوابات میں جن جن امور کی نسبت اہل بدعت کو مطعون بناتے ہیں وہی امور خود اختیار فرماتے ہیں، سبحان اللہ کیا اعجوبہ ہے **قولہ** بحدیث نبوی الخ **اقول** آپ کا اعتراض سائل پر ہے کہ فقط حدیث سے ہی کیوں کہ طلب جواب کیا قرآن و اجماع و اجتہاد بھی حجت شرعیہ ہے سو یہ بات اول تو اس کا عذر قبول ہو کہ بیچارہ ناواقف ہے مگر خوب محقق ہو گیا کہ مؤلف کے نزدیک فقط حدیث سے مطالبہ کرنا کسی حکم کا معیوب و زبوں ہے بلکہ حجج اربعہ میں سے کسی سے جواب دیدے تو کافی ہے اور اتباع امر معیوب کا بھی ناجائز ہے اگر کوئی مستفتی خواہ مخواہ جواب سوال کا حدیث سے ہی طلب کرے تو مفتی کو اس پر عمل کرنا جائز نہیں کیوں کہ اتباع ناروا کا بھی درست نہیں ہوتا سو مؤلف اس اپنے قاعدہ مقررہ کو یاد رکھے کہ اس کے خلاف میں مؤلف مطعون ہووے گا اور جو اس بیچارہ کے کلام کی تاویل کرو تو کیوں اس پر غصہ ہوتے ہو قرآن کی حدیث تفسیر ہے اور حدیث بھی گیا وحی باطنی ہے سو قرآن و حدیث تو ایک ہی ہوئی معنیً و حکماً اور اجماع بلاسند نہیں ہوا کرتا سو سند قرآن کی آیت یا کوئی حدیث صراحتاً اشارۃً دلالۃً ہوتی ہے سو وہ بھی حکماً حدیث ہی ہوا اور قیاس خود مظہر حکم ہے نہ مثبت حکم سو وہ بھی اگر اجماع سے ہے تو وہ معلوم ہوا کہ حدیث ہی ہر حکماً اور قرآن سے ہے تو وہ بھی معنیً حدیث سے متحد ہے پس اس کا کہنا بایں تاویل درست ہے پس مطالبہ حدیث میں اگر کوئی قول مجتہد کا پیش کر دیوے یا جزئیہ علماء کا جو قاعدہ کلیہ مجتہد سے نکالا ہے پیش کر دیوے تو وہ جواب حدیث سے ہی ہووے گا صریح حدیث کی ضرورت نہیں بہرحال

نے ظاہر ۲ برائے جمع ہے حجت کی معنی دلیل ۳ یعنی قیاس سے حکم ظاہر ہوتا ہے ۴ ثابت نہیں ہوتا۔

کہ جس کا نام بلفظ حدیث میں صریح آیا ہو وہ جائز ورنہ ناجائز یہ بات ہرگز محققین کامل کے نزدیک مسلم نہیں واضح کہ یہاں تک سوال فتویٰ انکاری کی شرح کی گئی اب انہی کے جوابات جو مفتی صاحبوں نے لکھے ہیں اس کی توضیح کرتا ہوں **نور دوم** جس میں چھ لمعے ہیں **لمعہ اولیٰ** نقل جواب واضح ہو کہ اس سوال کا جواب اول دہلی میں لکھوایا گیا پھر اصحاب دیوبند نے اس پر مہریں لگائیں وہ یہ ہے **جواب فتویٰ انکاری** انعقاد محفل میلاد اور قیام وقت ذکر پیدائش آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قرون ثلثہ سے ثابت نہیں ہوا پس یہ بدعت ہے اور علی ہذا القیاس بروز عیدین و غیر عیدین و پنجشنبہ وغیرہ میں فاتحہ مروجہ ہاتھ اٹھا کر پایا نہیں گیا البتہ نیابۃ عن المیت بغیر تخصیص ان امور مروجہ سوال کے لئے مساکین و فقراء کو دیکر ثواب پہنچانا اور دعا اور استغفار کرنے میں امید منفعت ہے اور ایسا ہی حال دہم سویم چہلم وغیرہ اور چنے اور چنوں اور شیرینی وغیرہ کا عدم ثبوت حدیث اور کتب دینیہ سے خلاصہ یہ کہ بدعات مخترعات ناپسند شرعیہ ہیں انتہی حرفا حرفا۔ اب مؤلف رسالہ ہذا اللہ تعالیٰ کی توفیق اور مدد پر بھروسہ کرکے بیان کرتا ہے ان امور ناصواب کو جو اس جواب میں ہیں واضح ہو کہ اس جواب پر دہلی کے تین صاحبوں کی مہر ہے، الہیٰ بخش، حبیب اللہ، شریف حسین، یہ صاحب دہلی میں غیر مقلد ہیں سب ان کو جانتے ہیں ان کا یہ جواب لکھنا کچھ تعجب نہ تھا لیکن اصحاب دیوبند اس فتویٰ میں ان کے تابع ہوگئے مدرسہ دیوبند کے طلباء اور مدرسین کی پانچ مہریں چند دستخط ہیں ایسے ایسے عجیب کہ ان میں سے ایک صاحب کی عبارت یہ ہے، ہذا مسئلہ جواب صحیحۃ حسن علی عفی اللہ عنہ، سبحان اللہ عبارت ان مفتی صاحب کی دیکھنے کے قابل ہے اور فصاحت و بلاغت تذکروں میں لکھنے کے قابل ہے لفظ ہذا کی تذکیر و تعریف مسئلہ کی تانیث و تنکیر، جواب کی تذکیر صحیحۃ کی تانیث پھر مسئلہ یعنی سوال مبتدا اور جواب صحیحۃ اس کی خبر سوال کی خبر جواب کیا گیا تماشے ہور ہے ہیں خیر ہم کو ان صاحبوں میں کسی سے کچھ تعارض نہیں، الا مولوی محمد یعقوب صاحب، کہ اس مدرسہ کے مدرس اول ہیں چوں کہ انھوں نے غیر مقلدوں

بہرحال لمعہ اولیٰ [1] کو یاد رکھے، الحمدللہ بربان اوّل نے لمعہ نور اول کو ظلمات مکونہ سے کہ ظلمات جہل پر نور مثل ملمع کے تھا رفع کرکے اس کی ظلمات اصلیہ کو واضح طور پر نمایاں عیاناً کر دکھایا **قولہ نور دوم الخ اقول** اس میں مؤلف نے جواب بلفظہٖ نقل کیا ہے بعد اس کے کچھ اپنے علم کے فخریہ کلمات لکھے ہیں کہ اس کے جواب کی ضرورت نہیں علم مؤلف کا نور اول میں خوب ظہور ہو چکا **قولہ** ان میں سے ایک، صاحب کی عبارت یہ ہے الخ **اقول** حسن علی نام کوئی مدرس مدرسہ دیوبند میں نہیں ابتدائے بنائے مدرسہ سے آج تک کی کیفیات موجود ہیں دیکھ لو مؤلف کو اگر دیوبند کے مدرسہ پر طعن کرنا مقصود ہے تو ایسی طرح طعن کرنا کہ جس کا کچھ ٹھکانا نہ ہو شرم کی بات ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے ان بعض الظن اثم پھر خواہ مخواہ حسن علی کو دیوبند کا مدرس [2] طالب علم قرار دیکر محض اپنی طرف سے یہ لکھنا کس قدر خلاف امر حق تعالیٰ کے ہے اور جو توہین مدرسہ کی غرض مؤلف کی ہے تو ایسے واہی مطاعن سے کچھ نہیں ہوتا اور مدرسہ دیوبند کا جو کچھ علم ہے اگر کچھ فہم خداداد مؤلف کو ہے تو آوے اور دیکھے اس فقیر کے گمان میں یہ آتا ہے کہ مدرسہ دیوبند کی عظمت حق تعالیٰ کی درگاہ پاک میں بہت ہے کہ صدہا عالم یہاں سے پڑھ کر گئے اور خلق کثیر کو ظلمات ضلالت سے نکالا یہی سبب ہے کہ ایک صالح فخر عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی آپ تو عربی ہیں، فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آگئی، سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوا پس جس کا رتبہ عند اللہ زیادہ ہوگا، شیطان عدو مبین اس کی تخریب و توہین میں زیادہ

---

[1] رائج، منہ میت کی طرف سے قائم مقام [2] طعنے حسین کو طعنہ دیا جائے

www.RazaKhaniMazhab.com

کی تحریر پر مہر لگادی اس لئے ہم کو ان سے چار شکایتیں ہیں **شکایت اولیٰ**. بقا نون طریقت یعنی ان کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ صاحب سے ہم نے مکہ معظمہ میں ملاقات کی مگر ان کا ہرگز یہ طریق متعصبانہ نہیں دیکھا بلکہ نہایت مستقیم و معتدل افراط و تفریط سے خالی پایا لوگوں نے مسئلہ قیام کا پوچھا حالاں کہ مانعین اس کو بڑا منکرات میں سمجھتے ہیں، کفر و شرک تک نوبت پہنچاتے ہیں لیکن انھوں نے یہ جواب دیا کہ اگر اصحاب محفل کھڑے ہو جاویں کھڑے ہو جاؤ اگر بیٹھے رہیں تم بھی بیٹھے رہو ایسی گفتگو مصلحت آمیز ہے کہ اس میں گنجائش مقصود نہیں اور چند مسائل ان کے اسی طور دیکھے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ انہوں نے اپنے سب مریدوں کو اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو منع فرمایا ہے کہ جو مسائل ہند کے علما میں مختلف فیہ ہیں ان پر مہر مت کیجئے، پھر مولوی محمد یعقوب صاحب نے کیوں کسی کے کہنے سے اپنے مرشد ہادی کے خلاف طریق اور خلاف حکم پر مہر لگائی، **شکایت ثانیہ** یعنی کیوں دیدہ تحقیق سے فکر کر کے کہ مسئلہ کو نہ معلوم کیا مسئلہ میں

سرگرم ہوگا، پس مؤلف حالاں کہ علمائے مدرسہ دیوبند سے اس کو کوئی گزند[1] نہیں پہنچا، اور اس کی بنا میں مدرسہ نے خلل نہیں ڈالا، البتہ اس کے بدعات کے ظلمات کا کاشف ہے لہذا مؤلف کو اس مدرسہ دیوبند سے عناد ہے اور اس مدرسہ کو اپنا دشمن جانتا ہے، مگر جس کا حامی حق تعالیٰ ہو اس کا کوئی کیا کر سکتا ہے، الغرض حسن علی نام کوئی مدرس نہیں، اور جب حسن علی کے دستخط ہیں خواہ مخواہ اس پر مطاعن لفظی کرنی بھی دور از دیانت ہے کیوں کہ مطبع کی غلطی کا احتمال قوی ہے چنانچہ اس فتوے میں بہت الفاظ غلط موجود ہیں سو حسن ظن کرنا اور کاتب کی یا صاحب مطبع کی غلطی پر حمل کرنا مناسب تھا مگر یہ تو جب ہوتا کہ مؤلف کو حسن ظن پر عمل کرنا مدنظر اور اندیشہ آخرت ہوتا اور چوں کہ تخطیہ[2] معنوی کا تو مؤلف کو سلیقہ و ملکہ نہیں تخطیہ لفظی سے تسلی کر لیتا ہے خیر یہ تو سہل ہے، لیکن مشکوٰۃ اور قرآن شریف دہلی کے مطبع کے مثلاً[3] مؤلف کو دیکھ کر جو اسمیں غلطی کاتب ملاحظہ کرے گا تو مبادا حق تعالیٰ اور جناب فخر عالم پر مواخذہ نہ کرنے لگے کیوں کہ مؤلف کی عادت تو یہی ٹھہری کہ اصل مؤلف کو الزام لگاتا ہے کاتب کی خطا پر تو حمل کرتا ہی نہیں استغفر اللہ استغفر اللہ

رام پوری کی شکایت اربعہ جواب حضرت حاجیؒ کی اجازت قیام مولود ناواقفیت حال جہلا پر ...... مبنی ہے

قولہ شکایت اولیٰ الخ **اقول** جناب حاجی صاحب سلمہ کا جواب قیام میں اگر یہ ہے تو یہ وجہ ہے کہ ان کو جہلاء ہند کا حال معلوم نہیں کہ کیا عقائد پیدا ہو گئے ہیں اور فتویٰ دینے میں مفتی کو حال اہل زمانہ کا دیکھنا ضرور ہے کہ اختلاف احوال سے جواب بدلجاتا ہے اور یہ تبدل مباح امور میں ہوتی ہے، پس اس جواب سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کا حال ان کو معلوم نہیں اور بحسن ظن قیام کو مباح جان کر جائز رکھا اور مخالفت کو موجب فتنہ جان کر موافقت کا حکم دے دیا اس رائے کو مؤلف نے بھی پسند کیا لیکن اباحت پر اس قدر مارفرش[4] فنش کہیں شرع میں درست نہیں اور یہ روایت کہ انہوں نے جناب مولوی محمد یعقوب صاحب مرحوم اور جناب مولوی رشید احمد صاحب کو مسائل مختلف فیہا پر مہر لگانے سے منع کیا تھا خوب تحقیق ہوا کہ محض غلط ہے، کسی مفتری کا افترا ہے کہ اپنی بات بنانا مطلب ہے پس یہ شکایت بے اصل محض ہو گئی **قولہ** شکایت ثانیہ الخ **اقول** مؤلف کو کسطرح معلوم ہوا کہ مولوی محمد یعقوب صاحب نے بدون فکر کے مہر لگا دی ہے اگر یہ وجہ ہے مؤلف بحر العلوم کے فہم کیخلاف ہے اور جو امر خلاف لائے ایسے بحر زخار کے ہوگا وہ غلط ہی ہوگا تو مؤلف صاحب اپنے منہ میاں مٹھو ہوتے ہیں، تو رادل میں تو مؤلف کی فہم کی ظلمات ابھی واضح ہو چکی اگر نظر بریں کتاب یہ کہا جاوے تو لائق ہے کہ جو مطابق رائے مؤلف

---

[1] نقصان [2] معنوی غلطی نکالنا [3] احتراز [4] بہتان

تقلید ایک جزئے خاص کی بلا خصوص و تفکر صحیح نہیں شکایات ثالثہ اگر مولوی شریف حسین وغیرہ یہ بات کہیں کہ قرون ثلٰثہ کے بعد جو حادث ہو وہ ضلالت ہے تو کچھ ان سے بعید نہیں کیوں کہ غیر مقلد ہیں لیکن اصحاب دیوبند جن کا مذہب تقلید ہو اور یہ کہتے ہوں کہ امام واحد کی تقلید کل مسائل میں واجب ہے چنانچہ فتویٰ مولوی محمد قاسم صاحبؒ اور اظہار الحق صاحب سے یہ بات ظاہر ہے پھر یہ صاحب کسطرح فرماتے ہیں کہ ایجاد بعد قرون ثلٰثہ کا بدعت ہے یہ اعتقاد وجوب تعیین تقلید شخصی کا تو قرون ثلٰثہ کے بعد حادث ہوا ہے اپنے پیران پیر شاہ ولی اللہ صاحب کی حجۃ اللہ البالغہ کو دیکھیں کہ وہ لکھتے ہیں۔ اَھل المایۃ الرابعۃ لم یکونوا مجتمعین علی مذھب الواحد

کے ہوگا گو بظاہر درست ہو مگر باطن لاریبؒ غلط ہوگا کیوں کہ اکثر جگہ یہی ظاہر ہوتا ہے پس مولوی صاحب کو ہرگاہ کہ جواب صحیح ہوا مُہر لگادی ورنہ مصداق اس حدیث کے ہوتے من عمل علمؐ فکتمہ الجم بلجام النار۔ اور مخالف اگر صادق امر کہے اس کی تصدیق ضرور ہی یہ بددینی ہے کہ کوئی بددین اگر دین کی بات کہے تو تکذیبؒ کر دیوے کہ اس میں یہ خود مکذب بنتا ہے، فخر عالم علیہ السلام نے یہودی کی بھی سچی بات کی تصدیق کی ہے، چنانچہ صحاح میں یہ روایت موجود ہے، پس یہ شکایت محض کم فہمی مؤلف کی ہے **قولہ** شکایت ثالثہ الخ اقول مؤلف اپنے خوبی فہم سے بلکہ اپنے اسلاف ہم مشرب کی تقلید سے معنیٰ موجود ہونے کے قرون ثلٰثہ میں اور نہ موجود ہونے کے یہ سمجھ رہا ہے کہ اگر قرون ثلٰثہ میں یہ جزئی خاص حادث ہو کر وجود خارجی میں آجاوے خواہ دلیل اس کے جواز کی ان قرون میں موجود ہو یا نہ ہو تو وہ سنت ہے اور اگر ان جزئی خاص نے ان قرون میں وجود خارجی نہیں پایا اگرچہ جنس ان کی اس قرون میں موجود غیر منکوہو یا دلیل جواز کی موجود ہو وہ بدعت سیّئہ ہے مگر یہ فہم بالکل غلط فاحش اور محض کور علمی ہے اور مؤلف کی فقط اسی کج فہمی پر تمام اس رسالہ کی بنا ہے اور اس ہی کونہ فہمی سے تمام مغالطاتؒ وقبائحؒ کا مرتکب ہوا ہے مگر ہرگز ہرگز یہ معنیٰ نہیں بلکہ اس کے یہ معنیٰ ہیں کہ جو شئے قرون ثلٰثہ میں موجود ہو وہ سنت ہو اور جو بوجود شرعی موجود نہ ہو وہ بدعت ہے اب سنو کہ وجود شرعی اصطلاح اصول فقہ میں اس کو کہتے ہیں جو بدون شارع کے بتلانے کے اور فرمانے کے معلوم نہ ہو سکے اور حس اور عقل کو اس میں دخل نہ ہو پس اس شئے کا وجود شارع کے ارشاد پر موقوف ہوا، خواہ صراحتًہ ارشاد ہو، یا اشارۃً و دلالۃً پس جب کسی نوع ارشاد سے حکم جواز کا ہو گیا تو وہ شئی وجود شرعی میں آگئی اگرچہ اس کی جنس بھی خارج میں نہ آئی ہو، اور معلوم رہے کہ سب احکام شرعیہ وجود بوجود شرعیہ ہی ہیں کیوں کہ حکم علت اور حرمت کا بدون شارع کے ارشاد کے معلوم نہیں ہو سکتا پس جس جواز کا حکم کلیتہً ہو گیا وہ جمیع جزئیات شرع میں موجود ہو گیا اور جس کے عدم جواز کا حکم ہو گیا تو شرع میں اس کا عدم ثابت ہو گیا اور وجود اس کا مرتفع ہو گیا پس یہ حاصل ہوا جس کے جواز کی دلیل قرون ثلٰثہ میں ہو خواہ وہ جزئیہ موجود خارجی ان قرون میں ہو یا نہ ہو اور خواہ اس کی جنس کا وجود خارجی میں ہوا ہو یا نہ ہوا ہو وہ سب سنت ہے اور وہ بوجود شرعی ان قرون میں موجود ہے اور جس کے جواز کی دلیل نہیں تو خواہ وہ ان قرون میں بوجود خارجی ہوا یا نہ ہوا وہ سب بدعت ضلالہ ہے اور یہ بھی سنو کہ اس زمانہ کا شیوع بلا نکیر دلیل جواز کی ہے اور نکیر ہونا اس پر دلیل عدم جواز کی ہے علیٰ ہٰذا اس کی جنس پر نکیر ہونا دلیل اس کے عدم جواز کی ہوتی ہے اور یہ بھی یاد رہے کہ حکم کا اثبات قرآن و حدیث سے ہی ہوتا ہے اور قیاس مظہر حکم کا ہے مثبت حکم کا نہیں ہوتا پس جو قیاس سے ثابت ہوتا ہے وہ بھی کتاب و سنت ہی سے ثابت ہوتا ہے اس قاعدہ کو خوب غور کرنا اور سمجھ لینا ہم

لہ یقینًا تلہ جو تابنانا تلہ مغالطہ کی جمع تلہ مانع

م اور خواہ اس پر کسی نے ان قرون میں انکار کیا ہو یا نہ کیا ہو اور خواہ وہ امر ان قرون میں شائع ہوا ہو یا نہ ہوا ہو

م ۲ اور قبول کرنا جنس کا دلیل اس کے جواز کی

پس جب کہ چوتھی صدی تک تقلید شخصی پر مجتمع نہ تھے تو ظاہر ہوا کہ چوتھی صدی کے بھی بعد مسئلہ وجوب کا حادث ہوا اور خود چوتھی صدی قرون ثلٰثہ سے بہت بعد ہے تو ما بعد چہارم تو نہایت البعد زمانہ ہوا اور تنویر الحق میں مولوی قطب الدین خاں صاحب نے قاضی ثناء اللہ کی تفسیر مظہری سے نقل کیا ہے اہل السنۃ والجماعۃ قد افترق بعد القرون الثلاثۃ او الاربعۃ علی اربعۃ مذاہب الخ یہ بات ہم کو مضر نہیں کیوں کہ ہم بعض بدعت حسنہ کو واجب بھی کہتے ہیں اور بدعت حسنہ کا وجود فقط قرون ثلٰثہ میں منحصر نہیں کہتے لیکن ان اصحابوں پر مشکل ہوگا۔

شکایت رابعہ : آپ کے پیر مرشد جناب حاجی امداد اللہ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ضیاء القلوب مطبع مجتبائی ہمارے پاس ہے۔ وہ کتاب واسطے دستور العمل ہونے اپنے مریدوں کے لکھی ہے، اس میں بہت باتیں اس طرح کی ہیں مثل فاتحہ بارواح مشائخ اور خطرات کو مشاہدہ جمال مرشد سے دفع کرنا یعنی (تصور شیخ) اور عروج اور نزول کے طور پر ذکر کرنا۔ اور رگ کیماس کا دبانا۔ اور مونڈھے اور ناف اور گھٹنے وغیرہ کی طرف اشارات اثنائے ذکر میں کرنا اور اذکار کا عدد اور جلسہ کی ہیئت اور وضع اور وقت وغیرہ کی تعینات خاص کرنا اس قسم کی بہت سی چیزیں اس میں ہیں کہ قرون ثلٰثہ سے ہرگز ہرگز بایں ہیئت کذائی و ہیئات مجموعی ثابت نہیں اور مولوی شریف حسین اور حفیظ اللہ صاحب واعظ کی تحریر اس فتویٰ انکاری میں یہ ثابت کر رہی ہے، کہ محفل مولد شریف اور فاتحہ اموات بباعث

ہے، مؤلف اور اس کے اشیاخ نے اس کی ہوا بھی نہیں سونگھی، اس عاجز کو اپنے اساتذہ جہابذہ کی توجہ سے حاصل ہوا ہے اس جوہر کو اس کتاب میں ضرورۃً رکھتا ہوں کہ اپنے موافقین کو نفع ہو، اور مخالفین کو شاید ہدایت ہو، اگر اس کو خوب نگہداشت کیا جاوے تو تمام اس رسالہ اور دیگر رسائل مبتدعین کی خطا واضح و لائح ہے اور مؤلف تو کسی مطلب علمی کو کہیں بھی نہیں سمجھتا، اپنی فکر نا تمام سے ایک معنی قرار دیکر بدون مغز کلام کے سوچے سمجھے جو منہ میں آیا نکال ڈالتا ہے ایسے علم و فہم پر افسوس آتا ہے

تقلید شخصی واجب ہے | پس بعد تمہید اس قاعدہ کی دیکھو کہ تقلید شخصی کی دلیل قرون ثلٰثہ میں موجود ہے گو وجود خارجی اس کا کبھی ہو اس سے ہم کو بحث نہیں، فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون الآیہ، اس میں وجوب تقلید کا حکم ہے اور باطلاقہ شخصی اور غیر شخصی دونوں کو محتوی ہے اور دونوں مامور علی التخییر ہیں اور آیہ ولا تفرقوا الخ و حدیث کونوا فی اللہ اخوانا الحدیث وغیرہ میں امر وجوب تقلید شخصی کا وقت افتراق اور اختلاف کی موجودہ ـــ ثابت ہے، کیوں کہ زمان جہل میں اور وقت اعجاب کل ذی رائے برائہ کی عدم تقلید شخصی میں فتنہ ہوتا ہے چنانچہ اب خود مشاہد ہے لہٰذا بالتعین وجود وجوب لغیرہ تقلید شخصی کا بعد زمانہ قرون ثلٰثہ کے ہوا اگرچہ وجود شرعی اس کا قرون ثلٰثہ میں ثابت تھا، پس اس کو بدعت ضلالہ جاننا حسب مشہور محض جہل اور سوء فہم ہے کہ بعد اس شرح بسط کے کوئی عاقل جاہل بھی تردد نہ کرے گا، اگرچہ مؤلف سے توقع قبول کی نہیں،،

اشغال مشائخ ہیں ثابت بالسنۃ ! اور علیٰ ہذا القیاس اشغال مشائخ کا جواب ہے پس یہ دو شکائتیں مؤلف کی ثالثہ اور رابعہ محض مؤلف کے عدم علم و فہم سے ناشی ہوئے اور مؤلف نے باتباع بعض علماء کے اس کو بدعت حسنہ سے تعبیر کیا اور یہ فرق اصطلاحی اور لفظی تھا نی الواقع کوئی خلاف معنوی نہ تھا مطلب سب کا ایک تھا میاں مؤلف نہ سمجھے نہ بڑھے اس کو نزاع حقیقی سمجھ کر الغل مارنے لگے اور اپنی حقیقت سب پر ظاہر کر دی **قولہ** شکایت رابعہ الخ **اقول**، اس کا جواب بھی جواب شکایت ثالثہ سے واضح ہو گیا اور اس کے جواب میں طول و بسط

---

۲ ثابت کرنے والا ۳ جماعت ۴ مشغل ۵ اختیار کے ساتھ ۶ ہر شخص اپنی رائے پر اعتماد ۷ مشہد تعریفین کے مطابق ۸ ایجادات

عدم ثبوت قرون ثلٰثہ سے مخترعات ناپسند شرعیہ ہیں اور آپ نے اس کی تصحیح پر مہر لگائی تو فی الحقیقت یہ مہر ہو گئی اس بات پر کہ جو چیز قرون ثلٰثہ سے
ثابت نہ ہو وہ مخترعات ناپسند شرعیہ سے ہے پس داخل ہو گئے اس میں سب اذکار و اشغال مرسومہ[1] خاندان جناب حضرت ضیاء القلوب میں
مندرج ہیں کیونکہ ان کا ثبوت بہیئت کذائی و بہیئات مجموعی قرون ثلٰثہ سے نہیں ومن ادعی فعلیہ البیان اور ہم کو یہ اعتراض کچھ مضر نہیں اس
لئے ہم اس کے قائل نہیں کہ جو بات قرون ثلٰثہ میں نہ ہو وہ ضلالت او سیئہ ہوتی ہے لمعہ ثانیہ رد جواب مانعین و تحقیق بدعت و
ثبوت بدعت حسنہ واضح ہو کہ اس فتویٰ انکاری میں کوئی منع کی دلیل نہیں سوا اس کے کہ یہ باتیں قرون ثلٰثہ میں نہ تھیں اور جو قرون

کہا گیا کہ یہ بہت کار آمد قاعدہ ہے اور تمام رسالہ کے قمع کو کافی ہے بغور ملاحظہ کرنا لازم ہے - - - - - - - - - - - - -
بدعت حسنہ وسیئہ کی حقیقت اقول لمعہ ثانیہ رد بدعت مانعین و تحقیق بدعت الخ اقول تحقیق معنی بدعت میں مؤلف نے نہایت اپنا جوہر
فہم دکھایا اور غایت مبلغ علم کا اظہار کر دیا اور اس تحقیق پر مؤلف کو نہایت فخر و ناز ہے پہلے جواب شکایت ثالثہ میں یہ عاجز حقیقت بدعت کو لکھ
چکا ہے اب یہاں پھر لکھتا ہوں سو کہ تمام علماء اول سے آخر تک متفق ہیں اس بات پر کہ بدعت لغت میں امر جدید کو کہتے ہیں اور کتب
شریعت میں جو اطلاق اس لفظ کا ہوتا ہے تو کسی جگہ تو اس کے یہ معنی لیتے ہیں کہ جو امر بعد فخر عالم علیہ السلام کے حادث ہوا مطلقاً خواہ محمود
ہو خواہ مذموم یعنی اس کے جواز کی دلیل شرع میں موجود ہو یا نہ ہو سو اس کی دو قسم کرتے ہیں قسم اول محمود کہ جس کی دلیل جواز کی شرع میں ہو
دوسری مذموم کہ دلیل اس کے جواز کی نہیں پس قسم اول کی بدعت حسنہ نام رکھتے ہیں اور ملحق بالسنت جانتے ہیں اور دوسری قسم بدعت
ضلالہ ہے پس یہ جو بدعت کی عام کہلاتی ہے اور کسی جگہ معنی بدعت کے یہ ہوتے ہیں کہ جو امر حادث ہو خلاف طریقہ مرضیہ شارع علیہ السلام
کے یعنی اس کے جواز کی دلیل شریعت میں نہ ہو اور یہ معنی خاص ہیں اور کتب شرعیہ میں اس ہی کی بحث ہوتی ہے تو بدعت بایں معنی وہی نوع مذموم ہے
اور قسم محمود سنت میں داخل ہے پس یہ دونوں اطلاق درست ہیں اسمیں کسی کا خلاف نہیں فقط بیان کا فرق ہے اور پس اور اصل مراد میں سب متفق
ہیں سو جو بدعت کو مطلقاً مذموم کہتے ہیں وہ بدعت کے معنی خاص لیتے ہیں اور جو علماء تفریق حسنہ اور سیئہ کی کرتے ہیں وہ معنی عام لیتے ہیں اور
یہ جو احقر نے لکھا تمام کتب شرعیہ میں موجود ہے اور خود مؤلف بھی اس کو جانتا ہے خود اس رسالہ سے ظاہر ہے لہٰذا نقل روایات کی حاجت
نہیں، اور یہ بھی ظاہر ہے کہ جو علماء رسوم جہلیہ وغیرہ کو بدعت کہتے ہیں وہ بدعت کو بمعنی خاص لیتے ہیں اور مقام ذم میں ذکر کرنا اور حجت عدم
جواز کی ٹھہرانا دلیل ظاہر اس امر کی ہے ورنہ معنی عام سے ایک فرد اس کی محمود بھی ہے کس طرح مذموم مراد ہو سکتا ہے مطلقاً اور یہ امر جس کو
ادنیٰ سلیقہ ہو گا جان سکتا ہے مگر مؤلف کا سلیقہ علمی اور خوبی فہم قابل دید ہے کہ باوصف علم اس اصطلاح کے اور قرینہ بینہ کے جگہ جگہ اعتراضاً
لکھتا ہے کہ تمہارے نزدیک فلاں شے بدعت ہے اور ہمارے نزدیک کچھ حرج نہیں کہ بدعت حسنہ بھی ہوتی ہے اور اس کو نہایت الزام و اعتراض
سمجھا ہے تو اس تحریر مؤلف سے معلوم ہوا کہ مؤلف کے نزدیک یہ نزاع حقیقی اور مخالفت معنوی ہے فرق اصطلاحی نہیں ورنہ کیوں یہ
تو تو میں میں کرتا اور کس واسطے باوجود ضعف دماغ کے لاحاصل اس قدر تطویل کرتا کہ سب کا مآل و مقصود ایک ہو اور پھر ایک کو صحیح
اور دوسرے کو غلط بتا دے اور لاحاصل تحریر طویل لکھکر کاغذ سیاہ کرے پس اس سے بھی تبحر علم اور خوبی فہم مؤلف کا ہر شخص پر عیاں ہو گیا جیسا
پہلی شرح سوال میں ہر ہر معنی پر کج فہمی مؤلف کی ظاہر ہو چکی

---

[1] ایجادات [2] مروجہ [3] جس سے اکھاڑ دینا ہے پسندیدہ

نکتہ میں نہ ہو وہ بدعت ہے سو یہ قاعدہ تحقیقی نہیں، کسی کسی کے اقوال مختلفہ کا ذکر کرنا اور بات ہے اور مذہب منصور اور قول جمہور جس پر عمل سنت ہو وہ اور بات ہے اختلاف اقوال کا یہ حال ہے کہ بدعت میں چند اقوال ہیں **قول اول** یہ ہے کہ مؤلف تذکیر الاخوان نے تو اپنے طائفہ کا دستور العمل ٹھہرا دیا کہ جو بات قرون ثلثہ میں ایجاد کی گئی ہے اس کو سنت کہنا چاہیئے اور جو بعد میں ایجاد ہوئی اس کو بدعت قرار دینا چاہیئے اور جو چیز بدعت ہو وہ کل ضلالت اور سیئہ ہے **دوسرا قول** یہ ہے کہ جو چیز بعد صحابہؓ اور تابعینؒ کے نکالی جاوے وہ بدعت ہے اور نامشروع ہے مائۃ مسائل کے سوال چہلم و ہشتم میں لکھا ہے امریکہ منقول نباشد از آں حضرتؐ و صحابہؓ و تابعین غیر مشروع است الی ان قال قراءۃ التکاثر الی الآخر مع الجمع مکروھۃ لانہا بدعۃ لم ینقل ذلک عن الصحابۃ والتابعین اب دیکھنا چاہیئے کہ یہ تقریر ایک نمبر زیادہ چڑھی ہوئی ہے مولوی اسمٰعیل سے بھی کیوں کہ ان کی تقریر سے تو تبع تابعین بھی معتبر تھے اور اس تقریر سے تبع تابعین بالکل مارد ہوئے **تیسرا قول** یہ ہے کہ صحابہؓ کا فعل تو سنت میں داخل ہے لیکن صحابہؓ کے بعد جو قول فعل حادث ہو وہ بدعت ہے اور ضلالت ہے چنانچہ جلد اول مکتوبات مجددیہ کے مکتوب ایک سو چھیاسی میں ہے ہر چہ در دین محدث و مبتدع گشتہ کہ در زمان خیر البشرؐ و خلفاء راشدین او نبود علیہ و علیہم الصلوات والتسلیمات اگرچہ آں چیز در روشنی مثل فلق صبح بود ایں ضعیف را با جمعے کہ با او ہستند گرفتار عمل آں محدث مگرداناد اور اسی مکتوب کے آخر میں لکھا ہے فعلیکم بالاقتصار علی متابعۃ سنۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم والاکتفاء علی اقتداء اصحابہ الکرام اب دیکھو کہ اس کلام سے تبع تابعین تو کیا خود گروہ تابعین بھی اڑی ہوئی ہے پس اس قول کے موافق ان کا قول و فعل بھی بدعت واجب الاجتناب ہے

بدعت کی حدود جو منقول ہیں متعارض نہیں محض اختلاف عنوان ہے الحاصل دونوں معنی بدعت کے ایک ہی مراد ہے اور پھر جو کتب میں حدود بدعت ہیں الفاظ مختلف ہیں ان سب کا بھی حاصل ایک ہی ہے مگر مؤلف چوں کہ سلیقہ فہم مراد نہیں سب کو مختلف المراد جان رہا ہے اس واسطے ان کو نقل کر کر مردود شاذ بناتا ہے اور ایک معنی عام کو صحیح و معتبر ٹھہراتا ہے اور باہم سب کو مختلف جان کر غلطی میں پڑ رہا ہے سو بیان بھی ضرور ہوا تا کہ کج فہمی مؤلف کی ظاہر ہو جاوے سنو کہ تعریف بدعت شرعیہ کی جس نے یہ لکھی ہے کہ بدعت وہ محدث فی الدین ہے جو زمانہ فخر عالم علیہ السلام میں موجود نہ ہوا یعنی نہ تو قولاً نہ فعلاً نہ تقریراً اور نہ صراحتاً نہ اشارۃً پس یہی امر ہے کہ جب کسی طرح زمانہ فخر عالم میں موجود نہیں اور معلوم ہو چکا کہ موجود ہونے سے وجود شرعی مراد ہے نہ وجود خارجی تو دلیل جواز کی اس کے لئے کوئی نہ ہووے گی وہ خلاف شرع شریعت کے ہوگا پس اس کے معنی بعینہ بلا تفاوت وہی ہوئے جو در مختار اور بحر الرائق اور ابن حجر وغیرہم لکھتے ہیں جس کو قول خاص کر کے مؤلف صاحب نے لکھا ہے اور مسلم الثبوت اور قول جمہور اور معتبر ٹھہرایا ہے سر مو فرق دونوں میں نہیں پھر جو شئی زمانہ فخر عالمؐ میں موجود نہ ہوئی وجود شرعی تو صحابہؓ اور تابعینؒ اور تبع تابعین کے زمانہ میں بھی موجود بوجہ خارجی نہ ہوگی، بایں معنی کہ نہ اس کا شیوع بلا نکیر ہو سکے اور نہ اس کے جواز کی دلیل قولاً فعلاً تقریراً صراحۃً اشارۃً نکل سکے کیوں کہ وہ زمانہ خیریت ہے فخر عالمؐ نے ان کی خیریت اور اتباع کا حکم فرمایا ہے پس جو کچھ ان قرون ثلثہ میں موجود ہوگا خلاف قواعد شرعیہ کے نہ ہوگا اور جو موجود نہ ہوگا وہ بدعت ضلالہ ہووے گا، اور پھر یہ بات کہ موجود ہونے سے سب جگہ مراد وجود شرعی ہے یہ معنی کہ دلیل جواز کی ہونا وجود شرعی ہے اور دلیل جواز کی نہ ہونا عدم وجود شرعی ہے پس بہر حال یہ دونوں تعریف کسی وجہ سے مخالف نہیں اور بعض نے اسی واسطے اس تعریف میں یہ زائد کر دیا ہے کہ زمان خلفاء راشدین

سنت کے اندر نئی پیدا شدہ چیز ۔ بال کے برابر ۔ اشاعت ۔ اعتراض ۔ گمراہی

چوتھا قول یہ ہے کہ تابعین تو تابعین خود صحابہؓ کا کچھ اعتبار نہیں ہے ان کی باتوں کو بھی بدعت کہتے ہیں ان علماء کے نزدیک بدعت کے یہ
معنی ہیں البدع علیٰ ما لم یکن فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر حضرت کے بعد اگر صحابہؓ بھی ایجاد کریں تو ان علماء کے نزدیک
وہ بدعت ضلالہ ہے لامذہبوں غیر مقلدوں کا اسی پر عمل ہے کہ وہ خلفاء راشدین کے فعل کو بھی بدعت اور ناجائز کہتے ہیں اور جب ان سے کہا
جاتا ہے کہ حضرت سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ لازم پکڑو سنت میری اور سنت خلفاء راشدین کی تو اس کا جواب یہ دیتے ہیں
مسک الختام شرح بلوغ المرام میں یہ کہا ہے کہ نہیں مراد سنت خلفاء راشدین سو مگر ایسا طریقہ ان کا کہ موافق طریقہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہو اور معلوم
ہے قواعد شریعت سے کہ کسی خلیفہ راشد کو نہیں پہنچتا کہ کوئی طریقہ سوائے اس طریقہ کے کہ اس پر حضرت تھے ..... مشروع کرے
انتہی ملخصًا اور کتاب مفاتیح الاسرار التراویح میں ہے کہ مراد سنت الخلفاء سے وہی سنت ان کی ہے جس میں وہ موافق اور متبع سنت نبوی
ہیں نہ وہ جس کے وہ خود موجد ہیں الی آخرہ، پس ان بزرگواروں کے نزدیک کہ حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ بھی کہ بعض امور انھوں نے زائد
کئے ہیں بدعتی ہیں، نعوذ باللہ منہا، یہ فرقہ مولوی اسمٰعیل صاحب سے تین نمبر اوپر چڑھ گیا وہ تو تبع تابعین تک کو مانتے تھے یہ خلف ان
کے ایسے بڑھے کہ صحابہؓ تک کو بھی نہیں مانتے، کیوں نہ ہو جب تک اپنے بزرگوں سے چار قدم آگے نہ بڑھے تو پھر کیا فخر ہوا اب طالبان

میں بھی نہ پایا جاوے اور بعض نے عدم اور وجود زمانہ صحابہؓ کا ذکر کیا اور اس کی وجہ ظاہر ہے کہ جو زمانہ فخر عالم علیہ السلام میں نہ ہوگا
صحابہؓ کے قرن میں بھی نہ ہوگا جیسا ابھی گذرا، اور پھر ایک حدیث میں خود فخر عالم علیہ السلام نے فرمایا ہے علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء
الراشدین المہدیین الخ دوسری حدیث میں فرمایا ما انا علیہ واصحابی[۲] اور ظاہر ہے کہ بعض امور زمانہ خلفاء میں اور صحابہؓ میں شائع
اور ظاہر ہوئے کہ فخر عالم کے وقت میں ظہور ان کا نہ ہوا تھا اگرچہ اصل اور دلیل اس کی موجود تھی اور یہاں وجود شرعی ہی مراد ہے عام ہے
کہ وجود خارجی میں آیا ہو یا نہ آیا ہو اور بعض نے ایک صحابہؓ کے بعد تابعینؒ کے زمانہ میں نہ ہونا بھی اس حد بدعت میں زائد کیا جیسا عالمگیریہ
نے محیط سے نقل کیا اس کی وجہ بھی ظاہر ہے کہ زمان تابعین میں اجتہاد و قیاس ہوا اور قواعد و ضوابط بنائے گئے، اور جو کچھ زمانہ صحابہؓ
میں مخفی تھا ظاہر ہو گیا تو یہ سب اس کا ہی اظہار و ضبط تھا جو پہلے موجود تھا کوئی امر جدید خلاف اس کے نہ تھا اور بعض علماء نے تبع تابعین
کے قرن میں بھی نہ ہونے کو ذکر کیا اس سبب سے کہ حدیث خیر القرون قرنی میں تبع تابعین بھی ذکر فرمائے گئے ہیں اور فی الواقع اس قرن میں ائمہ
مجتہدین نے بسط و تفصیل قواعد شرعیہ کی اور کلیات اجتہاد و قیاس کے ایسے کامل و منضبط کر دیئے کہ قیامت تک کو کافی ہو گئی اور اختلاف
امتی رحمۃ[۳] کا ظہور بوجہ اتم ہوا پس جس کی دلیل ان قرون ثلثہ میں نہیں وہ بدعت و ضلالت ہے اور جس کی اصل یہاں ہے وہ جائز و مقبول ہے
الحاصل یہ ہر چہار قول حد بدعت کے جو مؤلف نے شاذ و غلط لکھے ہیں اور قول خامس جس کو قول جمہور و مشہور معتبر لکھا ہے سب ایک مطلب
اور ایک معنی رکھتے ہیں سوائے اختلاف الفاظ کے کچھ تفاوت سر مو بھی نہیں علیٰ ہذا قول تعریف بدعت کا بھی بمعنی عام اور بمعنی خاص دونوں
موافق ہیں سوائے خلاف بیان و اصطلاح کے کوئی نزاع و خلاف نہیں، پس اب ہم فہم رسا و قوت حدس مؤلف صاحب کی ناظرین ملاحظہ
کریں کہ اول تو معنی عام و خاص بدعت کو باہم مختلف معنوی و نزاع حقیقی سمجھ رہا ہے اور پھر ان حدود اربعہ کو قول خامس کے خلاف و معارض جان
رہا ہے اور اس غلطی فاحش پر ناز کر کے کس دعویٰ سے کہتا ہے کہ مانعین نے کوئی دلیل منع کی نہیں لکھی سوائے قرون ثلثہ میں موجود نہ ہونے کے

[۲] وہ طریقہ جس پر کہ میں اور میرے صحابہؓ ہیں [۳] میری امت کا اختلاف

غور سے سنیں یہ چاروں قول جو بیان کیے گئے یہ سب اقوال شاذہ متفرقہ بعض علماء کے آپس میں مختلف ہیں جو تھے قول کو تیسرا رد کرتا ہے اور تیسرے قول کو دوسرا اور دوسرے کو اول باطل کرتا ہے اب قول اول جو صاحب تذکیر الاخوان کا ہے اس میں جو خلل ہے یہ عاجز بیان کرتا ہے واضح ہو کہ متقدمین و متاخرین میں کسی نے سنت کی یہ تعریف نہیں لکھی کہ سنت وہ شئی ہے جو قرون ثلثہ میں پائی جاوے اور نہ کسی نے حدیث یا قول صحابہؓ یا تابعینؒ یا تبع تابعینؒ سے یہ بات صراحتاً ثابت کی ہم نے بارہا اس مذہب والوں کو مہلت دی کہ مہینہ دو مہینہ برس دو برس میں کسی کتاب سے خود یا اپنے مددگاروں سے تلاش کر کر ایسی حدیث معتبر ہم کو دو جس میں یہ خاص یہ الفاظ ہوں کہ قرون ثلثہ کے بعد جو بات نکلے گی وہ بدعت ہوگی یا خاص یہی الفاظ کسی جماعت اصحابؓ یا تابعینؒ یا تبع تابعینؒ کی زبانی ارشاد فرمائے ہوئے ہم کو دکھاؤ معتبر اسناد سے معتمد علیہ کتاب سے لیکن کوئی نہ لا سکا اور لاوے کہاں سے فقط ایک حدیث پڑھ دیتے ہیں خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم یعنی بہتر لوگوں میں میرے زمانہ کے لوگ ہیں پھر ان کے بعد والے پھر ان کے بعد والے سو معنی اس حدیث کے بعضوں نے یہ

سبحان اللہ جب یہی دلیل منع کی نہیں تو پھر کون سی دلیل مؤلف کے نزدیک معتبر ہووے گی کہ یہ دلیل حاوی جمیع دلائل کو ہے اور حجج اربعہ میں حصر ہو گئے ہیں پس بعد حجج اربعہ کے شاید توریت و انجیل سے حجت کی خواہش مؤلف ... رکھتا ہوگا معاذ اللہ فماذا بعد الحق الا الضلال پھر وہی بات ہے کہ مؤلف نے اپنے فہم سے اس کلام کے معنی یہ سمجھے اس وجہ سے تحریر لاطائل سے کاغذ سیاہ کیا اور غلط فہمی اس کی اب بھی ظاہر ہو چکی واذ لم یہتدوا بہ فسیقولون ھذا افک قدیم

قرون ثلثہ میں جو چیز نکلی اس کے سنت ہونے کے معنی اور حدیث خیر القرون الخ میں خیریت سے کونسی خیریت مراد ہے | اب یہ امر کہ مسئلہ مبحوث عنہا کی دلیل جواز قرون ثلثہ میں ہے یا نہیں بجائے خود مذکور ہووے گی یہاں فقط اسی کا بیان ہے کہ مؤلف حدود بدعت کو نہیں سمجھا اور باہم سب کے متعارض کیا اور ائمہ مجتہدین پر مطاعن کر کے اپنا نامہ اعمال سیاہ کیا کہ یہ کام علماء کا بلکہ عامی مسلمان کا بھی نہیں اور مورد من عادی ولیا فقد آذنتہ بالحرب کا بنا معاذ اللہ اور وجہ یہ ہوئی کہ بعض مبتدعین نے اپنی کور فہمی سے رسائل سے لکھتے ہیں ان میں مطاعن مولوی محمد اسمٰعیل صاحب اور مولوی محمد اسحاق صاحب کی اور حضرت مجدد صاحب اور دیگر اکابر کے مذکور ہیں مؤلف ان رسائل سے مستفید ہوا اور کینہ ان حضرات سے اپنا سینہ سیاہ کر کے خیالات فاسدہ میں انہوں اس رسالہ میں تحریر کر دیئے الحاصل ان سب اقوال کا ایک حاصل ہے پھر نہایت جہل ہے کہ چار قول کو غلط اور خامس کو صحیح کہا جاوے چنانچہ واضح ہو گیا اور مؤلف کی خیانت کا ذکر نور چہارم کے لمعہ ثالثہ میں کیا جاوے گا کہ عبارت تذکیر الاخوان میں تصرف کر کے نقل کیا ہے قولہ اب قول اول جو صاحب تذکیر الاخوان کا ہے اس میں جو خلل ہے الخ اقول تعریف تذکیر الاخوان کی خوبی معلوم ہو چکی اور مؤلف کی کم فہمی واضح ہوئی اور علیٰ ہذا قول ثالث ...... اور رابع کی حقیقت محقق ہو چکی اور اعتراضات و شوخ کلامی مؤلف کی مردود ہو گئی حاجت اعادہ کلام کی نہیں خلاصہ یہ کہ قرون ثلثہ میں موجود نہ ہونے کے معنی معلوم ہوئے کہ موجود نہ ہونے سے دلیل جواز کی نہ ہونا مراد ہے آیۃ ما آتٰکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا الآیۃ اور حدیث علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المہدیین الحدیث اور حدیث ما انا علیہ واصحابی الحدیث اور حدیث خیر القرون قرنی الحدیث اور اقوال متقدمین و متاخرین ان حدود کی مثبت ہیں اور سب متفق المعنی ہیں چنانچہ ظاہر ہو گیا مگر مؤلف خود نہیں سمجھا اور مؤلف جو لکھتا ہے کہ ہم نے بارہا

ایک فرقہ جس پر میرے صحابہ ہیں ـ بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے

یہ کہے ہیں کہ قرنی سے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا زمانہ حیات مراد ہے اور ثم الذین یلونہم سے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دور کے جو لوگ تھے بعد وفات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وہ لوگ مراد ہیں پھر دوسرے ثم الذین یلونہم سے دورہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے آدمی مراد ہیں پس خوب خیریت سے اسلام میں موافقت اور نصرت اور ظہور شوکت۔ تینوں دور تک رہی جب یہ قرون ثلثہ گذر چکے قرن چوتھا یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا دور ہوا اُس وقت سے اہلِ اسلام میں خانہ جنگی شروع ہو گئی وہ خیریت قرون ثلثہ کی ختم ہو گئی مولوی احمد علی صاحب محدث سہارنپوری مرحوم جو علم حدیث میں مولوی محمد قاسم نانوتوی کے استاد تھے اور اس فتوی انکاری کے مفتیوں کے نزدیک ان کا علم وتفقہ مسلم تھا وہ فرماتے تھے کہ یہ معنی اس حدیث کے بہت موزوں اور چسپاں ہیں اور فرماتے تھے کہ شاہ ولی اللہ صاحب نے یہ معنی اپنی بعض تصنیفات میں لکھے ہیں، پھر اگر حدیث سے یہی استدلال ہے کہ قرون ثلثہ کی چیز نکالی ہوئی سنت اور بعد کی بدعت ہے اور قرون ثلثہ منتہی حضرت عمرؓ ہیں اس تقریر مذکورہ کے موافق تو حضرت عثمانؓ کے وقت سے جو چیز ایجاد ہو وہ سب بدعت ہونی چاہیے پھر تبع تابعین بیچارے کس شمار میں رہے یہاں تو صحابہؓ کے اقوال وافعال بھی بدعت ہو جاویں گے معاذ اللہ منہا، اور اگر معنی اس حدیث کے اس طرح پر رکھیں کہ قرنی سے مراد صحابہؓ ہیں اور ثم الذین یلونہم سے تابعین اور دوسرے ثم الذین یلونہم سے تبع تابعین تو اس صورت میں اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اچھے لوگ صحابہؓ ہیں ان سے کم تابعین ان سے کم تبع تابعین انتہیٰ، پھر اچھے ہونے سے موافق بیان شارحین حدیث کی یہ مراد ہے کہ ان زمانوں میں خیر غالب ہوگی اور فساد کم، اس حدیث کے حرفوں کے ہرگز یہ معنی نہیں کہ جو بات یہ تینوں قرون والے نکالیں وہ سنت ہے اور جو ان کے بعد نکالیں وہ بدعت ہے معانی تو الفاظ سے نکلتے ہیں، اس حدیث میں لفظ بدعت اور سنت کے کہاں ہیں، کم سے کم پڑھا ہوا بھی جو حدیث کے لفظوں کو دیکھے گا وہ اس بات کو ٹھیک سمجھ لے گا، ہائے افسوس اس کم فہمی پر ہزار افسوس، کم فہمی تو اپنی پھر دوسروں کو گمراہ بتا دیں ہاں بھائی چوری اور سینہ زوری اسی کا نام ہے، توضیح اس مقام کی یہ ہے کہ ان کی دلیل دو جملے ہیں ایک یہ کہ قرون ثلثہ میں جو چیز نکلے وہ سنت ہے دوسرا یہ کہ بعد قرون ثلثہ کے جو امر پیدا ہو وہ سب بدعت ہے ہم جملہ اولی میں اول کلام کرتے ہیں اگر یہ لوگ استدلال کریں کہ خیر القرون میں لفظ خیر آیا ہے پس یہ قرون ثلثہ جو ایجاد کریں وہ خیر ہوگا جواب اس کا یہ ہے کہ لفظ خیریت آخر زمانہ کی امت کے واسطے بھی وارد ہوا ہے روایت ہے کہ ابو عبیدہؓ بن الجراح جو عشرہ مبشرہ میں صحابی جلیل القدر ہیں انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ احد خیر منا اسلمنا وجاھدنا

اس مذہب والوں کو مہلت دی الخ بالکل کذب ہے، سو شاید اپنے احاطہ شیخ الٰہی بخش مرحوم میں کھڑے ہو کر پکار دیا ہو گیا ورنہ مؤلف کو فہمائش کر دیا جاتا، اب اس تحریر کو دیکھ کر تسکین خاطر کر لیوے اور سمجھ لیوے کہ کس قدر۔ تعریف درست اور صحیح ہے قولہ، اس حدیث کے معنی بعضوں نے یہ کہے ہیں الخ اقول، اس بحث سے کچھ حاصل نہیں ہم نہیں کہتے کہ مؤلف سچ کہتا ہے یا جھوٹ اور شاہ ولی اللہؒ نے یہ معنی لکھے ہیں یا نہیں خواہ کچھ ہو مگر سب حدود درست ہو گئیں اور جس میں مؤلف سر مار رہا ہے قرآن و حدیث سے ثابت اور ہر جملہ مسلم مؤلف کی موافق ہوئی اور اس کے جہل کی دلیل راسخ ہو چکی اب کیا ضرورت کسی اثبات کی ہے یہ سارا صفحہ جو مؤلف نے سیاہ کیا محل افسوس اس کے فہم کا ہے حرف حرف کا جواب فضول ہے، پہلے اس حدیث کے معنی بیان ہو چکے یہاں ضرورت اعادہ کی نہیں، قولہ ہم جملہ اولی میں کلام کرتے ہیں الخ اقول سبحان اللہ جملہ اولی کو خوب سمجھے اور خوب معنی بیان کیے مؤلف کے بے علمی کا ثمرہ ہے سنو

معک یارسول اللہ کوئی ہم سے بھی اچھا ہوگا ہم اسلام لائے اور آپ کے ساتھ ہو کر جہاد کئے، آپ نے جواب دیا نعم قوم یکونون من بعدکم یؤمنون بی ولم یرونی یعنی آپ نے فرمایا کہ ہاں تم سے اچھے تمہارے بعد وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر ایمان لاویں گے بغیر دیکھے، یہ حدیث مشکوٰۃ میں ہے روایت کیا اس کو احمد اور دارمی نے دیکھو اس میں لفظ خیر موجود ہے جس طرح خیر القرون میں، پس چاہئے کہ بعد کے آدمیوں کا فعل نکلا ہوا بھی سنت ہو بدعت نہ ہو اور ابی امامہ نے روایت کی کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے طوبی لمن رآنی وطوبی سبع مرات لمن لم یرنی وآمن بی یعنی خوشحالی ہوجیو اس کو جس نے مجھکو دیکھا اور سات مرتبہ خوشحالی ہوجیو اس کو جس نے مجھکو نہیں دیکھا اور ایمان لایا یہ بھی مشکوٰۃ میں موجود ہے، غرضکہ اسی طرح بہت حدیثیں اس باب میں ہیں جو حق مومنین آخر زمانہ کی شان میں ارشاد فرمائی ہیں کہ تطبیق دینی جمیع احادیث سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ اگر صحابہ رضوان اللہ علیہم کو افضلیت چند وجوہ سے ہے تو بعض معانی سے آخر کے آدمیوں میں بھی خیریت اور فضیلت ہے، علماء مشہورین مثل ابن عبدالبر وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے، پھر جب خیریت کے الفاظ حدیث میں مابعد کے آدمیوں کے واسطے بھی آئے جس طرح خیر القرون کے حق میں آئے تو تم کو چاہئے کہ ان کی ایجادی باتوں کو بھی سنت مانو حالانکہ تم اس کو بدعت اور ضلالت کہتے ہو، اب دوسرے جملہ کا حال سننا چاہئے یعنی قرون

کہ فضیلت کلیہ قرون اولیٰ میں ہے اور پچھلے قرون کی فضیلت جزئیہ اگرچہ ثابت ہے مگر مزاحم فضل کلی کو نہیں ہوتی دیکھو کہ فضیلت کلیہ گھوڑے ہی میں ہے اور ایک فضل جزئی گدھے میں بھی ہے کہ اسپ میں وہ امر موجود نہیں، باربرداری مثلاً مگر یہ فضل بارکشی کا مزاحم فضل کلی اسپ کی اور موجب تفضیل خر کا اسپ پر نہیں ہو سکتا، علیٰ ہذا پلاؤ قورمہ میں جو فضل کلی ہے اور پاخانہ میں کھاد زراعت کا ہونے کی خوبی ہے کہ یہ کام پلاؤ قورمہ سے ہرگز حاصل نہیں ہوتا کہ یہ فضل جزئی کھاد کا مقاوم فضل کلی پلاؤ قورمہ کا ہو کر افضل نہیں ہو سکتا مؤلف فضل کلی فضل جزئی کو جانتا ہی نہیں جو یہ توجیہات رکیکہ کرتا ہے اور دخل در معقولات علم اور علماء میں ٹانگ دیکر علماء میں دخیل ہوتا ہے اور کچھ بھی سمجھتا تو ایسی بے بود تقریر تحریر نہ کرتا کہ اصحاب فضل کلی کی برابر فضل جزئی والے ہو کر مساوی ان کے ہو جاویں، مثلاً فضل کلی پلاؤ میں ہے اور فضل جزئی پاخانہ میں، پس اگر کوئی بوجہ فضل جزئی کے بجائے افضلیت میں پلاؤ اور پاخانہ کو مساوی بتانے لگے تو اس کی غایت کم فہمی کہی جاوے گی، علیٰ ہذا خیریت قرون ثلثہ کی بوجہ علم نبوت اور تقرب الی اللہ کے ہے کہ فضل کلی ہے اور ایمان بالغیب فضل جزئی قرون مابعد میں ہے تو یہ فضل جزئی کس طرح کار علم نبوت کا دے سکتا ہے اور یہ خیریت جزئیہ مساوی فضل کلی کے کیوں کر ہو سکتی ہے اور ایمان بالغیب کے فضل سے کار علم نبوت کا اور تقرب احسان کا کس طرح یہ لوگ دے سکتے ہیں لہٰذا قرون ثلثہ کا امر موجودہ معنی وجود شرعی معتبر و معتمد فی الدین اور پچھلوں کا ایجاد جو خلاف قرون ثلثہ کے ہو مردود ٹھہرا اگرچہ مؤلف جو ثابت کرتا ہے ہم کو مضر نہیں لیکن مراد ہماری ہے مگر یہ تقریر و توجیہ اس کی بالکل غلط ہے کہ اس کے علم کی قلعی کھولتی ہے پس نقل ان دو حدیث کا اس کو کچھ مفید نہ ہوا، بلکہ اس کے مطلب کو برہم کر دیا، اگر اندیشہ تطویل نہ ہوتا تو یہ مدعیٰ اپنا ان دو حدیث سے نکال کر دکھا دیتا اور وجہ مغالطہ مؤلف کی یہ ہوئی کہ مؤلف نے لفظ خیر پر نظر کی اور معنی نہ سمجھا یہ جانا کہ جہاں لفظ خیر کا ہوگا یہی خیریت مراد ہوگی جو اس حدیث میں ہے پس اس حدیث میں بھی لفظ خیر کا تھا، وہی معنی سمجھ کر دونوں خیر کو اور ہر دو خیار کو مساوی سمجھ گیا اور خبط تقریر کر کے عواری اٹھائی

ے مقابل کے بوجود ہونا کے زیر کے معقولات میں دخل دینا ھ بیکار ے برابر کے ڈھا دینا،

ثلٰثہ کے بعد جو چیز حادث ہو وہ سب بدعت ہے میں کہتا ہوں یہ بھی غیر مسلم ہے اس لئے کہ یہ حدیث جس طرح کہ مشکوٰۃ میں صحیحین سے نقل کی ہے اس کے لفظ بعینہ یہ ہیں وعن عمران بن حصین قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر امتی قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم ان بعدھم قوماً یشھدون ولا یستشھدون ویخونون ولا یؤتمنون وینذرون ولا یفون ویظہر فیہم السمن وفی روایۃ ویحلفون ولا یستحلفون متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم عن ابی ھریرۃ ثم یخلف قوم یحبون السمانۃ۔ یعنی عمران بن حصین صحابی روایت کرتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میری امت میں اچھے میرے وقت کے آدمی ہیں پھر ان کے بعد والے پھر ان کے بعد والے پھر ان تین قرن کے بعد وہ لوگ ہوں گے کہ وہ گواہی دیں گے حالانکہ کوئی ان سے گواہی نہیں طلب کرے گا اور خیانت کریں گے کوئی ان کو امانت دار نہ جانے گا، عہد کریں گے وہ پورا نہیں کریں گے اور وہ موٹے ہو جاویں گے یعنی مال کھا کھا کر اور ایک روایت میں ہے کہ وہ قسم کھاویں گے اور کوئی ان سے قسم کھانے کو نہیں کہے گا، اور ایک روایت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ پھر پیدا ہوں گے ایسے آدمی جو پسند کریں گے خوب موٹا ہونا یعنی آرام چین سے خوب کھانا پینا کچھ غم دین کا ان کو نہ ہوگا، اب سب ارباب انصاف کو دیکھنا چاہیئے کہ یہ حدیث پوری اول سے آخر تک پڑھ دی گئی، اس میں کہاں ہے کہ جو چیز قرون ثلٰثہ کے بعد نکلے گی وہ بدعت اور ضلالت ہوگی، البتہ نسائی کی حدیث میں جو یہ روایت مذکور ہے اس میں ایک لفظ آیا ہے ثم یظہر الکذب

سوا بھی کیا ہے حدیث میں تو اور جگہ بھی لفظ خیر کا وارد ہوا ہے قولہ علیہ السلام خیر الناس من ینفع الناس[1] پس اب جو لوگوں کو نفع رساں ہوگا اس کی ایجاد کو مؤلف سنت کہے گا دوسری حدیث میں ہے خیرکم خیرکم لاھلہ[2] پس اب جو اپنی زوجہ کے ساتھ حسن معاملہ کرتا ہوگا، اس کا ایجاد بھی سنت ہو جاوے گا بزعم مؤلف کیونکہ خیر کا لفظ یہاں بھی ہے اور دیگر ایسے محل اور بھی ہیں پس مؤلف کس قدر کم فہم ہے، اور کیا خوب جملہ اولیٰ کی شرح لکھی ہے حق تعالیٰ اس کو حیا عطا فرما دے جو شعبہ ایمان کا ہے تو اس وقت اپنے اس کلام بے مغز خلاف شرع پر شاید شرما کر نادم ہو غرض ان دو حدیث سے یہ نکلتا ہے جو بندہ نے لکھا اور مؤلف نکالا چاہتا ہے وہ ہرگز نہیں نکلتا فافہم اس جملہ کا مطلب اور حدیث ان بعدھم قوماً یشھدون ولا یستشھدون قولہ دوسرے جملہ کا حال الخ اقول اس جملہ حدیث کو بھی مؤلف نہیں سمجھا مخبر عالم علیہ السلام نے قرون ثلٰثہ کے بعد کے لوگوں میں چار وصف فرمائے ہیں ایک یہ کہ کوئی ان کی گواہی نہ لے گا وہ گواہی دینا چاہیں گے اور یہ بوجہ ان کے کاذب لاابالی ہونے کے ہوگا، دوسری حدیث میں کہہ دیا کہ جھوٹی قسمیں کھاویں گے سو بدعت کو کذب لازم ہے کہ بدعت خلاف دین حق کے ہوتی ہے اور بدعتی نگر دکذب کی ہے سو چکر دیکھو دوسرے یہ کہ خائن ہوں گے سو بدعتی بھی خائن ہوتا ہے کہ منصب تشریع جو شارع کا ہے اپنے آپ کو ثابت کر کے خلاف شارع کے احکام بتاتا ہے خیانت بھی بدعت کو لازم ہے کہ بدعت فرد خیانت کی ہے تیسرے یہ امانت دار نہیں جانے جاویں گے بدعتی امانت دار نہیں ہوتا کہ دین اللہ جو امانت ہے اس میں تصرف کرتا ہے اور نذر کو وفا نہ کرے گا عہد اللہ بھی مثل نذر کے ہے جو عہد اقرار ربوبیت وعبودیت کا بدعتی نے کیا تھا اس کے خلاف خود دعویٰ شرکت کا کرتا ہے عدم وفاء عہد کی بھی بدعت ایک فرد ہے اور یہ داخل خیانت میں ہے چوتھے یہ کہ نفس پرور ہوں گے موٹے ہونے کو دوست رکھیں گے بدعتی بھی اپنے نفس کی پرورش میں ہوتا ہے کہ مال دنیا کی طلب اور وجاہت دنیا کی خواہش میں بدعات نکالتا ہے غرضیکہ

[1] لوگوں میں بہتر وہ ہے جو لوگوں کا بھلا کرے [2] تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے اہل وعیال کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے۔

اور کسی روایت میں یہ بھی آیا ہے ثم یفشو الکذب، معنی دونوں کے ایک ہیں یعنی بعد قرون ثلثہ کے ظاہر ہوگا اور پھیل جاوے گا جھوٹ پس یہ لوگ اگر لفظ کذب سے جو ثم یظہر الکذب میں ہے مدعا اپنا ثابت کریں تو یہ بھی دلیل فاسد ہے اولاً یہ کہ مشکوٰۃ میں صحیحین کی حدیث متفق علیہ موجود ہے اس میں لفظ کذب کا موجود نہیں چنانچہ ہم الفاظ اس کے بیان کر چکے حرفاً حرفاً اگر ہے تو نسائی کی روایت میں ہے، اور یہ محدثین میں قاعدہ ٹھہر چکا ہے کہ صحیحین کی حدیث نسائی وغیرہ کل محدثوں کی احادیث پر مقدم ہے کیونکہ اوروں کی حدیث اگر صحیح بھی ہوگی تو صحیحین اس سے صحیح اور قوی تر ہوگی ثانیاً یہ کہ اگر نسائی کی حدیث کو تسلیم بھی کر لیں تب بھی مراد ان کی پوری نہیں ہوتی اس لئے کہ کذب کے معنی جھوٹ کے ہیں اور بدعت کے معنی نئی بات پھر کجا جھوٹ بولنا اور کجا نئی بات ثالثاً پھر یہ کہ محدثوں میں یہ ٹھہرا ہوا ہے کہ بعض حدیث شرح ہوتی ہے بعض حدیث کی پس روایت نسائی میں جو لفظ کذب کا واقع ہوا ہے کہ پھر ظاہر ہوگا جھوٹ تو اس کی وہی شرح ہے جو صحیحین کی حدیث میں گذری کہ لوگ خیانت کریں گے بدعہدی کریں گے قسم کھانے کو تیار ہوں گے بغیر قسم کھلائے اور گواہی دینے کو تیار ہوں گے بغیر گواہی دلائے، انھیں یہ نہیں آیا کہ وہ نئی باتیں دین میں نکالا کریں گے پس معلوم ہوا کہ

فخر عالم علیہ السلام نے حدیث میں ہونا بدعت کا قرون مابعد میں بضمن دیگر عیوب کے صاف فرمایا ہے مگر مؤلف کو علم و فہم کی خبر نہیں تو کہتا ہے اس میں بدعت کہاں مذکور ہے سبحان اللہ بایں جہل یہ دعویٰ اب مؤلف کو واضح ہو گیا کہ عام عیوب میں بدعت خاص بھی آپ نے اس حدیث میں ثابت فرمادی ہے گو کوئی اپنی کم فہمی سے مطلع نہ ہو پس حاصل حدیث کا یہ ہوا کہ پھر بعد ان قرون کے بدعت مع دیگر خرابیوں کے ظاہر ہووے گی اب یہ بھی واضح ہو گیا کہ حدیث صحیحین میں کذب بھی معنی مذکور ہے جس کا مؤلف صاحب انکار کرتے ہیں اس فہم پر سخت تعجب ہے کہ مطلقاً مطلب نہیں سمجھا،

قولہ البتہ نسائی کی روایت میں الخ | صحیحین کی روایت غیر صحیحین پر کب راجح ہوتی ہے

اقول صحیحین کی روایت مرجح دوسری روایت پر اس وقت ہوتی ہے کہ باہم معارضہ ہو یہاں معارضہ ہی نہیں کیوں کہ نسائی میں فشو کذب[۱] کو لکھا ہے اور صحیحین میں بھی ضمن یشہدون ولا یستشہدون میں کذب کو فرمادیا ہے معارضہ ہی کہاں ہے جو صحیحین کو ترجیح ہو آپ کو اصول حدیث بھی خوب معلوم ہے ماشاء اللہ اور جو الفاظ کے خلاف کا نام معارضہ ہے تو یہ عجب العجاب[۲] ہے اور جو آپ لا یستشہدون میں کذب کو تسلیم نہ کریں تو جانے دو، یہ دوسری روایت ہے کہ صحیحین اس زیادتہ سے ساکت ہے ایسی زیادتہ بھی مقبول ہے یہ بھی معارضہ نہیں ہوتا کیوں کہ صحیحین میں کچھ اس کے خلاف مذکور نہیں تا کہ معارضہ ہو پس یہ قول مؤلف کا بالکل جہل صرف اصول حدیث سے ہے اگر آپ کے نزدیک ساکت اور ناطق میں معارضہ ہے، تو تمام مذہب حنفیہ سے ہاتھ اٹھانا پڑے گا مگر ہاں جناب کو مولود اور رسوم کا احیاء[۳] رہنا چاہئے باقی مذہب رہے یا جاوے کیا کام ہے قولہ ثانیاً الخ اقول معلوم ہو چکا کہ بدعت بھی جھوٹ میں داخل ہے کذب عام ہے اور بدعت خاص ایک فرد کذب کی ہے سو یہ قول مؤلف کا محض جہل معنی حدیث سے ہے قولہ ثالثاً الخ اقول اولاً کہہ دیا گیا کہ لا یستشہدون میں کذب مذکور ہے اور جو نہیں مانتے تو حدیث یظہر الکذب تفسیر یشہدون الخ کی کرتی ہے جس سے کذب کا ہونا ثابت ہوا اور بدعت کذب میں داخل ہے اور شہادت عام ہے، کہ امور دنیا میں ہو یا دین میں ہو روایت میں ہو یا درایت میں، لفظ عام کے معنی خاص لینے کا کوئی قاعدہ نہیں سو کذب کو خاص

---

[۱] کذب کا عموم [۲] بہت زیادہ تعجب خیز شے [۳] زندہ کرنا

سے یہی باتیں مراد رکھیں نہ بدعت رابعاً یہ کہ جس حدیث سے سند پکڑتے ہیں اس میں تو یہ ہے کہ تین قرن کے بعد جھوٹ پیدا ہوگا یعنی پہلے اس سے نہ ہوگا حالاں کہ بدعتوں کا وجود انہیں قرون میں ہوا ہے یعنی معتزلہ اور قدریہ اور مرجیہ جو بدعتی فرقے ہیں قبل گذرنے قرون ثلٰثہ کے پیدا ہوگئے تھے پھر اگر کذب سے بدعت مراد رکھیں تو بڑا اعتراض یہ پڑے گا کہ حدیث موافق واقع کے نہیں ہوسکتی خامساً یہ کہ بعض علماء نے لکھا ہے کہ بعد قرون ثلٰثہ کے علم فلسفہ یونانیوں کا اہلِ اسلام میں رائج ہوا اس کے پڑھنے سے اور اس فکر کرنے سے مسلمانوں کے عقائد عقلی طور پر بدل گئے عقائد کہ فلسفی لوگوں میں برخلاف اعتقاد سلف کے ٹھہر گئے، اور معتزلی وغیرہ بدعتوں کو علم فلسفی سے طاقت پیدا ہوئی اور جہمیہ بدعتیوں اور اہل سنت میں عقائد کے مباحثے پھیل گئے بھلا اگر کوئی لفظ حدیث سے کہ ثم یظہر الکذب ہے یہ مراد رکھیں تو صحیح ہوسکتا ہے کیوں کہ عقائد فلسفی جھوٹے ہیں لیکن کہاں فلسفی دلائل اور یونانیوں کے عقائد اور کہاں محفل مولد شریف اور موتی کی فاتحہ درود کرنا بھلا فلسفیوں کے عقائد کو ان اعمال سے کیا علاقہ سادساً جو مطلب یہ لوگ ثابت کرتے ہیں یہ مطلب اس وقت ثابت ہوتا کہ حدیث کے لفظ یہ ہوتے ثم لا یظہر الا الکذب یعنی بعد قرون ثلٰثہ نہیں ظاہر ہونے کا سوائے جھوٹ کے یا یہ ہوتی ثم کل شیئ یظہر فیکون کذبا یعنی پھر جو کچھ ظاہر ہوگا وہ سب جھوٹ ہی جھوٹ ہوگا، لیکن یہ الفاظ تو حدیث میں نہیں نہ اس میں کوئی کلمہ مفید حصر ہے نہ مفید کلیت ہے تو معنی حدیث کے یہ ہوگئے ثم یظہر الکذب

آپکو مفید نہیں اور نہ کذب کو شہادت پر حمل کرنا مفید آپ بلا سوچے جو چاہے لکھتے ہیں اور خندۂ صبیان ہوتے ہیں پس یہ کلام مؤلف کا بالکل نادانی ہے،،

حدیث ثم یفشو یا یظہر الکذب

قولہ رابعاً یہ کہ جس حدیث سے الخ اقول، مؤلف ترجمہ غلط کرتا ہے یفشو اور یظہر فرمایا ہے اس کے معنی پیدا ہوگا نہیں ہوتے پھیل جاوے گا[۱] اور ظاہر ہو جاوے گا ظہور شئی کا غلبہ کے وقت ہوتا ہے تو یہ معنی کہ ان قرون میں کذب مخفی قلیل مغلوب ہووے گا اور کذب مغلوب مضر نہیں نفاق و کفر و فرد کذب کی ہے اور کذب خود زمان فخر عالم علیہ السلام میں بھی تھا مگر مغلوب تھا ایسا ہی قرون ثلٰثہ میں رہے گا، بعد اس کے پھیل جاوینگا خوب ظاہر ہو جاوینگا ایسا ہی ہوا کہ قرون ثلٰثہ میں اگرچہ باطلہ ہوئی مگر ان کو غلبہ نہ ہوا ان کا ورود ان پر یا ظہور اس کا بعد میں ہوا اور مؤلف از رائی خود ترجمہ تراش رہا ہے کہ پیدا ہوگا کہ پہلے اس سے نہ ہوگا تو یہ مؤلف کا حدیث میں تصرف کرنا ہوا اور ترجمہ غلط بنانا سخت جہل و خیانت ہے مؤلف نے حدیث میں بھی اپنی عادت خراب کو ترک نہ کیا کہ خود ہی معنی تجویز کر لینا اس کا شیوہ قدیم ہے جیسا سابق جگہ جگہ مطلع کیا گیا ہے پس ارشادِ نبوی واقع کے مطابق ہوا حدیث پر کوئی اعتراض نہیں مؤلف کے فہم ناتمام پر البتہ اعتراض ہے فقط،

معنی حدیث ثم یفشو یا یظہر الکذب

قولہ خامساً یہ کہ بعض علماء نے الخ اقول راست ہے کہ فرق ضالہ فلاسفہ کا شیوع بھی قرون مابعد میں ہوا اور ان عقائد بھی بدعت تھے اور خلاف قواعد مقررہ قرون ثلٰثہ کے مثل دیگر بدعات کے جو بعد قرون ثلٰثہ خلاف قواعد شرعیہ رائج ہوئیں سو بیشک یفشو الکذب میں یہ عقائد فلسفہ بھی داخل ہیں نہ یہ کہ کذب کا اس میں حصر ہو گیا ہے کیا خوب سمجھے پھر یہاں عقائد فلسفیہ بدعت ضلالہ میں ہیں ویسے ہی دیگر بدعات و کذب اور وہیں محفل مروجہ مولد اور ایصال ثواب کی بدعات ہو ویں گی مؤلف کا مصداق کذب کو عقائد حکماء میں حصر کرنا نہایت خوبی علم و رسائی ذہن کی ہے سبحان اللہ فقط قولہ سادساً جو مطلب یہ لوگ ثابت کرتے ہیں الخ اقول معلوم ہو چکا کہ ظہور غلبہ و وضوح کے

---

[۱] کذب عام ہو جائے گا

یعنی پھر ظہور کذب ہوگا ظہور کذب کے صدق کو بعض افراد محدثات میں کذب کا ہونا بھی کافی ہے اس تقریر سے صاف ظاہر ہو گیا کہ بعض چیزیں بعد قرون ثلثہ کہ جنکو عباد صالحین نکالیں گے وہ درست اور حسن ہونگی اور بعض باتیں جو خلاف شرع ایجاد ہوں گی وہ گمراہی کا سبب اور قبیح ہونگی جسطرح خود میں قرون ثلثہ کی بعض بدعتیں نکلی ہوئیں مثل اعتزال اور مذہب قدریہ اور مرجیہ سب خراب اور ضلالت ہیں، قول جمہور اور مذہب منصور یہی ہے اور وہ قول جسپر معتیان فتوی انکاری نے اعتماد کر کے ان سب امور خیر کو ضلالت قرار دیا تھا وہ بخوبی معلوم ہو گیا کہ ایک قول ہے اقوال شاذہ متفرقہ مختلفہ بین العلماء سے اور نہیں ہے وہ قول معتمد علیہ اور مفتی بہ بلکہ صحیح اور جسپر امت کا سلفاً اور خلفاً جاری ہا ہے وہ قول جمہور ہے پانچواں قول مذہب جمہور واضح ہو کہ کافہ علماء اہل تحقیق کے نزدیک سیئہ اور حسنہ ہونے کی بنیاد زمانہ پر نہیں یعنی یہ بات نہیں کہ جو کچھ خیر و شر زمانہ قرون ثلثہ میں ہو گیا وہ سنت ہے اور مقبول ہے اور بعد زمانہ قرون کے جو کچھ بھلا یا برا ہو وہ سب برا ہے اور مردود ہے ایک ایک مثال پر اکتفا کرتا ہوں، قصہ اول حضرت امیر المومنین عمر اور عبد اللہ رضی اللہ عنہما تیمم سے منع فرماتے تھے نہانے کی حاجت والیکو یہ حدیث صحیح مسلم مطبوعہ کی ۱۶۱ میں ہے اب دیکھئے یہ حکم صحابیؓ کا ہے اور صحابی بھی کیسے خلفاء راشدین میں، لیکن اس قول کو کسی نے آئمہ مذاہب میں قبول نہیں کیا، دوسرا قصہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ صحابی تھے ان کا بیٹا یزید تابعی تھا طبقہ وسطی تابعین میں یعنی جس طبقہ میں حسن بصری اور ابن سیرین ہیں یہ اسی طبقہ میں تھا کذا فی التقریب اس تابعی نے جو خیر القرون میں تھا دیکھو کیسا کام سعاد تمندی کا کیا کہ خدا کسیکو نصیب نہ کرے کہ مظلوم امام حسین رضی اللہ عنہ کا اس کی گردن پر ہے تیسرا قصہ یہ کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ تابعی تھے ان کا شاگرد واصل بن عطا تبع تابعین سے تھا وہ مذہب معتزلی کا موجد اور امام ہوا اس نے یہ مذہب نکالا کہ جو مسلمان گناہ کبیرہ کرتا ہے نہ اس کو مومن کہنا چاہیئے نہ کافر بلکہ ایک درجہ ہے درمیان دونوں کے یہ بالکل مخالف اہل سنت والجماعت کے اس نے اعتقاد کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دو قسم فرماتا ہے فمنکم کافر ومنکم مومن قسم تیسری نہیں فرمائی پس جب واصل ابن عطا نے اپنا وہ عقیدہ بیان کیا تب ان کے استاد حضرت امام حسن بصریؒ نے ارشاد فرمایا قد اعتزل عنا یعنی یہ مرد ک الگ ہو گیا ہم سے پس اسی روز سے اس فرقہ کا نام معتزلی ہوا اور وہ بحث بد عتی ہیں اور وہ اپنا نام کہتے ہیں اصحاب العدل والتوحید کذا فی الشرح العقائد وغیرہ یہ تین قصے قرون ثلثہ کے بیان کئے گئے اور ایسے بہت

ساتھ ہوتا ہے اور علے ہذا فشو بھی ظہور کے معنے میں ہے اور وضاحت وظہور اس میں مرعی ہیں، دوسری حدیث یفشو الکذب تفسیر اس کی کرتی ہے پس فقط وجود مراد نہیں ہو سکتا کہ وجود مطلق کذب کا تو فخر عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات میں بھی تھا اور جیسا جو حق سے میں اعتراض کا اندیشہ سولف کو تھا اس سادس شق میں کیوں ایسی توجیہ اختیار فرمائی جس سے حرب تھا اس کو ہی اختیار کر لیا کیا فہم عالی ہے، الحاصل آپ کی یہ توجیہات و تقریرات سب غلط لایعنی ہیں، ایک بھی علم کی اور فہم کی بات نہیں اور ہم کہہ چکے کہ جس مدعی کو تم ثابت کرتے ہو اس کو ہم خود اقرار کرتے ہیں مگر آپ خود گہولیے ضلالت میں پڑے ہوئے ہاتھ پاؤں مار رہے ہو بے سود اوراق سیاہ کرتے ہو حد ود بدعت سب متفق المعنے ہیں قولہ پانچواں قول مذہب جمہور الخ اقول یہ قول خامس آپ کا قول منصور اور قول رابع بعینہ ایک ہیں کوئی فرق نہیں اس میں مدار بنیاد بدعت کی ہے نہ رابع میں علی ہذا اول و ثانی و ثالث میں مجیب کی کوتہ فہمی سے تفرقہ تھا لیکن جہاں اپنی غلطی کو خوش ہوش سے ۔۔

ے طوفا ے چھتی سے بے معنے کے ظہور،

تفصص ہیں غرضکہ ان امثال سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ خواہ کوئی فعل ہو یا قول یا اعتقاد اس کا حسنہ اور سیئہ ہونا موقوف زمانہ پر نہیں بلکہ اس کا مدار مخالفت اور عدم مخالفت شرع پر ہے اس دعویٰ پر دو دلیل یعنی دو حدیث صحیح لکھے دیتے ہیں **حدیث اول** قال نبینا الامی فداہ علیہ علی آلہ الصلوٰۃ والسلام من احدث فی امرنا ھذا مالیس منہ فھو رد یہ صحیحین کی حدیث ہے یعنی جس نے نکالی ہمارے اس دین میں وہ بات جو دین کی قسم سے نہیں یعنی کتاب اور سنت کے مخالف ہے وہ بات اس کی رد ہے شارحین حدیث نے لفظ مالیس منہ کی شرح میں لکھا ہے فیہ اشارۃ الی ان احداث مالاینازع الکتاب والسنۃ لیس بمذموم اور محدث دہلوی نے لکھا ہے لفظ مالیس منہ کی شرح میں کہ مراد چیزے است کہ مخالف و مغیر دین باشد، اور نواب قطب الدین خاں صاحب نے ترجمہ مشکوۃ میں لکھا ہے کہ لفظ مالیس منہ اشارہ ہے اس کی طرف کہ نکالنا اس چیز کا کہ مخالف کتاب اور سنت کی نہ ہو برا نہیں انتہیٰ اور شارح حدیث کو اس طرح معنی کرنے کی وجہ یہ پڑی کہ اس حدیث کو ابوداؤد نے ان الفاظ سے روایت کی ہے من صنع امرا علی غیر امرنا فھو رد یعنی جس نے کیا کوئی کام ہمارے کام سے غیر طریقہ پر وہ رد ہے حضرت کا کام کتاب وسنت ہے کتاب وسنت کے غیر وہی طریقہ ہوگا جو بالکل اس کے مخالف اور اس کا مغیر یعنی بدل دینے والا ہوگا، الحاصل اس حدیث سے دو بات ثابت ہوئی ایک تو یہ کہ حضرت نے لفظ من ارشاد فرمایا یہ لفظ عربی میں عام ہے اس میں قید کسی قرن کی نہیں یعنی آپ نے یوں نہیں فرمایا جو کوئی نکالے نئی بات اول قرن میں دوسرے قرن میں یا بالکل آخری زمانہ میں بلکہ عام فرمایا کہ جب کوئی نکالے وہ رد ہے دوسری بات یہ کہ اس نئی بات نکالی ہوئی کا مردود ہونا موقوف ہے اس بات پر کہ مخالف ہو کتاب اور سنت کے بس یہی ہم نے دعویٰ کیا تھا کہ حسنہ اور سیئہ ہونا امور محدثہ کا موقوف مخالفت اور عدم مخالفت کتاب وسنت پر ہے نہ زمانہ پر اور یہ مسئلہ اصول میں ٹھہر چکا ہے کہ جب کوئی حکم کسی امر مقید پر ہوتا ہے تو وہ حکم قید کی طرف راجع ہوتا ہے اس حدیث میں فھو رد حکم ہے یہ اصل

قرون ثلٰثہ میں کسی امر کا بلا نکیر ہونا دلیل ہے نہ مطلق وجود ! | ادرس لو کہ پہلے واضح ہو چکا کہ قرون ثلٰثہ میں بلا نکیر ہونا مراد ہے اور یہ تفصص جو آپ نے ذکر فرمائے سب نکیر ان قرون میں ہوا ہے چنانچہ کتب صحاح سے مبیّن ہے نفس وجود مراد نہیں بلکہ شیوع بلا نکیر مراد ہے اور یہ توجیہ کہ ان قرونوں میں جو کچھ ہو خیر ہو یا شر وہ سنت ہے اور بعد ان کے جو کچھ ہو خیر ہو یا شر وہ بدعت ہے یہ محض آپ کا ہی فہم عالی ہے کسی ایک عالم کا بھی یہ مذہب نہیں بہرحال کسی متنفس نے نہیں کہا کہ نفس خیر و شر کا زمانہ پر ہے، بلکہ یہ کہا ہے کہ تحدید قواعد شرعیہ کی قرون ثلٰثہ میں منحصر ہے جیسا گذرا، مگر یہ مؤلف کی عبث لغط ہے،،

حدیث من احدث میں مالیس منہ کے معنی | **قولہ** حدیث اول قال نبینا الخ **اقول** لفظ ما فرمایا ہے کہ عموم کا ہے پس محدث خواہ خود ذات شے ہو خواہ وصف و قید شے کا ہو خواہ احداث بلا واسطہ ہو خواہ بواسطہ سب مردود ہوگا اور یہ قاعدہ بھی محفوظ ہے کہ مرکب بجزو لا یجوز سے ناجائز ہی ہوتا ہے پس غیر منازع کتاب وسنت کا وہی ہوتا ہے کہ جس کی دلیل جواز کی کتاب وسنت میں موجود ہو علیٰ ہذا مخالف و مغیر دین سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی وصف پیدا ہو جائے کہ جس سے تغیر حکم شرعی کی لازم آجاوے وہ بھی مالیس منہ میں داخل ہے کوئی مباح کو سنت جانے یا سنت جیسا معاملہ کرے یا کسی مطلق کو مقید یا مقید کو مطلق کرے یا کسی غیر دین اسلام کے ساتھ تشبیہ لازم آوے کہ یہ سب مالیس منہ میں داخل ہے اس امر کا لحاظ ضرور ہے کہ مؤلف اس سے بالکل غافل و جاہل ہے،،

مقید میں حکم قید کی طرف راجع ہوتا ہے اس قاعدہ کا مطلب الخ | **قولہ** یہ مسئلہ اصول میں ٹھہر چکا ہے الخ **اقول** حکم قید پر لگنا بجا ہے مگر اس وقت مجموعہ

۱؎ بیان کردہ،،

احداث پر راجع نہ ہوگا بلکہ اس کی قید جو مالیس منہ ہے اس کی طرف راجع ہوگا یعنی جو نئی بات مخالف اور تغیر وغیرہ والی دین کی ہو وہ رد ہے نہ یہ کہ جو کوئی بات عمدہ اور صالح اور نیک قرآن وحدیث سے ملتی جلتی ہو وہ بھی رد ہے نعوذ باللہ من ہذا الفہم الردی۔ دیکھو اب قاعدۂ عربی کے طور پر معنی کرنے سے اسی حدیث سے ثابت ہو گیا کہ بدعت حسنہ یعنی اچھی بات کا ایجاد کرنا برا نہیں ورنہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم احداث کو مقید لفظ مالیس منہ کی ساتھ نہ فرماتے بلکہ یوں فرماتے من احدث فی امرنا فہو رد۔، کیا حاجت تھی لفظ مالیس منہ بڑھانے کی اور شرح جوہرہ

التوحید میں ہے ومن الجملۃ من یجعل کل امر لم یکن فی زمن الصحابۃ بدعۃ مذمومۃ وان لم یقم دلیل علی قبحہ۔ تمسکا لقولہ صلے اللہ علیہ

وسلم ایاکم ومحدثات الامور ولا یعلمون المراد بذلک ان یجعل فی الدین ما ہو لیس منہ انتہی۔ پس ایسی تقریر سے جواب حاصل ہو گیا ان لوگوں کا جو حدیثیں بغیر سمجھے بوجھے پڑھا کرتے ہیں کہ شر الامور محدثاتہا اور پڑھا کرتے ہیں وایاکم ومحدثات الامور وکل بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ وجہ حصول جواب یہ ہے کہ حدیثیں سب ارشاد رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے ہیں وہ باہم مختلف نہیں ہو سکتیں جب مقام مدحت میں آپ احداث کو مالیس منہ کے ساتھ مقید فرما چکے یعنی وہ محدث بات مردود ہے جو کسی غیر طریقہ اسلام پر ہو اور مخالف ہو، پس جسقدر حدیثیں منع احداث اور بدعت میں ہوں گی وہ احداث اور بدعت مخالف اسلام کی طرف راجع ہوں گی، نہ احداث خیر اور بدعت حسنہ کی طرف اور اس تقریر سے اس حدیث کے معنی بھی بلا تکلف صحیح ہو گئے۔ ما احدث قوم بدعۃ الا رفع مثلہا من السنۃ اس لئے کہ جو بدعت مخالف سنت کی ایجاد ہوگی ظاہر ہے کہ وہ سنت کو مٹا دے گی، چنانچہ مولوی قطب الدین خاں صاحب نے بھی مظاہر الحق میں اس حدیث کے ترجمہ میں لکھا ہے، نہیں نکالی کسی قوم نے بدعت یعنی جو بدعت کہ مزاحم سنت کی ہو دیکھئے اس حدیث میں بھی ان لوگوں کے علماء مستندین سے خاص اسی بدعت کی برائی ثابت ہوئی جو مخالف سنت ہو فیا اخی خذ ما اتیتک وکن من الشاکرین۔ دوسری حدیث من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرہا واجر من عمل بہا من بعدہ کتب لہ مثل اجر من عمل بہا ولا ینقص من اجورہم شیئ۔ یہ صحیح مسلم کی حدیث ہے اس کے معنی اپنی طرف سے نہیں لکھتا ہوں مجمع البحار اور شرح مسلم امام نووی یہ دونوں کتابیں ان لوگوں کے پیشواؤں کے نزدیک بھی نہایت معتبر اور مستند ہیں غرضکہ ان دونوں کتابوں میں اس حدیث شریف کے معنی یہ لکھے ہیں کہ جس نے جاری کیا اسلام میں طریقہ نیک پھر اس کے بعد اس طریقہ حسنہ پر عمل کیا گیا تو لکھا جاوے گا اس شخص کے واسطے اس قدر اجر اور ثواب کہ جسقدر سب عمل کرنے والوں کو اس کے بعد ہوگا اور ان لوگوں کے ثواب میں سے کچھ کاٹ کر اس کو نہ دیں گے بلکہ اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے خزانہ لا انتہا ہی سے ثواب دے گا اور وہ طریقہ جو اس نے جاری کیا ہے خواہ وہ طریقہ ایسا ہو کہ اس سے پہلے

مقید کا بسبب قید کے غیر مشروع اور بدعت ہو جاتا ہے، اصل کی وجہ سے مشروع نہیں ہوتا بلکہ قید کے سبب سے بدعت ہو جاتا ہے بہرحال اس حدیث کی شرح سے خوب ثابت ہو گیا کہ قول چوتھا بدعت کا نہایت مقبول اور موافق اس قول خامس کے ہے بالتفاوت پھر اس کو اس کی مخالفت جاننا اور شاذ کہنا نہایت کم فہمی ہے نعوذ باللہ من ہذا الفہم الردی،،

بدعت حسنہ اور سنت میں محض فرق اصطلاحی ہے نزاع حقیقی نہیں ہے،، پس دیکھو کہ عربیت کے قاعدہ سے شرح کرنے سے لازم آگیا کہ بدعت حسنہ وہ محض باسنت ہی ہے، اور اس کی دلیل چونکہ کتاب وسنت میں موجود ہے تو وہ خلاف حکم شارع کے نہیں،، اس کو بدعت حسنہ کہنا فقط فرق بیانی واصطلاحی ہے نہ نزاع حقیقی جیسا مؤلف سمجھ گیا ہے باقی تقریر مؤلف کی ہم کو مضر نہیں لہٰذا اس کا جواب ضرور نہیں بلکہ وہ عین مدعا ہمارا ہے حدیث من سن سنۃ حسنۃ میں سیئۃ اور حسنہ سے کیا مراد ہے اور یہ حدیث و دیگر عبارات مثبتہ بدعۃ حسنہ مانعین کو مضر نہیں || قولہ دوسری حدیث من سن فی الاسلام

؎ فرق

ایجاد کیا گیا تھا لیکن کسی سبب سے بند ہو گیا تھا اس نے پھر اس کو جاری کر دیا کہ پہلے اس سے وہ طریقہ ایجاد ہی نہیں ہوا تھا اس نے خود اپنی طرف سے اس کو ایجاد اور جاری کیا اور وہ طریقہ خواہ تعلیم کسی علم کی ہو، یا عبارت ہو یا طریقہ ادب کا ہو مجمع البحار کی جلد دوم صفحہ ۱۴۷ اور شرح مسلم کی جلد ثانی صفحہ ۳۴۱ میں یہ مضمون مرقوم ہے دیکھے جس کا دل چاہے اس حدیث کے لانے سے ہمارے دو مطلب ثابت ہوئے ایک تو یہ کہ بدعت حسنہ کا بنا ہونا تو کیا بلکہ اور اس پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وعدہ ثواب کا دیا ہے اور ثواب بھی کیسا کہ جب وہ آدمی مر جائے گا اور اس کے بعد دوسری خلق اللہ اس پر عمل کریں گی تو بعد موت بھی ان سب کی برابر اس کو ثواب پہنچائے گا یہی وجہ ہے کہ علماء شریعت نے طرح طرح کے اصول اور قواعد واسطے تہذیب علم ظاہر دین کے ایجاد کئے اور اولیاء طریقت نے قسم قسم کے مجاہدات اور اشغال بعد قرون ثلثہ واسطے تزئین اور تصفیہ قلب کے پیدا کئے رحمۃ اللہ علیہم و علینا اجمعین اسی واسطے لکھا شامی شارح در مختار نے اوائل جلد اول میں کہ یہ حدیث قواعد اسلام سے ہے اور معنی اس حدیث کے ان الفاظ سے لکھے ہیں کل من ابتدع شیئاً من الخیر کان لہ مثل اجر کل من یعمل بہ الی یوم القیمۃ، دوسرا مطلب اس حدیث سے یہ نکلا اس بدعت حسنہ کے ایجاد میں بھی وہی لفظ من جو عربی میں ایک عام لفظ ہے ارشاد فرمایا یہ نہ فرمایا کہ جو قرون ثلثہ میں کوئی آدمی بدعت حسنہ جاری کرے گا اس کو ثواب ہوگا اور جو بعد میں کرے گا اس کو عذاب ہوگا اور وہ بدعتی ہوگا نی النار ہوگا نعوذ باللہ منہا، بلکہ یوں ارشاد فرمایا کہ جو کوئی جب کبھی طریقہ نیک جاری کرے گا اس کو ثواب ہوگا چنانچہ علامہ شامی نے بھی من من سنۃ حسنۃ کے معنی وہی کل عام کئے ہیں یعنی اس نے لکھا ہے وکل من ابتدع شیئاً الی آخرہٖ، اور یہی مولوی محمد اسحاق صاحب نے بھی مائۃ مسائل میں لکھا ہے، سوال بدعت حسنہ محدود است بوقتے من الاوقات یا غیر محدود است الی یوم القیمۃ جواب غیر محدود است عند القائل بتقسیمہا لحدیث من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ الی آخرہٖ، دیکھو سائل نے سوال کیا تھا کہ بدعت حسنہ کی کوئی تحدید ہے وقت یا زمانہ کی کہ فلانے زمانہ تک تو ایجاد بدعت حسنہ کا جائز ہے اور فلانے زمانہ میں نہیں جائز یہ بات کہ کچھ قید نہیں بلکہ ایجاد اس کا جائز ہے، قیامت تک کہ کسی زمانہ میں ایجاد ہو اور کوئی ایجاد کرے اس کا مولوی اسحاق صاحب نے جواب دیا کہ غیر محدود ہے یعنی زمانہ کی کچھ قید نہیں قیامت تک بدعت حسنہ جائز ہے باقی رہی یہ بات کہ عند القائل بتقسیمہا کی قید کیوں لگائی ہے یہ بات کچھ موجب وحشت نہیں تین وجہ سے ایک یہ کہ بدعت کی تقسیم نہیں کرتے وہ بدعت حسنہ کو سنت میں داخل کرتے ہیں پس بدعت حسنہ کا لفظ وہی کہے گا جو قائل تقسیم بدعت ہوگا وہ بدعت حسنہ کو سنت کہے گا، دوسری وجہ یہ کہ جب ان کی سند میں صحیح حدیث لکھدی تو وہ قائلین پایۂ اعتبار نہیں ٹھہر گئے اور صحت انکی قول کی مسلم ہو گئی، تیسری یہ کہ جب مولوی صاحب نے فرمایا کہ جو قائل ہیں تقسیم بدعت کے ان کے نزدیک قیامت تک بدعت حسنہ جائز ہے اب ہم تم کو بتلاویں گے بدعت حسنہ کو کس کس نے جائز کیا ہے، پس جان لیجو کہ ان سب مفتیانِ حنفیہ کے نزدیک تا قیامت بدعت حسنہ

اقول فی الحقیقت اصل اگر کتاب وسنت میں موجود ہے تو اس کا ایجاد کرنے والا لیجا موجد ہے ورنہ وہ فی الواقع موجد نہیں بلکہ مظہر ہے کہ جو امر شرع میں وجود شرعی رکھتا تھا اس کا اظہار اس سے ہوا ہے پس یہ موجد نہیں مظہر ہے اس کو کون برا کہہ سکتا ہے چوں کہ مؤلف وجود خارجی سمجھ رہا ہے اور وجود شرعی ہی سے واقف نہیں تو بعض کے کلمات اپنے زعم باطل پر لکھ رہا ہے مگر یہ ضرور اور واجب ہے کہ تمہید قواعد جواز و عدم جواز کی محدود و بزمان ہے بعد قرون ثلثہ کے جو کوئی قاعدہ تجویز ہو وہ بہر حال مردود ہوگا اور ان قواعد قرون ثلثہ کے موافق جو ہوگا وہ خود اس زمان میں موجود ہوگا تو یہ بھی نزاع لفظی ہے کہ وہ وجود شرعی لیتے ہیں اور ہم وجود خارجی اور واقع میں خلاف کچھ بھی نہیں ـــــ

جائز ہے کچھ قرون ثلثہ پر حصر نہیں ہے انتہٰی قول فقہاء و محدثین اس باب میں کہ سیئہ اور ضلالت وہی بدعت ہے جو مخالف قرآن
و حدیث و اجماع کے ہے اور جو بدعت ایسی نہیں وہ درست ہے ۔۔

سیرۃ حلبی وغیرہ کتب مشہورہ و معتبرہ میں لکھا ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ما احدث وخالف کتابا او سنۃ او اجماعا او اثرا فھو البدعۃ
الضلالۃ وما احدث من الخیر ولم یخالف من ذلک فھو البدعۃ المحمودۃ ۔۔ اس روایت کو بیہقی نے ساتھ اسناد اپنے کے امام شافعیؒ سے
روایت کی ہے کہ بدعت دو طرح ہے مذمومہ اور غیر مذمومہ مولوی اسماعیل صاحبؒ تقویۃ الایمان کے دوسرے حصہ مسمّٰی بہ تذکیر الاخوان میں
فرمایا ہے جو مجتہدوں نے اپنے اجتہاد سے نکالا وہ سنت میں داخل ہے انتہٰی ۔ پس یہ قول شافعی بالضرور مسلم ہونا چاہیئے کیونکہ یہ مجتہد ہیں
اور مجتہد کا حکم نکالا ہوا سنت میں داخل ہے ۔ بقول مولوی اسماعیل صاحب دوسرے یہ کہ خیر القرون میں ہیں تیسرے یہ کہ وہ خاص عربی
ہیں عرب کے لغت اور صحابہؓ اور تابعینؒ کے محاورات اور حدیث کی اصطلاحات کو جاننے والے ہیں بنا بریں علیہ جس قدر حدیثیں بدعت کی مذمت میں
ہیں اپنے موافق تفسیر امام شافعیؒ ان کو محمول نہیں بدعتوں پر کرنا چاہیئے جو خلاف کتاب و سنت ہیں اور محققین علماء محدثین و فقہائے دین
نے اسی پر عمل کیا ہے اچھی طرح دیا ہے از انجملہ حجۃ الاسلام امام غزالیؒ نے احیاء العلوم کی جلد ثانی میں فرمایا ہے انما المحذور بدعۃ تراغم سنۃ
ماموربہا یعنی وہی بدعت منع ہے جو منافی ہو کسی ایسی سنت کو جس کے قائم رکھنے کا ہم کو حکم ہے اور جلد اول احیاء العلوم میں فرماتے
ہیں ولا یمنع ذلک من کونہ محدثا فکم من محدث حسن ۔ یعنی یہ منع نہ کیا جائے گا بسبب نئی بات ہونے کے اسلئے کہ بہتری نئی باتیں
کی ہوئی نیک ہیں اور کہا علامہ امام صدر الدین شافعی نے یکرہ البدع اذا راغمت السنۃ اما اذا لم یراغمہا فلا یکرہ اور فتاوی عالم
گیریؒ کی جلد خامس میں ہے وکم من شیئ کان احدث وھو بدعۃ حسنۃ اور شیخ عز الدین بن عبد السلام نے آخر کتاب القواعد میں فرمایا
ہے البدعۃ اما واجبۃ [illegible] اصول الفقہ والکلام فی الجرح والتعدیل ، واما محرمۃ کمذھب الجبریۃ والقدریۃ واما مندوبۃ کاحداث
الربط والمدارس وکل احسان لم یکن فی العہد الاول واما مکروھۃ کزخرفۃ المساجد یعنی عند الشافعی واما عند الحنفیۃ فمباح واما مباحۃ کالتوسع
فی لذیذ الماکل والمشارب اور یہ تقسیم بدعت کی کہ بعضی بدعتیں واجب ہیں اور بعضی حرام اور بعضی مستحب یعنی ثواب کی مستحق اور بعضی بدعتیں
مکروہ ہیں اور بعضی مباح یعنی ان کے کرنے میں نہ ثواب نہ عذاب پس یہ بدعت پانچ قسم پر مسلم اور قائم رکھی ہے علامہ برکلی نے طریقہ محمدیہ میں
اور مناوی نے شرح جامع الصغیر میں اور ملا علی قاری حنفی نے مرقات میں اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات میں اور سید
جمال الدین محدث نے حواشی مشکوٰۃ میں اور علامہ ابن حجرؒ نے فتح المبین میں اور علامہ ابن عابدین نے شرح در مختار کی بحث امامت میں ،
جب یہ قاعدہ مسلم ہو چکا اب ایک دو مسئلے جو اس قاعدہ پر شرح ہے لکھتا ہوں ۔ علامہ شرنبلالی نے حاشیہ درر و غرر فقہ حنفی میں لکھا ہے

پھر مؤلف کا بعد نقل عبارت مولانا محمد اسحاق صاحب مرحوم کے اس شد و مد سے بدعت حسنہ کے اثبات میں دم بھرنا محض تطویل ہے
سخن فہم مغز سخن اور یہاں تک ان کو کچھ مضر نہیں محض مؤلف کی کوتاہ فہمی ہے قولہ اقوال فقہاء محدثین الخ اقول یہ سب اقوال موافق رائے مانعین
کے ہیں امام شافعی خود فرماتے ہیں خالف کتابا او سنۃ او اجماعا او اثرا یہ وہی تو ہوا کہ قرون ثلثہ میں جو مقرر ہو گیا اور مشہور ہو گیا جس کی
شکایت ثالث عشر نے کر دیا تک لکھے چلے آتے ہیں اور مولوی محمد اسماعیل صاحب مرحوم کا یہی مدعا ہے الحاصل یہ سب اقوال اور
احادیث اور اس قدر تحریر طویل فقط مؤلف کی کوتاہی فہم پر ہے کہ وجود شرعی کو وجود خارجی سمجھ گیا ورنہ کچھ ضرورت نہ ہوتی اور نیت کا

کہ نیت نماز کی اصل دل سے ہوتی ہے اور منہ سے ادا کرنا اس کا مستحب ہے عبارت اس کی یہ ہے والتلفظ بہا مستحب یعنی طریق حسن احیاء المشائخ
لا انہ من السنۃ لانہ لم یثبت عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من طریق صحیح ولا ضعیف ولا عن احد من الصحابۃ والتابعین ولا عن احد من
الائمۃ الاربعۃ بل المنقول انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قام الی الصلوٰۃ کبر فھذہ بدعۃ حسنۃ اب غور سے علامہ شرنبلالی کی تقریر
دیکھنی چاہیے کہ یہ بات مان کر کہ نیت زبان سے کبھی حضرت سے اور صحابہؓ سے اور تابعینؒ سے اور مجتہدین سے ثابت نہیں باوجود اس کو
حکم کیا کہ یہ بدعت حسنہ ہے مستحب ہے اور واضح ہو کہ ائمہ مجتہدین میں امام احمد بھی ہیں اور نہ وہ تابعی نہ تبع تابعی بلکہ تبع تابعین سے علم انھوں
نے سیکھا ہے جب ان سے بھی یہ تلفظ بالنیت منقول نہیں تو ظاہر ہوا کہ قرونِ ثلٰثہ کے بعد اس کا ظہور ہوا اور دوسری دلیل اس کی ظہور بعد
قرون پر یہ ہے کہ شرنبلالی نے لکھا ہے تلفظ بالنیۃ کو احیۃ المشائخ اور مشائخ و متاخرین علماء ہیں جو امام اعظمؒ کے شاگردوں کا دورہ تمام
ہونے کے بعد ہوئے اور درمختار میں لکھا ہے زبان سے نیت کرنے کو کہ یہ ہمارے علماء کی سنت ہے شامی نے لکھا کہ یہ طریقہ حسنہ ہمارے علماء
کا ہے اس سے بھی ظہور تلفظ بعد قرون ظاہر ہوتا ہے اور فقیہہ حلبی نے شرح کبیر منیہ میں اس طرح لکھا ہے کہ ائمہ مجتہدین سے بھی ثابت نہیں
اس کے بعد یہ لکھا ہے وھی ابدعۃ لکن عدم النقل لا کونہ بدعۃ لا ینافی کونہا حسنا یعنی اس کی بدعت ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ
نیک نہ ہو اب دیکھیے علماء دین اس کو بدعت مان کر پھر بھی حسن اور نیک فرماتے ہیں اور اس کا حکم دے رہے ہیں اور یہ علماء فریقین کے مسلم الثبوت
ہیں اور منیۃ المصلی میں لکھا ہے والمستحب ان ینوی ویتکلم باللسان اور شرح وقایہ میں ہے والقصد مع لفظ افضل اور ہدایہ میں ہے
ویحسن ذلک لاجتماع العزیمۃ اور یہی کافی میں ہے اور درر شرح غرر میں ہے والتلفظ بہا مستحب یہ وہ کتابیں ہیں جو علماء حنفی کے نزدیک
نہایت درجہ کی معتبر ہیں اب شافعی مذہب کو سننا چاہیے، علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ میں شافعی مذہب بیان کرتے ہیں والذی استقر
علیہ اصحابنا استحباب النطق بہا اور غنیۃ الطالبین حضرت غوث اعظم کی تالیف ہے وہ حنبلی تھے بیان نماز میں لکھتے ہیں ینوی بطہارۃ
رفع الحدث ومحلہا القلب فان ذکر ذلک بلسانہ مع اعتقادہ بقلبہ کان قد اتی بالافضل، الحاصل یہ عمل یعنی نیت زبان سے کرنی اس قسم کی
بات ہے کہ تمام ہندوستان اور فارس اور عرب وغیرہ میں جاری ہے علامہ شامی نے لکھا ہے قد استفاض ظہور العمل بہ فی کثیر من الاعصار فی
عامۃ الامصار اور چھٹی صدی کے اخیر جو محفل مولد شریف منعقد ہوئی اس کو اجلہ علماء اور اکابر فضلاء نے مستحسن سمجھا اور شریک ہوئے
اور امام نووی استاد ابو شامہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس محفل کو پسند کیا اور اسکو بدعتِ حسنہ قرار دیا اور یہ فرمایا ومن احسن ما ابتدع فی زماننا ما
یفعل کل عام فی الیوم الموافق لیوم مولدہ صلی اللہ علیہ وسلم من الصدقات والظہار الزینۃ والسرور الی اخرہ اور فرمایا ابن حجر محدث
رحمۃ اللہ علیہ نے عمل المولد واجتماع الناس لہ کذلک ای بدعۃ حسنۃ کذا فی السیرۃ الحلبیۃ اور آٹھویں صدی ہجری کے آخر میں جو تسلیم بعد اذان

تلفظ جو بدعت نہ ہوا تو اس کی دلیل جواز کی موجود ہے کہ حج میں تلفظ لسانی حدیث میں وارد ہوا ہے اور نیت قلبی گو کہ فرض ہے اس سو قوت بلکہ
بعض وقت بدون اس کے حاصل ہی نہیں ہوتی لہٰذا ملحق بالسنۃ ہو گئی اب بعد ان سب اقوال کے اپنے اصل مطلب پر مؤلف صاحب آئے
کہ چھٹی صدی کے آخر میں محفل میلاد منعقد ہوئی سو اول محقق ہو چکا ہے کہ جس محدث کی دلیل جواز قرونِ ثلٰثہ میں موجود ہو وہی جائز ہوتا ہے
ورنہ بدعت ہوگا تو یہاں اس کو محل استدلال میں لانا حالاں کہ یہ امر متنازع فیہ ہے دور کہلاتا ہے اور یہ قبیح امر ہے یہ وہ مدعی ہے کہ جس کا اثبات

لہ زبان سے لفظی ادائے کی تلہ مختلف فیہ

حوادث کی کہی اس کو درمختار میں لکھا ہے التسلیم بعد الاذان حدث فی ربیع الآخر سنہ سبعمائۃ واحدی وثمانین وہو بدعۃ حسنۃ۔ یعنی سلام پڑھنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر بعد اذان سات سو اکیاسی سنہ ہجری میں ایجاد کیا گیا اور بدعت حسنہ ہوا تھا اور اسی طرح درمختار کے شارح شامی نے بھی اس کو مسلم رکھا اور نہر الفائق شرح کنز اور قول بدیع سے یہ نقل کیا والصواب انہا بدعۃ حسنۃ یعنی ٹھیک یہی بات ہے کہ سلام بعد اذان بدعت حسنہ ہے دیکھیے آٹھویں صدی تو قرون ثلثہ کے بہت بعد ہے اس وقت کی نکالی ہوئی چیز کو بھی فقہاء نے بدعت حسنہ کہا ہے اب دیکھنا چاہیے اقوال فقہا کو امام شافعیؒ کے قول سے یہاں تک یہ سب علماء تقسیم ہونا بدعت کا طرف حسنہ اور سیئہ کے مانتے ہیں اور بدعت حسنہ کو خواہ وہ قرون ثلثہ میں نکلی ہو، یا بعد قرون سب کو مستحب اور حسن فرماتے ہیں، پس مولوی اسحاق صاحب کے فرمانے کے موافق ان سب فقہاء کے نزدیک بدعت حسنہ کا ایجاد الی یوم القیامۃ ثابت ہوا اس لئے کہ وہ کہتے ہیں غیر محدود است عند القائل بتقسیمہا اور خود مولوی اسحاق صاحب اور مولوی اسمٰعیل صاحب کے بزرگ بھی تقسیم بدعت مانتے ہیں شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سوالات عشرہ محرم کے جواب سوال اول میں لکھتے ہیں ساختن ضرائح وصورت قبور وعلم وغیرہ اینہمہ بدعت است وظاہر ست کہ ایں بدعت حسنہ کہ در آں خود نباشد نیست بلکہ بدعت سیئہ است وحال بدعت سیئہ ایں است کہ در حدیث شریف وارد است شر الامور محدثاتہا وکل بدعۃ ضلالۃ انتہی، اور شاہ صاحب موصوف کے بیان سے تحفہ میں بھی بدعت حسنہ کا وجود پایا جاتا ہے اب تیرہویں صدی میں وہ مولوی اسمٰعیل صاحب کہ جن کا کلام تذکیر الاخوان میں یہ تھا کہ جو کوئی دین کے عقیدے اور عبادت اور رسم میں وقت یا جگہ یا وضع یا ہیئت کی قید اپنی طرف سے مقرر کرے سو وہ بدعت اور باطل اور مردود ہے انتہی کلامہ، شکر خدا کا کہ یہ قاعدہ جنگی تو حواری کا جس سے ایک عالم میں جنگ باہمی پیدا ہو ایجاد کر کے آخر توبہ کی اس راہ سے خود مخالفت اختیار کی اور توبہ کی وجہ ثبوت یہ ہے کہ ان کی صراط مستقیم میں لکھا ہے اشغال مناسبہ ہر وقت وریاضت مناسبہ ہر قرن جدا جدا می باشد لہٰذا محققان ہر وقت از اکابر ہر طریق در تجدید اشغال کوششہا کردہ اند بنا بر علیہ مصلحت دید وقت چناں اقتضا نمود کہ یک باب ازیں کتاب برائے بیان اشغال جدیدہ کہ مناسب ایں وقت است تعیین کردہ شود، اس عبارت میں قرون ثلثہ کی کچھ قید نہیں لگائی بلکہ ہر قرن میں ایجاد اشغال اور تعینات مشایخ کو مسلم رکھا اور بذات خود اپنی تیرہویں صدی کے واسطے اشغال جدیدہ ایک باب

میں مؤلف نے اس قدر تطویل بے سود کی پھر قبل ثبوت اس کے اس کو بھی دلائل جواز میں ذکر کرتا ہے لہٰذا احقر اس طرف سے بھی اشارہ ہے کہ خود قرن صحابہؓ میں بھی اگر کوئی امر ہوا اور اس پر انکار کیا گیا تو وہ جائز و حجت نہیں ہوتا چہ جائیکہ بعد چھ سو سال کے ہو جب اس پر وقت حدوث اس کے کے فاکہانی وغیرہ علماء عصر نے انکار کیا تو وہ جائز نہیں ہو سکتا مع ہذا ہم کہتے ہیں کہ اس وقت میں فقط ذکر خیر البشر کا بلا قیود اور بلا تداعی واہتمام تھا لہٰذا اس وقت علماء کو اس پر نکیر نہ ہوا اب جو قیود غیر مشروع اس پر اضافہ ہوئیں تو ناجائز ہو گیا اصل ذکر ولادت کو تو کوئی بھی منع نہیں کرتا، جو کچھ تکرار و انکار ہے وہ قیود میں ہی ہے کیا مؤلف دیکھتا نہیں کہ سوال میں کس شے سے سوال ہے اور قیود و ضمیمے کیوں لگا کر سوال کیا گیا ہے غرض یہ نظیر محض خوش فہمی مؤلف کی ہے ابن حجر ہیتمی اور ابو شامہ کے قول کو اگر تسلیم بھی کیا جاوے تو کیا مفید مؤلف کو ہو گا کہ کلام حیثیت کذائیہ مندرجہ سوال میں ہے نہ نفس ذکر مولود میں ورنہ اصل اصول کے ہوتے قول علماء کا جو خلاف تعامل ہو مسلم نہیں ہوتا اور بیان تنقیح میں ایک طول بے ترک کیا گیا اور اصل مطلب جس کو مؤلف ثابت کرتا ہے ہمارے ہرگز مخالف نہیں

لہ صحابہؓ کا زمانہ تک ثواب "

ہیں لکھے اس باب میں دیکھو ذکر اللہ اور عبادت الٰہی میں کیا کچھ وقت اور وضع اور ہیئات اور عدد کی قیدیں ہیں اور صراط مستقیم کے آخر ورق میں۔۔ لکھا ہے تجدید اشغال یک ایں کتاب محتوی بر آن است فرمودند یعنی مرشد صاحب نے نئے اشغال نکالے اور ظاہر ہے کہ تجدید ہیں احداث ہے پس معلوم ہوا کہ انجام کاران کو بھی یہی حق معلوم ہوا کہ ایجاد بدعت حسنہ الیٰ یوم القیمۃ جائز است، خیر صبح کا بھولا ہوا شام کو گھر آ جائے تو اس کو بھولا نہیں کہتے اللہ تعالیٰ ان کے مقلدوں کو بھی ہدایت نصیب کرے اور اگر ان کی قسمت میں ہدایت نہیں تو ہم لوگوں سے جنگ اور بے ہودہ تقریر سے توبہ کریں کہ وہی نقشہ ہو جاتا ہے ع مغز ما خورد و حلق خود برید، اب اہل سنت والجماعت خوب غور اور فکر سے ملاحظہ فرماویں کہ یہ جو فتویٰ انکاری ہیں مولد شریف اور فاتحہ اموات کو پنجشنبہ و عیدین وغیرہ میں منع لکھا تھا، اس کی بنیاد اسی ایک دلیل پر تھی کہ جو کام قرون ثلثہ کے بعد ہوتا ہے وہ بدعت سیئہ ہوتا ہے اور سنا چکے ہم تم کو حال اس دلیل کا کہ یہ دلیل نہایت ذلیل اور نحیف ہر کسی کے اور جب ٹوٹ گئی دلیل انکی، قول ارباب تحقیق و اصحاب تدقیق سے تو شکست فاش کھا گیا ان کا فتویٰ اور قائم رہ گئے وہ سب امور صالحہ اپنی اباحت اور استحسان پر الان کما کان پس مذہب صحیح اور مشرب اہل تنقیح یہی ہے جو علامہ حلبیؒ نے جلد اول انسان العیون میں لکھا ہے وقد قال ابن الحجر الہیثمی ان البدعۃ الحسنۃ متفق علی ندبہا کہا حافظ ابن حجر فقیہ محدثؒ نے کہ بدعت حسنہ کی مندوب اور مستحسن ہونے پر اتفاق کیا گیا ہے یعنی فقہاء و محدثین میں جو محققین ہیں وہ سب بالاتفاق بدعت حسنہ کو جائز اور درست فرماتے ہیں اور اس کی طرف رغبت دلاتے ہیں پس سب امور مندرجہ فتویٰ بالاتفاق و اجماع اہل تحقیق طائفہ ناجیہ اہل سنت والجماعت کے مستحسن ٹھہرے نہ سیئہ واللہ یہدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم۔ لمعہ ثالثہ میں نقل ہے عبارت مولوی عبد الخالق صاحب واعظ دیوبندی کی جو منع مولد شریف و فاتحہ وغیرہ کیلئے فتویٰ انکاری مذکور پر لکھی ہے قولہ، جوابات سب صحیح ہیں قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار کتبہ فقیر محمد عبد الخالق دیوبندی عفی عنہ اقول ہم ناصحانہ در دِ اسلامی سے کہتے ہیں کہ آدمی کو امور علمیہ میں ایسا نہ ہونا چاہئے جیسے طوطا تمام عمر پڑھتا رہا میاں مٹھو میاں مٹھو لیکن اس کو یہ خبر نہیں کہ میاں کسکو اور مٹھو کس کو کہتے ہیں مولوی عبد الخالق صاحب نے تمام عمر وعظ فرمانے میں گذاری کسی سے یہ تحقیق نہ فرمایا کہ کل بدعۃ ضلالۃ سے مراد کیا ہے کاش مشکوٰۃ کا ترجمہ ہندی نواب قطب الدین خاں صاحب کا دیکھ لیتے کہ مطبوعہ میرٹھ ہے، میں اس حدیث کے معنی لکھتے ہیں عبارت ان کی یہ ہے کل بدعۃ ضلالۃ کے معنی یہ ہیں کہ جو بدعت

اور صاحب تذکیر الاخوان کا مذہب و مطلب بارہا واضح ہو لیا کہ یہی ہے اب یہ طوفان بے تمیزی کی تقریر گستاخ جو کچھ ہے سب کو معلوم ہے اس کے جواب سے زبان قلم ملوث[1] کرنا کیا فائدہ ہے غرض تذکیر الاخوان کا یہ کہنا کہ قید اپنی طرف سے مقرر کرے ظاہر ہے کہ اس سے یہ مراد ہے کہ ایسی قید جس کی دلیل قرون ثلثہ میں نہ ہو اور صراط مستقیم میں وہ ہیئت تجدید کی مراد ہے کہ حسب قواعد شرع کے ہو سو، جو وہاں تھا وہی یہاں ہے مگر دیدہ بصیرت چاہیئے ومن کان فی ہذہ اعمیٰ فہو فی الاٰخرۃ اعمیٰ اور اس قاعدہ پر جو مؤلف سمجھے بیٹھا ہے بنیاد میلاد اور رسوم کے بدعت ہونے کی نہ تھی بلکہ اس ہی مراد پر ہے جس کو مؤلف عرقریزی کر کے ثابت کر رہا ہے کہ بجائے خود کھلی گکار اور یہ اس قدر تطویل لمعہ ثانیہ کی شرح کی ہم کو بھی اسی واسطے کرنی پڑی کہ مؤلف کے حسن فہم و مبلغ علم کا حال لوگوں کو معلوم ہو جاوے کہ کسقدر غلط بیانی اور کم فہمی کی تقریر ہے کہ گویا علوم سے مس اس ہی نہیں ورنہ[2] اصل مدعیٰ تو عین مدعیٰ ہمارا ہے اور سب علماء

[1] آلودہ [2] محنت

سیئہ ہے وہ سب گمراہی کی ہے انتہٰی کلامہ، یا یہ کہ شاہ عبد العزیز صاحبؒ کے سوالات عشرہ کا جواب و ترجمہ ہو کر مطبع ناصری میں چھپا ہے وہی ترجمہ دیکھ لیتے اس میں لکھا ہے بدعت حسنہ تو اس کو کہتے ہیں کہ کرنے والا اس کا ماخوذ نہ ہو اور بدعت سیئہ کا حال یہ ہے کہ حدیث میں آیا ہے کل بدعۃ ضلالۃ انتہٰی کلامہ پس جب ان کے پیشوا سب اس حدیث کو بدعت سیئہ کیساتھ خاص کرتے ہیں اور بدعت حسنہ کو اسمیں شامل نہیں کرتے پھر ان کا منصب تھا کہ بلا تقسیم بدعت اور بلا اثبات دلائل سیئہ ہونے اعمال مندرجہ سوال کے کلیہ طور پر پڑھ دیں کل بدعۃ ضلالۃ و کل ضلالۃ فی النار دوسری نصیحت یہ کہ ایک آفاقی سے روپیہ مانگ کر جو جامع مسجد دیوبند میں بنوائی ہے اور کثرت سے برج مثل مندر قوم ہنود کے بنوا دیئے ہیں کیا قرون ثلثہ میں بھی اتنے برجوں کی مسجد بنتی تھی؟ اگر بنتی تھی تو ہم کو حوالہ دو کہ کس قرن میں اور کس نے بنائی، اور کس حدیث کی کتاب میں یہ فعل قرون ثلثہ سے ثابت ہوا ہے اور اگر نہ ثابت ہو یہ ہیئت مجموعی مسجد کی تو منصفی یہ ہے کہ اپنے اوپر بھی یہ حدیث روا رکھو کل بدعۃ ضلالۃ و کل ضلالۃ فی النار تیسری نصیحت یہ ہے کہ خدا کا خوف کیا ہوتا تم نے اہل اسلام نے جو روپیہ چندہ کا دیا تھا تو مقصد تھا کہ تعمیر میں بقاعدہ شرعی صرف ہو پھر یہ فرمایئے کہ کثرت بروج میں جو مال صرف ہوا نہ وہ استحکام تعمیر میں داخل نہ کسی مصالح و مقاصد صلوٰۃ کو شامل اس کا مظلمہ کس کی گردن پر ہوگا، کتب فقہ سے اس کا عدم جواز مستفاد ہوتا ہے قاضیخاں میں ہے رجل دفع شیئ بعمارۃ المسجد فی ای شیئ یصرف ذلک المال قال ابو القاسم رحمہ اللہ تعالی یصرف فیما کان من البناء دون التزئین اور بعد تین سطر کے لکھا ہے، لیس للقیم ان یتخذ من الوقف علی عمارۃ المسجد شرفا و لینقش المسجد من ذلک ولو فعل یکون ضامنا،

وہی مطلب و مراد ہے فقط قولہ ہم نا صحانہ الخ اقول مولوی عبد الخالق صاحب نے ٹھیک سمجھ کر لکھا ہے بدعت حسنہ اور سیئہ کی تفریق کا حال و کل بدعۃ ضلالۃ کے معنی بھی واضح ہو چکے اب یہ حال خود مولف صاحب کا ہے کہ بزعم خود فاضل اجل ہیں اور ہنوز معنی بدعت حدود کے بھی نہیں سمجھتے اور نزاع لفظی و حقیقی کو بھی نہیں جانتا جو کچھ مولوی عبد الخالق صاحب پر طعن ہے اس تحریر سے واضح ہو گیا کہ وہ آپ کا ہی حال ہے اور باوجود ترجمہ مشکوٰۃ کے مطالعہ کے کچھ بھی نہیں سمجھے اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم فقط قولہ دوسری نصیحت اقول آپ کے نزدیک جس وجہ سے برج و منارہ مسجد کے جائز ہیں جس کا نام آپ نے بدعت حسنہ رکھا ہے اسی وجہ سے مولوی عبد الخالق نے بھی یہ بنوائی ہیں، کیونکہ وہ مدعی آپ کا اور مولوی عبد الخالق کا ایک ہی ہے گو آپ کو خبر نہیں طوطی کے بول بولے ہو یہ تحریر بے معنی ہے فقط تیسری نصیحت الخ اقول المعروف کالمشروط قاعدہ فقہ کا ہے ہر گاہ کہ سب چندہ دہندہ برج منار وغیرہ صرف کرنے سے دلالۃً راضی ہیں تو اسمیں صرف کرنا درست ہے اور دوسری روایت قاضیخاں کی تو آپ نے دونوں آنکھیں بند کر کے ہی لکھ دیں ہے مال وقف کا مسئلہ مال مملوک کی پر جاری فرمایا ہے خوب روایت فقہ کی سمجھے ماشاء اللہ اور پہلی روایت وصیت کی بھی مطابق اس واقعہ کے نہیں کیونکہ موصی ایک امر مبہم کہہ مرا ہے اس کا حمل ایسی شئے پر ہونا چاہیے کہ نافع ہووے اگر موصی زندہ ہوتا، اور اجازت تزئین میں صرف ۔۔ کی دے دیتا تو جائز تھا یہاں تو دینے والے زندہ ہیں اور ان کی دلالۃً رضا صریح ہوتا ہے کاش اگر مولف فقہ کی کتاب کسی معلم سے پڑھ لیتا تو ایسی غلطی فاحش میں نہ پڑتا۔ فقط،

بدعت گمراہی ہے ۔ اپنے گمان میں یہ نصیحت کرنے والا

اب فرمایئے یہ اسراف اور تبذیر کر کے آپ منتظر اپنی مدح اور اجر کے بیٹھے ہیں یہ کیسا ظلم ہے قرآن میں آیت تبذیر پڑھ کر کچھ تو گریبان میں منہ ڈالئے گا جو تھی نصیحت مولوی صاحب کو یہ ہو کہ آپ کی معاش وعظ پر ٹھہری اس کو بھی کبھی سوچا ہوتا کہ آیا یہ کمائی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یا خلفاء راشدین یا تابعین یا تبع تابعین قرون ثلثہ کی یہی تھی کہ وعظ فرما کر کھاتے پھرتے تھے یا یہ نہ تھی اور اپنے پیشواؤں کا خیال کر کہ ہمارے عالموں نے اس کے حق میں کیا لکھا ہے خیر اگر تم کو تلاش نہیں ہم بلا تلاش تم کو بتاتے ہیں شاہ عبد العزیز صاحب تفسیر پارہ الم میں تحت آیۃ ولا تشتروا بایاتی ثمنا قلیلا کے لکھتے ہیں، فرقہ ہفتم معلمان دنیا طلب و واعظان طمع کہ بر تعلیم احکام الٰہی و تبلیغ مواعظ و پندار متاع دنیا درخواست نمایند و در ہر جا توقع منفعت متوجہ بحال سائل شوند در صورت بے توقعی خشونت و درشت خوئی نمایند اس کے بعد شاہ صاحب نے حال امامت و موذنی وغیرہ کا بیان فرمایا اور کلام اس پر تمام کیا کہ رفتہ رفتہ این صیغہا صیغۂ معاش و اجرہ قرار گرفت در این زمان حال این وجہ معاش مشکوک بلکہ قریب بحرمت است حتی المقدور ازاں احتراز لازم است انتہی، اور مولوی اسحاق صاحب نے مأۃ مسائل میں اجرت جمیع طاعات پر یعنی ناجائز لکھی ہے اور یہ لکھا ہے، از حدیث شریف صریح معلوم می شود کہ بقرارت قرآن شریف چیزے نگیرد و نخورد عام است کہ مقرر کند یا نہ کند انتہی، اس سے وہ بات بھی رد ہو گئی جو شاید کوئی یہ حیلہ کرنے لگے، کہ ہم لوگوں کو قرآن پڑھ کر سناتے ہیں اس کا ترجمہ بتاتے ہیں ہم اجرت نہیں ٹھہراتے اور نہیں مانگتے، مولوی اسحاق صاحب کے کلام سے وہ بھی منع ثابت ہوا اور یہی فقہا کا قاعدہ مسلم الثبوت ہے المعروف کالمشروط جب لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ مولوی صاحب کا قاعدہ یہی ہے اس قاعدہ کے موافق دیتے ہیں، سائل کی صورت خود سوال ہے پھر منہ سے مانگیں یا نہ مانگیں، افسوس ہزار افسوس اے میرے دینی بھائیو! تم کیوں اپنی روح کو آلائشوں خبیثہ سے پاک نہیں کرتے ہو دوسرے کو ناری اور جہنمی بنانے کو تیار ہوتے ہو اور اپنا خیال نہیں کرتے کہ تم بھی کسی گوشہ میں دوزخ کے جاتے ہو اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتب افلا تعقلون لمعہ الع نقل ہے عبارت عبد الجبار عمر پوری کی جو در باب منع مولد شریف فتوی انکاری کے ذیل میں لکھی ہے قولہ حضرت کی نسبت یہ اعتقاد رکھنا کہ جہاں مولود شریف پڑھا جاتا ہے وہاں تشریف لاتے ہیں، شرک ہے ہر جگہ موجود خدا تعالیٰ ہے اللہ سبحانہ نے اپنی صفت دوسرے کو عنایت نہیں فرمائی واللہ اعلم عبد الجبار عمر پوری عفی عنہ اقول ایک تو کم نصیبی اس مفتی کی یہ کہ حضرت کا ذکر کیا اور صلے اللہ علیہ وسلم نہ کہا اتباع سنت

قولہ جو تھی نصیحت الخ اقول، آپ کا منہ اور یہ بات آپ تو مدت ہوئی کہ فتوی جواز اجرت تعلیم قرآن کا لکھ کر طبع کرا چکے ہو اگر اب غصہ میں آکر اس سے رجوع فرمائی ہے تو وہ روایات متاخرین فقہا کی تو کہیں نہیں چلی گئیں کہ جن روایت سو بضرورت ضروریہ کہ اس زمانہ جہل میں موجود ہے جواز اجرت کا وعظ کا حال مفصل معلوم ہو سکتا ہے پھر آپ کس منہ سے طعن کریں گے یہ مفتی جواز وہی آپ کے معتمد پیشوا ہیں اور یہ بدگمانی کرنا کہ مولوی عبد الخالق صاحب کی نیت طمع دنیا کی ہے، کسی مسلمان کو لائق نہیں پھر ہزار افسوس کہ تم تو اپنی زبان کو سلف خلف مشایخ اولیاء اور علماء کے طعن سے بھی پاک نہ کرو اور مولوی عبد الخالق کو حدیث کے صحیح مضمون لکھنے پر بزعم خود غلط سمجھ کر نصیحت فرماؤ بڑی شرم کی بات ہے دیکھو مصداق آیہ اتامرون الناس کا کون ہے اور آلائش خبیثہ کا ملوث کون فقط قولہ لمعہ رابعہ الخ اقول لاریب کام کم نصیبی کا ہے مگر اس کم نصیبی کا حصہ تو فقط مولف صاحب کے نصیب میں بھی کامل ہیں کہ اس کتاب میں اکثر جگہ درود نہیں لکھتے صفحہ اول خطبہ کتاب کی آخر سطر میں اور دوسرے صفحہ میں تین جگہ آپ کا اسم گرامی بے درود لکھا ہوا ہے علی ہذا اور جو عذر ہے کہ مطبع کا

لہ بری باتیں ،،

کا دعویٰ اس قدر اور صاحب سنت علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھی نہ دارد دوسری کم فہمی اس درجہ کی کہ سائل کا سوال جو ہم اول
نقل کر چکے ہیں اس میں یہ سوال ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اشعار میں مخاطب حاضر ہوں یہ سوال نہیں کہ مجلس میں حاضر ہونیکا اعتقاد
ہے اور ظاہر ہے کہ اشعار میں مخاطب حاضر ہونے کے معنی یہ ہیں کہ شعر ایسے پڑھیں جنمیں ضمیریں مخاطب حاضر کی ہوں سو اس کا حال ہم نور
دل کے لمعہ ثانیہ میں لکھ چکے اور آئندہ بھی تحقیق آوے گی لیکن مفتی صاحب نے سوال دیگر جواب دیگر جو چاہا کہنا شروع کیا یہ جواب دیا، قولہ
حضرت کی نسبت یہ اعتقاد رکھنا کہ جہاں مولود پڑھا جاتا ہے وہاں تشریف لاتے ہیں یہ شرک ہے ہر جگہ موجود خدا تعالیٰ ہے اقول سبحان
اللہ قربان جائیے اس قیاس اور استدلال کے اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی یہی اعتقاد ہوتا کہ وہ مولود خوانی میں حاضر ہوتا ہے نہ اور
کسی جگہ اس وقت تو برابری اور مشارکت صفت الٰہی میں لازم آتی اور خدا تعالیٰ کو بہت مواضع اور مواقع میں حاضر مان رکھا ہے علاوہ
مجلس مولود خوانی کے تفصیل اسکی یہ ہے کہ تم عظمت اور وسعت عرش عظیم کی اور فراخی اور توسع کرسی کی خیال کرو کہ ان کے آگے سات
آسمانوں کی کیا حقیقت ہے پھر کرۂ ناری اور ہوائی اور مائی کو خیال کرو کہ آسمانوں کے آگے انکی وسعت ہے پھر ان کرات کے آگے زمین کو دیکھو
کہ اس کی وسعت کو کرات سے کیا نسبت ہو پھر زمین کے چوتھائی حصہ کو دیکھو جو زمین سے باہر نکلا ہوا ہے پھر اس باہر نکلے ہوئے میں جنگل اور
پہاڑ اور دریا اور ریگستان کسقدر ہیں اور آدمیوں سے آباد کسقدر ہیں اور اس آبادی میں کفار کس قدر ہیں اور مسلمان کسقدر اور
مسلمانوں میں مولد شریف کرنیوالے ہیں اور نہ کرنے والے کس قدر ہیں ان سب مراتب کے خیال اور فکر کرنے سے فرق معلوم ہو جاوے
گا، مرد منصف کو کہ اللہ تعالیٰ کا حاضر و ناظر ہونا تو اسقدر جگہ میں ہو کہ عرش و کرسی آسمان لوح و قلم ساتوں زمین اور جمیع جبال و بحار ویران عمرانات
وغیرہ اور ہر زمان اور ہر آن میں وہ حاضر ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جس نے یہ اعتقاد کیا کہ وہ مواقع مولود خوانی

تصور ہے تو مولوی عبد الجبار کا بھی یہی عذر قبول کرنا تھا، غرض یہ تو مؤلف صاحب کی عادت فاشیہ ہے کہ جو کچھ کسیکو کہتا ہے
اس میں خود ملوث ہوتا ہے نہ معلوم کہ اسقدر اپنے حال سے کیوں غفلت ہو قولہ کم فہمی اس درجہ الخ اقول رد شرح سوال میں مذکور
ہو چکا کہ صیغہ کتاب کا حاضر موجود کے واسطے ہی وضع ہوا ہے لہٰذا اگر کہیں صیغہ کتاب کا بولا جاوے گا تو بوجہ اصل و حقیقی ہونے
کے حضور مخاطب کا مفہوم کلام سے ہووے گا لہٰذا مولوی عبد الجبار نے اس سوال کا ہی تو جواب دیا ہے کہ یہ اشعار خطاب اگر اس
اعتقاد سے ہیں تو شرک ہیں اور دوسرے معنی مجازی کی شق کو بیان نہیں کیا مگر خدا تعالیٰ جانے کہ مؤلف کی کیا فہم ہے کہ اس کو سوال
کے خلاف اور غیر جانتا ہے۔ لازم و ملزوم و صنعی کو غیر جاننا اور مقصود کلام وضعی کو کلام سے منفک سمجھنا مؤلف ہی کا فہم ہے تو اول
سے بھی ایسا کچھ مؤلف نے کہا ہے اور اس کا جواب کچھ وہاں پر ہو لیا، قولہ سبحان اللہ الخ اقول تمام امت کا یہ اعتقاد ہے کہ جناب
فخر عالم علیہ السلام کو اور سب مخلوقات کو جس قدر علم حق تعالیٰ نے عنایت کر دیا اور بتلا دیا اس سے ایک ذرہ بھی زیادہ کا علم ثابت کرنا شرک
ہے سب کتب شرعیہ سے یہی مستفاد ہے قال اللہ تعالیٰ وعندہ مفاتیح الغیب لا یعلمہا الا ہو الآیہ
شرکت کا اعتقاد شرک ہی نہیں بلکہ نقص شرکت کا اعتقاد بھی شرک ہے۔، اور یہ مسئلہ مشہور بحر الرائق اور عالمگیریہ درمختار وغیرہ میں ہے کہ اگر
کوئی نکاح کرے بشہادت حق تعالیٰ اور فخر عالم علیہ السلام کے کافر ہو جاتا ہے بسبب اعتقاد علم غیب کے فخر عالم کی نسبت بس فقط مجلس
نکاح کے اعتقاد علم میں کافر لکھا ہے یہ کسی نے نہیں لکھا کہ اگر اس کا اعتقاد کما و کیفا مساوات علم الٰہی تعالیٰ شانہ کا ہے تو کافر ہو گیا ورنہ

۱ علیحدہ ۲ ہر اعتبار سے ،

میں تشریف لاتے ہیں تو ہر موقع پہ نسبت ان تمام ازمنہ اور مقامات مذکورہ بالا کے کس شمار اور کس حصہ میں داخل ہیں کہ بس ان مواقع میں تشریف لانے سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ برابری لازم آگئی اور شرک ہوگیا نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات اب آگے آپ ارشاد فرماتے ہیں قولہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت دوسرے کو عنایت نہیں فرمائی اقول عقیدہ اہل سنت والجماعت کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفت اسی طرح اور خصوصیت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہو دوسرے میں نہیں ہوتی اور خصوصیت کے معنی یہ ہیں کہ یوجد فیہ ولا یوجد فی غیرہ اور روئے زمین پر کل جگہ موجود ہو جاتا تو کچھ خاص مخصوص خدا کے ساتھ نہیں تفسیر معالم التنزیل اور رسالہ برزخ جلال الدین سیوطی اور شرح مواہب علامہ زرقانی میں ہے کہ ملک الموت قابض ہے جمیع ارواح جن وانس و بہائم و جمیع مخلوقات کا اور اللہ تعالیٰ نے کر دیا ہے دنیا کو اس کے آگے مثل چھوٹے خوان کے اور ایک روایت میں آیا ہے مثل طشت کے فیقبض من ھٰھنا وھٰھنا یعنی ادھر سے لیتا ہے جان کو اور ادھر سے اب خیال کرو کہ ایک آن میں مشرق سے مغرب تک کسقدر چیونٹی مچھر کیڑے مکوڑے اور چرند پرند درند

نہیں، مگر مؤلف کی تحریر سے اس کا عقیدہ یہی مفہوم ہوتا ہے کیوں کہ وہ کہتا ہے کہ حق تعالیٰ تو عرش سے سر تحتی تک جانتا ہے اور حاضر ہے اور فخر عالم فقط مجالس مولود میں حاضر ہوئے تو کہاں مساوات اور شرک ہوا پس اس سے صاف ظاہر ہو کہ اس قدر علم غیب کو وہ شرک نہیں جانتا حالانکہ جملہ کتب میں فقط مجلس نکاح کے حضور کو ہی شرک لکھدیا ہے اور مؤلف کو اس قدر بھی خبر نہیں کہ مشبہ اور مشبہ بہ میں وجہ شبہ کا مساوی ہونا ضروری نہیں بعض وجہ شبہ کافی ہوتی ہو لہٰذا یہاں نفس علم غیب میں برابری شرک ہو اور اگر مؤلف کا یہی عقیدہ کہ حق تعالیٰ کی کوئی صفت دوسرے کو اگر کماً کیفاً مساوی ثابت کرے گا تو شرک ہوگا ورنہ نہیں تو لازم ہو کہ مؤلف کے نزدیک مشرکین عرب کہ جن کے مشرک ہونے میں نصوص قطعیہ موجود ہیں ہرگز بھی مشرک نہوں کیوں کہ وہ تصرف اور علم اپنے معبودان باطلہ کا محدود جانتے تھے کہ ہر نواح و دیار کا جدا معبود تھا ایک کے ملک میں دوسرے کا تصرف ہونا عقیدہ نہیں رکھتے تھے چنانچہ کتب حدیث اس کی گواہ ہیں پس اب مؤلف کے عقائد تو خود خراب تھے ہی تمام دنیا کو مشرک بنا دیگا کیوں کہ جب عوام جہال اولیاء کی نسبت ایسا ہی محدود تصرف و علم یقین کرتے ہیں پس مؤلف نے سب کی تائید و تصدیق و توثیق عقیدہ کی کر کے خلق کو ضال بنا دیا خدا تعالیٰ اس کو ہدایت دیوے کہ کیا فتنہ برپا کرتا ہے باقی اس کی مثال واہی اور حروف بے معنی کا کیا جواب دیکر زبان قلم کو ملوث کروں یہ مؤلف نے اس قدر جہل کی بات لکھی ہے کہ تمام دنیا کے خلاف ہو فقط،،

بحث علم غیب قولہ عقیدہ اہل سنت و جماعت کا یہ ہے کہ الخ اقول عقیدہ اہل سنت کا یہ ہے کوئی صفت صفات حق تعالیٰ کی بندہ میں نہیں ہوتی اور جو کچھ اپنی صفات کا ظل کسی کو عطا فرماتے ہیں اس سے زیادہ ہرگز کسی میں ہونا ممکن نہیں، سمع و بصر و علم و تصرف حق تعالیٰ کا حقیقی ہو اور مخلوق کا مجازی لیس کمثلہ شیئ الآیۃ پھر جس کو جسقدر کوئی علم و قدرت وغیرہ عطا فرما دیا ہے اس سے زیادہ وہ ہرگز ذرہ بھر بھی نہیں بڑھ سکتا شیطان کو جس قدر وسعت دی اور ملک الموت کو اور آفتاب و ماہتاب کو جسقدر وسیع بنا لیا ہے اس سے زیادہ کی بھی کچھ قدرت نہیں اور زیادہ کوئی ان سے کام نہیں نکلتا اور نہ اس کثرت و قلت پر فضل کی کمی زیادتی موقوف ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام سے بہت اعلیٰ و افضل ہیں مفید اعلم کا مکاشفہ ان کا حضرت خضر سے بہت کم تھا اور پھر جسقدر

زمین کے نیچے ہے تعداد کیفیت کے اعتبار سے آلودہ،،

اور آدمی مرتے ہیں ہر جگہ ملک الموت موجود ہے اور مشکوۃ میں ہے کہ ملک الموت وقت موت کے سرہانے ہوتا ہے مومن کے بھی اور کافر کے بھی یہ حدیث طویل ہے اور قاضی ثناء اللہ نے تذکرۃ الموتی میں نقل کیا ہے ایک حدیث کو طبرانی اور ابن مندہ سے اس میں یہ بھی ہے کہ ملک الموت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا کہ ایسا کوئی گھر نہیں نیک یا بد آدمیوں کا جسکی طرف مجھ کو توجہ نہ ہو رات اور دن دیکھتا رہتا ہوں اور ہر چھوٹے بڑے کو ایسا پہچانتا ہوں کہ وہ خود بھی اپنے کو اس قدر نہیں پہچانتے، ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ملک الموت ہر جگہ حاضر ہے بھلا ملک الموت علیہ السلام تو ایک فرشتہ مقرب ہے، دیکھو شیطان ہر جگہ موجود ہے، درمختار کے مسائل نماز میں لکھا ہے کہ شیطان اولاد آدم ع کے ساتھ دن کو رہتا ہے اور اس کا بیٹا آدمیوں کے ساتھ رات کو رہتا ہے علامہ شامی نے اس کی شرح میں لکھا ہے کہ شیطان تمام بنی آدم کے ساتھ رہتا ہے مگر جس کو اللہ نے بچالیا بعد اس کے لکھا ہے فاقدرہ علی ذلک کما اقدر ملک الموت علی نظیر ذلک یعنی اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اس بات کی قدرت دیدی ہے جس طرح ملک الموت کو سب جگہ موجود ہونے پر قادر کر دیا انتہی کلامہ، اب عالم اجسام محسوس میں اس کی مثال سنیئے، کوئی آدمی مشرق سے مغرب تک آبادی دنیا کی سیر کرے جہاں جاوے گا چاند کو موجود پاوے گا اور سورج کو بھی پاوے گا پھر اگر وہ کہے کہ ایک چاند سب جگہ موجود ہے اور ایک سورج سب جگہ موجود ہے تو اس قاعدہ سے چاہیئے وہ کافر ہو جاوے کہ اس نے چاند کو ہر جگہ موجود کہا حالانکہ تحقیق یہ ہے کہ نہ وہ مشرک ہے نہ کافر خاصہ مسلمان ہے پس اسی

حضرت خضر کو ملا اس سے زیادہ پر قادر نہ تھے اور حضرت موسیٰ ع کو باوجود افضلیت کے نہ ملا تو وہ حضرت خضر مفضول کی برابر اس علم مکاشفہ کو پیدا نہ کر سکے پس آفتاب و ماہتاب کو جو اس ہیئت و وسعت نور پر بنایا اور ملک الموت اور شیطان کو جو یہ وسعت علم دی اس کا حال مشاہد ہوا اور نصوص قطعیہ سے معلوم ہوا اب اس پر کسی افضل کو قیاس کر کے اس میں بھی مثل یا زائد اس مفضول سے ثابت کرنا کسی عاقل ذی علم کا کام نہیں اول تو عقائد کے مسائل قیاسی نہیں کہ قیاس سے ثابت ہو جاویں بلکہ قطعی ہیں قطعیات نصوص سے ثابت ہوتے ہیں کہ خبر واحد بھی یہاں مفید نہیں لہذا اس کا اثبات اس وقت قابل التفات ہو کہ مؤلف قطعیات سے اس کو ثابت کرے اور خلاف تمام امت کے ایک قیاس فاسد سے عقیدہ خلق کا اگر فاسد کیا جاوے تو کب قابل التفات ہوگا دوسرے قرآن و حدیث سے اس کے خلاف ثابت ہے پس اس کا خلاف کس طرح قبول ہو سکتا ہے بلکہ یہ سب قول مؤلف کا مردود ہوگا خود فخر عالم علیہ السلام فرماتے ہیں واللہ لا ادری ما یفعل بی ولا بکم۔ الحدیث اور شیخ عبد الحق روایت کرتے ہیں کہ مجھکو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں اور مجلس نکاح کا مسئلہ بھی بحر الرائق وغیرہ کتب سے لکھا گیا تیسرے اگر افضلیت ہی موجب اس کی ہے تو تمام مسلمان اگرچہ فاسق ہیں اور خود مؤلف بھی شیطان سے افضل ہیں تو مؤلف سب عوام میں بسبب افضلیت کے شیطان سے زیادہ نہیں تو اس کی برابر تو علم غیب بزعم خود ثابت کر دیوے اور مؤلف خود اپنے زعم سے بہت بڑا اکمل الایمان ہے تو شیطان سے ضرور افضل ہو کر اعلم من الشیطان ہوگا معاذ اللہ مؤلف کے لیے جہل پر تعجب بھی ہوتا ہے اور رنج بھی ہوتا ہے کہ ایسی نالائق بات منہ سے نکالنا کسقدر دور از علم و عقل ہے، الحاصل غور کرنا چاہیئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے اور خاصہ کی تعریف تہذیب

... کو فضیلت حاصل ہو ۔ صریح دلائل سے ایمان کے اعتبار سے بہت کامل ہے ۔ شیطان سے بڑا عالم

www.Ahlehaq.com

طرح سمجھو کہ جب سورج سب جگہ موجود ہو کر وہ چوتھے آسمان پہ ہے روح نبی صلے اللہ علیہ وسلم جو ساتویں آسمان پر علیین میں موجود ہے۔ اگر وہاں سے آپ کی نظر مبارک کل زمین پر یا زمین کے چند مواضع و مقامات پر پڑ جائے اور ترشح انوار فیضان احمدی سے کل مجالس مطہرہ کو ہر طرف مثل شعاع شمس محیط ہو جاوے کیا محال ہے اور کیا بعید ہے علامہ زرقانی نے ابو الطیب کا شعر شرح مواہب لدنیہ کی فصل زیارت قبر شریف میں نقل کیا ہے کالشمس فی وسط السماء ونورها، یغشی البلاد مشارقا ومغاربا: کالبدر من حیث التفت رأیتہ: یهدی الی عینیک نورا ثاقبا۔ یعنی جس طرح سورج آسمان کے بیچ میں ہے اور روشنی اس کی پھیلی ہوئی ہے مشرق سے مغرب تک اور جس طرح چاند جہاں سے تو اس کو دیکھے، اسی جگہ سے نور تیری آنکھوں میں بخشے گا، انتہی کلامہ۔ پس فرق یہ ہے کہ سورج اور چاند کے دیکھنے کی آنکھ اللہ تعالیٰ نے ۔۔ کھول رکھی ہے اس کے ذریعہ سے بینا آدمی دیکھکر چاند کہدیتا ہے چاند ہر جگہ موجود ہے اندھا مادر زاد یوں کہے گا کہ چاند کہیں نہیں، پس اسی طرح روح نبوی کا دیکھنا موقوف ہے اللہ تعالیٰ کی عنایت پر اگر وہ آنکھ باطنی کھول دے اور پردہ اٹھا دے ہر جگہ انسان جلوۂ احمدی دیکھ سکتا ہے، امام شعرانی نے میزان میں لکھا ہے قد بلغنا عن ابی الحسن الشاذلی وتلمیذہ ابی العباس المرسی وغیرہما انہم کانوا یقولون لو حجبت رؤیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طرفۃ عین ما عددنا انفسنا من جملۃ المسلمین ،، دیکھئے ابو الحسن شاذلی وغیرہ اولیاء فرماتے ہیں کہ اگر ایک پل جھپکنے کی برابر بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے چھپ جاویں تو ہم اپنے تئیں مسلمان نہ جانیں، انتہی، اب دیکھئے یہ اولیاء اللہ مطلق صاحبان صافی عقیدت کے نزدیک کس فتوی اور کس حکم میں داخل ہوں گے اور ہونا روح انبیا علیہم السلام کا علیین میں ساتویں آسمان پر جو ہم نے بیان کیا تفسیر عزیزی کے بیان علیین میں دیکھو، لیکن باوجود ہونے علیین میں آپ کی روح کو قبر شریف سے بھی اتصال قوی ہے ہر زائر کو جانتے ہیں کون زیارت کو آیا سب کو سلام کا جواب دیتے ہیں قبر میں جسم مبارک زندہ ہے زرقانی نے لکھا ہے ان نبینا فی الرفیق الاعلیٰ وبدنہ فی قبرہ یرد السلام علی من یسلم علیہ اس مقام کی تحقیق زیادہ اس سے مقام اثبات مولود شریف میں بیان کریں گے، اب فکر کرنا چاہیے جب چاند سورج ہر جگہ موجود اور ہر جگہ زمین پر شیطان موجود ہے اور ملک الموت ہر جگہ موجود ہے تو یہ صفت خاص خدا کی کہاں ہوئی اور تماشہ یہ کہ اصحاب محفل میلاد

منطق پڑھ کر مؤلف نے یاد کرکے یہ تہذیبی عقیدہ کی اختیار کی مگر فہم سے ماشاء اللہ ہنوز بہت دور ہیں خاصہ حق تعالیٰ کے علم کا یہ ہے کہ اس کا علم ذاتی حقیقی ہے کہ جس کا لازم احاطہ کل شیٔ کا ہے اور تمام مخلوق کا علم مجازی ظلی کہ قدر عطا کی حق تعالیٰ کی طرف سے مستفاد ہو پس اعلیٰ علیین میں روح مبارک علیہ السلام کی تشریف رکھنا اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کی برابر ہو چہ جائیکہ زیادہ، چنانچہ وجہ اس کی اوپر ذکر ہوئی اور قیاس سے اس کا اثبات جہل ہے کہ شائبہ علم کا بھی اس کا مجوز نہیں الغرض یہ تحقیق واہی مؤلف کی محض جہل ہے وہ آپ شاید شرک میں مبتلا نہ ہو مگر ایک عالم کا راہ مار دیا بعد اس کے جو حکایات اولیاء اللہ کی مؤلف نے لکھی ہیں تو اول تو یہ حکایات تحت شرعیہ مثبت حکم کی نہیں خصوصًا باب عقائد میں پس ان حکایات کو قبول کرکے نصوص کا رد کرنا کسی جاہل سے بھی متوقع نہیں چہ جائیکہ عالم سے اور بعد تسلیم کے جواب یہ ہے کہ ان اولیاء کو حق تعالیٰ نے کشف کر دیا کہ ان کو یہ حضور علم حاصل ہو گیا، اگر اپنے فخر عالم علیہ السلام کو بھی لاکھ گونہ اس سے زیادہ عطا فرما دے ممکن ہے مگر ثبوت فعلی اس کا کہ عطا کیا ہے کس نص سے ہے کہ اس پر عقیدہ کیا جاوے اور مجلس مولود میں خطاب حاضر کیا جاوے اس امر کا محض امکان سے تو کام نہیں چلتا بالفعل ہونا چاہیے اور ثبوت

ہر شئے کو گھیر لینا ۔ ۲ فائدہ حاصل کیا ۔ ۳ ثابت کرنا ۔ ۴ کم زور ۱۲

زمین کی تمام جگہ پاک ناپاک مجالس مذہبی وغیر مذہبی میں حاضر ہونا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا نہیں دعویٰ کرتے ملک الموت اور ابلیس کا حاضر ہونا اس سے بھی زیادہ تر مقامات پاک ناپاک کفر غیر کفر میں پایا جاتا ہے کہ تمہارے استدلال کے موافق تو چاہیئے یہ سب محدث اور فقہا باعث اعتقاد حضور ہر جائے ملک الموت اور ابلیس کے بانیان محفل مولد شریف کی بہ نسبت زیادہ تر مشرک ٹھیریں معاذ اللہ ع بریں عقل و دانش بباید گریست اہل حق پر واضح ہو کہ ہمارا یہ دعویٰ نہیں، کہ ہر محفل میں روح مبارک آتی ہے ہاں یہ دعویٰ ہے کہ اگر کسی کا یہ اعتقاد نہ ہو وہ مشرک نہیں لمعہ خامسہ نقل کلام مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی۔ قولہ ,, ایسی مجلس ناجائز ہے اور اس میں شریک ہونا گناہ ہے اور خطاب جناب فخر عالم علیہ السلام کو کرنا اگر حاضر ناظر جان کر کرے کفر ہے ایسی محفل میں جانا اور شریک ہونا ناجائز ہے اور فاتحہ بھی خلاف سنت ہو اور رسوم بھی کہ یہ سب ہنود کی رسوم ہے البتہ ثواب پہنچانا اموات کو بلا قید روا ہے اس کا مضائقہ نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم،، رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

اقول ,, اس عبارت کی رکاکت معانی وسخافت معانی دل میں شبہ ڈالتی ہے کہ یہ کلام مولوی رشید احمد صاحب کا نہ ہوگا، اول یہ کہ جواب مطابق سوال چاہیئے، سائل پوچھتا ہے کہ یہ امور بحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جائز ہے کہ نہیں آپ نے جواب میں ایک حدیث بھی نہیں لکھی خیال شیا تا دوسری یہ بات کہ وہ پوچھتا ہے اگر رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اشعار میں مخاطب حاضر ہوں جائز ہے یا نہیں یوں نہیں

ہو جانا نص سے واجب ہو مگر سوء فہم مؤلف کا قابل تماشہ ہے کچھ نہیں سمجھتا اور یہ بحث اس صورت میں ہے کہ علم ذاتی آپ کو کوئی ثابت کرکے یہ عقیدہ کرے جیسا جہلا کا یہ عقیدہ ہے اگر یہ جانے حق تعالیٰ اطلاع دیکر حاضر کر دیتا ہے تو شرک تو نہیں مگر بدون ثبوت شرعی کے اس پر عقیدہ درست بھی نہیں اور بدون حجت ایسی بات کو عقیدہ کرنا موجب معصیت کا ہے اب ظاہر ہوگیا کہ کوئی محدث و فقیہ وصوفی و متقی مشرک نہیں مگر جس کا عقیدہ مؤلف کی تحریر کے موافق ہوگا البتہ وہ مشرک ہے اور ان عبارات اور روایات سے حجت اپنے دعوی بے سروپائی لانا محض کو تاہ فہمی مؤلف کی ہے ورنہ ہرگز دلیل دعویٰ مؤلف نہیں کما لا یخفی قولہ اہل حق پر واضح ہوا الخ اقول، اگر دعویٰ مؤلف کا محل غلط اور ان دلائل سے کچھ ثبوت مدعی مؤلف کا نہیں ہوا اگر مؤلف اپنے زعم فاسد میں اس دعوی کو ثابت جانتا ہے پھر اس پر عقیدہ نہ کرنا بحث ان بلکہ یہ نہیں ہو کہ جس امر کو حق جانے اور دلائل سے ثابت سمجھے اور خلق کو اس پر دعوت اور قرار دیوے پھر آپ کیوں اس کا دعوی نہ کرے اور عقیدہ نہ ٹھیرا دے شاید مؤلف کو بھی ہنوز اس امر میں تردد ہے اور محض نفسانیت سے اپنا لاعلم و لافہم ہونا ظاہر کر دینا مد نظر تھا گو خلق گمراہ ہو تو کیا حرج ہے معاذ اللہ،،

حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی کے جواب کے رد کا رد | قولہ لمعہ خامسہ، نقل کلام مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی قولہ اس عبارت کی رکاکت الخ اقول خود مؤلف لمعہ ثانیہ شرح سوال میں لکھ چکا ہے کہ سائل نے حصر کر دیا دین کو حدیث میں یوں پوچھنا چاہیئے کہ شرع میں جائز ہے یا نہیں نہ یہ کہ فقط حدیث سے جواب طلب کرنا مؤلف کے نزدیک معیوب ہے تو اب یہاں حدیث سے طالب جواب کو حدیث سے جواب دینے میں طعن کیوں کیا جاتا ہے ہم مؤلف صاحب کس قدر خواب خرگوش میں ہیں کہ سائل پر تو یہ طعن کہ تو نے یہ بیجا کلام کہا کہ یہ لکھا کہ جواب حدیث سے لکھو حجت شرعیہ حدیث میں حصر نہیں اور مجیب نے جو اس کی اس قید کو لغو جان کر جواب حجت شرعیہ سے دیا اور حدیث کی قید کا التفات نہ کیا، تو عیب یہ طعن ہے مؤلف کو اپنا مقولہ بھی یاد نہیں رہتا تو کسی کا قول و روایت کیا یاد رہے گی معہذا سائل یہ کہتا ہے کہ حدیث سے جواب دو یہ نہیں کہتا

---

۱ بے علم و بے فہم ۲ غفلت

پوچھتا ہو مجلس میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر ناظر جان کر اشعار پڑھیں، اب دیکھئے اصل سوال کا جواب تو ندارد اور اپنی طرف سے ایک
شاخ لگا کر یہ جواب دیا کہ خطاب فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اگر حاضر ناظر جان کر کرے دیکھئے سوال دیگر اور جواب دیگر مفتی صاحب کی تحریر سے
یہ بات تو اشارۃً معلوم ہوئی کہ اگر کوئی آدمی حاضر و ناظر نہ جانتا ہو فقط شوق و محبت میں مخاطبانہ اشعار پڑھتا ہو وہ کفر نہیں لیکن پھر یہ بات
کہ یہ خطاب حرام یا مکروہ یا مباح یا مستحب ہے کس حکم میں وہ مخاطبانہ اشعار داخل ہیں اور جائز ہے یا نہیں یہ اس کا اصل سوال تھا اس کا جواب
مفتی صاحب کے پیٹ میں رہ گیا یہ فتویٰ نویسی کیا ہوئی حکم افتا رہ جانا چاہیئے کہ تشریح و توضیح سے ہو دے نہ یہ کہ اصل مدعا سائل بھی مفتی کی دلیل[1]
نوک زبان تک نہ آوے نفسو ہی بات ہے۔ کہ سائل نے فاتحہ اموات کو بھی مع تعینات پوچھا تھا اور محفل مولود و مدح خوانی کو بھی مع تعینات
مفتی صاحب نے فاتحہ کی تعینات کو خلاف سنت فرما کر اس کو تو لکھ دیا البتہ ثواب بھیجنا اموات کو بلا قید ہوا ہے اور محفل مدح خوانی سے ایسا تنفر
کہ اس کو کرنا گناہ اور اس میں شریک ہو جانا بھی گناہ بلکہ اپنی طرف سے ایک شاخ حاضر و ناظر کی لگا کر کفر تک نوبت پہنچائے اور یہ سب مذمت کر کے
اس قدر منہ سے نہ نکلا کہ مدح خوانی رسول اللہ علیہ وسلم بغیر ان قیود کے درست ہے جس طرح اموات کے واسطے لکھا تھا کہ بلا قید روا ہے
آدمی مسلمان ہو کر اگر اپنے شفیع محشر کی نعت اور مدح خوانی کو بلا قید بھی مباح نہ جانے پھر اس کے ایمان کا کیا ٹھکانہ اور: ملا مفتی ہو کر فتویٰ

کو جواب میں حدیث کی عبارت بھی نقل کریں پس اس کی خواہش کے موافق جواب سوال کا حدیث سے ہی دیا گیا کہ مجیب کا مستخرج احادیث سے
ہی تو ہے جس سے سائل کی تسکین ہو گئی اگر مؤلف کو کچھ تامل و تردد ہے تو اس سائلہ با ہیں قاطعہ سے اب دریافت ہو جائے گا کہ مجیب کا جواب کیسا عمدہ
و جت ہے مستخرج احادیث صحاح سے ہے اب نو پر چہارم میں واضح ہو جاتا ہے نقط قولہ دوسری یہ بات کہ وہ پوچھتا ہے الخ اقول پہلے گذر چکا ہے
کہ خطاب گاہ بوجہ حاضر جاننے کے ہوتا ہے گاہ بغیر اس کے اور خطاب کا موضوع لہ[2] حاضر ہی ہے گو مجاز اً دوسرے معنی بھی ہوں میں ان پڑھنے والا
بھی جانتا ہے اور یہ بھی گذر چکا کہ سائل عوام جہال[3] کے عقیدہ کو جانتا ہے کہ حضور کا بھی عقیدہ رکھتے ہیں اصل سوال اس کا یہ ہوا اور دوسری شق مقصود
اصلی نہیں لہٰذا شق اول کی پہلی صراحت ضرور ہونی چاہیئے تھی اور دوسری شق مجیب صاحب کے نزدیک مراد سائل کی نہ تھی، لہٰذا جواب میں
صراحت نہ کی مگر مؤلف صاحب عجب ہے کہ ندا میں ان کے نزدیک بھی وہ احتمال ہیں خود مؤلف نے شرح سوال میں خطاب و ندا ر حاضر جان
کر کرنے کے جواب میں اپنا پیٹ بھرا اور جواب کو دل سے نوک زبان پر نہ لائے یہاں سے معلوم ہوا کہ مؤلف صاحب کی ایک شق حضور کا جواب
ہضم کرنے کی یہ وجہ تھی کہ مقصود سائل کا دوسری شق سمجھ گئے تھے، پھر آپ مولوی صاحب پر کیا وجہ اعتراض کی ہے مولوی صاحب نے تو لفظ اگر
لگا کر مفہوم ہے دوسری شق کا شریک ہونا ملا بھی دیا آپ نے تو مطلقاً جائز لکھ دیا اور شرک کا حصہ شکم میں رکھ لیا مگر ہاں درست ہے آپ تو حضور کو واقعی
اور جائز ہی جانتے ہیں قریب ہی ذکر ہو چکا لاحول ولا قوۃ الا باللہ کیا عجب اعتراض ہے کہ اپنے گھر کی خبر نہیں دوسروں پہ اعتراض فقط، قولہ
تیسرے یہ الخ اقول یہ اعتراض محض کم فہمی مؤلف سے پیدا ہوا اسو کہ سائل کا سوال مجلس مولود و میت کذائیہ کا اور ایصال ثواب بہیئۃ کذائیہ
ہی کا تھا جیسا کہ مؤلف بھی معترف ہے سو جواب دونوں سوالوں کا تمام ہو گیا مگر چونکہ مجیب کو یہ اندیشہ ہوا کہ اگر کوئی کم فہم مطلب سمجھے ایصال
ثواب کو مطلقاً منع جان جاوے گا تو خیر کثیر مقصود شارع کا بند ہو جاوے گا لہٰذا اصل ایصال ثواب کے جواز کی تصریح کر دی اور مولود کی
مجلس بند ہونے میں کوئی حرج نہیں، جیسے چھ سو برس تک نہ تھی تو کوئی حرج و نقصان فی الدین نہ تھا اگر اب بھی بند ہو جاوے تو کیا
حرج ہے اور ایسی مزید اور بدعت منع کرنے سے بھی موقوف نہیں ہوتی لہٰذا اس کو اگر ذکر نہ کیا جائے تو مناسب ہو بخلاف صدقہ کے اموال کی

[1] دلیل۔۔ [2] جاہل کی جمع [3] موجودہ حال

کی عبارتیں لکھیں اور اتنے حرف لکھنے میں کہ مدح خوانی فی نفسہ مباح ہے، کوتاہ قلمی کریں یہ کیا دیانت اور انصاف ہی چوتھے، یہ کہ سائل نے پوچھا تھا کہ محفل میلاد اور فاتحہ اموات اور رسوم میں قرآن اور کلمہ طیبہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں اس کا جواب یہ لکھا کہ سب ہنود کی رسوم ہے بھلا کون بے وقوف کہدے گا کہ محفل مولد شریف اور قرآن اور فاتحہ اور کلمہ پڑھنا ہندوؤں کی رسم ہے ہاں بعض کم فہم اس طرح تو کہدیا کرتے ہیں کہ رسوم رسوم میں مشابہت ہنود کی لازم آتی ہے حالاں کہ وہ بھی باطل ہے چنانچہ ہم لمعات اور انوار آئندہ میں تحقیق کریں گے پانچویں یہ بات کہ انہوں نے جو یہ جملہ لکھا ہے کہ یہ سب ہنود کی رسوم ہے اس کی ترکیب ازروئے قاعدہ یہ ہوئی کہ لفظ یہ سب مبتدا اور ہنود کی رسوم خبر اور ہے حرف ربط، اب دیکھئے مبتدا میں معنی جمع کے موجود یعنی یہ سب اور لفظ رسوم خود جمع رسم کی پس مبتدا بھی جمع اور خبر بھی جمع حرف ربط یعنی لفظ ہے واحد کیوں لائے، قاعدہ کی رو سے یہ چاہئے تھا، کہ یہ سب ہنود کی رسوم ہیں چھٹے بات یہ کہ جب ان کے مرشد برحق جناب حاجی امداد اللہ صاحب نے مسائل اختلافی میں مہر لگانے سے منع کردیا، جیسا کہ نور دوم کے لمعہ اولیٰ میں گذرا پھر کس طرح خیال میں آوے کہ وہ شیخ کی حکم عدولی کریں، اور اگر کوئی یہ لکھنے لگے کہ یہ مسائل اختلافی نہیں بلکہ یہ تو بالاتفاق ممنوع ہیں، تو ہم اس آدمی کو نہایت درجہ کا بے حیا زبان زور جانیں گے اس لئے کہ فاتحہ اموات اور محفل میلاد شریف مع قیود تشریح و قیام و مدح و سلام وغیرہ جس طرح کہ اب رائج ہیں، اسی ہیئت کے جواز میں

محبت خود مانع ہوتی ہے وہاں تصریح کرنا مناسب تھا اگر کوئی حدیث وفقہ کو جانتا ہے وہ معلوم کرے گا کہ شارع علیہ السلام اور فقہاء اور کی اتباع جس امر میں شائبہ لذت دیکھتے ہیں ان کو سرے سے بند کرتے ہیں ورنہ قید کے ساتھ منع کرتے ہیں، اگر مؤلف صاحب کو کچھ مضمون تفقہ ہوتا تو شاید اس نکتہ کو سمجھتے، مگر جس کے دل میں فہم کی رغبت وحصہ ہی نہ ہو محض نقل الفاظ سے ہی کام ہو وہ معذور ہے قولہ چوتھے یہ الخ اقول یہ مؤلف کے کمال فہم کی دلیل ہے کیوں کہ جواب محفل مولود کا تمام ہو چکا پھر دوسرے سوال کا جواب شروع کیا بقولہ اور فاتحہ بھی خلاف سنت ہو اور سوئم بھی، سو اس فاتحہ اور سوم کی نسبت لکھا ہے، کہ رسم ہنود ہے کیوں کہ تیسرے دن کا اجتماع اور کھانا برہمن کے سامنے رکھکر اشلوک گوانے ان کا ہی دستور ہے، پس کون بیوقوف کہدے گا کہ یہ جواب محفل میلاد کا ہے اور کون احمق سمجھے گا کہ مولوی صاحب نے قرآن و کلمہ کو رسم ہنود کہا ہے بلکہ اس اجتماع روز سوم اور کھانا آگے رکھ کر ہاتھ اٹھانے کی ہیئت کو لکھا ہے باقی مشابہت کا جواب ہم بھی آپ کی تحریر کے وقت لکھیں گے، اور آپ کی کم فہمی ظاہر کردیں گے فقط قولہ پانچویں الخ اقول یہ مؤلف صاحب کا کمال سو رکاکت لفظی کا اظہار ہے قطع نظر اس کے کہ یہ ترکیب درست ہے، ایسے فضول مواخذہ کا جواب بھی فضول ہے یہ محض عصد کینہ ہے کیونکہ اس طبع میں چند غلطی کاتب کی موجود ہیں اس سے زیادہ کہ ناظر پر کچھ مخفی نہیں پھر اس کو تحریر فرمانا کمال ہی کینہ کی وجہ ہے، جواب اس کا پہلے بھی حسن علی کے اعتراض میں گذر چکا پھر بھی ذکر کیا جاتا ہے کہ اب مؤلف صاحب تمام مصنفین ہدایہ شرح وقایہ کنز اور مشکوۃ بخاری وغیرہ وکتب حدیث اور خود قرآن شریف پر بھی اعتراض غلطی عبارت اور رکاکت لفظی کا فرمادیں تو مناسب ہے کہیں غلغلہ بلاغت مؤلف صاحب کا بہت ہو جاوے گا فقط قولہ چھٹے الخ اقول یہ محض افترا ہے ان کے حضرت مرشد سلمہ نے ہرگز ان کو اس امر سے منع نہیں کیا، اس کا جواب شکایت مولوی محمد یعقوب صاحب مرحوم میں گذرا مگر ہاں مؤلف بھی مرید ان کے مرشد کا ہے، اور اس کو ان کی مخالفت سے ان کے مرشد نے منع فرمایا تھا چوں کہ وہ سراسر خلاف امر اپنے مرشد کے کرتا ہے دوسروں کو بھی اپنے اوپر قیاس کرتا ہے، ایک تو یہ کہ کمال کذب دوسرے مؤلف اپنے مرشد کو اس سائیں

لے شبہ لے فقدانی لے رسم کی جمع لے ہندو کی جمع لے حالت لے کمزوری

دھلی اور بداؤں اور الہ آباد اور کلکتہ اور حرمین شریفین وغیرہ عالموں کے فتاویٰ موجود ہیں بالاتفاق ممنوع ہونے کے کیا معنے،
ساتویں بات یہ کہ مولوی رشید احمد صاحب کے استاد شاہ عبدالغنی صاحب دہلوی ربیع الاول میں مولد شریف کرنے کی بابت رسالہ
شفاء السائل میں لکھتے ہیں،، وحق آن ست کہ نفس ذکر ولادت صلی اللہ علیہ وسلم وسرور فاتحہ نمودن یعنی ایصال ثواب بروح پرفتوح
سید الثقلین از کمال سعادت انسان است چنانچہ شیخ ابن حجر مکی وشیخ عبدالحق دہلوی وغیرہما تصریح نمودہ اند اگرچہ بار دیگر اگر
مقترن شوند کہ خلاف شرع ہستند پس البتہ ممنوع خواہد بود مثل مراثی وسرود خوانی الیٰ آخرہ، اب دیکھنا چاہیئے کہ ان کے استاد
مرثیہ اور سرود خوانی کو تو منع فرماتے ہیں، لیکن شیخ عبدالحق اور ابن حجر کے تابع اور موافق ہوکر محفل مولد شریف اور تقسیم شیرینی وغیرہ
بقصد ایصال ثواب روح مبارک اور اظہار سرور کرنا موجب سعادت انسان لکھتے ہیں اب خیال فرمایئے کہ یہ کیا سعادت مندی
ہوئی، کہ استاد تو اس کو موجب سعادت اعتقاد فرمادیں اور شاگرد رشید اس کو گناہ قرار دیں اور خواہی نخواہی اس کی شاخیں نکالکر
کشاں کشاں کفر تک بھی نوبت پہنچادیں،، آٹھویں بات یہ کہ جب سائل نے استفتاء میں یہ سوال درج کیا کہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم

لکھتا ہے کہ ہم بھی ان سے ملے ہیں، چنانچہ شکایت اولی مولوی محمد یعقوب صاحب مرحوم میں لکھا ہے اور یہ لفظ سعادتمندی کا ہے
کتب فقہ میں ہے کہ جس نے اپنے باپ کو قریب کہا وہ عاق[۱] ہے، پس استاد پیر کی نسبت ایسی کلام کس درجہ میں شمار ہوگی ہر عاقل جانتا
ہے، اور مؤلف نے جو کچھ اپنے استادوں کی شان میں اس رسالہ میں لکھا ہے وہ سب لوگ ملاحظہ فرماویں قولہ ساتویں الخ اقول استاد
کی تقلید[۳] کا حکم مولوی رشید احمد صاحب مدظلہ کو تو اس زور و شور سے دیا جاتا ہے گویا فرض ہے اور مؤلف خود اپنے استادوں کا اسقدر
مخالف کہ اتباع کجا سب و شتم ان کے عقیدہ پر کرتا ہے مگر خیر مؤلف کا تو مثل روافض کے قدیم وطیرہ ہو کہ کرنا کچھ اور کہنا کچھ مؤلف کو مبارک رہے مگر
فرض کیا کہ شاہ عبدالغنی صاحب کی رائے مؤلف کے موافق تھی اور مجیب نے مخالفت اس مسئلہ میں اپنے استاد کی کی، مگر مخالفت علماء کی اپنے
استاد سے کسی جزئی مسئلہ میں کوئی امر جدید نہیں جو مؤلف کو محل نقصان ہو امام ابو یوسف اور امام محمد امام ابو حنیفہ کی بہت جزئیات میں خلاف
پر ہیں، اور آج تک یہ امر جاری ہے پھر یہاں اس قدر غیظ مؤلف کا محض سینہ کا کینہ ظاہر کرتا ہے ورنہ ان مقتدایان پر بھی اعتراض کرنا
لازم و الا جو وہاں تاویل کرتے ہو یہاں بھی کرنا تھا بعد اس کے سنو کہ اس وقت کی مجالس مولود میں کوئی امر غیر مشروع نہ ہوتا تھا، اور
نفس ذکر ولادت کو مجیب اور کوئی عالم منع نہیں کرتا، اس وقت کی محافل میں اگر کوئی امر مباح اتفاقی تھا، اس پر تاکد کا گمان نہ تھا،
اب جو قلوب عوام میں تاکد و وجوب راسخ ہوا تو مکروہ ہوگیا گاہ کوئی امر ہوتا ہے اور علماء کو اس وقت اباحت موجودہ کا خیال ہوتا ہے، اور
مآل کار میں مفسدہ بر وہ بیان نہیں ہوتا تو اس وقت جواز کا فتویٰ دیتے ہیں اور پھر آخر میں اس میں کراہت پیدا ہو جاتی ہے تو اس وقت ممنوع
ہو جاتا ہے پس تعامل ان لوگوں کا موجب جواز نہیں ہوتا البتہ قرون ثلثہ کا تعامل ہو جاتا ہو معہذا خود امر منصوص مباح بھی بعض اوقات بسبب
اس تاکد کے مکروہ ہو جاتا ہے جیسے صلوٰۃ ضحیٰ[۷] کہ تداعی و اہتمام سے مساجد میں ادا کرنے سے صلوٰۃ ضحیٰ مستحب کو حضرت ابن عمرؓ نے بدعت فرمایا
تو پس شیخ عبدالحق اور ابن حجر کی تحریر سے اس حالت موجودہ میں یہ محفل مروجہ ہرگز جائز نہیں ہو سکتی گو اس وقت میں مباح تھی اور شاہ صاحب
کا بھی یہی منشاء اور مراد ہے اگر مؤلف کو فہم ہوتا تو سمجھتا پس مخالفت شاہ صاحب کی ہرگز نہیں ہوئی، اگرچہ مؤلف فہم سے عاری
مخالفت جانتا ہے قولہ آٹھویں الخ اقول پہلے بھی گذرا اب پھر لکھتا ہوں کہ یہ عقیدہ علم غیب تو خواہ کوئی ایسے اشعار پڑھے شرک ہے

---

۱ نافرمان ۲ حقوق ولدیت سے محروم ۳ پیروی ۴ مضبوط ۵ انجام کار ۶ عمل کرنا ۷ چاشت کی نماز

اشعار میں مخاطب حاضر ہوں تو مولوی رشید احمد صاحبؒ اس میں فکر کرتے، کہ ایسے اشعار جس میں یا رسول اللہ یا نبی اللہ خطاب حاضرانہ موجود ہو، ہمارے بزرگوں نے تصنیف کئے ہیں یا نہیں پھر اپنے مرشد کا قصیدہ اور مولوی محمد قاسم صاحبؒ کا قصیدہ یاد کرکے بیشک لکھدیتے کہ ایسے اشعار جائز ہیں اس وقت ہم کو لازم ملاتے کہ مولوی صاحب کے مرشد برحق جناب حاجی امداد اللہ صاحبؒ کا قصیدہ پڑھ کر سنادیں قصیدہ ذرا چہرہ سے پردہ کو اٹھاؤ یا رسول اللہ، مجھے دیدار تم اپنا دکھاؤ یا رسول اللہ، کرد روئے منور سے میری آنکھوں کو نورانی، مجھے فرقت کی ظلمت سے بچاؤ یا رسول اللہ اگرچہ نیک ہوں یا بد تمہارا ہو چکا ہوں میں، بس اب چاہو ہنسا کر یا رلاؤ یا رسول اللہ، پھنسا ہوں طرح گرداب غم میں ناخدا ہو کر مری کشتی کنارے پر لگاؤ یا رسول اللہ، اگرچہ ہوں ناقابل پہ ہاں پر امید ہو تم سے، کہ پھر مدینہ میں بلاؤ ...... یا رسول اللہ جہاز امت کا حق نے کر دیا ہو آپ کے ہاتھوں، بس اب چاہو ڈبو یا دو یا ترا دو یا رسول اللہ، پھنسا کر اپنے دام عشق میں امداد عاجز کو

بس اب قید دو عالم سے چھڑاؤ یا رسول اللہ

یہ قصیدہ جس وقت حاجی صاحبؒ حج کرکے ہندوستان میں تشریف لائے تھے تب اشتیاق میں فرمایا تھا چنانچہ یہ مضمون ایک مصرع کا صاف ہے کہ پھر مجھکو مدینہ میں بلاؤ یا رسول اللہ، غرضکہ یہ ندائے یا رسول اللہ اور یہ مدد مانگنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو اس قصیدہ میں ہے یہ ملک ہندوستان سے خطاب و استمداد کیا گیا ہے اور مقبول بھی ہوا چنانچہ پھر حاجی صاحب بلوائے گئے اور زیارت مدینہ سے مشرف ہوئے اور تعریف جناب حاجی امداد اللہ صاحبؒ کی محتاج بیان نہیں، مختصر بات یہ ہے کہ مولوی محمد قاسم صاحبؒ نانوتوی جو ضلع سہارنپور میں مشہور و معروف ہیں، جناب حاجی امداد اللہ صاحب ممدوح کی اس طرح تعریف لکھتے ہیں، اشعار مجمع مقتدائے عشق بازاں، رئیس و پیشوائے جانگدازاں امام راست بازاں شیخ عالم، ولی خاص صدیق معظم، دستہ والا گہر امداد اللہ، کہ بہر عالم است امداد اللہ، یہ اشعار مولوی محمد قاسم صاحبؒ شجرہ منظومہ صابریہ لکھے ہیں جو قصائد قاسمی کے اخری اوراق مطبع مجتبائی الاخبار مراد آباد میں مطبوع ہوئے ہیں، بھلا یہ بات کیونکر ممکن ہو اور کس طرح خیال میں آوے کہ مولوی رشید احمد صاحب ایسے اشعار کا پڑھنا کفر قرار دیں اور خود ان کے مرشد شیخ عالم صدیق معظم عین حالت محویت میں خطاب حاضر یا رسول اللہ اور ندائے یا رسول اللہ شوق میں پکار کر پڑھیں اور مدد چاہیں نیز ان کے پیر بھائی مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی رح خطاب حاضر یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کریں اور مدد مانگیں چنانچہ شعر ان کا قصائد قاسمی مطبوعہ مراد آباد کے صفحہ میں یہ ہے تیرے بھروسہ پہ رکھتا ہے غرہ طاعت گناہ قاسم برگشتہ بخت بد اطوار، اور صفحہ ۸ میں ہے کہ اگر جواب دیا ہے کسی کو تو نے کبھی، تو کوئی اتنا نہیں جو کرے کچھ استفسار، کروڑوں جرم کے آگے یہ نام اسلام، کرے گا یا نبی اللہ کیا مرے بیکار، بہت دنوں سے تمنا ہے کیجے عرض حال، اگر ہو اپنا کسی طرح تیرے در تک بار، مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا نہیں ہے قاسم بے کس کا کوئی حامی کار، اب دیکھئے جناب حاجی صاحبؒ اور مولوی محمد قاسم صاحبؒ یہ سب یا رسول اللہ یا نبی اللہ کہہ رہے ہیں، ان صاحبوں کو تو خطاب حاضر کرنا جائز ہو اور دوسرے

شوق و محبت میں جائز اور سب مسلمان صلحاء و علماء پر گمان صالح ہے مگر خلوت میں یا مجمع خواص میں ایسے اشعار اگر ہوں تو اندیشہ نہیں کہ جب مجمع فجار و مبتدعین بدعقیدہ میں پڑھے جاویں گے تو عوام کو لاریب سخت ضرر ہوگا، لہذا بایں وجہ منع اور مکروہ ہوا ہے اور یہی جواب سے معلوم ہوتا ہو سو اس کی نظیر لانا اور استدلال میں ذکر کرنا محض کم فہمی ہے اور مؤلف صاحب پر پہلے ہرگز گمان علم حضور کا کسی کو نہ تھا، فقط اس وجہ خرابی کے منع کیا جاتا تھا، مگر اب تو مؤلف خود کھیل کھیلا اور اپنے عقیدہ کا اقرار کر دیا اب کیوں گردن پھیرتا ہے شیطان کے علم کی

ع ناجر کی جمع

اگر اس طرح کہیں تو وہ کافر ہو جاویں یہ کیسی بے انصافی ہے، یہ گمان دونوں صاحبوں کو یہ خیال کرنا کہ یہ تو حاضر نہیں جانتے اور دوسروں کو یہ گمان کرنا کہ وہ خدا تعالیٰ کی طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو حاضر ناظر جانتے ہیں اور یہ دونوں صاحب تو غلبہ شوق میں خطاب کرتے ہیں، دوسرے آدمی یوں ہی بے ہودہ بکتے ہیں، یہ کیسی ہٹ دھرمی ہے نویں :۔ یہ بات کہ بہت مشائخ عظام ایسے گذرے کہ ان کو حضوری رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہوئی تھی بعضوں کو ہر روز ہر گھڑی جیسا کہ ہم لمعہ رابعہ میں حال ابو العباس مرسی وغیرہ کا لکھ چکے ہیں اور آئندہ نور چہارم میں بھی بیان کریں گے اور بعضوں کو ہر روز نہیں ہوتی گاہے گاہے حضوری ہوتی ہے، پس ایسے لوگ یعنی جن کو حضوری میسر ہے وہ تو بیشک حاضر ناظر جان کر خطاب کریں گے حاضر کے معنی موجود جب حضوری ہوئی تو موجود ہوئے اور جب موجود ہوئے تو ناظر بھی ہوئے ناظر کے معنے دیکھنے والا بھلا مفتی صاحب نے جو علی العموم بلا تخصیص استفتار لکھدیا کہ خطاب فخر عالم علیہ السلام کو جو حاضر ناظر جان کر کرے کفر ہے، یہ کیسا ستم کیا ہے، الاماں الاماں ،، دسویں بات یہ کہ اس فتویٰ کے جواب میں مولوی رشید احمد صاحب محفل مولد شریف میں شامل ہونا گناہ فرماتے ہیں حالاں کہ وہ بذات خود شریک محفل میلاد ہوئے، اور نیز ان کے مشائخ طریقت، تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب ڈپٹی عبد الحق رام پوری مولوی رشید احمد صاحب کو اپنے ساتھ مکہ معظمہ لے گئے، وہاں یہ مولوی صاحب مع اپنے برادر طریقت حکیم ضیاء الدین صاحب محفل مولد شریف میں شریک ہوئے اور پیر مرشد ان کے جناب حاجی امداد اللہ صاحب ایام غدر سے مکہ معظمہ میں مقیم ہیں تو وہ بارہا محافل میلاد شریف میں شریک ہوئے اور اب بھی ہوتے ہیں لیکن اب کم اس لئے کہ شدت ضعف پیری سے زیادہ بیٹھنا زیادہ کھڑا ہونا موجب تکلیف ہے اس سبب سے اگر خود حاضر نہیں ہوتے تو اور مرید طالب لوگوں کو اور اپنی عوض خاص اپنے برادر زادہ حافظ احمد حسین صاحب کو ارشاد فرما دیتے ہیں تم جاؤ اور پیر سید احمد صاحب پیر مولوی اسمٰعیل صاحب کے اور پیران پیر مولوی رشید احمد صاحب کے جب مکہ معظمہ جاتے تھے جہاں کا ناخدا سید عبد الرحمٰن حضرت موتی تھا، اور معلم ان کا داؤد تھا جب جہاز ان کا تلعہ العفاریت یعنی لنکا سے کہ ایک مقام سخت تھا نکلا محفل مولد شریف ہوئی اور بعد اختتام شیرینی تقسیم ہوئی، کتاب مخزن احمدی جو مناقب سید احمد صاحب میں تصنیف ہو کر مطبع مفید عام آگرہ میں مطبوع ہوئی یہ کیفیت صفحہ ۹۴ میں مرقوم ہے اب سید احمد صاحب کے پیر مرشد

دلیل سے مؤلف نے یہ عقیدہ پیدا کیا ہے اور مولوی محمد قاسم صاحبؒ مرحوم اور حاجی امداد اللہ سلمہ کے اشعار کے ذکر سے مؤلف کو کچھ امداد نہیں ملتی لاحاصل ان کا ذکر کرتا ہے اور وجہ اس کی پہلے لکھی گئی، مگر مؤلف کی کم فہمی پر ہزار افسوس ہے قولہ نویں الخ اقول ہر عاقل جانتا ہے کہ کلام غائب کو حاضر جاننے میں ہو نہ حاضر کا خطاب حاضر کا کرنے میں سو یہ کلام مؤلف کا محض سفسطہ ہے قرینہ سیاق سباق کا اور د لالۃ الحال کلام میں ضروری ہوتی ہے اگر مؤلف اصول شاشی ۔۔۔ بھی پڑھا ہوا ہوتا تو ایسی بات منہ سے نہ نکالتا قولہ دسویں الخ اقول یہ کہانی محض غلط ہے اور اخیر ۳ ایسے قصص قابل احتجاج نہیں ہوتے اور جناب حاجی صاحب کا جانا بھی غلط ہے اگر وہ تشریف لے گئے ہوں تو وہ ایسی محفل ہوگی کہ شرعاً مباح ہو خالی از منکرات ۱ علےٰ ہذا سید صاحبؒ مرحوم کا قصہ بھی ایسا ہی قصہ شاہ عبد العزیز صاحبؒ کا قصہ صاحب تحفہ میں در باب ۲ اوہام شیعہ فرماتے ہیں کہ یوم موت یا یوم ولادت کو حزن و سرور کا دن ٹھیرانا اوہام شیعہ سے ہے مؤلف صاحب ملاحظہ فرماویں اور شاہ ولی اللہ صاحب قول جمیل میں لکھتے ہیں کہ ربلا اور وفات وغیرہ کا قصہ موسم میں بیان کرنا بھی آفات واعظین سے ہے پھر شاہ عبد العزیز صاحبؒ کی طرف یہ قصہ نسبت کرنا کسقدر بہتان ہے، حکایت کا مآل ایسا ہی ہوتا ہے کہ بے اصل اخبار شہرت

۱ ممنوعات ۲ وجہ کی جمع۔

شاہ عبدالعزیز صاحبؒ دہلوی کا حال سنیئے کہ کتاب ہادی المضلین اور نور العین وغیرہ سے لکھا جاتا ہے علیٰ ہذا محمد خاں صاحب رئیس مراد آبادی نے ان سے محرم میں بیان شہادت کربلا کا حال پوچھا تھا تو اس کا جواب بطور خلاصہ لکھتا ہوں شاہ صاحب نے جواب دیا کہ میں اس فقیر کے مکان پر سال بھر میں دو محفلیں ہوتی ہیں، محرم کے دسویں دن یا ایک دو دن پہلے قریب ہزار آدمی کم و بیش آتے ہیں، فضائل حسنینؓ بیان کرتا ہوں بعد ختم کو پنج آیۃ پڑھ کے جو کچھ پاس موجود ہوتا ہے اس پر فاتحہ کر کے تقسیم کر دیا جاتا ہے اور بارھویں تاریخ ربیع الاول کے اسیقدر آدمی ہوتے ہیں حال ولادت شریف و رضاع و حلیہ بیان کر کے جو کچھ کھانا یا شیرینی ہوتی ہے اس پر فاتحہ دیکر تقسیم کر دیجاتی ہے انتہیٰ کلامہ اب شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کی استاد اور مرشد اور والد حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کا حال سنیئے وہ فرماتے ہیں کہ مکہ معظمہ میں موافق تاریخ روز ولادت یعنی بارھویں ربیع الاول کو مولد شریف تھا حضرتؐ کے آثار اور عجائب معاملات کا جو وقت ولادت شریف ظاہر ہوئی تھی بیان ہو رہا تھا میں اس میں شریک ہوا اسمیں جو دیکھا تو انوار رحمت تھی اور انوار ملائکہ تھی یعنی وہ ملائکہ جو ایسی مجالس کے واسطے اللہ تعالیٰ نے مقرر فرما رکھے ہیں، اب شاہ ولی اللہ کے پیران پیر جو چھٹے طبقہ میں شیخ المشایخ ان کے ہیں یعنی مولانا جلال الدین سیوطیؒ جو مجدد اپنی صدی کے تھے وہ خود فرماتے ہیں یستحب لنا اظہار الشکر لمولدہٖ علیہ السلام بالاجتماع والاطعام وغیرذالک یہ عبارت سیرت شامی اور روح البیان وغیرہ میں مرقوم ہو، اب جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ کے پیر کے پیر شیخ ابن جزری مؤلف حصن حصین کا حال سنیئے وہ بھی محافل مولود شریف میں شریک ہوتے تھے اور مواہب لدنیہ وغیرہ میں ان کا کلام در باب ترغیب محفل مولد شریف منقول ہو ان کا خود یہ بیان کہ وہ بادشاہ مصر کی محفل مولد شریف میں شریک ہوئے اور خوش ہوئے حالانکہ اسمیں روشنی اور خوش الحان پڑھنے والے اور زیب و زینت وغیرہ قیود جو مفتیان فتویٰ انکاری کے نزدیک ناجائز ہیں وہ سب موجود تھیں، نور اول کے لمعہ ثانیہ میں ہم حال ان کا ملا علی قاری سے نقل کر چکے ہیں بھلا یہ بات کس طرح جائز ہو کہ مولوی رشید احمد صاحب کے مشایخ طریقت جن محفلوں میں شریک ہوں ان کو یہ خود گناہ اور کفر اور بدعت قرار دیں استغفر اللہ، ہم تو ایسا گمان ان پر نہیں لیجاتے سوا شیخ مخدوش خیلو گا اور جو کوئی کہ خواہی اس عبارت کو ان کے ذمہ لگا دے اور نشانہ اعتراض کا . . . . اس کو بتا دے اس کو اختیار ہے تابری مما تعملون، بلمعہ سادسہ نقل عبارت مولوی امیر باز خاں واعظ جامع مسجد سہارنپور، بعد حمد و الصلوٰۃ کے

بیان آتی ہیں اکثر وقائع شاہ عبدالعزیز صاحبؒ اور دیگر بزرگان کے ایسے ہی ہیں پس ایسی حکایات واہیہ قابل احتجاج اہل علم کی نہیں ہوتی ہیں شاہ ولی اللہ صاحبؒ کا روز وفات کے مولد النبی میں جانا جو کچھ لکھا ہے وہاں سے مولد سے مکان ولادت مراد ہو فیوض الحرمین کی عبارت خود شاہد ہے نہ مجلس مولود مگر سلیقہ علمی مؤلف میں مفقود اور فہم مراد معدوم جو چاہا لکھ دیا اور علیٰ ہذا جلال الدین نے جو اظہار شکر قراۃ قرآن ذکر ولادت و اطعام طعام کو جائز فرمایا اس وقت میں کوئی محذور اس میں خلط نہ ہوا تھا نہ تشبہ کا خدشہ نہ تقیید اطلاق کا اندیشہ نہ وجوب مباح کا تردد تھا لہٰذا جائز فرمایا اب سب اباحت بکراہت متبدل ہوئی اور نوبت بہ بدعت پہنچی مجلس مروجہ بدعت ہو گئی حکم مباحات کا بتبدل زمان متبدل ہو جاتا ہے علیٰ ہذا جو ابن جزری سے منقول ہے اس پر حسن ظن ہی کیا جاتا ہے کوئی امر غیر مشروع اس میں نہ تھا اگر مؤلف نہ مانے اور اسراف کے درجہ کی روشنی وغیرہ کا اقرار کرتا ہو تو ابن جزری کے فعل سے ممنوع منصوص جائز نہیں ہو سکتا ہر منصوص کے مقابلہ میں کسی کا قول اعتبار و التفات کے نہیں ہوتا پس شمار اسمار علماء کا کرنا محض لاحاصل ہے قولہ لمعہ سادسہ نقل عبارت

ہے کتنج سے واقعوں کی جمع کے بد لکھا نا ہے بے کار،

ہویدا ہو کہ التزام مجلس میلاد بلا قیام وروشنی وتقاسیم شیرینی وقیودات لایعنی کی ضلالت سے خالی نہیں وعلیٰ ہذا القیاس سوم وفاتحہ
بر طعام کہ قرون ثلثہ میں نہیں پائی گئی چنانچہ ملا علی قاری فرماتے ہیں، قال الطیبی فیہ من اصر علی امر مندوب وجعلہ عزماً ولم یعمل
بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعۃ او منکر ہذا محل تذکر الذین یصرون علی الاجتماع
فی الیوم الثالث للمیت ویرونہ ارجح من الحضور للجماعۃ ونحوہٖ پس ایسے مقامات میں القیاکیا عوام مومنین کو بھی شامل ہونا جائز نہیں
ہے، ان امور کے بدعت ہونے میں کوئی شک نہیں **محمد امیر باز خاں** **قولہ** بعد حمد والصلوٰۃ کے **اقول** سبحان اللہ دیکھنا آپ کی فصاحت
کلام جب بعد الحمد والصلوٰۃ میں دونوں الفاظ ترکیب عربی سے مجرور باللام کئے گئے اضافت عربی پیدا ہوچکی اب لفظ کے کا لانا جو ہندی میں
اضافت کے لئے آتا ہے کیا ضرور تھا ایک کلمۂ مرکب میں دونوں اضافتیں عربی وہندی کا جمع کردینا آپ ہی کا کمال ہے یہ تو آغاز و ابتدا
ہے ع آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا لیکن آپ ایک اس کا جواب معقول رکھتے ہیں کیونکہ آپ جامع مسجد کے واعظ ہیں فرماویں گے کہ مسجد
کے ملا کو حسن ترکیب الفاظ سے کیا علاقہ **قولہ** التزام مجلس میلاد بلا قیام وروشنی وتقاسیم شیرینی وقیودات لایعنی کی ضلالت سے خالی نہیں
اقول ارباب لتمکین کا اس عبارت سے مقصد حاصل ہوا اس لئے کہ جب بلا ان قیود کے ضلالت سے خالی نہ ہو تو مع ان سب قیود کے
ضلالت سے خالی ہوگا پس چاہیئے کہ التزام اس مجلس کا مع القیود کیا کریں تاکہ ضلالت سے خالی ہووے لیکن ہم جانتے ہیں کہ آپ کا مطلب
دلی تو یہ نہیں کیا کیجئے، عبارت کا بنانا نہ آیا مشکل یہ ہے کہ اردو عبارت کے لئے بھی متانت اور مادۂ علمی چاہیئے اگر آپ کو اپنے مطلب کے
موافق عبارت بنانے کی طاقت ہوتی تو لفظ بھی بعد لفظ قیود لایعنی کی اضافہ کرتے یعنی التزام اس مجلس کا بلا قیود بھی ضلالت سے خالی
نہیں خطاء لفظی اگرچہ گناہ شرعی نہیں ہے لیکن اسلئے نصیحت کی گئی کہ جب ہندوستانی ہو کر اپنی زبان میں بھی صحیح تکلم کی قدرت نہیں
ہوئی تو مبادا عوام آدمیوں کو اعتقاد علمیت کا بھی اٹھ جاوے یا کوئی تمسخر کرے تو یہ شان علماء کے خلاف ہوگا پس یہ خطاء لفظی پر آگاہ کردینا
مبنی دین پر سمجھو اب ہم خطاء معنی پر مواخذہ کرتے ہیں، آپ کا جو یہ مدعا دلی ہے کہ یہ مجلس بلا قیود بھی ضلالت سے خالی نہیں، اپنی برادری کا
اجماع بھی آپ نے توڑ دیا، آپ کے سب ہم مشرب تصریح کرتے ہیں، کہ حضرت کا تذکرہ بلا قیود۔ عبادت میں داخل ہے، آپ نے یہ قیاس کیا
ہوگا، چونکہ میرا نام امیر باز ہے تو مجکو لازم بلند پروازی ہے وہ بات کہوں کسی نے نہ کہی ہو تو حضرت امور دنیا میں بلند پروازی اگر کرتے ہو کرو

مولوی امیر باز خاں اِلیٰ قولہ اقول سبحان اللہ دیکھنا آپ کی فصاحت کلام الخ **اقول** مؤلف کا غایت علم مواخذات الفاظ ہے اور محققین
کے نزدیک یہ امر فضول ہے بھلا اگر متکلم اضافت کو اپنے کلام میں اعتبار نہ کرے تو کسی کو یہ جبر کرنا کہ یہاں اضافت ہو کس قدر لغو حرکت ہے مؤلف کو اپنے
خطابائے مسعودی کی بھی خبر نہیں اور دل پر حروف لفظی کی وارد کیے ہے **قولہ** اقول۔ ارباب تمکین اس عبارت الخ **اقول** مؤلف دلالۃ النص اور
مفہوم موافق با لتعیین کو تو ہرگز جانتا ہی نہیں کہ کیا چیز ہوتا ہے ورنہ یہ اعتراض نہ کرتا کاش شافی ہی پڑھ لیتا پہلے بھی اشارہ اس کا کیا ہے اب
پھر لکھتا ہوں عجب کہتا ہے کہ ہرگاہ کہ بدون قیام و روشنی وشیرینی یہ محفل جائز نہیں تو دلالۃً واضح ہوگیا کہ ان قیود کے ساتھ بطریق اولیٰ درست
نہ ہوگی پس لفظ بھی کی کچھ ضرورت نہیں مگر مؤلف علم سے بہرہ نہیں رکھتا تفضیح اور خطبہ مدنظر ہے اپنا فخر ظاہر کرنا اور نصیحت کا کاذب بہانہ
اگر نصح منظور ہوتی تو بذریعہ خط دوستانہ خفیہ مطلع کرتا غرض مؤلف کی سب باتیں خلاف ہی خلاف ہیں **قولہ** اپنی برادری کا اجماع بھی الخ
اقول عجیب کہ برادران ذکر مولود کو مندوب کہتے ہیں بشرطیکہ تداعی واہتمام سے بھی خالی ہو ورنہ کراہت کے منکر ہیں مؤلف کے فہم پر افسوس ہے کہ سب

لے ذلیل کرنا لے غلطی پکڑنا لے نصیحت کی جمع لے اقرار کرنے والے۔

دین میں فتنہ پردازی نہ چاہیئے، کہ اجماع کے خلاف چلنا گویا دوزخ میں جلنا ہے من شذّ شُذّ فی النار باقی رہی یہ بات اگر آپ التزام کو منع فرمادیں سو امر خیر کا التزام یعنی بطور دوام کرنا شرع میں مطلوب ہے تحقیق اس کی قریب آتی ہے قولہ چنانچہ ملا علی قاری فرماتے ہیں اقول آپ نے تین امر یعنی مجلس میلاد و فاتحات و سیوم کی برائی بیان کرکے فرمایا، چنانچہ ملا علی قاری فرماتے ہیں یہ آپ نے عوام کو سخت دھوکا دیا کیوں کہ عوام یوں جانیں گے کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے ان تینوں کی مذمت کی ہے حالاں کہ ملا علی قاری مورد الروی میں محفل مولود شریف کی تعریف کرتے ہیں مع تعیین بعینہ ربیع الاول اور التزام دائمی کی عبارت ان کی شروع دیباچہ میں یہ ہے ہذا الشہر فی الاسلام فضل ٭ ومنقبت تفوق علی الشہور ٭ ربیع فی ربیع فی ربیع ٭ ونور فوق نور فوق نور ٭ اس سے فضیلت ربیع الاول کی ثابت ہوئی، جس کو آپ قیودات لاشئی سمجھے ہوئے ہیں اور وہی ملا علی قاری بعد دو تین ورق کے فرماتے ہیں، لازال اہل الاسلام یحتفلون فی کل سنۃ جدیدۃ ویعتنون بقراءۃ مولدہ الکریم ویظہر علیہم من برکاتہ کل فضل عمیم انتہی کلامہ تلخیصاً، یعنی ہمیشہ سے اہل اسلام محفلیں کرتے ہیں ہر سال اور پڑھتے ہیں مولد شریف اور ظاہر ہوتے ہیں مولد شریف کی برکات سے ان محفل والوں پر فضل عام اللہ تعالیٰ کے انتہی، دیکھو التزام دائمی ہر سال کا اور باوجود مقید بقیود ہونے مولد شریف کے پھر بھی برکات اور فضل الٰہی کا ظاہر ہونا کلام ملا علی قاری سے ثابت ہے اور شیخ محمد طاہر محدث مجمع البحار کے ثلث اخیر ص ۳ میں ماہ ربیع الاول

کے کلام کو ناتمام ہی سمجھتا ہے پس مجیب مثال اپنی برادری کا ہے اور حق یہ ہے کہ شذوذ کا مضمون تو مؤلف ہی ہے کہ جمہور صحابہ رضی و تابعین و تبع تابعین کے خلاف ہے۔ قولہ آپ نے تین امر الخ اقول علی قاری اور طیبی کے قول میں یہ ہر سہ امور اور جملہ امور جو اس کلیہ میں درج ہیں مفہوم ہیں اور عوام و خواص سب اس کو جانتے ہیں مگر جس کے دیدہ بصیرت نہیں البتہ وہ نہیں جانتا اب رہا مورد الروی میں علی قاری کا مدح کرنا مولود کا اگر امور مباحہ بطور اتفاق اس محفل ممدوح میں ہیں اور اگر ذہن میں یا واقعی اس وقت عوام کو کچھ ضرر اس میں نہ تھا اور اصرار کا درجہ نہیں تھا تو یہ مدح خلاف مجیب کے نہیں اور کلیہ سے خارج ہے کیوں کہ مجیب نے التزام و تداعی کو بدعت کہا ہے اور ان قیود کو بشرط اصرار یا ضرر عوام کے بدعت لکھا ہے لہٰذا یہ قول قاری کا سند مؤلف کی نہیں ہو سکتا اور اگر بعد زعم مؤلف کے ایسا ہی تھا تو قول و فعل علی قاری کا خلاف قواعد مسلمہ شرع کے قابل تاویل نہیں البتہ یہ قول کلیہ ان کا معتبر اور موافق قواعد شرع کے ہے اور اس کا خلاف رد ہو جاوے گا معہذا افضل ربیع الاول سے مجلس مروجہ کا اس ماہ میں ہونا کہاں سے لازم آگیا یہ فہم عجب مؤلف کا ہے بلکہ بتعظیم وجہ ربیع الاول میں اشد کراہت ہونی چاہیئے، دیگر شہور کی مجالس سے کیوں کہ زمانہ فضل میں معصیت شدید ہو جاتی ہے جیسا رمضان میں مثلاً جمعہ اور شب جمعہ افضل ہو مگر سوائے ان عبادات کے جو شارع نے ان میں مقرر کر دی دوسری عبادت افضل نہیں بلکہ مکروہ ہے لہٰذا افضل ربیع الاول سے مجلس مروجہ کا اس میں کرنا کس طرح جائز ہو گیا غرض مؤلف کے فہم پر آفریں ہے اور کیا کہوں دوسری عبارت قاری کی بقولہ لازال اہل الاسلام الخ میں دوام کی صورت ہے نہ التزام اصرار کو اور تاکد کو اور دوام عام ہے التزام سے اور وجود عام کا بدون وجود خاص کے ہو سکتا ہے مثلاً حیوان بدون انسان کے اس کو ہر عاقل جانتا ہے پس اس سے التزام اصرار سمجھنا ہرگز عقل کی بات نہیں پس مؤلف کے فہم پر تعجب ہے اگر ایسا عربی کبھی پڑھ لیتا تو یہ نہ لکھتا اور یحتفلون کے لفظ سے قیود مروجہ کا نکالنا بھی مؤلف کے ذہن کی خوبی ہے ایسے مجمع میں مولود کا پڑھنا نکلا اور سب باقی امور مؤلف الخ ذہن ناقص سے تراش کر لاتا ہے اس عبارت میں ہرگز کچھ مذکور نہیں

یعنی شرائط و قیود کے یحتفلون سے نکلتی ۔

کی تعریف لکھتے ہیں فانہ شہر امرنا باظہار الحبور فیہ حل عام یعنی ربیع الاول ایسا مہینہ ہے کہ ہم حکم کیے گئے ہیں اس بات کا کہ خوشی اور سرور ظاہر کیا کریں اسمیں ہر برس یعنی مولد شریف سال بسال کیا کریں اس سے بھی التزام دائمی ثابت ہے **قولہ** قال الطیبی الی قولہ او منکراً **اقول** یہ قول طیبی کا بھی مولد شریف اور سیوم اور فاتحہ وغیرہ کی بابت ہرگز نہیں بلکہ مشکوٰۃ شریف میں عبداللہ بن مسعود صحابی کا یہ قول ہے انہوں نے فرمایا نہ کرے کوئی تم میں سے اپنی نماز میں حصہ شیطان کا کہ اعتقاد کرے نماز میں یہی واجب ہے کہ بعد سلام پھیر دیوے کہ نہ پھیرے مگر داہنے ہاتھ کی طرف سے اس واسطے کہ میں نے دیکھا ہے بہت دفعہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ سلام پھیر کر پھر جاتے تھے اپنی بائیں طرف سے پس اس قول صحابی کی شرح میں طیبی نے ایک حکم اپنی عقل سے نکالا کہ جسکو امیر باز خاں نقل فرماتے ہیں فیہ من اصر علی مندوب الی اخرہ اس کلام طیبی کے معنی یہ ہیں کہ اس صحابی کے قول میں دلیل ہے اس پر جو کوئی اڑ کر بیٹھ رہا ایک امر مستحب پر اور جان لیا اس کو واجب لازم اور نہ عمل کیا رخصت پر پس تحقیق پہنچا اس کام میں شیطان پھر کیا حال ہے اس کا کہ اصرار کرے بدعت اور خلاف شرع کام پر انتہی کلام طیبی، اب اہل اسلام کو فکر کرنا چاہیئے کہ کہاں کا ذکر کہاں کی بات کیا دعوی کیا دلیل، اب ہم سے تحقیق اس کی سنو نماز کے بعد داہنی طرف

سبحان اللہ کیا فہم صائب ہو **قولہ** مجمع البحار کے صفحہ ۵۵ میں الخ **اقول** . اظہار الحبور کا ترجمہ کر کے مؤلف کہتا ہے یعنی مولود سال بسال کیا کریں، شرم نہیں کرتا اظہار سرور سے مولود کس طرح نکلا شاید حبور کا یہ ترجمہ کسی خانگی لغت کی کتاب میں مؤلف نے دیکھا ہوگا ورنہ ایسے معنی لا یعنی کوئی عاقل نہیں کہہ سکتا اظہار کے معنی سرور کا ظاہر کرنا ہو جس کا شارح نے امر فرمایا نہ امور غیر مشروع کا کرنا اس عبارت سے کل کو راگ ناچ بھی مؤلف نکال سکتا ہے کیونکہ وہ بھی عرف فساق میں وقت سرور کے ہوا کرتا ہے معاذ اللہ اب اگر کوئی مؤلف سے پوچھے کہ صاحب مجمع البحار کا یہ قول امرنا بالحبور کس نص سے ثابت ہے اور کون سی نص سے امر حبور کا ہوا ہے تو مؤلف کو اس کا اثبات بھی مشکل پڑ جاوے گا یہ فرط کم فہمی مؤلف کی سنو کہ لفظ کل عام سے دوام ثابت ہوا نہ التزام اصرار تو خوش ہو کر مؤلف کا کہنا اس سے بھی التزام دائمی ثابت ہے محض کم فہمی ہے،

مولوی امیر باز خاں کے جواب کے رد کارد | **قولہ** قال الطیبی الی قولہ او منکراً **اقول** یہ قول طیبی کا بھی مولود شریف الخ **اقول** یہ کمال نادانی مؤلف کی ہے کس واسطے کہ قرآن وحدیث وقول صحابی سے اگرچہ جزئیہ ہی ہو فقہا کلیہ نکال لیتے ہیں اور پھر اس کلیہ سے صدہا مسائل جزئیہ جملہ ابواب فقہ کے ثابت کرتے ہیں اسی کا ہی نام تفقہ ہے، سب ادنیٰ اعلیٰ اہل علم اس کو جانتے ہیں تمام بخاری وغیرہ کتب کی ابواب اس کو شاہد ہیں ایسا ہی طیبی نے اس قول حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے کلیہ پیدا کیا اور پھر وہ کلیہ سب ابواب میں مفید حکم ہوا عبادات ومعاملات میں اور خلاصہ کلیہ کا یہ ہے کہ حکم شارع کا اپنا محل ومورد پر قصر کرے اس کے درجہ سے تعدی نہ کرے اگر کرے گا تو تغیر حکم شرع کا ہو جاوے گا اور تغیر حکم شرعی کو ہی بدعت کہتے ہیں پس مؤلف کا فہم عالی کہ یہ کلیہ صلوٰۃ کا ہے کہاں مولود اور کہاں صلوٰۃ سبحان اللہ ایسے فہم پر تحریر کتاب ہے یہ نہیں جانتا کہ تعدی حد اللہ اور تغیر حکم شرع اسی سے ثابت ہوا اور تعدی تبدیل حکم سب جگہ بدعت ہے اور طرفہ یہ ہے کہ خود ہی تعدی کو اور تغیر کو ثابت بھی کرتا ہے کہ بدعت ہے مؤلف کی نہایت عجب التعجاب عقل ہے **قولہ** اب ہم سے تحقیق اس کی سنو الخ **اقول** مؤلف اس تحریر میں صاف اقرار کرتا ہے کہ داہنی طرف پھرنا سنت ہے اگر اس کو کوئی واجب اعتقاد کرے گا تو حکم شرعی بدلے گا یہ پہلی بات مؤلف کی ہے اور دوسری یہ کہ بائیں طرف پھرنا بھی سنت ہے تو دہنی کو تعین کرنے میں کراہت تحریمی کی لازم ہووے گی تو سنت کراہت سے مبدل ہوئی یہ تبدیل حکم شرع کی ہوئی بہرحال تبدیل حکم شرع کی بدعت ہو گئی تو طیبی نے یہ قاعدہ نکال لیا کہ کسی حکم شرع کو تبدیل نہ کرنا چاہیئے، خواہ وہ حکم کسی باب فقہ

لہ گمراہو ؎ فاسقوں کی اصطلاح ؎ فقہ دانی ؎ تجاوز ؎ بہت زیادہ قابل تعجب ؎ بائیں جانب

پھر جانے سے جو عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منع کیا اس میں وہ باتیں خلاف شرع تھیں، ایک تو یہ کہ داہنی طرف سے پھرنا سنت ہے اگر اس کو کوئی واجب اعتقاد کرے گا تو ظاہر ہے کہ بدل دے گا حکم شرع کو دیکھو تمہارے عالم مسلم الثبوت مولوی قطب الدین خاں صاحب اس حدیث کی تحقیق میں لکھتے ہیں، سنت میں اعتقاد واجب ہونے کا نہ کرے انتہیٰ کلامہ، دوسرے یہ کہ جب عبد اللہ ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ میں نے بہت دفعہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بائیں طرف سے پھرتے دیکھا ہے اس سے معلوم ہوا کہ بائیں طرف سے پھر جانا بھی سنت ہے حالاں کہ جو شخص داہنی طرف سے پھر جانا واجب اعتقاد کرے گا اس کے نزدیک بائیں طرف سے پھرنا موافق قانون شرع کے مکروہ تحریمی ٹھیرے گا کیوں کہ واجب کا ترک عمداً مکروہ تحریمہ ہوتا ہے پس اس کے اعتقاد کے موافق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل یعنی بائیں طرف سے پھرنا جو کہ سنت تھا وہ مکروہ تحریمہ ٹھیرتا تھا، ان دو قباحتوں پر صحابیؓ موصوف نے منع فرمایا تھا کہ تم ایسے اعتقاد کر کے شیطان کا حصہ یعنی گمراہی اپنے دین میں پیدا مت کرو ایسی تحقیق پر طیبی نے کلام صحابیؓ سے یہ بات عقل سے پیدا کی کہ جب مستحب کام کو واجب اعتقاد کرنے سے شیطان کا حصہ ہو جاتا ہے تو بدعت اور خلاف شرع کو واجب موکد جانتے اور اس پر دوامی عمل کرنے سے کیوں شیطان کا دخل ہو گا پس طیبی نے بدعت اور خلاف شرع امر کے واجب جان کر عمل کرنے پر انکار کیا ہے یہ تو نہیں لکھا کہ مولود شریف اور فاتحہ بدعت ہے اور خلاف شرع ہے تم نے اس کو آپ ہی آپ خیالی پلاؤ پکا کر بدعت اور خلاف شرع تجویز کر لیا پھر اس کو طیبی کے کلام میں درج کر لیا، اللہ تعالیٰ ایسے مغالطات سے پناہ دے اب بگوش ہوش سننا چاہیئے کہ جو التزام امر مستحب کو کلام طیبی سے ضلالت میں داخل کرتے ہو یہ امر بالکل لغو و خلاف حق ہے ہم خاص خیر القرون کے لوگوں میں اور نیز ما بعد ان کے محدثین فقہاء و مشائخ اولیاء میں بہت امور مستحب اور مستحسن پر التزام ثابت کریں گے لیکن ان کی تفصیل نگاری میں طول ہے اس لئے ہم فقط رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہی کے ارشاد پر ختم کرتے ہیں بخاری اور مسلم میں حدیث متفق علیہ ہے

سے عبادات عادات اخلاق و معاملات کوئی ہو اب نہایت تعجب ہے کہ مؤلف خود یہ کہہ رہا ہے اور پھر کہتا ہے کہ طیبی نے یہ تو نہیں کہا کہ مولود فاتحہ بدعت ہے اور خلاف شرع ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ ارے کور فہم جب اس نے تغیر حکم شرع کو بالکل بدعت کہہ دیا تو فاتحہ مروجہ جو ایک ہیئت کا ضرور جانتا ہے مباح سنت یا واجب ہی تو جانتا ہے اور علی ہذا مولود کی ہیئت جو مکروہ ہے یا بدعت موجب ثواب اور مستحب جاننا خود تغیر حکم شرع کا اس میں بھی موجود ہے پھر خاص نام مولود اور فاتحہ کا اس میں لینا کیا حاجت ہوئی، اور کلیہ میں کسی جزئیہ کا نام کہیں آتا ہے جو یہاں نہ ہوا کس قدر بلادت ہے العظمۃ للہ، السان کلی پر حکم صلوٰۃ و صوم وغیرہما کا ہے، عبد السمیع کا نام اس میں کہاں ہے کہ انکار کر دیا، عادات کر دینا کہ میرا نام اس میں کہاں ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ، سچ ہے ایسی مغالطات سے حق تعالیٰ پناہ دیوے اس میں تو تمام دین ہی برہم ہو جاوے گا، الحاصل کیا عجب معاملہ ہے کہ خود مؤلف تغیر حکم شرع کو ثابت کر رہا ہے اور آپ ہی اس قاعدہ کو بلاوجہ باب صلوٰۃ میں منحصر کرتا ہے اور تغیر حکم شرع کی نفی میں بحث کر رہا ہے سبحان اللہ دعویٰ اور دلیل اور تقریر مؤلف کی عجائب خانہ میں پیش کرنے کے قابل ہے

التزام بدعت ہے اور کون جائز و مستحب ہے | قولہ اب بگوش ہوش الخ اقول مؤلف کو تو کچھ خبر ہی نہیں کیا کہتا ہوں اس سب اس کی

…کرے استحباب کا دوام نکلتا ہے اور پہلے معلوم ہو چکا کہ دوام اور التزام اصرار میں فرق ہے جو بدعت ہے وہ التزام بمعنی اصرار ہے اور جو مستحب ہے وہ دوام بلا التزام ہے مگر مؤلف نے ایک مقدمہ اپنے ذہن سے تراش لیا کہ التزام مبحوث عنہ اور دوام دونوں ایک شئے ہیں پس دلیل … مدعا سمجھ لیا پھر گوش ہوش سے سنئے کہ التزام جس کو بدعت کہتے ہیں وہ ہے کہ مباح یا مستحب کو واجب یا سنت موکدہ اعتقاد کر کے

…مدعا کم فہمی سے موضوع بحث…

کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا احب الاعمال الی اللّٰہ ادومھا یعنی اللہ کو وہی عمل سب سے پیارا ہے جو سدا کو ہووے اور کبھی چھوٹے نہیں تمہارے نواب قطب الدین خاں صاحب اس کی شرح میں لکھتے ہیں کہ بسبب اس حدیث کے برا جانتے ہیں اہل تصوف ترک اوراد کو جیساکہ برا جانتے ہیں ترک فرائض کو اور ظاہر تر یہ ہے کہ یہ ترک اولیٰ ہو الیٰ آخرہ۔ اب دلیل کا تفاوت دیکھو کہ تم کلام طیبی سے التزام امر مستحب کو ضلالت ثابت کرتے ہو اور ہم مداومت اور التزام کو محبوب عنداللہ و عندالرسول ہونا خود تصحیح حدیث رسول سے ثابت کرتے ہیں ع ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا۔ اور کاش تم غور سے دیکھو تو معلوم کرو کہ طیبی کا کلام خلاف حدیث نہیں کیوں کہ طیبی کی مراد یہ ہے کہ اس امر مستحب کو واجب من عنداللہ اعتقاد کرکے التزام کرے تو وہ باطل ہے اور اس بات پر یہ دلیل نہایت قوی ہے کہ جس قول صحابی سے طیبی نے استنباط کیا ہے اس قول میں خود شارحین وجوب اعتقاد مراد لیتے ہیں بنابر علیہ واجب ہے کہ کلام طیبی میں بھی وجوب اعتقاد مراد لیں یعنی جو کوئی مستحب کو واجب اعتقاد کرکے مداومت مثل واجب کرے تو وہ ضلالت ہے اور جبکہ اس عمل کو واجب نہیں بلکہ ایک امر حسن اور مستحب سمجھ کر مداومت کرے تو وہ نہایت محمود اور مقبول ہے، کما فی الحدیث۔ اس بناپر سمجھ لو جو لوگ محفل میلاد شریف یا ایصال اموات کی ثواب رسانی کو فرض واجب اعتقاد نہ کریں بلکہ ایک امر خیر سمجھکر تمام عمر کرتے رہیں اور کبھی نہ چھوڑیں شریعت میں وہ اور ان کا کام محمود اور محبوب عنداللہ ہوگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیا، احب الاعمال الی اللّٰہ ادومھا بلکہ اگر چھوڑ دیں گے تو وہ محل عتاب ہوں گے کہ تارک الورد ملعون یعنی جس نے ایک امر خیر اپنا ورد کیا پھر وہ اس کو چھوڑ دے تو وہ ملعون یعنی اللہ کی رحمت سے بعید ہوتا ہے قولہ ھذا اخر ما نقل الذین الی آخرہم اقول۔ اس کو آپ نے ظاہر نہ فرمایا کہ کس کا کلام ہے طیبی کا کلام تو علیٰ بدعۃ اور منکر پر تمام ہو چکا جیساکہ مولوی اسحاق صاحب نے اس

یا مثل موکدات کے عملدرآمد کرے اور دلیل اس معاملہ کی یہ ہے کہ تارک پر اس کے مثل تارک واجب کے ملامت و شناعت ہو چنانچہ اب ترک مولود کا پر شہود ہے اور اہتمام اس کے فعل کا واجبات جیسا ہو چنانچہ ظاہر و موجود ہے بعد اس کے جو طیبی کے قول کو مؤلف حدیث سے موافق کرتا ہے وہ خود لغو کلام ہو گئی اپنے فہم پر گفتگو کرتا ہے اور بس مگر یہاں مؤلف نے اقرار کرلیا کہ مؤلف کو واجب اعتقاد کرکے مداومت کرے گا تو ضلالت ہے، اور یہی مدعا مجیب کا تھا۔ مگر مؤلف مطلب نہیں سمجھا، دھوکے میں بول اٹھا ہے واجب جیسا معاملہ کرنا بھی واجب جاننا ہی ہوتا ہے

تارک الورد ملعون و صاحب الورد ملعون | **قولہ** اگر چھوڑ دیں گے تو محل عتاب ہوں گے، الخ **اقول** نہ معلوم کہ تارک الورد ملعون کونسی حدیث اور کس کتاب کی حدیث ہے معاذاللہ مؤلف کے استدلالات کس قدر بے معنی ہیں یہ اہل تصوف کا مقولہ صاحب الورد و ملعون و تارک الورد ملعون اور اس کا ایک معنے مصطلحہ ان کے ہیں کہ اس کے بیان میں طول در کلام خارج بحث ہے مؤلف اس کو استدلال میں ذکر کرکے اپنا جہل ثابت کرتا ہے بھلا کہیں شرع میں وارد ہوا ہے کہ تارک مستحب کا ملعون ہو استغفر اللہ مؤلف کچھ آگے پیچھے کی خبر نہیں رہی اب تمام دنیا کو ملعون بنایا اور ترک مستحب کو حرام ٹھیرایا کیوں کہ لعنت حرام کام پر ہی ہوتی ہے تبدیل حکم شرعی کا کرکے خود مبدلین[1] میں داخل ہوا اپنی تبدیل حکم کو حرام ثابت کیا ہو پھر جس کا انکار تھا، اس کا اول اثبات کیا اور پھر اس کو اپنا ہی عقیدہ بنالیا، الٰہی توبہ یہ ہذیان کہیں کسی سے نہ سنا ہوگا مگر ہاں اس قول کا دوسرا فقرہ کہ صاحب الورد ملعون جو ہے اس سے سبب فعل مستحسن کرنیوالوں کو اور فعل مولود کرنے والوں کو بھی مؤلف محل عتاب بناوے تو شایاں اس کے علم و عقل کو ہے معاذاللہ تعالیٰ کیسی کج فہمی ہے **قولہ** اقول اس کو ظاہر نہ فرمایا الخ **اقول** یہ فقرہ خواہ کسی کا ہو مطلب مجیب کا تو علیٰ بدعۃ او منکر تک کی عبارت سے واضح ہو لیا تھا کیوں کہ انکار طیبی

[1] امور تاکیدی سے ہمیشگی کے تبدیل کرنے والے۔

قدر عبارت طیبی کی لکھ کر آگے لکھدیا ہو انتہی۔ اور ان کے شاگرد مولوی قطب الدین خاں صاحب نے بھی ترجمہ مشکوٰۃ میں اسی قدر بیان کیا ہے
اب یہ قول جو چلا کہ هذا محل تمسک الذین یصرون الی آخرہ خود معلوم نہ ہوا کس کا ہی بہر کیف یہ قول اگر آپکا ضمیمہ الحاقی ہے یا کلام قاری رحمۃ
اللہ علیہ کا ہے یا طیبی رحمۃ اللہ علیہ کا ہم کو کچھ مضر نہیں اس لئے کہ وہ انکار فرماتے ہیں ان لوگوں پر جو سیوم کے کرنیکو جمعہ اور عیدین اور فرائض۔
پنجگانہ کی جماعت میں حاضر ہونے سے زیادہ تر ہو کر اعتقاد کریں چنانچہ ان کی یہ عبارت آپ ہی نقل فرماتے ہیں بردنہ اوجب من الحضور للجمعۃ
افسوس عبارت نقل کریں اور معنی نہ سمجھیں اے حضرت اسمیں کسکو کلام ہے کہ ایک امر خیر اور کار ثواب ہو کہ مستحب ہو جو کوئی اس کو واجب یا واجب سے بھی زیادہ
اعتقاد کرے گا، لاید اس کے حق میں منع کیا جائے گا، کیونکہ اس نے قاعدہ دین بدل دیا کہ مستحب کو واجب اعتقاد کر لیا لیکن یہ بات تو اس عبارت منقولہ
جناب سے سمجھی گئی کہ جو لوگ اس اجتماع سیوم کو جماعت کی نماز پڑھنے سے زیادہ تر موجب اجر نہیں سمجھتے وہ اس قاعدہ منع میں داخل نہیں ہیں پھر کیوں
آپ حکم مناہی کا علی العموم دیتے ہیں قولہ پس ایسے مقامات میں اتقیا تو کیا عوام مومنین کو بھی شامل ہونا جائز نہیں الی آخرہ اقول فاسق آدمی
اور مبتدع لوگوں پر کتب فقہ عقائد میں اطلاق لفظ مومن کا آیا ہے کافران کو کوئی نہیں کہتے پس وہ سب اگرچہ متبع سنت اور متقی نہ ہوں
لیکن عوام مومنین میں عندالشرع داخل ہیں، جب ان عوام مومنین کو بھی مجلس مدح رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور محفل قرآن خوانی
لا الہ الا اللہ پڑھنے میں شامل ہونا جائز نہ ہوا تو شاید مولوی صاحب کے نزدیک یہ باتیں کفار کو جائز ہونگی جس طرح مولوی رشید احمد صاحب
کے فتوے میں لکھا ہوا ہو کہ یہ سب ہنود کی رسوم ہیں سبحان اللہ ع مفتی نئے نئے ہیں مسلمان نئے نئے، اور اسی طرح مسئلہ سماع میں بھی فتویٰ
انکاری کے صفحہ ۹۵ میں آپنے یعنی مولوی امیر باز خاں صاحب بلند پروازی یا اقتضائے آسمی فرمائی ہے آپ مکتوبات مجدد الف ثانی سے
سند لاتے ہیں حکی عن ابی نصر الدبوسی عن القاضی ظہیر الدین الخوارزمی من سمع الغناء من المغنی وغیرہ او یری فعلاً
من الحرام فیحسن ذلک باعتقاد او بغیر اعتقاد یصیر مرتدا فی الحال، الی آخرہ اب دیکھئے اس روایت میں چار تعمیم ہیں، ایک تو جملہ
من سمع الغناء میں لفظ من عام ہے یعنی جس کسی نے سنا غنا واضح ہو کہ فارسی میں سرود اور عربی میں غنا اور سماع ایک معنی میں مستعمل ہیں
اس اعتبار سے کہ گانیوالے کی منہ سے نکلتی ہے اس کو غنا کہتے ہیں اور چونکہ سنتے ہیں اس کو سننے والے اس اعتبار سے اس کو سماع کہتے ہیں
خلاصہ یہ کہ وہ غنا خواہ دنیادار مبتلائے نفس و ہوا بطریق لہو لعب سنے، یا کوئی اہل غلبہ سکر و ہیجان عشق الٰہی میں سنے آپ کی اس روایت
میں دونوں کا حکم ایک ہی ناجائز اور حرام کچھ فرق نہیں حالانکہ امام غزالی نے احیاء العلوم میں اور شیخ شہاب الدین سہروردی نے عوارف میں
اور فقیہ شامی نے شرح درمختار میں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ میں اور شرح سفر السعادۃ میں اور ملا جیون نے تفسیر احمدی
میں فرق بیان کیا ہے بطریق لہو ممنوع اور اہل حال کے حق میں سکوت اور قاضی صدر بن رشید تبریزی نے دستور القضات فتاوی فقہ حنفی میں
جیسے مولوی اسحاق صاحب بھی اپنی تصنیفات میں سند پکڑتے ہیں سماع کے حق میں یہ لکھا ہے، ولا تنکرونہ فان لہ اربابا والسماع لا یصح

ار کا ان لوگوں پر ہے کہ ان رسوم کو مثل جمعہ اور جماعت و عیدین کے اہتمام و ملاست میں بتاتے ہیں اور وہ لوگ جملہ عوام اور مولف
کے ہم خواص میں باقی غلط بہانے خلاف بیانی ہے اور لفظ لفظ کا جواب دینا کیا ضرور ہو مطلب واضح ہو چکا کم فہمی مولف کی روشن
ہو گا کہ تارک ورد ملعون عقیدہ مولف کا ہے تو واجب ہوتے ہیں کیا گوتاہی رہی مگر مولف کو حواس نہیں فقط قولہ اقول فاسق آدمی
مبتدع اقول مولف کی فہم پر صد آفریں مجیب نے جو ان مواقع میں حاضر ہونے کو منع کیا ہے تو بوجہ حضور فساق و بدعات کے منع کیا ہے

ملاحظہ ہو منہیات و ممنوعات ملا مسکین کہ بدعت کی جمع،

الاٰمن کان قلبه حیا ونفسه ومیتا۔ دوسری تعمیم لفظ غناکی ہو قاموس میں لکھا ہے الغناء وککساء من الصوت ما طرب به اور منتخب میں غنا کے معنی سرود لکھے ہیں اور برہان قاطع میں سرود کے معنی لکھے ہیں خواندگی وگویندگی مرغان وآدمیان اور مجمع البحار میں ہر رفع صوت ورفع نغنا، وعند العرب غرضیکہ محاورۂ عرب میں معنی لفظ غنار میں مزامیر کا ہونا داخل نہیں الغرض اشعار جائزہ ہوں یا فاحشہ سب کو غنار کہتے ہیں فتح القدیر شرح ہدایہ میں ہے الغناء کما یطلق علی المعروف ویطلق علی غیرہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یتغن بالقرآن لیس منا پس حدیث شریف میں لفظ غنار کا قرآن شریف کی نسبت بھی واقع ہے اور اشعار مدح وحکمت ونعت وحمد خدا کو جو شخص خوش آوازی سے پڑھے اس کو بھی فقہا غنار کہتے ہیں اور اس غنار کو جائز رکھتے ہیں آپ کی روایت میں غنار عام یا اور کل ناجائز اور اس کو اچھا سمجھنے والا مرتد نعوذ باللہ منہا تیسری تعمیم من المغنی وغیرہ یعنی خواہ مغنی ہو سننے جو قواعد موسیقی کے موافق نظریہ تمطیط وتشویق سے گاتا ہو یا غیر مغنی ہو سننے جسکو کچھ بھی قاعدہ معلوم نہیں جس طرح دو لڑکیاں حضرت عائشہ کے پاس گانا گاتی تھیں بخاری کی ایک روایت میں آیا ہے لیستا بمغنیتین یعنی وہ دونوں لڑکیاں قواعد گانیکے بطور موسیقی کے جاننے والیاں نہ تھیں، اب آپ کی روایت کی تعمیم نعوذ باللہ منہا دیکھئے کہاں کہاں تک جائیگی جو کتنی تعمیم فیحسن ذالک باعتقاد وبغیر اعتقاد یعنی اس غنار کو اور حرام کام کو اچھا کہے اعتقاد سے یا بغیر اعتقاد مرتد ہو جاتا ہے نعوذ باللہ منہا انتہی، ان چاروں تعمیمات کی جمیع شقوق کو تشریح کرنے سے دنیا میں کوئی شخص مرتد ہونے سے نہیں بچے گا مگر وہ شخص جو قرآن کو بھی صوت حسن اور لہجہ پاکیزہ سے سنکر اپنی زبان کو دبائے رکھے یہ منہ سے نہ نکالے کہ اچھا پڑھا کیوں کہ قرآن کو خوش آوازی سے پڑھنے کو بھی حدیث اور فقہ میں غنا فرمایا ہے کما فی البخاری وخزانۃ الروایات وغیرہا اور آپ کی روایت منقولہ کیا ہے جو کوئی غنا کو سن کر اچھا کہدے وہ مرتد ہو جاتا ہے افسوس صد افسوس کہ واعظ بن گئے مفتی بن گئے شروط افتار کی خبر بھی نہیں کہ فتوی کتب فتاوی سے لکھا کرتے ہیں یا مکتوبات سے اور پھر یہ بات کہ فتاوی میں بھی اقوال متعارضہ ہیں ان میں سے وہ قول جس کا ماخذ صحیح اور قواعد اصول کے مطابق ہو اس کو اختیار کرتے ہیں دوسرے کو نہیں اور جس قول کے اختیار کرنے میں ایک جہان کی تفسیق وتذلیل یا کسی مرد مسلمان کی تکفیر لازم آوے اس سے احتراز کیا کرتے ہیں اور اس پر بھی نظر کیا کرتے ہیں کہ یہ حرام لعینہ ہے یا لغیرہ اور حرام لغیرہ کو حلال کہنے والا کافر نہیں ہوا کرتا یہ مسئلہ فتاوی عالمگیری وغیرہ میں مصرح ہے اور آپنے جو روایت نقل کی تو کیا نقل کی حکی عن ابی نصر الدبوسی لفظ حکی خود ماحکی مجہول ہے اس کا حکایت کرنیوالا معلوم نہیں پھر ایسی مجہول روایتوں کو مقام افتار میں لینا کس قدر رسم المفتی سے جہالت ہے اب التماس یہ ہے کہ جس طرح آپ اس روایت کو فتوی انکاری میں اس غریب پر رواں کر چکے اور یہ لکھا ہے کہ اس کے ایمان ہی میں خلل ہے پھر نماز اس کے پیچھے کیسے جائز ہوگی، اب اسی طرح صاحب مکتوبات مجددیہ پر بھی اس روایت مکتوبات مجددیہ کو متوجہ فرمایئے، اور ان کا ایمان اپنے فہم ردی کے موافق خلل سے سنبھالئے جلد اول مکتوب دو صد وہشتاد وپنجم میں لکھتے ہیں، سماع ووجد جماعہ را نافع است کہ بتقلیب احوال متصف اند پھر سات سطر کے بعد لکھتے ہیں، قسمی از منتہیان اند کہ سماع باوجود استمرار وقت ایشاں را نیز نافع است پھر انیس سطر کے بعد لکھتے، باوجود برودت میل بعروج دارند دریں صورت سماع ایشاں را سود مند است حرارت عشق ہر زماں مبدد وسماع ایشاں را عروج بمنازل قریب میسر میشود الی آخرہ

کہ کوئی مومن نہ جاوے کسی کو جانا درست نہیں نہ بوجہ ذکر فخر عالم اور کلمہ طیبہ اور قرآن کے سبحان اللہ حق تعالی نے فرمایا فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظالمین الآیۃ، جہاں کوئی منکر ہو اگرچہ مختلط بذکر مستحب ہو وہاں جانا منع ہے اور قاعدہ مقررہ فقہ کا ہے اذا جتمع الحلال والحرام

لہ موسیقی کے اصول وقواعد سے ۲ فاسق اور گمراہ بنانا سے ۳ یعنی وہاں برابر مستحب اور امر ممنوع دونوں کا اختلاط ہو رہا ہو

[illegible] اچھا کہنا سماع و غنا کا کیا ہوگا کہ اس سے عروج منازل قرب الٰہی ثابت کرتے ہیں اور اگر یہ کہو کہ یہاں حضرت مجدد تعریف
[illegible] دوسری جگہ برائی سماع کی لکھتے ہیں تو اعتقاد ان کا برائی پر ہے نہ تحسین پر جواب اس کا یہ ہے کہ دوسری جگہ برا کہنا ہرگز نفع نہ
[illegible] تمہیں ان سے نقل کر چکے کہ جو آدمی اچھا کہے سماع غنا کو اعتقاد سے یا بغیر اعتقاد فوراً مرتد ہو جاتا ہے افسوس ہے کہ اس وقت
[illegible] محفل سماع کو اچھا کہا اس معنی کر کہ وہ اہل تصوف سے ہے حرارت آواز نغمات سے اس کی روح ایمانی کو ترقیق ہو کر اس
[illegible] روح انسانی متاثر ہوتی ہے اس پر آپ حکم مرتد ہونے کا لگا دیں اور اس کے ایمان میں خلل بتا دیں اور مجدد صاحب نے بھی
[illegible] ہونا سماع کا اور عروج منازل قرب الٰہی حاصل ہونا بیان کیا ان کو آپ لکھتے ہیں حضرت مجدد علیہ الرحمۃ اور ترجمہ ان
[illegible] ہیں، انتہیٰ ترجمہ کلام امام ربانی یہ کیا بے انصافی ہے ایک تو تعریف سماع کر کے مرتد ہو گیا ایک امام ربانی علیہ الرحمۃ
[illegible] کو چھوڑ کر اب اپنے مجتہد مولوی اسماعیل صاحب کا بیان سنیئے او صراط مستقیم میں جو موکمات عشق الٰہی کو بیان فرماتے
[illegible] موکدات آن استماع الحان خوش آواز دلکش و قصص شوق آمیز اشعار عشق انگیز است، اب دیکھیے معنی غنار کے
[illegible] سے لکھ چکے پھر اشعار عشق انگیز کو جب اصوات دلکش اور الحان خوش میں پڑھیں گے یہ سننا ہو گیا مولوی اسمٰعیل
[illegible] اپنے پیر سید احمد کے اس غنار کو موکدات عشق الٰہی میں شمار کرتے ہیں یہ غنار کی تعریف ہو گئی پھر ان آوازوں کو خوش
[illegible] سماع بھی تعریف ہے اب مولوی اسماعیل صاحب کہیں دوسری جگہ برائی سماع و غنار کی لکھ دیں تو مفید نہ ہو گی یہاں تو تعریف
[illegible] کی روایت فیحسن ذلک باعتقاد و بغیر اعتقاد بالضرور ان پر چلی جاوے گی اب مولوی اسماعیل صاحب کے دادا پیر شاہ
[illegible] کے کلام کو ملاحظہ کیجیے کہ وہ سماع اور غنار کو درست فرماتے ہیں وعظ النجات یعنی دس سوالات مسئولہ شاہ بخارا کے
[illegible] جواب سوال ثامن آنکہ قال السرخسی والبدیع والسماع فی اوقات السرور تاکیداً للسرور مباح ان کان ذلک السرور مباحاً
[illegible] الخ و فی وقت مجی الغائب و وقت الولیمۃ والعقیقۃ وعند الولادۃ والختانۃ وحفظ القرآن انتہیٰ کلام شاہ
[illegible] بھی جواز سماع و غنار صاف ظاہر ہے اب فقہار رحمہم اللہ کی خبر لو در مختار کی کتاب الشہادۃ میں مسئلہ غنار اس طرح لکھا
[illegible] مطلقا ومنہم من کرھہ مطلقاً یعنی علمار اہل سنت میں بعضوں نے غنار کو مباح رکھا مطلقاً اور بعضوں نے مکروہ
[illegible] میں کہ وہ علمار جن کا قول در مختار میں اباحت کے لئے منقول ہے کیا وہ مرتد تھے نعوذ باللہ منہا اور مجدد الدین صاحب قاموس
[illegible] میں لکھا ہو ور باب ذم سماع حدیث صحیح وارد نہ شدہ، انتہیٰ، اب ان فقہار کرام کو کیا کہو گے دستور القضات میں ہو من انکر
[illegible] مسبعیان صدیقاً اور صاحب قاموس بالکل سماع کی مذمت یعنی کراہت تک ثابت نہیں کرتا اور ابو محمد بن حزم متاخر
[illegible] فاضل محدث گذرا ہے وہ صاحب قاموس سے بھی زیادہ بڑھا ہوا ہے کہ مزامیر تک کو اس نے مباح اور جائز قرار دیا پھر بھی
[illegible] کو مرتد اور کافر نہیں کہتے امام نووی نے شرح مسلم کے مقدمہ میں اس قدر اس کو لکھا ہے تہذیب ابو محمد ابن حزم
[illegible] کے بعد لکھا و ھذا اخطاء من ابن حزم یعنی ابو محمد ابن حزم جو مزامیر ملاہی کو علی الاعلان مباح کہتا ہے یہ اس کی رائے

[illegible] سو عوت مسنونہ کا حضور منکر کے سبب کتب میں لکھا ہے پہلے اس کا حال لکھا گیا بس اب مؤلف اعتراض حق تعالیٰ
[illegible] سلام پر اور سب فقہار پر کرے کہ جب مسلمان ضیافت مسنونہ میں نہ جاویں تو کیا کافر جا کر سنت ادا کریں گے معاذ اللہ

صواب نہیں یہ خطا ہوئی ابن حزم سے پس اس کی خطا کے تو قائل ہوئے لیکن اس کو کافر مرتد فاسق فاجر لکھا پہلے صلحا تو اس قدر زبان کو سنبھالیں تم ایسے بیباختہ لوگوں کو ایمان کی گھاس کی طرح کاٹتے چلے جاتے ہو بیشک سچ فرمایا ہمارے نبی کریم مخبر صادق و مصدوق نے علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ اللہ تعالیٰ آخر زمانہ میں حکم سفیہ علماء دین سے نہ کھینچے گا بلکہ علماء کاملین حق شناس مرجائینگے تب آدمی اپنا سردار جاہلوں کو بنالیں گے ان سے مسئلہ پوچھیں گے فافتو بغیر علم فضلوا واضلوا یعنی وہ جاہل مفتی فتویٰ دیں گے بغیر علم اور بغیر دریافت کنہ پس خود گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو گمراہ کرینگے، روایت کی یہ مسلم اور بخاری نے اے بھائی اگر مفتی بننا چاہتے ہو تو شرطیں فتاویٰ کی پیدا کرو رسم المفتی سے آگاہ ہو اور احکام کے ماخذ پہچانو اور خدا کا خوف دل میں رکھو یہ نہیں کہ خلقت کو مرتد بناؤ اور آپ بڑے صالح بن بیٹھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فلا تزکوا انفسکم ھو اعلم بمن اتقی اور اسی طرح آپ حقہ کے مسئلہ میں حقہ کی برائی کرنے کے لئے معنی قرآن کے ایجاد کرکے خود مستحق عذاب ہو گئے کیوں کہ آپ رسالہ انکار القلیان مطبوعہ ہاشمی کے صـ۳ میں لکھتے ہیں یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس یعنی لاویگا آسمان دھواں ظاہر ہے کہ آسمان سے مینہ برسے گا اور اس سے ایک درخت پیدا ہوگا کہ وہ لوگوں کو حاوی ہوگا یعنی بہت سے لوگ حقہ نوشی کے وقت میں اس کو اندر کھینچیں گے فرمایا ھذا عذاب الیم یہ عذاب درد دینے والا ہے کہ مزہ اس کا کڑوا ہے اور آخرت میں باعث ماخوذگی کا ہے الی آخرہ اب خیال کرنا چاہئے کہ اس وقت ہماری نظر میں تفسیر کبیر اور کشاف روح البیان وغیرہ چند تفسیریں پہلی اور پچھلی ہیں کسی نے یہ معنی نہیں لکھے بلکہ مفسر دو طرف گئے ہیں، بعض کہتے ہیں قرب قیامت میں ایک دھواں آوے گا، وہ تمام دنیا میں بھر جاوے گا اور چالیس روز رہے گا یہ قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت حسنؓ کا ہے اور ابن عباسؓ کا قول مشہور یہی ہے اور بعضے اس طرف گئے ہیں کہ جب قریش تکذیب کرنے لگے تب ان پر آں حضرت صلعم نے دعا فرمائی تب یہ دخان نظر آیا یعنی قحط سالی شدید طاری ہوئی اور کافروں نے مردار اور کھے اور ہڈیاں اور بال اور بھیڑ اور بکریوں کے اور خون وغیرہ کھایا تب زمین و آسمان کے بیچ میں ان کی آنکھوں کے آگے دھواں نظر آتا تھا یہ قول ابن مسعودؓ اور مقاتل اور مجاہد وغیرہ کا ہے جس کا جی چاہے تفسیر زبان عربی و فارسی و ہندی اردو کی نکال کر دیکھے کسی نے حقہ مراد نہیں لیا پھر اس شخص نے جو معنی قرآن کے بگاڑ دیئے تو کچھ کسی کا نقصان نہیں کیا اپنا ہی ٹھکانہ دوزخ میں کیا حدیث میں ہے من قال فی القرآن برایہ فلیتبوء مقعدہ من النار جو کوئی قرآن میں اپنی رائے سے معنی نکالے اس کو چاہئے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں کرے بھلا یہ صاحب خدا کا خوف تو کیا کرتے خدا سے بڑے دیندار بنا کرتے ہیں انھوں نے آدمیوں کی شرم بھی نہ کی کہ کوئی مجھکو کیا کہے گا کہ آیت میں ھذا عذاب الیم کا یہ ترجمہ لکھا ہو کہ مزہ اس کا کڑوا ہے اے باشعور بہتیری چیزیں دوا اور غذا ایں کڑوی ہیں، مثلاً کریلا، شاہترہ، چرائتہ، رسوت ایلوہ، ان چیزوں کے کھانے والے سب عذاب الیم میں گرفتار ہیں پھر اس کے بعد یہ شرم نہ آئی جب قرآن پڑھنے والا اس آیت کو پڑھ کر آگے پڑھے گا ربنا اکشف عنا العذاب انا مومنون، یعنی اے پروردگار کھول دے ہم سے اس عذاب کو ہم اب ایمان لاتے ہیں دیکھو مفسرین نے جو بیان کیا ہے اس سے تو اس دعا کو مناسبت ہے کیونکہ جب وہ قحط پڑا اتفاقاً ابوسفیان نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دعا کرائی یعنی کہ خدا اس دخان کو دفع کردے اور جو لوگ قرب قیامت کا دھواں مراد لیتے ہیں اس قول پر بھی یہ دعا صحیح ہے کہ آدمی اس دن گھبرا کر دعا کرنے لگیں گے کہ اے پروردگار کھول دے ہم سے یہ عذاب دخان کا لیکن یہ جو تم نے معنی کئے ہیں کہ دخان سے مراد آیت میں حقہ کا دھواں ہے اول تو پینے

اور سابق گذر چکا کہ حضرت فخر عالم حضرت فاطمہؓ کے گھر سے ترک دعوت کرکے لوٹ گئے اور ابوالدرداؓ نے رد دعوت کر دیا اور فقہا کی

والوں کو دخانِ حقہ سے ہرگز تکلیف نہیں پہونچتی جو اس سے گھبرا کر بول اٹھیں ھذا عذاب الیم یعنی یہ ہم کو عذاب درد دینے والا ہے ان کو تو تخفیف ریاح اور قبض کشائی کا فائدہ دیتا ہے جو درد شکم کو زائل کرے اس کو کس طرح کہنے لگیں کہ یہ درد پیدا کرتا ہے دوسرے یہ کہ حقہ پینے والا مسلمان ہندو مجوس یہود و نصاریٰ ہر قوم کے آدمی موجود ہیں کوئی بھی یہ دعا نہیں مانگتا ربنا اکشف عنا العذاب انا مومنون یعنی اے رب کھولدے ہم سے یہ عذابِ دخان اب ہم ایمان لاتے ہیں پھر کیا سمجھکر یہ آیت حقہ کی شان میں بیان کی پھر ص۲ میں دوسری آیت کے معنے بدل دیئے جہاں یہ لکھا ہے کہ حقہ نوشی سے دل سیاہ ہو جاتا ہے کیونکہ جب دھواں تانبہ اور کڑاہی پر لگجاتا ہے تو وہ سیاہ ہو جاتی ہے جب یہ دھواں حلق اور جگر اور دل اور انتڑیوں پر پہنچا تو وہ کیسے سیاہ نہ ہو جاینگی گی ولنعم ما قیل کہ حقہ نوش را قلب سیاہ است ؛ اگر باور نہ داری نے گواہ است ؛ اسی کا اشارہ فرمایا حکیم علی الاطلاق نے کلا بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون، ایسا نہیں جو یہ کہتے ہیں بلکہ زنگ لگا دیا یعنی سیاہی جما دی ان کے دلوں پر اس چیز نے کہ دور کرتے مثل حقہ نوشی اور دھواں کشی کے الی آخرہ میں کہتا ہوں کیا عمدہ شعر آپ سند میں لائے ہیں کہ حقہ نوش را قلب سیاہ است، کوئی پوچھے یہ کاف کیسا اور حقہ نوش کیا لفظ ہے محاورۂ ایران و توران میں تو قلیان کشیدن ہے حقہ نوشیدن ایک لفظ ہندیوں کا گھڑا ہوا ہے فارسی بولنے کو دل چاہا ان کی بولی سے خبر بھی نہیں قطع النظر اس سے لفظ حقہ نوش کے آگے جو لفظ را آیا ہے یہ علامت اضافت ہے کیونکہ قلب مضاف مؤخر اور حقہ نوش مضاف الیہ مقدم ہے اور لفظ سیاہ خبر اور است حرف ربط یعنی حقہ نوش کا دل سیاہ ہے خیال کرنا چاہئے جب را علامت اضافت آچکی تو پھر لفظ قلب پر کسرہ بقاعدہ کیوں ہے اور اگر کسرہ نہ پڑھو گے قاعدہ کے پابند ہو کر تو وزن شعر صحیح نہ ہوگا، سبحان اللہ کیا کیا خوبیاں بھری ہوئی ہیں پھر قیاس کیا عمدہ ہے اگر باور نداری نے گواہ است نتیجہ کی سیاہی سے دل کی سیاہی ثابت کرنا کمال قوت نظری کی دلیل ہے اسی طرح آپنے بھی دل کو توے اور کڑاہی سے نظیر دی ہے، اے حضرت دل ایک ٹکڑا گوشت کا ہے تر و تازہ اس کو توے کڑاہی اور نیچہ سے کیا نسبت ہاں مناسب یہ ہے کہ حقہ نوشوں کے لب اور زبان تالو اور کوا اور گلا دیکھا جاوے کیونکہ اعضاء گوشت کے ٹکڑے ہیں تر و تازہ مثل قلب کے اور اول دھواں لب و زبان و دندان کو لگتا ہے پیچھے دل کو جب یہ اعضاء حقہ نوشوں کے سیاہ نہ ہوئے بلکہ اسی طرح شاداب اور پر رونق ہیں جس طرح اور سب آدمیوں کے تو معلوم ہوا کہ دل بھی ان کا ویسا ہوگا جیسا سب کا دل ہے یہ تو آپ کی دلیل عقلی کا حال ہے اب دلیل نقلی کا حال سنیئے حقہ کی مذمت میں آیت لائے کلا بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون، جو کوئی کچھ بھی عربی پڑھا ہوگا وہ جانتا ہوگا کہ قلوبہم میں ہم کی ضمیر راجع ماسبق کی طرف ہے اور وہ کافران لوگوں کا ہے الذین یکذبون بیوم الدین، یعنی جو لوگ قیامت کا انکار کرتے ہیں اور قرآن کی آیتوں کو کہہ دیتے ہیں اساطیر الاولین یہ تو اگلے لوگوں کی کہانیاں اور قصے بنائے ہوئے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کو فرماتا ہے کلا یعنی یوں نہیں جو یہ سمجھتے ہیں بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون بلکہ زنگ پکڑ لیا ان کے دلوں پر وہ جو کماتے ہیں یعنی اعمال و عقائد اب یہاں آپ نے دو غلطی عظیم کی ہیں ایک تو یہ کہ کفار میں حقہ نوشوں کو داخل کیا، اور داخل بھی کیسا کہ حصر کر دیا، آپ نے یہ لفظ لکھے ہیں کہ اسی کا اشارہ

ات خود مشہور ہیں اور نوافل ہیں جو بتداعی جماعت ہوا کیں شرکت کو فقہا نے مکروہ لکھا ہے یہ سب واضح ہے مگر مؤلف پر سو رِ فہم ختم ہو لیا توبہ توبہ ... مولوی رشید احمد صاحب نے جو رسم ہنود کہا ہے تو تعیین اجتماع برادری روز سیوم کو اور طعام سامنے رکھکر ہاتھ اٹھانے کو کہ یہ رسم ... ہے نہ قرآن اور کلمہ پڑھنے کو چنانچہ اس کی کلام مابعد میں موجود ہے کہ لکھتے ہیں البتہ ثواب پہنچانا بلا قید روا ہے مگر مؤلف اپنے فہم سے ... ہے، لہذا اگر ایسے کلام خبط سے مرفوع القلم کیا جاوے تو بجا ہے باقی کلام تشبہ کی نور سوم میں آتی ہے بعد اس کے جو کلام سماع اور حقہ

۱؎ جائز ۲؎ مجبور ۳؎ غیر مکلف

فرمایا ہے حکیم علی الاطلاق نے کلا بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون. واضح ہو کہ ہماری زبان میں لفظ اس اور اسی میں فرق ہے اس کا لفظ حصر
کے واسطے نہیں، اور اسی کا واسطے حصر کے ہے تو مطلب حسب تحریر آپ کے یہ ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کا اشارہ اس آیت میں کسی کفر اور فسق کی طرف نہیں
اللہ تعالیٰ نے آیئیں پس اس کا اشارہ کیا ہے کہ حقہ نوشوں کے دل پر دھوئیں کی سیاہی جم گئی دوسری غلطی یہ کہ وہ جو کفار کے دل پر زنگ جم جاتا ہے جس کا
ذکر اس آیت اور احادیث میں بھی آیا ہے وہ زنگ اور وہ سیاہی محسوس ظاہری نہیں ہوتی وہ ظلمت معنوی ہوتی ہے اور قلب کے دو معنی ہیں ایک تو
یہ ٹکڑا گوشت کا صنوبری شکل غنچہ اور دوسرے معنے یہ کہ قلب ایک لطیفہ ہے عالم امر سے قلب حقیقی وہی ہے افعال نیک و بد کی تاثیر اسی میں ہوتی ہے
نہ قلب پارہ گوشت میں جب یہ معلوم ہو چکا تو شاہ عبدالعزیز صاحب کی عبارت تفسیر عزیزی میں دیکھنی چاہیئے کہ اس آیت کی شرح میں لکھتے
ہیں ہر فعل بد ہیئتی ظلمانیہ در لطیفہ قلب احداث می کند نہ آنکہ برین مضغہ صنوبری رنگے محسوس نمودار می شود زیرا کہ این مضغہ صنوبری قلب
حقیقی نیست. انتہی. اب دیکھیئے مفسرین تو اس آیت میں رنگ سے ظلمت معنوی مراد لیتے ہیں اور آپ ہی خان تمباکو کی چنانچہ آپ انکار
القلیان کے ص۲۶ میں لکھتے ہیں اس دھوئیں کا داغ دل پر سے نہیں جاتا سوائے توبہ کے اور نیز مفسرین دل سے مراد وہ دل لیتے ہیں جو ایک
لطیفہ غیبی ہے اور آپ دل سے مراد یہی گوشت کا ٹکڑا لیتے ہیں عبارت آپ کی یہ ہے جب دھواں حلق اور جگر اور دل اور انتڑیوں پہنچا تو وہ کیسے سیاہ
نہ ہو جاویگی. انتہی. اب حقہ کا مسئلہ سنیئے کہ حقہ کی حرمت تو شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ توڑ چکے فرمایا کہ حرام ہونے پر کوئی دلیل نہیں، اب دو
قول باقی رہ گئے، شاہ صاحب مکروہ ہونے کے قائل ہوئے، اور بہتیرے علما مثل بحر العلوم و علامہ شامی وغیرہ اس کے مباح ہونے پر فتویٰ دیتے
ہیں، بھلا حقہ نوشوں کے لئے تو اباحت تک کے بھی اقوال موجود ہیں تم نے جو قرآن میں معنی عقلی بے محل مراد الٰہی کے برخلاف اور عقل و نقل کیخلاف
تجویز کئے یہ تو حضرت بغیر دوزخ کی آغوش میں کھلائے آپ کو نہ چھوڑیں گے اگر آپ نے اس سے توبہ نہ کی ہم حدیث نقل کر چکے من قال فی القرآن
برائیہ فلیتبوأ مقعدہ من النار اور تماشہ یہ کہ آپ واعظ نے مفتی نے مفسر نے شاعریت میں بھی دم مارا کہ اسی رسالہ کے آخر میں لکھا قصیدہ
حقہ کی مذمت میں لکھا جس کا مقطع یہ ہے اب تم بھی ابو یوسف کے سب بالاتفاق سے دم بھی کہیں گر اب تو کہ حقہ حرام ہے اس کا قافیہ صحیح نہ وزن
صحیح نہ محاورہ نہ ترکیب ذرا ذرا سے بچے بھی اس قصیدہ کو پڑھ کر قہقہہ مارتے ہیں اور یوں کہتے ہیں ہے نا لڑکوں کی نظم کی نہ عربی نہ فارسی نہ ترکی:
تھی جو کتاب اس لا[illegible] گئی نہ لکھ لکھ واہی تباہی پر کی، خیر یہ دو تحریریں بابت سماع اور اباحت حقہ کے استطراداً مولوی امیر باز خاں صاحب
ذیل میں آ گئیں اب ہم اس نہی عن المنکر سے عند اللہ بری الذمہ ہو کر اصل مسائل مبحوثہ عنہا کی طرف رجوع کرتے ہیں، تنبیہ، یہ سب صاحبوں کو
اعلان دیا جاتا ہے یہ جو خیرات مبرات اور باقیات صالحات یعنی محفل میلاد سرور کائنات اور فاتحات اموات سلف صالحین سے اس وقت
تک جاری ہیں اگر حضرات مانعین ان امور کی تشنیع و تقبیح میں دیتے جرگہ مخصوص کی مہروں سے فتویٰ پے در پے چھاپ کر اس خیرات و حسنات
کو لوگوں سے چھڑوانا چاہیں تو یہ خیال خام اور سودائے ناقرجام دل و دماغ سے دور رکھیں ایسا نہ ہو گا کہ تمہارے رسائل لاطائل کا کوئی جواب
نہ دے ورنہ یہ ہو گا کہ ان امور صالحہ متوارثہ کو تمہاری ژاژ خائی سے کوئی چھوڑ دے علی الخصوص محفل میلاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہیں مؤلف نے کی ہے یہ بحث خارج از بحث ہے اس میں وقت ضائع کرنا مناسب نہیں، معہذا اپنے مشرب کے بھی یہ تحریر خلاف ہے
فھذا المنۃ للہ کہ برہان دوم نے نور ثانی کے لمعات باطلات کو مطموس کر دیا اور ظلمات تحتی اس کی مبرہن ہو گئی فللہ الحمد قولہ نور سوم الخ اقول

لہ خمنا، ۲ بیہودہ گوئی، ۳ بجھا دینا، ۴ مدلل،،

مومنین سے کب چھوٹ سکتی ہے دیکھو کافروں نے چاہا تھا کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ساحر و مجنون کہہ کر آپکا دین اور آپکا نام دنیا میں نہ چلنے دیں اللہ تعالیٰ نے حکم بھیجا یریدون لیطفؤا نور اللہ بافواههم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکٰفرون یعنی چاہتے ہیں کافر کہ بجھا دیں اللہ کے نور کو منہ سے کچھ بک بک کر حال یہ ہے کہ اللہ تو پورا کر رہا ہے اپنے نور کو گو برا مانا کریں کافر پس اسی بنا پر جائے دل میں تصدیق ہو کہ بیشک اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر اور نام اور دین کو سدا جاری رکھے گا، واضح ہو کہ یہانتک جو کچھ مخفیان فتوی انکاری کے حل تھے بیان کئے گئے اب بیان کیا جاتا ہے کہ سلف صالحین ان امور صالحہ کو کیوں جاری کیا تھا **قول سوم میں چھ لمعہ ہیں لمعہ اولیٰ**

در بیان جواز فاتحہ بر طعام و شیرینی، جو عبادت زبان یا جوارح و ارکان انسان سے صادر ہو اس کو عبادت بدنی کہتے ہیں جیسے قرآن یا تسبیح و تہلیل وغیرہ پڑھنا، اور جس عبادت میں مالیت صرف ہو اس کو عبادت مالی کہتے ہیں جیسے روٹی گوشت روپیہ پیسہ کپڑا وغیرہ راہ خدا میں خرچ کرنا اہل السنت والجماعت کا مذہب ہے کہ دونوں طرح کی عبادت کا ثواب اگر کسیکو بخشنا چاہیں تو پہنچتا ہے کتاب ہدایہ میں ہے ان الانسان له ان يجعل ثواب عمله لغيره صلوٰة او صوماً او صدقة وغيرها عند اهل السنة والجماعة یہ ہدایہ علم فقہ میں نہایت معتبر اور مشہور کتاب ہے اور شرح عقائد نسفی میں ہے وفی دعاء الاحیاء للاموات وصدقتهم عنهم نفع لهم خلافاً للمعتزلة یہ کتاب عقائد کی کتابوں میں مشہور درسی معتبر کتاب ہے اور یہ مسئلہ بہت حدیثوں سے ثابت ہے تذکرۃ الموتیٰ میں قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ ان حدیثوں کو نقل کر کے فرماتے ہیں "لہذا جمہور فقہا حکم کردہ اند کہ ثواب ہر عبادت بمیت می رسد" اور لکھا ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں واسطے عبادت مالی کے، فذهب ابوحنيفة واحمد وجمهور السلف الی وصولها الی آخرہ پس اس بنا پر یہ عادت اکثر اہل اسلام کی ہے کہ جب کسی میت کو کچھ کھانا یا شیرینی دینا چاہتے ہیں تو الحمد اور درود شریف پڑھ کر دعا اس میت کیلئے کرتے ہیں اور خدا سے درخواست کرتے ہیں کہ جو کچھ پڑھا اور یہ جو کچھ خیرات دیجاتی ہے اس کا ثواب فلاں میت کو پہنچے، عوام میں اس کا نام فاتحہ ہے یوں کہا کرتے ہیں کہ آج فلاں میت یا بزرگ کی فاتحہ ہے اصل میں فاتحہ نام ہے الحمد شریف کا چونکہ الحمد اس وقت پڑھی جاتی ہے اس لئے کل عمل کا نام فاتحہ قرار پایا تسمیۃ الکل باسم الجزء اور منکرین نے اس کا نام فاتحہ مرسومہ رکھا ہے اب اس فاتحہ میں دیکھنا چاہیئے کہ جو کچھ درود دعا الحمد پڑھی گئی یہ عبادت بدنی ہے وہ ثابت ہے اور جو کچھ کھانا یا شیرینی اس وقت دی گئی یا دیجاوے گی وہ عبادت مالی ہے وہ بھی فقہ حدیث عقائد سے ثابت ہے ان دونوں عبادتوں کا ثواب میت کو پہنچایا جاتا ہے پھر منکرین کا یہ انکار کہ اس کی کچھ اصل نہیں اس کے کیا معنی اگر یہ کہو کہ عبادت بدنی جدا کرو اور عبادت مالی جدا لیکن

دونوں قسم کی عبادت کا ثواب حنفیہ اور حنبلیہ کے نزدیک پہنچتا ہے، مگر شافعی و مالک بدنی کے وصول ثواب کے منکر ہیں پس اسکے منکر کو عموماً معتزلہ کہنا تشددی ہے اس ہی واسطے شرح ہدایہ اس تعمیم ظاہری ہدایہ میں تاویل کرتے ہیں **قولہ** پس اس بنا پر الخ عرف میں بطور مجاز[1] متعارف فاتحہ ایصال ثواب کا نام ہو گیا ہے اگرچہ فاتحہ نہ پڑھی جاوے اور خالص مال کا ہی ثواب ہو **قولہ** پھر منکرین کا یہ انکار کہ اس کی کچھ اصل نہیں الخ اہل مؤلف معنے سے بیخبر ہے اس کو بتلانا چاہیئے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ طعام کو روبرو رکھا جاوے اور اس کو رکھ کر قرآن پڑھا جاوے اور ملاں دے ثواب پہنچا دے اور بدون اس کے ایصال ثواب طعام کا نہ ہو یہ ہیئت کہیں قرون ثلثہ میں ثابت نہیں بدعت ہے یہ معنی ہیں پھر مؤلف نے خود اپنے ذہن میں معنی تجویز کئے کہ مرکب کرنا مالی بدنی کا مراد ہے سو یہ غلط ہے بلکہ یہ ہیئت حاصلہ مراد ہے نہ نفس ترکیب

---

[1] مجاز ... لفظ کو معنے غیر موضوع لہ میں استعمال کرنا

دونوں کا جمع ثابت نہیں تو یہ وہی مثال ٹھہرے گی کہ جب کوئی معتی شریعت حکم دے کہ بریانی کھانا جائز ہے اس لئے کہ اسمیں گوشت ہے
گوشت حلال چیز ہے اور برنج ہے وہ بھی حلال اور رنگت زعفران کی جو بعض برنج پر ہے وہ بھی حلال پس مجموعہ ان مباحات کا مباح ہے
تو اس کے جواب میں کوئی بے ہودہ سر پھوڑنے کو تیار ہو جاوے کہ صاحب یہ سب جدا جدا تو بیشک ثابت ہے لیکن ہم تو جب مانیں کہ اس
مجموعہ کا ذکر قرآن یا حدیث میں دکھاؤ یہ حرف کہاں لکھے ہیں کہ بریانی کھانا درست ہے پس جس طرح اس بے ہودہ کو سب عقلا سخیف العقل
اور قابل مضحکہ جانیں گے اسی درجہ میں ان صاحبوں کی یہ بات ہے علاوہ بریں جس طرح اثبات جمع کو موقوف رکھتے ہو وجود روایت پر اسی طرح
چاہئے منع کو بھی موقوف رکھو وجود روایت پر یعنی اگر عبادت مالی و بدنی جمع کرنے میں کوئی حدیث یا آیت ممانعت میں آئی ہو تو منع کرو ورنہ
تم کو سکوت چاہیئے حالاں کہ ہم دعویٰ کرتے ہیں کوئی حدیث یا آیت ممانعت میں جمع بین العبادتین میں نہیں آئی اگر آئی ہے پیش کرو ھاتوا
برھانکم ان کنتم صٰدقین ہم تو جمع بین العبادتین کیلئے قواعد عقلی اور نقلی شرع شریعت سے پیدا کریں گے ایک تو یہی کہ جب ممانعت ثابت
نہیں تو اصل اباحت ہے دوسرے یہ کہ سعادت عبد عبادت معبود میں ہے ماخلقت الجن والانس الا لیعبدون اور عبادت بعضی زبان
سے ہے بعضی اور اعضاء بدن سے بعضی مال سے پس جو کوئی ہر قسم کی عبادت کرے گا اتنا افضل ہوگا ایک عبادت والے سے شب معراج میں
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو تحفہ جناب باری میں گذرانا یہ لفظ تھے التحیات للہ والصلوٰۃ والطیبات مفسرین اور محدثین نے اس کے
معنی یہ لکھے ہیں کہ اللہ کے واسطے ہیں سب تعریفیں جو زبان سے ادا ہوں اور جو عبادت بدنی ہیں اور جو عبادتیں مالی ہیں پس جب کہ تینوں
قسم کی عبادتیں اللہ کے واسطے خاص ہوئیں تو بڑے قسمت اس شخص کی کہ ان تینوں کو ادا کرے فاتحہ مروجہ میں یہ بات حاصل ہے جب کہا
الحمد للہ رب العٰلمین، الرحمٰن الرحیم، مٰلک یوم الدین یہ تحیت اور ثنا اور شکر زبانی اللہ تعالیٰ کا اور جب کہا اھدنا الصراط المستقیم

کہ ہیئت حاصلہ میں تشبہ ہنود کا بھی ہے اور تقلید مطلق کی بھی ہے چنانچہ واضح ہو جاوے گا،
مرکب کی ہیئت ترکیبیہ حرام ہوگی تو مرکب کا حکم بدلجاوے گا اگرچہ تمام اجزاء مباح ہوں ۱۲ اور پھر مولف نے مثال بریانی کی لکھی کہ سب اجزاء اگر مباح ہیں
تو مرکب بھی مباح ہوگا اور یہ مثال خود مخدوش ہو گئی کیوں کہ اگر سب اجزاء مباح سے ترکیب ہو اور پھر ہیئت حاصلہ بھی مباح ہو اس وقت
اباحت ہوتی ہے، اور اگر ہیئت میں کراہت یا حرمت آجاویگی تو مرکب کا حکم بدلجاوے گا جیسا برانی کو بعد ترکیب مباحات کی ہیئت بھی
مباح حاصل ہوئی ہے اگر اس ترکیب میں زعفران کا سکر ظاہر ہو جاوے تو بسبب مسکر ہونے کے حرام ہو جاوے گی حالاں کہ اجزاء سب مباح
تھے، تمر[۳] اور پانی دونوں کا نبیذ بنایا جاوے بعد کئی دنوں کے جو ہیئت حاصل ہوئی حرام ہو گیا، علیٰ ہذا فاتحہ میں طعام و قرآن کی ہیئت
میں جو تشبہ حاصل ہوا اور تقلید مطلق گویا بدعت و مکروہ ہو گیا اگر مولف کو فہم نہ تھا تو کسی سے پوچھ لیتا مگر اس کو تو خود رائی خود پسندی سے
ذلیل کرایا خود سخیف العقل قابل مضحکہ بات کرتا ہے اور منع ہوتے پر اس ہیئت ترکیب فاتحہ کی نص جو طلب ہے تو سنو اپا کہ[۱] و محدثات الامور
الحدیث. من تشبہ بقوم فھو منھم الحدیث، اس سے چشم روشن کرو اور شرح آگے آتی ہے اطلاقاً اس دعویٰ کو کہ کوئی ممانعت جمع
بین العبادتین کی نص نہیں محض کم فہمی سمجھو کہ کلام اس ہیئت مخصوصہ میں ہے کہ اس کا کوئی امر غیر مشروع پیدا ہو جاوے نہ مطلق ترکیب میں ہے
آدمی کلام کو سمجھے پھر بولے ورنہ خوار ہوتا ہے **قولہ** ہم تو جمع میں بین العبادتین الخ **اقول** اباحت اصلیہ اس وقت میں ہوتی ہے کہ نص
موجود نہ ہو یہاں ممانعت کی نص موجود ہے اور ابھی پڑھ سنائی ہے تو یہ دلیل اول مولف کی لغو ہوئی دوسری عقلی دلیل کہ التحیات کی

لہ یعنی اگر سب جو اور بچونی باتوں سے کلٹ جس نے مشابہت کی کسی فرقہ کے ساتھ وہ ان میں سے ہے ۱۲

لہ کم عقل کے نشہ آور سکہ کھجور کے جاگ۔

لا اخوۃ اور بیرجوڑ و دو پڑھنا اور عاجز ذلیل بنکر اپنے اللہ تعالیٰ کے سامنے ہاتھ اٹھانا اور ہوتی کیلئے دعائے مغفرت کرنا یہ بھی عبادت بدنی اور لسانی ہوئی اور جو کچھ شیرینی یا کھانا بنکر دے گا وہ عبادت مالی ہوگی پس یہ جو پانچوں وقت نمازی نماز میں کہتا ہے التحیات للہ والصلوات والطیبات اس کا مجموعہ فاتحہ میں موجود ہے نہ قسمت میت کی جو اس کو یہ عطر مجموعہ پہنچے، اور جب ان سب باتوں کو ترک کردیا اور بدعت کہہ کر چھوڑ دیا جس طرح اب فرقہ منکرین چھوڑے بیٹھے ہیں تو وہی مثل عوام کے کہنے میں آوے گی، مر گئے مردود فاتحہ نہ درود دوسری بات یہ ہے کہ غور سے دیکھنا چاہئے کہ شرع شریف میں زکوٰۃ ایک عمل جداگانہ ہے اور نماز کا پڑھنا ایک عمل جداگانہ ہو ایک عبادت مالی ہے ایک بدنی ایک کے اوقات اور ہیں ایک کے اور لیکن جس کسی نے ان کو جمع کردیا اپنی خوشی سے بغیر حکم رسولؐ کے وہ مستحق تعریف ہوا ہے مستحق ملامت نہیں ہوا، مثال اس کی یہ ہے کہ تفسیر کبیر میں امام رازی لکھتے ہیں کہ ظہر کے وقت ایک آدمی نے سوال کیا مسجد میں کسی نے کچھ نہ دیا سائل نے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہا یا اللہ تو گواہ رہیو میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں سوال کیا کسی نے مجھکو کچھ نہ دیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس وقت رکوع میں تھے آپ نے انگلی سے جس میں انگشتری تھی اشارہ کیا سائل بڑھا اس نے وہ انگوٹھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے لے لی، الی آخرہ، یہ قصہ تفسیر معالم اور مدارک وغیرہ میں مختصراً مذکور ہے، خلاصہ یہ جب حالت رکوع میں یہ خیرات حضرت علیؓ نے کی حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو نہ فرمایا تھا بلکہ اپنی خوشی انہوں نے دونوں عبادتیں خیرات صلوات ایک زمانہ میں جمع کردیں تو اب اس باب میں اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف میں آیت نازل فرمائی جو سورہ مائدہ میں ہے الذین

اور عبادت کا کرنا بندہ کی سعادت ہے یہ سب مؤلف کے جہل کا ثمرہ ہے عبادت اس وقت موجب سعادت اور معتبر ہوتی ہے کہ حسب قواعد شرعیہ کے ہو اگر خلاف اس کے ہووے گی خواہ فرادی فرادی ہو خواہ بترکیب ہو وہ موجب شقاوت اور مردود ہوتی ہے اور معلوم ہوگیا کہ اس مجموعہ مرکبہ فاتحہ مروجہ میں مخالفت شارع علیہ السلام کی موجود ہے مگر یہ خبر اس کو ہو کہ علم رکھتا ہو مؤلف کہ اپنی عقل کی سخافت کو سبب دے رہا ہے کیا مطلع ہووے اس کی دلیل تو بس مثل عوام کے ہی ہے جو خود نقل کرتا ہے اس کو علم شرع سے کیا مناسبت ہو اس کی تقریر پر چربوز کو رد کرنا ضروری نہیں کہ خود ہی رد ہوگئی، **قولہ** دوسری بات یہ ہے کہ غور سے الخ **اقول** مؤلف نے اس روایت ضعیف کو نقل کرکے کیوں اپنے دماغ ماؤف کو تکلیف دی اولاً جمع بین العبادتین کا کوئی منکر نہیں خود مؤلف کی یہ وجہ تراشیدہ ہے جمع میں انکار ہے کہ اس سے ہیئت منکرہ پیدا ہو جاوے سو اس قصہ میں کوئی ہیئت منکرہ پیدا نہیں ہوئی خلاف فاتحہ مروجہ کے کیونکہ ثانیاً اس قدر حرکت بھی نماز میں مکروہ تنزیہی ہے جیسا فقہ میں مبیّن ہے مؤلف منیہ کو مطالعہ کرلیوے مگر یہ حرکت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اس وجہ سے ہوئی کہ اگر اس حالت میں نہ دیتے تو اس سائل کے مایوس ہو کر چلے جانے کا خدشہ تھا اس کی تحصیل کی واسطے کراہت تنزیہیہ کو اختیار کیا ورنہ یہ فعل بھی مکروہ تھا، فاتحہ مروجہ میں کوئی امر مہتم بالشان فوت ہوتا ہے جو اس تشبہ بدعت سے بچا کیا گیا مگر مؤلف کو فہم نہیں، بناچاری ایسے کلام کرتا ہے، تیسرے وہ امر اتفاقاً ہوگیا اب اگر کوئی التزام کرے کہ حالت رکوع میں بالضرور ہر روز ایسا ہی کیا کرے تو مؤلف ہی فتویٰ لکھے کہ اس کا کیا حکم ہے، احقر تو کہتا ہے کہ بیشک مکروہ اور بدعت ہوگا مگر مؤلف کے فہم پر کہ حق تو اس کے ذہن میں عبور کرتا ہی نہیں، رابعاً اس قصہ کی تقریر تو نقل سے معلوم ہوگئی مگر فاتحہ کی تقریر کیس

لہ تنہا، ئلہ بے ہودگی ئلہ بجا اس ئلہ ممنوع ۱۲

یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون پس جبکہ حضرت علیؓ بلا تصریح ارشاد شارع کے جمع بین العبادتین کر کے مستحق ثنا ہوئے اسی طرح فاتحہ میں بھی جمع بین العبادتین کرنے والے عند اللہ ماجور ہوں گے اور یہ دعویٰ ان صاحبوں کا جو بعض رسائل میں ہے کہ کبھی حضرت سے نہیں پایا گیا کہ کھانا سامنے رکھا ہوا ہو اور کچھ بھی آپ نے اس پر پڑھا ہو یہ نہایت غلط ہے چند حدیثیں مشکوٰۃ کی باب المعجزات میں موجود ہیں ازانجملہ حدیث ام سلیمؓ کی بروایت مسلم و بخاری موجود ہے کہ حضرت کی گرسنگی کا حال معلوم کر کے اس نے چند روٹیاں جو کی پکا کر دوپٹہ کے پلہ میں باندھیں یہ قصہ طویل ہے آخر یہ کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان روٹیوں کو تڑوا یا ملیدہ کی طرح جو کچھ اس کے برتن میں گھی لگا ہوا تھا وہ اس میں ٹپکا دیا پھر حضرت نے الفاظ قسم دعا سے اس پر پڑھے پھر دس دس آدمیوں کو بلا کر . . کھلانا شروع کیا اسی آدمیوں کو پیٹ بھر بھر کھلایا پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اور ام سلیمؓ کے گھر بھر کے آدمیوں نے کھایا اور پھر بھی بچ رہا ، دیکھئے اس میں کھانا سامنے ہے اور اس پر دعا اور جو کچھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہا اس کا پڑھنا ہے ازانجملہ انسؓ کی حدیث بروایت مسلم و بخاری کہ انسؓ فرماتے ہیں میری والدہ نے ایک بادیہ میں کھانا کھجور اور گھی اور دہی کا مرکب بنا یا ہوا بھیجا آپ نے اس پر کچھ پڑھا جو کچھ اللہ تعالیٰ کو منظور تھا پھر حضرت دس دس آدمیوں کو بلاتے گئے اور کھلاتے گئے ، قریب تین سو آدمیوں کو کھلا دیا پھر مجھکو فرمایا اٹھا لے اے انسؓ اپنا بادیہ میں نے جب اٹھایا حیرت میں رہ گیا ،

کس نص سے مؤلف نے ثابت کی ہے اگر قیاس مؤلف کا ہے تو وہ تو اب ہی باطل کیا گیا اور نص ممانعت کی سنا دی گئی اب کوئی نص مؤلف اپنے شکم سے نکالے ، خامسًا حضرت علیؓ کو پہلے سے بدلالۃ النص معلوم تھا کہ اس قدر حرکت اور ایصال نفع صلوٰۃ میں درست ہے خود فخر عالمؐ نے امامہ بنت ابی العاص کو حالت صلوٰۃ میں کندھے پر چڑھا لیا تھا اس کی راحت کے واسطے اور رونے کے خدشہ سے اور حضرت عائشہؓ کیواسطے بحالت صلوٰۃ زنجیر کھول دی تھی ، علی ہذا دیگر مثل اس امور کے بہت وقائع تھے جس سے معلوم ہو گیا کہ اس قدر حرکت نفع رسانی کو درست ہے مگر مؤلف کو کونسی ولادت اشارۃً ملی ہے جس سے یہ بدعت کو حسنہ بتاتا ہے یہاں تو نص بھی موجود ہے **قولہ** اور یہ دعویٰ ان صاحبوں کا کبھی حضرت سے الخ **اقول** یہ دعویٰ کوئی عالم نہیں کرتا جو مؤلف سمجھا بلکہ یہ دعویٰ ہے کہ اس طرح ایصال ثواب کبھی نہیں کیا ورنہ آپ علیہ السلام تو ہر دم ذاکر تھے جب طعام آپ کے روبرو رکھا جاتا تھا قبل شروع کچھ پڑھتے ہوتے تھے اور بسم اللہ کر کے کھاتے تھے سو یہ فہم ناتمام مؤلف کے کمالات ہیں کہ مراد مانعین کی نہیں سمجھا ، پس اب یہ چند دلیل حیثیت منقولہ اسکی اسکو کچھ بھی نافع نہیں ذرا ہوش کر کے دیکھئے ،

قولہ ازاں جملہ حدیث ام سلیمؓ الخ **اقول** مؤلف نے یہ تین حدیث | فاتحہ مروجہ کو طعام سامنے رکھ کر دعا زیادہ فرمانے پر قیاس نہیں کر سکتے کہ ذکر کی موجود ہے

نقل کی کہ جس سے یہ ثابت ہو کہ فخر عالم علیہ السلام نے طعام پر دعا زیادہ ہو جانے اس طعام کی فرمائی اور حدیث میں ہے تعالیٰ فیہ ما شاء اللہ ان یقول سو ہو سکتا ہے کہ کچھ پڑھا ہو کہ جس سے اضافہ قدر طعام کا ہو گیا مگر تیسری حدیث میں دعا بالبرکۃ وارد ہوا ہے لہٰذا ان دو حدیث کو بھی اس پر ہی حمل کیا جاوے بہر حال طعام قلیل پر زیادہ ہو جانے طعام کی دعا فرمائی ، اب غور فرمایئے اس طعام کی زیادتی آپ کی دعا پر موقوف تھی اگر آپ دعا نہ فرماتے تو زیادہ حاصل ہوتی اور جس شے پر دعا زیادہ کریں اس کا روبرو ہونا مناسب ہے ، پس یہ آپ کا دعا کرنا حاضر ورنہ کے دفع تھا بدون اس کے حاصل نہیں ہو سکتی تھی ، پس یہ فعل نظیر فاتحہ مروجہ کی ہرگز نہیں ہو سکتا کیونکہ یہاں اگر دعا ایصال ثواب کی ہے تو بالکل لغو حرکت ہے وہ طعام جب بنیت ایصال ثواب پکایا یا بنیت اکل کے سامنے رکھا تو وہ نیت صاحب طعام سے قابل وصول ہو

لے یعنی کھانے پر آپ نے جو کچھ خدا تعالیٰ نے چاہا پڑھا لے یعنی دعا مانگی کہ کھانے میں برکت ہو لے کھانے والا ۔

کہ جب میں لایا تھا اس وقت اس میں کھانا زیادہ تھا یا اب زیادہ پہلے سے موجود ہے ازاں جملہ حدیث غزوہ تبوک کی مشکوٰۃ میں بروایت مسلم مذکور
ہے جب لوگ گرسنہ ہوگئے حضرت عمرؓ نے دعا کرانی چاہی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے تب آپؐ نے دسترخوان بچھوایا اور فرمایا لے آؤ جو کچھ کسی کے
پاس کھانا بچا ہوا ہو تب کسی نے مٹھی جوار کسی نے مٹھی کھجور کسی نے ٹکڑا روٹی کا جس کے پاس جو کچھ بچا ہوا تھا لا کر ڈالا بہت ہی تھوڑا سا ذخیرہ جمع ہوا
پھر آپؐ نے اس پر دعا فرمائی اور فرمایا بھر لو اپنے برتن پھر جس قدر لشکر تھا سب نے اپنے تمام برتن جو ان کے پاس تھے بھر لئے اور خوب کھایا اور پھر
بھی کھانا بچ رہا، شارحین لکھتے ہیں، کہ اس وقت لشکر میں لاکھ آدمی موجود تھے پس معلوم ہوا کہ لاکھ آدمی اس بات کے گواہ ہوئے کہ کھانا سامنے
رکھے ہوئے پر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی، باقی رہی یہ بات کہ حضرتؐ نے وہ دعا مانگی جو آپؐ کو ضرورت تھی صاحب فاتحہ وہ دعا کرتا ہے
جس کی اس کو ضرورت اس وقت ہو، پس دعا ہونے میں دونوں برابر ہیں یعنی دعا کے معنی شرع میں ہیں السئوال من اللہ الکریم یہ دونوں جگہ
یک ہیں اب اہل انصاف کو چاہیے کہ سخن پروری کو چھوڑ کر ان دلائل میں خوب تأمل فرماویں اتباع حق کریں ورنہ ایسا تو کریں کہ فاتحہ پڑھنے والوں کو

ب کل بے ہودہ کیا وہ دعا کرتا ہے فضول حرکت ہے اور جو دعا مغفرت میت کی کرتا ہے تو اس کا وقت دوسرا ہے بعد حضور طعام کے یہ اس کا
محل نہیں، جیسا اب آتا ہے بہر حال فخر عالمؐ کا فعل تو ضرور ہے، اور یہ قول آکلین صدقہ کا لغو سو قیاس خود لغو ٹھیرا کہ مع الفارق ہو دوسرے
یہ کہ دعا فخر عالم کی زیادہ ہو جانے کی اور ازالۂ نقصان قدر طعام کی تھی اور یہ دعا مثل اصلاح ظاہر کے ہے کہ ہم لوگ ہاتھ سے اصلاح ظاہر اور
ازالۂ فساد و نقصان کرتے ہیں اور فخر عالمؐ نے اصلاح و نقصان ذاتی طعام کی اپنے کلام سے فرمائی یعنی یہ فعل مزیل نقصان تھا اور فاتحہ میں افساد
طعام ہے کہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور آکلین اور قاری دونوں کی شہوۃ متعلق طعام سے ہے تو گویا افساد خلوص اور نیت آکلین کا بھی ہے لہٰذا فعل مصلح
کو مقیس علیہ فعل مفسد کا بنانا فہم مؤلف کا ہی ہے اور کوئی اہل علم ایسی لغویات نہ کہے گا، تیسرے فخر عالم علیہ السلام نے دعا برکت فرمائی یہاں
قرآن پڑھتے ہیں قرآن عبادت ہے کہ طعام کے آنے کے بعد مکروہ ہے عبادت کا خشوع جاتا رہتا ہے اور طعام کا نقصان، اور تعظیم طعام
کے امر خلاف ہے مسلم نے روایت کیا لاصلوٰۃ بحضرۃ الطعام۔ الحدیث، اور ادب طعام میں ہے کہ بعد روٹی آنے کے انتظار سالن
کا بھی نہ کرے، چنانچہ احیاء العلوم وغیرہ میں مذکور ہے، چوتھے یہ کہ وہ طعام کھانے کے واسطے نہیں تھا بلکہ بڑھانے کے واسطے تھا تو اب تک
اس کے کھانے کا وقت نہ آیا تھا جب آپؐ دعا کر کے فارغ ہوئے، تو وقت کھانے کا ہوا اور بعض معجزات میں محض زیادہ ہونے کے بعد اٹھا
کر منتظر تھا خلاف فاتحہ کے کہ اس کا وقت کھانے کا ہے اب دوسرے کام میں لگنا مناسب نہیں پس فاتحہ کو قیاس ہو قائل ان احادیث پر
محض فہم و علم سے عاری ہے ایصال ثواب کا اثبات تھا، زیادہ طعام کا مسئلہ پیش کیا پھر سب کے بعد یہ فعل مباح ہوا مگر فعل مندوب
بھی جب مشابہت عارض ہو جاتی ہے یا تعین و تاکد کی بدعت حادث ہو جاتی ہے تو وہ مندوب نہیں رہتا غیر مشروع ہو جاتا ہے
تو جب کہ یہاں یہ امور غیر مشروع موجود ہیں تو باوصف تسلیم مذہب کے بھی مؤلف کو سم قاتل ہو جاوے گا، غرض فہم کلام سے مؤلف کو
مناسبت کم ہے ہاں اگر قبل طعام کے آنے کے یا کھانے کے بعد کوئی بخوشی ثواب میت کو پڑھ کر پہنچا دیوے بشرطیکہ اس میں تاکد نہ ہو تو کوئی منع
نہیں کرتا یہ کیوں کیا جاوے کہ طعام سامنے رکھ کر قراۃ و دعا مشروع اور محبوب اور جملہ تعین بدعت لکھتے ہیں کہ ثواب ایصال ذکر و طعام
مستحسن ہے اور مؤلف کا غزوہ تبوک کے واقعہ میں کہ اس پر لاکھ آدمی گواہ ہیں یہ ہذیان غیر مفید ہے کیوں کہ اگر کروڑ آدمی کے روبرو یہ قصہ ہوا
مگر راوی واحد نے بیان کیا جب بھی خبر واحد ہی رہے گی متواتر نہ ہو وے گی سو یہ گواہی مؤلف کی کیا مفید ہوئی اور جو لاکھ کی گواہی آج

له یعنی جب کھانا سامنے آجاوے اور وہ لوگ بھی پہنچ جاویں ۱۲ منہ

له ہوئے کے له صدقہ کھانے والے ۳ له نقصان کو ختم کرنیوالا بچانے والا یعنی اس ۵ له جس کا بیان کرنیوالے اتنی تعداد میں ہوں کہ ان کے جھوٹ پر متفق ہونیکا خیال بعید ہو سکے ۱۲

صلوات مدد سنائیں ع مرا بخیر تو امید نیست بد مرساں **تنبیہ** ۔ ہاں اگر کوئی کم فہم عوام میں ایسا ہو کہ ثواب عبادت مالی کو یوں سمجھے کہ بغیر فاتحہ پڑھے نہیں پہنچے گا اس عقیدہ کو بد کہنا چاہیئے ، اور اس کو زجر و توبیخ کرنا چاہیئے کیوں کہ اس نے حکم اطلاق نصوص میں فرمان مصطفیٰ علیہ افضل التحیہ والسلام مقید کر دیا لیکن برتاؤ آمد لوگوں کا دیکھکر یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ عقیدہ ان کا نہیں اس لئے کہ جب میت کی طرف سے کچھ کپڑا یا روپیہ مسجد یا مدرسہ میں دیتے ہیں تو فاتحہ پڑھ کر نہیں دیتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ عقیدہ انکا یہ ہے کہ ثواب عبادت مالی کا بدون فاتحہ کے پہنچ جاتا ہے اس طرح جب ختم قرآن شریف یا قل ہو اللہ وغیرہ پڑھ کر میت کو بخشتے ہیں ، یا قبرستان میں جا کر اس پر فاتحہ پڑھتے ہیں اس صورت میں یہ لازم نہیں پکڑتے ، کہ اس وقت میں کچھ صدقہ بھی ضرور چاہیئے ، اس سے معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک ثواب عبادت بدنی کا بدون عبادت مالی کے پہنچ جاتا ہے جب عقیدہ یہ ٹھیرا تو ان کے حق میں کچھ مضر نہیں فاتحہ پڑھنا بعض سورہ مثل طعام و تقسیم شیرینی

تک تواتر اگر ثابت ہو جاوے تو بھی اسی قدر مضمون مذہب کا رہیگا جو قطعی الثبوت ہو گیا .... سو اس سے بھی جواز فاتحہ کا ثابت نہ ہوگا ہاں فعل فخر عالم علیہ السلام کا قطعی الثبوت ہو جاوے گا جس کا حاصل مذہب ہو مگر مؤلف کی قسمت میں وہی کم فہمی سبحان اللہ ، ثبوت اس کو مدعا کا حاصل ہیگا اب یہ بھی یاد رہے کہ مؤلف اقط ترجمہ وہی کرتا ہے اگرچہ خطائیں اس کی بہت ہیں مگر ترجمہ حدیث کی خطا بتانی ضروری ہے ، اقط پنیر کو کہتے ہیں نہ دہی کو اوپر سے معلوم ہوا کہ دعا فخر عالم علیہ السلام کی ضروری تھی اور فاتحہ کی دعا لغو اور لغو کا ترک مناسب ہے والذین ہم عن اللغو معرضون ، حق تعالیٰ مدح میں فرماتا ہے پس قول مؤلف کا کہ ہمارے واسطے جو دعا ضروری ہے ، طعام پر وہ کرتے ہیں بالکل لغو ہو گیا محض بے معنے ہیں **قولہ تنبیہ الخ اقول** الحمد للہ کہ مؤلف کو بہت کچھ اپنا وقت ضائع کر کے اور کشف اپنی حقیقت علمی کا کر کے متنبہ ہوا کہ اطلاق نصوص کا مقید کرنا ضلالت ہے اور اس عقیدہ پر عوام کو زجر و توبیخ لازم ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ امر بدعت ضلالہ ہے مگر اپنی عادت سے مجبور پھر انحراف کیا کہ عوام کا یہ عقیدہ معلوم نہیں ہوتا ، بہر حال اصل مسئلہ میں تو مؤلف موافق مانعین کا ہو گیا اب خلاف عقیدہ عوام میں رہا کیہ ہے یا نہیں اس فقرہ نے ساری تحریر مؤلف کی بیہودہ بنادی کیوں کہ مؤلف کا جب یہ عقیدہ ہے کہ تقلید مطلق کی بدعت ضلالہ ہے اور یہی مانعین کا عقیدہ ہے تو بس اس کا اثبات کرنا تھا کہ لوگوں کا یہ عقیدہ نہیں ، اس قدر دردسری بے ہودہ سے کیا حاصل کیا ، بس خیر گذشتہ را صلواۃ ، اب مؤلف پر اس کا قول صادق آ گیا کہ صبح کا بھولا شام کو آیا الخ اب کلام عوام کے عقیدہ میں ہی مانعین کہتے ہیں کہ یہ عقیدہ ہے اور یہ امر بدیہی ہے مؤلف تجربہ کر لیوے بلکہ خواص کالانعام کا گو عقیدہ یہ نہیں ، مگر عملدرآمد ان کا بھی مثل عوام کے ہے **قولہ** اس لئے کہ جب کپڑا الخ **اقول** یہ دلیل بالکل ناتمام سوء فہم سے ناشی ہے اس واسطے کہ قرآن کو موقوف علیہ طعام کا کوئی نہیں جانتا قرآن کا ثواب عوام کے نزدیک مطلق ہے تو اس میں کلام بھی نہیں اور طعام کا ثواب موقوف کلام پر جانتے ہیں علیٰ ہذا القیاس نقد یا پارچہ کو بھی مطلق جانتے ہیں ، پس جسقدر کو عوام نے مقید کیا اس کو ہی بدعت کہا گیا اور جس کو اپنے اطلاق پر رکھا اس کو بدعت نہیں کہتے مگر یہ دلیل تو اس وقت مفید ہوتی کہ کسی نے تلازم مالی و بدنی کا جمیع صور میں دعویٰ کیا ہوتا یہ تلازم خود ہی مؤلف کے شکم سے نکلا ہے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ ہنود کے یہاں فقط کھانے پر بید پڑھتے ہیں اور کپڑے و نقد وغیرہ پر نہیں پڑھتے اس سبب سے عوام جہال نے بھی طعام پر کچھ پڑھنا مقرر کیا نہ ہر شئے پر ، غرض مؤلف کی یہ دلیل کہ جو ثواب قرارت کا موقوف طعام پر عوام کے نزدیک نہیں ، تو اس کا قلب بھی نہیں ہو سکتا کیا عمدہ دلیل ہو حاجت بیان نہیں مؤلف کی منطق خوانی کا نتیجہ ہی ایسا

ل محرومی سے ڈانٹ ڈپٹ سے پیدا کے لازم ہونا۔

وغیرہ میں اسی واسطے بزرگان دین کا اس طریقہ پر عمل رہا ہے عنقریب ہم نقل کریں گے. باقی رہی یہ بات کہ بعضے آدمی جو زیادہ احتیاط کرتے ہیں کہ روبقبلہ بیٹھتے ہیں اور مکان پاکیزہ وصاف میں پڑھتے ہیں، سو یہ بات کچھ فرض نہیں بلکہ قسم آداب سے ہے آپ کے مسلم الثبوت علماء کے کلام میں موجود ہے شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ تعزیہ کے پاس درود فاتحہ پڑھنے کیلئے سوالات عشرہ محرم میں نقل فرماتے ہیں، فاتحہ ودرود فی نفسہ درست است لیکن دریں قسم جائے نوعے بے ادبی می شود زیراکہ نجاست معنوی دارد فاتحہ ودرود جائے بباید خواند کہ محل پاک باشد از نجاست ظاہری وباطنی انتہٰی، اس کلام سے صاف ثابت ہوا کہ فاتحہ پاکیزہ جگہ میں پڑھنی چاہیئے، اور مولوی اسمٰعیل صاحب صراط مستقیم میں موافق تعلیم اپنے مرشد سید احمد صاحب کے لکھتے ہیں، اول طالب را باید کہ باوضو دوزانو بطور نماز نشستہ فاتحہ بنام اکابر ایں طریقہ یعنی حضرت خواجہ معین الدین سنجری وحضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما خوانده التجا بجناب حضرت ایزد پاک بتوسط ایں بزرگاں نماید الی آخرہ. مکان پاک میں روبقبلہ ہو کر فاتحہ پڑھنا، آداب کے ساتھ ان بزرگوں کے کلام سے جن کو تم مستند جانتے ہو ثابت ہو گیا اگر کوئی یہ کہے کہ فاتحہ یعنی الحمد کو مقامات ایصال ثواب میں کیوں اختیار کیا ہے جواب اس کا یہ ہے کہ الحمد کو فضیلت بڑی ہے کل سورتوں پر، سیرت حلبی اور تفسیر عزیزی میں ہے، کہ اگر فاتحہ کو ایک پلہ ترازو میں رکھیں اور تمام قرآن دوسرے پلہ میں تو فاتحہ یعنی الحمد غالب آوے گی سات حصہ، اور تفسیر روح البیان میں ہے جس نے پڑھی الحمد دیگا اسکو اللہ تعالیٰ ثواب گویا کل قرآن پڑھا، اور گویا اس نے صدقہ کیا کل مومنین اور مومنات پر انتہٰی، اس لئے اہل اسلام میں یہ رسم پڑگئی کہ جب کوئی اپنی میت کیلئے کچھ کھانا یا شیرینی دیتا ہے تو الحمد پڑھ دیتا ہے اس کے پڑھنے سے یہ اجر ہوتا ہے گویا جمیع مومنین و مومنات پر صدقہ دیا خدا کی قدرت ہے اصحاب فاتحہ تو کس کس درجات کو پہنچ رہے ہیں، اور منکرین اس فعل پر غیظ کھا کر کیا کیا خاک اڑا رہے

ہو گئی ہیں پڑھا تھا کہ مقدمہ کا عکس لازم ہوتا ہے مؤلف نے اس قاعدہ کو ثواب عبادت ومالی وبدنی کا مقدمہ بنا کر اس پر جاری کردیا لاحول ولا قوۃ الا باللہ، اس تقریر کو بچے بھی ہنستے ہیں، اور بزرگان دین کا یہ طریقہ نہیں، ہاں مؤلف کے بزرگان مبتدعین کا ہوگا **قولہ** باقی رہی یہ بات کہ بعض جو زیادہ الخ **اقول**، ہرگاہ یہ فاتحہ خوانی سرے سے بدعت ہو گئی تو بحث توجہ قبلہ اور نظافت مکان کی خود لغو ہو گئی اور مسلمان کو ہر حال توجہ قبلہ ونظافۃ مستحسن ہو اس کے جواب کی حاجت نہیں، اور مؤلف کے مدعا کو ہرگز مفید نہیں کہ کلام اس میں ہے کہ طعام کا ثواب روبرو رکھ کر مروجہ قرارۃ جس ہیئت کا سوال سائل کرتا ہے، کیسا ہے سو ثابت ہو گیا کہ مکروہ بدعت ہے اور شاہ عبدالعزیز کے سوالات عشرہ کو اگر تسلیم کیا جاوے کہ ان کے ہی ہیں تو وہ فاتحہ درود کو فی نفسہ درست لکھتے ہیں نہ طعام آگے رکھ کر کہ جس کی بحث ہے اور نجاست معنوی بدعت کی جگہ پڑھنے کو بے ادبی فرماتے ہیں، اور بے ادبی قرآن کی حرام ہے اس سے ثابت ہوا کہ بدعت کے محل پر قرآن پڑھنا حرام ہے، یہاں فاتحہ مروجہ میں بھی باعتراف مؤلف بدعت موجود ہے کہ تقیید مطلق نص کا یہاں موجود ہے اور تشبہ ہنود کا بھی ظاہر ہے پس قیاس اس کلام کا حرمۃ اس فعل کو تقاضہ کرتا ہے مگر مؤلف بے خبر ہے علیٰ ہذا صراط مستقیم میں ذکر تقرب الی اللہ کا ہے اسمیں نظافت ضروری ہے اور فاتحہ سے مراد ایصال ثواب بروح صاحب طریقت ہے اور یہ دونوں امر نظافت طلب ہیں مگر طعام سامنے رکھ کر فاتحہ پڑھنا کہ بدعت ہے اور نجاست معنوی ہے اس کو اس سے کچھ مناسبت نہیں یہ محض کم فہمی مؤلف کی ہے، علیٰ ہذا تعیین قرارۃ فاتحہ ایصال الثواب مکروہ ہے ہرچند کسی نے بھی غرض مذکور مؤلف کی فاتحہ کو اختیار کیا ہو مگر اب اسی وجہ سے زجر وتوبیخ لازم ہے

یعنی کی ۱ه ایصال ثواب کیلئے قرارۃ فاتحہ کی تعیین ۲ه اللہ تعالیٰ کا قرب ۳ه اسی غرض سے۔

ہیاع ہر کس سد بدانچہ تفصیلش نوشتہ اند، اب رہا مسئلہ ہاتھ اٹھانے کا سو جواب اس کا یہ ہے کہ فاتحہ میں دعا بھی کیجاتی ہے اور خود الحمد
شریف بھی من وجہٍ دعا ہے، اس کی تعریف میں لکھتے ہیں ھی دعاء و ثناء و صلوٰۃ جب یہ الحمد من وجہٍ دعا ہوئی اور اس کے سوا اور بھی دعا
اس وقت کیجاتی ہے اور وقت دعا جو کہ خارج نماز کے کیجاتی ہے اس میں ہاتھ اٹھانا مستحب ہے حصن حصین میں ہے ادب الدعاء بسط
الیدین ت مس و رفعھما یعنی دعا کے آداب میں یہ ہے پھیلانا دونوں ہاتھوں کا روایت کی یہ ترمذی اور حاکم نے اور اٹھانا دونوں ہاتھوں
کا روایت کی یہ چھیوں محدثوں مصنف صحاح ستہ کے نے اور مشکوٰۃ میں حکم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا مرقوم ہے اذا سألتم الله فاسئلوه ببطون
اکفکم اور نیز مشکوٰۃ میں حدیث رسول ہو صلے اللہ علیہ وسلم ان ربکم حی کریم یستحیی من عبده اذا رفع یدیه الیه ان یردهما صفرا، پس
چوں کہ فاتحہ میت کی امداد ہے اس لئے ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ بموجب مضمون حدیث شریف کے ان ہاتھوں کو خالی نہ پھیرے
بلکہ مراد سے بھر دے اور مسائل اربعین میں مولوی اسحاق صاحب نے مسئلہ سی و دوم کے جواب میں کہ تعزیت میت میں ہاتھ اٹھا کر فاتحہ پڑھنا

جس کو مؤلف اپنے منہ سے بول اٹھا ہے دعظی المومنین انتقال اور یہ ایک دلیل بدعت ہوئے فاتحہ مرسومہ و سیوم و دہم و چہلم وغیرہ کی ہو کہ مؤلف اسکا
مقر ہے یاد رکھنا اس کا ضرور ہو **قولہ** اب رہا مسئلہ ہاتھ اٹھانے کا الخ **اقول** پہلے بھی لکھا گیا کہ مؤلف کو کہیں فہم مطلب نصیب نہیں
اپنی تقریر ہانکنے سے کام ہے فرادی فرادی امور میں کلام کرتا ہے اس غرض سے کہ اگر اجزاء جائز ہوویں گے تو مجموعہ بھی درست ہو جاوے گا
اور یہ امر باطل ہو چکا ہے اور یہ بھی ثابت ہو چکا کہ یہ محل دعا کا نہیں طعام سامنے رکھ کر دعاء ایصال ثواب لغو ہے اور دعا مغفرت کا موقع نہیں کہ خلاف ادب طعام
کے ہے اور خشوع کھانے والوں کا رفع ہوتا ہے اور پھر سائل فاتحہ خوانی میں ہاتھ اٹھانے کو پوچھتا ہے، پس اگر فاتحہ بہ نیت قرآن ایصال ثواب
کے واسطے پڑھتے ہیں تو قرآن کو ہاتھ اٹھا کر پڑھنا کہیں شرع میں وارد نہیں رکوع و سجود میں قرآن کو پڑھنا مکروہ لکھا ہے کہ نہانی ان اقرء
راکعًا او ساجدًا، الحدیث، پس چوں کہ رکوع و سجود حالت ذلت و عجز بندہ کی ہے اس وقت میں قرآن مکروہ ہوا، نظر برآں اگر حالت
دست برداشتن میں بھی مکروہ ہو تو لائق ہے کہ حالت ذلت ہے، قطع نظر اس کے ورود شرع کا اس طرح نہیں،
لہٰذا بدعت ہے اور اگر فاتحہ بہ نیت دعا پڑھی جاتی ہے تو قرآن نہیں اسی واسطے جب کوئی بہ نیت دعا فاتحہ پڑھنا فقہ میں درست لکھا ہے اور فاتحہ
میں جو دعا ہے وہ پڑھنے والے کے حق میں ہے نہ میت کے حق میں سبحان اللہ دعا تو میت کے واسطے کرتا تھا اپنے واسطے کرنے لگا، یہ خبط عقل
نہ معلوم کیسی ہوئی، مانگنے والے کی یا مؤلف کی دعویٰ تو یہ کہ مردہ کے واسطے دعا کرتے ہیں اور اثبات یہ کہ کھانے والا اپنے واسطے ہدایت راہ مستقیم
کی مانگتا ہے سبحان اللہ، اور اول میں یہ لکھ آیا کہ فاتحہ و درود پڑھ کر دعاء ایصال ثواب مانگتے ہیں غرض اس خبط کلام کو دیکھنا لازم ہے سب کے
بعد یہ کہ سب جگہ ہاتھ اٹھانے دعا میں بھی مستحب نہیں، جیسا مؤلف لکھتا ہے بلکہ جہاں ہاتھ اٹھانے ثابت ہوئے وہاں مستحب ہے اور
جہاں کچھ ثابت نہ ہوا وہاں بھی مستحب اور جس جگہ عدم رفع ثابت ہوا وہاں مکروہ، علی قاری شرح حصن حصین میں لکھتے ہیں کہ یہ رفع وہاں مستحب ہے
کہ فخر عالم علیہ السلام سے وہاں رفع ثابت ہوا ہو ورنہ مکروہ ہوگا اور شرح مناسک میں لکھتے ہیں کہ ولا یرفع یدیه عند رؤیة البیت ای ولو حال
دعائه لعدم ذکره فی المشاهیر و کلام الطحاوی صریح فی انه یکره الرفع عند علمائنا الثلثة ونقل عن جابر انه فعل الیهود انتهی پھر بعد
نقل قول اس کے کہ جس نے یہاں رفع یدین کو مستحب کہا ہے لکھتے ہیں کانهما اعتمدا علی مطلق اداب الدعاء لکن السنة متبعة فی الاحوال المختلفة
اما تری انه علیه السلام دعی فی الطواف ولم یرفع یدیه انتہی، پس یہ کلیہ مؤلف کا تو باطل ہو گیا پس استحباب رفع یدین وہیں ہے جہاں فخر

لے اعزاز کرنے والا ۱۱

جائز ہے یا نہیں رقم فرمایا ہے، امادست برداشتن برائے دعا وقت تعزیت ظاہرا جواز است زیراکہ در حدیث شریف رفع یدین در دعا مطلقاً ثابت شدہ ونیز در ہر وقت ہم مضائقہ ندارد ولیکن تخصیص آں برائے دعا وقت تعزیت ماثور نیست انتہی، دیکھئے یہ بات تسلیم کرکے کہ اس نیست خاص ہو منقول نہیں یہی حکم دیا تھا کہ ہاتھ اٹھانا کچھ مضائقہ نہیں، کیوں کہ مطلق دعا میں ہاتھ اٹھانا ثابت ہے اس بنا پر ہم کہتے ہیں کہ خاص وقت فاتحہ کی اگرچہ کوئی روایت ماثورہ نہ ہو لیکن جب حدیثوں میں مطلق دعا کیلئے ہاتھ اٹھانا آیا ہے تو اس فاتحہ میں بھی ثابت ہو گیا کیوں کہ یہ بھی دعا ہے اب دیکھئے مفتیان فتویٰ انکاری کوئی اس فاتحہ مذکورہ کو کہتا ہے کہ مخترعات ناپسند شرعیہ سے ہے اور کوئی رسم ہنود لکھتا ہے افسوس افسوس جس چیز کے اصول احادیث شرعیہ سے نکلتے ہوں اس کو حرام یا رسم ہنود یا ضلالت کہنا ان ہی بالضعاف آدمیوں کا کام ہے پہلے صلحاء و علماء اس کو مسلم کہتے آئے ہیں مولانا عبداللہ گجراتی جو بڑے عالم صالح متقی ہم عصر شیخ عبدالحق دہلوی کے تھے، وصیت نامہ میں لکھتے ہیں

علیہم السلام سے ثابت ہو گیا پس وہ تعین حدیث مؤلف کی منقولہ طعام پر دعا کرنے کے باب میں دیکھو اس میں رفع یدین - - - - - -

- - - - - - پس مؤلف کو لازم ہے کہ یہاں بھی رفع یدین کو مکروہ خلاف سنت جانے کہ یہ محل دعا کا ہی نہیں چہ جائیکہ رفع

دعا دخول خانہ میں اور لباس پہننے میں اور خروج خلا اور نوم کی حالت میں اور دیگر بہت مواقع ہیں کہ رفع یدین وہاں ثابت نہیں دعوات کا پڑھنا ثابت ہے تو سب جگہ یہاں رفع یدین مکروہ ہوگا مگر مؤلف کو ابھی خبر نہیں ہوئی پڑھ کر خبردار ہو دیں گے پس آپ کو کس روایات حصین و مشکوٰۃ کچھ مفید نہیں یہ ادب محل رفع میں ہے نہ غیر اس محل میں، اور یہ روایات کلیہ قطعیہ یقینی، مگر مؤلف کو فہم پر پردہ ہے، علی ہذا روایت کی کیوں کہ اسمیں بھی وقت دعا کے رفع مطلقاً ذکر کیا ہے نہ ہر جگہ اور پھر تخصیص کو دعا تعزیت میں غیر ماثور لکھ دیا ہے، پس مؤلف کا کیا سے نکلتا ہے کہ یہاں تخصیص بھی ہے اور عدم رفع بھی یہاں ثابت ہے اور خود خبط العشواء بھی مؤلف کا موجود ہے کہ کہیں فاتحہ میں اٹھانا کہتا ہے کہیں بعد فاتحہ کے کہیں کچھ عقل قائم نہیں رد محتار میں ہے دعاء الحنفیۃ مایفعلہ فی نفسہ قال شارح المنیۃ لیس فیہا ... رفع الاعتنا انتہی، اور یہاں دعا ایصال ثواب میں دعا حقیقیہ ہے کہ دل میں غرض ایصال ثواب کی ہے یعنی اگر فقیر مدعو آگے یا معدوم کے فاتحہ یا کچھ سرت پڑھ کر ثواب میت کو پہنچاوے تو دل سے نیت ایصال ثواب کی کرے اور طعام کو ایصال کی نیت بھی لغو ہے کیوں کہ اس صاحب طعام کر چکا ہے یہ کون ہے پس دعویٰ کلیہ رفع یدین کا مؤلف کا باطل ہوا اور اس محل میں رفع یدین کا نہ ہونا ثابت ہو گیا، اور ایصال کو اس غیر کرنا محقق، پس حسب اعتراض مؤلف کی بدعت ضالہ ہوا اور تشبہ ہنود کا بھی اس میں مقرر ہو گیوں کہ تمام ہنود میں رسم ہے اور ان کا یہ چال طعام پر وید پڑھواتے ہیں جس کا دل چاہے ہنود سے تحقیق کرلے مولوی عبداللہ اپنے تحفۃ الہنود میں لکھتے ہیں کہ ہر سال جس تاریخ میں کوئی کی تاریخ ثواب پہنچاتے ہیں اور اس کو ضرور جانتے ہیں اور پنڈت اس کھانے پر وید پڑھتا ہے انتہی،،

عبارات مؤلف موسوم جواز فاتحہ مروجہ کسی سے فاتحہ مروجہ ثابت نہیں ہوئی | پس اب بدعت ہونا اور مکروہ ہونا اس فاتحہ مروجہ کا ثابت منصوص پس مفتیان دینداد اگر اس کو مخترع ناپسندیدہ شرعیہ کہیں، یا رسم ہنود کہیں بہت بجا اور حق ہے کہ اصول نصوص سے اس کی مذمت ثابت قولہ مولوی عبداللہ گجراتی الخ اقول، بعد ثبوت منع کے کلیات نصوص سے اگر مولوی عبداللہ گجراتی اور جامع الاوراد اس کو جائز لکھیں مضائقہ نہیں اور ہم کو ان کے قول کی توثیق کی حاجت نہیں معہذا یہ تاویل کرسکتے ہیں کہ یہ تخصیصات و تعینات رسوم صالحہ اس وقت تک ہیں کہ التزام اس کا نہ ہو اور عوام کے قلوب میں رسوخ کا اندیشہ نہ ہو، کبھی کبھی ترک بھی کردیا کریں کیوں کہ جب مستحب - - -

کہ غیر منقول رکے ہلکی آواز سے شہ روزں کی اٹھانا ت ایجاد کردہ کے اعتماد کرنا

تخصیصات درا وضاع تراکیب ماکولات و تعلیقات در مفردات بفاتحہ و نیاز ہائے بزرگان از رسوم صالحہ است انتہیٰ ، اور جامع الاوراد
میں ہے ، اگر بر طعام فاتحہ کردہ بفقرا رو ہد البتہ ثواب می رسد ، اور اسی جامع الاوراد میں ہے ، چوں قرآن ختم کند او ل پنج آیت خواندہ دست
برائے فاتحہ بردارد و ثواب ختم بارواح ہر کہ خواہد بطفیل آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بخشد ، یہ وصیت نامہ اور جامع الاوراد کی عبارتیں صمصام
قادری میں ہیں اور زبدۃ النصائح مطبوعہ مطبع محمدی جو ۱۲۶۷ھ کی مطبوعہ ہے اس میں مولانا برہان الدین مرحوم کی یہ عبارت صہ ۵۶ پر موجود
ہے ، ہمیں است مضمون فاتحہ مرسومہ پس ثواب درود الحمد و قل ہو اللہ ثواب بذل طعام منظور بروح آں جناب خواہد رسید ، اب اس فرقہ کے
بزرگواروں کا احوال سنیئے ، مجموعہ زبدۃ النصائح میں صہ ۱۳۲ پر استفتاء شاہ ولی اللہ صاحبؒ کا مرقوم ہے سائل نے سوال کیا تھا کہ کسی کے نام کا
مرغا یا بکرا ذبح کیا ہوا درست ہے یا نہیں اور ملیدہ یا شیر برنج وغیرہ نیاز اولیاء کا درست ہے یا نہیں ، شاہ ولی صاحبؒ نے اس کے
جواب میں ذبیحہ کو حرام فرمایا ، اور ملیدہ شیر برنج کی نسبت یہ الفاظ لکھے ، اگر ملیدہ و شیر برنج بنا بر فاتحہ بزرگے بقصد ایصال ثواب
بروح ایشاں پزند و بخورانند مضائقہ نیست و طعام نذر اللہ اغنیاء را خوردن حلال نیست و اگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شد پس اغنیاء
را ہم خوردن جائز است انتہیٰ کلامہ ، دیکھئے کھانے پر فاتحہ دینا خاص فتویٰ شاہ ولی اللہ سے ثابت ہے اور نیز شاہ ولی اللہ صاحب اپنی
کتاب انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ میں فرماتے ہیں ، پس دہ مرتبہ درود خوانند ختم تمام کنند و بر قدرے شیرینی و فاتحہ بنام خواجگان چشت
عموماً بخوانند و حاجت از خدائے تعالیٰ سوال نمایند الیٰ آخرہ ، جائز اور مباح ہونا کیا اور بات ہے یہاں تو امر فرماتے ہیں کہ اس طرح
پڑھیں اور اس سے زیادہ کیا سند ہوگی ، اور شاہ عبدالعزیز صاحب سوالات عشرہ محرم کے جواب سوال نہم میں کہ کھانا ان چیزوں کا

بھی ان وجوہ سے مکروہ ہوجاتا ہے تو رسوم صالحہ مردم کی بطریق اولیٰ مکروہ ہوجاویں گی پس مؤلف کو اس سے کوئی مدد نہیں ملتی

شاہ عبدالعزیز صاحبؒ کی عبارت سے بدعت ہونا فاتحہ کا ثابت ہوتا ہے الخ

، جامع الاوراد کا کہنا اگر بر طعام فاتحہ کردہ الخ اس سے یہ معلوم ہوا کہ اگر
چہ یہ طریقہ ایصال کا بدعت ہے مگر شرط نیت صالحہ کے ثواب پہنچ جاتا ہے اگرچہ اس فعل کی معصیت بھی ہوتی ہے دوسری روایت جامع
الاوراد کی میں یہ وضع بوجہ اباحت کے لکھی ہوگی اور ہرگاہ کہ عوام اس کو مستحب جاننے لگیں ، چہ جائیکہ موکد اس وقت بدعت ہوجاتی ہے
بہر حال مؤلف کسی وجہ سے معین نہیں ، اولاً ثبوت میں ان روایت کے کلام ہے کہ غلط ہے یا صحیح ، دوسرے نصوص کے مقابلہ میں قابل التفات
نہیں ، تیسرے تاویل کی گنجائش ہے کہ مدعی مؤلف میں ظاہر و نص نہیں ، پس ایسی روایات سے کیا فائدہ ہوتا ہے صحاح ظواہر کو چھوڑ کر صرف
غیر معتبرات پر ہاتھ ڈالنا نہایت عجز اور بد دیانتی کی بات ہے ، مؤلف مولوی امیر باز خاں کو رسم مفتی تلقین کرتا تھا آپ اس پر عمل نہیں کرتے
کہ ایسے تار عنکبوت سے پناہ پکڑتا ہے بہر حال مؤلف کا فقط کاغذ سیاہ کرنے کے کچھ نفع نہیں ہوا اور مانعین کو ان عبارات سے کچھ حرج نہیں ہے
وہ اس عمل کے بدعت ہونے کے قائل ہیں نہ کہ ایسی صورت میں منکر وصول ثواب کے مگر مؤلف کو کچھ خبر نہیں کہ کیا ہے مؤلف قائل ہو چکا ہے
کہ حکم مقید کا قید پر راجع ہوتا ہے پس اصل ایصال درست اور قیود و بدعت علیٰ ہذا مولوی برہان الدین کا قول اگر بمقابلہ نصوص مؤلف کے
نزدیک معتبر ہے تو اس میں وصول ثواب کا اثبات ہے نہ رفع بدعت کا اور شاہ ولی اللہ صاحب کے کلام میں یہ فقرہ اگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ
شد ، خود معلوم ہو لیا کہ فاتحہ دادن کے معنی ایصال ثواب کے ہوتے ہیں مجاز متعارف کے طور پر یا عرف عام کی وضع پر علیٰ ہذا عبارت
انتباہ میں مگر مؤلف پر آفریں ہے کہ ان عبارات میں کہیں بھی طعام روبرو رکھ کر ہاتھ اٹھا کر فاتحہ کا پڑھنا نہیں نکلتا ہے ، فقط مؤلف

۱ؔ تاکید شدہ ، ۲ؔ کمزوری ، ۳ؔ لفظ کو معنی غیر موضوعہ میں استعمال کرنا ۴ؔ تمام اصطلاح ، ،

جو نذر و نیاز تعزیہ کے سامنے رکھکر فاتحہ پڑھتے ہیں کیسا ہے، لکھتے ہیں، طعامیکہ ثواب آں نیاز حضرت امامین نمایند و براں فاتحہ و قل
و درود خوانند تبرک میشود خوردن آں بسیار خوب است، لیکن بہ سبب بردن طعام پیش تعزیہ یا نہادن آں طعام پیش تعزیہ یا تمام شب تشبہ
بدعت پرستاں می شود پس ازیں جہت کراہت پیدا می کند واللہ اعلم، دیکھئے کھانے کے اوپر فاتحہ کا پڑھنا شاہ صاحب کے کلام میں صاف
ہے، واضح ہو کہ سب سے زیادہ فاتحہ وغیرہ منع کرنے میں مولوی اسماعیل صاحب مشہور ہیں حال ان کا یہ ہے کہ وہ تاریخ اور دن کی پابندی کو منع
کرتے ہیں، اور اس پر بھی کبھی آیت یا حدیث سے ممانعت نہیں کرتے فقط بعض مصلحتیں بیان کرتے ہیں چنانچہ مقالات تعین تاریخ سوم چہلم وغیرہ
میں ہم ان کی عبارت لکھیں گے لیکن کھانے کے ساتھ فاتحہ پڑھنے کو وہ بھی منع نہیں کرتے، صراط مستقیم میں لکھتے ہیں، نہ پندارند کہ نفع رساندن
اموات با طعام و فاتحہ خوانی خوب نیست، چہ ایں معنی بہتر و افضل است الی آخرہ، ان عبارات منقولہ بزرگان سے اثبات فاتحہ مرسومہ کا اہل عقل
و انصاف کے نزدیک صاف ثابت ہوگیا، اب اگر بعضے صاحب منکرین ہیں سو زبردستی الزام دیں فاتحہ کرنیوالوں کو کہ ان لوگوں کا اعتقاد یہی ہے کہ
بے کھانے رکھے فاتحہ نہیں پہنچتا، اور فاتحہ اور پنج آیت وغیرہ پڑھنے کو یہ لوگ یوں نہیں جانتے کہ یہ امر خیر ہے اور ثواب کی بات ہے، بلکہ اس کو

ہیں ایک نقشہ جم رہا ہے اپنے خیال کی لوح سے نقل کرتا ہے اور فرط حب بدعت سے نہ چشم عبرت ہے نہ حیا و تنبہ، اگر فاتحہ کا پڑھنا بھی مسلم ہوتا
رفع یدین و طعام کا سامنے رکھکر پڑھنا جس کو امر میں سرگردانی ہو رہی ہو ہرگز بھی نہیں نکلتا، جس کو سائل پوچھتا ہے اور مفتی بدعت کہتا ہے
کے اثبات سنت میں مؤلف کمر باندھتے ہوئے ہے ڈھیلے پھر جمع کر پاہر، دعویٰ کچھ، دلیل کچھ، شرم ندارد، اور سوالات عشرہ کے جواب شاہ
عبد العزیز کی طرف سے ہوتے ہیں کلام ہے، اگر ان کے ہی ہیں تو یہ تصرف ہوا ہے کہ طعام نیاز کل فاتحہ پڑھنے سے تصرف ہو جاتا ہے، یہ قول ہرگز
صحیح نہیں، زکوٰۃ کہ اعلیٰ درجہ کا صدقہ فرض ہو وہ بھی تبرک نہیں ہوتا، اور کوئی صدقہ تبرک نہیں بنتا سب نیاز ہی ہیں کہ وہ بھی صدقہ ہے کس طرح
گیا، بلکہ سب صدقات کو اوساخ الناس حدیث میں فرمایا ہے کہ بنی ہاشم کو منع ہوئی، اور جو قرآن پڑھے جانے سے تبرک ہوا ہے تو چاہیے
گھر میں کوئی قرآن پڑھے، سارے گھر کا طعام تبرک ہو جایا کرے، بہرحال یہ بہتان شاہ عبد العزیز صاحب پر ہے، اور خلاف حدیث و
ہرگز صحیح نہیں، مؤلف کو تنگی ہو رہی ہے، کہ ایسی ایسی روایات سے اثبات مدعا ہے، سبحان اللہ، مگر درست ہو، اس کا مبلغ علم اتنا ہی ہے
ہے کہ الغریق یتعلق بکل حشیش، علیٰ ہذا صراط مستقیم میں نفع رسانی اموات با طعام و فاتحہ خوانی ہے، اس سے جمع کرنا دونوں کا ایک
یا طعام روبرو ہونا قرآءت کی حالت میں کہاں سے مفہوم ہے واو مطلق کے واسطے ہوتا ہے اور رفع یدین کس لفظ سے پیدا ہو، صراط
مستقیم میں اول اس ہیئت کو بدعت فرما کر منع کیا تھا آخر میں فرمایا، کہ ہائے اس منع سے ایصال ثواب کا منع کوئی نہ سمجھ لیوے تو اس کو تصریح
کہ اصل ایصال مالی بدنی سب جائز ہے، بدعات سے منع کرنا ہے، اب قول مؤلف کا کہ اثبات فاتحہ مرسومہ کا اہل عقل انصاف کے
ہوگیا، کمال شوخی ہے یا بلادت ہے کیا کہا جاوے، قولہ اگر بعض صاحب زبردستی الخ اقول زبردستی کوئی نہیں کرتا، عوام کا اعتقاد تجربہ
اور خواص کا معاملہ مثل واجب کے التزام سے اور ملامت تارک سے مستفاد ہے آنکھ کھول کر مؤلف ہی دیکھ لیوے اور افترا ہر روز
ہے، مؤلف کبھی مولوی محمد یعقوب صاحب اور مولوی رشید احمد صاحب پر افترا کر چکا ہے اور اگر فرض کیا جاوے کہ عقیدہ وجوب کا
مگر بدعت و قبیح ہے اور شاہ عبد العزیز صاحب تفسیر مااہل بہ میں لکھتے ہیں، و درست آنست کہ نزد عوام طریق ذبح جانور ہر گاہ

تنکے کا سہارا لیتا ہے یہ علم کی انتہا ہے جھوٹا الزام ۱۲

فرض و واجب جانتے ہیں، جواب اس کا یہ ہے کہ منکر لوگ ایسے ایسے زبردستی افترا باندھا کرتے ہیں شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ جو ہر سال اپنے باپ کا عرس کرتے تھے ان پر مولوی عبدالحکیم پنجابی نے یہ اعتراض لکھا ہے کہ تم نے عرس کو فرض سمجھ رکھا ہے، سال بسال کرتے ہو اس کا جواب شاہ صاحب موصوف نے لکھا ہے، زبدۃ النصائح مطبوعہ ۱۲۷۶ھ صفحہ ۳۲ میں ہے، ایں طعن مبنی است بر جہل احوال مطعون علیہ زیرا کہ غیر فرائض شرعیہ مقررہ را ہیچکس فرض نمی داند آرے زیارت و تبرک بقبور صالحین و امداد ایشاں بامداد ثواب و تلاوت قرآن و دعائے خیر و تقسیم طعام و شیرینی امر مستحسن و خوب است باجماع علماء و تعیین روز عرس برائے آن است کہ آں روز مذکر انتقال ایشاں می باشد از دار العمل بدار الثواب بعد اس عبارت کے شاہ صاحب نے عرس کی اصلیت احادیث سے ثابت فرمائی ہے درمنثور اور تفسیر کبیر وغیرہ سے عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انہ کان یاتی قبور الشہداء علے راس کل حول فیقول سلم علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار والخلفاء الاربعۃ ھکذا کانوا یفعلون

کہ مقرر است متعین است برائے رسانیدن جان جانور برائے ہر کسے کہ منظور باشد چنانچہ فاتحہ و قل و درود خواندن طریق متعین است برائے رسانیدن ماکولات و مشروبات بارواح الخ، اس سے یہ صاف ظاہر ہے کہ عوام کے نزدیک یہ طریق ایصال کا متعین ہے، جو تقیید مطلق ہے بدعۃ ضلالہ ہوا بقول مؤلف بھی اور جب کوئی طریق نہیں سوائے اس کے کیونکہ طریق واجب ہوا مگر یہ بھی اس سے واضح ہوا کہ شاہ عبدالعزیز کے نزدیک یہ طریق ایصال کا بدعت و ناجائز بھی ہے، پس سوالات عشرہ کی تکذیب ظاہر ہوگئی کہ اس میں جواز و تبرک لکھا۔ تھا حالاں کہ یہاں نجاست معنوی بدعت کی باعتراف موجود ہے مؤلف غور سے مطالعہ فرماوے تاکہ اس کی آنکھ کھل جاوے الحاصل عوام کے نزدیک تعیین طریق ایصال ہونا بفاتحہ مروجہ شاہ صاحب کی تحقیق سے معلوم ہوا اور حسب اقرار مؤلف یہ قابل زجر و توبیخ کے اور بدعت ضلالہ ہوا اب خواص کو بھی اس کا کام کرنا جس سے عوام کو خرابی ہووے ممنوع ہوا کہ جب موضوع اضلال عوام کا ہوا یہی مدعا تعیین کا تھا، اور مولوی عبدالحکیم صاحب نے شاہ صاحب پر اعتقاد فرضیۃ عرس کا اعتراض کیا تھا، شاہ صاحب نے اس کا انکار کیا اور ایصال ثواب زیارت قبور کو مستحسن فرمایا انھوں نے کسی کو انکار نہیں مگر عوام کو تو بری نہیں کیا بلکہ عوام کا یہ عقیدہ تفسیر عزیزی میں خود فرما دیا، اور بطور التزام کی تعیین یوم زیارۃ کو عملاً لکھ کر ایک حدیث لکھدی ہے، گو وہ ضعیف ہو نہ بطور احتجاج و تصحیح اس حدیث و عمل کی اور دلیل اس کی یہ ہے کہ عجالہ نافعہ میں خود شاہ عبدالعزیز لکھتے ہیں کہ طبقہ رابعہ کی حدیث پر اعتقادیات اور عملیات میں دونوں عمل کرنا درست نہیں پس اس روایت در منثور وغیرہ پر کہ طبقہ رابعہ سے ہیں کس طرح عمل درست ہو سکتا ہے، حالاں کہ صحیح حدیث لا تتخذ وا قبوری عیدا، اس کی معاند موجود ہے اور مانع عرس کی ہے قال صاحب المجمع لا تجعلوا قبری عیدا ای زیارۃ قبری عیدا او قبری مظہر عید ای لاتجعوا الزیارۃ اجتماعکم للعید فانہ یوم لھو و سرور و حال الزیارۃ بخلافہ و کان داب اھل الکتاب فاورثھم القسوۃ ومن تجبری عبدۃ الاوثان حتی عبدوا الاموات انتہی، اب دیکھو کہ عرس کو صحیحین نے بالکل حرام کر دیا اور مؤلف بھول گیا کہ صحیحین کے مقابلہ میں نسائی کی روایت کو بحث بدعت میں قابل عمل نہیں کہتا تھا حالاں کہ ـــــــ وہ حدیث صحیح تھی اور معارض بھی نہیں تھی اب اس حدیث شیخین کو مقابلہ میں ضعیف روایت کہ قابل احتجاج بھی ہرگز نہیں کس طرح درست ہو گئی، مؤلف کو واجب ہے کہ اس کو حسب اپنے قاعدے کے رد کردے علاوہ ازیں حدیث مجمل ہے کہ راس حول لکھے نہ معلوم کیا مراد ہے آیا محرم ہے کہ قدیم عرب میں راس حول تھا، یا ربیع الاول کہ راس سال ہجرت ہے یا شہادت کہ شوال تھا پس مجمل پر عمل درست نہیں، بہرحال شاہ صاحب نے الزاماً یہ روایت نقل کر دی ہے ورنہ ہرگز قابل احتجاج کے نہیں پس اصلیت عرس کی ہرگز

لے صاحب مجمع حدیث لا تجعلوا قبری عیدا کی تفسیر میں فرماتے تھے یعنی میری قبر کی زیارت کو عید اور میری قبر کو سامان خوشی مت بناؤ یعنی عمل کی زیارت کیلئے اس طرح جمع نہ ہو جیسی عید کے لئے جمع ہوتے ہیں کیونکہ عید کا دن کھیل اور خوشی کا ہے اور حال زیارت اس کے خلاف ہے اور زیارت قبر کے لئے عید کی طرح جمع ہونا اہل کتاب کی عادت تھی سو اس نے ان کے دل کو سخت کر دیا اور بت پرستوں کی عادت تھی یہاں تک کہ اب مردوں کو پوجنے لگے ۱۲

وف تنبیہ: اس تقریر سے چند باتیں ثابت ہوئیں ایک یہ کہ شاہ عبدالعزیز صاحبؒ نے عرس کی اصلیت حدیث سے بیان کی یعنی ابن منذر ابن مردویہ ابن جریر کی روایتیں جو در منثور اور تفسیر کبیر سے نقل فرمائی ہیں ان میں یہ بات ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سال بسال شہدائے احد کی قبور پر ہر برس کے سرے پر تشریف لاتے تھے اور اسی طرح بعد آپ کے خلفائے اربعہ کرتے رہے غرضکہ اصلیت عرس کی ثابت ہوگئی اب جو کوئی شاہ صاحبؒ موصوف کے خاندان میں ہو کر اپنے بزرگان کا کلام رد کرے اس کو اختیار ہے۔ دوسری بات یہ کہ قبور صالحین کی زیارت موجب برکت ہے تیسری یہ کہ قدیم سے حاسد لوگ بدعتی طعنے دیا کرتے ہیں اور افترا باندھا کرتے ہیں کہ ان لوگوں نے اس کام کو فرض واجب جان رکھا ہے چنانچہ شاہ عبدالعزیز صاحبؒ شاکی ہیں اور فرماتے ہیں این طعن مبنی است بر جہالت الخ پس اسی طرح جو لوگ فاتحہ کرنے والوں پر اور محفل مولد شریف کرنیوالوں اور قیام کرنیوالوں پر اعتراض کرتے ہیں کہ یہ لوگ ان چیزوں کو فرض واجب جانتے ہیں اس کا وہی جواب ہے جو شاہ صاحبؒ نے فرمایا چوتھی یہ کہ فتوی انکاری میں مولوی امیر باز خاں التزام امر مستحب کو حصہ شیطان کا ثابت کرتے ہیں تو کلام شاہ عبدالعزیز صاحبؒ اور ان کے معمول دائمی سے معلوم ہو گیا کہ مستحب کا نباہ دائمی کرنا مستحب ہے۔ پانچویں یہ کہ ایک وقت میں جمع بین العبادتین یعنی قرآن اور دعا اور تقسیم شیرینی و طعام کرنا برا نہیں بلکہ مستحسن اور خوب ہے اور خوب بھی کیسا کہ باجماع علماء اب کہیے اجماع علماء اور اتفاق صلحاء کے آگے تم بے پیروں کے اختلاف اور جھوٹ کو کون سنے۔ تتمہ، مولوی یعقوب علی مدرس مدرسہ نظامیہ نے اپنے تمام پیشوایان متقدمین اور متاخرین کے رسائل سے دلائل انتخاب کرکے فاتحہ وغیرہ کی مذمت میں ایک رسالہ لکھا جس کا باعث اول ایک شخص خیر اللہ ہوا تھا اور وہ رسالہ دلی مطبع فاروقی میں چھپا اس رسالہ کی تعریف صفحہ اول میں یہ لکھی ہے۔ ایسا یہ مسئلہ مدلل اور محقق ہوا کہ آج تک کہیں نہیں چھپا تھا اور نہ دیکھنے میں آیا اور نام اس کا سیف السنۃ رکھا انتہی کلامہ چونکہ تعریف اس رسالہ کی بقول شخصے اپنے منہ میاں مٹھو بہت کچھ لکھی ہے اس میں اندیشہ اضلال عوام کا ہے اس لئے میں تحریر انوار ساطعہ کا چاہتا ہوں کہ اس سیف السنۃ کے دلائل کا کند ہونا اور بد دیانتی کا زنگ لگا ہونا جو ہر

ثابت نہیں جیسا مؤلف اپنے حکم میں بنائے بیٹھا ہے۔ قول اس تقریر سے چند باتیں ثابت ہوئیں الخ اقول سب لغو ہو گیا کیونکہ اصلیت عرس کی اس حدیث سے جب ثابت ہوتی کہ یہ حدیث مفسر صحیح ہوتی اور اس کی معارض حدیث نص و صحیح نہ ہوتی اور قبور صالحین کی زیارت اس وقت موجب برکت و جائز ہے کہ کوئی محذور[1] شرعی لازم نہ آوے اور التزام مستحب کا بھی بدعت ہے بسبب تقید اطلاق کے بقول مؤلف پس یوم عرس اگر متعین ہوگا وہی محذور اور بدعت لازم آوے گا اور جمع بین العبادتین[3] درست ہے بشرطیکہ اس کی ترکیب سے کوئی ہیئت غیر مشروع نہ پیدا ہو جاوے۔ باقی ہزلیات مؤلف کا جواب محقق پہلے ہو چکا ہے ضرورت اعادہ کی نہیں۔ اب جو بے پیر اور بے راہ ہے خود معلوم ہو گیا کہ احادیث صحاح کا مخالف اور اپنے قول کا عامل خلاف مجتہدین کے ہو کر جو ہو گا وہی بے پیر بلکہ بے دین ہے فقط قولہ تتمہ الخ اقول مولوی یعقوب علی کے پیشوایان کا جواب آج تک کسی اہل بدعت نے نہیں دیا۔ مگر مؤلف کی طرح سب و شتم[2] کہ جہلا کا طریق ہے کرتے رہے ہیں اب مؤلف نے تمام ان پیشوایان کی ساری عمر کی تحقیقات و تحریرات کا انتخاب کرکے یہ انوار ساطعہ لکھا ہے اور تیس سال کی عمر اپنی سعی کا خلاصہ اس میں درج کیا ہے۔ سو واضح ہو گیا کہ جہل مرکب ہے۔ بس فقط ردی ردہ[4] ہے نہ سوال کو سمجھے نہ جواب کو بوجھے دعوی کچھ، دلیل کچھ، نتیجہ کچھ اور دلائل ایسے بے ہودہ سوائے علم پر ناز اور مولوی یعقوب علی پر اعتراض مؤلف کی ہی بے شرمی کا کام ہے اور بس قولہ مولوی مذکور نے ۲۲ میں سیف السنۃ کو لکھتے ہیں۔ اقول مؤلف ذرا تو شرم کرے اور سوچے اور معنی شرح منیہ کے سمجھے شرح منیہ کے یہ معنی ہیں کہ قرآن پڑھنے کو میت کے واسطے

۱؎ ممنوع ۲؎ گالی گلوچ ۳؎ دو عبادتوں کو جمع کرنا ۴؎ بیکار رد۔

شناسوں کو دکھلادوں مولوی مذکور صدا سیف السنۃ میں لکھتے ہیں، یہ جو کھانا سامنے رکھکر ہاتھ اٹھا کر یا بلا اٹھائے کچھ کلام اللہ بطور فاتحہ پڑھتے ہیں فقہا نے مکروہ لکھا ہے شرح کبیری میں ہے ان اتخاذ الطعام عند قراءۃ القرآن یکرہ یعنی رکھنا کھانے کے وقت قراءۃ کے مکروہ ہے انتہی کلامہ۔ اب اس مقام پر چند باتیں قابلِ خیال کے ہیں، ایک تو یہ کہ جاہلوں کے بہکانے کے واسطے اتخاذ الطعام کے معنے لکھے رکھنا کھانے کا یہ خلاف لغت عرب کے ہے، رکھنے کو عربی میں وضع کہتے ہیں اور سبحان اللہ تطبیق دلیل مع عا پر دیکھئے کیا خوب ہے دعویٰ کرتے ہیں کہ سامنے کھانا رکھکر کلام اللہ پڑھنا منع ہے اور دلیل یہ لائے کہ جس وقت قرآن پڑھتے ہوں اس وقت کھانا رکھنا منع ہے دیکھئے دلیل فی نفسہٖ مسلم ہے یعنی جس وقت آدمی قرآن پڑھتے ہوں، عین حالتِ قرارت میں ان کے سامنے کھانا لانا اور ان کا دل اس

لوگ جمع ہوں اور ان کے واسطے طعام تیار کرایا جاوے تو یہ مکروہ ہے، پس سنو کہ ہر گاہ عوام کے نزدیک مقرر ہولیا کہ ضیافت میت میں لوگ اگر قل پنج آیت پڑھتے ہیں اور یہاں بھی اگر پڑھیں گے اور ہونا اس کا ضروری جانتے ہیں تو بداہۃً اہل میت کی نیت طعام کے ساتھ قرآن پڑھنے کی ہوتی اور طعام خوار بھی جانتے ہیں کہ ہم کو وہاں جا کر قرآن پڑھنا ضرور ہے، تو اجابت دعوت کے ساتھ قرآن پڑھنے کی نیت مقرر ہوتی ہے پس طرفین میں ضیافت کا ہونا اور قرارۃ قرآن کا ہونا محقق ہو چکا اب میت کے واسطے قرآن خوانی کو بلانا اور جانا اس ضیافت پر صادق آگیا بداہۃً پس اتخاذ الطعام عند قراءۃ القرآن یہاں موجود ہے بداہۃً اگرچہ قلیل ہی ہوں سارا قرآن نہ ہو کیوں کہ کثرت قلت کا فرق تو مؤلف نے ساقط کر دیا ہے ایک لڈو کو ضیافت کا حکم دے چکا ہے اور فقط فاتحہ کو قرآن کا حکم دیدیا اور درست ہے پس قرآن خوانی کے واسطے اتخاذ طعام ہو گیا .... اگر تھوڑی سی عقل بھی ہو تو واضح ہے البتہ یہاں دوسری شق بھی شرح منیہ کی موجود ہے اعنی وان اتخذ للفقراء کان حسنًا، بہر حال یہ ضیافت مروجہ مرکب ہوئی دونوں شق سے کہ للفقراء بھی ہے اور للقراءۃ القرآن بھی ہے پس مرکب مباح مکروہ سے مکروہ ہی ہوتا ہے یہ قاعدہ مشہور ہے پس موافق قواعد فقہ کے اور روایت شرح منیہ کے یہ اتخاذ طعام مکروہ ہو گیا مؤلف خوب سمجھ کر غور کر لیوے، اب مولوی یعقوب علی کا استدلال سنو کہ ان کی مراد رکھنے سے تیار کرنا اور ٹھیرانا ہے یعنی پکوانا اور یہ محاورہ ہند کا ہے جیسا اتخاذ الجمۃ جو باب ترمذی وغیرہ میں آیا ہے اس کا ترجمہ بال رکھنے کرتے ہیں بہر حال مراد ان کی سامنے آگے کے رکھنا نہ تھی کہ کوئی لفظ ایسا ترجمہ میں نہیں ہے مؤلف نے زبردستی رکھنے کو سامنے رکھنا سمجھ کر اعتراض کیا ہے خواہ مخواہ پس یہ کم فہمی مؤلف کی ہے اور اعتراض ہر گز نہیں مؤلف غلط کرنیکا دعویٰ کرتا ہے اور خود اپنی خبر نہیں کہ کس قدر غلط تراجم اور خیانت نقل عبارات میں کرتا ہے ہم نے خطا ہائے لفظی اس کی نہیں لکھی، بطور التزام کے ایک غلط ترجمہ مؤلف کا بتاتا ہوں کہ صفحہ تیسرے کی پہلی سطر میں الست احدٍ مثلکم کا ترجمہ مؤلف نے لکھا ہے بقولہ یعنی ایک تم میں میری طرح نہیں، اور حالاں کہ یہ ترجمہ ہدایت النحو پڑھنے والا بھی نہیں کر سکتا اس کا ترجمہ یہ ہے،، کہ میں نہیں ہوں مثل کسی ایک تمہارے کے پس اپنی خبر نہیں دوسروں کو خواہ مخواہ طعن کرتا ہے اور جو تسلیم کیا جائے کہ سامنے ہی رکھنا ان کی مراد ہے تو بھی استدلال درست ہے اس واسطے کہ درصورتیکہ قرآن خوانوں کو کھانا کھلانا بعد قرارت یا قبل قرارت اور ان کے واسطے کھانا پکانا مکروہ ہوا تو عین قرارۃ میں سامنے رکھا ہونا اور اس کو ہی واسطے کھانا پکانا بطریق اولیٰ مکروہ ہو گا، بدلالۃ النص پس یہ روایت کھانا رکھکر قرآن پڑھنے پر صاف دلالت کرتی ہے مگر مؤلف کو فہم مطلب سے غرض نہیں، دوسرے یہ کہ جب قرآن پڑھتے ہوئے کھانا لا کر رکھنا مکروہ ہے جس کو مؤلف خود تسلیم کرتا ہے اور اس کی دلیل کو بھی مسلم رکھتا ہے تو بعینہٖ اسی دلیل سے قبل قرارۃ بھی رکھنا مکروہ ہو گا اس واسطے کہ خشوع کا جانا جیسا وقت قرارۃ کے طعام رکھنے میں ہے قبل قرارۃ رکھنے میں بھی موجود ہے

لہ جھانڈاری۔ ۲ہ مطابقت۔

مشغول کرنا مکروہ ہے لیکن ان کا دعویٰ اس سے ثابت نہیں ہوتا اور تماشہ یہ کہ دروغ گورا حافظہ نباشد، اتخاذ الطعام کے معنی یہاں سامنے رکھنے کے کرگئے پھر تیسری سطر میں جو رسم تیجے و دسویں وغیرہ کو رد کرتے ہیں اتخاذ الطعام کے معنی مقرر کر لینا کھانیکا اور اس سے زیادہ بد دیانتی یہ کہ شرح کبیری سے یہ تو فقرہ نقل کر دیا، لیکن صاحب کبیری نے جو اس پر اعتراض کیا ہے دوسری سطر میں وہ نقل نہ کیا وہ یہ کہ ولایخلو عن نظر لانہ دلیل علی الکراھۃ الی آخرہ یعنی وہی صاحب کبیری شارح منیہ لکھتے ہیں کہ یہ مکروہ کہنا اس کھانیکو بحث سے خالی نہیں اس واسطے کہ کوئی دلیل کراہت پر نہیں آتی الی آخرہ، اس سے۔۔۔ زیادہ خیانت اور الم فریبی یہ کہ اسی سطر میں شرح کبیری میں لکھا ہے وان اتخذ واطعاما للفقراء کان حسنا یعنی اگر تیار کریں کھانا غریبوں کے واسطے اچھی بات ہے صاحب سیف السنۃ نے ایسی سیف اپنی گردن دیانت پر پھیری کہ اس فقرہ کا نام بھی نہیں لیا اور ایسے ہی صلا میں مولوی عبدالحکیم صاحب مرحوم پر افترا کیا ہے کہ انہوں نے تفسیر کے صفحہ ۱۵ میں لکھا ہے کہ غزوہ تبوک میں حضرت نے دعا اور فاتحہ پڑھی ہے حالاں کہ یہ سخت بہتان ہے ان کی تفسیر فاتحۃ العلیم کا صفحہ ۱۵ دیکھے جس کا جی چاہے کہ غزوہ تبوک میں انہوں نے فاتحہ کا نام بھی نہیں لیا فقط یہ لکھا ہے کہ دعا پڑھی، افسوس ہزار افسوس کہ اس سیف السنۃ میں دو مقام پر مولوی عبدالحکیم صاحب کی نسبت القاب بد لکھے حاشیہ صفحہ ۱ میں لکھا ہے کہ اس کی کل تصنیفات دغابازی اور بے ایمانی سے خالی نہیں اور حاشیہ صفحہ ۱۱ میں بھی خراب لفظ لکھے اب سب ارباب انصاف نظر فرما دیں کہ ان کی دغابازی تو ایک بھی ثابت نہیں صرف دعویٰ بے دلیل ہے اور حضرت سیف السنۃ کا ایک

قاری کا دل مشغول ہونا دونوں صورت میں موجود ہے بلکہ پہلے سے رکھنے میں زیادہ دیر تک مشغولی ہے سو وہ بالطریق الاولیٰ مکروہ ہوگا پس مدعا اور دلیل تو مطابق ہے، مگر مؤلف کے فہم میں کوتاہی اور مخالفت ہے اور یہ دوسری دلیل کراہت فاتحہ مروجہ کی مؤلف کے اقرار سے ثابت ہوگئی کہ دل قاری کا اور حاضرین کا کھانے میں مشغول ہے اور قرآن کا پڑھنا اور سننا کہ دونوں عبادت ہیں ہو جاتا ہے قال المؤلف دلیل تو فی نفسہ مسلم ہے کہ جو قاری قرآن پڑھتے ہوں عین حالت قرأت میں ان کے سامنے کھانا لانا اور ان کا دل انہیں مشغول کرنا مکروہ ہے اب دو دلیل کراہت فاتحہ مروجہ کی مؤلف نے اپنے منہ سے بول دی مگر یہاں پڑھنے میں طعام رکھنے سے دل مشغول ہو اور پہلے سے رکھکر پڑھنا شروع کرنے میں مشغولی ہو یہ کوئی عاقل نہیں کہہ سکتا، الغرض یہ ترجمہ آپکا مسلم کر کے بھی استدلال میں کوئی عیب و نقصان نہیں مگر ہاں مؤلف کو فہم میں بیشک نقصان ہے پس طعن کرنے والا خندہ مؤلف کا اس پر ہی منقلب ہوا اور لغت دانی اور علم و فہم مؤلف کا سب پر واضح ہو گیا، مگر خدشہ لایخلو عن نظر باقی ہے وہ بھی سو بظاہر یہ خیانت مؤلف کی ہے کیوں کہ مؤلف کو اس مقام رد مختار پر نظر ہے چنانچہ اس ہی ذیل کی روایت مؤلف اس ہی رسالہ میں نقل کرتا ہے رد مختار بعد نقل روایت شرح منیہ کی اور اس کے قولہ لایخلو عن نظر کے لکھتا ہے فیہ نظر فانہ واقعۃ حال لاعموم لہا مع احتمال سبب خاص بخلاف ما فی حدیث جریر علی انہ بحث فی المنقول فی مذھبنا ومذھب غیرنا کالشافعیۃ والحنابلۃ استدلالا بحدیث جریر المذکور علی الکراھۃ الخ سو مؤلف کو اس نظر شرح منیہ کا منظور ہونا معلوم تھا پھر بھی دیدہ دانستہ نقل نہ کیا یہ عین خیانت اور حق پوشی اور خلاف دیانت کی ہے اور چوں کہ نظر صاحب منیہ کی لایعبأ بہ ہوئی تو روایت بزازیہ کی سالم و معتبر رہی سو مولوی یعقوب علی نے اصل روایت کو نقل کیا اور نظر پر کچھ نظر نہ کی کہ خود منظور ہے عین دیانت و علم ہے کہ معتبر روایت کو نقل کرے اور منظور فیہ پر التفات نظر نہ کیا کرے مگر مؤلف اپنے خیالات کو عین دیانت جانتا ہے اور دیانت کو بھی خیانت سے تعبیر کرتا ہے معاذ اللہ قولہ پھر ایسے ہی صلا میں الخ اقول مؤلف اس کو افترا کیوں کہتا ہے فاتحہ کو من وجہ دعا مؤلف بھی کہتا ہے سو بطور عطف تفسیر کے انھوں نے لکھ دیا ہے کوئی تو حش کی بات نہیں اور شکوہ بدزبانی کا بھی مناسب نہیں مؤلف نے اپنے استاد ان

[illegible] ہے ۲ لوٹنا ہے زبانداں کہ نظر سے خالی نہیں ۵ اعتراض ہے غیر معتبر ۶ گھبرانا۔

ہی فقرہ میں کتنی بددیانتی اور خیانت بھری ہوئی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی دانشور اس کو دیکھے گا بہت خرابیاں اس میں پاویگا میں نے اس کا انداز اور
چال چلن ایک فقرہ لکھ کر ظاہر کر دیا ہے مشتے نمونہ خروارے۔ مجکو بزرگانِ سلف کی دانشمندی اور سچی کلام فرمانے کا کمال ذعان ہو صحیح اعتقاد اور
صحیح تجربہ سے کہتا ہوں کہ یہ بات بزرگوں کی نہایت صحیح ہے المرء یقیس علی نفسہ یعنی آدمی سب کو اپنا سا خیال کرتا ہے پس اسی طرح مولوی
یعقوب علی مذکور نے مولوی عبد الحکیم صاحب کو خطاب اپنے القاب کے موافق دیا ہے اس کا کچھ گلہ نہیں، اب آپ کے تبحر علمی کا حال سنئے، کہ غزوۂ
تبوک کی حدیث جسمیں کثرت سے صحابہؓ تھے آپ صفحہ ۱ سیف السنۃ میں اس حدیث کی نسبت لکھتے ہیں، اگر کثرت صحابہؓ تھا تو کیوں یہ حدیث
متروک ہوئی باپ اس عاجز نے کتب صحاح ستہ وغیرہ کا درس دیا ہے اس کا پتہ بھی نہ پایا انتہی کلامہ۔ آپ عالم اور محدث ہونیکا دعویٰ فرماتے
ہیں کہ صحاح ستہ اور اس کے ساتھ وغیرہ بھی پھر وہ بھی بار بار درس دینے کا اظہار اور میاں کو غزوۂ تبوک کی بھی خبر نہیں، اگر کوئی مشکوٰۃ کا ترجمہ
بھی دیکھا ہوا ہوتا تو مان لیتا، بیشک باب المعجزات یہ حدیث بروایت مسلم موجود ہے، اب حال خوش فہمی اور ترتیب دلائل اور تحصیل نتائج کا
دیکھئے، رد فاتحہ مرسومہ کی بڑی عمدہ دلیل صفحہ ۵ کی آخر سطروں میں لکھتے ہیں، جب آپ کے سامنے طعام تناول کے لئے آتا آپ سالن کی انتظاری نہ
فرماتے اگر کسی نے کہا یا رسول اللہ سالن آنے دیجئے، آپ فرماتے کہ سالن کو روٹی پر فوق دیتے ہو انتہی کلامہ، سبحان اللہ کیا محکم دلیل آپ نے رد فاتحہ
کیلئے تجویز فرمائی ہے قیاس مع الفارق اول تو یہ کہ وہ کھانا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خود نوش جان فرمانے کا ہوتا تھا محتاجوں کو بقصد ثواب
رسانی کھلانے کا نہ ہوتا تھا جب وہ کھانا اور طرح کا ہوا اور یہ اور طرح کا، تو ایک دوسرے پر قیاس کرنا نہ چاہیئے دہی مثال ہوئی جیسا آپ نے

دین کو اور بڑے بڑے جلیل القدر علماء اقتیار متأخرین و متقدمین کو نہیں چھوڑا اگر مولوی یعقوب علیؒ نے مولوی عبد الحکیم کو کچھ لکھدیا تو کیا
شکوہ ہے مؤلف کا تو یہ عین مذہب بن ہوا اگر یہ کوئی بڑی بات ہے تو اول خود عمل کرے پھر دوسرے کو نصیحت زیادہ اس سے ہم میکو کا جواب نہیں دیتے
کہ علم کی بات نہیں **قولہ** اب حال خوش فہمی الخ **اقول** خوش فہمی مؤلف کی تو اول رسالہ سے یہاں تک دیکھتے چلے آئے ہیں، پچھلے قول میں مولوی
یعقوب علی کی تخطیہ میں بھی مؤلف کی خوش فہمی ظاہر ہو چکی بندہ نے سیف السنۃ کبھی نہیں دیکھی سنی، اس رسالہ ہی سے یہ عبارات اسکی معلوم ہوئی ہیں
مگر خوش فہمی مؤلف کی یہاں بھی واضح ہے یہ روایت عدم انتظار سالن کی تو مؤلف قبول ہی کرتا ہے خواہ کیسی ہی ہو، لہذا اس میں کلام فضول ہو
البتہ مؤلف نے مایہ الافتراق پیدا کر کے اعتراض کیا ہے کہ طعام اپنے کھانے اور صدقہ کے طعام میں فرق ہے اپنے کھانے کے طعام کا
تو ادب ہو کہ انتظار سالن کا بھی نہ ہوا اور صدقہ کا طعام ہو گیا تو ادب نہ رہا کہ پڑا رکھا ہے حالاں کہ طعام دونوں ظاہراً ادب میں برابر ہیں گو وساح
معنوی سے صدقہ ملوث ہو کر ذی فضل کو مکروہ ہوا مگر ادب طعام میں کچھ فرق نہ آیا بس مولوی یعقوب علی کی غرض یہ تھی کہ طعام کا ہر حال ادب ہے
اگرچہ صدقہ کا ہو پس طعام رکھنے کے دوسرے کام میں نہ لگے بلکہ مشغول بالکل ہو جاوے جیسا فخر عالم علیہ السلام نے کیا مگر مؤلف نہ سمجھا
تو بولا یہ طعام صدقہ کا ہے پس اگر یہ فارق ہے تو مؤلف اپنے دعویٰ کو کسی ایسی دلیل سے درست کرے کہ طعام صدقہ میں ادب نہیں ہے ورنہ کلام
مؤلف کا لغو بیہودہ رہیگی، الحاصل طعام نعمتِ الٰہی ہے اگرچہ طعام صدقہ کا ہو، حدیث میں ہے کہ اکرموا الخبز اور یہی اکرام ہے کہ بعد طعام آنے
کے دوسرے کام میں مشغول نہ ہو متوجہ بالکل طعام ہو جاوے اگرچہ عبادت نفل ہی کیوں نہ ہو چنانچہ حدیث مسلم گذری لا صلوٰۃ بحضرۃ الطعام
اور احیاء العلوم میں بھی حضرت علیہ السلام کا فعل نقل کیا ہے کہ انتظار سالن کا بھی نہ کرتے تھے، پس طعام سب برابر ہیں پس قرآن خوانی طعام
رکھ کر خود ممنوع ہو گئی اور صدقہ کا فرق محض دعوی مردود ہے نقص سو یہ ادب طعام صدقہ میں رفع ہونا مؤلف اگر ثابت کر دیوے تو قابل

لے وجہ فرق ۲ گندگی ۳ روٹی کی تعظیم کرو ۴ کھانے کی موجودگی میں نماز نہ پڑھو۔

صفحہ ۲ میں لکھا ہے پس آپ اپنی اس مثال کو دیکھے گا اور گریبان میں منہ ڈالے گا دوسرا نقصان دلیل یہ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سالن کی انتظاری میں جو یہ فرمایا کہ سالن کو فوقیت دیتے ہو روٹی پر یہ بات اور ہے اور جو شخص فاتحہ یا قل پڑھتا ہے اور اس سبب تو روٹی کھانے میں کچھ دیر ہوتی ہے اس کو تو نہیں کہہ سکتے کہ کیا اللہ کے کلام کو فوقیت دیتے ہو روٹی پر پس یہ سمجھ لو کہ یہ سب دلیلیں تمہاری خود ذلیل اور تم کو ذلیل کرنے والی ہیں یہ کتاب سیف السنۃ اس معنی کر صحیح ہے کہ سیف قطع کیا کرتی ہے سیف السنۃ بمعنی قاطع سنت یعنی یہ کتاب سنت کو کاٹنے والی ہے اس لئے کہ تم نے اسکی دلائل میں خیانتیں کی ہیں اور خیانت خلاف سنت ہے اور مولوی عبد الحکیم صاحب دہلوی کی نسبت جو لفظ بے ایمان اور دغا بازی وغیرہ لکھے ہیں وہ بھی از روئے سنت ممنوع ہیں پس لا بد تمہاری سیف سنت کی کاٹنے والی تلوار ہے چاہیئے کہ ہماری اس تحریر کا نتیجہ ظاہر ہو کر پھر تم کسی کو کلمات شنیعہ نہ کہو اور نیز دین میں مغالطہ اندازی اور فتنہ پردازی کبھی نہ کرو لمعہ ثانیہ جمعرات کی فاتحہ، شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ نے اشعۃ اللمعات میں لکھا ہے، در بعض روایات آمدہ کہ روح میت می آید خانہ خود را شب جمعہ پس نظر می کند کہ تصدق می کنند از وی یا نہ اور خزانۃ الروایات میں ہے عن بعض العلماء المحققین ان الارواح تتخلص لیلۃ الجمعۃ وتنتشر وفیجاؤا الی مقابرہم ثم جاؤا فی بیوتہم اور صدر بن رشید تبریزی نے دستور القضاۃ میں لکھا ہے من الفتاوی النسفیۃ ان ارواح المؤمنین یاتون فی کل لیلۃ الجمعۃ ویوم الجمعۃ فیقومون بفناء بیوتہم ثم ینادی کل واحد منہم بصوت حزین یا اہلی واولادی واقربائی اعطفوا علینا بالصدقۃ واذکرونا ولا تنسونا وارحمونا فی غربتنا قد کان ہذا المال الذی فی ایدیکم فی ایدینا فیرجعون منہم باکیا حزینا ثم ینادی کل واحد منہم بصوت حزین اللہم فنطہم من الرحمۃ کما قنطنا من الدعاء والصدقۃ انتہی اس فرقہ کا قاعدہ ہے جس کتاب میں ان کے خلاف عقائد بیان ہوتے ہیں اس کو کہہ دیا کرتے ہیں یہ معتبر نہیں اس کی ضعیف روایتیں ہیں اس لئے خبردار کرتا ہوں کہ

التفات ہے ورنہ خود مردود ہے سبحان اللہ مؤلف کی خوش فہمی ظاہر ہو چکی باقی ان کی کلام مضحکہ صبیان ہے قابل جواب علمی کے نہیں اب بھی مؤلف مقر ہو چکا ہے کہ طعام کا رکھنا حالت قرآن پڑھنے میں بسبب مشغولی قلب کے مکروہ ہے علی ہذا قرآن پڑھنا طعام رکھی حالت میں مکروہ ہے بسبب مشغولی قلب کے بلا تفاوت مگر مؤلف کے ہوش درست نہیں

جمعرات کی فاتحہ کو یوں منع کرتے ہیں قولہ لمعہ ثانیہ جمعرات کی فاتحہ الخ اقول سائل نے جمعرات وغیرہ کی فاتحہ مرسومہ وغیرہ کو پوچھا تھا مجیبوں نے اس ہیئت وتقیید کی بدعت ہونے کا فتویٰ دیا تو حسب قاعدہ مسلمہ مؤلف کے یہ بدعت ہونا قید کی طرف راجع ہوا یعنی ہیئت اور تقیید زمان کی طرف سو وہ ثابت ہو گیا اور کوئی مفتی ایصال ثواب کا منکر نہیں جب کبھی اور جس وقت ہو بلا قید کی جائز ہے البتہ تخصیص بلا نص کے منکر ہیں، خصوصیت کسی دن کی اگر ... نص سے ثابت ہو جائے تو اعتبار کرتے ہیں ورنہ سب ایام برابر جانتے ہیں اور اس پہ تخصیص کرنے کو بدعت کہتے ہیں اب مؤلف جمعرات کی تخصیص کے اثبات میں تین روایات لایا ہے بلا سند مگر اس کو خدشہ ہوا کہ اہل سنت نقص ضعف یا وضع کا کر کے اڑا دیں گے لہذا اس کی تدبیر کرتا ہے بقولہ اس فرقہ کا قاعدہ ہے کہ اپنے عقیدہ کے خلاف کو غیر معتبر کہتے ہیں الخ واضح رہے کہ اہل سنت محدثین وفقہاء کا یہی معمول ہے کہ حدیث کی تصحیح کرتے ہیں اگر صحیح ہوئی تو قابل احتجاج جانتے ہیں ورنہ رد کرتے ہیں بقولہ علیہ السلام یکون فی اخر الزمان دجالون کذابون یاتونکم من الحدیث بما لم تسمعوا انتم ولا اباءکم فایاکم وایاہم لا یضلونکم ولا یفتنونکم الحدیث، پس اس کو محل طعن بنانا کسی عالم کا کام نہیں کہ یہ امر فخر عالم کا ارشاد ہے البتہ فرقہ مبتدعہ اپنی ہوا کی اخبار

لئے مجبول

شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ ہو مولوی اسحاق صاحب نے مائۃ مسائل پر چند مقام پر سند پکڑی ہے اور کتاب خزانۃ الروایات ہے سو بھی انھوں نے سند پکڑی ہے مائۃ مسائل کے مسئلہ ہشتاد و دوم میں اور مسائل اربعین کے مسئلہ سی و پنجم میں و مسئلہ بست و سوم میں اور دستور القضاۃ کی بھی سند پکڑی ہو مسئلہ سیزدہم مائۃ مسائل میں پس یہ کتابیں ان کے بزرگوں کی مسلم الثبوت ہیں غرضکہ ان کتابوں کی روایت کیموافق معلوم ہوا کہ جو لوگ کچھ خیر خیرات اور دعا و درود وغیرہ نہیں کرتے ان کے گھر روحیں موتی کی غمگین نا امید ہو کر ان کو کوستی بددعا دیتی نکلتی ہیں بنا علیہ سلف میں دستور تھا کہ جمعرات کو صدقہ دیتے تھے لیکن آخری صدی کو علماء نے چھوڑ دیا مولوی اسماعیل صاحب کے تابعین کہتے

ہیں روایت موضوعہ متروکہ سے استدلال لاتے ہیں اور جملہ محدثین ضعیف حدیث پر جرح کرتے ہیں دیکھو صحاح ستہ اس سے پر ہیں مگر مؤلف نے یہ قاعدہ نیا ایجاد کیا ہے کہ اگر کسی نے کسی کتاب سے کوئی روایت نقل کی تو وہ تمام کتب ناقل کے نزدیک معتبر ہو جاوے یہ آج تک کسی نے نہیں لکھا مثلاً ہدایہ شرح وقایہ وغیرہ کتب سے استدلال لاتے ہیں معہذا اس کی ضعیف روایت پر جرح کر کے ترک کر دیتے ہیں ترمذی ابو داؤد وغیرہما کتب سے سند لاتے ہیں معہذا جس روایت میں اس کے ضعف ہو اس کو ترک کرتے ہیں معمولی طالب علم بھی جانتا ہے مگر مؤلف کہتا ہو کہ مولوی اسحاق صاحب نے شیخ عبدالحق اور خزانہ اور دستور القضاۃ سے روایت نقل کی ہیں تو پس سب مرویات منقولات ان کی ان کے نزدیک معتبر اور واجب القبول ہو گئیں یہ عجب العجاب استدلال ہوا در خود مؤلف اس کیخلاف عمل کرتا ہے کہ نسائی جو معتبر کتاب ہو اس کی زیادۃ ثم یفشوا الکذب کو بزعم خود خلاف صحیحین کی روایت سمجھ کر ضعیف متروک بنا چکا ہو حالاں کہ نسائی کو وہ معتبر جانتا ہو پس دوسروں کو کیوں ایسا جان لیا کہ وہ چار روایت نقل کرنے سے سب کے سب معتبر جان لیتے ہیں اگر مؤلف کو مخالفت حدیث صحیح کا عذر ہے تو دیگر علماء بھی یہی عذر رکھتے ہیں غرض مؤلف کی کوئی ہوش کی بات نہیں، اب سنو کہ اول تو ان روایات کی توثیق خود کتاب والوں نے نہیں کی کہ ان کے نزدیک یہ روایات صحاح ہیں یا نہیں اور بدون توثیق کے نفس نقل سے تصحیح نہیں ہوتی، پھر دوسرے ان کی سند بیان نہیں کی جس پر اعتماد ہو تیسرے شیخ نے تو فقط یہ لفظ کہا کہ در بعض روایات آمدہ، نہ معلوم کہ وہ مرفوع ہو یا کسی عالم کا قول ہو اور خزانہ بعض علماء محققین سے ہی نقل کرتا ہو نہ معلوم کہ کون ہیں اور کیسے ہیں ایسی بھی روایت محدثین کے نزدیک معتبر نہیں ہوتی اور بظاہر قول کسی عالم کا ہو اور دستور القضاۃ میں فتاوی نسفیہ سے نقل کیا ہو کہ نہ رفع کا حال معلوم ہو نہ کچھ غرض نہ توثیق ہو نہ سند ہو نہ یہ معلوم کہ کس کا قول ہو اور نفس نقل سے توثیق نہیں ہو سکتی نہ از طرف ناقل نہ از غیر پس ایسی روایت کا اعتبار کس عاقل کا کام ہو بعد اس کے یہ خلاف قواعد شرعیہ کے اور معارض احادیث صحاح کے ہے اس واسطے کہ ایصال ثواب کا ورثا پر حق واجب نہیں باتفاق است بلکہ مستحب اور احسان محض ہو کسی ایک عالم نے بھی نہیں کہا کہ زندہ پر مردہ کا حق واجب ہے یا حق تعالی نے ایصال کو واجب کیا ہے پس اگر کسی نے احسان کیا مستوجب ثواب اور مدح کا ہوا اور نہ کیا تو قابل اور سرزنش کے نہیں — — — — — — — — — — — — — لہذا اگر جمعرات کو زندہ نے مردہ کو ثواب پہنچایا تو کوئی ظلم اس نے میت پر شرعاً نہیں کیا، ہاں احسان بھی نہیں کیا، تو احسان نہ کرنے پر بددعا کا کرنا شرعاً حرام ہے اور قابل سزا اور سرزنش کے ہے کیونکہ یہ بھی ظلم ہے، پس میت مسلم باوجودیکہ ظلمت نفس و شیطان سے چھوٹا حقیقۃ الامر خیر و شر اس کو واضح ہو گئی وہ اب بھی بزعم مؤلف گرفتار معصیت و مرتکب منکرات ہے کہ دیدہ و دانستہ ناحق بددعا کرتا ہے بعد اس تبیان یقین و کشف آخرت کے بھی وہ شر نفس میں مبتلی ہے اور کسب معاصی میں گرفتار ہے معاذ اللہ یہ روایت قطعاً مہتم متروک ہو اور خلاف نصوص صحاح کے ہے

لے تقدیر لا تعجب خیز سے پھر کذب ظاہر ہو جائے گا کہ اعتماد کرنا ہے مخالف رائے تیمیہ

اگر وہ میت بہشتی ہے تو روح اس کی بہشت کو چھوڑ کر کیوں آتی ہوگی اور اگر کافر دوزخی ہے تو دوزخ سے نہیں چھوٹتی ہم کہتے ہیں دوزخ کہنے کا ہم کو حکم نہیں مردہ مسلمان کو ہم مسلمان کہیں گے اور مسلمان جانیں گے اسی واسطے شرع ظاہر مسلمان کی نماز پڑھنی اور مقابر مسلمین میں دفن کرنے کا حکم دیا جاتا ہے یہ نہیں کہ شبہ نکالیں کہ عند الموت ایمان سلب ہو گیا ہوگا پس جبکہ ان کو مسلمان جانا اور مسلمانوں کی طرح نماز ان کی پڑھی مسلمانوں میں دفن کیا اب کیا واہیات ہے کہ موقع فاتحہ میں شک کریں کہ کیا جانیں وہ دوزخ میں ہیں یا بہشت میں اس موقعہ پر بھی مسلمان جاننا چاہیے اور ارواح مومنین کا حال یہ ہے کہ اگرچہ ان کی قبر میں جنت کی کھڑکی کھلجاوے جس طرح حدیث

ارواح کو عالم برزخ میں سیئات کے ظلمات و قبح اور حسنات کے انوار حسن مشاہدہ ہو جاتا ہے پس اس کے بعد مشاہدہ کے نافرمانی حق تعالیٰ کی ممکن نہیں مؤلف نے اپنے اوپر ارواح برزخ کو قیاس کیا ہے کہ قرآن کا ترجمہ پڑھتا اور دیکھتا ہے اور پھر عقاب آخرت کا خیال بجز ہوائے نفسانی کچھ نہیں کرتا پھر یہ کہ جب یہ ایسا امر تھا کہ واجب ضرور ہے اور نہ عمل کرنے سے بددعا ارواح کا محل ہوتا تھا تو ایسے شائع امر کا کسی صحیح روایت مرفوع یا موقوف سے ثبوت نہ ہو اور نہ اہل صحاح اس کو روایت کریں حالانکہ کثرت عمل کرنے سے چاہیے کہ بشہرت منقول ہوتا مگر ایک بھی روایت نہ ہو اس کو کون عاقل قبول کر سکتا ہے ایسی روایت حسب قاعدہ اصول معتبر نہیں ہوتی مع حال تو دستور القضاۃ کی روایت کا ہے یہ حدیث باقی سوا ان میں بددعا کا ذکر نہیں البتہ آنیکا ذکر ہے پس ہر سہ روایت آنے ارواح میں مخالف صحاح کی ہیں کیونکہ مشکوٰۃ میں نسائی اور احمد سے منقول ہے کہ جب میت کی روح برزخ میں جاتی ہے تو ارواح جمع ہو کر اپنے اقارب کا حال پوچھتے ہیں تو وہ جو پہلے مر گیا تھا اس کو کہتا ہے کہ وہ تو مجھ سے پہلے مر گیا تھا اگرچہ ہر ہفتہ ارواح اپنے گھر جاتی ہیں تو ان کو کیا حاجت استفسار کی ہے اپنی آنکھ سے تو سب حال دیکھ آتے ہیں اور سوائے اس کے اور احادیث میں بھی اس قسم کی دلالات موجود ہیں کہ ان روایات کو رد کرتی ہیں پس یہ ہرگز قابل اعتبار نہیں اور نہ اس پر عمل سلف کا ہوا یوم جمعہ میں استحباب صدقہ کا وارد ہوا ہے مگر لیلۃ الجمعہ یا یوم الجمعہ میں استحباب ایصال ثواب کا کسی روایت معتبرہ میں وارد نہیں اور بعد ان سب امور کے یہ سنو کہ یہ اعتقادیات میں داخل ہے کہ ارواح کا شب جمعہ کو گھر آنا اعتقاد کرے اور اعتقادیات میں قطعیات کا اعتبار ہوتا ہے نہ ظنیات صحاح کا چہ جائیکہ ضعاف اور موضوعات کا پس قصہ طے ہو گیا اور فیصلہ ہو گیا اگر علم بھی اور دین بھی ہے اور مؤلف دوزخی ارواح کفار تو مقر ہے کہ نہیں آ سکتی علیٰ ہذا ہم یقین کرتے ہیں کہ وہ فساق کہ عذاب قبر میں مبتلا ہیں ان کا بھی آنا مؤلف کے نزدیک درست نہیں کیونکہ ملائکہ عذاب سے اور عذاب مسلط قبر سے کس طرح نکلسکتا ہے مگر ارواح صلحا میں مؤلف کو البتہ اذعان ہے کہ بیشک آتی ہیں کیونکہ حدیث متواتر قطعی قابل عقیدہ مؤلف کی دستور القضاۃ وغیرہ کتب میں موجود ہے لہٰذا جب اتباع مولوی اسماعیل صاحب نے یہ کہا کہ ارواح جنتی جنت کو چھوڑ کر دنیا میں کیوں آتی ہوں گی تو مؤلف نے بڑی تحقیق و تدقیق سے جواب دیا کہ جنتی ارواح اگرچہ دنیا میں آویں جنتی ہی کہلاتی ہیں اور جنتی ہونے سے نہیں نکلجاتی اور ساکن دہلی کی نظیر لکھی، سبحان اللہ کیا فہم عالی مؤلف کا ہے اتباع سنت تو یہ کہتے ہیں کہ ارواح جنتی کے کہ جن کو واسطے دریچہ جنت کھلا ہوا ہے اور روح و ریحان برابر چلا آتا ہے اور حور و سرور اور نعم کثرت الفردوس اور سیر جنت ان کو حاصل ہے پھر وہ دنیا دار اکدار میں کہ تمام دنیا کی ایک ذرہ بھر بھی اس کو نہیں کیوں آنے لگے ایسی راحت چھوڑ کر اس ظلمت کدہ میں آویں باوجود اس کے نہ آنے کے جو حدیث سے معلوم ہوتا ہے تو مؤلف خوش فہم سمجھ گئے کہ ان کے نزدیک ارواح جنتی نہیں رہتی جنت سے خارج ہو کر دنیاوی ہو گئی اعادت کی تحقیق میں خوب نظیر مثال سے جواب یا لاحول ولا قوۃ الا باللہ

جمعہ کی رات کے جن کے بارے میں بعض گمان ہو کہ اقرار کرنے والا خوشی کے سوجا دلہن کی طرح کے نعمت کی جگہ

صحاح ستہ میں وارد ہوا ہے اور اگرچہ اس کو بہشت کی ناز و نعمت استراحت ہو لیکن با اینہمہ دنیا کی بھی سیر کریں تو وہ اہل بہشت ہونے سے خارج نہیں ہوتی تخت گاہ دہلی کا بسنے والا اگر شاہدرہ اور لونی وغیرہ مواضع کی سیر کرے پھر دہلی کو پھر جاوے کیا یہ بات اس کو ساکن دہلی کہنے سے روک دیگی حاشا وکلا وہ کہیں پھر پھرا کر آجاوے وہ اہل دہلی کہلاوے گا، اسی طرح بہشتی روح دنیا میں کسی مواضع اور مواقع کی سیر کرے تب بھی وہ ساکن بہشتی کہلاوے گی الحاصل ارواح کی جنبش اور چلنا پھرنا ثابت ہے حضرت شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب عوارف کے باب تعیین میں یہ حدیث نقل کی ہے روی سعید بن المسیب عن سلمان قال ارواح المومنین تذھب فی برزخ من الارض حیث شاءت بین السماء والارض حتی یردھا الی جسدھا، اور قاضی ثناء اللہ نے تذکرۃ الموتی میں لکھا ہے ابن ابی الدنیا ابی مالک روایت کرد کہ ارواح مومنین ہر جا کہ خواہند می روند الی آخرہ ان حدیثوں سے ارواح کی سیر دنیا میں کرنی ثابت ہوئی، اور ظاہر ہے کہ دنیا اپنا گھر سب کو مالوف

حدیث بخاری کی ہے، کہ جسکو جنت ملگئی اگر دنیا و ما فیہا اس کو دیویں تو دنیا میں آنا قبول نہ کرے، مگر شہید دوبارہ فی سبیل اللہ جان دینے کو آنا چاہتا ہے الحدیث اس حدیث اور دیگر احادیث کی وجہ سے اہل سنت کو تامل ارواح مومنین کے آنے میں تھا ہر چند مراد حدیث میں زندہ ہو کر آنا ہے مگر نعمائے آخرت کو اور اکدار دنیا کو مقابلہ کر کے بے حقیقت ہونا دنیا کا بھی اس سے روشن ہے اسی واسطے یہ تامل تھا تو مؤلف خوب سمجھے، اور خوب جواب پایا کہ مؤلف ہی کے موافق ہے اگر مؤلف یہ جواب دیتا کہ اموات کا عمل منقطع ہو گیا ہے اور ثواب کی حرص بسبب کشف حقیقت ثواب کے بڑھ گئی ہے تو ثواب حاصل کرنے کو ارواح مومنین آتی ہیں تو یہ بات کچھ معقول بھی تھی مگر العیاذ باللہ جواب کہ خلاف سوال کے ہے جواں کا حوصلہ ہے، وہی جواب دیا اب جواب اس تقریر کا یہ ہے کہ طمع ثواب کے واسطے دنیا میں آنا اور ان راحتوں کو ترک کر کے چلا آنا کیا ضرور ہے، ارواح اپنے مقر میں متوقع ثواب ہوتی ہیں، جیسا احادیث سے معلوم ہوتا ہے تو اگر تا دیل ان ضعاف روایات کی کبھی ہی سمجھا وے تو لائق ہے نہ کہ ان کی وجہ سے صحاح کو ترک کریں اب سنو کہ جیسا ارواح کفار اور فساق گرفتار عذاب کا یہاں آنا ممنوع ہے اور ملائکہ کے ہاتھ سے چھوٹ آنا مکروہ ہے لا یعصون اللہ ما امرھم ویفعلون ما یؤمرون ایسا ہی ارواح انبیاء و صدیقین و شہداء و اولیاء کا بھی آنا خلاف ہے کہ ایسی حالت ذلت کا اختیار فرماویں اب عامہ مومنین باقی رہ گئی سو اگر تخصیص ہو ہو اگرچہ اگر صحیح بھی ہوں اور کوئی حدیث صحیح معارض بھی نہ ہو فرضاً تاہم قیاس اس کا مخصص ہو سکتا ہے یہاں تک کہ ایک دو فرد اس میں رہ جاویں جیسا قاعدہ عموم اصول میں مبرہن ہے پھر یوں بھی یہ روایات خارج از اعتبار ہو گئیں، اگر علم و فہم ہو تو سب کچھ ہے ورنہ ایمان کا خدا تعالیٰ ہی حافظ ہے جو لکھا دیکھا اس پر ہی ایمان لے آئے سچ ہے نیم ملا خطرہ ایمان قولہ الحاصل ارواح کی جنبش الخ **اقول** کلام تو دنیا میں اپنے گھروں پر آنے میں ہو اگر دنیا میں آنا مطلقاً ثابت ہو جب بھی مؤلف کا کام نہیں نکلتا چہ جائیکہ مطلق حرکت و جنبش ثابت ہو پس روایت عوارف سے برزخ میں چلنا پھرنا ثابت ہوا برزخ لغت میں وہ شئے کے حاجز کو کہتے ہیں اور شرع میں دنیا اور آخرت کی درمیان کی حالت کو کہتے ہیں، پس عالم برزخ کی حرکت ارواح کی تو صحاح حدیث میں بھی موجود ہے مگر اس سے بحث نہیں عوارف سے تو یہی نکلا مگر مدعا مؤلف کا دنیا کے گھر میں آنے کا تھا اور دلیل برزخ میں حرکت کرنے کی اس فہم پر آفرین ہے مؤلف زمین آسمان کے لفظ سے شبہ میں پڑا ہوا ہے سو یہاں زمین آسمان برزخ کا مراد ہے علی ہذا تذکرۃ الموتی کی روایت میں ہر جا کہ خواہند روند برزخ مراد ہے اور جو کوئی بخاطر تعریف عموم کو قبول کرے تو اس روایت سے اختیار سیر کا ثابت ہے نہ آنا کہ آیا کرتے ہیں آگے قیاس سے اثبات ہوگا اور امور آخرت اعتقادیات میں عقل و قیاس کو دخل نہیں مگر مؤلف محض لا یعلم ہے اب مؤلف کا کہنا کہ ان حدیثوں سے سیر دنیا کی

ے دنیا کی کدورتیں ہے روح کی تیج سے آزاد ہیں جس جگہ چاہتیں ہیں جاتے ہیں ۱۲

ہوتا ہے پھر اپنے گھر کی طرف روح کیوں نہ آتی ہوگی اور اس فرقہ کی بڑی بے منصفی ہو کہ اپنے پیر مرشد قبلہ کے منہ سے جو بات نکلے وہ تو پتھر کی لکیر ہو جاتی ہے اور جو دوسرا کوئی احادیث سے بھی ثابت کرے تو اس پر ایمان نہیں لاتے اب دیکھئے اسی مسئلہ میں مولوی اسمٰعیل صاحب نے صراط مستقیم کے آخر ورق میں اپنے پیر و مرشد کی تعریف میں لکھا ہے کہ حضرت غوث الثقلین اور خواجہ بہاء الدین نقشبند کی روحیں ان کی طرف متوجہ ہوگئیں اور ایک مہینہ تک ان میں چھینا جھپٹی رہی یعنی ایک کہتی تھی کہ ہم سید احمد کو اپنی طرف لیں، دوسری کہتی تھی کہ ہم لیں آخر دونوں پاک روحوں نے آپس میں صلح کرکے یہ بات ٹھہرائی کہ اچھا سید احمد صاحب میں ہمارا تمہارا دونوں کا ساجھا ہو۔ تب ایک دن دونوں روحیں ان پر ظاہر ہوئیں اور توجہ قوی ایک پہر تک دی اتنی دیر میں دونوں طریقوں کی نسبت حضرت کو نصیب ہوگئی۔ انتہٰی کلامہ، اب دیکھئے کہاں غوث اعظم کا مزار بغداد شریف میں اور کہاں خواجہ عالی شان نقشبند کا مزار بخارا میں پھر ان کی روحیں خبر نہیں علیین کے کس طبقہ اور جنت کے کس درجہ میں ہوں گی اور یہ بھی ہے کہ ان دونوں حضرات مقدس کے مریدوں میں سیکڑوں اولیاء کامل کیا کہوں بلکہ ہزاروں لاکھوں مقبولین ہوں گے تس پر بھی ان کی ہوس نہ بجھی اور سید احمد صاحب کی ان کو خواہش پیدا ہوئی کہ سید احمد صاحب کو اپنی نسبت مریدی میں لیجے اور اسی آرزو میں علیین یا بہشت کو چھوڑ کر دو روحیں ہندوستان میں اتر آئیں ہم اس کو رد نہیں کرتے لیکن ان دانشمند منصفوں کی دینداری پر افسوس کرتے ہیں کہ یہ مولوی اسماعیل صاحب کی تحریر باوجودیکہ از روئے عقل اس میں چند باتیں خلاف عادی معلوم ہوتی ہیں لیکن تم اس کو مسلم رکھتے ہو اور اس عقیدہ کو سب ان کو بدعتی نہیں کہتے اور ہم روحوں کا آنا اپنے گھروں پر باوجود مقتضائے عقل ہونے کے کہ البتہ اپنا گھر ہر کسی کو مالوف ہوتا ہے اور روح کو بعد مکانی

ثابت ہوئی کس قدر خبط ہے کیوں کہ ثابت ہوئی سیر برزخ کی اور بیان کرتے ہیں کہ سیر دنیا ثابت ...... ہوئی پس اب مؤلف کا قیاس دلیل کے اتمام کو شروع ہوا کیوں کہ ان روایات سے نفس جنبش ثابت ہوئی تو ایک مقدمہ قیاسی لگا کر مطلب تمام ہوتا ہے اور یہ محض جہل ہے کہ قیاس کو ان امور میں دخیل جاننا اور مطلب ثابت کرنا الحاصل یہ دعوی و دلیل مؤلف کا سب بے سود ہے اور اصل ایصال ثواب ہر روز اور ہر شب جائز ہے، اور موجب برکت و ثواب کا ہے مگر قید زمان بدون اذن شارع لگانا بدعت محدثہ ہے قولہ اس فرقہ کی بڑی بے منصفی ہو اقول یہ بے نصیبی دختران مؤلف اور اس کے ہم مشربوں کا ہے کہ اولیاء کی شان میں استہزا اور شوخ کلامی کریں، طریقہ اولیاء سے اور علم شریعت سے بے بہرہ ہونا اس کا ہی ثمرہ اور خبط عقل ہونا اور کلام بے ربط ہونا اس کا ہی نتیجہ ہے، اس کے کلمات ناشائستہ کا جواب نہیں لکھتا ہوں، حق تعالیٰ خود کافی ہے مگر اس کے جہل حقیقۃ الحال کو ظاہر کرتا ہوں کہ اولیاء کے مثل انبیاء علیہم السلام کے کثرت اتباع کی ہر روز تمنا رہی، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کروڑوں اتباع ہوئے اور پھر کثرت امت فخر عالم علیہ السلام پر غبطہ کر کے روئے بخاری میں یہ قصہ موجود ہے، فخر عالم علیہ السلام کثرت امت پر مباہات فرمادیں گی، اور ہر روز طالب کثرت امت کے ہیں اس کی تمنا میں امت کو ولود عورت سے نکاح کی تاکید فرمائی، پس اسی طرح حضرت غوث اعظم اور خواجہ بہاء الدین کو چونکہ معلوم ہوا تھا کہ سید احمد صاحب کی شان بزرگ ہے اور کثرت سے ان کے مرید و اتباع ہوویں گے، جیسا کہ مشاہدہ ہے کہ لاکھوں سے تجاوز کر گئے ہیں اس واسطے ان کی اپنے خاندان میں ہونے کی رغبت تھی حالت حیات میں اولیاء ایسے مرید کے طالب ہوا ہیں پس یہ امر خلاف عقل سلیم کے ہر گز نہیں کہ مؤلف کو عقل نہیں کہ سمجھے اور عالم ارواح جو عالم غیب ہے، نہ ہندوستان میں ہوا اور نہ بغداد و بخارا میں سو اجتماع ان ارواح کا عالم غیب میں تھا نہ سید صاحب بغداد و بخارا تک تشریف لے گئے، اور نہ یہ حضرت ہندوستان میں تشریف لائے۔ بلکہ اجتماع روحانی ہوا جیسا رویا میں عوام کی ارواح کو بھی ہوتا ہے

بشارت کے لئے رشک سے فخر کئے خواب)

مانع نہیں، کیوں کہ وہ مجردات سے ہے اگر ثابت کرتے ہیں اور اس پر حدیث بھی پیش کرتے ہیں اور روایت فقہاء رحمہم اللہ کی سند گذارتے ہیں، اس پر انکار کرتے ہو اور اس اعتقاد کے باعث ہم لوگوں کو بدعتی کہنے لگتے ہو یہ وہی مثل ہے جس طرح فرقہ معتزلہ اپنے کو اصحاب العدل والتوحید نام کرتے ہیں اور اہلِ سنت و جماعت کو وہ بدعتی اور ارباب الہوا کہتے ہیں، اب قلوب قاسیہ کے نرم کرنے کو ایک قصہ نہایت معتبر کتاب سے جس کے مصنف کو نوسو برس سے زیادہ ہوئے چار واسطہ سے امام ابو یوسفؒ کے شاگرد ہیں لاکھ حدیث ان کو حفظ تھی ان کا خطاب امام الہدیٰ ہے اور نام ان کا نصر بن محمد اور لقب ان کا فقیہ ابواللیث سمرقندی مشہور ہے وہ اپنی کتاب سمرقندی میں باب فضل جمعہ میں فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ سے سنا اور وہ فرماتے تھے کہ پہنچا مجھکو قصہ صالح مری کا کہ وہ جمعہ کی رات کو جامع مسجد میں آئے کہ نماز فجر میں آئے راستہ میں ایک مقبرہ ملا دل میں آیا کہ صبح صادق ہو جاوے گی اس وقت مسجد کو چلیں گے مقبرہ میں ٹھیر گئے، دو رکعت نماز پڑھی اور ایک قبر سے کچھ سہارا لگا لیا نیند آنکھوں میں بھر آئی دیکھتے کیا ہیں سب اصحاب قبور قبروں سے نکلکر حلقہ حلقہ بیٹھ گئے باتیں کرنے لگے ایک جوان کو دیکھا اس کے کپڑے میلے اداس مغموم بیٹھا ہے اتنے میں بہت خوان ڈھکے ہوئے آئے ان میں سے ہر آدمی اپنا اپنا خوان لیتا گیا اور چلتا گیا آخر وہی بے چارہ جوان رہ گیا اس کے پاس کچھ نہ آیا، اور اس غم کا مارا اٹھ کھڑا ہوا جب قبر میں داخل ہونے لگا صالح مری کہتے ہیں کہ میں نے اس سے کہا اے اللہ کے بندے تو کیوں اداس ہے اس نے کہا تم نے دیکھا کس قدر خوان آئے تھے، میں نے کہا ہاں، وہ بولا یہ تحفہ تحائف تھے جوان کے واسطے خیر خواہوں نے بھیجے تھے، جو وہ صدقہ دعا وغیرہ کرتے ہیں، ان کو پہنچا ہے جمعہ کی رات کو اور میں رہنے والا ملک سندھ کا ہوں اپنی ماں کو لیکر واسطے حج کرنے کے آیا تھا جب بصرہ میں پہنچا میں مر گیا میری ماں نے میرے بعد نکاح کر لیا اور دنیا میں مشغول ہو گئی مجکو بھول گئی نہ منہ سے کبھی نام لیتی ہے نہ زبان سے دعا، اب میں غمگین نہ ہوں تو کیا کروں میرا کوئی نہیں جو یاد کرے تب صالح مری کہتے ہیں میں نے اس سے پوچھا تیری ماں کہاں ہے اس نے پتہ دیا صبح ہو گئی نماز پڑھی اور اس کا گھر ڈھونڈتا ہوا گیا اس نے اندر سے آواز دی تو کون ہے میں نے کہا صالح مری اس نے بلایا میں گیا، میں نے کہا بہتر ہے تیری اور میری بات کوئی نہ سنے تب میں اس سے نزدیک ہو گیا، فقط ایک پردہ بیچ میں رہ گیا، میں نے کہا اللہ تعالیٰ تجھپر رحم کرے کوئی تیرا بیٹا ہے؟ بولی کہ نہیں، میں نے کہا کبھی ہوا تھا تب وہ سانس بھرنے لگی اور بولی ایک بیٹا نوجوان تھا مر گیا، تب میں نے اس کا قصہ مقبرہ کا بیان کیا اس کے آنسو بہنے لگے اور کہنے لگی اے صالح مری وہ میرا بیٹا میرا کلیجا تھا پھر اس عورت نے مجھکو ہزار درہم دیئے اور کہا میرے نورِ چشم کی طرف سے خیرات

عالم مثال میں مؤلف او راس کے مقتدایان کو عقل نہیں بے سمجھے طعن واستہزا[1] کر کے اپنی آبرو کھوتے ہیں اور اس قصہ سے مطلب مؤلف کا بھی کچھ ثابت نہیں ہوتا کیوں کہ مقصود مؤلف کا دنیا میں ارواح کا آنا ثابت کرنا تھا وہ خود مفقود ہے اس کم فہمی سے یہ قصہ لکھا تھا کہ اہلِ بیان پر یہ قول حجت ہو جاوے گا اور ہمارا استہزار حاصل ہوئے گا ان حضرات کی روح کا آنا سید صاحب کے گھر پر قبول کر لیویں گے نگر آفریں ہے ایسی ہی سمجھ چاہیئے باقی کلام کا جواب خود ہو لیا اور دیگر فضول گستاخ کلام کا جواب مطروح ہے کہ علم کی بات نہیں، قولہ صالح مری کا قصہ مانعین کو مضر نہیں مجوزین کو مفید نہیں اور اس کی بحث میں بھی کلام ہے۔ قولہ اب قلوب قاسیہ کو نرم کرنے کو الخ اقول مؤلف نے اس قصہ کو اپنے دعوی باطل کی تائید کے خیال سے لکھا تھا، مگر غافل کو خبر نہیں یہ اس کے دعوی کو برہم کرتا ہے اول تو دیکھو کہ اس میں یہ نہیں لکھا کہ ارواح اہلِ مقبرہ اپنے اپنے گھر گئے بلکہ قبروں کے پاس جمع ہوئے اور ان کے گھروں سے خوان آئے اور مؤلف کہتا ہے

[1] ہنسی اڑانا۔

کو بھیجو اور اب سے دعا و خیرات نہ بھولوں گی جب تک دم میں دم ہے۔ صالح مزی فرماتے ہیں پھر میں نے وہ ہزار درہم خیرات
کر دیئے، اگلی جمعہ کی رات اس مقبرہ میں گیا۔ دو رکعت پڑھی ایک قبر کے سہارے سے بیٹھ گیا سر جھکا کر پھر میں نے ان لوگوں کو
قبروں سے نکلتے دیکھا اور اس جوان کو دیکھا سفید کپڑے پہنے نہایت خوش وہ میرے پاس آکر کہنے لگا اے صالح مزی اللہ تیرا بھلا کرے
مجھ کو ہدیۃً تحفہ پہنچ گیا میں نے کہا تم جمعہ کو پہچانتے ہو کہا جانور تک پہچانتے ہیں۔ یہ کہا کرتے ہیں سلام لیوم صالح یعنی یوم الجمعہ
انتہی۔ اے بھائیو اگر ایسے امام الہدیٰ کا نقل کیا ہوا قصہ دردآمیز تمہارے دل کو خوفِ الٰہی سے نہ ہلا وے تو کمال حسرت کی بات ہے
پتھر بھی اللہ کے ڈر سے نرم ہو جاتے ہیں ان من الحجارة لما یتفجر منہ الانہار۔ اگلے آدمی جمعرات کا اس قدر خیال رکھتے تھے کہ دو آنہ کا مزدور
جس کے پاس کچھ بھی دینے کو نہ ہوتا تھا وہ بھی جو سیر بھر آٹا بال بچوں کے واسطے لاتا اور شام کو پکواتا اس میں نیت کرتا تھا کہ یارب العالمین
یہ جو بال بچوں کا نفقہ میرے ذمہ تیرے حکم سے واجب ہے اور ادائے واجبات الٰہی میں آدمی مستحق ثواب ہوتا ہے آج جو یہ سیر بھر کی روٹیاں اپنے
بال بچوں کو دیتا ہوں اس نفقہ واجبہ میں میری یہ نیت ہے کہ اس میں جو مجھکو ثواب ہوتا وہ میری طرف سے میرے فلانے عزیز میت کو پہنچے غرضکہ
تنگدست آدمی اسے روزمرہ کے نفقۂ واجبۂ عیال میں نیت ایصال ثواب کرتے تھے اور فاتحہ درود پڑھ کر بعد ازاں وہ بال بچوں کو وہ کھانا
دیتے تھے۔ اموات کو محروم نہ رکھتے تھے اور تو انگر آدمی تو بہت کچھ دیا کرتے تھے اب جیسی ہمتیں لوگوں کی پست ہوگئیں اور اس بخیلی کے ساتھ یہ
بھی بہانہ ہاتھ آگیا کہ اس کو تو مروہی لوگ بدعت کہتے ہیں پس بالکل آدمی چھوڑ بیٹھے اور نکھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ مثل مشہور ہے، اب ہم نے تم کو ان روایات
کتب معتبرہ کی سنا دی چاہیئے کہ اب اس سے سستی نہ کرو اور صدقات و خیرات اور درود و فاتحہ سے اپنے عزیزوں کو یاد رکھو ایک مسئلہ سناتا ہوں
کہ جسقدر تم اموات کے نام دو گے یا پڑھ کر بخشو گے اموات کو سب پہنچے گا، اور اسی قدر تم کو بھی ملے گا کچھ تمہارا ثواب کٹ نہ جاوے گا
اور میت و زندہ دونوں کامیاب ثواب ہوں گے۔ خزانۂ الٰہی میں کچھ کمی نہیں، وہ دونوں کو دیتا ہے۔ ان ربک واسع المغفرة فقط تمہاری
میت کا کھانا ہے لمعہ ثالثہ عیدین اور شب برات اور عشرہ محرم میں فاتحہ فی خزانۃ الروایات عن ابن عباس

ارواح اپنے گھر جاتی ہیں دوسرے یہ کہ ایصالِ ثواب اول شب میں ہوتا ہے اور یہ وصول قریب صبح کے ہوا حالانکہ ملائکہ فوراً پہنچاتے ہیں
ان کو بعد مسافت مانع نہیں کہ سفر کریں اور نہ دیر سے پہنچاویں اور نہ تاخیر کریں پس یہ دونوں امر خلاف مذہب مؤلف کے ہوئے۔ مگر شاید
مؤلف عذر کرے کہ ان اہلِ قبور کو گھر جانے کا حکم نہیں تھا، اور بسبب بعد مسافت کے دیر میں ثواب پہنچا نا استغفر اللہ، استغفر اللہ تیسرے یہ کہ
جوان جس کو ہدیہ نہ آیا اس نے اپنی والدہ کو بددعا نہیں کی ہاں مغموم ہوا تو یہ بھی مؤلف کی روایات کے خلاف ہوا چوتھے ہزار درہم کا صدقہ کر کے
دوسرے جمعہ کو حضرت صالح نے مقبرہ والوں کو دیکھا تو اثر ہزار درہم کا جوان پر پایا، مگر اس جمعہ میں قبروں سے نکلتے دیکھا مگر ہدیہ کسیکو نہیں ملا
اور اس جوان نے کہا کہ آج مجھکو ہدیہ ملا بلکہ پہلے ہدیہ کا اثر اور شکر بیان کیا۔ تو اس جمعہ کو ہدیہ نہ ہونے سے نہ کسی نے بددعا کی اور نہ کوئی ہدیہ لینے کو
گیا جس سے معلوم ہوا کہ نہ کوئی گھر جاوے اور نہ عدم وصول پر بددعا کرے۔ ہاں وصول سے ترقی میت کو ہوتی ہے بہر حال یہ قصہ مؤلف کے دعویٰ کا
مخالف ہے اور اہل سنت کو کچھ مضر نہیں اول تو خواب رویا سے حکم شرعی کا ثابت نہیں ہوتا اور پھر اس رویا کی تاویل ہو سکتی ہے اور اگر بلا
تاویل ہو جب بھی کوئی حرج نہیں مگر مؤلف کو بجز افسوس و حسرت کے کیا حاصل ہوا یہاں مؤلف متن اور حاشیہ میں کہتا ہے کہ اپنے بال بچوں کو
دیتے تھے حاشیہ میں شبہ کیا اور اپنا علم ظاہر کیا اور غلط فہمی کا اظہار فرمایا مگر ایسی شکل میں ثواب طعام صدقہ کا نہیں ہوتا بلکہ اس فعل کا

لہ ڈرا دینے والا کہ خواب۔

رضی اللہ عنہ یقول اذا کان یوم عید او یوم جمعۃ و یوم عاشورا و لیلۃ نصف من شعبان تأتی ارواح الاموات ویقومون علی ابواب بیوتہم فیقولون ھل من احد یترحم علینا ھل من احد یذکر غربتنا یا من سکنتم بیوتنا و یا من سعد تم بما شقینا و یا من اقمتم فی وسع قصورنا و نحن فی ضیق قبورنا و یا من استذل التم ایتامنا و یا من نکحتم نساءنا ھل من احد یتفکر فی غربتنا و فقرنا کتبنا مطویۃ و کتبکم منشورۃ واضح ہو کہ یہ کتاب خزانۃ الروایات پرانی کتاب ہے جس نسخہ سے یہ عاجز نقل کر رہا ہے وہ چار سو برس سے کسی قدر کم کا لکھا ہوا ہے اب دیکھئے تصنیف کب ہوئی ہوگی صاحب کشف الظنون نے اس کے مصنف کا حال یہ لکھا ہے کہ یہ قاضی جگن ہندوستان کے حنفی المذہب اور ساکن گجرات تھے تمام عمر فتوی دیئے اور لکھنے میں گذاری انتہی کلامہ پس معتبر ہونا اس کا ظاہر ہو گیا اور نیز ہم بیان کر چکے ہیں بیان فاتحہ جمعرات میں کہ مولوی اسحاق صاحب نے مائۃ مسائل میں اور مسائل اربعین میں اس خزانۃ الروایات کی سند پکڑی ہے معتمد علیہ ہونا اس کتاب کا اور پورا ہونا معلوم ہو چکا اب ترجمہ اس کی روایت کا معلوم کر و کہتا ہے صاحب خزانۃ الروایات کہ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ جب ہوتا ہے دن عید کا یا جمعہ یا عاشورا محرم کا یا شب برات، تب آتی ہیں روحیں موتی کی در کھڑی ہوتی ہیں اپنے دروازہ پر اور کہتی ہیں کہ ہے کوئی ہمارا جو ہم کو یاد کرے اور ہم پر رحم کرے ہماری غربت کو یاد کرے تم ہمارے گھروں میں رہتے ہو ہمارے مال سے چین کرتے ہو تم کشادہ مکانوں میں بیٹھے ہو ہم تنگ قبروں میں پڑے ہیں ہمارے یتیم بچوں کو تم نے ذلیل کر رکھا ہے اور ہماری بیبیوں کو تم نے نکاح میں کر لیا اب تم میں کوئی ہے جو فکر کرے دھیان کرے ہماری غربت اور محتاجی کا ہمارے نامۂ اعمال لپٹ چکے تمہارے نامۂ اعمال کھلے ہوئے ہیں انتہی، اور واضح ہو کہ جس طرح یہ روایت خزانۃ الروایات میں ہے اسی طرح دقائق الاخبار میں بھی ہے اور دقائق الاخبار منسوب ہے امام غزالی کی طرف اور تفسیر کریمہ تنزل الملئکۃ والروح میں مفسرین کے چند اقوال ہیں بعضوں نے کہا روح ایک فرشتہ ہے اور بعضوں نے کہا کہ جبرئیل ہیں اور بعضوں نے کہا کہ روح حضرت عیسی ہیں جو فرشتوں کے ساتھ اترتے ہیں اور بعضوں نے کہا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم مراد ہیں اور دقائق الاخبار میں ہے کہ بعضوں نے کہا ارواح بنی آدم مراد ہیں عبارت اس کی یہ ہے ویقال الروح الارواح من الاموات

ثواب پہنچا ہی نہ اب ہم ادبار و روکر مؤلف کو اپنے اشک شک پونچھنے چاہئیں۔ کہ عیدین و شب برات کا معمہ آیا والحمد . . . .

عیدین اور شب برات اور عشرہ کی فاتحہ میں کوئی روایت قابل احتجاج نہیں ہے۔ | **قولہ المعہ ثالثہ الخ اقول** یاں سوچو سو برس کی کتاب ہونا کوئی وجہ اعتبار نہیں ہے یہ تو مؤلف کی کم علمی کی بات ہے۔ غیر معتبر کتب قرون سابقہ میں بھی تھی اور مولوی محمد اسحاق صاحب کی نقل سے ہر ہر روایت اس کی معتبر ہو جانا بھی کوئی حجت نہیں پہلے ذکر اس کا ہو چکا اور مومن کی قبر میں وسعت[1] مد بصر[2] تک ہوتی ہے اور روح و ریحان جنت کی آتی ہے اور نور ہوتا ہے یہ سب احادیث میں موجود ہے اور دنیا کے گھروں کا حال سب کو معلوم ہے پس باوجود اس کے ارواح کا یہ کہنا کہ تم کھلے کشادہ گھروں میں اور ہم تنگ قبروں میں خلاف عمل کے ہوا اور صحیح حدیث میں ہے کہ مومن کو حکم ہوتا ہے نم کنومۃ العروس اور اس روایت میں کربت کا رونا ذکر ہے اور اعمال صالحہ اور روح جلیۃ سے انس مومن کا صحاح میں مذکور ہے اور اس میں غربت و وحشت کا اظہار ہے پس مؤلف ناواقف صحاح کی خلاف اس حدیث کی ترویج میں کس قدر سرگرم ہے کہ کچھ پس و پیش کی ہوش نہیں اور پہلی روایات میں جو کچھ بحث ہو چکی ہے وہ سب یہاں بھی ہے اور پھر عقیدہ کے باب میں یہ حدیث ہے سبحان اللہ کیا عمدہ طرز تحقیق ہے کر بے شرمی محض ہے

تنزل الملئکۃ والروح سے شب برات وغیرہ میں ارواح کا گھر آنا ثابت نہیں ہوتا | **قولہ اور تفسیر کریمہ تنزل الملئکۃ والروح الخ اقول** مؤلف اقوال بارہ کی نقل سے اپنا دل سرد کرتا ہے دیکھئے کیا عجب استدلال ہے کہ دعوی تو نزول ارواح کا عیدین و شب براۃ و عشرہ محرم

[1] وسعت [2] حد نظر

...یتربون ربنا انکن ان لنا بالغزول لی منا زلنا حتی تری ادلا دنا دعیالنا یتزلون فی لیلۃ القدر انتھیٰ اب گوش ہوش سے
سننا چاہیے کہ باپ کو اولادِ صالح کی دعا سے نفع پہنچتا ہے صحیح مسلم کی حدیث ہو ولد صالح یدعو لہ اس حدیث میں تم لوگو نکو اشارہ ہوا کہ
...ک اولاد نیک ہو انکے حق میں دعا کرو فاتحہ درود پڑھو دوسری حدیث بیہقی کی ہو ما المیت فی القبر الا کالغریق المتغوث ینتظر دعوۃ
...من اب او ام او اخ او صدیق فاذا لحقتہ کان احب المیت من الدنیا وما فیھا اس حدیث میں اشارہ ہو گیا ماں یا باپ کہ وہ اپنی
...ہو ولاد کو دعائے خیر سے یاد رکھیں اور بھائی بھائی کو اور دوست دوست کو اس واسطے کہ اس حدیث میں ارشاد ہو گیا کہ مردہ ان سب کیطرف
...لگائے رہتا ہے غرض دونوں حدیثوں کے مضمون سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ سب دوستوں اور اقربا کو چاہیے کہ اپنے دوست اور
...یاد رکھیں اور آدمیوں کا حال یہ ہو کہ دنیا کے جنجال میں پھنسکر اپنے عزیزوں کو جو کہ مر گئے بالکل بھول جاتے ہیں روزمرہ کی یاد تو کہاں بھلا
...دنوں کو یعنی عید بقر عید شب برات محرم میں بھی یاد کرلیں تو غنیمت ہے کیونکہ تیوہاروں میں کھانے کی کثرت ہوتی ہو طرح طرح کی چیزیں
...پنے دوست آشناؤں میں تحفہ ہدیہ بھیجا جاتا ہو ہائے افسوس زندہ آدمیوں کو تحفہ ہدیہ بھیجیں، حالاں کہ زندہ آدمی خود بھی پکوا کر کھا سکتا
...میت کو جو کہ بالکل عاجز بے بس بیکس ایک غار تنگ و تاریک میں پڑے ہیں اور اعمال ان کے منقطع ہو چکے اب کچھ نہیں کر سکتے انکو قطعاً
...ہیں کسقدر غفلت کی بات ہو اور جو کوئی عالم ملا ہو کر لوگو نکو اس کام سے روکے کسقدر مظلوموں کا اپنی گردن پر لیتا ہے، یا اللہ ایک
...وں کے عالم فاضل تھے کہ خیرات وحسنات کی رغبت دلاتے تھے مصنف خزانۃ الروایات کا لکھتا ہے کہ میں شروع بلوغ سے فتاوی
...کتب فقہ اور مسائل میں کوشش کرتا رہا اور جب استفتا پیش ہوتے تھے جب تک جواب انکی کتابوں سے نہیں نکالتا تھا چین نہیں آتا تھا
...کسی وقت خالی مباحثہ اور مطالعہ کتب سے نہیں رہتا تھا اور مشکلیں حل کیا کرتا تھا تمام عمر فتوی دینے میں گذاری اور جسقدر فتوی دینا
...سب مسائل اس کتاب میں لکھدیا انتہی کلامہ، دیکھو یہ شخص ہندوستان کا قاضی سیکڑوں برس کا عالم فقیہ گذرا ہوا ہندوستان میں
...جاری کرنے والا اپنا فتوی اس کتاب میں لکھتا ہو اور روایت کرتا ہے کہ تیوہاروں میں روحیں آتی ہیں چنانچہ روایت ان کی بیان کی
...سلام ہوا کہ یہ جو قدیم الایام عیدین وغیرہ تیوہاروں میں دستور فاتحہ کا چلا آتا ہو ایسے ہی بزرگوں کا حکم دیا ہوا اور جائز رکھا ہوا اور احادیث
...شناو کیا ہوا، جاہلوں کا ایجاد کیا ہوا نہیں جاہل کسی قاعدہ دینی اور شرعی کا موجد نہیں ہو سکتا اور نہ کوئی جاہل کا اتباع کرے یہ سب
...اوائل اسلام میں علماء صلحا کی تلقین فرمائی ہوئی پہلا زاں جملہ یہ بات کہ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ عیدین وغیرہ میں جو فاتحہ دیتے ہیں تو حضرت
...علیہ وسلم کے نام کا جدا نکالتے ہیں یہ مسئلہ بھی امام ربانی مجدد الف ثانی کے کلام میں موجود ہو مانعین اس امام کے معتقد ہیں وہ اپنے

...شب قدر کی اور پھر غرض تو اثبات اس مطلب کا صدقات وخیرات کے آتے ہیں اور دلیل میں یہ کہ زیارت اولاد کے واسطے نزول ہوتا
...سے استدلال ہی پھر جب مؤلف کو تنبیہ ہوا کہ اس کو مدعا سے لگاؤ نہیں تو حاشیہ میں عذر کیا اور جمع کیا کہ شاید اس رات میں زیارت
...سے ہی آتے ہوں گے سبحان اللہ تو پھر اس کا یہاں لانا محض تطویل ہوا اس کو کیا نفع تھا مع ہذا ایسے ضعاف اقوال پر مدار اعمال
...شرعیت کا کہ جسکو محدث وفقیہ قبول نہیں کرتے محض سخن پروری ہو ورنہ پہلی عجالہ نافعہ سے نقل ہو چکا کہ طبقہ رابعہ کی کوئی حدیث قابل
...عمل نہیں چہ جائیکہ عقائد میں معتبر ہوں، غرض مؤلف کی کوئی کل درست نہیں قولہ اب گوش ہوش سے سننا چاہیے الخ اقول ولد صالح کی
...دعا سے نفع مسلم ہو اور ایصال ثواب اموات کو مستحسن مگر مدعا مؤلف کا کہ ایام مقررہ میں ارواح کا آنا ہو اس کو اس سے کچھ مدد نہیں ملتی
...ثواب پہنچانا اور عیدین کو اور شب برات کو بھی درست ہو، مگر مقید کرنا اور زیادہ مؤکد وموجب ثواب کا ہونا غیر مسلم ہو بہر حال اصل یہ

یعنی اعلاء الملۃ ... محرم، عشرہ شب برات وغیرہ وغیرہ کو ... ثابت نہیں ہوتا۔

اپنے مکتوبات کی جلد ثالث میں لکھتے ہیں، باید کہ ہرگاہ صدقہ بمیت نیت کند اول باید کہ بہ نیت آنسرور علیہ و علی آلہ الصلوٰۃ والسلام ہدیہ جدا سازد و بعد ازاں تصدق کند کہ حقوق آنسرور علیہ و علی آلہ الصلوٰۃ والسلام فوق حقوق دیگران است و نیز بریں تقدیر احتمال قبول صدقہ است بطفیل آں سرور علیہ و علی آلہ الصلوٰۃ والتحیات، انتہی سبحان اللہ ایک ایسے ایسے علماء دیندار تھے کہ کیا کیا ہدایت کے طریقے تعلیم فرماتے تھے اور ایک اب پیدا ہوئے ہیں کہ بالکل اعمال معمولہ قدیمی اور خیرات مستمرہ سلف کو بند کرتے جاتے ہیں، نعوذ باللہ منہا اور یہ جو مولوی اسحاق صاحب نے مائۃ مسائل میں تحریر فرمائی ہے کہ آمدن ارواح دریں شبہا از احادیث صحیحہ مرفوعہ متصل الاسناد ثابت نگشتہ، اور مسائل اربعین میں ان حدیثوں کو لکھا، بعض علماء محدثین ایں روایات را تضعیف ہم فرمودہ اند و بیان غربت آنکہ در وہ اند انتہی کلامہ میں کہتا ہوں کہ اس فاضل کے کلام سے بس اسی قدر ثابت ہوا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد نہیں بعض محدثین نے انکو ضعیف بھی کہا ہے سو اصول حدیث میں یہ طے ہو چکا ہے کہ حدیث صحیح نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ حدیث جھوٹ بنائی ہوئی موضوع ہو چنانچہ ملا علی قاری اور صاحب مجمع البحار اپنے رسائل موضوعات حدیث میں لکھتے ہیں قال الزرکشی بین قولنا لم یصح وقولنا موضوع بون واضح فان الوضع اثبات الکذب وقولنا لم یصح لایلزم منہ اثبات العدم الخ بال الیہ صحیح نہ ہونے سے یہ ضرور ثابت ہو جاتا ہے کہ ضعیف ہے لیس حدیث ضعیف کا ہم سے حکم سنو تفسیر روح البیان کی دوسری جلد مطبوعہ مصر کے صفحہ ۲۶۲ میں ہو وان کانت ضعیفۃ الاسانید فقد اتفق المحدثون علی ان الحدیث الضعیف یجوز العمل بہ فی الترغیب والترہیب یعنی اگرچہ یہ حدیثیں ضعیف ہیں تو اتفاق کیا ہے کل اہل حدیث نے کہ حدیث ضعیف پر عمل جائز ہے جس مقام میں رغبت دلاتے ہیں نیک کام پر یا ڈراتی ہوں برے کام سے اور نقل کیا اس کلام کو صاحب روح البیان نے امام نووی اور حلبی اور ابن فخر الدین رومی وغیرہم سے اور اسی طرح منقول ہے فتح المبین مؤلفہ علامہ ابن حجر کی اتفق العلماء علی جواز العمل

مدعا مؤلف کا کوئی ثبوت نہیں لہذا مؤلف زار زار رو کر افسوس اپنی کم علمی پر کرتا ہے ہرگاہ کہ کوئی روایت مثبت مدعی کی نہیں اور خزانہ کی روایت خود مخدوش بناچاری اس کی مؤلف نے توثیق شروع کر دی کہ عوام کو اس سے ہی کچھ طمانیت ہو جاوے اور خواص تو جان چکے کہ یہ روایت ہرگز قابل اعتماد نہیں اور فہم اس کا واضح ہو گیا اب مؤلف افسوس کیئے جاوے **قولہ** از انجملہ یہ بات الخ **اقول** مؤلف کیوں اپنے کلام کو طول لا حاصل دیتا ہے امام سیاقی نے یہ فرمایا کہ مطلقاً جب صدقہ کرو تو فخر عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو ضرور یاد رکھو کہ آپ کا حق اقدم ہے اور یہ حکم عمدہ اور ادب کی بات ہے اس میں کوئی علاقہ نہیں مگر اس میں نہ عید نہ شب برات نہ محرم لیس مؤلف کے اس سے کیا نفع ہے مؤلف کا مدعا اس سے ثابت نہیں پھر کیوں تطویل کرتا ہے **قولہ** اور یہ جو مولوی محمد اسحاق الخ **اقول** مولوی اسحاق صاحب نے ان روایات کو ضعاف ہی فرمایا ہے موضوع نہیں فرمایا گو بعض روایات جن کا ذکر ہوا متروک معلوم ہوتی ہیں مگر یہ بحث مؤلف کی بالکل لغو ہے کیونکہ وضع کی تحقیق بدون اقرار واضع کے دشوار ہے اور بعد اقرار کے بھی قطع نہیں ہوتا مگر طریق علم اس کا خلاف قواعد مسلمہ شرعیہ کے ہوتا ہے سو ثابت کیا گیا کہ صحاح کے خلاف ان روایت کا مضمون ہے اور یہ دلیل متروک و متہم ہونے کی ہے اور پھر بعد اس کے یہ مسئلہ عقائد کا ہے اس میں مشہور و متواتر صحاح کی حاجت ہے چنانچہ لکھا گیا اور مؤلف خود مقر ہے کہ اعتقادیات میں روایات ضعاف معتبر نہیں بندہ کہتا ہے کہ آحاد صحاح بھی معتبر نہیں چنانچہ فن اصول میں مبرہن ہے پس یہ روایات ہرگز معتبر نہیں،

مسئلہ کا نحو اعتقادی ہے اس میں ضعاف تو کیا آحاد صحاح بھی قابل اعتماد نہیں **قولہ** حدیث ضعیف کا الخ **اقول** مؤلف سے حدیث ضعیف کا حکم سنیں وہ خود ناواقف ہے روح البیان اور فتح المبین اور اصول سید شریف وغیرہ کی عبارات جمع کر دیں مگر مطلب نہیں سمجھا اور اچھا علم ایسا ہی خراب کرتا ہے ان سب کا مدعا یہ ہے کہ فضائل اعمال میں ضعیف پر عمل درست ہے دیکھو ترغیب و ترہیب یا فضائل اعمال کے الفاظ سب عبارات

ـــ کمزور نہ بحث کرنا سے ضعیف کی جمع ضعاف دوڑی ہوئی کشہ شرق [illegible] ڈرانا۔

بالحدیث الضعیف فی فضائل ... الاعمال اور میر سید شریف رحمۃ اللہ علیہ اصول حدیث میں لکھتے ہیں ویجوز عند العلماء التساهل
فی الاسانید الضعیف فی فضائل الاعمال اور اعضاء وضو کے دھونے میں جو دعائیں وارد ہوئی ہیں وہ سب ضعیف ہیں بااینہمہ لکھا صاحب
درمختار نے فیعمل بہ فی فضائل الاعمال اور نسائی کا یہ طریق تھا کہ جس راوی کو بالاتفاق علماء حدیث نے چھوڑ دیا ہو اس کی حدیث نہ لیتا تھا
باقی سب حدیث ضعیف ہر قسم کی لے لیتا تھا اور ابو داؤد کا مذہب یہ تھا کہ حدیث ضعیف کو امام مجتہد کی رائے سے افضل جانتا تھا اور یہ
نسائی اور ابو داؤد مصنفین صحاح ستہ کے دو امام ہیں اور شرح سفر السعادۃ میں ابن حزم سے نقل کیا ہے کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے سب اصحاب
متفق ہیں اس بات پر کہ حدیث ضعیف مقدم ہے قیاس اور اجتہاد پر انتہی پس حدیث ضعیف کی یہ شان نہیں کہ ہر طرح اس کو رد کیا
کریں اور کسی موقع میں قبول نہ کریں اور رسالہ انتباہ میں شاہ ولی اللہ صاحبؒ لکھتے ہیں ورد فی فضائل رجب الاحادیث باسانید
ضعیفۃ لا باس بالعمل بہا فان وجد فی نفسہ قوۃ فلیعمل بہا اور مولوی قطب الدین خاں صاحب نے مظاہر الحق میں چھ رکعت
صلوٰۃ الاوابین کو لکھا ہے اگرچہ ترمذی وغیرہ نے اس حدیث کو ضعیف لکھا ہے لیکن فضائل اعمال میں عمل کرنا حدیث ضعیف پر جائز ہے، انتہی
مؤلف کہتا ہے کہ صلوٰۃ الاوابین کی حدیث ایسی ضعیف ہے جس کی بابت مشکوٰۃ میں ہے لا نعرفہ الا من حدیث عمر بن ابی خثعم و سمعت
محمد ابن اسمٰعیل یقول هو منکر الحدیث وضعفه جدًا پس مولوی قطب الدین خاں صاحب نے اس درجہ کی حدیث پر بھی عمل کرنا ثابت
کیا ہے شرح ملا علی قاری سے اور مثالیں اس کی یعنی مقبول رکھنا حدیث ضعیف کا اعمال میں بہت مسائل فقہیہ میں ثابت ہے بباعث طول فقط
انہی عبارات منقولہ بالا پر اکتفا کر کے ایک قاعدہ کلیہ جو اصول حدیث اور اصول فقہ میں درباب حدیث ضعیف لکھتے ہیں نقل کرتا ہوں کہ
حدیث ضعیف کو صفات باری تعالیٰ اور تحریم و تحلیل در اعتقادیات میں نہیں لیتے البتہ معجزات اور احوال قیامت اور موعظت اور فضائل اعمال
میں مقبول کہتے ہیں اور فضائل اعمال کے معنی علامہ شامی شارح درمختار نے یہ لکھے ہیں کہ کسی عمل کی فضیلت حاصل کرنے کے لئے حدیث ضعیف کو لے
لینا جائز ہے انتہی کلامہ اور ضعیف پر عمل کرنے کی شرط یہ ہے کہ وہ عمل ایسا ہو کہ ایک قاعدہ عام شرعی میں داخل ہو اور اس شرط لگانے میں حکمت یہ ہے کہ
حدیث ضعیف کے یہ معنی تو نہیں ہیں کہ وہ جھوٹی بے اصل ہے بلکہ ممکن ہے صادق ہونا اس کا پس اگر وہ حدیث ضعیف نفس الامر میں عند اللہ صحیح تھی تو اس
پر عمل ہونا بہت اچھا ہوا اور اگر وہ نفس الامر میں ثابت نہ تھی تو اس پر عمل کرنے سے کچھ نقصان نہ لازم آیا کیوں کہ وہ قاعدہ کلیہ عام شرعی میں داخل ہے

منقول ہیں بھلا اب کوئی مؤلف سے پوچھے کہ لیلۃ الجمعہ اور شب برات و عیدین کے صدقہ میں کونسی فضیلت و ثواب عظیم مذکور ہے جس پر عمل کرنا جائز
ہو ذرا آنکھ کھولو، ہوش کرو، ان روایات منقولہ اشعۃ اللمعات و خزانۃ الروایات و دستور القضاۃ میں کسی میں کوئی فضیلت و ثواب مذکور
نہیں ہے، فقط ارواح کا آنا اور حسرت ناک بات کرنا اور طلب صدقات کرنا ہے پس یہ فضائل اعمال کس طرح ہوئے یہاں علام ان کے آگے کا ہے، پھر
ہیں تو کون عاقل فضائل اعمال کہے گا ہاں حدیث صوم رجب اور صلوٰۃ اوابین میں مثلاً فضیلت عمل ہے سو اس کو اس پر قیاس کرنا علم ہے یا جہل وہ
باب اور یہ بحث، سبحان اللہ کیا کہنا اور پھر جو بد دعا دینا مردوں کا بعض روایت میں ہے اس کو کوئی ترہیب جانے سو یہ بھی غلط کیونکہ محقق
ہے کہ یہ مردوں کا ظلم ہوگا اور خلاف امر حق تعالیٰ کے ہوگا یہ ہرگز نہیں ہو سکتا پس غلط بات کو ترہیب کا امر نہیں بنا سکتے کہ مؤلف ترغیب ترہیب
فضائل اعمال کو بھی نہیں سمجھا کہ کیا ہوتا ہے فقط لفظ یاد کر لئے ہیں اور بدون مطلب اہل اصول کا سمجھے اپنے مدعا پر دلیل غیر مطابق لکھ مارا ہے اور کچھ پیش نہیں
صاحب انوار کا ایک قاعدہ متعلقہ اصول کی تخلیط قولہ مؤلف کہتا ہے الخ اقول منکر اصطلاح محدثین میں اس کو کہتے ہیں کہ راوی اس کا ایسی
ہو کہ اپنے اوثق و قوی کے خلاف ہو سو یہ بھی ایک قسم ضعیف کی ہے اس میں کوئی بہت زیادہ درجہ ضعف کا نہیں ہوتا پس مؤلف کا یہ کہنا

بہت زیادہ قابل اعتماد نہ ہو گز ور سکہ ڈرانا،

مثلاً یہی دعائیں جو وضو کے اعضا دھوتے میں جو ضعیف حدیثوں سے ثابت ہوئی ہیں اگر یہ نفس الامر میں عند اللہ صحیح ہیں تو حق ان احادیث کا ادا
ہوگیا، اور ثواب موعود مل گیا اور اگر یہ حدیثیں عند اللہ صحیح نہیں تو ہر عضو پر جدا جدا دعا پڑھنے سے گنہگار بھی نہیں ہوتا کیوں کہ اس قدر عاپڑھی ہے
کچھ اور گناہ تو نہیں کیا، اور مطلق دعا کا مانگنا شرع میں ثابت ہے اور ایک حدیث ضعیف میں بھی حضرتؐ سے روایت کیا گیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا، جس
شخص کو میری طرف سے کوئی حدیث پہنچی اس نے اس پر عمل کیا تو اس کو ثواب ملے گا اگرچہ فی الواقع وہ حدیث میری نہ ہو چنانچہ یہ مضمون شامی شارح
درمختار نے علامہ ابن حجر سے نقل کیا ہے، یعمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال لانہ ان کان صحیحاً فی نفس الامر فقد اعطی حقہ
من العمل والا لم یترتب علی العمل بہ مفسدۃ تحلیل ولا تحریم ولا ضیاع حق الغیر وفی حدیث ضعیف من بلغہ عنی ثواب
عمل حصل لہ اجرہ وان لم اکن قلتہ، اور اسی طرح شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے جو ماہ رجب میں ہزاری روزہ اور اس کی رات کو جاگنے کا حکم دیا
وہ بھی اسی قاعدہ پر ہے یعنی اگرچہ یہ تخصیص دن اور رات کی ضعیف حدیث سے ثابت ہوئی لیکن مطلق روزہ رکھنا اور شب کو عبادت کرنا تو
دین میں ثابت ہے اور اسی طرح چھ رکعتیں اوابین کو قطب الدین خاں صاحبؒ نے جو لکھا ہے اس میں بھی یہی قاعدہ ہے یعنی اگرچہ یہ حدیث بہت
ضعیف اور منکر ہے لیکن اگر کوئی اس تعیین زمان اور تخصیص رکعات پر موافق اس حدیث ضعیف کے عمل کرے گا، تو کچھ برائی نہ ہوگی، کیوں کہ
مطلق نفل کا پڑھنا تو ہر وقت جائز ہے اور یہاں ایک اور مسئلہ سمجھنا چاہیئے، کہ فقہاء رحمہم اللہ اس عمل کو جو حدیث ضعیف سے ثابت ہوتا ہے مستحب
لکھا کرتے ہیں، چنانچہ اسی صلوٰۃ الاوابین کو باوجود حدیث منکر ہونے کے مستحب اور مندوبات میں فقہا لکھتے ہیں اور اسی طرح گردن کا مسح وضو
میں ضعیف حدیث سے ثابت ہوا ہے اس کو بھی مستحب لکھتے ہیں اور ماہ رجب کے روزہ کو فتاویٰ عالمگیری میں مرغوبات و مندوبات کے ذیل میں لکھا
ہے، جب یہ قواعد اور فوائد ذہن نشین ہو چکے تو اب ہم اس قاعدہ مقررہ فقہاء و محدثین کو مسئلہ متنازع فیہ یعنی روحوں کے آنے میں جاری کر کے دکھا

کہ صلوٰۃ اوابین کی ایسی ضعیف حدیث ہے کہ جس کو منکر کہا اور مؤلف نے اپنا اصول دانی جتلانے یہ بالکل ناواقفیت ہے عبث مؤلف نے اپنی لاعلمی
کی اور ان روایات میں عمل ہی نہیں بلکہ علم ہے اور پھر اگر کوئی بپاس خاطر مؤلف کے عمل کو تسلیم بھی کرلیوے تو فقط عمل ہے نہ فضل عمل مؤلف کی جس پر
بنیا ہو تو دیکھئے بعد اس کے جو مؤلف نے لکھا ہے وہ جواب طلب نہیں خواہ مخواہ تطویل کی کہ اس کے مدعی سے کچھ مساس نہیں قولہ اور یہاں ایک اور مسئلہ
سمجھنا الخ اقول یہ مؤلف کی نہایت غلط فہمی وجہل اور بالکل سرتاپا غلط ہے کسی نے یہ نہیں کہا محض اجتہاد وایجاد ناصواب مؤلف کا ہے کیونکہ مستحب وہ
فعل ہے کہ فخر عالم علیہ السلام نے کبھی کیا اور کبھی ترک کیا یا رغبت اس کی دلائی ہو چنانچہ حد اس کی یہ لکھتے ہیں فعلہ مرۃ وترکہ اخریٰ اور غیرہ
اور مستحب بھی حکم من الاحکام ہے تو اس کا ثبوت بھی حدیث صحیح یا حسن لعینہ یا لغیرہ سے ہوتا ہے ہرگز کوئی حکم ثابت نہیں ہوتا جب تک کہ وہ ضعف
منجبر نہ ہو جاوے، پس استحباب ان امور کا جو ثابت ہوا ہے تو آپؐ کے فعل و ترک سے یا رغبت دلانے سے ہوا ہے اور روایات ضعاف کہ ان ابواب میں
ہیں وہ تعدد طرق سے حسن لغیرہ ہو گئی ہیں مؤلف ناواقف یہ سمجھ گیا کہ یہ استحباب ضعیف حدیث کے سبب سے ہوا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ، کیا
علم واصول دانی ہے، قال الامام المختار رواہ ابن حبان وغیرہ من طرق قال فی رد المختار ای یقوی بعضہا بعضاً فارتقی الی مرتبۃ الحسن
اقول لکن ھذا انما کان ضعفہ لسوء ضبط الراوی لصدقہ الامین او لارسالہ او تدلیسہ او جہالۃ الحال مالیس لو کان لفسق
الراوی او کذب فلا تؤثر فیہ مما فقہ مثلہ ولا یرتقی بذلک الی الحسن۔ انتہی الیس یہ جسقدر نظائر مؤلف نے لکھی ہیں اور جستقدر
کتب فقہ میں وارد ہیں سب احادیث حسن لغیرہ سے ثابت ہوئی ہیں اور استحباب ان کا یا ترغیب کے سبب سے ہے یا فعل و ترک کی وجہ سے نہ ضعیف
حدیث کے سبب سے جیسا مؤلف الٹا سمجھا، تعجب کرتا ہوں کہ آدمی ایسا آنکھ بند کر کے تمام دنیا کے خلاف دین میں قول لکھا اور شرم نہ کرے

لہ بہت زیادہ قابل اعتماد ۲ے مختلف طریقوں سے

ہے اول گفتگو ہماری اس بات میں ہے کہ وہ جو فاضل مذکور نے لکھا ہے کہ بعض محدثین نے احادیث آنے ارواح کو ضعیف کہا ہے ، ہم کہتے ہیں کہ بعض محدثین کے ضعیف کہنے سے لازم نہیں آتا کہ کل کے نزدیک ضعیف ہو ملا علی قاری وغیرہ لکھتے ہیں لاحتمال ان یکون الحدیث موضوعاً من طریق صحیحاً من اخری پس اس بنا پر ہم کہتے ہیں چونکہ صاحب خزانۃ الروایات نے جس کی سند اسی فاضل نے اپنی تصنیفات میں پکڑی ہے اور فضائل اس کے ہم اور وجوہ سے بھی بیان کر چکے ہیں ، یہ حدیثیں آنے ارواح کے اپنے فتاوی میں درج فرمائیں لابدیہ بات دلیل ان کی صحت اور قوت اور معتمد بہ ہونے پر ہے مفتیان دین کا ایک حدیث کو لے لینا مقلدین کے نزدیک دلیل قوت ہے اور بالفرض والتقدیر اگر ہم موافق قول اس فاضل کے ضعیف ہونا ان احادیث کا تسلیم کریں تو حدیث ضعیف پر عمل کرنا فروع مسائل در فضائل اعمال میں اقوال فقہا و محدثین سے بالاتفاق والاجماع ثابت ہے پس جو آدمی ان حدیثوں پر اس بات میں عمل کرے گا ، کہ کچھ صدقہ فاتحہ درود تہواروں میں کریگا تو بلاشک امر جائز بلکہ مستحب ہوگا اس لیے اگر واقعی وہ روحیں آتی ہیں تو سبحان اللہ اصل مدعا ثابت ہوا کہ وہ خوش خرم گئیں یہ آدمی ان کی بددعا سے بچ گیا اور ان کو ثواب پہنچ گیا ، اور بالفرض والتقدیر اگر روحیں نہیں آتی ہیں تو بھی یہ صدقہ اور فاتحہ درود تو ان کو پہنچ ہی جاوے گا ان کا پہنچ جانا تو اصل قاعدہ شرعی سے ثابت ہے عند اہل السنۃ والجماعۃ بنا بر علیہ تہواروں میں صدقہ اور فاتحہ درود کرنے کو نہ فقط جائز بلکہ امر مستحب کہنا چاہیئے ، چنانچہ ہم اس کی چند نظیریں کلام فقہاء سے صلوٰۃ الاوابین اور سحر رقیہ اور صوم رجب کی بابت لکھ چکے ہیں اور علاوہ اس کے بہت نظیریں اس کی کتب فقہ میں موجود ہیں جس کی نظر متون و شروح فتاوی پر ہے یہ بات اس سے مخفی نہیں ، اللہ تعالیٰ دلوں میں انصاف دے آمین یا رب العالمین آمین **لمعۂ رابعہ بیان طریقہ سوئم کا** ، اس عمل میں پانچ چیزیں ہیں ، کلمہ طیبہ پڑھنا ، شمار کے لئے دانہ ہائے نخود کا معین کرنا ، ختم قرآن کرنا ، برادری اور دوست آشناؤں کا واسطے قرآن اور کلمہ پڑھنے کے لئے جمع ہونا ، اس کام کے لئے تیسرا دن ٹھیرانا **بیان امر اول** اختیار کرنا کلمہ طیبہ کا اس لئے ہے کہ حدیث میں وارد ہوا ہے لا الٰہ الا اللہ مفتاح الجنۃ اور امام ابو اللیث سمرقندی نے روایت کی ہے انس رض سے عن النبی صلے اللّٰہ علیہ وسلم انہ قیل لہ یا رسول اللّٰہ ھل للجنۃ ثمن قال نعم لا الٰہ الا اللّٰہ ، جب معلوم ہوا کہ طیبہ کنجی ہے جنت کی اور قیمت ہے جنت کی تو ثواب ساتھ ایسی چیز کی نہایت درجہ اولیٰ وانسب ہے

قولہ اب ہم قاعدہ مقررہ فقہاء الخ **اقول** ہرگز جاری نہیں ہو سکتا ہرگاہ کہ محدثین نے اس کی تضعیف کر دی بلکہ بعض روایت کے اوپر متروک ہونے کا خیال ہے تو جب تک اس کو سند صحیح سے ثابت نہ کیا جاوے مجروح ہی رہے گی والجرح مقدم علی التعدیل اور یہ روایات تو بلا سند ہیں اور مسند میں ان کے خلاف صحاح احادیث کے ہیں یہ بھی دلیل جرح کی ہے اور یہ باب علم کا ہے نہ فضل عمل کا ، پس اس میں ہرگز یہ روایت کارآمد نہیں اور صاحب خزانہ کے نقل کر دینے سے تعدیل نہیں ہوتی اور یہ احتمال کہ کسی نے توثیق کی ہوگی یہ فن حدیث میں معتبر نہیں اگر نسائی و ابن ماجہ مثلاً بلا توثیق ذکر کریں باوجود بیان سند کے وہ بھی توثیق نہیں ، چہ جائیکہ نقل خزانہ بلا اسناد و توثیق معتبر ہو جاوے خود بخاری کی تعلیقات باوجود التزام صحت کے اور اتفاق اس کی صحت کے مسند کے برابر نہیں ، پھر خزانہ کا کیا ذکر ہے اور یہ سب اصول فقہ و حدیث میں بدیہی ہے گو جاہل ان علوم سے نہیں جانتا پس یہ روایات ہرگز کسی کے نزدیک معتبر نہیں اور نہ ان پر عمل درست ہے کیوں کہ یہ باب علم سے ہے ، نہ فضل عمل کی پس استحباب تو کیا اباحت بھی ثابت نہ ہوئی ، بلکہ یہ فعل بدعت ہی رہا اور مؤلف کا جہل باصرح الوجوہ ثابت ہو گیا ،

سوئم کی بحث | قولہ لمعۂ رابعہ الخ **اقول** ، پہلے لکھا گیا کہ ایصال ثواب کلمہ اور قرآن کو کوئی منع نہیں کرتا مؤلف بے سود تطویل کرتا ہے مغتبہ لدنے جواب میں ایصال ثواب کو مستحسن لکھا ہے ، مگر مؤلف آنکھ نہیں رکھتا اور مؤلف نے یہ قاعدہ ذہن نشین کر لیا ہے کہ جو حکم اجزاء کا ہوتا ہے وہی مجموعہ مرکبہ و ہیئت ترکیبیہ کا ہوتا ہے اور اس کا پہلے بطلان ہو چکا ہے ، پس اب جو فضائل کلمہ کے اور ایصال

ے پختہ کرنا ۔ ے چند اجزاء سے ترتیب دیا ہوا مجموعہ ۔ ے تعدیل پر جرح مقدم ہے

اور علاوہ اس کے یہ بھی ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی میت کی نیت سے ایک لاکھ بار لا الٰہ الا اللہ پڑھے اور ثواب اس کا میت کو
بخشے، اگر وہ قابلِ عذاب ہوگا اس کو عذاب نہ کریں گے اور اگر وہ قابلِ عذاب نہیں تو اس کے درجات بلند کر دیئے جاویں گے اور ایک
روایت میں ستر ہزار بار پڑھنا لا الٰہ الا اللہ کا آیا ہے چنانچہ بزرگانِ دین سے اس پر عمل پایا گیا ہے حضرت امام ربانی مجدد الفؒ ثانی مکتوبات

میں حکم فرماتے ہیں، بیاں راب دوستاں فرمایند کہ ہفتاد ہزار بار کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ بروحانیت مرحومی خواجہ محمد صادق و بروحانیت
مرحومہ ہمشیرہ ام کلثوم بخوانند و ثواب ہفتاد ہزار را بروحانیت یکے بخشند و ہفتاد ہزار بار دیگر را بروحانیت دیگرے از دوستاں دعا
و فاتحہ سوال است انتہیٰ، اور حضرت سید الطائفہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی اس باب میں ایک قصہ منقول ہے جس کو مولوی محمد
قاسم نانوتویؒ نے اپنی کتاب تحذیر الناس مطبوعہ بریلی کے صفحہ ۲۴ میں لکھا ہے کہ حضرت جنیدؒ کے کسی مرید کا رنگ یکایک متغیر ہو گیا آپ نے
سبب پوچھا تو بروئے کاشفہ اس نے یہ کہا کہ اپنی ماں کو دوزخ میں دیکھتا ہوں حضرت جنیدؒ ایک لاکھ یا پچھتر ہزار بار کبھی کلمہ پڑھا
یوں سمجھ کر کہ بعض روایتوں میں اس قدر کلمہ کے ثواب وعدہ مغفرت ہے اپنے جی ہی جی میں اس مرید کی ماں کو بخشدیا، اور اس کو اطلاع
نہ کی، مگر بخشتے ہی کیا دیکھتے ہیں کہ وہ جوان ہشاش بشاش ہے آپ نے پھر سبب پوچھا اس نے عرض کیا کہ اب اپنی والدہ کو جنت میں دیکھتا
ہوں، آپ نے اس پر یہ فرمایا کہ اس جوان کے مکاشفہ کی صحت تو مجھکو حدیث سے معلوم ہوئی اور حدیث کی تصحیح اس کے مکاشفہ سے ہو گئی
انتہیٰ کلامہ دیکھو ان روایات احادیث اور دستور العمل ہوئے سلف صالحین سے وجہ تخصیص کلمہ طیبہ کی عمدہ طرح پر ظاہر ہو گئی، پس بدعت
اور ضلالت کہنا اس کا رد ہو گیا دوسرا امر تخصیص دانہ نخود کی وجہ یہ ہے کہ دانہ نخود اگر متوسط ہو نہ بہت چھوٹا نہ بہت بڑا پہلے وزن
سے کہ وہ اسی روپیہ زیادہ تھا ساڑھے بارہ سیر نخود از روئے شمار ایک لاکھ دانہ ہو جاتا ہے اس عاجز نے بھی اس کو آزمایا ہے اور دو
شمار جو حدیث میں آئے ہیں ایک میں ستر ہزار دوسرے میں سو ہزار احتیاطاً سو ہزار یعنی ایک لاکھ پر عمل کیا گیا ہے اور ہر کسیکو قدرت نہ

ثواب اس کا لکھا تھا کسی کو مضر نہیں لہٰذا اس میں کلام کرنا بھی حاجت نہیں مگر یہ قول مؤلف کا کسقدر غفلت اور خیانت ہے، پس بدعت
اور ضلالت کہنا اس کا رد ہو گیا کیوں کہ کلمہ کو کس نے بدعت کہا ہے البتہ اس ہیئت کو بدعت کہا ہے ؎ گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ٭ چشمۂ آفتاب
را چہ گناہ ؛؛
سویم کی ہیئت ترکیبیہ بدعت ہو نہ کہ کلمہ و دیگر اجزاء

قولہ دوسرا امر تخصیص دانہ نخود الخ اقول فی الواقع اول میں دانہ نخود کے اعتبار کی یہی
وجہ تھی، اور پھر صدقہ کر دیا کرتے تھے ازاں بعد بریاں کرنا نخود کا تجویز ہوا کہ فقراء کہاں بھناتے پھریں گے پھر یہ عادت ہوئی کہ جس نے
جسقدر پڑھے وہی نخود پڑھی لیگیا پھر یہ تجویز ہوگئی کہ بعد فراغت کے سب کو جمع کر کے تقسیم کیا جاوے تاکہ قرآن خواں بھی محروم نہ رہیں اب یہی
دستور ہو گیا ہے اب سنو کہ مؤلف سابقاً خوب وثوق کے ساتھ لکھ چکا ہے کہ جب طعام کا جواز ثابت ہو گیا تو شیرینی بھی طعام ہے اور
قلت و کثرت کا اعتبار نہیں پس جب ایک دو لڈو کی ڈلی ضیافت ہے تو دو مٹھی نخود بدرجہ اولیٰ طعام ضیافت ہے کہ آدمی کو ایک وقت
کفایت کر جاتے ہیں، اور اب عرف میں یہ نخود حاضرین سیوم کو ہی واسطے تیار ہوتی ہے کہ بعد ختم ان کو دیئے جائیں گے للمعروف کالمشروط اہل
میت بھی اسی واسطے کرتے ہیں اور حاضرین بھی اس کو تناول کی نیت رکھتے ہیں، پس ضیافت ہونے میں کیا تامل رہا، اور اجتماع برائے
کا بیست کے واسطے اہل میت کے پاس ہوتا ہے لہٰذا حدیث جریر عبد اللہ کنا نری الاجتماع الی اہل المیت وصنعہم لطعام من النیاحۃ
الحدیث اس پر برابر صادق آگئی کیونکہ اس حدیث میں اجتماع کو مطلق فرمایا ہے کوئی قید نہیں کہ کس واسطے جمع ہونا تھا خواہ بغرض

۱؎ چنا،

تھی، کہ اس قدر تسبیحیں جمع کرتا یا جنگل اور بازار وغیرہ سے گٹھلیاں کھجور یا جامن وغیرہ کی چنتا ہو اور جابجا سے سمیٹتا ہوا پھرتا،
نخود میں یہ فائدہ ہوا کہ سہل الحصول ہیں جہاں کہیں چلا جس نے بے تکلف مول لے لئے شمار کی شمار اس میں قائم رہی اور بعد فراغ وحصول کام
ان کو تقسیم کردیا یہ دوسری منفعت حاصل ہوگئی اس کا بھی ثواب میت کو پہنچے گا اور اس قسم کی تعینات سے منع اور کراہت ثابت نہیں ہوسکتی
دلیل اس کی یہ ہے کہ روایت ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن حبان و حاکم سے یہ حدیث بطولہ ثابت ہے خلاصہ اس کا یہ کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ
وسلم نے ایک عورت کو دیکھا تھا کہ گٹھلیاں یا کنکریاں لئے ہوئے ذکر اللہ بے شمار کر رہی تھی، آپ نے اس کو منع نہ فرمایا اس قدر ثبوت سے
فقہاء رحمہم اللہ نے مسئلہ نکال لیا لا باس باتخاذ السبحۃ، یعنی کچھ مضائقہ نہیں تسبیح ہاتھ میں لینے کا حالاں کہ کنکریوں یا گٹھلیوں کی گنتی اور
تسبیح میں بڑا فرق ہے یعنی دانوں کا گول کرنا اور پھر دانے بھی عقیق یمن کے عقیق البحر کے صندل زیتون سنگ مقصود واستخواں شتر شیشہ وخاک
شفا وغیرہ کے ہوتے ہیں اور ان میں سوراخ کرنا پھر ان کی شمار سو دانہ پر رکھنا پھر ان میں تاگا پرونا ان میں ایک دانہ کو امام سب دانوں کا
مقرر کرنا یہ سب امور مسلم الثبوت اور اہل اسلام کے عمل میں ہیں حالاں کہ ثبوت فقط کنکریوں پر شمار کرنا ہوا ہے اور ان فروعات زائدہ
کے جواز پر صاحب بحر الرائق اور حلیہ اور علامہ شامی شارح درمختار اس طرح اشارہ کرتے ہیں لا تتزیین السبحۃ علی مضمون ھذا الحدیث
الا بضم النوی فی خیط ومثل ذلک لا یظہر تاثیرہ فی المنع، اب دیکھئے ضم النوی فی خیط کا لفظ لکھ کر جمع تخصیصات اور تعینات
تسبیح کی طرف جو اوپر مذکور ہوئیں فقہاء اشارہ کر گئے بقولہم مثل ذلک الی آخرہ، یعنی ایسی باتوں کی جمع میں کچھ دخل نہیں تسبیح سے مقصود
شمار ذکر ہے سو شمار ذکر کا جواز حدیث سے پایا گیا بقاعدہ علیہ دانہ ہائے نخود پر شمار کرنا بھی بمقتضائے قاعدہ شرعیہ مستنبط فقہاء رحمہم اللہ جائز

…یت مکررہ کے واسطے خواہ قرآن پڑھنے کو اور مطلق کو مقید کرنا بالرائی حرام ہے اور طعام بھی مطلق ہے کہ نخود شیرینی کو سب کو شامل ہے اور
اس زمانہ میں قطعاً تقسیم نخود میں صدقہ کی نیت نہیں رہی کہ فقیر وغنی جملہ حاضرین کو دیا جاتا ہے گویا صلہ کلمہ اور قرآن پڑھنے اور حاضر ہونے
کا ہے اور یہ سب واضح ہے کہ اس کا انکار بداہت کا انکار ہے، ایسی مورد اس حدیث کے ہونے میں کوئی تامل نہیں ہا اور روایت شرح
…وغیرہ کی یکرہ اتخاذ الطعام بھی اس پر صادق ہے اور یہ عذر کہ فقراء کے واسطے یہ نخود ہیں لہٰذا یہ صورت داخل اس دوسری روایت
شرح منیہ میں ہے کہ کہتا ہے وان اتخذ للفقراء کان حسنا، بالکل لغو ہے اس میں اب فقراء ہرگز مقصود نہیں بلکہ حاضرین سیوم مقصود ہیں قرآن
خواں و کلمہ خواں کو اور حاضرین کو خواہ غنی ہوں خواہ فقیر تقسیم ہوتے ہیں اگر صدقہ ہوتا تو اغنیاء کو کیوں دیا جاتا اور اعتراض ونظیر شارح
منیہ کی باطل ہو چکی کہ نص مطلق کو مقید کرتا ہے چنانچہ درمختار سے منقول ہو لیا پس بحث سبحہ کی مؤلف نے جو لکھی ہے محض لغو ہو گئی اسی واسطے
…سعادۃ میں کہا کہ عادت بود کہ برائے میت جمع شوند الخ جس کو مؤلف آگے رد کرتا ہے اور بے فہمی اور بد دیانتی اپنی ظاہر کرتا ہے کیوں کہ
…اور حدیث کا رد ہے بہر حال اس اجتماع اور تقسیم طعام کا حدیث اور فقہ سے کراہت و معصیت ہونا ثابت ہو گیا، پس بایں وجہ نقص
ثواب بدعت و قباحت ہوئی اور خود اجتماع تو نیاحت ہی ہے اور پھر اب عوام کے نزدیک نخود کا ہونا ضروریات میں ہو گیا ہے کہ بدون
…کے سیوم ہوتا ہی نہیں کچھ بھی نہ ہو تو سیر دو سیر نخود ہو دیں کہ تقسیم کئے جادیں تو یہ دوسری وجہ بدعت ہونے کی ہے جس کو خود مؤلف قبول کر چکا
ہے نص مطلق کو مقید کرنا قابل جرح و توبیخ کے ہے ہاں البتہ اگر بچہ خورد سال مرتا ہے تو اراذل قوم میں اس کا سیوم فقط بخانہ اہل میت
ہوتا ہے اور جو جوان بوڑھا مرتا ہے تو جمع ہو کر کلمہ قرآن بھی پڑھتے ہیں اور پھر دروازہ میت پر جاتے ہیں اور شرفاء میں بچہ کا سیوم موقوف
…اور جوان کے سیوم میں دروازہ کا جانا اب موقوف ہو گیا ہے، الغرض مقصود اجتماع سے وہی تکرار تعزیت ہے اور قرآن کلمہ ضمناً

…کے جمع ہونے کی عادت ہے ذکتی نہ کم عمر تا رک جانا۔

ہوا بلکہ دانہ ہائے نخود کے شمار کو واقعہ نقضہ حدیث سے زیادہ تر شمار رکھتا ہو بہ نسبت تسبیح کے کیوں کہ تسبیح میں قیود زائدہ بہت ہیں
کما ذکرنا تیسرا امر پڑھنا قرآن کا ہو جو لوگ قرآن خوانی کو منع کرتے ہیں وہ کئی ایک علماء کی عبارتیں پیش کرتے ہیں اس کو نہایت مستحکم جان
کر اپنی کتابوں میں درج کرتے ہیں سند اول یہ ہے کہ سفر السعادۃ کی عبارت سیف السنۃ کے صـ۱۲۱ میں نقل کی ہے اس طرح کہ عادت

نبوی نبود کہ برائے میت جمع شوند و قرآن خوانند و ختمات خوانند نہ بر سر گور و نہ غیر آں و ایں مجموع بدعت است انتہی میں کہتا ہوں
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کے جنازہ کی نماز بذات خود پڑھتے تھے یہ نماز نجات کے واسطے کافی ہوتی تھی، فتح القدیر میں ابن حبان
اور حاکم سے روایت کی گئی ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو کوئی تم میں مرجایا کرے مجھکو ضرور خبر کیا کرو فان صلوٰتی
علیہ رحمۃ بیشک میرا نماز پڑھنا اس پر رحمت ہو اور قرآن شریف سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وصل علیہم
ان صلوٰتک سکن لہم تفسیر اس کی ابن عباس نے یہ کی ہے کہ دعا کر ان لوگوں پر بیشک تیری دعا ان کے لئے رحمت ہو اور امام
رازی نے اپنی تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ روح محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت قوی نورانی روشن تھی جب آپ دعائے خیر ان کے لئے کرتے
تھے آپ کی قوتِ روحانی سے ان کی روحوں پر فیضان ہوتا تھا اور چمک جاتی تھی ان پر تو نورانی سے ان کی روحیں اور ظلمت مسکر

ہے چنانچہ بعض لوگ ایسے بھی مجمع سیوم میں برادری کے آتے ہیں کہ کلام قرآن سے کچھ کام ان کو نہیں محض رفع شکایت برادری کو آتے ہیں
تو غرض اصل حاضری ہی ہے اور تعزیت اور اجتماع الی اہل المیت مراد ہے اور اس میں تشابہ ہنود کا بھی حاصل ہوتا ہے کہ ان کی
یہاں بھی یہی دستور جمع ہونے پر برادری کا روز سیوم ہے تو یہ تین وجہ بدعت و کراہت سیوم کی اور تخصیص و تقسیم نخود کی واضح ہیں
کہ کوئی عاقل اس کا انکار نہیں کر سکتا

سیوم کے قرآن خوانی کی بحث متضمن بر فوائد | قولہ تیسرا امر الخ اقول کیا صدق و دیانت مؤلف کا ہو کہ کہتا ہو کہ قرآن کو منع کرتے ہیں جیسا

اوپر کہا کہ تخصیص کلمہ کو بدعت ضلالہ کہتے ہیں حالاں کہ جواب میں مصرح ہے کہ ایصال ثواب مستحسن ہو، منع کرنا علماء کا بہیئت مروجہ ہو نہ
ایصالِ ثواب کو مگر بحمد اللہ یہ منع ان کا حدیث و فقہ سے ثابت ہو گیا قولہ سند اول الخ اقول یہ روایت سفر السعادۃ بعینہا حدیث جریر
کی ہے، بس فرق الفاظ کا ہی ہے اور اس حدیث کو تمام فقہاء نے قبول فرمایا دیکھو کہ حدیث جریر میں دو امر کا ذکر ہو اجتماع الی اہل میت اور
صنعۃ الطعام جس سے معلوم ہوا کہ دونوں امر کو صحابہؓ شنیع جانتے تھے اور ہر ہر امر کو بدعت و معصیت فرماتے تھے نہ کہ مجموع من حیث المجموع کو
کہ مجموعہ کی کراہت اس سے لازم ہو دلیل اس کی یہ ہو کہ شرح منیہ اور فتح القدیر میں اتخاذ ضیافت کو اس حدیث سے تبیح لکھا ہو پس ضیافت
کیواسطے حاضر ہونا اجتماع للضیافت ہو نہ کہ اجتماع للمیت اور اجتماع الی اہل المیتؒ خود تعزیت باجتماع تو ہم ہوتا ہو جیسا کہ وقت موت
اور دفن کے ہوتا ہو بس اس روایت فتح سے کہ کہتا ہے ویکرہ اتخاذ الضیافۃ من اہل المیت وھی بدعۃ مستقبحۃ لما روی
الامام احمد ابن ماجہ باسناد صحیح الخ صاف ظاہر ہو کہ مجموعہ مراد نہیں بلکہ ہر ہر واحد مکروہ ہو اور تکرار تعزیت باجتماع یا انفراد بھی بدعت
ہے چنانچہ درمختار وغیرہ میں مصرح ہو، پس اس کو ہی سفر السعادۃ کہتا ہو کہ اجتماع عادت صحابہ کی نہ تھی تو مؤلف کا اس کو رد کرنا حدیث کا رد
کرنا ہو اور افعال صحابہؓ پر طعن کرنا ہو معاذ اللہ اور نہیں سمجھتا کہ ایصال ثواب کے واسطے جمع ہونا یہ رسم مروجہ بھی اجتماع الی اہل المیت
جو کہ حدیث میں موجود ہو جبکہ وہ قرونِ خیر و ثواب کے حریص اور نفع رسانی مسلم کی حیاً و میتاً مشغوف اس کام کو برا جان کر ترک کریں
تو کسی دوسرے کو کرنا اگر بدعت نہ ہو گا تو کیا ہووے گا اور مؤلف کا یہ کہنا کہ آپ کی صلوٰۃ نجات کو کافی تھی پھر ختم قرآن کلمہ کی حاجت

لے کھانا تیار کرنا ۲ اہل میت کے پاس جمع ہونا ۳ زندہ یا مردہ ۴ پسند یدہ

نورانیت آجاتی تھی انتہی کلامہ اور ظاہر ہو کہ نماز جنازہ میں دعا ہوتی ہے واسطے میت کے، پس حال حضرت کی دعا کا قرآن اور قول صحابی اور تفسیر امام سے اور نیز حدیث سے معلوم کر چکے کہ کیا کچھ اس میں مقبولیت اور فیضان الٰہی ہے ہم اپنے موتٰی پر جسقدر چاہیں ختم قرآن کریں اور کلمہ فاتحہ درود پڑھیں، لیکن اس ایک دعا کی برابری جو لبہائے سراپا رحمت حضرت محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال مقبولیت اور محبوبیت کے ساتھ نکلتے تھے نہیں ہوتی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم علاوہ نماز کے اور طرح پر بھی مشکل کشائی فرماتے تھے حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ جب سعد ابن معاذؓ وفات ہوئے گئے، حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سبحان اللہ سبحان اللہ پڑھا ہم بھی آپکے ساتھ دیر تک ہی پڑھتے رہے پھر آپنے اللہ اکبر پڑھا ہم بھی یہی پڑھتے رہے پھر حضرت سے پوچھا گیا کہ اس کا کیا سبب ہو آپنے فرمایا کہ اس کو قبر نے دبا لیا تھا اس تسبیح وتکبیر کی برکت سے اس پر قبر ہر طرف سے فراخ ہو گئی، روایت کیا اس کو امام احمدؒ نے کذا فی المشکوٰۃ بھلا جہاں اس طرح پر مشکل کشائی اور دستگیری ہوتی ہو اگر ختم قرآن نہ کیا تو کیا حرج

دھی محض خیال خام ہو یہ لاریب کہ آپ کی نماز نور ورحمت تھی مگر اس پر نجات جان کر کفایت کرنا اور صدقہ وخیرات کا ترک کرنا ہرگز نہیں تھا خود فخر عالم علیہ السلام بعد نماز کے ہر روز دعا واستغفار کرتے رہتے تھے اور بعد دفن کے بھی دعا کرتے تھے اور صحابہؓ بھی اپنی اموات کو باوجود نماز فخر عالم کے ثواب رسانی میں یاد رکھتے تھے سو یہ تقریر مؤلف کی محض ڈھکوسلہ عقل ناتمام کا ہو اور جہل ہے حقیقت تعامل صحابہؓ سے اور سفر السعادۃ یہ کہتا ہے کہ ختم اذکار وقرآن اور اجتماع نہ تھا، نہ یہ کہ ایصال ثواب نہ تھا مؤلف کو فہم سے تو کام ہی نہیں وہ گور پر یا غیر گور پر قرآن وکلمہ پڑھنے کو جمع سب قوم کا ہو نا بدعت کہتا ہو نہ انکار ایصال ثواب کا مگر فہم نہ ہو تو کیا علاج پھر مؤلف خود کہتا ہے کہ حضرت علیہ السلام سوائے صلوٰۃ کے اور طرح بھی مشکل کشائی کرتے تھے اور وہ کلمہ سبحان اللہ اور اللہ اکبر کا پڑھنا ہو کہ خود مؤلف نے نقل کیا، بندہ کہتا ہو کہ ایسا ہی ہر روز دعا واستغفار سے یاد رکھنا بھی مشکل کشائی ہو پس غور طلب ہے کہ آپ ہی تو مؤلف صلوٰۃ فخر عالم کو کافی کہہ آیا ہو اور اب دوسری مشکل کشائی کا اقرار کر دیا اور نہیں سمجھتا کہ جیسا آپنے کلمہ اور دعا سے مشکل کشائی فرمائی اب قرآن وختم سے مشکل کشائی ہے اور صحابہؓ کے وقت میں یہی کرتے تھے اور جب خود آپنے نماز اپنی کو کافی نجات کے واسطے نہ جانا پھر بھی مشکل کشائی فرماتے رہے صحابہؓ سے لے کر آج تک یہی امر مستحب ہے تو اب اس وقت اور قرن صحابہ میں اور زمان فخر عالمؐ میں کوئی فرق باقی نہ رہا نماز بھی پڑھتے ہیں اور ایصال ثواب بھی کرتے ہیں مگر میت کے واسطے اہل میت جمع ہونا جب تھا نہ اب ہونا چاہیے اور اس امر کو سفر السعادۃ بدعت کہتا ہے مؤلف کے فہم پر خلاف ہے اور اس کو ہی حضرت نے نیاحت میں شمار فرمایا علی ہذا قولہ قرآن نہ پڑھا تو ملکر ذکر اللہ تو حضرت نے بھی واسطے میت کے قبر پر کیا الخ اقول معنی کو فہم ہے کیوں کہ سفر السعادۃ قصداً ختم میت کے واسطے جمع ہونے کو کہتا ہے اور وہ اجتماع لدفن میت تھا اس میں ضرورت سے ذکر کی ہو گئی تو اس کو فرمایا غرض اجتماع للمیت جو مراد سفر السعادۃ کی ہو اس میں اور اجتماع میں جو دفن میت کے واسطے تھا۔ فرض کفایہ ہو اور اس میں ذکر گویا فرق زمین آسمان کا ہے اس کو اس سے کوئی مناسبت نہیں، پس یہ بھی نہ خلاف سفر السعادۃ ہے اور نہ حجت جواز اجتماع کی ہو سکے کیوں کہ سفر السعادۃ اس اجتماع کو بدعت کہتا ہو کہ بعد دفن میت کے دوبارہ ختم دینے کے واسطے یا بغیر اس کے اہل میت کے پاس جمع ہوں، کہیں ہوں گور پر یا غیر گور پر اور اس کو ہی حدیث جریر میں نیاحت میں داخل کیا ہے اور حالت اجتماع تجہیز وتکفین میں اگر کچھ پڑھتے رہیں اور ثواب پہنچا دیں تو وہ جائز ہے نہ اس کو سفر السعادۃ

سبب ختم کے ثواب پہنچانا کہ قبر کی مشکل آسان کرنا کہ میت کو دفن کرنے کے لئے جمع ہونا،

ہے، بلکہ قرآن نہ پڑھا تو مل کر؛ کر اللہ تو حضرت نے بھی واسطے میت کے قبر پر کیا پس جواز کے واسطے ایک اشارہ عند الفقہاء کافی ہے، اور بالفرض اگر عہد نبوی میں نہ پائے جانے کے سبب ختم قرآن کو بدعت کہیں مثل قول سفر السعادۃ کے اس کا مضائقہ نہیں لیکن وہ حسنہ ہے ناجائز اور مکروہ تو کہنا اس کا ہرگز صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ بہتیرے نیک کام حضرت کے بعد کئے گئے اور بالاتفاق جائز رکھے گئے اس کا نام علماء دین نے بدعت حسنہ رکھا ہے چنانچہ ہم اول تحقیق کر چکے ہیں اور اس مسئلہ میں بھی جزئی خاص پیش کرتے ہیں فتاویٰ قنیہ میں ہے وضع الید علی القبر بدعۃ والقراءۃ علیہ بدعۃ حسنۃ اور امام حجۃ الاسلام غزالی نے احیاء العلوم میں فرمایا ہے لا بأس بقراءۃ القرآن علی القبور، اور اس جگہ امام نے ایک قصہ عجیب لکھا ہے، علی بن موسیٰ کہتے ہیں کہ میں احمد بن حنبل رح کے ساتھ تھا ایک جنازہ پر بعد دفن کے ایک اندھا قرآن پڑھنے لگا، امام احمدؒ نے فرمایا او آدمی یہ کام بدعت ہے، جب ہم مقبرہ سے نکلے محمد بن قدامہ نے امام احمد سے پوچھا کہ تم مبشر بن اسماعیل حلبی کو کیسا جانتے ہو فرمایا وہ ثقہ یعنی معتبر ہے، اس نے پوچھا تم نے ان سے کچھ علم سیکھا ہو امام نے فرمایا ہاں جب معلوم ہوا کہ اقرار ان کے ہے کہ وہ استاد ہیں امام احمد کے تب وہ محمد بن قدامہ بولا کہ خبر دی مجھ کو مبشر بن اسماعیل نے ان کو خبر پہنچی عبد الرحمان سے کہ جب ان کے باپ علاء بن اللجاج کا انتقال ہوا وصیت فرمائی کہ جب دفن کیا جاؤں میرے سرہانے قبر کے شروع آیت اور آمن الرسول پڑھو اور یہ کہا کہ میں نے ابن عمرؓ کو سنا ہے وہ وصیت کرتے تھے اس بات کی اس وقت امام احمدؒ نے فرمایا کہ مقبرہ میں جاؤ اور اس اندھے کو کہدو کہ قرآن پڑھتا رہے اور فتاویٰ عالمگیری

منع کرتا ہے اور نہ حدیث جریر سے اس کا منع مفہوم ہے اور خود فعل فخر عالم ؐ کا قبر سعد بن معاذ پر اس کے جواز کی دلیل ہو مگر فہم کی حاجت ہے پس اس فعل مرسوم کو بدعت حسنہ نہیں کہہ سکتے بلکہ ضلالہ کہنا واجب ہو سعدؓ یہ جاننا ضرور ہے کہ فخر عالم ؐ نے ذکر بجہر بیاں کیا ہو نہ ایصال ثواب اس کا اور جہر سے دو کلمے ... فرمائے تھے ورنہ خفی ذکر تو آپ کا ہر حال لازم تھا اسکا بھی خیال رہے اور مؤلف کے استدلال کی خوبی معلوم رہی کہ ایصال ثواب اس روایت سے ہرگز نہیں نکلتا کاش کہ یہ عوام کالانعام جب دفن مردہ کے واسطے جمع ہوتے ہیں ذکر و کلمہ پڑھتے رہا کریں اور اس کا ثواب میت کو پہنچا دیویں اور خرافات جو اس وقت کرتے ہیں نہ کیا کریں تو آپ معصیت اور لغو کلام سے محفوظ رہیں اور مردہ کو دکھ سے زیادہ کلمہ پہنچ جاوے مگر شیطان کب ہونے دیتا ہے کہ سنت کے موافق کام ہو وہ تو بدعت پر رغبت دلا کر لاتا ہے **قولہ** اور بالفرض اگر عہد نبوی میں الخ **اقول** اجتماع مخصوص میں ختم کرنا ہو جو بدعت ضلالہ ہے نہ بدعت حسنہ اور ضلالت بوجہ اجتماع کے ہے نہ بوجہ ختم قرآن کے اور قنیہ کی روایت مؤلف کو مفید ہرگز نہیں کیونکہ وہ قراءۃ القرآن علی القبر کو بدعت حسنہ کہتا ہے نہ اجتماع مخصوص ممنوع من الحدیث کو جس کو سفر السعادۃ نے نقل کیا ہو علی ہذا قول احیاء العلوم کا اور اگر اس روایت کے اطلاق سے حجت لاؤ کہ مطلقاً قبر پر قرآن پڑھنا جائز ہے خواہ اس واسطے جمع ہوں یا نہ ہوں تو بھی غلط ہے کیونکہ اطلاق وہاں معتبر ہے کہ نص حکم قید کی موجود نہ ہو کیونکہ یہاں قید کا منع ہونا نص سے ثابت ہو گیا تو اب یہ روایت مطلق نہ رہے گی اور مقید ممنوع رہے گا اور یہ جو قصہ عجیب مؤلف نے لکھا ہے اس کا بھی مدعا یہی ہے کہ قرآن قبر پر پڑھنا درست ہے نہ کہ باجتماع مخصوص پڑھنا اگر عقل و فہم ہو تو کچھ خفا نہیں، علی ہذا روایت عالمگیریہ اور فتح القدیر اور مائۃ مسائل کا جواب ہے مگر مؤلف کو کچھ تمیز نہیں کہ اثبات کس چیز کا کرتا ہوں اور دلائل کیا لکھ رہا ہوں سبحان اللہ اور فتح القدیر میں جو اجلاس قارئین کا لفظ شبہ ڈالے تو اس کا بھی حال سنو کہ مراد حدیث جریر اور سفر السعادۃ سے اجتماع تو مکی کراہت ہے کہ الی اہل میت ہو اور یہ چند قراء نے قرآن قبر پر جو پڑھا ہو تو اس اجتماع سے یہ جدا ہے

لہ قبر پر لوگوں کا پڑھنا لہ مخصوص اجتماع جس کی ممانعت حدیث سے ثابت ہو سکہ پوشیدہ گی۔

یماع ہے قراءة القرآن عند القبور عند محمد رحمۃ اللہ لاتکرہ و مشائخنا رحمہم اللہ اخذ و بقولہ وھل ینتفع والمختار انہ ینتفع
ھذا فی المضمل ٭ اور فتح القدیر میں ہو واختلف فی اجلاس القارئین لیقرءوا عند القبر والمختار عدم الکل ھذا اور مولوی اسحاق
صاحب نے مائۃ مسائل کے جواب سوال ہشتاد و سوم میں لکھا ہے، حافظان را برائے قرارۂ قرآن نشاندن نزد قبر دریں مسئلہ علمار را اختلاف است
مختار ہمیں است کہ جائز است الخ پس اگرچہ صاحب سفر السعادت نے قرآن خوانی کو بدعت لکھا لیکن کلام امام محمد و امام احمد بن حنبل اور
کتب فتاویٰ اور مولوی اسحاق صاحب سے خوب ثابت ہو گیا کہ قبر پر قرآن پڑھنا مکروہ نہیں نہ جمع ہو کر نہ الگ الگ اور میت کو اس سے
نفع ہوتا ہو اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ختم قرآن نہ کرنے سے منع اور کراہت لازم نہیں آتی اس لئے کہ آپ بہت افکار جہاد وغیرہ
اور اصلاح امت اور تعلیم نو آمیز مسلمانوں میں بہا مصروف رہتے تھے اس قدر فرصت کہاں پاتے تھے اور یہ بھی ہو، کہ آپ کی ایک دعا اور صرف
نماز جنازہ پڑھ دینا ہمارے ختمات قرآن اور اجتماعات اذکار سے نہایت افضل اور اکمل ہوتا تھا اور بعد آپ کے انصار رضی اللہ عنہم نے اموات
پر قرآن پڑھنا شروع کر دیا اور ان کے پیچھے تمام امت میں رائج ہو گیا چنانچہ عنقریب بیان آتا ہے، پس یہ روایتیں تو ہم نے قبر پر قرآن

پڑھنے کی رکھی۔ اور وہ اجتماع قوم کا اہل میت کے سبب ہے اور یہ اہل میت کے واسطے نہیں تاکہ تکرار التعزیت یا خلاف حدیث اس میں لازم آوے
جیسا سیوم مخصوص میں ہو لہٰذا اس کو اس سے کچھ مناسبت نہیں اگرچہ بعض علمار اس کو بھی مکروہ کہتے ہیں مگر صاحب فتح جواز کو راجح کہتا ہے
ہم نے تسلیم کیا کہ صاحب سفر السعادۃ کے نزدیک مطلق جمع لقرارۃ القرآن بدعت ہے تو وہ تو یہ کہتا ہے کہ صحابہ کا تعامل نہ تھا اور اس نے اجتماع
کو عموماً بدعت کہا تو غایت الامر یہ ہوا کہ جو صراحۃً منصوص مخالف حدیث جریر سے ہے تو وہ اتفاقاً بدعت و نیاحت ہوا اور جو سفر السعادۃ نے دوسری
فرد لکھی وہ مختلف فیہ ہوئی یعنی اس کے نزدیک وہ بھی بدعت ہے اور فتح القدیر نے قبر پر جمع ہو کر قرآن پڑھنا لوجہ اللہ تعالیٰ جائز کہا اور بعض دیگر
علمار نے جمع ہو کر قرآن پڑھنا لوجہ اللہ کسی وقت غیر معین میں جائز کہا مگر بہر حال اجتماع مخصوص الیٰ اہل میت تو سب کے نزدیک بدعت
ہے تو بہر حال سیوم کا پڑھنا قرآن اور ختم کا تو سب کے نزدیک بدعت ہو گیا جس سے بحث ہے اور جس کو علمائے سنت منع کرتے ہیں اور مؤلف جائز
کہتا ہو تو دوسری شق مختلف فیہ ہوئی سفر السعادت نے اس کو منع کیا اور بعض علمار نے درست رکھا مگر بہر حال اجتماع مخصوص سیوم کہ جس کی
بحث ہے وہ کسی روایت سے جائز نہیں ہوتا کیوں کہ اس میں اجتماع اہل میت ہو اگرچہ قرآن و کلمہ بھی پڑھتے ہوں پس روایات منقولہ مؤلف کی
سفر السعادۃ کے اصل مطلب کی کوئی خلاف نہیں گو ایک شق خاص میں فتح اور سفر السعادۃ کے خلاف ہو اور وہ خلاف بھی مؤلف کو کچھ مفید
نہیں مگر فہم مؤلف کا قاصر ہے افسوس ہو کہ مؤلف کہیں مطلب نہیں سمجھتا اور اپنے کوتاہ فہم پر علمار پر طعن کرنا سہل جانتا ہو سب اہل علم غور کریں
پس واضح ہو گیا کہ قرآن و کلمہ کا ثواب پہنچانا بلا قید درست اور اجتماع مخصوص سیوم کا بدعت اور قول سفر السعادت کا قول صحیح
موافق حدیث جریر کے اور روایات منقولہ مؤلف کے بے الا فی شق واحد کہ وہ خلاف مؤلف کو ہرگز مفید نہیں اور توجیہات رکیکہ مؤلف
کی سب واہی غلط خلاف واقعہ کے ہیں فقط قولہ اور آں حضرت کے ختم قرآن کرنے سے الخ اقول مؤلف نے اول تو فہم مراد سفر السعادت
میں خطا کی ہو وہ کہتا ہو قرآن خوانند و ختمات خوانند ختمات سے مراد اذکار ہیں مؤلف ختم قرآن کا سمجھا تو کہتا ہے آں حضرت علیہ السلام کے
ختم قرآن نہ کرنے سے منع لازم نہیں آتا اور یہ محض غلط ہو کہ جن لوگوں کے نزدیک قرآن و ذکر کا ثواب پہنچتا ہے، انہوں نے قرآن کا وصول تو بہ
حدیث کو ثابت کر دیا ہے پس سارا قرآن اور کم زیادہ خود ثابت ہو گیا ختم ہی کرنا ثابت ہو گیا ضرور ہے اور جو لوگ انکار کرتے ہیں جیسے شافعی
ان کے نزدیک اب بھی ثابت نہیں رہی عذر جہاد کا بالکل لغو ہو مگر مؤلف کو اس عذر ختم کے لکھنے سے شرم نہ آئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ــہ ... ــہ انجام کار سے مدلل ــہ جس میں اختلاف کیا گیا ہو ــہ صورت ــہ اعتراض ۱۲

پڑھنے کی بیان کہیں، اب سوائے قبر کے اور جگہ اگر جمع ہو کر پڑھیں اس کا کیا حکم ہو اس کو ہم مانعین کی دوسری سند میں بیان کریں گے
سند دوسری مانعین اپنے رسائل میں نصاب الاحتساب کی عبارت نقل کرتے ہیں ان ختم القرآن جہراً بالجماعۃ ویسمی بالفارسیۃ سیپارہ خواندن مکروہ انتہی جواب اس کا یہ ہے کہ نماز کے اندر .... قرارت امام کا سننا اور اس وقت چپ ہو جانا تو بالاتفاق فرض ہے لیکن اگر خارج نماز کے کسی مقام پر قرآن پڑھا جاتا ہو اس کے استماع میں اور سامعین کے خاموش ہو جانے میں اختلاف ہے بعضے اس میں بھی فرض کہتے ہیں اور بعضے مستحب جو علمار مستحب کہتے ہیں ان کے نزدیک کچھ مضائقہ نہیں جو لوگ جمع ہو کر قرآن پڑھیں بلند آواز سے اور جو فرض کہتے ہیں ان کے نزدیک نہیں جائز فتاوی قنیہ میں ہے یکرہ للقوم ان یقرء القرآن جملۃ لتضمنہا ترک الاستماع والانصات المامور بہما کذا فی فتاوی الی الفضل الکرمانی وقیل لاباس بہا لکن اروی عن عین الائمۃ الکرابیسی وعن نجم الائمۃ الحکیمی یہ دونوں روایتیں جواز اور عدم جواز کی حلبی نے شرح منیہ میں اور دوسرے فقہا نے بھی روایت کی ہیں ان روایتوں سے دو فائدے پیدا ہوئے ایک تو یہ کہ جو لوگ علمار سلف میں منع کرتے ہیں انہوں نے یہ دلیل قائم نہیں فرمائی جو اس زمانہ کے مانعین قائم کرتے ہیں کہ حضرت کے وقت میں

رات دن جہاد میں مصروف نہ تھے اور نہ اعداد آلات جہاد اس درجہ کو تھے کہ ختم قرآن کی جو دو تین گھنٹہ میں پندرہ بیس آدمی کر سکتے ہیں گاہ ہر مہلت نہ ملی یہ بداہۃً سفسطہ اور غزوہ موتہ کی جب خبر آپ کو ملی اور زید بن حارثہ اور عبد اللہ بن رواحہ اور جعفر طیار کی شہادت معلوم ہوئی آپ مسجد میں حزین بیٹھے رہے اور جماعت صحابہ حاضر تھی دو ساعت میں ختم قرآن ہو سکتا تھا علیٰ ہذا خبر شہدار بیر معونہ وغیرہ میں پس یہ عذر کس قدر چربوز وغلط ہے کہ جس کو کوئی عاقل بھی قبول نہ کرے گا الغرض ثواب قرآن شریف کا آپ کے زمانہ میں تھا مگر اجتماع مخصوص نہ تھا مؤلف کا ذہن قاصر ہے اور پھر انصار بھی پڑھتے تھے اور اب تک جاری ہے اور جس کا انکار سفر السعادت کو ہے یعنی اجتماع الی اہل میت وہ کبھی ہرگز ثابت نہیں ہوا اگر تامل فہم درکار ہے **قولہ** سند دوسری الخ **اقول** نصاب الاحتساب میں ہے قرآن جماعت کو جہراً پڑھنا مکروہ لکھا ہے اور یہ امر معلوم کی قرآن میں مشاہد ہے مؤلف بھی اس کراہت کو قبول کرتا ہے اور کراہت تحریمہ مراد ہے اور یہی راجح ہے اس واسطے کہ اس کو مدلل بیان کیا ہے اور دلیل مسئلہ کی بیان کرنا وجہ ترجیح کی ہوتی ہے دوسری یہ کہ اس کے مقابل کو قیل کے لفظ سے تعبیر کیا ہے اور ایسے موقع میں کہ ایک مسئلہ کو جزماً بیان کریں اور اس کے مقابل کو صیغہ مجہول سے بیان کریں تو اس میں ضعف ہوتا ہے اور یہ قواعد سب اہل علم جانتے ہیں بسبب شہرہ وبداہت کے نقل سند کی حاجت نہیں اور دوسری روایت ضعیف پر بھی کراہت تنزیہ ثابت ہے کیونکہ لاباس کا اصل اطلاق کراہت تنزیہ پر بھی آتا ہے قال فی رد المحتار وکلمۃ لاباس غالب استعمالہ فیما ترکہ اولی انتہی بہرحال علی الراجح جہراً پڑھنا مکروہ تحریمہ ہوا اور علی المرجوح کراہت تنزیہ ہوئی کہ وہ بھی امر بدعت سے مل کر موجب قوت منع کی بہرحال ہو جاوے گی **قولہ** ایک تو یہ کہ جو لوگ الخ **اقول** سبحان اللہ کیا فہم عالی مؤلف کا ہے کہ اگر سلف کوئی دلیل بیان نہ کریں اور خلف دلیل بیان کریں تو وہ دلیل معتبر نہ ہو سب اہل علم جانتے ہیں کہ ایک شی کی تین تین اور چار چار اور زیادہ دلیلیں ہوتی ہیں اگر کسی نے ایک حجت بیان کی تو دیگر حجج کا مرتفع ہونا کہاں سے لازم آگیا بلکہ اگر اولین کو ایک حجت جواز یا حرمت کی معلوم ہو اور متاخرین کو زیادہ دلائل پر اطلاع ہو جاوے تو کون محذور ہے خود مؤلف نے نوع چہارم میں ابن جوزی کے طعن کے دفع میں وہ دلائل لکھی ہیں کہ پہلے کسی نے نہیں لکھی تھیں اپنے گھر کی مؤلف کو کچھ خبر نہیں سب تھوڑی عقل والا بھی جانتا ہے کہ یہ دعوی عدم جواز اجتماع کا صحیح اور حدیث جریر سے لعومہ ثابت ہے پس اگر نصاب الاحتساب میں ذکر نہ ہو یہ تو دلیل مشاہدہ ابن ماجہ وغیرہ میں آنکھوں کو نظر آتی ہے اس کا رفع

ے غمگین ہے اہل میت کے پاس جمع ہونا ے فصاحت ہے جس کے کرنے میں کوئی گناہ نہ ہو ے حجت کی جمع ہے ے ممنوع ہے ے رد کرنا۔

جو جمع ہو کر قرآن نہیں پڑھا گیا اس واسطے منع ہو بلکہ یہ دلیل بیان کی ہو کہ جب سب پکار کر پڑھیں گے تو قرآن شریف کا سننا جو فرض ہے وہ ترک ہوگا دوسرا فائدہ یہ کہ جن عالموں نے منع کیا انھوں نے جہر سے پڑھنے کو منع کیا ہے، چنانچہ نصاب الاحتساب کی عبارت میں جس کو مانعین سند لاتے ہیں لفظ جہر صریح موجود ہے پھر یہ صاحب علی العموم ختم قرآن کو کیوں منع کرتے ہیں یہی فرما دیں کہ پکار پکار کر نہ پڑھیں تا کہ بالاتفاق جائز ہوا اور اگر آہستہ پڑھیں گے بعضوں کے نزدیک جائز ہوگا اور بعضوں کے نزدیک نہیں چنانچہ صاحب خزانۃ الروایات نے کتاب مفید المستفید سے یہ فیصلہ نقل کیا ہے، بدیں عبارت در سپارہ خواندن اختلاف است اگر خوانند چناں خوانند کہ یکے دیگرے شنوا اند اور مولوی اسحاق صاحب نے سوال ہشتاد و سوم کے جواب میں خاص مائۃ مسائل میں لکھتے ہیں حافظاں را برائے قرارت قرآن نشاندن نزد قبر درین مسئلہ علماء را اختلاف است مختار همیں است کہ جائز است بشرطیکہ باواز بلند جمع شدہ قرارت نکنند انتہی. خلاصہ یہ کہ جمع ہو کر آہستہ اگر قرآن پڑھیں، خواہ قبر پر یا غیر قبر پر کسی کے نزدیک منع نہیں دیکھو جمع ہو کر قرآن پڑھنا قرآن کا حدیث صحیح میں وارد ہے، مسلم نے روایت کیا ہو کہ جس گھر میں آدمی جمع ہوتے ہیں اس لئے کہ تلاوت کریں کلام اللہ کی اور پڑھیں آپس میں اترتا ہے ان کے دلوں میں آرام وقار و طمانیت اور سب طرف سے لے لیتی ہے ان کو رحمت اور گرداگرد ان کے پھرتے ہیں فرشتے، دیکھو یہ کس قدر فضیلت عظمیٰ ہوئی، علاوہ بریں قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ تذکرۃ الموتیٰ والقبور میں لکھتے ہیں

کس طرح ممکن ہو اور حدیث صحیح میں ہو اگر صاحب نصاب الاحتساب کو اور دیگر علماء کو یہ معلوم نہ ہوا یا انھوں نے نقل نہ کیا، تو اس مشاہد امر کا انکار تو محض جنون ہوگا کہ معنی موجود دلالت موجود دلیل کیوں نہ ہووے گی لاحول ولا قوۃ الا باللہ، کیا عمدہ فائدہ مؤلف کو ملا نہیں بلکہ یہ فائدہ ملا کہ دو علت کراہت کی حاصل ہو گئی اور ہم کو ظہور خوبی فہم مؤلف کا فائدہ حاصل ہوا دوسرا فائدہ بھی لغو ہے کیوں کہ در صورت خفیہ پڑھنے کے یہ کراہت رفع ہو جاوے گی مگر اجتماع مخصوص کا نیاحت ہونا اور تشبہ ہنود پر مثلاً کہاں چلا جائے گا سو یہ فائدہ بھی نتیجہ ذہن مؤلف کا ہے کہ ایک علت کی رفع سے تمام علل کا رفع ہو جایا کرے اور خزانۃ الروایات کا فیصلہ اس قرارۃ جماعت میں ہے کہ وہ اجتماع بدعت نہ ہو جیسا جمعہ کو جامع مسجد میں لوگ پڑھتے ہیں اس کو فیصلہ کرتا ہو اور ایسا ہی مولانا اسحاق نے اجتماع جائز میں یہ فرمایا سوم کو بھی کچھ عذر نہیں کہ اگر مجمع مباح ہے اس میں آہستہ پڑھنا چاہیے اور مجمع بدعت ہیں اگر آہستہ پڑھیں گے تو یہ کراہت رفع ہو جاوے گی اگرچہ دیگر وجوہ منع کے سبب سے وہ منع ہی رہے گا مؤلف کو یہ گمان ہوا ہے کہ صاحب نصاب الاحتساب نے ایک یہی وجہ کراہت سیوم کی لکھی ہو، نہیں اس نے بہت سی وجوہ لکھی ہیں ایک یہ بھی لکھی ہو مؤلف ذرا ہوش کر کر غور کرے اس تحریر کو بھی اتنا تو واضح ہو گیا کہ حدیث جریر سے دو کراہت سیوم کی مستفاد ہوئی اجتماع الی اہل میت اور صنعۃ الطعام چنانچہ محقق ہو چکا تیسرے عوام کے نزدیک نخود کا ضروری ہونا جس میں تغیر حکم شرعی کا یا حت ہوتا الکی طرف ہے چوتھے تشبہ کفار ہنود، پانچویں یہ جہر خوانی اور سوائے ان کے بھی ہیں صاحب فہم کو تو واضح ہیں مگر سقیم العقل پر مخفی ہیں قولہ خلاصہ یہ کہ الخ اقول لاریب جمع ہو کر قرآن آہستہ پڑھنا درست مگر وہ جمع مباح ہونا چاہیے سو حدیث مسلم میں مذاکرۂ قرآن کے واسطے اجتماع کا کہ مستحب، بلکہ بعض واجب کہ تذکیر و تذکر و وعظ ہی ذکر ہوا ہے اس پر مجمع کردہ کو قیاس نہیں کر سکتے یہ کوتاہی فہم کی ہو اور قاضی ثناء اللہ کی روایت تذکرۃ الموتیٰ کی جو مؤلف کو مفید نہیں سابقاً گذرا کہ یہ اجتماع بعد تعالی ہو نہ اجتماع الی اہل میت اور سیوم مروجہ دوسری قسم ممنوع میں داخل ہے نہ اول میں بار بار اعادہ تفصیل کا ضرور نہیں اور سفیان کی روایت میں انصار کا اختلاف قبور کی طرف مفید اجتماع کو ہرگز نہیں، انصار کا قبر پر قرآن پڑھنا معلوم ہوتا ہے اور آنا جانا مجتمع ہو کر جانا قرآن پڑھنا جو اس میں مؤلف کی کچھ دلیل نہیں، نفس قرارت علی القبر میں تو اوپر خلاف بیان ہو چکا اور اجتماع غیر مرسوم میں بھی قرأت

له جس جمع سے کھانا تیار کرنا ہے عقل کے مریض سے قبر پر پڑھنا ہے جس کی رسم نہ ہو ۱۲

حافظ شمس الدین ابن عبد الواحد گفتہ از قدیم در شہر مسلمانان جمع می شوند برائے اموات قرآن می خوانند پس اجماع شدہ انتہیٰ۔ اور کتب عربیہ میں اس کی عبارت یوں ہے یجتمعون ویقرءون القرآن لموتاھم من غیر نکیر فکان ذٰلک اجماعًا۔ عربی عبارتوں میں من غیر نکیر کا لفظ صاف بول رہا ہے کہ پہلے اس میں کوئی اختلاف نہ تھا اور علی قاری اور سیوطی اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی سب لکھتے ہیں عن سفیان قال کان الانصار اذا مات لھم المیت اختلفوا الی قبرہ ویقرءون القرآن اور علامہ عینی شرح ہدایہ کے باب الحج عن الغیر میں لکھتے ہیں ان المسلمین یجتمعون فی کل عصر و زمان ویقرءون القرآن ویھدون ثوابہ لموتاھم وعلیٰ ھذا اھل الصلاح والدیانۃ من کل مذھب من المالکیۃ والشافعیۃ وغیرھم ولا ینکر ذٰلک منکر فکان اجماعًا۔ انتہیٰ مجموع۔ ان روایات سے یہ معلوم ہوگیا کہ مذاہب اربعہ اہل سنت والجماعت کے تمام علماء دین دار محقق اور صلحاء ہر شہر میں قدیم سے جمع ہوکر قرآن اموات کے واسطے پڑھتے رہتے ہیں اور کوئی ان پر انکار نہیں کرتا تھا، اور مراد یہ ہو کہ کوئی بڑا عالم محقق جس کی سند پکڑی جاوے اور اس کا انکار انکار شمار کیا جاوے، ایسا شخص کوئی نہیں منع .... کرتا تھا اور کم درجہ کے علماء میں اگر کسی نے انکار کیا وہ رد کیا گیا اس کے قول پر عمل نہیں ہوتا بلکہ امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی پر رہا ہے۔ بالاتفاق والاجماع کہ پڑھنا قرآن کا مجتمع ہوکر قبر پر اور مکانات پر بھی جائز ہے **چوتھا امر** مجمع ہونا عزیزوں اور دوست آشناؤں کا واسطے پڑھنے کلمہ اور قرآن کے سو وجہ اس کی یہ ہے کہ ایک لاکھ کلمہ وارث میت تو .... پڑھ نہیں سکتا اور اگر کوئی ہمت بھی کرے گا، تو مدتوں میں تمام ہوگا، یہاں میت کا ابھی کام تمام ہوا جاتا ہے اس کے حق میں جلدی چاہیے، پس لابد ہوا کہ دوست آشنا ایسی حالت میں ورثاء میت کی مدد کریں کہ ان کے ساتھ مل کر جلد انجام کار فرماویں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تعاونوا علی البر والتقویٰ یعنی آپس میں مدد کرو نیک کام اور تقویٰ پر اور یہ بھی ہے کہ جب وارثان میت نے یہ جلسہ ذکر کا منعقد کیا تو جسقدر مومنین طالبات حسنات ہیں سب کو اس میں شریک ہونا موافق حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے موجب خیر و سعادت ہوگا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اذا مررتم بریاض الجنۃ فارتعوا، یعنی جب گذرو جنت کے باغ اور سبزہ زار میں تو وہاں چرو چگنے سے مراد یہ کہ خوب وہاں کا ثواب پیٹ بھر کے حاصل کرو، لوگوں نے پوچھا کہ بہشت کے باغات اور سبزہ زار کیا ہیں آپ نے فرمایا حلق الذکر یعنی جہاں جماعتیں ذکر کرنے والوں کی حلقہ مارے بیٹھی ہیں روایت کیا اس کو ترمذی نے کذا فی المشکوٰۃ اب ہم پوچھتے ہیں کہ اس جلسہ میں جو قرآن اور کلمہ پڑھا جاتا ہے یہ ذکر اللہ ہے یا نہیں؟ اگر کہتے ہو کہ نہیں تو

کا حال لکھا گیا۔ مگر بہر حال مؤلف کے اجتماع مخصوص کو غیر مفید محض ہے علی ہذا روایت عینی شرح ہدایہ سے حال اجتماع مختلف فیہ کا دریافت ہوا، نہ مسکوت عنہ متفق الکراہت پس مؤلف کی ترکی تمام ہوئی۔ اور حسن فہم مؤلف کا آشکارا ہوگیا کہ ایک نوع سے جائز ہے دوسری نوع بدعت پر استدلال لاتا ہے اور یہ خبر نہیں کہ ہر نوع دوسری نوع کی مباین ہوتی ہے کیا خوب ہو تاکہ تہذیب منطق ہی مؤلف پڑھ لیتا تو ایسی خطاتی الدین کرکے خلق کو گمراہ نہ کرتا۔

سیوم میں اجتماع برادری کی بحث	قولہ چوتھا امر جمع ہونا عزیزوں کا الخ **اقول** اس اجتماع کا حال تو ابھی روشن ہوگیا کہ صحابہؓ کے وقت سے

ممنوع چلا آتا ہے اور مطلق اجتماع جس میں کوئی محظور شرعی تشابہ اور تخود اور تعیین وغیرہ نہ ہو خود جائز ہے سوم سیوم مروجہ کے خلاف ہے۔ مگر یہ مؤلف کا کہنا کہ یہاں میت کا کام ابھی تمام ہوا جاتا ہے بڑی بے شرمی کی بات ہے کیوں کہ اگر ایسا میت کا خیال ہے تو قبل دفن اس قدر کلمہ ہو سکتا ہے۔ اس وقت میت کا خیال نہیں ہوتا اب تیسرے روز جب تمام کام تمام ہو لیا تو ہوش آئی دفن کے

لہ جس کی رسم نہ ہو ۲ے مخالف ۳ے ممنوع۔

محل بگاڑنی اور فسانہ عجائب ذکر اللہ ہوگا اور اگر کہو کہ ہاں یہ مجلس مجلس ذکر ہے تو ہم کہیں گے کہ موافق ارشاد مخبر صادق کے یہ مجلس باغ اور سبزہ زار جنت ہے پھر اس میں چرنے سے کیوں منع کرتے ہو؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما دیں ارتعوا اور تم کہو لا ترتعوا اور اللہ تعالیٰ فرمادے تعاونوا علی البر اور تم کہو لا تعاونوا کس قدر مقابلہ اللہ اور رسولؐ کا ہے۔ دیکھو ایک وہ لوگ تھے کہ کسی امر مکروہ کو دیکھتے تھے اور اس میں کچھ خیر اور بہتری ہوتی تھی تو اس خیر کے باعث مکروہ سے چشم پوشی کرتے تھے۔ عیدگاہ میں بعد نماز عید نفل پڑھنا ممنوع ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے ایک شخص کو یہی نفل پڑھتے دیکھا اس کو آپ نے منع نہ فرمایا لوگوں نے عرض کی یا امیر المومنین آپ اس آدمی کو منع نہیں فرماتے آپ نے جواب دیا کہ مجھکو خوف آتا ہے۔ مبادا ان لوگوں میں شریک ہو جاؤں جن کو اللہ تعالیٰ نے جھڑکا ہے۔ ارءیت الذی ینھی عبداً اذا صلی یعنی تو نے دیکھا اس کو جو منع کرتا ہے بندہ کو جب وہ نماز پڑھتا ہے یہ قصہ حضرت علیؓ کا در مختار اور دوسری کتب فقہ میں موجود ہے۔ اب دیکھئے ایک وہ دور صحابہؓ کا تھا کہ حضرت علیؓ نے یہ خیال فرمایا گو یہ ہیئت کراہت کی اس نماز میں عارض ہے کہ بعد نماز عید عین عیدگاہ میں خلاف طریقہ سنت نماز پڑھتا ہے لیکن پھر بھی یہ فعل خیر تو ہے اللہ تعالیٰ کی یاد کر رہا ہے اللہ کی حضوری میں ہے۔ منع نہ فرمایا اور منع کرنے میں خوف الٰہی کیا اور کیوں نہ کرتے وہی لوگ ڈرا کرتے ہیں۔ اللہ سے جن کے دلوں میں خوف الٰہی ہوتا ہے ایک یہ دور آخری ہے کہ تعیین یوم کو اپنے خیال میں مکروہ جان کر کلمہ اور قرآن سے

اس وقت تو حقہ کشی اور غلط کام میں مصروف رہے مگر دروغ گو را حافظہ نباشد یہ مؤلف کی عجب بات ہے باقی رہی معاونت مومن کی اور حلق الذکر کی سو مطلب سے خارج ہے ذکر اللہ تعالیٰ اسی وقت مقبول ہو کہ حسب قاعدہ شرع کے ہو نہ بطور بدعت و معصیت کے پس جو ذکر مرکب بدعت و معصیت سے ہوگا اس کی شرکت بھی ممنوع ہووے گی چنانچہ پہلے بھی جواب اس مغالطہ کا ہو چکا ہے کہ منع کرنا بوجہ بدعت کے ہے نہ بوجہ ذکر کے **قولہ** ایک وہ لوگ تھے کہ کسی امر مکروہ کو الخ **اقول** حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مجمع البحرین میں اس کے خلاف منقول ہے یہ عبارت اس کی ہے ان رجلا یوم العید اراد ان یصلی قبل صلوٰۃ العید فنہاہ علیؓ فقال الرجل یا امیر المومنین انی اعلم ان اللہ لا یعذب علی الصلوٰۃ فقال علیؓ وانی اعلم ان اللہ لا یثیب علی فعل حتی یفعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او یحث علیہ فیکون صلوتک عبث والعبث حرام الخ اس سے معلوم ہوا کہ امر خیر جو خلاف مشروع طرز کی ہو اس سے منع کرنا چاہیئے اور یہ جو در مختار میں منقول ہوا وہ دوسرا امر ہے اس واقعہ میں نماز پڑھتے کو حالت نماز میں اس واسطے منع نہ کیا تھا کہ ۔۔ اس آیت کے ہونے کی مشابہت تھی ارءیت الذی ینھی الآیہ نہ بوجہ خیر ہونے کے یہ مؤلف کی محض کم فہمی ہے۔ اور مجمع البحرین کی روایت میں ارادہ نماز کا کرتا تھا اس واسطے اس کو منع کر دیا سو ہرگز معارضہ نہیں ہم دو کار ہے برے کام سے منع کرنا ضرور ہے اگرچہ مشتمل بر خیر ہوں ہاں بعض صورت میں جو مسئلہ مجتہد فیہا ہو تو اس میں بھی عوام کو منع نہیں کیا کرتے کہ عوام کا مذہب معین نہیں ہوتا اس کا شبہ بھی نہ کرنا چاہیئے۔ مؤلف نے نہیں سنا اور کہاں سے سنتے نہ خود پڑھا نہ علماء کی صحبت و محبت نصیب ہوئی۔ بخاری میں ہے کہ حضرت عمرؓ اور ابن عباسؓ بعد عصر کے نوافل پڑھنے والوں کو مارا کرتے تھے کہ اس وقت نوافل مکروہ ہیں حضرت علیؓ کا عدم منع بدون حقیقت سمجھے ترجمہ در مختار سے دیکھ لیا ہے بس مولوی ہو گئے اگر علماء عوام کو بدعات سے منع نہ کریں تو مداہن فی الدین ہو دیں گے اور بحکم حدیث شیطان اخرس ہو دیں گے اور دین میں فساد ہوگا۔ سو یہ مؤلف کو ہی مبارک رہے اہل سنت کا کام تو نہی عن المنکر ہے

حضرات کی تعیین کی بحث **قولہ** پانچواں امر معین کرنا الخ **اقول** وعظ و درس فرض ہے اس کے واسطے اہتمام کرنا ضروریات دین سے ہے اور

جھوٹ بولنے والے کو حافظہ نہیں ہوتا ۔ مغالطہ ہے جس میں اجتہاد لیا گیا ہو ۔ دین کے معاملے میں فریب کرنے والے ۔ گونگا

منع کر کے بھی خدا سے نہیں ڈرتے **پانچواں امر** معین کرنا روز تیسرا امر منع ہو کہ معین کر لینا کسی روز کا واسطے کسی مصلحت کے شرع شریف میں
وارد ہے شقیق رحمۃ اللہ علیہ جو کبار تابعین مقبولین سے ہیں اور شاگرد ابن عبد اللہ مسعودؓ صحابی کے روایت کرتے ہیں کہ عبد اللہ بن مسعودؓ وعظ
فرماتے تھے ہر جمعرات کے دن جب لوگوں نے کہا روز وعظ فرمایا کیجئے جواب دیا کہ مجھکو پسند نہیں آتا کہ تم کو تنگ کروں روز کہہ کہہ کر جس طرح پر
میں کہتا ہوں اسی طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہم کو وعظ فرماتے تھے یہ روایت مسلم اور بخاری کی مشکوٰۃ میں موجود ہے اس روایت
سے معلوم ہوا کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دن جمعرات کا مقرر کیا تھا وعظ کے واسطے اور یہ ان کے بیان سے سمجھا جاتا
ہے، آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی دن مقرر کر رکھا تھا، حالاں کہ کلام سے وعظ کے لئے کوئی قید کسی دن کی معلوم نہیں ہوتی کیوں کہ قرآن
شریف میں وارد ہے فذکر فان الذکریٰ تنفع المومنین اس میں قید دن کی نہیں پس ظاہر ہے کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہؓ
نے جو دن معین کیا تھا تو کچھ مصلحت اس وقت کی سمجھ کر دن جمعرات کا مقرر کیا تھا ہمارے اس وقت میں اکثر علماء نے جمعہ کا دن مقرر کر رکھا ہے
کیوں کہ اس زمانہ میں بھی مصلحت ہے کہ جمعہ کی نماز کو ہر طرف سے آدمی اطراف و قریات و مواضع سے خواندہ ناخواندہ جمع ہوتے ہیں ایسے مجمع میں وعظ
کہنے سے فائدہ عام ہوتا ہے جمعرات میں یہ نفع متصور نہیں جب یہ بات معلوم ہو گئی تو جاننا چاہیئے کہ ایصال ثواب موتٰی کے لئے علی الدوام جائز اور شرع
سے ثابت للاصل جس طرح وعظ کرنا علی الدوام جائز لیکن تیسرا دن مخصوص کیا گیا واسطے مصلحت کے جس طرح جمعرات کو واسطے وعظ کے خاص کیا
ابن مسعود صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اور یہاں مصلحت تعیین میں یہ ہے کہ تعین مفید ہے وارثان میت کو اور نیز جمیع قرآن و کلمہ پڑھنے والوں کو وارثوں
کے لئے اس طرح مفید ہے کہ تعیین اور تقرر کی قید میں خوب خیال چڑھا رہتا ہو دل پر کہ یہ کام کرنا ضرور ہے پس نہیں فوت ہوتا ان سے یہ کام اور جو لوگ
معین نہیں کرتے ان کا کام کبھی کا کبھی ہوتا ہے، بلکہ بہتیرے آدمیوں سے فوت ہو جاتا ہے، جو لوگ جمعرات کے تعین میں روٹی فاتحہ اموات کی نیت سے
کھلا دیتے ہیں وہ تو کھلا دیتے ہیں اور جنہوں نے تخصیص کو بدعت کہا ان کو ہفتہ کے ہفتے بلکہ مہینے گزر جاتے ہیں روٹی گھر سے نہیں نکالتے اور
نافع ہونا اس تعیین تاریخ کا دوسرے آدمیوں کا اس وجہ سے ہے کہ اگر دن غیر مقرر رہتا تو کوئی کسی دن پڑھنے آتا اور کوئی کسی دن کام اسلوب کے
ساتھ اور جلدی نہ ہوتا دن مقرر ہونے سے عین ایک میعاد پر سب جمع ہو جاتے ہیں اور خوش انجامی سے کام تمام ہو جاتا ہے اگر کوئی یہ اعتراض کرے
کہ اگر تم کو جلدی ایصال ثواب اور امداد میت کی منظور ہے تو دفن سے اگلے دن کیوں نہیں ختم کرا لیتے، جواب اس کا یہ ہے کہ اگر ہم دوسرا دن
مقرر کرتے اس پر بھی تم اعتراض کرتے کہ دوسرا دن کیوں مقرر کیا، علاوہ ازیں مصلحت اس میں یہ دیکھی گئی کہ بروز دفن برادری کے آدمی اور دوست

تیسرا جو تھا دن مقرر کرنا رفع ملال کے واسطے مناسب ہے، معہذا اگر اس میں بھی ایسی تعیین ہو کہ کسی حال تخلف نہ ہو تو وہ بھی بدعت ہو جائے گی
اور یہ فعل خود صحابہؓ کا بلکہ فخر عالم کا ہو سو جس شی کو وہاں متعین کر دیا وہ معین ہو گیا اور سنت ہو گیا اگر اس کو بھی کوئی واجب جاننے لگے تو وہ
بھی تغیر حکم شرع سے بدعت ہو جاوے گا
التزام مباح و مستحب کی عجیب بحث جواب بدعات میں اصل کی ہے[1] پس اس پر قیاس کر کے کسی مباح مطلق کو معین کرنا درست نہیں کیوں
کہ وہاں تو فعل شارع سے مستحب ہو گیا تھا اب جس شے کو اطلاق پر شارع چھوڑ گئے اس کو اطلاق کو مقید کرنا خود تغیر ہووے گا چنانچہ خود معلوم
مقرر ہو چکا ہے خصوصاً جس امر کو شارع نے بدعت و داخل نیاحت کیا اگر کوئی سنت امر پر قیاس کر کے جائز رکھے گا تو سخت مبتدع مقابل شرع
کا ہو وے گا کہ شارع تو اس کو منع کر گئے اور یہ اس کو سنت امر پر قیاس کر کے جائز رکھے گا معاذ اللہ اور مولف کس قدر رکیک توجیہ لکھ

[1] پیچھے پٹنا ۱۲۰

...شتاور یہ تک تجہیز و تکفین میں لگتے ہیں، ہم دیکھتے ہیں کسی میت کی قبر کنی اور غسل و تکفین وغیرہ میں ایک ایک پہر اور بعض جگہ دو دو پہر کم و
بیش لگ جاتے ہیں اگر دوسرے دن بھی چھ گھڑی یا پہر بھر کی محنت واسطے ختم قرآن اور کلمہ طیبہ کے دیہاتی تو متواتر پے در پے آنا کسی قدر دشوار
ہوتا اس لئے ایکدن بیچ میں آسایش دے کر تیسرا دن معین کیا گیا دوسری مصلحت یہ ہو کر وارثانِ میت کی تعزیت کے واسطے شرع شریف
میں تین روز مقرر کئے گئے ہیں چنانچہ فتاوی عالمگیری میں ہے ولا باس لاھل المصیبۃ ان یجلسوا فی البیت او فی مسجد ثلثۃ ایام والناس
یاتونھم ویعزونھم. یعنی کچھ مضائقہ نہیں مصیبت زدوں کو بیٹھنا گھر میں یا مسجد میں تین روز تک اس میں آدمی آویں گے ان کے پاس اور تعزیت
یعنی تسلی اور تشفی دیں گے اہلِ ماتم کو انتہی پس تیسرے دن کے معین کرنے میں یہ بھی مصلحت سمجھی گئی کہ ان ایام میں آمد و رفت اہلِ تعزیت کی رہتی
ہے لوگوں کے بلانے اور جمع کرنے میں چنداں مشقت نہ ہوگی اجتماعِ مومنین سہولت سے ممکن ہوگا اور یہ بھی ہے کہ قرب و جوار کے مواضع و قصبات
میں جو ان کے اقربا برادر و دوست آشنا رہنے والے ہیں بعد وصول خبر وفات وہ بھی اکثر شریک امداد فاتحہ و ختم قرآن و کلمہ طیبہ کے ہو جاویں گے
پس تعین تیسرے روز کی مبنی اس مصلحت پر ہے اور جو کچھ اس میں پڑھا جاتا ہے کلمہ اور قرآن اس کا بیان بہت وضاحت سے اوپر ہو چکا، اور یہ
تعین کچھ ہماری مقرر کی ہوئی نہیں بلکہ قدیم الایام سے علماء دین اور مفتیان شرع متین کی قرار دی ہوئی ہے ایک مختصر دلیل اس پر یہ ہو کہ ملا علی
قاری اور سیوطی اور علامہ عینی وغیرہم کے کلام سے ہم ثابت کر چکے ہیں کہ جمیع مذاہب کے علماء و صلحاء کل شہروں میں کل زمانوں میں جمع ہو کر ختم
کرتے رہے ہیں اس پر اجماعِ امت ہے پس اس بنا پر ہم کہتے ہیں کہ کل شہروں میں اور ملکوں میں ہندوستان تو بڑا ملک ہے اس میں
بہت شہر ہیں پس ضرور ہے کہ یہاں کے علماء و صلحاء نے بھی جمع ہو کر پڑھنے کا طریقہ اپنے ملک ہندوستان میں بلا شبہ جاری کیا ہوگا ہم جو خوب
غور کرتے ہیں اور فکر کرتے ہیں تو ہندوستان کے دور دور شہروں میں یہی طریقہ قدیم الایام سے جاری دیکھتے ہیں اور ہم اپنے آباء و اجداد
سے اور ہمارے آباء و اجداد اپنے آباء و اجداد سے اسی طرح سنتے اور دیکھتے آئے ہیں سینکڑوں برس کی کتابوں میں ان کا ذکر ہے پس یہ لا
بد علماء محققین اور صلحاء قدیم کا ہے البتہ جس وقت عوام اس مجمع سیوم میں بعض باتیں خلافِ شرع کرنے لگے اس وقت ایک وجہ
سے بسبب علماء اس کو منع کرنے لگے. چنانچہ شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام شرح سفر السعادت میں صاف اس بات کی طرف

سیوم کے جواز کے واسطے کرتا ہے کہ دور از عقل ہے کہ تقریر یوم ثالث میں تکان رفع ہوگا اور واہیات تقریر اور اتنا نہیں سوچتا کہ حاضر
...ت کون سے بھاؤڑے مارے تھے: قبر کنی کی تھی جو تکان ہو گیا وہ تو بیٹھے حقہ بجانے اور ڈھول بجنے میں مشغول رہے تھے، جیسا اپنی بیٹھکوں
...ذکر کرتے ہیں اور کاروبار تجہیز و تکفین کا کرنے والے دو چار آدمی ہوتے ہیں اور باقی سب آرام سے بیٹھے رہتے ہیں پھر یہ کہ اس پہر دو پہر
...میں اگر پڑھ دیا کریں کیوں رفع تکان کی ضرورت ہو اور کیوں حرج ہو الغرض ایسی خرافات کہانیوں سے حکم شرعی کا مقابلہ کس
...م ہے ایسی تقریر قابل التفات کے نہیں ہندوستان میں خاص یہ رسم سیوم کی ہو اور کسی ولایت میں کوئی جانتا بھی نہیں سو یہ
...کو دیکھکر منع ہوا ہے اب اس کی اصلاح میں مزخرفات لکھے جاوئنگی سے یہ مردود ہو چکا فقط قولہ چنانچہ شیخ عبد الحق کا کلام
...کی اشعۃ حق بین نہیں شیخ عبد الحق صاف لکھتے ہیں، کہ ایں اجتماع مخصوص سیوم الخ پس جیسا شیخ نے صرف بال تیا می اور تکلفا
...ت باب ہے ایسا ہی اجتماع روز سیوم کو حرام و بدعت لکھا ہے مؤلف کو اس قدر غفلت و حق پوشی کہ صاف تین امر کا ذکر کرکے
...کے حرام و بدعت کہا ہے اور مؤلف دو کا ذکر کرتا ہے تیسرے کو ہضم کر گیا حالاں کہ عطف مسئلہ نحو میر میں پڑھا ہوگا اور شیخ نے سفر السعادت

...سیوم: ایک رسم جو کسی کے مرنے کے بعد منائی جاتی ہے ۔۔

اشارہ کرتا ہے اما ایں اجتماع مخصوص روز سیوم وارتکاب تکلفات ودیگر وصرف اموال بے وصیت از حق یتامیٰ بدعت است وحرام انتہیٰ
کلام اہل انصاف دیکھیں کہ اس کلام شیخ سے جو صاحب سیف السنت وغیرہ قرآن اور کلمہ پڑھنے کا انکار روز سیوم میں نکالتے ہیں کیسی بے
سنعتی ہے اس لئے یتیموں کا حق ضائع کرنا اور تکلفات کی ممانعت پائی گئی اور اس عبارت سے پہلے جو سفر السعادت کی عبارت بدعت
ہونے ختم قرآن میں تھی اس کا جواب ہم بیان امر تیسرے میں دے چکے ہیں البتہ تکلفات ہوتی میں ممنوع ہیں چنانچہ بعض آدمیوں نے بعض شہر
میں نئے نئے تکلفات ایجاد کئے تھے جن کا ذکر نصاب الاحتساب میں ہے یقطعون اوراق الاشجار ویتخذون منہ شیئاً علی صورۃ الاشجار
ویزینون بہا حول القبور ویلبسون القبر ثیاب الحریر اذا کان المیت من اہلہ ای کان یلبس ذلک ویحضرون الجام المصورۃ بتماثیل ذوات
الارواح کالبازی ونحوہ وانہ مکروہ ویبسطون الفرش ویقوم الشلغ فی مدح المیت بما لم یفعلہ وانہ کذب ویحضرون المصاحف
فی المقابر ویضعونہا فی المجلس ولا یقرؤن ویتنظرون حضور الصدر ون ان ختم المصحف وادخل الناس فی القرائۃ ثم
حضر الصدر یغضب علیہم وھل ھو الا من النفس الامارۃ بالسوء انتہیٰ کلامہ تلخیصاً وفی حاشیۃ خزانۃ الروایات النا
یصبؤن الریحان الورد فی الاطباق وماء الورد فی القماقم یعنی درختوں کے پتوں کو اس طرح تراشتے ہیں کہ صورت میں درختوں کی
اس میں پیدا ہو جاتی ہے اور گرد قبروں کے ان پتوں کو سجاتے ہیں اور قبر پر ریشمیں غلاف ڈالتے ہیں اگر وہ میت پہنتا تھا اپنی زندگی میں
ریشم اور لاتے ہیں انگیٹھیاں جس میں باز وغیرہ جانوروں کی تصویریں ہوں اور بچھاتے ہیں فرش یعنی غلیچی اور وہ بھاٹ کھڑا ہو کر اس مردہ
کی جھوٹی تعریف کرتا ہے۔ اور لیجاتے ہیں گور پر قرآن کو اور رکھدیتے ہیں مگر پڑھتے نہیں جب تک رئیس مجلس نہ آجائے اور اگر اس سے پہلے
کو پڑھنے لگیں تو وہ خفا ہوتا ہو یہ نفس امارہ کی شامت ہو یہ نصاب الاحتساب کے چنے ہوئے فقرے ہیں اور خزانۃ الروایات کے حاشیہ میں ہو کہ
کرتے ہیں آدمی پھول پھلواری اور گلاب کہ پھول طباقوں میں اور عرق گلاب بھرتے ہیں قمقموں میں انتہیٰ، اب خیال کرنے کا مقام ہو کہ ور
میت تو مصیبت زدہ ہوتے ہیں ان کو سرور کا سامان ایام مصیبت میں کرنا اور بعض امور محرمہ اور مکروہہ سے زینت دینا کون عاقل گوارا کرے گا
چنانچہ مقتدیان دین نے اس کو منع کیا اور تمام عالم نے اس کو مان لیا اب دیکھئے یہ باتیں کوئی نہیں کرتا البتہ ایک یوم معین میں جمع ہو کر کر
کلام پڑھ دیتے ہیں اب جو بعضے علماء تشدد کرتے ہیں محض تعین یوم کے سبب کلمہ اور قرآن کو بھی مکروہ کہدیتے ہیں یہ صحیح نہیں اور دلیل ان کی
ہیں ایک یہ کہ معین کر لینا نماز میں کسی سورت کا مکروہ ہے تو ایصال ثواب کے واسطے بھی تیسرا دن خاص کر لینا مکروہ ہے جواب اس کا یہ ہے

کی روایت کو بھی قبول کر لیا شیخ عبدالحق کے وقت کے علماء اس اجتماع سیوم کو بدعت وحرام کہتے رہے ہیں، اب مؤلف کی حرپ بیانی دکذب
بیانی خود ظاہر ہو گئی کہ وہ اپنے اجداد سے سنتا چلا آیا ہے اور تکلفات کی ممانعت بھی مقرر ہے جس کو مؤلف نصاب الاحتساب سے نقل کر کے
اور بے سود ایک صفحہ سیاہ کیا مگر اجتماع روز سیوم کا نام بھی نہیں لیتا اب ناظرین غور سے دیکھیں کہ مؤلف کی یہ جرأت ہو کہ عبارت نقل کر
بھی کلمات کو ہضم کر کے ترجمہ میں اس کا نام تک نہیں لیتا ع چہ دلاور ست دزدے کہ بکف چراغ دارد[1]، اور صاف ظاہر ہے کہ شیخ نے تین امر
ذکر کر کے ہر سہ کو بدعت لکھا ہے پس اس سے اجتماع مخصوص روز سیوم کا بدعت ہونا ثابت ہو گیا قولہ ایک یہ کہ نماز میں الخ اقول
مؤلف ہر روز فہم مطالب میں ناتمام مطلب سمجھتا ہے یا خلاف مراد تجویز کر لیتا ہے یہ دلیل بھی ناتمام نقل کی ہے اصل یہ ہو کہ بحکم آیات
احادیث مجمع علیہ تمام امت کا ہے کہ کسی حد کو حد ود۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

---

[1] چہ دلاور ست دزدے کہ ہاتھ میں چراغ لئے ہوئے ہے ۱۲ منتفق علیہ

جب ہم کسی امر کو قیاس کرتے ہیں تو تم کہا کرتے ہو قیاس کرنا مجتہد کا کام ہے اور خود اپنے مطلب کے لئے قیاس کرتے ہو تو جا بجا پڑھے خیر یہ ہٹ دھرمی تمہاری تم کو مبارک ہم اس سے قطع نظر کر کے کہتے ہیں کہ تعیین یوم فاتحہ وغیرہ کو قیاس نماز پر کرنا صحیح نہیں اور یہ دلیل تام نہیں اس لئے امام شافعی کے نزدیک تو تعیین سورۃ مکروہ نہیں پس یہ کراہت اہل سنت میں اجماعی نہ ہوئی اور حنفیہ کے نزدیک جو مکروہ ہے تو امام طحاوی اور اسبیجابی وغیرہ محققین کے کلام سے اس کی کراہت دو سبب سے ہے یا تو یہ کہ پڑھنے والا اس کو یہ اعتقاد کرے کہ اسی ایک سورۃ کا پڑھنا واجب ہے، دوسری سورت پڑھوں گا تو اس میں نماز نہ ہوگی یا ہوگی تو مکروہ ہوگی دوسرا سبب یہ کہ جاہل الناس اسی کو پڑھتے دیکھیں گے

شرعیہ کے تغیر کرنا نہیں چاہئے اور کسی وصف و حکم کو تبدل کسی و زیادتی وغیرہ ہمارے دینا نہیں چاہیئے، مطلق اور مقید کو ضروری کو ضروری اور مباح کو مباح اپنے حالات مشروعہ پر رکھنا واجب ہے ورنہ تعدی حدود اللہ اور احداث بدعت میں گرفتار ہو جاوے گا پس بنابر علیہ قاعدہ کلیہ مقرر ہو گیا کہ مباح اپنے اندازہ سے متجاوز نہ ہو علماً و عملاً اور مطلق اپنی حالت اطلاق سے متغیر نہ ہو، علماً و عملاً اور مقید اپنے انداز سے نہ بدلے علماً و عملاً اور اس پر آیات و احادیث دال ہیں چونکہ یہ قاعدہ مسلمہ سب کا ہے اس کے دلائل کلیہ لکھنے کی حاجت نہیں مگر قدر حاجت لکھتا ہوں کہ غافل کو تنبیہ ہو جاوے مسلم نے روایت کیا ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تختصوا لیلۃ الجمعۃ بقیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام الا ان یکون فی صوم یصومہ احدکم الحدیث چوں کہ شارع علیہ السلام نے فضائل جمعہ اور صلوٰۃ جمعہ کے بہت فرمائے تھے تو خدشہ تھا کہ کوئی کوتاہ فہم دل والے سے روزہ نماز کہ عمدہ عبادات ہیں اس میں [illegible] کر بیٹھے خود آپ نے ہی نہی فرما دی کہ جس قدر امور جمعہ اور شب جمعہ میں ہم نے فرما دیئے ہیں بس یہی افضل و سنت ہیں اگر کوئی اس پر قیاس و اضافہ کرے گا وہ مقبول نہ ہوگا پس اس حدیث میں یہ ارشاد ہوا کہ تم جمعہ اور شب جمعہ کو صوم و صلوٰۃ کے واسطے خاص مت کرو کیوں کہ صوم و صلوٰۃ نوافل مطلق اوقات میں یکساں ہیں خصوصیت کسی وقت کی بدون ہمارے حکم درست نہیں پس مطلق کو مقید کرنے سے منع فرما دیا جیسا کہ جس جس امور کے واسطے جمعہ کو مخصوص کیا ہے مثلاً صلوٰۃ جمعہ مع لوازمہا اس کے علاوہ کو بھی منع فرما دیا ہو کہ صلوٰۃ جمعہ اور کسی ان نہیں ہو سکتی لہٰذا صاف واضح ہو گیا کہ یوم شب جمعہ کو مقید کرنا جس میں وہ مطلق ہیں اور مطلق جس میں وہ مقید ہیں دونوں ممنوع ہیں پس اس حدیث میں یہ حکم ہو گیا کہ ہمارے ارشاد کے موافق سب کام کرو اپنی رائے سے تبدیل تغیر مت فرماں جس کو خود شارع مستثنیٰ کر دیویں گے وہ دوسری حدیث سے ثابت ہو جاوے تو وہ خود شارع کا ہی حکم ہو وہ تبدل تغیر نہیں اور قولہ علیہ السلام لا تختصوا یہ بھی مطلق وارد ہوا ہے تخصیص خواہ اعتقاد و علم میں ہو خواہ عمل میں دونوں ناجائز ہو دیں گی سو یہ بھی ظاہر ہو گیا، کہ تخصیص عملی اگر منصوص مطلق میں واقع ہو دے گی وہ بھی بدعت ہے اور داخل نہی ہے علیٰ ہذا مطلق کرنا مقید کا عام ہے کہ علماً ہو یا عملاً ہو ممنوع اور منہی عنہ ہیں چوں کہ یہ قاعدہ اس حدیث سے بوضاحت مستنبط تھا تو امام نووی شرح اس حدیث میں فرماتے ہیں احتج بہ العلماء علیٰ کراہۃ ہذہ الصلوٰۃ المبتدعۃ التی تسمی الرغائب قاتل اللہ واضعہا ومخترعہا فانہا بدعۃ منکرۃ من البدع التی ہی الضلالۃ والجہالۃ اب دیکھو کہ نماز جو غیر موضوع اور عمدہ عبادات ہے اور رجب اوقات مشروعہ میں افضل القربات ہے بسبب تخصیص کے بدعت منکرہ ہو گئی کیونکہ اطلاق مشروعہ کا قید وقت وغیرہ کی لگ کر مخصوص ہو گیا تو اس قید کی وجہ سے سارا مقید بدعت بن گیا اور امام محمد غزالی نے جو احیاء العلوم میں اس کی فضیلت لکھی ہے حالاں کہ کلیہ قاعدہ ان کا بھی مسلم ہے تو اس کی وجہ یہ ہوئی کہ ان کو حدیث اس صلوٰۃ کی فضل میں ملی، انہوں نے اس کو صحیح جان کر عمل کیا اور یہ سمجھے کہ خود شارع نے اس کو استثناء فرما دیا لہٰذا وہ معذور ہیں مگر فقہاء حدیث نے اس کا موضوع

سے تجاوز کرنا ۔ ؎ الخ ۔ ؎ ممنوع ۔ ؎ افضل عبادت ۔ ؎ تسلیم شدہ

مبادا وہ لوگ یہ اعتقاد کریں کہ نماز میں بھی ایک سورت واجب ہے دوسری نہیں یہ مضامین فتح القدیر اور شامی اور برہان وغیرہ میں ہیں اور میں
کہتا ہوں کہ قوی وجہ کراہت کی وہی سبب اول ہے یعنی واجب جاننا تعین سورت کا چنانچہ حدیث صحیح سے اس کی تصدیق پائی جاتی ہے صحیحین
میں ہے کہ ایک آدمی امام تھا وہ ہر رکعت میں قل ہو اللہ ضرور پڑھا کرتا، بخاریؒ کی روایت میں ہے کہ مقتدی لوگ اس سے الجھے اس نے جواب دیا، کہ میں
تو اس سورت کو نہیں چھوڑتا تمہارا جی چاہے مت پڑھو میرے پیچھے نماز انجام کار یہ ماجرا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک گیا آپؐ نے اس سے پوچھا
تو کیوں نہیں مانتا ان کی بات اور کیوں التزام کر رکھا ہے اس سورت کا اس نے کہا کہ مجھکو پیاری لگتی ہے یہ سورۃ آپؐ نے ارشاد فرمایا حبک

ہوتا تحقیق کر دیا سو فی الحقیقت امام محمد غزالیؒ نے اس کلیہ کا خلاف نہیں کیا بلکہ تصحیح حدیث میں غلطی ہوئی اور بشر خطا سے خالی نہیں اور تنقید حدیث
ہر ایک کا فن بھی نہیں اس باب میں قول محدثین کا ہی معتبر ہوتا ہے سو یہ خدشہ بھی رفع ہو گیا پس بناء علی ہذہ القاعدہ شارح منیہ نے صلوٰۃ الرغائب کی
بدعت ہونے میں چند دلائل لکھی ہیں کہ یہاں ان کا نقل کرنا مناسب ہے بقولہ منہا فعلہا بالجماعۃ وھی نافلۃ ولم یرد بہ الشرع جماعت کو شارع
نے خاص فرائض کیساتھ کیا ہے سو نوافل میں قید جماعت کی مشروع ہوئی مگر جس کی اجازت شرع سے ثابت ہو گئی جیسے تراویح و استسقاء
و کسوف اور بلا تداعی نوافل مطلقہ میں تو جماعت جائز ہو گی باقی اپنی حالت کراہت پر ہے تو دیکھو کہ جماعت یہاں منقول نہیں بلکہ فرائض کے
ساتھ مخصوص تھی سو نوافل میں جماعت کا کرنا تخصیص شارع کا توڑنا ہوا لہذا لم یرد بہ الشرع کہا اور اس کا ہی نام بدعت ہے
پھر کہا ومنہا تخصیص سورۃ الاخلاص والقدر ولم یرد بہ الشرع شارع علیہ السلام نے فرمایا تھا لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ
الکتاب وسورۃ تو کسی صورت کو خاص نہیں کیا تھا مطلق سورت کا حکم فرمایا تھا سو کسی صلوٰۃ میں کسی سورۃ کو مخصوص کرنا
شارع کے خلاف ہے مگر جہاں تخصیص وارد ہو گئی جیسا سورۃ جمعہ اور سورۃ منافقون صلوٰۃ جمعہ میں مثلاً اس واسطے کہا لم یرد
بہ الشرع اور یہی بدعت ہے ومنہا تخصیص لیلۃ الجمعۃ دون غیرھا وقد ورد النھی عنہ اس کا حاصل بھی ظاہر ہے تکرار میں تطویل ہے
ومنہا ان العامۃ یعتقد ونہا سنۃ اس کی وجہ یہی ہوئی کہ جس امر مباح مندوب کے سبب عوام کے اعتقاد میں فساد ہو اس کا ایسی طرح کرنا
ہے کہ اس کو تغیر حکم شرعی کا لازم ہو جاوے عند العوام اور دفع فتنہ عوام کا حتی الامکان واجب ہے ومنہا ان الصحابۃ والتابعین ومن بعد
ھم من المجتہدین لم ینقل عنہم یہ خود روشن ہے کہ جس کی اصل قرون ثلثہ سے ثابت نہ ہو وہ خود بدعت و مردود ہووے گا سو یہ تعینات و تقییدات
خلاف ان قرونؓ کے کرنا خود باطل ہوا اب غور در کار ہے کہ اس صلوٰۃ کے امتناع پر شارح منیہ نے اس قاعدہ کلیہ سے کہ عدم تجاوز حدود شرعیہ ہے
یہ چند قواعد استخراج کئے ہیں کہ یہ قواعد مثل انواع کے ہیں ماتحت جنس کلی کے اور ان سبب سے صدہا جزئیات کا حکم حاصل ہوتا ہے ایک یہ
شارع نے جس کا اہتمام و تداعی کے ساتھ حکم فرما دیا وہ تو اس طرح ہووے اور جس کو مطلق فرمایا اس میں تداعی کا اضافہ نہ ہونا چاہیئے ورنہ
تبدیل حکم شرعی و بدعت ہو جاوے گا دوسرے یہ کہ جس شئے کو کسی خصوصیت کے ساتھ فرمایا وہاں تو وہ تخصیص مشروع ہووے گی ورنہ تخصیص
ہی ہووے گی تیسرے یہ کہ جہاں کسی زمانہ کو مقرر کر دیا ہے وہاں تو قید زمانہ کی مشروع ہے ورنہ بدعت ہے، چوتھے یہ کہ اگر اس کی تداعی یا دوام
عوام کو فساد عقیدہ حاصل ہو تو اس کا ترک کرنا لازم ہے اگرچہ وہ امر استحباب کے درجہ میں ہو یا سنت مؤکدہ اور واجب، پانچویں یہ کہ جس
کی اصل قرون ثلثہ سے نہ ملے وہ بدعت ہے اور ان سب جگہ علماً و عملاً یہ حکم ہے اور شئے اگرچہ فی نفسہٖ جائز ہو مگر ان قیود و وجوہ سے بدعت
ہے۔ پس یہ پانچ قاعدہ کلیہ شرعیہ ہیں کہ شارح منیہ نے استفادہ فرمائی اور سب فقہاء کے نزدیک مقرر ہیں اور ان ہی قواعد سے فاکہ

لے ثابت ہے اس قاعدہ کی بنیاد پر کے قرن کی جمع یعنی زمانہ کے بذات خود

دیا ھا آئی اد خلك الجنة یعنی تو جو اس سورت کو دوست رکھتا ہے اس کے دوست رکھنے نے تجھ کو جنت میں داخل کر دیا اس قصہ سے معلوم ہوا کہ
تعین سورت کو واجب اعتقاد کرنا ہی موجب کراہت تھا جب اس شخص نے اپنا وہ اعتقاد ہونا نہ بیان کیا بلکہ یہ کہا کہ مجھکو اس سورۃ سے محبت ہے
تب حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس کو منع نہ فرمایا تبائر علیہم کہتے ہیں کہ تعین سوم میں بھی وہ علت کراہت مفقود ہے سب جانتے ہیں کہ
اموات کے لئے ایصال ثواب کو ایک امر مسنون و مستحب فرض و واجب کوئی نہیں جانتا جب اصل ایصال واجب و فرض نہ ہوا تو تعین یوم سیوم کو کون
اس فرض فقہا جیسے کہ ہند کا پال یہ تخصیص تیسرے دن کی جو جاری ہے وہ مبنی بعض مصلحتوں پر ہے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا اور سہولت سے انجام کار ہو جاتا ہے

سوم اور سیوم وچہلم وغیرہ اور تعیین جمعرات وغیرہ کی اور محفل میلاد مروجہ سب کی سب بدعت ہو گئی ہیں اور تمام رسالہ مؤلف کا رد ہو گیا بعد
تمہید ناظرین پر واضح ہو کہ علماء سنت کی یہ دلیل تھی جس کو مؤلف نے دلیل اول لکھا ہے مؤلف نے اپنی کم فہمی سے اس دلیل قاعدہ کلیہ کی ایک
کرنا تمام طرح پر بیان کیا اس کی مختصر تقریر یہ ہے کہ مقید کرنا کسی مطلق کا شرعاً بدعت و مکروہ ہے، جیسا کہ فقہاء نے اس قاعدہ کے سبب
سے لکھا ہے کہ کسی نماز میں کسی سورت کو موقت نہ کرے اگر ایسا کرے گا تو مکروہ و بدعت ہوگا پس جب صلوٰۃ میں حسب اس قاعدہ کے تعیین سورت مکروہ
ایصال ثواب میں بھی حسب اس قاعدہ کلیہ کے تعیین وقت اور ہیئت کی بدعت ہووے گی خلاصہ دلیل مانعین بدعت کا یہ تھا جس کو مؤلف نے اپنے
ناقص فہم کے موافق نقل کی اب چونکہ مؤلف نے اس مسئلہ تعیین سورت میں اپنے حوصلہ علم کو ظاہر کیا تو اس کو سنو کہ ہدایہ میں لکھا ہے ویکرہ ان یوقت
شیئا من القرآن لشیء من الصلوٰۃ لان فیہ ھجران الباقی وایھام التفضیل انتہی سو یہ جزئیہ ایک کلیہ کا ہے کہ اس میں تمام عبادات عادات مطلق
مقید کرنا شارع نے ممنوع کر دیا ایک جزئی اس کی تعیین سورۃ بھی ہے جیسا اوپر سے واضح ہو لیا تو مؤلف اس جزئیہ کو مقیس علیہ اور سیوم کے
مسئلہ کو مقیس بعض رائے سمجھ گیا کیا فہم ہے یہ نہیں جانتا کہ جب کلی امر کا ارشاد ہوا تو اس کے جملہ جزئیات محکوم ہو گئے گویا ہر فرد کا نام لے دیا اور جب
یا ایہا الناس تو زید عمرو بکر عبد السمیع سب کے نام بنام حکم ہو گیا کسی جزئی کو مقیس نہیں کہہ سکتے اسی طرح جب تقیید اطلاق کو منع فرما دیا تو سب جزئیات
خواہ تعیین سورۃ ہو خواہ تعیین روز سیوم ہو خواہ تعیین نحو ہو سب ممنوع بالنص الکلی ہو گئے مانعین بدعت کی کلام قیاس نہیں بلکہ جو جزئی
اس میں مشہور اور ظاہر متفق علیہ ہے اس کی نظیر دے کر اور مثال سے فہمائش کر کے دوسرے جزئیہ مندرجہ اس کلیہ کو ظاہر اور الزام کرنا ہے
مسئلہ معین نے اس کا اندراج تحت ہذہ الکلیہ نہیں سمجھا تھا پس قیاس کہاں ہے مؤلف کو عقل نہیں کہ کلیہ کو اور قیاس کو امتیاز کر سکے بسبب
کے فرق دونوں کا یہاں نہیں لکھا کتب اصول میں جو چاہے دیکھ لے پس اصل مسئلہ جزئیہ کو سنو کہ نماز میں کوئی سورۃ مقرر نہیں سب
ہیں جہاں شارع سے کوئی سورۃ تخصیص ثابت ہوئی وہ مستحب ہے جیسا روز جمعہ کی نماز فجر میں سورہ سجدہ اور سورۂ دہر مثلاً پس جو سورۃ
سے ثابت ہوئی اس میں امام شافعیؒ تو دوام کو مستحب جانتے ہیں اور امام ابو حنیفہؒ احیاناً کو مستحب اور دوام کو مکروہ فرماتے ہیں اور
ثابت نہیں ہیں بالاتفاق دوام مکروہ ہے امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اس دوام میں پہلی شق میں تو مستحب موکد یا واجب ہو جاتا
دوسری شق میں مباح موکد یا واجب ہوتا ہے تو تغیر حد شرع کی ہوئی تو مکروہ ہو گیا پھر اس کی کراہت میں ہدایہ نے دو دلیل کا اشارہ
جب شرع میں سب سورتیں جائز ہیں تو ایک کے دوام میں باقی سور کا ترک ہوگا ہجران باقی قرآن کا ہوا وہی تقیید مطلق ہوئی اور تغیر
شرعی کا لازم آیا ہے کہ مستحب واجب ہوا، یا مباح واجب ہوا دوسرے یہ کہ ایک سورۃ کے تقرر سے عوام جانیں گے کہ یہ سورۃ سب

ہو کے متعین له جس پر کوئی چیز قیاس کی جائے له قیاس کرنے والا له سمجھا کرنا کبھی کبھی له سورۃ کا ترک له چھوڑ دینا۔

اور خود فقہ میں بھی تعیین سورۃ کے باب میں امام طحاوی نے تصریح کی ہے اما اذا لازمہا لسہولتہا علیہ فلا یکرہ بل یکون حسنًا کذا فی البرہان
پس موافق اس تعلیل کے تعیین سوم مکروہ نہ ٹھیرا باقی رہا دوسرا سبب کہ مبادا دوسرے آدمی جاہل اس کو دیکھکر یہ اعتقاد نہ کرلیں کہ ایصال ثواب
تیسرے ہی دن ہوتا ہے نہ پہلا اس سے نہ پیچھے اس سے سو یہ علت بھی یہاں مفقود ہے اس لئے کہ جو لوگ فرض و واجب و سنت و مباح کی حقیقت
اور کنہ کو نہیں سمجھتے ان کا تو کچھ علاج ہی نہیں وہ تو نماز روزہ میں بھی امور مستحبہ کو فرض، فرض کو افضل و اولیٰ مکروہ کو مفسد اور حرام مباح کو
واجب جو چاہتے ہیں کہتے ہیں ان کو ہرگز تمیز نہیں سو ایسے اشد اجہل العوام سے قطع نظر کرکے یہ دیکھنا چاہیئے کہ جو لوگ عوام اس درجہ کے ہیں

افضل ہے یا ایہام اس بات کا ہووے گا من[1] القاری والسامع اور یہ بھی حکم شرع کا ہے تو اس جگہ طحاوی اور اسبیجابی نے یہ کہا تھا کہ کراہت
تحریمیہ جب ہے کہ اس سورۃ میں اعتقاد وجوب کا کرے اور ترک کو مکروہ جانے اور سہولت یا تبرک کے واسطے پڑھے تو مکروہ نہیں بشرطیکہ
کبھی اور سورۃ کو بھی پڑھ دیا کرے اس سے بھی یہی واضح ہوا کہ اعتقاد وجوب تو مکروہ تحریمیہ ہی ہے اور دوام بلا اعتقاد وجوب کے بھی مکروہ ہے
جہلاء کے واجب گمان کرنے کی وجہ سے اور جو احیانًا[2] ترک کردیوے جس کو دوام نہ رہا تو پھر کچھ حرج نہیں پس اس صورت میں قید وجوب
اعتقاد کی لغو ہوگئی کیوں کہ جب دوام مطلقًا مکروہ ہے تو پھر قید اعتقاد سے کیا نفع نکلا اسی واسطے فتح القدیر نے اعتراض کیا اور کہا والحق
ان المداومۃ مطلقًا مکروہ سواء رای حتمًا او لا انتہی پس سب علماء کا اتفاق اس پر ہوا کہ دوام بلا اعتقاد وجوب کے بھی موجب کراہت کا
ہے اعنی ہدایہ اور فتح القدیر اور طحاوی اور اسبیجابی وغیرہم کا مگر مؤلف کہتا ہے کہ میں کہتا ہوں کہ قوی وجہ کراہت کی سبب اول ہے الخ
غور کیجئے ہے کہ جس علت کو تمام اکمل علماء و فقہا قبول کریں مؤلف اس کو ضعیف بتلاوے بھلا اس نخوت کا کیا ٹھکانا ہے اور ایسے محققین
پر طعن کرنا اس فخر کی کوئی نہایت ہے خیر اب مؤلف کا استدلال ترجیح سنو کہ ایک صحابیؓ نے جو قل ہو اللہ کا التزام ہر رکعت میں کیا تھا تو صحابہؓ
نے ان کو اس واسطے منع کیا تھا کہ یہ فعل فخر عالم علیہ السلام کا نہیں تھا اس کو خلاف حکم شرع کے جانا تھا جب انھوں نے نہ مانا آپؐ کی خدمت
میں شکایت ہوئی آپؐ نے بھی صحابیؓ کو نہ روکا کیوں منع کرتے ہو یہ اس واسطے ہوا کہ آپؐ کے قواعد و فعل کے خلاف تھا ان کو بلا کر پوچھا تو انہوں نے اپنی
حب[3] اس سورۃ سے عرض کی تو آپؐ نے حب صفت الرحمٰن کے سبب سے بشارت تو دیدی مگر یہ کہ اس فعل کو تو کیا کریہ ہرگز حدیث میں نہیں آیا فقط حب
قل ہو اللہ کے سبب سے کہ صفت حق تعالیٰ کی ہے بشارت[4] جنت کی فرمائی مؤلف نے اجازت دوام تکرار قل ہو اللہ کی اپنے ذہن سے تراش لی
بھلا اس سے اس فعل کا جواز کس طرح نکلا اور ایک صحابیؓ نے ادراک[5] رکعت کے واسطے قبل وصول[6] صف کی نیت کرکے رکوع میں شریک
ہوکر دو قدم چلکر رکوع کی حالت میں صف کی برابر ہوگئے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا زادک اللہ حرصًا ولا تعد دیکھو یہ فعل
مکروہ تھا مگر اس پر آپؐ نے مدح فرمادی کہ حرص امر خیر کی تھی آگے لاتعد اور ایک روایت میں ہے یہ فعل نہ بعیضہ سے ہے کہ پھر یہ کام مت کرنا دوسری
روایت میں لاتعد باب فعال سے ہے کہ اعادہ صلوٰۃ مت کر اس دوسری روایت میں باوجودیکہ یہ فعل مذموم تھا کہ طریقہ تلقین اور خشوع کے خلاف
تھا مگر آپؐ نے صراحتًا منع نہیں فرمایا اور مدح بھی کردی پس اس کی ہی نظیر یہ قل ہو اللہ کی حدیث ہے کہ یہ طرز تعلیم اور فعل آپؐ کے خلاف
تھا اس کے صراحتًا منع کی ضرورت نہ ہوئی اشارۃً منع فرمادیا تھا مگر اس حب کی وجہ سے بشارت بھی ہوگئی پس مؤلف کے حسن فہم کو دیکھو
کہ کیا اجتہاد کیا کہ اپنے شکم سے ایسا مقدمہ تجویز کرلیا کہ حدیث میں کہیں اس کا نشان بھی نہیں اور خلاف تمام علماء کے مرجح بن گئی چلو قصہ کو

[1] کون قاری ہے اور کون سننے والا [2] کبھی کبھی [3] محبت [4] خوش خبری [5] پانا [6] صف میں پہنچنے سے پہلے۔

کہ ان کو فرضیت اور اباحت میں فرق معلوم ہے سو حضرت سلامت یہ مسئلہ خاص اس درجہ کا ہے کہ اس درجہ کے عوام سب جانتے ہیں کہ یہ مثل حج و زکوٰۃ کے فرض تو نہیں ہے بلکہ واجب بھی نہیں ایصال ثواب فی نفسہٖ مستحب ہے اور تعیین ایک مصلحت کے لئے ہے بزرگان دین کا قرار دیا ہوا ایک امر متوارث چلا آتا ہے اور یہ شبہ تو کسی کم سے کم عقل والے کو بھی نہیں پڑ سکتا کہ یوں جانے کہ ثواب کیا پہنچے گا پھر نہ پہنچے گا اس لئے کہ جب وہ دیکھتے ہیں کہ وارثان میت سوائے روز سوم کے اور دنوں میں بھی فاتحہ و درود کرتے ہیں تو کس طرح اعتقاد کریں گے کہ روز سیوم ہی کو فقط ثواب پہنچا کرتا ہے پس دونوں سبب کراہت کے مفقود ہوئے تو تعیین سیوم کو مکروہ کہنے کی کوئی وجہ باقی نہ رہی **دوسری دلیل مانعین کی یہ ہے** کہ سیوم میں مشابہت ہو کفار ہنود کی اور حدیث میں من تشبہ بقوم فہو منہم سو جواب اس کا یہ ہے کہ تشبہ مصدر ہے

کی اجازت دے دی تھی مگر یہاں یہ عذر ان باقی کا نہیں کیونکہ وہ ہر رکعت میں دوسری سورت بھی پڑھتے تھے اور افضلیت کا ایہام بھی یہاں نہیں ہے کیونکہ فضل قل ہو اللہ کا خود فخر عالم علیہ السلام فرما چکے تھے کہ ثلث قرآن ہے تو فضل منصوص میں ایہام کو کیا علاقہ تھا اور پھر وہ ایسا وقت تھا کہ وہاں کوئی بھی عام نہ تھا سب اخص الخواص فقہاء تھے اور وجہ اجازت سب کو معلوم ہو گئی تھی اس قرن میں یہ دلیل کراہت کی موجود ہی نہ تھی جواب ہے اور سب کے بعد یہ واقعہ حال تھا نہ حکم عام اور ایسے امر خلاف قواعد ہے کہ کسی کو کسی خصوصیت سے اجازت ہو وے قابل قیاس کے نہیں ہوتا بلکہ قیاس مسائل عامہ پر کیا جاتا ہے پس مؤلف اپنے علم و فکر کو غور کرے کہ کس فہم پر خلاف علماء فقہاء کے کلام کرتا ہو نہیں جانتا کہ مجتہدین کا مؤلف کی طرح ترجمہ مشکوٰۃ میں حصر نہیں تھا انہوں نے تمام روایات کو پیش نظر کر کے اجتہاد کئے ہیں یہ روایت بھی ان کو معلوم تھی دیدہ و دانستہ و فہمیدہ وضع مسائل کیا ہے مؤلف کی طرح آنکھ بند کر کے مجتہد نہیں ہو گئے تھے اور مؤلف کی ترجیح کی گنجائش نہیں چھوڑی تھی مؤلف اپنے علم و فہم کو اندازہ کرے کہ ابتدائے رسالہ سے آخر تک کوئی فہم کی سیدھی بات نہیں کہی پھر اس پر یہ ناز و نخوت اور اپنے علم کوتاہ پر اعتماد و غرور لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ الغرض بناء علی ہذہ القاعدہ سیوم وغیرہ رسوم سب بدعت ضلالہ ہوئی اور یہ ایک دلیل کراہت سور کی نہیں بلکہ پانچ دلائل ہیں جن کو شارح منیہ نے بسط کیا ہے اور اوپر مذکور ہو لیا پس بجز اس کے سوائے مؤلف کے کوئی عاقل ان کو نہیں کہہ سکتا اب ناظرین مؤلف کی خیانت دیکھیں کہ طحاوی نے روایت دوام سورہ بلا اعتقاد میں شرط کی ہے کہ اگر گاہ گاہ ترک کیا تو مکروہ نہیں مؤلف نے اس شرط کو حذف کر کے نقل کیا ہے اور جہلاء کے اعتقاد کے فساد کی وجہ سے شرح منیہ اور طحاوی اور فتح القدیر نے تصریح کی ہے اب مؤلف کی توجیہات واہیہ کہ ہرگز قابل التفات نہیں کہ اپنی رائے ناتمام سے بمقابلہ فقہاء کے کلام کرتا ہے تصریحات سے کراہت دوام مستحب کی بسبب فساد عقیدہ عوام محقق ہو چکی الحمد للہ جہل مرکب مؤلف کا روشن ہو لیا و ہو المرام

قولہ دوسری دلیل مانعین کی یہ ہے الخ **اقول** یہ بھی ایک نہایت اصل قوی اور قاعدہ کلیہ بہت احادیث سے ثابت اور تمام امت کا مسلم ہے کوئی اس کا منکر نہیں مگر کسی جزئی

ایک عجیب بحث جو بدعت کی قلع قمع کرنے والی ہے کی حدیث من تشبہ بقوم فھو منھم .....

میں بادی النظر میں وجہ اگر خلاف ہو جاوے کہ یہ داخل کلیہ میں ہے یا نہیں یا اس کو دوسرے روایات معتبرہ نے استثناء کر دیا ہے یا نہیں یہ دوسری بات ہے مگر اصل کلی میں سب کا اتفاق ہے مثل اصول اول کے چونکہ یہ قاعدہ مسلم الثبوت تمام امت کا ہے لہٰذا اس کے اثبات میں بسط کی ضرورت نہیں مگر مؤلف نے تین غلطی فاحش کر کے سیوم کو اس کلیہ سے خارج کیا ہے لہٰذا کچھ لکھتا ہوں اول یہ کہ مؤلف حدیث من تشبہ بقوم

کا ان کا ساتھ تصریح شدہ ہو ۔ سمجھتے ہوئے سمجھ رہے اس قاعدہ کی بنیاد پر تفصیل شدہ اور یہی مقصود ہے اس وجہ سے

ما خلاصہ اس کا لفظ تشبہ بالکسر شبہ کے معنی مانند پس تشبہ کے معنی مانند کسی کے ہو جانا جب معنی تشبہ کے معلوم ہوئے اب ان منصفوں کی زبان زوری سمجھنی چاہیئے کہ سیوم کرنے والے کس بات میں مانند ہندوؤں کے ہو جاتے ہیں ہم قرآن پڑھتے ہیں وہ قرآن نہیں پڑھتے ہیں ہم کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں جو کفر شکن ہے وہ کلمہ نہیں پڑھتے سبحان اللہ کیا عقل سلیم ہے کہ کلمہ قاطع کفر کا پڑھنا مشابہ رسم اہل کفر کے قرار دیتے ہیں ہمارے احباب اور برادری جمع ہو کر کلمہ پڑھتے ہیں ان کی برادری جمع ہو کر کچھ نہیں پڑھتے فقط وارث میت سے دوکان اس کی کھلا دیتے ہیں اور قلم سیاہی کتاب وغیرہ کو ہاتھ لگوا کر سوگ ختم کراتے ہیں اور کچھ ان کے یہاں اگر پڑھتا ہے تو فقط ایک ظرف کوئی پنڈت برہمن پڑھتا ہے وارثان میت اور بھائی برادری اور دوست آشنا کچھ نہیں پڑھتے اور وہ لوگ تیسرے دن میت کی ہڈیاں جلی ہوئی چن کر لاتے ہیں پھر گنگا وغیرہ میں بہاتے ہیں ہمارے یہاں ان میں سے کچھ بھی نہیں کرتے پھر کس بات میں مانند ہنود کے ہو گئے اور کیا تشبہ پیدا ہو گیا؟ اور اگر کوئی مشابہت اس کا نام رکھے کہ ان کے یہاں تیسرے دن رسوم کفر ہوتی ہیں تمہارے یہاں رسم اسلام یعنی کلمہ و قرآن ہوتا ہے تو انصاف کرنا چاہیئے کہ یہ مشابہت کیا ہوئی یہ تو مخالفت ہوئی یعنی ہم وہ کام کرتے ہیں جو مخالف کفار ہے کافر وہ کام کرتے ہیں جو مخالف اسلام ہے وہ اپنا کام کرتے ہیں ہم اپنا مثلاً مغرب کے وقت اور عشاء اور صبح صادق کے وقت ہم لوگوں نے اذان کہی اور نماز پڑھی انہوں نے ان تین وقتوں میں ناقوس یعنی سنکھ بجایا پوجا کیا اب کوئی بے ہودہ اس کو مشابہت قرار دینے لگے کہ ان وقتوں میں تم نے اپنے طور کی عبادت کی انہوں نے اپنے طور کی پس اتحاد اوقات سے تشبہ پیدا ہو گیا تو سب عقلاء اس کو پرلے درجے کی ہمہ دانی اور کم عقلی پر قہقہہ مارنے لگیں گے اور اسی طرح جب حاجی لوگ بیت اللہ زادہا اللہ شرفاً سے واپس ہوتے وقت آب زم زم لاویں تو

ہو منہم میں تشبہ بجمیع اجزائہ من کل الوجوہ سمجھا ہے کہ سب اجزاء میں مشابہ ہو جاوے تو اس وقت تشبہ مخطوط ہے ورنہ درست ہے اسی وجہ سے لکھتا ہے کہ کس بات میں تشبہ ہنود کی ہو گئی اور بدون معنی حدیث کے اور تشبہ کے سیکھے سمجھے صفحہ سیاہ کیا پس سنو کہ حدیث میں لفظ تشبہ کا مطلق آیا ہے کہ کوئی قید کل یا بعض کی قلیل و کثیر کی نہیں اور قاعدہ مسلمہ ہے کہ مطلق جس فرد میں پایا جاوے حکم مطلق کا اس پر جاری ہوتا ہے۔ اور کوئی قید اس کے ساتھ لگانی درست نہیں ہر ہر فرد میں حکم ثابت ہوگا المطلق یجری علی اطلاقہ کہا گیا ہے[1] لہٰذا مطلق تشبہ کی کوئی فرد ہو مصداق حدیث کا ہو جاوے گا اگرچہ ایک جزو مرکب میں پایا جاوے سب مرکب مجموعہ مکروہ ہو جاوے گا کہ لفظ حدیث کے صاف دلالت اس پر کرتے ہیں نظیر اس کی سنو کہ ہدایہ میں ہے ان قام الامام فی الصلٰوۃ فی الطاق[illegible] صلٰوتہ عند ابی حنیفۃ و قال ھی تامۃ الا انہ یکرہ لانہ تشبہ اھل الکتاب انتہی مال فی النہایۃ فانہم یصلون ھکذا فیکرہ للتشبہ لانا نہینا عن التشبہ بھم فیما لنا بد منہ انتہی ایضاً ہدایہ میں ہے ویکرہ ان یقوم الامام فی الطاق لانہ یشبہ صنیع اھل الکتاب انتہی پس دونوں روایت کو دیکھو کہ تمام ارکان و صلوٰۃ و جماعت میں ایک جزو قرآن کھول کر پڑھنا اور مکان مرتفع پر کھڑا ہونا اہل کتاب کا ہے سکا تو ساری نماز مکروہ ہو گئی اور مثل مؤلف کے کسی محشی نے نہ کہا کہ اس قدر اجزاء میں ایک جزو کی مشابہت سے کراہت نہیں ہوتی تمام فقہاء عالم کے بھول گئے ایک مؤلف کو سوجھی معاذ اللہ تو مؤلف کہتا ہے کس بات میں مانند ہو گیا اگر کہیں کہ دیگر ارکان صلوٰۃ بھی تو یہود کی صلوٰۃ میں تھے تو سنو کہ سب ارکان ان کی صلوٰۃ میں نہیں از آں جملہ ایک کوع ہی نہیں ہے معہذا جو جزو ہم کو مامور ہے اس میں تشبہ کا اعتبار ہی نہیں پس سنو کہ مؤلف اقرار کرتا ہے کہ سیوم پانچ جزو سے مرکب ہے کلمہ، قرآن، نخود ان میں تشبہ نہیں اور اجتماع قوم میت کے واسطے اور تخصیص روز سیوم کی ان دو میں تشبہ ہنود کے ساتھ ہے مؤلف بھی معترف ہے کہ اگر

---

[1] ممنوع ہے مطلق اپنے اطلاق پر باقی رہتا ہے سگ بلند

کوئی یادہ کہنے لگے کہ یہ تشبہ ہنود کا ہو گیا وہ بھی اپنی عبادت گاہ سے واپس ہوتے ہوئے گنگا کا پانی لاتے ہیں تم پانی زم زم شریف کا لائے تو سمجھنا چاہیے کہ یہ خرافات بے ہودہ تشبیہیں نکالنی ان بدحواسوں کی سخت بے عقلی کی دلیل ہے اور تماشا یہ ہے کہ فقط تیسرے دن کی مشارکت میں بھی مشابہت تو رسم ہنود کی نہیں تفصیل اس کی یہ ہے کہ ہندوؤں میں بعض تو بعض مثل سراوگی بالکل سیوم یعنی تیجے کے قائل نہیں سو ان کے ساتھ تو کچھ بھی مشابہت نہ ہوئی ان کے یہاں تیجا عبادت فقط اس امر سے ہے کہ تیسرے دن کاروبار کرنے لگیں سوگ میت کا دفع کریں سو تعزیت کیواسطے اور دفع سوگ کے لئے شرع شریف میں بھی تین دن معین ہیں اور بعض قومیں ہنود کی مثل شمنی اگروال جو سیوم کو مانتی ہیں اور اموات کے لئے ثواب رسانی کا کام کرتے ہیں اگر اہل اسلام کو مشابہت لازم آئی تو ان کے ساتھ لازم آئی سو غور سے دیکھئے تو ان کے ساتھ بھی مشابہت نہیں کیوں کہ ان لوگوں کے قوانین دین متعلق گردش کواکب ہیں پس تیسرے دن تیجا وہ لوگ جب کرتے ہیں کہ گرہ سامنے نہ ہو اور اگر پنچک کی گرہ جو پانچ بہستر ہیں سامنے آجاتے ہیں تو جس وقت تک وہ گرہ ٹل نہیں جاتی تیجا نہیں ہوتا پھر کبھی چار دن میں کبھی پانچ دن میں کیا جاتا ہے اور مسلمان تیسرے دن سے آگے نہیں ٹلاتے ان کو کواکب سے کچھ بحث نہیں پس عدم تشبہ کا باعث لازم آنے مشارکت یومی کے بھی ٹوٹ گیا اور یہ مسئلہ شرعی ہے کہ جب ہمارے اور کفار کے درمیان کسی امر میں تفاوت اور امتیاز پیدا ہو جاتا ہے تو حکم تشبہ باطل ہو جاتا ہے حدیث و فقہ پڑھنے والوں کو یہ بات یاد ہوگی کہ یہود و نصاریٰ صوم عاشورا رکھتے تھے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو بھی حکم دیا کہ تم بھی رکھو اور مشابہت یہود و نصاریٰ سے جو لازم آتی تھی اس کی مخالفت میں اس قدر کافی ہو گیا کہ آپ نے ایک روزہ اول اور آخر رکھنے کی طرف اشارہ فرمایا کہ اگر

تیسرے روز جمع ہو کر سوگ کھلواتے ہیں اور شمنی بھی بہر حال ہنود میں روز سیوم جمع ہوتا ہے اور یہ شعار ان کا ہے تو دو جزو میں تشبہ ہوا پس مجموعہ سیوم کا بدعت ہو گیا اور تشبہ ہنود کا ثابت ہو گیا حدیث سے بھی اور صریح جزئیات فقہ سے بھی ما خدشہ اتحاد وقت مغرب وغیرہ کا تو سنو کہ وقت شارع کا فرض کیا ہوا ہے اور فرائض و واجبات شارع میں تشبہ کا اعتبار نہیں ہوتا اور حدیث میں اس کا اشارہ ہے کیوں کہ تشبہ باب تفعل کی ماضی ہے اور بعد حصول کے واقع ہے اول تو باب تفعل میں اخذ بہ تکلف ہوتا ہو وضعاً جس سے معلوم ہوا کہ مرتکب نے بہ تکلف امر تشبہ کر لیا ہے شرع یا طبع کی طرف سے الزام نہیں تھا دوسرے فعل حدیث پر دلالت کرتا ہے یعنی اول شارع کا الزام اس پر نہ تھا خود مرتکب اور محدث ہوا پس تشبہ کے لفظ سے شارع نے فرض و واجب و سنت مؤکدہ کو اور امور طبعیہ کو خارج کر دیا ہے گویا حکماً اس میں تشبہ نہیں ہوتا پس اب دیکھو کہ کس کی عقل پر قہقہہ لگا، علی ہذا پانی زم زم کا لانا اور گنگا کا مشابہ نہیں کیوں کہ پانی لانا عادی طبعی امر ہے اور شعار بھی نہیں ہاں اگر اس ہیئت و شعار سے لاوے گا تو مشابہت حاصل ہووے گی اور حرام ہوگا اب سنو جو کہ یہ سیوم ہنود کے تیجے سے بوجہ کامل مشابہ ہے اور فرق بعض وجوہ کا مخل تشبہ کو نہیں ید کو اسد سے تشبیہ دیتے ہیں وجہ شبہ فقط شجاعت تک مرجوتا ہے باقی سر تا پا کوئی مشابہت نہیں ہوتی پس کسی نے یہ نہیں کہا کہ بالکل مشابہت[1] من کل الوجوہ ہو تو تشبیہ ہووے گی ورنہ نہیں سا تو یہ قول مؤلف کا شرع اور عقل اور عرف سب کے خلاف ہے اب تماشا دیکھو کہ باعتراف مؤلف سراوگی کے یہاں تیسرے روز قوم جمع ہو کر دوکان کھلواتے ہیں اور وہ سیوم نہیں عجب کلام ہے تیسرے روز کا نام سیوم ہے صرف ہنود میں تیجا اور مسلمانان میں سوگ دونوں کے ایک معنی ہیں علی ہذا شمنی سیوم تو کرتے ہیں مگر گاہ نحوست کے دن کے سبب تاخیر بھی کر دیتے ہیں تو سیوم تو موجود مگر مشابہت نہیں

---

[1] مشابہت ہر اعتبار سے

ہیں باقی ہا اگلے سال حکم دوں گا ایک روزہ اس کے اول ایک روزہ اس کے بعد کو رواہ البیہقی۔ اب سمجھئے وہ جاہل روزہ عاشورا جس کو یہود و نصاریٰ رکھتے ہیں اس آئین فعل میں مسلمان ان کے شریک ہیں لیکن ایک روزہ اول اور ایک روزہ بعد اس میں ملانے سے حکم تشبہ باطل ہو گیا بالفرض اگر تیجے کے دن کی مشابہت ہوتی ہنود سے تو ہمارے یہاں جو کام اسلامی اس میں مندرج ہیں ان کے سبب بالکل مشابہت کا حکم باطل ہو جاتا چہ جائے این مرکہ بالکل تیسرے ان میں بھی مشارکت نہیں پائی جاتی ہم کو معلوم نہیں ان صاحبوں کا کیسا تفقہ اور کیسا فہم و ذکا ہے کہ ہرگز ژرف نگاہی اور موشگافی علل احکام میں نہیں فرماتے مفتی قاطع السنۃ یعنی صاحب جامع السنۃ اور ان کے آبا و اولین اور اخوان معاصرین سب کے سب اس مسئلہ میں بے سمجھے بوجھے حکم تشبہ لگا رہے ہیں اور حدیث نبوی من تشبہ بقوم فہو منہم کو نہایت درجہ بے محل پڑھتے ہیں فمال ہؤلاء القوم لا یکادون یفقہون حدیثا یہ لوگ تشبہ کے معنی لغوی جانیں نہ اصطلاحی شرعی اس لئے کہ لغوی معنی تشبہ کے ہیں مانند ہو جانا اب تم دیکھ چکے اور سن چکے کہ ہنود کا تیجا مشتمل کن امور پر ہے اور اہل اسلام کا شامل کن امور پر پھر مانند ہونا دونوں فریق کا رسوم یکدیگر میں کہاں ہے اب معنی شرعی سنیے صاحب بحر الرائق شرح جامع صغیر قاضی خاں سے نقل کرتا ہے کہ کفار کے ساتھ تشبہ ہر بات میں مکروہ نہیں فانا نأکل ونشرب کما یفعلون یعنی اس لئے کہ ہم بھی اسی طرح کھاتے پیتے ہیں جس طرح وہ کھاتے پیتے ہیں اور در مختار میں قید لگائی ہے کہ اگر ارادہ کرے آدمی ان کے ساتھ مشابہت کا اور جس چیز میں مشابہت کرتا ہے وہ شرع میں مذموم بھی ہو اس وقت تشبہ مکروہ ہے

کیا عجب تقریر مؤلف کی ہے ماشاء اللہ تعالیٰ یہ خبط عقل فراس گستاخ کلام کا ہے کہ علماء سنت کو بدحواسی کی نسبت مؤلف کرتا ہے اب دوسری خطاء فہم مؤلف کی سنو کہ حکم کلی لکھتا ہے کہ اگر فعل مسلم و کفار میں کچھ امتیاز ہو جاوے تو تشبہ نہیں رہتا اور فی الواقع یہ بھی فرع پہلی ہی خطا کی ہے مؤلف صوم عاشوراء کی نظیر دیتا ہے کہ تہہ کے صوم سے تشبہ رفع ہو گیا کیا عجب حکم ہے کہ قبل و بعد کی کچھ خبر نہیں یہ دو نظیر مسئلہ ہدایہ کی جو مسلم سب فقہاء کے ہیں اس میں تو مابہ الاتفاق سب کچھ موجود ہے فقط ارتفاع و امتیاز مکانی ایک مسئلہ میں اور نظیر صعت دوسرے میں تشابہ کا امر ہے پس کیوں مکروہ ہو گیا سو یہ روایات اور دیگر روایات اس تقریر مؤلف کو رد کرتے ہیں اور حدیث نے بھی اس فہم مؤلف کو باطل کر دیا کہ مطلق تشبہ کو کہ احداث کسی متکلف کا ہے محظور فرمایا پس خلط سنت سے وہ امر محدث جائز نہیں ہو سکتا بلکہ مجموعہ مکروہ ہو جاوے گا اور یہ نظیر صوم کی سو معلوم ہو چکا کہ اس باب سے نہیں مؤلف کی کم فہمی ہے صوم عاشوراء حق تعالیٰ کا فرض کردہ تھا اور فرض میں تشبہ معتبر نہیں ہوتا کیونکہ کسی متکلف کا احداث نہیں بلکہ من اللہ تعالیٰ اس کا التزام ہوا ہے پس اس حدیث سے وہ اول ہی خارج ہو چکا اسی واسطے اب تنہا روزہ عاشوراء کا کسی کے نزدیک مکروہ نہیں مع ہذا اجزاء اول آخر روزہ فخر عالم علیہ السلام نے لگا دیا اس وجہ سے ہے کہ البعد من التشبہ ہو جاوے اسی واسطے لکھا ہے کہ جو عبادت ملتین میں مشترک ہے ہاں میں تشبہ نہیں ہوتا کیونکہ شعار نہیں ہا مع ہذا تغیر وصفی اس میں کر دیتے ہیں تاکہ البعد عن التشبہ ہو جاوے استحباباً پس مؤلف محض بے خبر قواعد شرعیہ سے ہے فقط دعویٰ ہی دعویٰ ہے علم و فہم سے ہرگز بہرہ نہیں اور علماء محققین وال تفقہ کو جاہل بتلاتا ہے اور پھر وہی اپنی تحقیق شروع کی کہ لغت میں معنی تشبہ کے مانند ہو جانا ہے یعنی من کل الوجوہ مماثل ہو جاوے اس کی تردید اوپر ہو چکی اور پھر معنے تشبہ کے شرعاً لکھتا ہے اور تیسری خطاء فہمی ہے بحر الرائق کی عبارت سے جس کو در مختار نے اور شامی نے اور طحطاوی نے نقل کیا ہے یہ مستفاد ہوا کہ تشبہ ہر چیز میں حرام و مکروہ نہیں بلکہ فعل مذموم میں نہ محمود میں اور بقصد تشبہ کے ارتکاب کرنے میں نہ بلا قصد تشبہ کے تو اس سے

---

۱ فرق ۲ حقیقت میں ۳ مشکل ۴ وجہ فرق ۵ ممنوع ۶ تشبہ سے دور ۷ وصف کے اعتبار سے تبدیلی ۸ واقف ۹ قابل مذمت

عبارت اس کی یہ ہے ان قصد لا فان تشبہ بہم لا یکرہ فی مثل ھذا بل فی المذموم فیما یقصد بہ التشبیہ۔ اور مسلم رکھا اس حکم کو شامی نے اپنی لکھے
کو سویم میں نہ مسلمانوں کی غرض مشابہت و ارادہ موافقت ہوتی ہے اور نہ تیسرے روز پڑھنا قرآن و کلمہ حدیث و قرآن سے ممنوع و مذموم
ہے اور مولوی اسماعیل صاحب کی تحریر سے بھی رسالہ اثبات رفع یدین میں معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مشابہت کے مکروہ ہونے میں قصد کو
معتبر رکھا ہے یعنی جب ان پر یہ اعتراض کیا گیا کہ ان ملکوں میں رفع یدین کرتے ہیں تشبہ روافض کے ساتھ لازم آتا ہے اس کے جواب میں لکھتے ہیں
لا نتحری التشبہ لفرق الضالۃ بل اتفقت الموافقۃ یعنی ہم رفع یدین میں ارادہ تشبہ فرقوں گمراہ کا نہیں کرتے بلکہ اتفاقاً موافقت لازم آجاتی ہے انتہی
اور ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں اما الممنوعون من التشبہ بالکفرۃ واهل البدعۃ المنکرۃ فی شعارهم لا منهیون عن کل بدعۃ ولو کانت

مؤلف نے ثابت کیا کہ سویم مروجہ مذموم نہیں اور قصد تشبہ کا کوئی ۔۔ نہیں کرتا اب خطا مؤلف کی سنو کہ یہی دو روایت ہدایہ کی جو منقول ہوئیں
اس میں تو قرآن دیکھ کر پڑھنا ہے جو مکروہ ہو گیا قرآن دیکھ کر پڑھنا مذموم نہیں بلکہ محمود ہے عمدہ عبادت علی ہذا القیاس امام کے مقام کی محمود ہے نہ مذموم
علی ہذا خود صوم عاشورا میں غور کرے کہ نفس صوم محمود ہے نہ مذموم ابھی مؤلف لکھ کر بھول گیا پھر بزعم مؤلف کیوں بزعم صوم تہم مشابہت کو رفع کیا اور
[illegible]ک کا معنی کو مواجہہ ہونا بموجب تشبیہ مجوز کا ہے حالاں کہ قصد مسلم کا تشبہ بالمجوس ہرگز نہیں اور اشتمال صحاح مکروہ ہے حالاں کہ قصد تشبہ یہود کا مسلم کو ہرگز
نہیں ہوتا علی ہذا بہت مسائل ہیں مگر مؤلف کو تمیز نہیں معہذا مؤلف کو گنجائش کہاں کلام کی ہے کہ سویم تو امر خود مذموم ہے اولاً اجتماع الی اہل المیت کا جس
کا حدیث سے نیاحت ہونا ثابت ہو گیا پھر یہود کا فعل اور تعیین مطلق پھر بھی مذموم نہیں عجب ہے اور قرآن و کلمہ پڑھنا فی حد ذاتہ عبادت ہو مگر نہ ایسی تشبہ اور نہ اس
[illegible] حکم کراہت کا بلکہ مجموعہ پر حکم کراہت کا ہے پس قیاس مؤلف کا بالکل لغو بے محل ہے اور قول بحر الرائق کا فانا ناکل و نشرب الخ سو پہلے اس کی وضاحت ہو چکی کہ
[illegible] طبیعہ میں تشبہ معتبر نہیں جیسا کہ نہایہ شرح ہدایہ میں قید لگائی تو لا فیما لنا منہ ۔ کیوں کہ یہ امور اقتضائے طبع سے ہیں احداث متکلف کا نہیں اور
عبادات بھی بالتزام شرع ہیں نہ بتکلف محدث اور قول بحر الرائق کا کہ امر مذموم میں تشبہ مراد ہے سو سابق معلوم ہو چکا کہ قرآن دیکھ پڑھنا امر مذموم نہیں
[illegible] حدیث میں مطلق تشبہ ہو مگر اس کی وجہ سنو کہ یہ ہے کہ جو امر محدث کسی متکلف کا بدون اذن شارع کے ہوگا وہ مذموم ہی ہوگا اگرچہ بظاہر مستحسن معلوم
ہو کیوں کہ سب بدعات ایسی ہی ہیں اور یہ مراد بحر کی ہے پس قرآن دیکھ کر پڑھنا فی حد ذاتہ محمود ہے لیکن صلاۃ میں مذموم ہے مگر مؤلف اپنی کوتاہ
فہمی سے مذموم فی اصل کو مقصود سمجھ گیا اس فہم پر تو مصیبت ہے تشبہ ہونا چاہیے ورنہ کہیں بھی نہیں ہوگا اور تمام مسائل منہدم ہو جائیں گے الحاصل امر
[illegible] بالتزام شرع ہے یا تقاضائے طبع سے مجاز شرع ہے اس کو شرع نے خارج اس حدیث و حکم سے فرما دیا ہے بخلاف اجتماع مخصوص سویم کے کہ اولاً خود
ممنوع شرعی اب تشابہ اس پر زائد ہو گیا پس بحر کی عبارت کو مؤلف ہرگز نہیں سمجھا اور دیگر علماء کو کم فہم بتلاتا ہے تماشہ ہے اور مولوی اسماعیل صاحب
[illegible] کے قول اتفقت الموافقۃ کے معنی بھی یہی ہیں کہ فعل رفع اصل مسنون تھا بعد میں روافض نے بھی ایک حرکت ایجاد کی کہ موافق اس کے ہو گئی
[illegible] امر التزام شارع کا ہے ترک نہیں ہو سکتا اور تشبہ معتبر نہیں اور یہی معنی قاری کی عبارت کے ہیں انا ممنوعون من التشبہ بالکفرۃ واهل البدعۃ
[illegible] فی شعارهم الخ کیوں کہ جو شعار ان کا ہوگا خواہ فی حد ذاتہ حسن ہی ہو اور وہ ان کا فعل ہو گیا اور تشبہ ناجائز ہوا جیسا صلاۃ قرآن
دیکھ کر پڑھنا کہ شعار ان کا ہے اور فی حد ذاتہ حسن ہے مگر صلاۃ میں دیکھ کر پڑھنا ہماری ملت میں مذموم ہے اور جو متفق دونوں ملت سوا ان
[illegible] افعال اهل السنۃ ومن افعال الکفرۃ واهل البدعۃ اور جو متفق دونوں ملت کا ہوگا وہ شعار ہوگا ماسوا اس امت پر بھی ہوگا مگر مؤلف

لہ مقابل لہ آتش پرست کی مشابہت لہ مذموم اپنی اصل وضع کے اعتبار سے۔

یعنی ہم کو مشابہت کافروں اور بدعتیوں کے ساتھ اسی بات میں منع ہے جو ان کے دین کا خاص شعار اور ہیئت علامت ان کے فرق کی ہے اور نہیں منع مشابہت ہر مباح بدعتوں میں اگرچہ وہ بدعتیں افعال اہل سنت والجماعت سے ہوں یا کافروں کی یا اہل بدعت سے انتہی اب خیال کرنے کا مقام ہے کہ تشبہ جو حدیث میں منع ہے اس کے یہ معنی ہیں شرعًا پھر ہم کو قوم ہنود سے کسی بات میں مشابہت نہیں قرآن پڑھنے میں دعوتوں پر کلمہ پڑھنے میں یہاں تک کہ تیجہ کے دن کی تعیین میں بھی شرکت نہیں کیوں کہ ان کی تعیین بدلتی رہتی ہے بباعث پیش آنے غرہ مذکور کے

کو فہم ہی نہ ہو تو کیا کرے ظاہری لفظ کو دیکھ لیتا ہے اور حکم خلافِ شرع لکھتا ہے اور جو بدعت مباح ہووے گی اور افعال اہل سنت سے ہووے گی وہ خود مامور شرعی اور سنت ہے جیسا کہ بحث بدعت میں گذرا غرض عبارت قاری بحر اور مولوی اسماعیل کی یہ سب بیگر روایات سے متفق ہیں مگر فہم مؤلف کا مخالفت حق سے کر رہا ہے اور سوم جو شعار مذہب سوم ہنود کا ہو نہ اس میں کوئی امر محمود ہے نہ اس کی اجازت بلکہ ممانعت شرعیہ اس میں ثابت ہو چکی کہ اس کو اباحت سے کیا علاقہ ہے فہم سلیم خدا تعالیٰ دیوے تو سب کچھ ہو ورنہ ضلوا واضلوا کا مضمون ہوتا ہے اب یہی بحث کو بحر میں تشبہ حرام اس کو لکھا ہے کہ بقصد تشابہ ہووے سو اول تو کہا جاتا ہے کہ حدیث میں مطلق تشبہ آیا ہے تخصیص حدیث کی بالرائے درست نہیں اور سب محققین نے مطلق تشبہ لکھا ہے پس قول بحر کا حدیث کے معارض نہیں ہو سکتا حدیث میں ہے کہ غیروا الشیب لا تشبھوا بالیھود الخ نظفوا افنیتکم ولا تشبھوا بالیھود الخ اور ظاہر ہے کہ شیب میں اور تنظیم افنیہ میں کسی نے قصد تشابہ یہود کا نہیں کیا تھا بلکہ خلقی اور عادی امر تھا صوم عاشورا میں کسی نے تشبہ یہود کا کیا تھا بزعم مؤلف بلکہ باذن شارع کے تھا مگر اس کی توجیہ بھی کرتا ہوں کہ مراد بحر کی یہ ہے کہ تشبہ کے لفظ میں اخذ بتکلف ہے سو قصد اور فعل مؤلف کا اس میں ہونا چاہیئے پس اس کی صورت یہ ہے کہ اگر کسی نے کوئی کام نادانستہ کیا اور پھر اس کو خبر ہوئی تو ازالہ کرے مثلاً بعد علم کرنے کے گو پہلے متشبہ تھا اور اپنے فعل میں عاصی بھی نہیں تھا اب قصد جو کرتا ہے تو تشبہ ہوا علیٰ ہذا جو امر ایسا ہے کہ اس کا ازالہ کر سکتا ہے مگر قصدًا ازالہ نہ کیا جیسا ریش کا خضاب تو ترک خضاب قصدًا کرتا ہے کیوں کہ ازالہ پر قادر ہے اور نہیں کرتا بہرحال سب جگہ معصیت کے واسطے فعل مکلف کا ضرور ہے تو معنی یہ ہوئے کہ قصدًا اس فعل تشبہ کا کرے نہ یہ کہ اس فعل کو کفار کے تشبہ کی نیت سے کرے پس دونوں میں فرق زمین آسمان کا ہے اگر عقل ہو اور جو تسلیم کریں کہ یہ دوسرے معنی ہی ہیں تو چونکہ تشبہ کو شارع نے کفر فرمایا بقولہ فہو منہم اور کفر بدون قصد قلب کے نہیں ہوتا لہٰذا یہ قید اضافہ کی کہ کافر جب ہوگا کہ دل میں نیت تشبہ کفار کی کرے ورنہ کافر نہ ہوگا گو عاصی ہوگا یہ بھی حق ہے ملا علی قاری شرح اکبر میں لکھتے ہیں ولو شبہ نفسہ بالیھود والنصاریٰ صورۃ او سیرۃ علی طریق المزاح والھزل ای ولو علی ھذا المنوال لکن وافی الخلاصۃ من وضع قلنسوۃ المجوس علی راسہ قال بعضھم یکفر الخ غرض یہ کہ قصد تشبہ کفار کا کیا اگرچہ ہزلًا ہو تو قصد و نیت تشبہ کفار سے لاریب کافر ہوگا اور معصیت ہر کو قصد فعل کا چاہیئے کہ جس میں مشابہت ہوئی گو بقصد مشابہ نہ ہو بلکہ خود خبر بھی نہ ہو کہ یہ شعار کفار کا ہے اور پھر خبر ہوا اور بعد خبر کے ازالہ نہ کرے تاہم عاصی ہووے گا بہرحال احادیث کثیرہ سے ثابت ہے کہ بلا قصد بھی تشبہ ممنوع حاصل ہوتا ہے اور بحر کے بھی یہی معنی ہیں مگر مؤلف اپنے فہم سے قاصر و عاجز ہو کر عبارت بحر کو مخالف حدیث کے بتاتا ہے پس الحمدللہ کہ دلائل واضحات نص وفقہ سے بدعت و کراہت رسوم مروجہ کی ثابت ہوئی اور رسوم کے تشبہ کو مؤلف خود قبول کر چکا گو اپنی کم فہمی سے اس کو حد تشابہ سے نکالتا ہے مگر یہ فہم اس کا باطل ہو گیا اب اگر انصاف ہو تو یہی دو اصل بالکل تمام رسالہ مؤلف کے قلع قمع کو کافی و وافی ہے مگر چوں کہ ہر ہر بحث پر مؤلف کج فہمی سے بحث کرتا ہے لہٰذا اس پر تنبیہ

لہ گمراہ ہوئے تھے اور گمراہ کیا تھے ختم کرنا۔

پس تشبہ لغوی وشرعی کسی طرح کا ہم کو ان کے ساتھ نہیں والحمد للہ علیٰ ذلک **لمعہ خامسہ** فاتحہ چہلم دلستم دوہم وسبو قبرستان: در مساجد پہلے
دستور تھا کہ مٹی کا گھڑا جس کو فارسی میں سبو اور عربی میں جرا کہتے ہیں میت کی طرف سے مساجد میں بھیجا کرتے تھے نہ فقط ایک گھڑا بلکہ چند
گھڑے علاوہ ان گھڑوں سے جن سے غسل میت ہوتا تھا بھیجتے تھے وجہ اس کی یہ ہے کہ جب حضرت سعد بن عبادہؓ کی والدہ مرگئیں انہوں نے
پوچھا یا رسول اللہ کون سا صدقہ بہتر ہے آپ نے فرمایا پانی تب انہوں نے ایک کنواں یعنی چاہ تیار کرایا اور کہا ہٰذہ لام سعدؓ یعنی یہ چاہ سعدؓ
کی والدہ کا ہے اس کو ثواب پہنچے یہ مشکوٰۃ میں حدیث ہے پھر ہر کوئی تو کنواں یعنی چاہ کھدوانے کا بنانے کا مقدور نہیں رکھتا اس لئے
مسلمانوں میں یہ قاعدہ ٹھیر گیا تھا کہ کورے گھڑے مسجد میں بھیجا کرتے تھے کہ حضرت نے پانی کو اچھا صدقہ فرمایا ہے اگر کنواں نہ بنایا ہمارا گھڑا
بھرا ہوا مسجد میں رہے گا کوئی اس سے پیاسا پانی پیے گا کوئی وضو وغسل وغیرہ کے خرچ میں لاوے گا یہ اصل ہے گھڑا بھیجنے کی اور چالیس روز تک

ناظرین کو کردینا ضرور ہوا کہ کم علمی اور کوتاہ فہمی مؤلف کی اور جہل مرکب اور دعویٰ بے مغز اس کا سب پر روشن ہو جاوے کہ کس حوصلہ پر کتاب
لکھ کر کمر بر اضلال خلق اللہ تعالیٰ باندھی تھی **قولہ لمعہ خامسہ الخ اقول**

مسجد میں گھڑا بھیجنے کی بحث

قولہ لمعہ خامسہ الخ اقول گھڑے مسجد میں پہلے دیا کرتے تھے وہ متروک ہو گئے تو مؤلف کو افسوس ہے کہ یہ بدعت
کیوں مرتفع ہو گئی اصل اس کی یہ تھی کہ ہنود بارہویں روز گھڑا اس جگہ جہاں مردہ جلاتے ہیں رکھ کر چلے آتے ہیں مسلمانوں نے بھی اس کو دیکھ کر
شروع کیا کہ مسجد میں پانی کا گھڑا بھر کر بھیجدیا کریں کیوں کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مسجد میں گھڑا بوریا لوٹا چراغ وغیرہ سب دینا موجب اجر ہے
مگر بطور رسم دینا کہ جس میں تشبہ لازم آئے اور خاص گھڑا ہی ضروری جان کر دینا اگرچہ ضرورت اس کی مسجد میں نہ ہو یہ بدعت تھا اور
کبھی وقت ہوتی تھی کہ گھڑوں کو فروخت کرتے پھرتے تھے یہ رسم کچھ ترک ہو گئی ہے مگر چہلم کا گھڑا اب بھی اکثر عوام میں ہے خیر یہ تو یہ ہے الگو جولانی
طبع مؤلف کی قابل داد ہے کہ حدیث میں تو صدقہ پانی کا آیا ہے کہ پانی کو صدقہ جاریہ کرے یہ معنی کہ چاہ کھود کر پانی نکال کر اس پانی کو صدقہ
کرے مؤلف اس سے ظرف اور ٹھیکرے کا صدقہ سمجھ گیا پانی سے گھڑا لینا مؤلف کا ہی فہم عالی ہے پانی اور مٹی دو ضدیں ہیں اس کو اس سے کیا
علاقہ یہ مقرر کہ گھڑا دینا بلکہ مٹی کا ڈھیلا بھی دینا موجب ثواب کا ہے مگر پانی کے صدقہ سے گھڑے کا صدقہ کیسے نکالا چاہ کا گھڑا تو مقصود نہ تھا پانی
کی ذات سے مقصود اور پانی ہی کا صدقہ مراد ہے ہاں اگر فرماتے کہ صہریج وحوض بنوادے کہ صہریج میں کوئی پانی بھرتا ہے گھڑے میں بھی کوئی
بھردے گا اور جو بوجہ مناسب ظرف کے یہ استخراج ہے کہ ما را اعانت ملے گی تو پھر اس پر کیا حصر ہے کل کو مؤلف ذرا چکنی مٹی کا بھی حکم دے گا
کہ صدقہ کرو مسجد میں ڈال آؤ اور لوٹا اور ٹوکرا ٹیوں کا کہ اس سے گھڑا بن کر اعانت پانی کو ہووے گی اور مؤلف حدیث سعد سے استخراج کرنا دلیل کا بیان
کرے گا یہ نہ سمجھا کہ پانی کا صدقہ گھڑے کی صورت میں پانی گھڑے میں بھرنے والے کی طرف سے ہوگا نہ گھڑے والے کی غرض ایسی تقریرات
بیہودہ اور استخراجات قلبیہ کام مؤلف کا ہے اگر ایسا احیاء اس بدعت کا مقصود تھا سید الابرار مسجد میں گھڑے کام آتے ہیں نہ یہ کہ چاہ کو اصل بنا کر
بے خوبی فہم ظاہر کرتا اور پھر یہ کہ فقط اصل نکل آنا تو جواز کے لئے کافی نہیں اس کے سب عوارض بھی رفع ہونے ضرور ہیں کہ تشبہ ہو اور تعیین
نہ ہو اور اس کو مؤکد وواجب جانتا نہ ہو اور فخر وریا سے نہ ہو ورنہ یہی اگر مؤلف کا علم وفہم ہے تو دھوتی کفار کی اصل تہمد ہے اور من
کل وجوہ مشابہت بھی نہیں حسب زعم مؤلف کے پس سنت ہوا اور حضرت عثمانؓ سے منقول ہے کہ ایک طفل کے چہرے پر سیاہ ٹیکہ نظر بد کے
سے لگوایا تھا سو تلک کی اصل نکل آئی تو یہ بھی جاری کرے ---------- اور سوت کا پہنا کرتہ ثابت ہے سو زنار سوت کی اصل

کھانا بھیجنے کی وجہ یہ ہے کہ فقہاء نے لکھا ہے یستحب ان یتصدق عن المیت الی ثلاثۃ ایام یعنی مستحب ہے کہ صدقہ دیا جاوے میت کی طرف سے تین دن اور بعضوں نے لکھا ہے الی سبعۃ ایام یعنی سات دن تک اور بعضوں نے اربعین یعنی چالیس دن لکھے ہیں یہ روایتیں خزانۃ الروایات اور شرح برزخ وغیرہ میں ملیں گی غرض ان سب روایات کے سبب آدمی چالیس دن تک برابر روٹی محتاج کو میت کی طرف سے دیتے ہیں باقی رہا چہلم وغیرہ تو صورت اس کی یہ ہو کہ جو جھگڑا اسکو منع کرتے ہیں انکی چند دلیلیں ہیں ان کا حال معلوم کرنا چاہیئے بعد ازاں وجہ جواز سمجھنی چاہیئے

بھی نکل آوے پھول سونگھنے درست ہیں پھولوں کے سہرے کی اصل نکلی، علی ہذا صدہا مسائل کی اصل نکلتی ہے اور مؤلف سب کو جائز کہے گا اگرچہ کھڑی ہو لا حول ولا قوۃ الا باللہ مؤلف کو اپنی کم فہمی ہانکنی ہے نہ رسم جاہلیت کا اندیشہ نہ ریا ورفع بدنامی کی وجہ سے کرنے کا خدشہ نہ منع تعیین بالرائے کا کھٹکا نہ تشبہ کفار کا خطرہ نہ اپنی عاقبت و ایمان اور ضلال خلق کی پرواہ اپنی منہ زوری کرنی خواہ کچھ ہو فقط

چالیس روز تک کھانا بھیجنے کا بیان

قولہ چالیس روز تک الخ اقول ابتدائے موت کے وقت صدقہ خیرات عمدہ امر ہے ایصال ثواب کا انکار نہیں یہ ذکر ہو چکا ہفتہ تک چلے تک دو ماہ تک کم زیادہ حسب مقدور خالصاً لوجہ اللہ تعالیٰ کرو کہ جس میں کوئی خلاف شرع نہ ہو جائے مؤلف خواہ مخواہ اہل سنت کو مانع صدقہ کہتا ہے اور وہ ہرگز صدقہ کو منع نہیں کرتے اس کو منع کرتے ہیں جو شرعاً ممنوع ہو امثل تشبہ بکفار لازم لازم شدے اور مؤلف بھی اس کو قبول کرتا ہے یا تعیین بالرائے کہ تغیر حد شرع[1] ہے اور اس کو بھی مؤلف قبول کرتا ہو پس اگر کسی نے طعام للفقراء خالصاً لوجہ اللہ تعالیٰ کیا اور ان دو امر میں سے ایک یا دونوں اسمیں پائے گئے تھے تو ثواب پہنچے گا مگر اس فعل سے گنہگار ہوگا اور مجموعہ اس کا مکروہ ہو جاوے گا اس امر کو ہر ناظر خوب محفوظ رکھے کہ مؤلف اس کوتاہ نظری نے خراب کیا ہے کہ بدون سمجھے لڑنے کو آمادہ ہوا ہے یا تخصیص طعام اور اس کو بھی مؤلف مانتا ہے کہ تغیر حکم شرع کا ہے پس اس قسم کی ہے چالیس روز کی روٹی کہ اگرچہ گھر میں روٹی گوشت کھا دیا مگر وہ کر روٹی گھی سے مل کر شکر ڈال کر مسجد ہی میں خاص کر دیویں نہ کسی بیوہ غریب کو نہ کسی حاجت مند کو اور نہ عمدہ کھانا اس میں غالب رسم محض ہو اور شاید ایصال ثواب بھی ہو سو قبول خالص جو تا ہو نہ مخلوط یا رسم ضروری جانتا کہ خواہ مخواہ کرے اگرچہ مقدور نہ ہو اور یہ بھی مؤلف جائز نہیں لکھتا کیونکہ وہ خالصاً لوجہ اللہ ایصال کیواسطے شکم پروری کرتا ہے نہ رسوم کے واسطے یہ وہ طعام ہے جسکو ناجائز وغیرہ لکھتے ہیں اور بدعت سیئہ کہتے ہیں یا فخر و ریا کرنا یا شرم برادری سے کرنا اس کو بھی مؤلف نصائح میں منع کرتا ہے اور یہ سب جگہ حرام ہے غمی ہو یا شادی اور کھانا اس کا درست نہیں سو فی الواقع مؤلف اصول میں مخالف نہیں مگر اپنی کج فہمی اور کم علمی سے اور نفس سخن پروری سے مخالفت جزئیات میں کر کے اوراق سیاہ کرتا ہے اور اوقات اپنی بے سود کر کے اپنی حقیقت ظاہر ظاہر کرتا ہے اور فی الواقع یہ نزاع بسبب کم فہمی اور نفسانیت سے ہے خوب محقق ہے کہ چہلم رسم کے کرنے میں ایصال ثواب مقصود نہیں گو کوئی تاویل کرے اور پھر فرق ہے چالیس روز تک صدقہ کرنے میں اور چالیسویں روز چہلم کرنے میں کما لا یخفی چونکہ مؤلف یہاں بھی چھوڑ گیا اس واسطے ہم نے بھی اس پر کچھ تعرض نہیں کیا ایصال ثواب کو کوئی منع نہیں کرتا اور تعینات لاریب سب بدعت ہیں۔

چہلم ورسم وغیرہ کی تحقیق

قولہ ان کی چند دلیلیں ہیں الخ اقول دلیلیں یا تعین بدعت کی وہی ہیں جو کلیات احادیث وفقہ سے ثابت ہولیں اور دیگر روایات جزئیہ فروع ہیں نہ ان کی ضرورت ہے نہ ان پر کوئی امر موقوف ہو مگر مؤلف اپنی کم فہمی سے ان کو ہی بنا منع جان سو یہ سخت خطا ہے ان روایات کی بحث میں مؤلف اپنا وقت ضائع کرتا ہے اور ہم کو بھی اس کی ان روایات کے جواب دینے کی ضرورت نہیں مگر مؤلف کو چونکہ اپنا علم جتلانا ہے تو ہم کو بھی اظہار اس کی کم فہمی کا کرنا پڑا

[1] حدود شرعی میں تبدیلی کے خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کے جیسا کہ پوشیدہ نہیں ہے

دلیل اول - عبارت شرح منہاج نووی شافعی کی ہے جو سیف السنۃ کے صـ۱۲ وصـ۲ میں ہے الاجتماع علی المقبرۃ فی الیوم الثالث وتقسیم الورد والعود واطعام الطعام فی الایام المخصوصۃ کالثالث والخامس والتاسع والعشرین والاربعین والشہر السادس والسنۃ بدعۃ ممنوعۃ"
جواب اس کا یہ ہے کہ شرح منہاج میں دو امر کا ذکر ہے ایک تو جمع ہونا تیسرے دن مردہ کی قبر پر اور وہاں جاکر گلاب کے پھول اور عود یعنی اگر کی بتیاں وغیرہ حاضرین مجلس پر تقسیم کرنا سو اس کا ذکر تو بیان سوم میں گذر چکا تھا۔ الاقتصار یہ کہ لوگوں نے نہایت تکلفات بے ہودہ ایجاد کئے تھے اور وہ تکلفات بھی کرتے تھے گور میت پر پس ممنوع ہونا اس کا یہ سمجھ ہے چنانچہ ہم خود اس کی ممانعت پر تصریح کر چکے اور بعد ممانعت علماء کے

دلیل اول شرح منہاج کی عبارت اور اس میں مؤلف کی تشریح

قولہ دلیل اول الخ اقول شارح منہاج میں تین چیز کا ذکر ہے قبر پر تیسرے دن جمع ہونا اور عود اور ورد کی تقسیم مطلقاً قبر پر ہونا یا غیر قبر پر کسی روز ہو اور کھانا کھلانا ایام مخصوصہ میں اور ہر سہ کو وہ بدعت کہتا ہے اور اصل یہ ہے کہ حدیث جریر میں اجتماع الی اہل میت کو منع فرمایا ہے اور اس میں کوئی تعیین یوم کی نہیں اور نہ تعیین قبر کی پس مطلق جمع ہونا بدعت ہے اور قبر پر روز سیوم جمع ہونا بھی فرد اس اجتماع کی ہے تو ہر چند مطلق اجتماع تو ممنوع ہے مگر ہر شخص اپنے ملک کی رسم کو منع کرتا ہے علی ہذا شارح منہاج کی بلاد میں اجتماع القبر یوم ثالث ہوتا تھا اس نے اس کی تصریح کی حالانکہ یہ قید واقعی ہے نہ احترازی کیونکہ حدیث جریر میں عموماً سب کو منع لکھا ہے مگر مؤلف اپنی تیزی فہم سے قید کو احترازی سمجھ گیا اور حدیث جریر کو ذہن مؤلف میں خدانخواستہ عبور ہی نہیں جو مطلع ہوتا اور ہمارے ملک میں اجتماع روز سویم ہے مگر قبر پر نہیں پس منہاج کی قید سے اس کا جواز نہیں ہو سکتا جیسا مؤلف کو دھوکہ ہوا ہے ہاں بعد ختم کے دستور تھا کہ شرفاء مکان میت پر جاتے تھے اب متروک ہو گیا ہے اطراف قوم میں اب بھی جاری ہے بہر حال اجتماع خواہ روز سویم ہو یا پس و پیش[2] قبر پر ہو حدیث جریر سے ممنوع ہے اور ہمارے ملک میں روز سویم کی قید ہے اور شارح منہاج کے بلاد میں بھی قید تھی سو سب ممنوع ہیں اور یہ قید شرح منہاج کی احترازی نہیں اور تقسیم ورد وعود بھی ہر روز بوجہ میت کے بدعت ہے اس میں بھی کوئی قید یوم و قبر کی نہیں اسی واسطے شارح منہاج مطلق کہتا ہے یہ مؤلف کی خوش فہمی ہے کہ دونوں کو جمع کر کے ایک بناتا ہے یہ نہیں بلکہ یہ مستقل رسم ہے ہمارے ملک میں اب بھی اکثر جگہ ہے کہ بعد ختم کے مثلاً گلاب کٹورہ میں لے کر سب حاضرین کے سامنے پیش کرتے ہیں یہاں گلاب عطر و تقسیم ہوتا ہے وہاں عود[3] اور ورد تقسیم ہوتا تھا پس اس میں قید قبر کی اور سویم کی کچھ نہیں مطلقاً بدعت ہے اور اس کی اصل وہ ہے کہ حضرت ام حبیبہؓ کو جو خبر اپنے والد یعنی ابو سفیانؓ کی موت کی پہنچی تو انہوں نے خوشبو اپنے عارض کو لگائی اور فرمایا مجھکو حاجت نہ تھی اس کی میں نے سنا کہ فخر عالم فرماتے تھے کہ نہیں حلال کسی عورت مومن کو کہ سوگ[4] کرے تین روز سے زیادہ مگر زوج پر دس روز چار ماہ سو یہ خوشبو کی یہ تھی رفتہ رفتہ تقسیم تک نوبت پہنچی اور بدعت ہو گئی کہ سب حاضرین برادری سوگی بن گئے اگر بعض بلاد میں قبر پر جاکر تقسیم ہوتی ہے تو یہ بھی داخل اس میں ہی ہوا بہر حال تقسیم ورد مطلقاً بدعت ہے خواہ روز سویم ہو یا اور کسی دن خواہ غیر قبر پر تو یہ شارح منہاج نے اپنی بلاد کا بیان کیا ہے اپنی بلاد کی رسم پر اور اگر قیود روز اور قبر کی زائد بھی ہو دیں تو احترازی نہیں تاکہ بلا قیود کے جواز ہو جاوے اگر کہا جاوے ہے تو اہل میت کے واسطے مباح تھا اگر درجہ اباحت سے نہ بڑھے پس اس کو خواہ مخواہ مقید قبر یوم ثالث سے کرنا کم فہمی مؤلف کی ہے بلکہ یہ مستقل بدعت ہے اور ہر حال مذموم پس بحث عطف کی مؤلف نے جو لکھی بالکل لغو غلط ہے متعلقات معطوف علیہ کے معطوف میں خواہ مخواہ کوئی قاعدہ نہیں اگر قرآن بھی مؤلف پڑھا ہوا ہوتا تو ایسی بات نہ کہتا ھدی للمتقین الذین یؤمنون بالغیب

۱ مومنین کے تیسرے روز جمع ہونا ۲ آگے پیچھے ۳ اگربتی کہ لوبان ۴ ماتم

جن بعض آدمیوں نے یہ رسمیں ایجاد کی تھیں چھوڑ دیں اب یہ رسم کہیں نہیں دوسری بات شارح منہاج سے یہ نکلی کہ کھانا کھلانا تیسرے دن اور پانچویں دن اور نویں دسویں بیسویں چالیسویں دن اور چھٹے مہینے برسویں دن بدعت منع ہے سو یہ ظاہر ہے کہ کھانا ان ایام میں قبر مردہ پر جا کر کھلاتے تھے تقسیم الورد اور اطعام کا معطوف ہونا لفظ الاجتماع پر دلیل ظاہر ہے اس بات پر کہ قبر پر جمع ہوتے تھے اور وہاں تقسیم خوشبو کرتے تھے اور وہاں یہ کھانا ایام مخصوصہ میں کھلاتے تھے اور علاوہ قرینہ عبارت کے خود بزازیہ میں تصریح ہے کہ کھانا لیجانا [2] کی مکروہ الی الطعام الی القبر فی المواسم لفظ مواسم جمع ہے موسم کی اور موسم لغت میں کہتے ہیں ایک چیز کے وقت کو اور جمع ہونے کی جگہ کو کذا فی المنتخب وغیرہ پس معنی یہ ہوئے کہ مکروہ ہے کھانا لیجانا قبر مردہ پر ایام مقررہ میں اس سے صاف معلوم ہوا کہ تیجہ کر نویں دسویں دن اور چھ ماہی اور برسی اور ایام عید و شب برات وغیرہ میں جو کہ ایام واسطے فاتحہ اموات کے معین ہیں اہل اسلام میں بعض آدمیوں نے بعض شہروں میں کھانا قبر پر لیجانا اور اس جگہ جا کر کھانا رسم کر لیا تھا ان کو اہل فتوی نے منع کیا اور نصاب الاحتساب بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے کہ لکھا ہو دیشرب ون الشربۃ عند القبور وفی الحدیث اکل فی المقابر یقسی القلب یعنی پیتے ہیں شربت قبروں کے پاس حالاں کہ حدیث میں آیا ہے کہ کھانا قبرستان میں سخت

ویقیمون الصلوٰۃ الخ یومنون بہ بالغیب کی تبدیل یا اد یقیموں بیل ور یؤتون میں نہیں یساہی صدہا مسئلہ موجود ہیں مگر ایک مشکل ہو گئی کہ خوشبو کی اصل حدیث ام حبیبہؓ سے مؤلف نے سن لی ہے تو ہر گاہ کہ چاہے گھر ثابت ہو گیا تھا یہ تو بعینہ وہی ہے بس اب شرح منہاج پر چاہے ضعف روایت کا حکم دے کر یا ان کو حدیث نہیں پہنچی یا یہ کہ وہ شافعی ہیں اس رسم کو بھی مؤلف جاری کر دیوے استعطر الشدا اور اطعام ایام مخصوصہ میں مطلق ہے اس میں بھی کوئی قید قبر یا غیر قبر کی نہیں بلکہ قیدوں کی بھی نہیں اور یہ وہ طعام ہے کہ حدیث جریر میں فرمایا کہ وصنعہم الطعام الخ پس یہ طعام بھی مطلقاً ممنوع ہے خواہ کہیں ہو خواہ کہیں ہو شارح منہاج نے ایام کی قید لگائی اپنے ملک کی عادت پر اور بزازیہ نے قید علی القبر لگائی اپنے بلاد کے عرف پر پس بہر حال یہ طعام مکروہ ہے مطلقاً بعض مگر جو فقراء کے واسطے ہو بطور صدقہ تو نفس طعام مباح ہے فقراء کو اگرچہ یہ تعیین یوم کی بدعت ہے جس میں بہت کچھ بحث ہو چکی ہے پس شارح منہاج اطعام الطعام کو مکروہ کہتا ہے اس طعام کو مکروہ نہیں کہتا اگرچہ سب مسائل کو شامل ہو گیا پس مؤلف کا علی القبر اضافہ اپنے فہم سے کرنا ثمرہ کم فہمی کا ہے ورنہ مسئلہ صاف ہے اور اس کی شرح کرنا بزازیہ کی روایت سے اس وقت ضرور تھی جو مطلق کے معنی میں کچھ تردد ہوتا ہر گاہ کہ حدیث جریر نے مطلقاً سب کو منع کر دیا تو مطلق منع ہو گیا عبارت یہ ہے کہ بزازیہ میں خود اس طعام ایام مخصوصہ کو مکروہ لکھا ہے چنانچہ دوسری دلیل میں مؤلف نقل کرتا ہے اور نقل طعام کو بزازیہ نے دوسرا مسئلہ بنایا ہے **قولہ** ویکرہ اتخاذ الطعام فی الیوم الاول والثالث بعد الاسبوع ونقل الطعام الی المقابر فی المواسم الخ اور مکروہ ہے کھانا تیار کرنا یوم اول یوم ثالث اور ایک ہفتہ کے بعد اور خاص مہینوں میں قبر پر کھانا لیجانا۔ پس اس عبارت سے صاف معلوم ہے کہ نقل الطعام دوسرا مسئلہ ہے مگر مؤلف کو تمیز نہیں اور صدقہ کھانا ہر روز مستحق کو حلال ہے مگر یہ تعیین مکروہ ہے اور بھی بوجہ اعانت مکروہ کے اس کی اجابت نہ چاہیے کہ مکروہ جیسا دعوۃ المنابا میں نہی قبول ضیافت کی وارد ہوئی ہے پس مؤلف یہ سب توجیہات محض ناواقفیت قواعد دین سے ہے اور شرح منہاج سے کراہت چہلم وہم وغیرہ کی سب ظاہر ہے الغرض استدلال مانع بدعت کا تو اس روایت منہاج سے یہ تھا کہ ایام مخصوصہ کی ضیافت کو بدعت ممنوعہ لکھا ہے سو اگر یہ طعام بوجہ رسم ہے تو ایک بدعت کی رسم ہوئی اور یہ چہلم ہمارے ملک کا بھی رسم ہوتا ہے ایصال ثواب مقصود نہیں ہوتا اور دوسری وجہ اس میں تعیین وقت کی

ے سینکڑوں سے کھانا کھلانا کے نتیجہ

کھودتا ہے لوگوں کو پس علماء دین نے وجہ ممنوع اور مکروہ ہونے کی ممانعت حدیث شریف کی بیان کی ہے کہ احادیث سے قبروں پر کھانا پینا منع ہے نہ یہ نہیں لکھا کہ یہ کھانا باعث خاص کرنے دن کے مکروہ ہے اور ظاہر ہے کہ ان ملکوں میں جو فاتحہ دسویں بیسویں چالیسویں وغیرہ کی کرتے ہیں مقابر پر نہیں کرتے تو وہ جائز ہوئی دوسری دلیل فتاوی بزازیہ کی عبارت ہے جو کہ مستملی شرح منیۃ المصلے میں منقول ہے ویکرہ اتخاذ الطعام فی الیوم الاول والثالث وبعد الاسبوع ونقل الطعام الی المقابر فی المواسم واتخاذ الدعوۃ بقراءۃ القرآن وجمع الصلحاء القراء للختم اور قراءۃ سورۃ الانعام او الاخلاص اس عبارت سے تین مسئلے پیدا ہوئے ایک یہ کہ مکروہ ہے کھانا تیار کرنا میت کا پہلے دن اور تیسرے دن اور ہفتے کے بعد یعنی آٹھویں دن جواب اس کا یہ ہے کہ اس میں دسویں بیسویں چالیسواں کا نام بھی نہیں پھر یہ عبارت کس طرح جہلم وغیرہ کی ممانعت پر دلیل ہو سکتی ہے اور اگر اجتہاد کر کے قیاس قائم کرو کہ جس طرح بزازیہ میں ان ایام کو منع کیا ہے ان ایام میں منع کرتے ہو تو اس کو بھی ہم رد کرتے ہیں دو وجہ سے ایک وجہ یہ کہ خود شارح منیۃ المصلی نے عبارت بزازیہ کی نقل کر کے اس کو رد کیا ہے اور اس کھانے کا مکروہ ہونا مسلم نہیں کہا اور یہ لکھا ہے ولا یخلو عن نظر لانہ لا دلیل علی الکراھۃ یعنی مکروہ کہنا اس کھانے کو خالی بحث کر کیا اس واسطے کوئی دلیل کراہت پر نہیں الی آخرہ پس جب کہ خود شارح منیۃ المصلی نے کراہت کو مسلم نہیں رکھا ہم بھی مسلم نہیں رکھتے معلوم نہیں

اور اس کو بھی شارح نے منع کیا ہے تو دو وجہ بدعت ہونے کی پائی گئیں اول جو لوجہ اللہ تعالی ایصال ثواب کا طعام ہے تو تعیین وقت کی وجہ سے بدعت ہو گیا گو طعام میں جواز ہو مگر بہر حال تعیین وقت منع اور بدعت رہا بہر حال پس ہمارے ملکوں میں بھی اگر کسی کی نیت ایصال ثواب کی ہی ہووے گی تاہم یہ وجہ تعیین وقت کی بدعت ہونے کی ہر حال موجود ہووے گی ورنہ اصل جہلم ہمارے ملک میں بھی دونوں وجہ موجود ہیں اور مؤلف اس کو ہرگز نہ سمجھا اور فہم مطلب میں یہ خطائیں کیں کہ اجتماع کو کہ مطلق الی اہل المیت حدیث جریر سے ممنوع تھا مقید بہ لاکن علی القبر کیا اور خلاف حدیث کے بنایا اور اس قید کو احترازی ٹھیرایا حالاں کہ واقعی نہیں اور تقسیم الورد کو بھی مقید کیا حالاں کہ وہ مطلقاً ممنوع تھا اور اطعام طعام کو جو حدیث جریر سے ممنوع مطلقاً ہو گیا تھا مقید علی القبر اور خلاف حدیث وفقہ کے بنا دیا اور تعیین وقت جو ممنوع تھا اس کے منع سے محض انکار کیا اور تین مسئلوں کو دو بنا دیئے اور استدلال کو بالکل نہ سمجھا اور عطف کی بحث بے معنی لکھدی کہ پس اب حسن و علم و لیاقت کا سب پرورش ہو جاوے گا کچھ بھی تو مس اس فہم کتب سے نہیں اور تکبر و دعوی کی کوئی نہایت ہی نہیں قولہ یہ نہیں لکھا کہ یہ کھانا پینا باعث الخ اقول مؤلف کی چشم فہم حق بین بند ہے شارح منہاج نے تو یہ لکھا ہے کہ ایام مخصوصہ میں اطعام بدعت ہے نہ یہ لکھا کہ قبروں پر لیجانے کی وجہ سے بدعت ہے نہ یہ لکھا کہ تعیین یوم کے سبب سے بدعت ہے مؤلف دوسری روایت سے قبر پر لیجانا ثابت کرتا ہے حالاں کہ وہ دوسرا بدعت ہے چنانچہ بزازیہ سے واضح ہے ایسا ہی تعیین یوم کی بدعت پہلے محقق ہو چکی اور مؤلف بھی تخصیص کی بدعت ہونے میں معترف ہو لیا ہی ہوش کرے تو سب کچھ لکھا ہے اور خواب غفلت میں رہے تو اس کے نزدیک کچھ بھی نہیں لکھا اور مقابر پر لیجانا دوسری بدعت ہوا ایک دوسرے سے کیا علاقہ پس اگر ہمارے بلاد میں قبور پر نہیں جاتی تو تعیین یوم کی ہی بدعت کراہت کو کافی ہے چہ جائیکہ دوسری وجوہ بھی موجود ہوں

عبارت بزازیہ مؤلف کی خوش فہمی

قولہ دوسری دلیل الخ اقول مؤلف کے فہم پر آفریں ہے عبارت بزازیہ میں یوم اول وثالث وبعد اسبوع کے طعام کو مکروہ صاف کہا ہے غرض یہ کہ ایام معینہ کر کے طعام پکانا درست نہیں جب ان ایام میں درست نہیں تو دسویں بیسویں چہلم میں بھی درست نہیں وہ بھی تعیین یوم ان ایام میں سے ان کے عرف میں اول وثالث کو پکتا تھا ہمارے عرف

جن حضرات نے یہ عبارت بزازیہ کی شرح منیہ سے نقل فرمائی تو ایک سطر کے بعد شرح منیہ میں اس پر اعتراض لکھا تھا کہ کیوں نقل نہ فرمایا دوسری وجہ رد استدلال مانعین کے لئے یہ ہے کہ اگر طعام ایام مخصوصہ کی کراہت موافق کلام بزازیہ کے مسلم بھی رکھیں تو وہ کراہت خاص اس کھانے کے لئے ہو سکتی ہے جس کو وارثان میت بعض ملکوں میں فخریہ طور پر کرتے ہیں اور جس طرح شادی عروسی وغیرہ میں شان اور فخر کے ساتھ کھانا کھلانے کا دستور تھا اسی طرح میت کا کھانا تکلف اور زینت سے اغنیاء اور امیروں اور عزیزوں قریبوں کنبہ والوں کو کھلاتے تھے جس طرح محدث دہلوی اور فقیہ شامی کے کلام سے عنقریب دلیل تیسری میں نقل کیا جاوے گا لیکن اس کی ممانعت بھی ایسی ہے کہ اس عبا

ہیں دوسری وجہیں کو مثلاً ایسے جزئیات سے استدلال خاص تام مدلول کا کہاں ہوتا ہے جو یہاں مؤلف طالب ہے یہ نہایت فہم مؤلف کا ہے ایک جزئیہ سے دوسرے جزئیہ پر اشتراک کلیہ و علت کی وجہ سے دلیل لائی جاتی ہے یہ معنی کہ دونوں جزئیہ ایک کلیہ میں درج ہیں مثلاً نیند سے بھنگ کی حرمت پر بوجہ سکر کے مؤلف صاحب کا فہم قاصر ہے اب جہ رد مؤلف کے اس قیاس کو سنو ایک یہ کہ شرح منیہ نے اس کو نہیں مانا سو پہلے ہم لکھ چکے کہ رد المحتار نے شرح منیہ کا قول بوجہ معقول رد کر دیا ہے تو بزازیہ کا قول درست رہا اور قیاس بھی صحیح رہا اس کی بحث پہلے بھی ہو چکی ہے دوسری وجہ اس کے رد کی یہ مراد اس طعام سے طعام فخر و ریا کا ہو سو یہ تاویل مؤلف کی بالکل غلط ہے کیوں کہ مطلق کو مقید کرنا بلا قرینہ تو یہ بلا وجہ درست نہیں طعام فخر کا مطلقاً حرام ہے یہاں میت کے طعام میں اس کا ذکر کرنا خصوصاً کیا محل تھا جیسا فخر کا کھانا یہاں مکروہ ہے بلا فخر بھی برادری کو کھانا مکروہ ہے بروایت جریر پس قید فخر کی لغو ہے اور مؤلف جو دلیل اس کی بیان کرتا ہے کہ بزازیہ نے خود کہا ہے وان اتخذ طعاماً للفقراء الخ یہ دلیل محض سفسطہ مؤلف کا ہے کیوں کہ یہ روایت اگر پہلی روایت سے متصل ہوتی تو مضائقہ نہیں تھا یہاں بزازیہ میں پہلی روایت تو کتاب الجنائز کی ہے اور یہ دوسری روایت بزازیہ کی کتاب الاستحسان کی ہے اس واسطے کہ شارح منیہ پہلی روایت کو نقل کر کے کہتا ہے کہ بزازیہ کی کتاب الاستحسان میں یہ دوسری روایت منقول ہے اگر کتاب الجنائز میں ہوتی تو کیوں دوسرے باب کو اس سے نقل کرتا تھوڑی سی عقل درکار ہے پس کس طرح استثناء درست ہو گا عجیب فہم مؤلف کا ہے ایک روایت شرق میں دوسری غرب میں اور استثنا جائز ہوا نہیں بلکہ یہ روایت جدی ہے بہر حال اس روایت بزازیہ واقعہ کتاب الاستحسان سے کوئی قرینہ فخر کا درست نہیں ہو سکتا یہ محض کم فہمی مؤلف کی ہے یہاں یہ بات لاریب ہے کہ یہ حرمت طعام کے اطعام کی ہے اور تعیین وقت کا مسئلہ یوم اول ثالث اور بعد الاسبوع سے نکالا گیا ہے پس اگر طعام برادری کا ہے تو قطعاً ہے دو وجہ سے ایک صنعہ طعام من اہل میت، جیسا حدیث جریر سے معلوم ہوا دوسرے تعیین تقلیداً طلاق مستفاد ہوا اور اگر بہ نیت سے فقراء کے واسطے ان ایام میں ہو تو کراہت تعیین وقت کے سبب سے لازم ہو گی کہ طعام کا ثواب پہنچے بہر حال تعیین وقت کا ہوا جیسا اوپر ذکر ہو چکا مگر یہاں مؤلف کے علم و فہم میں کلام ہے کہ کہاں رکھا رہتا ہے **قولہ** فتاوی عالمگیریہ جلد خامس الخ **اقول** روایت سے غرض مؤلف یہ ہے کہ کچھ ایسی شدید کراہت طعام میت میں بھی نہیں چاہے کھالیوے مگر یہ سراسر کم فہمی مؤلف کی ہے اول جریر میں نیاحت سے اس کو شمار کیا ہے اور نیاحت حرام شدید ہے تو یہ طعام سخت مکروہ تحریمیہ ہوا پھر بزازیہ و فتح القدیر اس کو بدعت کہتے ہیں اور حدیث لاتقبلوا دعوۃ اعتبارنیں فخر کھانے کو حرام فرما رہی ہے کہ مؤلف بھی اس کو قبول کرتا ہے پس فخر کے طعام میت کے درجہ میں رکھنا محض غلط فہمی ہے اور عالمگیریہ کی تمام روایات یہ ہیں حمل الطعام الی اہل المیت والاکل معہم فی الیوم الاول

ﻟﻪ اصطلاح گے بے ذوقی کے بلیغی کہ کھانا کھلانا ہے اہل میت کی طرف سے کھانا تیار کرنا ہے کھلاوے کی دعوت کو مت قبول کر

سے سمجھ لو جو سمجھو تنا ذی عالمگیری کی جلد خامس باب الہدایا والضیافات میں لکھی ہے لا یباح اتخاذ الضیافۃ ثلثۃ ایام فی ایام المصیبۃ واذا اتخذ لا باس بالاکل منہ بعض علماء اس میں تشدد زیادہ کرتے ہیں بعض کم اور صاحب بزازیہ نے جو منع کیا ہے اسی طرح کے کھانے کو منع کیا ہے کہ جو شادی کی طرح ہو دلیل اس کی خود کلام صاحب بزازیہ ہے جو شرح منیۃ المصلی میں اسی مقام پر مذکور ہے وان اتخذ طعاما للفقراء کان حسنا یعنی اگر غریب آدمیوں کے لئے کھانا تیار کریں اچھی بات ہے اگر صاحب بزازیہ کے نزدیک کراہت طعام مذکورہ بباعث تعیین ایام ہوتی تو یوں لکھتا وان اتخذ والطعام فی غیر ھذہ الایام کان حسنا پس صاف معلوم ہو گیا کہ صاحب بزازیہ کے نزدیک کراہت بباعث تخصیص ایام نہیں بلکہ اس لئے کہ وہ لوگ غریبوں کو نہیں کھلاتے تھے اپنے دوست آشنا اغنیاء کو کھلاتے تھے اس واسطے کہا صاحب بزازیہ نے کہ اگر کھانا تیار واسطے غریبوں کے اچھی بات ہو اب مرد منصف کو چاہیئے کہ خدا سے ڈر کر اس دلیل پر نظر کرے اور زبان زوری سخن پروری سے تائب ہو وما علینا الا البلاغ، دوسرا مسئلہ منجملہ تین مسئلوں سے عبارت بزازیہ سے یہ معلوم ہوا کہ کھانا میت کی قبر پر لیجانا مکروہ ہے یہ امر ہم پر حجت نہیں اس لئے کہ اس کو خود مکروہ کہتے ہیں اور یہاں ان ملکوں میں یہ رسم بھی نہیں تیسرا مسئلہ یہ نکلا کہ قاریوں حافظوں کو ختم قرآن کے واسطے جمع کرنا مکروہ ہے سو تحقیق اس کی یہ ہے کہ اگر اہل اسلام جمع ہو کر قرآن پڑھیں برائے خدا اور میت کو بخشدیں اس کا حکم ائمہ مجتہدین اور علماء محققین اور اجماع مومنین سے اور مولوی اسحاق صاحب کے کلام سے ہم ثابت کر چکے کہ وہ ہرگز مکروہ نہیں پس بالضرور مراد صاحب بزازیہ کی یہ ہے کہ موافق رسم بعض ملکوں کے اگر حافظوں کو مزدوری دیکر قرآن پڑھوا دیں یہ البتہ مکروہ ہے اس کی تصدیق کتب

لیکن کذا فی التتارخانیہ لا یباح اتخاذ الضیافۃ ثلثۃ ایام فی ایام المصیبۃ واذا اتخذ لا باس بالاکل منہ کذا فی خزانۃ المفتین وان اتخذ طعاما للفقراء کان حسنا الخ پس پہلی روایت میں ضیافت اہل میت کی بعد ایک دن کے مکروہ لکھی ہے اور پھر خزانہ کی روایت لایا ہے جس سے مراد ہے کہ ہر چند تین روز تک ان کو کھانا دینا مکروہ ہے مگر جو کوئی دیوے تو اہل میت کو کھانا درست ہے قرینہ اس کا یہ ہے ثلثۃ ایام کہتا ہے جس کے معنے تین روز تک ہے نہ تیسرے روز پس پہلے کہا کہ ایک روز کے بعد ضیافت مکروہ ہے پھر یہاں یہ کہا کہ اگر طعام دینا مکروہ ہے مگر اہل میت کھا دیں تو حرام نہیں اور جو مراد اس سے یہ ہو کہ اہل میت کی ضیافت کو کھانا لا باس میں ہے جیسا کو مولف لکھ گیا ہے تو اگر یہ فخر کا کھانا ہے تو کس طرح مباح ہو گا یہ تو حرام ثابت ہو گیا ہے بحدیث لا تقبلوا دعوۃ المتباریین جس کو مولف بھی لکھتا ہے اور جو اہل میت کا بلا فخر ہے تو جریر کی حدیث سے تحریم ہو چکی، بہر حال فخر کا کھانا اور لا باس سے خفت کراہت کا ہونا مولف کے فہم عالی سے اور پس صاف معلوم ہوا کہ عالمگیریہ کی روایت سے فخر کا کھانا ہرگز مراد نہیں ہے اور روایت بزازیہ واقعہ کتاب الاستحسان روایت کتاب الجنائز کا ہرگز نہیں ہو سکتا فقط مولف کی خوبی علم کی ہے پس اس روایت کتاب الاستحسان میں وقت کا ذکر نہیں ہے وان اتخذ والفقراء کان حسنا جس میں کوئی تعیین وقت نہیں کہ جواز تعیین طعام فقراء کا معلوم ہو یہاں پہلی روایت سے تعیین ہونا معلوم ہو گیا اب مولف کو چاہیئے کہ ہماری تحریر کو سوچ کر انصاف کر کے ہٹ دھرمی سے باز آوے اور شرم کرے اور کتب کو غور سے سوچا کرے یا کسی عالم سے تحقیق کر لیا کرے اپنی عقل خام و فہم ناکام پر معتمد نہ ہوا کرے اب سنو کہ روایت بزازیہ میں مولف کو تین نظر آئے اول یہ کہ جس پر بحث ہے دوسرا النقل طعام الی المقابر وہ خود بدعت ہے پہلی دلیل میں ذکر ہو لیا مولف بھی قبول کرتا ہے تیسرا مسئلہ اتخاذ الدعوۃ لقراءۃ القرآن یہ بھی گذر چکا اور سوم کی کراہت اس سے ثابت ہوئی اور چہلم کی

ہندوستان میں کھانا پہنچانا۔

تقہ میں موجود ہے شامی نے باب الاجارہ میں لکھا ہے قال تاج الشریعۃ فی شرح الہدایۃ ان قرء القرآن بالاجرۃ لا یستحق الثواب لا للمیت ولا للقاری وهو بیشیخ الاسلام ان القاری اذا قرأ القرآن باجل المال فلا ثواب له فای شیٔ یهدیه الی المیت . انتہی کلامہ الشامی ملخصاً یہ جو شکر اور چھاؤنیوں میں قرآن اس طرح پڑھواتے ہیں کہ روپے کے تیس قرآن یا چار قرآن کے حساب سے کچھ سیپارہ کا روزمرہ ٹھیرا کر اس کا ٹھیکہ کردیتے ہیں اس طرح قرآن شریف میت کے واسطے پڑھوانا منع ہے اور صفحہ ۱۲ سیف السنۃ میں جو عبارتیں طریقۂ محمدیہ اور قرطبی کی نقل کی ہیں اس میں مراد وہی مزدوری کے طور پر قرآن پڑھنا ہے اس لئے کہ اس وقت میں بعض ملکوں میں یہی دستور تھا اور خود طریقۂ محمدیہ کی عبارت سیف السنۃ میں ہے والماخوذ منہا حرام للآخذ وهو عاص بالتلاوۃ والذکر لاجل الدنیا اور بعض علماء نے جو قبر پر قرآن پڑھوانے کی اجرت جائز رکھی ہے انہوں نے قبر پر آنے اور جانے کی محنت اور اس قدر پابند ہوکر بیٹھنے کی اجرت سمجھ کر جائز کیا ہے اجرت قرآن کی نہیں وہ گویا ہدیہ ہے قاریوں کی طرف سے پس فتاویٰ بزازیہ کی عبارت سے کراہت ان باتوں کی ثابت ہوئی کہ قرآن مزدوری دیکر ختم کرانا مردہ کی قبر پر کھانا لیجانا پہلے تیسرے آٹھویں دن ضیافت اغنیاء و احباب کے لئے کھانا پکانا مکروہ ہے اور جس طرح ہمارے ملکوں میں رائج ہے کہ طعام دسویں بیسویں اور چالیسویں کے حق میں جو خالصاً للہ پکاکر مصیبتوں اور ملانوں کو اپنے گھر بلاکر کھلاویں ہرگز ہرگز کراہت یا حرمت اس کی عبارت بزازیہ سے ثابت نہیں ہوتی بلکہ استحسان اور عمدگی ظاہر ہوگئی ہے کیونکہ اس نے لکھدیا وان اتخذ واطعاماً للفقراء کان حسناً اور صاحب سیف السنۃ اور ان کے وال بزرگوار نے یہ   فقرہ چونکہ حضرت کی مخالف مطلب تھا نقل

شب کو بھی قرآن پڑھواتے ہیں اس کی کراہت بھی اس سے صاف نکلی چوتھا مسئلہ جمع القراء[1] والصلحاء للختم اس کو مؤلف نے تیسرا مسئلہ کہا ہے یہاں مؤلف کو سخت مصیبت پیش آئی کہ مجمع سوم اور چہلم کا ہاتھ سے چلا قسم س کو ناچار رائے ناقص سے یہ ٹھیرایا کہ اجرت پر قرآن پڑھوانا مراد ہے سبحان اللہ جیسا مؤلف اور اس کی برادری اجرت پر قرآن و کلمہ پڑھتے ہیں یعنی نخود یا شیرینی و حلوا یہ یا ضیافت پر تو بزازیہ کے وقت کے صلحاء کو ایسا ہی گمان کرلیا یہ سوچ کر شرم نہ آئی کہ جو اجرت پر قرآن پڑھنے آوے گا صالح کہاں ہوگا دوسرے بزازیہ مطلقاً کہتا ہے مؤلف نے کس قرینہ سے مقید کیا خواہ مخواہ بھلا یہاں کیا قرینہ ہے پہلی روایت میں تو کتاب الاستحسان سے کھینچکر دوسری روایت لایا تھا مگر ہاں یہاں بھی قرینہ ہے کہ آخر بزازیہ کی کتاب الاجارہ میں تو یہ مسئلہ لکھا ہے سبحان اللہ پس یہ صفحہ اجرت قرآن کے باب سے سیاہ کرنا کوتاہ فہمی مؤلف کی ہے معہذا اہتمام اعراس اور ضیافات اموات حلوا شیرینی ہوتا ہے بنانے والا حافظوں اور سب حاضرین کی نیت سے کرتا ہے اور جانے والے حافظ پنج آیت خواں وغیرہ اسی نیت سے جاتے ہیں المعروف کالمشروط پس قرآن کی اجرت کا طعام کھانا اور لینا ثابت ہوگیا قلیل کثیر پھیکی شیریں نمکین کا فرق خود ہی اٹھادیا ہے اس کو یاد نہیں رہا شرح سوال میں لکھ چکا ہے ذرا غور کرے اب آخر میں بعض علماء کا فتویٰ قبر پر آنے جانے کی مزدوری کے حیلہ سے نقل کرتا ہے کہ جنے سوم کے کھانے اور حلوا و فاتحہ و ختم کے کھانے کا حیلہ نکل آوے اور پہلے مولوی عبدالخالق کی نصیحت میں اس کو خود ہی منع لکھ آیا ہے یہاں وہ منسوخ ہوگیا افسوس کہ مؤلف کو اپنا لکھا بھی یاد نہیں رہتا تو وجہ یہ ہے کہ فہم و علم سے کوئی بات لکھتا ہی نہیں تاپ شناپ جو چاہا دوسروں کا قول لکھدیا پھر بھول گیا پس باقی کلام کا جواب ضرور نہیں پہلے لکھا گیا اور فہم مؤلف کا بالکل خلاف کتابچے ہے اور حقیقت مسئلہ اور طعام کی اول تحریر ہوئی مؤلف کی خوش فہمی کا اظہار مقصود ہے اغلاط مؤلف نہیں کہ اہل فہم خود جان سکتے ہیں ۔۔

[1] کبرستان میں کھانا لیجانا [2] قرآن پڑھنے والوں کے لئے دعوت کا اہتمام کرنا [3] ختم کے لئے قراء اور صلحاء کو جمع کرنا [4] مشہور جنیر مشرو طاکی طرح ہوتی ہے

دکھایا لاالفضل والصلوٰۃ پڑھ کر دانتم مشعار بنی پرزبان بند کرلی تیسری دلیل مانعین کی درباب چہلم وغیرہ یہ عبارت ہے کہ سیف السنۃ کے صفحہ ۱۵ میں مرقوم ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے مقالۃ الوصیۃ یعنی وصیت نامہ میں فرمایا ہے دیگر از عادات شنیعہ مردم اسراف است در ماتم وچہلم وششماہی وفاتحہ سالینہ الی آخرہ میں کہتا ہوں اگر یہ لوگ عاقل ہوتے شاہ ولی اللہ کے کلام کو کبھی پیش نہ کرتے اس لئے کہ اس میں چہلم وغیرہ کے کھانے للّٰہی کو نہیں منع کیا اس میں تو اسراف کرنے کو عادت شنیعہ سے لکھا ہے اسراف کہتے ہیں بے اندازہ خرچ کرنے کو اور قرآن شریف میں ہے ولاتسرفوا انہ لایحب المسرفین اسراف کو کون دوست رکھتا ہے شاہ ولی اللہ صاحبؒ کا منشا اس کے بند کرنے میں منع کرنا اسراف کا ہے چنانچہ اس کی برائی انھوں نے بیان کی ہے اور ہم بھی اس کو برا کہتے ہیں اور اسراف لوگوں میں طرح طرح کے مختلف رسموں میں پیدا ہوگئے تھے علامہ شامی نے ضیافت اموات کی شناعت میں لکھا ہے یحصل عند ذلک غالباً من المنکرات الکثیرۃ کایقاد الشموع والقنادیل التی توجد فی الافراح وکدق الطبول والغناء بالاصوات الحسان واجتماع النساء والمردان واخذ الاجرۃ علی الذکر وقراءۃ القرآن الی اخرہ دیکھیے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ موتی کی رسم میں قندیلیں اور شمعیں روشن کیجاتی ہیں اس طرح کہ محافل شادی میں بھی نہ ہوں اور طبلے بجتے ہیں اور گانا خوش آوازی سے ہوتا ہے عورتیں اور بے ریش لڑکے آتے ہیں جو کچھ قرآن پڑھتے ہیں اس کی مزدوری لیتے ہیں یہ عبارت شامی نے باب الجنائز میں لکھی ہے معلوم ہوا کہ بعض جگہ ایسے اسراف بھی جاری ہوگئے تھے اور اسی طرح رسم میں اپنے احباب اور برادران اغنیاء میں حصص بطور توڑہ بندی تقسیم کرتے ہیں غریبوں کو نہیں کھلاتے وہ بھی فی الجملہ اسراف اور خود اسی میں داخل ہے چنانچہ شیخ عبدالحقؒ کی عبارت جو مولوی اسحاق صاحبؒ نے مسائل اربعین کے سوال سی وششم میں جامع البرکات سے نقل کی ہے واٰنکہ بعد از سالے وششماہی یا چہل روز درایں دیار پزندہ درمیان برادران بخش کنند آں ام انجا جی گوینید چیزے داخل اعتبار نیست بہتر آں است کہ بخورانند انتہیٰ واضح ہو کہ شرح منہاج میں جو گذرا کہ ششماہی وسالیانہ وغیرہ کا کھانا مکروہ ہے اس میں ایک یہ بھی سبب ہے کہ مستحق اس کھانے کے ہیں انکو نہیں کھلاتے اور کھانا اس طرح کا تکلفی پکاتے اور اس میں طرح طرح کی زینتیں کرتے ہیں شادی عروسی کے کھانے

قولہ تیسری دلیل مانعین کی درباب چہلم الخ اقول مؤلف شاہ ولی اللہؒ کی عبارت کو بھی نہیں سمجھا افسوس کہ فارسی عبارت کو بھی نہیں سمجھتا تمام عبارت وصیت نامہ کی یہ ہے از عادات شنیعہ ما	تیسری دلیل عبارت شاہ ولی اللہ صاحبؒ اس میں مؤلف کی تحریف

اسراف است در ماتمہا وچہلم وششماہی وفاتحہ سالینہ ایں ہمہ را در عرب اول وجود نبود مصلحت آں ست کہ غیر تعزیت وارثان میت تا سہ روز وطعام ایشاں یکشبانروز رسمی نباشد الخ اب دیکھو اگر مؤلف کو فہم ہوتا تو جان لیتا کہ شاہ صاحب خود رسوم کو اور چہلم وغیرہ کو اسراف میں شامل کرتے ہیں اور وجہ منع کی عرب اول میں نہ ہونا انکار فرماتے ہیں پس جب عرب اول میں نہ تھا تو خود ذات ان رسوم کی ممنوع ہوئی نہ یہ کہ اسراف ان میں نہ کرو وہ صاف فرماتے ہیں کہ بجز تعزیت طعام مسنون رسمی نباشد ان سب کو رسوم میں داخل کیا اور اسراف ٹھیرایا بدعت اور ممنوع ہوگیا ادنیٰ شعور والا بھی جان سکتا ہے اور یہ عبارت شامی کی وہ ہے جس میں اعتراض شامی مذہبیہ کا رد کر دیا ہے مؤلف نے اس کو خیانت سے اختصار کیا ہے اور شاہ صاحبؒ کو یہ بھی محقق تھا کہ چہلم وغیرہ سب رسوم بطور رسم ہی کرتے ہیں ایصال ثواب مقصود نہیں اسی لئے اسراف اور رسوم میں داخل کیا ہے اور اگر محض ایصال ہو اور وقت کی قید ہو تو کراہت و بدعت تعیین وقت کی ہووے گی اور تمام رسوم شادی اور غمی کے سب حرام ہیں مگر اس کی حرمت سے جو اندھیر وغیرہ رسوم کا ہر گز ثابت نہیں ہوتا کیوں چہلم وغیرہ رسوم ہر حال ممنوع ہے

میں دستور ہے اور احباب کی ضیافت خوشی خوشی کرتے ہیں ایسے کھانے کو فقہاء منع کرتے ہیں فتح القدیر شرح ہدایہ میں ہے ویکرہ اتخاذ الضیافۃ من اھل المیت لانہ شرع فی السرور لافی الشرور ویحبۃ الحزن وھی بدعۃ مستقبحۃ الی آخرہٖ اور حاشیہ خزانۃ الروایات میں ہے ولا ضیافۃ فی بیوت الموتٰی وھم فی الحموم یعنی احباب کی ضیافت تکلف اور زینت کے ساتھ اہل میت سے لینا اور کھانا مکروہ ہے کیوں کہ یہ بات سرور میں جائز ہے موت میں سرور کہاں یہاں تو شرور یعنی غم ہیں اور موتٰی کے گھروں میں ضیافت کیسی؟ حال یہ کہ وہ قبروں میں پڑے ہیں واضح ہو کہ جس فقیہ کے کلام میں ممانعت ہے وہ اسی قسم کے کھانے کی ممانعت ہے دلیل اس کی یہ ہے کہ صریح بزازیہ وغیرہ میں موجود ہے وان اتخذ طعاما للفقراء کان حسنًا اور جو لوگ تعینات کے ساتھ ان فاتحات کو جائز رکھتے ہیں وہ سب شرط کرتے ہیں کہ اغنیاء کو کھلا دینا ثواب میں معتبر نہیں چنانچہ تحفۃ النصائح میں ہے ۔ ب سازی طعام مردہ چوں روز سیوم ہفتم چہلم تو باید دہی درویش را ورنہ نباشد معتبر **چوتھی دلیل منع چہلم وغیرہ** پر قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کا یہ قول جو وصیت نامہ میں فرماتے ہیں و بعدہ مردن من رسوم دنیوی مثل دہم و بستم و چہلم و ششماہی و برسینی ہیچ نہ کنند کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم زیادہ از سہ روز ماتم کردن جائز نہ داشتہ تعالیٰ آخرہ، واضح ہو کہ کھانا للہ کھلانا امور دین سے ہے اور قاضی صاحبؒ نے رسوم دنیوی کو منع فرمایا ہے وہ یہ کہ عورتیں جمع ہو کر ان ایام میں رویا پیٹا کرتی ہیں اور یہ ہم خود اپنی طرف سے نہیں کہتے خود قاضی صاحب کی دلیل اپنے منہ بول رہی ہے یعنی منع چہلم وغیرہ کی دلیل یہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین دن سے زیادہ ماتم کرنا جائز نہیں فرمایا پس اس سے یہ ثابت ہوا کہ چھماہی برسی چہلم وغیرہ میں ماتم ہے یہی مولوی اسماعیل صاحبؒ نے بھی تذکیر الاخوان میں لکھا ہے جو عورت ماتم پرسی کو آتی ہے وہ بھی ان کے بیٹھ چلانے میں شریک ہوتی ہے پھر کسی کے یہاں تین دن کسی کے سات دن کسی کے دس کسی کے چالیس دن کسی کے چھ مہینے تک کسی کے برس روز تک کسی کے دو برس تک یہی بات جاری رہتی ہے جتنے دنوں جس قدر یہ نوحہ زیادہ ہو اسی قدر آپس میں

اور چہلم وغیرہ بوجہ ایصال بھی بدعت تعین سے خالی نہیں پس ان روایات کا تکرار و اعادہ ہرگز مفید مؤلف کے مدعی کو نہیں اور پہلے سب کا جواب ہو لیا اور معلوم ہو چکا کہ روایت کتاب استحسان بزازیہ کی مطلق ہے اس میں کسی وقت معین کا ذکر ایصال ثواب کے استحسان میں نہیں اور وقت ذکر دوسری روایت کتاب الجنائز میں تھا اس کا وقت یہاں نہیں آسکتا کہ دونوں میں ہر طرح مباینہ ہے اگر ایصال میں تعین ہوگا وہ بھی بدعت ہوگا اس روایت کے استدلال کو از خطاء رفہم مؤلف کو سب جان سکتے ہیں،

چوتھی دلیل عبارت قاضی ثناء اللہ صاحبؒ | قولہ چوتھی دلیل الخ **اقول** وائے بر فہم مؤلف قاضی صاحبؒ تو صاف لکھتے ہیں کہ رسوم دنیوی مثل دہم و بستم الخ کو لکر رسوم دنیوی میں ان کو داخل کرتے ہیں مؤلف کچھ اور ہی سمجھ گئے اس سے معلوم ہوا کہ دہم وغیرہ رسوم دنیا تھی اور قاضی صاحب ان کو رسوم دنیا جانتے تھے ایصال لوجہ اللہ نہیں تھا یہی مدعی ہے مستدل کا کہ یہ رسوم دنیا ہیں مت کرو باقی ایصال لوجہ اللہ تعالیٰ سو اس کو بلا قید کرو تعین پہلے نصوص سے ثابت ہو گیا کہ بدعت ہے اور قاضی صاحب کی دلیل منہ سے بول رہی ہے کہ ایصال کو بھی چہلم دہم کی طرح مت کرو کیوں کہ لکھتے ہیں، واز مال حلال صدقہ بفقراء باخفاء فرمایند، اگر ایصال کو بطور دہم وغیرہ جائز فرماتے تو وصیت اخفاء کی کیوں کرتے مگر فہم ہو تو سب کچھ ہے آپ مؤلف اس کو نقل کرتا اور نہیں بوجھتا اور صدقہ خیرات کو تو کوئی منع نہیں کرتا یا دہم وغیرہ رسوم کو منع کرتے ہیں یا ایصال کے تعین کو منع کرتے ہیں بہر حال قید دہم وغیرہ بدعت ہے اس کا ثبوت کسی وجہ سے مؤلف نہیں کر سکتا اور تذکرۃ الاخوان سے بھی معلوم ہو گیا کہ یہ سب امور رسمی ہیں اور ایصال ثواب مقصود نہیں اور قاضی صاحبؒ اور شاہ ولی اللہ صاحبؒ

۱؎ مخالفت ۲؎ تضاد ۳؎ خدا کے لئے پہنچانا۔

ان لوگوں کی تعریف ہو اور اگر نہ ہو تو طعن کرتے ہیں کہ فلاں کے ہاں میت کی کچھ قدر نہ ہوئی اور مروج جانتے ہیں کہ صرف دستور رواج کے موافق ان لوگوں کو دکھلانے کے لئے کچھ فاتحہ وغیرہ پڑھتے ہیں اور اس فاتحہ سے مردہ کے واسطے ثواب منظور نہیں ہوتا یہ عبارت ملحض تذکیر الاخوان کی ہے پس قاضی صاحب کا اشارہ ان امور کی طرف ہے ورنہ خود اسی وصیت نامہ میں فرماتے ہیں، واز کلمہ درود وختم قرآن واستغفار واز مال حلال صدقہ بفقرار باخفا امداد فرمایند انتہیٰ، اس سے ظاہر ہوگیا کہ ختم کلمہ قرآن وغیرہ سب قاضی صاحب کے نزدیک درست ہے اور صدقہ کو جو پوشیدہ فرمایا وہ اس لئے کہ اپنے ورثا میں کچھ طریق نمود اور نمایش وغیرہ کا دیکھا ہوگا جیسا کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں اس واسطے اخفار کا حکم دیا ورنہ صدقہ ظاہر کرنا شروع ہیں درست ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان تبدوا الصدقات فنعما ھی شاہ عبدالقادر صاحب نے اس روایت کا ترجمہ اس طرح کیا ہے اگر کھلی دو خیرات کیا اچھی بات ہے اور شاہ ولی اللہ صاحب نے اس کا فارسی ترجمہ یہ کیا ہے اگر آشکارا کنید خیرات راپس نیکو چیز است، اور ظاہر کر کے دینے میں ایک نفع اور بھی ہے تاکہ اور آدمیوں کو ہدایت ہو وہ بھی صدقہ کریں **پانچویں دلیل منع جہلم** وغیرہ کے لئے یہ ہے کہ مسائل اربعین میں لکھا ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا ہر طعام المیت یمیت القلب وطعام المریض یمرض القلب، و در نوادر ہشام آمدہ کہ مکروہ است اجابت کردن طعامیکہ بجہت روح مردہ کردہ باشند یعنی میت

کی تحریر سے بھی واضح ہوگیا اور اب تمام عرف عوام کا ظاہر ہے مگر مؤلف کی چشم حق بیں اور تحقیق وال نہیں،،

پانچویں دلیل نوادر الفتاویٰ کی عبارت اور اس میں مؤلف کی خیانت .... تحقیق مسئلہ

قولہ پانچویں دلیل منع جہلم الخ اقول مؤلف کی دیانت کو سب عقلاء غور فرمادیں کہ خزانہ اور دستور القضاۃ کی روایت ارواح آنے کے باب میں کہ اطلاق نصوص کی مخالف اور بے سند تھی مؤلف نے مؤید اپنی بدعت کی دیکھکر سر پر رکھی نہ صحابی راوی کو پوچھا نہ سند تحقیق کی نہ مضامین خلاف نصوص کی پرواہ ہوئی چنانچہ مفصل گذر چکا ہے اور یہ حدیث اربعین میں جو کہ نوادر الفتاویٰ سے نقل ہوئی تو بزعم خود خلاف اپنی مراد کے جان کر سند کا مطالبہ اور صحابی راوی کا نام اور کتاب حدیث کا نشان دریافت ہوتا ہے پس ایمانداری مؤلف کی اس سے معلوم ہوگئی اگر فقط کسی فقیہ کا نقل کرنا کافی سمجھتا تھا تو یہاں کیوں تامل ہوا اور جو سند کی ضرورت ہے اور حق بھی یہی ہے تو پہلی روایات میں کیوں کوتاہی ہوئی اور جو خلاف صحاح کے ہونے کی وجہ ہے تو وہ احادیث صریح صحاح کی مخالف ہیں چنانچہ بیان ہوا اور یہ کسی حدیث صحیح کے خلاف نہیں کیونکہ مسلم اور بخاری اور موطا میں صریح ہے کہ زکوٰۃ اور صدقات اوساخ الناس ہوتے ہیں اسی واسطے بنی ہاشم کو بسبب ان کے فضل کے اور اغنیاء کو بسبب ان کی عدم حاجت کے حرام اور مکروہ ہوئی اور فقراء کو بسبب حاجت وضرورت کے درست رہی کہ الضرورت تبیح المحظورات کہا گیا ہے اور صدقات میں جو صدقہ دفع وازالہ مرض کے واسطے ہو وہ ممرض قلب ہے اور جو ایصال ثواب میت اور ازالہ اس کی تقصیرات کی ہو وہ ممیت قلب ہے اس حدیث سے یہ معلوم ہوا سو یہ بھی امر معقول ہے کہ غسالہ مرض میں مرض کا اثر قلب آکل پر ہووے گا اور غسالہ معاصی میت میں موت کا اثر ہووے گا جب مطلق صدقہ میں غسالہ تھا یہاں بھی وہی ہے پس ایسے طعام کی فقراء غیر بنی ہاشم کو اجازت ہے مگر ان کو مکروہ نہیں مگر لائق بھی نہیں کہ ان کا قلب لطیف رہنا مناسب ہے بوجہ شرافت علم کے کہ فکر میں تکدر نہ ہو جیسا نظافت ظاہری علماء کو زیادہ لائق ہے پس اس سے نہ صدقہ کرنا منع ہوا اور نہ صدقہ کے کھانے کی حرمت نکلی مگر مؤلف اپنی کم فہمی سے حیران ہوا اس حدیث کو خلاف احادیث ترغیب صدقہ کی سمجھ گیا اور بوجہ اس کے کہ ممیت وممرض قلب ہے اس طعام کو بھی حرام سمجھ لیا ہے

لوگوں کا میل کچیل ؎ قلب کو مریض بنانے والا ؎ قلب کو مردہ بنانے والا ؎ مارنے والا اور بیمار کرنے والا

کھانا دل کو مردہ کر دیتا ہے اور مریض کا کھانا دل کو بیمار کر دیتا ہے اور نوادر ہشام میں آیا ہے کہ مکروہ ہے قبول کرنا اس کھانیکا جس کو روح میت کے واسطے کیا ہووے انتہی کلامہ ہم کہتے ہیں کہ اگر اس حدیث کو صحیح رکھو گے تو دوسری حدیث جو ترغیب خیرات میں میت کی طرف سے آئی ہے اور باجماعِ امت وہ مقبول ہیں ان کا کیا جواب دوگے اور اس حدیث کی اسناد بھی معلوم نہیں نہ صحابی کا نام کہ کس صحابیؓ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اور نہ مابعد صحابیؓ کے اور راویوں کا حال معلوم کہ پھر صحابیؓ سے کن راویوں نے اس کو روایت کیا اور نہ کتاب حدیث کا نام مرقوم کہ صحاح ستہ میں یا کسی اور کتاب حدیث میں یہ حدیث موجود ہے اور قطع نظر ان امور مروجہ اس ملک کی ہرگز صحیح نہیں اس لئے کہ اس حدیث میں لفظ جہلم و بستم و چہلم کے کہاں ہیں اس میں تو مطلق لفظ ہے کہ طعام المیت یعنی کھانا میت کا بلا قید تاریخ مار دیتا ہے دل کو ہم کہتے ہیں جب اس کھانے نے دل کو مردہ کر دیا تو اس کو کون کھاوے گا وہ منع ٹھیرا اور جب وہ منع ٹھیرا تو وہ جو حکم صدقہ کا میت کی طرف سے تمام حدیثوں اور فقہ کی کتابوں میں ہے اور خود مانعین بھی یہ لکھتے ہیں کہ اگر بلا تعیین کرے گا تو

پس اس کو رد کرنے لگا حالاں کہ یہ حرکت ہرگز حلال نہیں کہ اگر کسی جاہل کے فہم میں کوئی حدیث نہ آوے تو خود بخود اس کو معارض سمجھ کر رد کرنے لگے فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون پس ظاہر ہو گیا کہ مؤلف کا یہ نقض و اعتراض کہ اس حدیث سے مطلق صدقہ کی ممانعت ثابت ہوئی تو کون آدمی پیدا کئے جاویں گے کہ ان کا دل مار دیا جاوے گا محض کم فہمی ہے کہ مغز کلام کو نہ سمجھ کر ایسی شوخ چشمی حدیث میں کرتا ہے اور یہ بھی معلوم ہو لیا کہ حدیث نوادر القتادی کی ہے اور مؤلف خود کہہ چکا کہ حدیث ضعیف پر بھی عمل کرنا جائز ہے مگر یہاں آ کر یہ گستاخ کلامی شروع ہوئی اور معنی روایت نوادر ہشام کے یہ ہیں کہ جو طعام مردہ کے واسطے رسماً کیا جاوے اس کی اجابت کرنا مکروہ ہے کیوں کہ وہ طعام مکروہ ہے کہ روایت جریر میں اس کو نیاحت کہا ہے پس حاصل استدلال یہ تھا کہ اطعمۂ دہم و چہلم وغیرہ سب رسمی ہوتے ہیں صدقہ مراد نہیں ہوتا لہٰذا اس کی اجابت مکروہ ہے اور مانعینِ بدعت ان رسوم کو اسی واسطے منع کرتے ہیں کہ صدقہ مقصود نہیں ہوتا مگر مؤلف نہ مراد کو سمجھے نہ فہم روایت سے کام اپنی ڈھل مارے جاتا ہے اور اربعین کی عبارت میں جو تصرف مؤلف نے کیا وہ اب لکھا جاوے گا الغرض صدقہ کا عنداللہ ساغ کا ہونا ثابت ہوا اور فقرا کو اس کا کھانا حلال ہا مگر علماء کو اس سے احتراز اولیٰ ہے خصوصاً جو صدقہ مریض اور میت کے واسطے ہو کیوں کہ اس میں تکدر ہوتا ہے اور تکدر کوئی وجہ کراہت و حرمت کی نہیں شرعاً جیسا شکم سیر کھانا زیادہ سونا زیادہ کلام کرنا موجب تکدر قلب کا ہے مگر حرام نہیں ایسا ہی یہ طعام صدقہ ہے پس علماء کو حرام نہیں مگر احتراز اولیٰ ہے یہ مفہوم حدیث کا ہوا اب سنو کہ طعام میت وہ ہے کہ میت کے واسطے پکایا جاوے اگر بطور رسم کے ہے تو لاریب مکروہ ہے اور اگر صدقہ کی نیت سے ہے اور تعیین وقت اس میں کیا گیا تو بوجہ اس کراہت کے اس میں کراہت ہووے گی اور اگر دونوں بات نہ ہوں، تو اس صدقہ میں کراہت تو نہیں مگر صدقہ کے وسخ کا اثر تاہم ہوتا ہے پس اس صدقہ کی نسبت یہ مضمون ہے جو حدیث نوادر میں وارد ہے اسی واسطے مشائخ صوفیاء اس قسم کے صدقات کو نہیں تناول فرماتے اگرچہ محل وزکوٰۃ صدقہ کے ہوتے ہیں اس کے بعد سنو کہ مؤلف نے عجب کاریگری کی ہے کہ اصل عبارت اربعین کی یہ تھی، در نوادر القتاوی آوردہ کہ اجابت کردن طعامیکہ از بہر مردہ ساختہ باشند مکروہ ہست سہ روزہ و ہفتہ و ماہیانہ و سالیانہ و آں طعام مر علماء و فضلاء را مکروہ ہست قال علیہ السلام طعام المیت یمیت القلب و طعام المریض یمرض القلب و در نوادر ہشام آمدہ کہ مکروہ ہست اجابت کردن طعامیکہ بجہت روح مردہ کردہ باشد انتہی، اب غور کرو کہ یہاں تک نوادر القتاوی

ہے پس اس صدقہ اور طعام کے واسطے کون آدمی پیدا کئے جاویں گے جن کو وہ کھانا میت کا کھلا کر دل ان کا رد یا جاوے چھٹی دلیل منع کی یہ کہ مسائل اربعین میں لکھا ہے ،، در نوادر الفتاوی آوردہ کہ اجابت کردن طعامیکہ از بہر مردہ ساختہ باشند مکروہ ہست سہ روزہ دہفتہ و ماہیانہ و سالیانہ وآں طعام علماء و فضلاء را مکروہ است انتہیٰ، اس عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ برسی اور تیجہ اور چہلم وغیرہ کا کھانا مکروہ علماء و فضلاء کے واسطے ہے اوروں کو مکروہ نہیں اگر سب کو مکروہ ہوتا تو عالموں کا نام لینا کیا ضرور تھا خیر اگر یہ لوگ اسی قدر لکھ دیویں کچھ مضائقہ نہیں اس واسطے کہ علماء و فضلاء تو خود اس کھانے میں کم جاتے ہیں اکثر اور آدمی کھاتے ہیں اگر اوروں کو جائز ہوا یہ بھی غنیمت ہے اور صحیح یہی ہے اس مسئلہ میں بڑی شہرت مولوی اسمٰعیل صاحب کی ہے کہ وہ رئیس المانعین ہیں ان تعینات کو مکروہ وحرام کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے کہ ان کے نزدیک محض باعث ممانعت کا یہ ہے کہ ان کو اپنے ہمعصروں میں یہ معلوم ہوا تھا کہ یہ لوگ خالصًا لِلّٰہ نہیں کرتے بلکہ لوگوں کے دکھانے کو کرتے ہیں اور جبرًا کرتے ہیں چنانچہ صراط مستقیم مطبوعہ میرٹھ کے صفحہ ۲۰ میں لکھتے ہیں، ودر تقسیم طعام سیوم وچہلم بسبب خوف مطعون شدن وسعت وکشادگی می کنند انتہیٰ، اور صفحہ ۳۷ میں ہے، ،او نہ پندارند کہ نفع رسانیدن باموات باطعام وفاتحہ خوانی خوب نیست چہ ایں معنی بہتر وافضل غرض آں ست کہ مقید برسم نباشد بے تعیین تاریخ در روز جنس وقسم طعام ہر وقت وہر قدر کہ موجب اجر جزیل بود بعمل آرد ہرگاہ ایصال نفع بمیت منظور دارد موقوف برطعام نہ گذارد اگر میسر باشد بہتر است والا صرف ثواب فاتحہ واخلاص بہترین ثواب است ودر تعیین تاریخ در روز وقسم و وضع طعام ضیق پیش می آید انسان راخواہ نخواہ انچہ کردن دشوار می

کی روایت تھی مؤلف نے حدیث کو اور نوادر وہ شام کی عبارت کو کہ آخر اس روایت نوادر کا تھا جدا کر کے ایک مستقل دلیل پنجم بنایا اور اول اس عبارت کو دلیل ششم ٹھیرایا یہ محض خطا فہم کی ہے ورنہ یہ سب نوادر الفتاوی کی عبارت تھی سو خیر جو اس نے کیا اپنی کم فہمی سے کیا کسی کو ضرر نہیں پس اس نقص اور کم فہمی مؤلف کا جواب تو ہو لیا اب دلیل ششم میں باتی سنو،

چھٹی دلیل، نیز عبارت نوادر الفتاوی اور اس عبارت ---- کا مطلب

قولہ دلیل ششم منع کی یہ کہ مسائل اربعین الخ اقول اس طعام کی شرح تو پہلی دلیل میں گذر لی، اور نوادر الفتاوی کا مطلب اب سنو وہ کہتا ہے کہ جس طعام میت میں محض رسم اور تعیین ہو اور طعام میت میں کہ ایصال ثواب صدقہ اور تعیین ہو ان دونوں طعام کی اجابت کرنا مکروہ ہے چنانچہ فخر کے طعام کی اور طعام فساق کی اجابت مکروہ لکھی ہے سو اس میں بھی کراہت تعیین کے سبب اجابت مکروہ ہے سب کو پھر کہا، وآں طعام مرعلماء و فضلاء را مکروہ ہست، یعنی اگر سب کو مکروہ اس کی اجابت ہے مگر علماء و فضلاء کو خصوصًا مکروہ ہے کیوں کہ حدیث میں جب طعام میت ومریض کو ممیت ومرض قلب فرمایا ہے تو علماء کو خصوصًا ایسے اطعمہ سے پرہیز کرنا چاہیئے کہ علم وفضل کی شان کیخلاف ہے کہ اوساخ کو استعمال کریں مگر صاحب فہم مراد سے بعید یہ سمجھے گئے کہ خاص علماء کو مکروہ ہے اوروں کو درست ہے اور یہ خطا فاحش محض غفلت الفاظ سے ہے دیکھو کہ عوام کو تو کہا کہ اجابت کردن ایں طعام مکروہ کہ اعانت فعل مکروہ کی اور شرکت فعل مکروہ کی ہے اور علماء کو کہا کہ یہ طعام مکروہ ہے یعنی اگر اس قسم کا کھانا ہدیہ بھی کوئی دیوے تو نہ لیویں کہ اس طعام سے تکدر ہوتا ہے صدقہ نافلہ میں تکدر ہے مگر خاص میت اور مریض کے صدقہ میں زیادہ تدنس ہے اور تعیین کی کراہت ہے تو عوام کی اجابت مکروہ ہوئی معہٰذا اگر وہ طعام صدقہ ہے تو کھانا درست ہے اور علماء کو خود صدقہ بھی اولیٰ نہ تھا جو یہ معصیت اس کے ساتھ ہوئی تو اجابت تو مکروہ ہی ہے اس طعام

بودسرانجام آں ضروری افتد الیٰ آخرہ ، اس عبارت سے صاف ظاہر ہو گیا کہ سیوم اور چہلم وغیرہ کا کھانا تعین ایام کے سبب منع نہیں جیسا کہ بعض علمائے زمانہ خیال کرتے ہیں بلکہ اس میں قباحت مولوی اسماعیل اور سید احمد صاحب کے نزدیک یہ ہے کہ انسان کے پاس کچھ ہووے یا نہ ہووے پابندی تواریخ ایام سے خوامخواہ اس کو کرنا پڑتا ہے اس میں تنگی اور مصیبت پیش آتی ہے پھر اگر کسی کو یہی بات پیش آوے اس کے حق میں ہم بھی منع کریں گے اے بھائی تو اپنے مقدور کے موافق کردے حوصلہ سے زیادہ نام آوری کے طور پر جس کا سنبھالنا تجھ کو مشکل ہو اس طرح مت کر خالصاً للہ جس قدر تیرے پاس موجود ہے اسی قدر کردے اور کچھ بھی نہیں تو خالی فاتحہ پڑھ دے **سوال** تعین ایام کی حاجت کیا ہے؟ **جواب** صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دلوں میں خود شوق تھا کسب خیرات وحسنات کا وہ اپنے ولولہ عشق دلی سے امور صالحہ کرتے تھے ان کو نہ کسی تاکید کی حاجت تھی نہ تعین کی نہ یاد دلانے کی جب وہ دور گذر چکا لوگوں کے دلوں میں بے رغبتی امور صالحہ کی

کا کھانا بھی نہیں چاہیئے یہ مراد ہے نوادر الفتاوی کی مگر مؤلف کے فہم نے وفا نہ کی اور عوام کو واجب جائز کہنے لگا سبحان اللہ اب پھر کہتا ہوں کہ سب علماء شاہ ولی اللہ سے لے کر بلکہ بزازیہ کے وقت سے یہ کہہ رہے ہیں کہ بعد اموات کے جو طعام کرتے ہیں رسم کا کھانا ہے اور مکروہ ہو اور اب بھی دھم چہلم سب طعام رسم کے ہیں اور مکروہ ہیں اور اگر صدقہ خالص اور بلا تعیین وقت کے ہو تو ہر گونہ درست مگر صدقہ کی وجہ سے علماء کو لائق نہیں اور جو کراہت تعیین کی اس کے ساتھ ہو جاوے گی تو اگرچہ طعام صدقہ ہے اور ثواب پہنچے گا مگر اس فعل تعیین کی وجہ سے مکروہ ہوگا اور اجابت بھی مکروہ ہوگی مگر افسوس کہ مولف نہیں سمجھتا اور یہی مولوی اسماعیل صاحبؒ فرماتے ہیں اور یہی واقعی امر ہے **قولہ** اس عبارت سے صاف ظاہر ہو گیا **اقول** یہ ہر روز صاف ظاہر تھا مگر مؤلف کے فہم میں تکدر تھا اب بھی ذہن مؤلف کا صاف نہیں ہوا کہ یہ جانتا ہے کہ مانعین بدعت تعیین یوم کے سبب طعام کو مکروہ کہتے ہیں نہیں بلکہ اس فعل تعیین کو ہر حال مکروہ کہتے ہیں بسبب نصوص کے اور طعام اہل میت کو اگر ضیافت برادری ہے تو مکروہ کہتے ہیں اور جو صدقہ لوجہ اللہ تعالیٰ ہے اس کو جائز بتلاتے ہیں مؤلف نہیں سمجھتا حالانکہ بار بار کھول کر کہا جاتا ہے اجابت طعام دیگر ہے اور خود شیئے دیگر ہے در خانہ اگر کس است حرفے ہم بس است بس اب خاتمہ کلام کا مؤلف نے حق بات کہہ کر رد کر دیا مگر ہنوز فہم سے دور ہے کہ تعیین کی خرابی اس کے دل سے نہیں نکلی حق تعالیٰ اس کو ہدایت کرے،

تعیین ایام فاتحہ **قولہ** سوال تعیین ایام کی کیا حاجت ہے الخ اب الخ **اقول** کلیات نصوص اور جزئیات وکلیات فقہ سے ثابت ہو لیا کہ یہ تعیین اوقات کا بدعت ہے اور تغیر کرنا حکم شرع کا ہے اور مؤلف بھی اس کو قبول کر چکا ہے اور بعض ان رسوم مروجہ میں تشبہ کفار کا بھی ہوتا ہے اور یہ بھی مؤلف کے نزدیک مسلم ہے کہ تشبہ کفار کا ممنوع ہے تو ہر گاہ کہ شرع سے ضلالت اور مکروہ ہونا ان کا ثابت ہو لیا اب اس کے جواز و اباحت کی کوئی صورت نہیں ہو سکتی اور ہر گز کسی عالم کو اجازت نہیں کہ اس کو جائز رکھے اور ہر گز کسی عالم نے ان تعینات کو جاری نہیں کیا بلکہ ہر روز ممانعت کرتے چلے آئے ہیں بزازیہ اور منہاج اور فتح القدیر اور دیگر کتب سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ تعینات کو منع کرتے رہے چنانچہ روایات ان کتب کی اس رسالہ میں ہی مکتوب ہیں مگر مؤلف کو فہم نہ ہو تو کیا علاج کیا جاوے اور بوجہ بے رغبتی عوام کی خیر سے ہر گز بدعت کا اجراء یا اجازت مکروہات شرعیہ کی درست نہیں مؤلف اپنے بدعت کے جواز کے لئے علماء کو بدنام کرتا ہے اور مؤلف محض نابلد قواعد شرعیہ سے ہے ایجاد بدعت کا ہر گز رغبت ولانی امر مستحب کے لئے حلال نہیں خود فخر عالم علیہ السلام اس سے تحذیر فرما چکے ہیں بقولہ وایاکم ومحدثات الامور اور دیگر بہت احادیث جو بدعت کی تقبیح اور اتباع میں وارد ہے اور یہ مسلم تمام امت کا ہے کہ ایصال ثواب فقط مستحسن اور

پیدا ہو گئی اس کے لئے علماء دین نے بنظر اصلاح دین فتویٰ اور احکام پیدا کئے، مثلاً قرآن شریف کی تعلیم پر اجرت لینا اصل حدیث سے منع تھا اس وقت میں لوگوں کے دل راغب تھے اللہ کے واسطے تعلیم کرتے تھے جب دورہ قرون صالحہ کا تمام ہو گیا لوگوں کے دل ویسے نہ رہے قرآن شریف کا پڑھنا پڑھانا بند ہونے لگا تب علماء دین رحمہم اللہ نے حکم دیا جواز کا یعنی تعلیم قرآن پر دینا اجرت کا جائز ہے اور لینا بھی جائز، چنانچہ فقہاء لکھتے ہیں ادر فتح قدیر باب الاجارہ عب القرآن اور ہدایہ میں ہے لانہ ظہر التوانی فی الامور الدینیۃ ففی الامتناع تضیع حفظ القرآن وعلیہ الفتویٰ اور اذان کے بعد تثویب یعنی الصلوٰۃ الصلوٰۃ وغیرہ پکار کر کچھ کہنا تاکہ نمازی آدمی آکر جلد جماعت میں شریک ہوں متاخرین علماء نے مستحسن قرار دیا چنانچہ

مندوب ہے، سنت مؤکدہ نہ واجب پس ترغیب مستحب کے واسطے احداث بدعت کس عاقل متدین کا کام ہے اور کون عالم ذی فہم اس کو جائز کہہ سکتا ہے ہاں جاہل جو چاہے کہے خود فقہاء لکھتے ہیں کہ اگر کسی سنت کی ادا سے بدعت لازم آوے تو سنت بھی ترک کر دیوے شامی نے بحر الرائق سے نقل کیا ہے ولانہ اذا تردد الحکم بین سنۃ وبدعۃ کان ترک السنۃ راجح علی فعل البدعۃ انتہی اور طریقہ محمدیہ میں ہے ثم اعلم ان فعل البدعۃ اشد ضررا من ترک السنۃ بدلیل ان الفقہاء قالوا اذا تردد فی شیئ بین کونہ سنۃ وبدعۃ فترکہ لازم واما ترک الواجب ہل ہو اشد من فعل البدعۃ او علی العکس ففیہ اشتباہ حیث صرح فیمن تردد بین کونہ بدعۃ وواجبا انہ یفعلہ وفی الخلاصۃ مسئلۃ تدل علی خلافہ الخ پس غور کرو کہ فقہاء تو اتفاقاً او جزماً بدعت کے اندیشہ سے سنت مؤکدہ کو ترک کراتے ہیں اور واجب میں بھی بعض ترک واجب کو مرجح بتلاتے ہیں اور مؤلف کی یہ جرأت کہ امر مندوب کے واسطے علماء پر تہمت ایجاد و بدعت کی لگاتا ہے اور خدا تعالیٰ سے نہیں شرماتا اور پھر دیکھو کہ فقہاء تو احیاناً وقوع بدعت میں یہ حکم ترک سنت کا دیتے ہیں اور مؤلف مندوب کے احیاء کے واسطے بدعت کو طریقہ بناتا اور اجرا و دوام کو کرنا جائز کہہ رہا ہے بنہایت جہل مرکب ہے اور غفلت قواعد شرعیہ و احکام وضعیہ سے معاذ اللہ تعالیٰ اب دیکھو کہ جن مسائل سے مؤلف کو اپنے جہل کے سبب دھوکہ ہوا ہے وہ ہرگز بدعات نہیں کہ اس پر قیاس کر سکے۔

تحقیق مسئلہ اجرت تعلیم القرآن اور اس کو رسوم مروجہ کا مقیس علیہ نہیں بنا سکتے

قولہ قرآن شریف کی تعلیم الخ **اقول** قرآن اور علم دین کے معلمین کو بیت المال سے کفاف ملتا تھا آخر وقت میں وہ بند ہو گیا اور عوام کو علم کی ایسی رغبت نہ تھی کہ معلم کے ہدیہ کی طرح خدمت گذاری کریں، تو اگر معلم للہ تعلیم کرے تو بوجہ احتیاج کے پریشان ہوتا ہے اور جو کسب معیشت میں مشغول ہو تو علم مفقود ہوتا ہے اس واسطے اجرت کی اجازت دی سو یہ اپنے بے رغبتی عوام کی وجہ سے ہوئی نہ علماء کی طرف سے جیسا مؤلف سمجھا اور اس اجرت کی ضرورت ہوئی کہ کفاف فرض ہے سو اجرت تعلیم پر لینا بوجہ عبادت کے ممنوع تھا اب اجرت کا لینا بھی بوجہ ادائے فرض معیشت کے ضروری ہو کر ممنوع نہ رہا تو اس میں اس امر کا کہ مکروہ لغیرہ تھا جائز کر دینا ہے نہ احداث بدعت کا کسی حال درست نہیں مؤلف کو کچھ بھی فہم ہوتا تو ایسے کلام بے معنی نہ کرتا اور پھر اجرت علی التعلیم مسئلہ مجتہد فیہ ہے کہ شافعی اس کو جائز فرماتے ہیں کہ اس کی اصل شرع سے ان کے نزدیک ثابت ہے تو اس کی کراہت بھی مختلف فیہ ہوئی اور مختلف فیہ مسئلہ تو یوں بھی بلا ضرورت جائز ہوتا ہے پس کسقدر بے علمی ہے استغفر اللہ تعالیٰ

تحقیق مسئلہ تثویب اور مسئلہ تثویب کو رسوم سے کچھ مس نہیں

قولہ اور اذان کے بعد تثویب الخ **اقول** تثویب کو جو متاخرین نے مستحسن رکھا ہو تو اس کو بدعت حسنہ کہا ہے اور معلوم ہو چکا کہ بدعت حسنہ ملحق بالسنۃ ہے اور فی الواقع وہ بدعت ہی نہیں پس اس کے احداث کے یہ معنی نہیں کہ بعد قرون ثلثہ کے کسی نے ایجاد کیا بلکہ وہ موجود اس قرون میں تھے اب اس کو رواج ہو گیا کیوں کہ بعد اذان کے قبل امامت حضرت بلال رضی اللہ عنہ

لہ وظیفہ کی ضروریات۔

کتاب ہدایہ میں ہے والمتأخرون استحسنوہ فی الصلوٰۃ کلہا لظہور التوانی فی الامور الدینیۃ یہ مسئلہ تثویب کا فتاویٰ عالمگیری میں بھی ہے اس قسم کی بہت نظیریں کتب فقہ میں موجود ہیں جو ڈھونڈے گا وہ پائے گا اور یہی معنی ہیں اس کے جو مجمع البحار اور شامی اور فتاویٰ عالمگیریہ وغیرہ چند کتب معتبرہ مقبولہ میں یہ بات مندرج ہے کہ کثیر من احکام یختلف باختلاف الزمان یعنی بہتیرے کام بدلجاتے ہیں زمانہ کے بدلجانے سے ایک وقت وہ تھا کہ قرآن کے اندر زیر و زبر و جائز مطلق وقف لازم وغیرہ لکھنا علماء جائز نہیں رکھتے تھے مکروہ کہتے تھے چنانچہ متقدمین کی کتابوں میں مندرج ہے اور ایک وقت وہ آیا کہ لوگوں کا ڈھنگ بگڑ گیا جہالت طاری ہوگئی تب علماء نے حکم دیا کہ قرآن شریف میں زیر و زبر وغیرہ لکھنا واجب ہے چنانچہ کشف الظنون وغیرہ میں تصریح ہے کجا مکروہ کجا واجب ع ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا: اور اسی طرح مساجد کی زینت اور بلند کرنا مکروہ ثابت ہوتا ہے لیکن علماء بباعث مصلحت کے مستحب فرماتے ہیں چنانچہ صاحب مجمع البحار نے لفظ زخرف

فخر عالم علیہ السلام کو اطلاع کرتے تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے روز جمعہ کے دوسری اذان قائم کی تھی سو تثویب فی الواقع سنت ہوئی مگر یہ اس وقت تک سنت تھی کہ توانی[1] کی رافع تھی اور جب اس سے اور کاہلی بڑھی جیسے اس زمانہ میں کہ اذان کا کچھ اعتبار ہی نہیں ہا تثویب پر طلب سمجھتے ہیں اور بعد تثویب کے قصد صلوٰۃ کا ہوتا ہے تو پھر یہ بدعت ضلالہ ہو گئی بہرحال یہ نظیر مؤلف کی بھی لغو ہے کیوں کہ کلام ایجاد و اجراء اس بدعت میں ہے کہ منصوص نہ ہوا اور بدعت ضلالہ اور یہاں تثویب میں جو نظیر ہے تو اس امر کی ہے کہ اصل اس کی ثابت ہے اور سنت ہے سو اس نظیر کو یہاں لانا خود دلیل کم فہمی کی ہے،،

کثیر من احکام مختلف باختلاف الزمان کی تحقیق

قولہ کثیر من احکام یختلف الخ **اقول** جس حکم میں کراہت یا استحباب لغیرہ ہوتا ہے اس غیر کے رفع سے حکم بدلجاتا ہے اس کو اصطلاح شرع میں ارتفاع حکم بارتفاع العلت[2] بولتے ہیں پس وہ امور در اصل مباح ہوتے ہیں عروض کسی حکم سے وہ مکروہ یا غیر اس کے ہو جاتے ہیں اور بعد رفع اس عارض کے وہ حکم بدلجاتا ہے جیسا عورتوں کا مساجد اور عیدگاہ میں حاضر ہونا کہ قرن فخر عالم علیہ السلام میں جائز تھا اور پھر اسی قرن صحابہ میں منکر ہو گیا بسبب فتنہ کے مگر بدعت کا احداث ہرگز جائز نہیں ہوتا کسی وجہ سے یہ بھی لاعلمی مؤلف کی ہے قواعد دینیہ سے **قولہ** ایک وہ وقت تھا الخ **اقول** قرآن کی حفاظت و ابقاء فرض تھی پس اس کے حفظ کی یہی سبیل تھی اس واسطے ضرور ہوئی اس میں بھی کسی بدعت کا ایجاد نہیں بلکہ پہلے کراہت بسبب اس کے تھی کہ مصحف کو سب شئی غیر قرآن سے خالی رکھنا چاہئے بقول ابن مسعود رضی جردوا القرآن الخ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ قرآن میں کچھ اور شئی مخلوط ہو جاوے ہرگاہ کہ یہ خدشہ رفع ہو گیا کہ حفظ و تسہیل تعلیم بدون ان امور کے دشوار ہوا تو حکم کراہت کا بسبب ارتفاع علت کے رفع ہو گیا اور بسبب ضرورت کے واجب ہو گیا بہرحال ایجاد و بدعت یہاں بھی ہرگز نہیں کاش مؤلف کو کچھ بھی علم ہوتا،

تزئین مساجد اور بیان اس کا کہ ان مسائل پر رسوم مروجہ کو قیاس نہیں کر سکتے

قولہ اور اسی طرح مساجد کی زینت الخ **اقول** اس ماہے پر زینت مساجد کی بوجہ ازالہ تشنیع[3] اسلام کے ہے اور رفع تشنیع اسلام کا فرض ہے اس میں بھی کوئی ایجاد بدعت کا نہیں مگر ایصال ثواب مستحب ہے اس کے رفع سے کوئی اسلام و دین میں نقصان نہ تھا اور تعیین مطلق کی اور تحدید اوقات غیر محدودہ کی تعدی حدود اللہ تعالیٰ ہے اور بدعت ضلالہ ہے اقامت مندوب کے واسطے یہ ہرگز حلال نہیں کاش مؤلف کو کچھ بھی سمجھ ہوتی تو ایسے نااہل کلام نہ کرتا اور مؤلف مولوی عبد الخالق پر کثرت بروج جو ایک بینت کی ہیئت ہے طعن کرتا تھا اب بوجہ ضرورت وہی امور جائز ہو گئے مگر درست ہے کہ یہ مخالفت

---

[1] سستی [2] علت کے ختم ہوجانے کی وجہ سے حکم کا ختم ہونا [3] نشان

کی تحقیق میں لکھا ہے کہ جب لوگ اپنے اپنے گھر بہت عمدہ بنانے لگے اب مسجد کو بھی اینٹوں سے اونچے اونچے مکانات کے پاس بنا دیں گے اور بہتیرے گھر کا فروگ بھی اس کے پاس بلند ہوتے ہیں تو البتہ مسجد نظروں میں حقیر ٹھیرے گی انتہی کلامہ، مجموع ان امثال و روایات سے معلوم ہوا کہ اگر زمان و مکان میں یا کسی ہیئت اور وضع میں بباعث کسی مصلحت کے کسی قسم کی تعینات واقع ہوں تو وہ جائز ہے شاہ ولی اللہ صاحبؒ رسالہ انتباہ کے شروع میں فرماتے ہیں ،، اگرچہ اوائل امت را با اواخر امت در بعض امور اختلاف صور ضرر نمی کند ارتباط سلسلہ ہمہ ایں امور مہم است در اختلاف صور کرا اثرے نیست انتہی کلامہ ملخصًا. ان عبارتوں سے یہ فائدہ نہایت اہتمام سے محفوظ رکھنے کے قابل ہوا کہ اگر علماء متاخرین میں کسی قسم کا تعین مخالف وضع علماء متقدمین کے پیدا ہو تو یہ ضرور نہیں کہ اس کو رد کیا جاوے اس لئے کہ مصلحت زمانہ متقدمین میں وہ تھی جو انہوں نے حکم دیا اور متاخرین کے وقت میں بباعث تغیر اوضاع و طبائع امت کی دوسری طرح پر استحسان ظاہر ہوا در حقیقت یہ اختلاف نہیں کہ دونوں فرقہ متقدمہ و متاخرہ اصلاح دین پر متفق ہیں ان کے وقت میں اصلاح اسی میں تھی ان کے وقت میں اصلاح دوسری طرح چنانچہ یہی وجہ مولوی اسمٰعیل کے مرشد برحق سید احمد صاحب کو پیش آئی کہ صراط مستقیم میں انہوں نے ایک باب جدا واسطے تجدید اشغال کے مقرر کیا صفحہ ۸ میں لکھتے ہیں ،، مصلحت وقت چناں تقضا کرد کہ یک باب ازیں کتاب برائے بیان اشغال جدیدہ کہ مناسب ایں وقت تعین کردہ شود انتہی ، اور اسی کتاب کے آخر وقت میں مولوی اسمٰعیل صاحب اپنے پیر کا حال لکھتے ہیں، بعد ازاں در تلقین تعلیم طریقہ چشتیہ بازوی ہمت کشادند و تجدید اشغالیکہ ایں کتاب مستطاب بر آں محتوی گردیدہ فرمودند انتہی کلامہ، یہ عاجز مؤلف اس انوار ساطعہ کا کوئی بات اپنی طبیعت سے نہیں کہتا کہ ثانی الحال الزام دیا جاوے بلکہ جو کچھ خلاصہ کلام ہے وہ عطر کھینچا ہوا انہیں حضرات ماہنین کی مسلم الثبوت کتابوں سے ہے جب یہ مسئلہ محقق ہو گیا تو سمجھنا چاہیئے کہ صحابہ سابقین بالخیرات تھے ان کے لئے

بسبب تبدل وقت کے سرزد ہوئی ہے وہاں مؤلف کو اعتراض کی ضرورت تھی یہاں تجاوز کی حاجت ہو گئی یہ سبب تھا فقط اقوال کا ہوا کہ مؤلف کو شرم نہ ہو۔

مطلب عبارت شاہ ولی اللہ صاحبؒ در بارہ جدید اشغال بیان اس امر کا کہ تجدید اشغال مقیس علیہ رسوم مروجہ کا نہیں بن سکتے

قولہ رسالہ انتباہ کے شروع میں الخ اقول شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ طرز اشغال گو متقدمین سے لے کر آج تک بدلتے چلے آتے ہیں اور نسبت کا رنگ بھی بدلتا رہتا ہے مگر اصل مطلق واحد ہے لہٰذا تسلسل میں فرق نہیں آیا پس وہ سب طرز اشغال اور کیفیت مسنونہ طریقہ تھا اس میں کوئی تعین و تحدید بدعت نہ تھی سو اس سے حجت لانا نہایت بعید ہے فہم مطلب شاہ صاحبؒ سے معاذ اللہ وہ تعیین کہ بدعت ہو ہرگز مراد نہیں اور نہ کسی اہل حق سے اس کی اجازت ممکن ہے مگر مؤلف کے فہم کا نقصان ہے پس یہ قاعدہ خوب محفوظ رہے کہ اگر کوئی تجدید و تعیین وضع سنت ہی میں واقع ہووے جائز ہے اور جو تجدید حادث ہو جاوے گی جس کو شرع میں بدعت کہتے ہیں وہ ہرگز درست نہ ہووے گی ، اگرچہ کوئی کرے صراط مستقیم کے اشغال کی تجدید بھی اسی ہی قسم سنت کی تھی کہ پہلے اشغال بھی مسنونہ تھے اور اب بھی بطرز مسنونہ ہی ہیں پس مؤلف انوار ساطعہ کا ہر چند اقوال پہلوں کے نقل کرتا ہے مگر بالکل بے معنی و بے محل بلا فہم لکھتا ہے کہ ہرگز مطلب نہیں سمجھتا محض ناواقف ہے اور اس کی یہ سب کلام لایعنی لغو ہے اور اپنے جہل مرکب کا عطر نکال کر خلق کو فتن ضلالت میں ڈالتا ہے حق تعالیٰ اس کو فہم دیوے تاکہ صورت ہدایت کی دیکھے قولہ جب یہ مسئلہ محقق ہو گیا الخ اقول اب یہاں سے مؤلف نے اپنی عقل خام کی تقریر ناتمام شروع کی ہے اس کے فقرہ فقرہ کے ابطال میں عبث درد سری اور وقت ضائع کرنا ہے

لے بلکہ اس کے معرفت تک دوری کی کوتاہی۔

تعیین زمان ایصال ثواب وغیرہ کے لئے کچھ حاجت نہ تھی بلکہ وہ خود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ پوچھ کر خیرات اپنے اقربا کی کیا
کرتے تھے چنانچہ قصہ سعدؓ کا گذرا اب اگر کسی کو ثواب کا راستہ بتاتے ہیں تو وہ منھ دوسری طرف پھیر لیتا ہے غرضکہ لوگوں میں سستی واقع ہوئی
تب فرق پڑنے لگا خیرات میں اور موتیٰ کا حال دیکھا تو وہی جو حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جس طرح کوئی ڈوبتا ہوا آدمی سہارا پکار رہے کوئی کپڑا
ہاتھ پکڑنے کو کوئی رسی کوئی لکڑی کوئی چیز آجاوے کہ اس کو پکڑ کے بچ جاؤں اسی طرح میت انتظار کرتا ہے اپنے زندہ اقربا کا اور اقربا کا یہ حال ہو گیا
کہ ان کے حق فراموش کرنے لگے تب کھڑے ہو گئے بزرگان دین تعیین ایام پر اور معین کیا اس کو متفرق وقتوں پر مثلاً دسواں بیسواں وغیرہ معین
کر دیا تاکہ وارثوں کو بھی بتدریج انتظام سہل ہو اور موتیٰ کو یہ فائدہ ہو کہ مدد کا سلسلہ منقطع نہ ہو کچھ آج فائدہ پہنچا کچھ پھر اس کے بعد کچھ پھر اس کے
بعد اور یہ بڑا فائدہ ہے کہ تعیین کے سبب یاد رہتا ہے آدمیوں کو اور خیال ل پر چڑھا رہتا ہے چنانچہ جو لوگ مصلحت تعیین کے پابند ہیں ان کے
گھر سے کچھ نہ کچھ خیر ہو جاتی ہے اور طرف ثانی جو بعضے وقت ان لوگوں کی نسبت کہتے ہیں کہ اس تعیین کے ساتھ کام کرنے سے نہ کرنا اچھا اس میں
ان کو نمود منظور ہوتی ہے سو یہ کہنا ان کا صحیح نہیں اس لئے کہ ہر کوئی نمود داری کے واسطے نہیں کرتا اور اگر کوئی نمود کے واسطے کرتا ہوگا تو اس
کو بھی ہم منع نہ کریں گے اگر اس کے حق میں نمود ہے تو کسی غریب کا ایک وقت پیٹ بھرے گا یہ تو کام اچھا ہے ہماری غرض یہ نہیں کہ لوگ ریا اور نمود داری
کے واسطے کیا کریں حاشا و کلا عمل وہی بہتر ہوتا ہے جو اخلاص سے ہوتا ہے لیکن یہ اس لئے کہا کہ اگر کسی ایک نے نمود کے طور پر عمل کیا
اس کے سبب سے منکرین سند پکڑ کے سب کو منع کرنے لگیں ان کے جواب میں بطریق و اوسلنا کہا جاتا ہے کہ یہ بھی کچھ نہ کچھ خیر سے خالی نہیں حضرت
فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ تنبیہ میں فرماتے ہیں لا یترک العمل لاجل الریاء یقال فی المثل ان الدنیا خربت منذ مات المراءون لانہم
کانوا یعملون الاعمال الدمثل الرباطات والقناطیر والمساجد فکان للناس فیہا منفعۃ وان کانت للریاء کما ینفعہما احسن من المسلمین یعنی عمل
خیر کو ریا کے سبب سے چھوڑنا چاہیئے کہتے ہیں جب سے نمود داری کے کام کرنے والے مر گئے ہیں دنیا اجڑ گئی اس لئے کہ وہ بھلے کام کرتے تھے سرائے پل مسجد
بنواتے تھے لوگوں کا اس میں بھلا ہوتا اگرچہ کام ریا کا اس کرنے والے کو نفع نہیں دیتا لیکن کبھی کوئی مسلمان اس ریا کی چیز سے نفع پا کر دعا دیتا ہے
تو اس کو اسی دعا سے نفع ہو جاتا ہے انتہی غرضکہ فعل خیر کا نتیجہ خیر ہو جاتا ہے اب حاصل بیان پر آویں کہ جب بباعث بے رغبتی اور سستی آدمیوں
آدمیوں کے تعیین کی حاجت ہوئی تو ایک کھانا اور فاتحہ سالیانہ کا یعنی برسویں دن ٹھیرایا اور ایک نصف اس کا یعنی ششماہی پھر اس کا نصف
یعنی سہ ماہی پھر اس کا نصف یعنی پینتالیس دن لیکن چوں کہ اکثر امور میں عدد چلہ کا اختیار کیا گیا ہے اس لئے پینتالیس میں سے پانچ کم کر کے
چالیسواں دن کر دیا گیا اور عدد چہل کی شمار جو شرع میں وارد ہے اس کے چند مقامات ذکر کئے جاتے ہیں اول جب خمیر حضرت آدم ؑ
کا ہوا چالیس برس تک وہ خمیر اسی حالت میں پڑا رہا پھر اس کا سڑنا شروع ہوا تو چالیس برس تک وہ سڑا کیا جس طرح گارہ لیپنے مکانات کا

کیوں کہ اثبات مدعی شرعی کا دلیل شرعی سے ہوتا ہے نہ ہر کلام لاعنی سے سو جو روایات و عبارات مؤلف نے اپنے اس رسالہ میں معتبرین سے
نقل کی ہیں اپنے زعم میں اپنی معین مدعیٰ جان کر تو اس کا رد ہو چکا۔

رسوم مروجہ میں مؤلف کے قیاسات لاعنی سب مسطرد و مردود
ہیں اور عبارات سلف سے بالکل اس کا جواز ثابت نہیں

اور یہ کلام بے سروپا نتیجہ فکر مؤلف کا ہے مسائل شرعیہ ایسے کلمات فضول سے ثابت
نہیں ہوتے اس کا جواب بالفعل فضول ہے یہ امر محقق ہے کہ نص و فقہاء کے مقابلہ
میں ایسی عقلیات رذل قابل التفات نہیں اور بدعت کا ایجاد ایسے متوہمات ہزلیات سے درست نہیں فقیہ ابو اللیثؒ کا مدعا اس عبارت

سڑایا جاتا ہے پھر خشک ہونا شروع ہوا تو چالیس برس میں خشک ہوا جس طرح وہ ٹھیکرا مٹی کا بجانے سے ٹن ٹن بجتا ہے بجنے لگا اسی طرح آدمی کی پیدائش میں بھی چالیس دن وہ نطفہ رہتا ہے اور پھر چالیس دن خون بستہ اور پھر چالیس دن گوشت کے ٹکڑے بوٹیاں بنجاتی ہیں غرضیکہ اس سے معلوم ہوا کہ چالیس دن میں حال بدلجاتا ہے اسی غرض سے صوفیہ کرام نے عدد چلہ اپنی ریاضتوں میں مقرر کیا کہ اتنے دنوں کی ریاضت میں حالت نفس کی بدلجاوے گی اور حدیث میں آیا جو چالیس دن اخلاص اللہ تعالیٰ کے ساتھ رکھیگا اس کے دل میں سے چشمے حکمت کے پھوٹ کر زبان سے جاری ہوں گے یہ حدیث تفسیر عزیزی میں ہے اور نقل کیا امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں کہ جو کوئی چالیس دن تکبیر اولی امام کے ساتھ پاوے گا اللہ تعالیٰ اس کو دو باتوں سے بری کردیگا ایک نفاق سے دوسرے عذاب نار سے اور حضرت موسیٰؑ کو بھی اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا کہ چالیس رات اعتکاف کرو اس وقت ہم تم کو شریعت یعنی توریت عنایت کریں گے یعنی اتنے دنوں میں حالات نفس و قلب وغیرہ بدلجاویں گے، قال اللہ تعالیٰ وإذ وٰعدنا موسیٰ اربعین لیلة اور بیہقی نے انس رضی اللہ عنہ سے بابت ارواح انبیاء علیہم السلام کے یہ روایت کی ہے ان الانبیاء لا یترکون فی قبورهم بعد اربعین لیلة ولکنهم یصلون بین یدی الله حتی ینفخ فی الصور، معنی اس حدیث کے زرقانی نے یہ لکھے ہیں کہ چالیس روز تک اس جسد مدفون فی القبر سے روح بہت پیوستہ رہتی ہے بعد ازاں وہ روح قرب الٰہی میں عبادت کرتی رہتی ہے اور متشکل بشکل جسد ہو کر جہاں چاہتی ہے جاتی ہے انتہی، اور یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ چالیس دن تک ہر کسی کی روح کو گھر سے علاقہ رہتا ہے یہ حدیث شاید کہیں آئی ہوگی ارواح انبیاءؑ کی بہ نسبت تو وہ حدیث بیہقی کی دیکھی عام ارواح کی نسبت نظر سے نہیں گذری لیکن ہم لوگ بہ نسبت علماء سابقین کے کم مایہ اور سامان کتب علم کا قلیل ہماری نظر سے نہ گذرنا دلیل اس کی نہیں کہ درحقیقت یہ حدیث آئی نہیں البتہ ہم نے دقائق الاخبار میں جو امام غزالی کی طرف منسوب ہے یہ حدیث تو دیکھی ہے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اذا مات المؤمن یدور روحه حول داره شهرا یعنی جب مرجاتا ہے مومن پھرتی ہے روح اس کی گھر کے گرد ایک مہینے ویتنظر الی ما خلفه من ماله کیف یقسم ماله وکیف یودی دینه یعنی دیکھتی ہے وہ روح کس طرح تقسیم ہوتا ہے مال اس کا کس طرح ادا کیا جاتا ہے قرض اس کا فاذا اتم شهرا ینظر الی جسده ویدور حول قبره سنة فینظر من یدعوله ومن یحزن علیه جب مہینہ پورا ہوتا ہے دیکھتی ہے اپنے بدن کو اور پھرتی ہے گرد قبر کے ایک برس تک دیکھتی ہے کون میرے لئے دعا کرتا ہے کس کو میرا غم ہے فاذا تمت سنة رفعت روحه الی حیث تجتمع فيه الارواح الی یوم ینفخ فی الصور یعنی جب پورا برس ہو جاتا ہے اٹھائی جاتی ہے روح جس جگہ دوسری روحیں جمع ہوں وہ وہاں رہتی ہے قیامت تک انتہی، لیکن یہ یاد رہے کہ روحیں انبیاء اور مومنین کی کسی جگہ رہیں لیکن قبر سے سب کو ایسا علاقہ رہتا ہے گویا وہ اسی قبر کے پاس موجود ہیں یہ اتفاق ہے اہل سنت والجماعت کا گفتگو مسلسل کہیں سے کہیں پہنچی کلام اس میں تھا کہ عدد چالیس کا اکثر مقامات میں آیا ہے

ہے کہ اگر کوئی عمل صالح کرتا تھا اور آئندہ اس کو اندیشہ ریا کا ہو تو تاہم ترک کرے کہ اگر کچھ ریا ہو جاوے گا تو وہ بھی خالی نفع سے نہ ہوگا بات نہیں سمجھا اور یہ تجویز اپنے دل سے کرلیا کہ مراد یہ ہے کہ عمل ایسا بھی کرلیا کرے تو فائدہ سے خالی نہیں معاذ اللہ انسان شرک وار رہے اس کی اجازت مؤلف ہی کا کام ہے یہ ابو اللیث کا اور فرق ہے اس میں کہ خالصاً لوجہ اللہ شروع کرے اور ریاء کا اندیشہ و خطرہ ڈال کر شیطان ترک کرانا چاہے تو اس کو کئے جاوے نہ چھوڑے اور اس میں کہ ریا ہی سے شروع کرے سو فقیہ نے قسم اول کو کہا ہے کہ خدشہ ریاء کے خطرات سے ترک نہ کرنا چاہیے اور پھر نظیر دیدی کہ آخر مراؤں کے کام میں بھی خلق کو نفع ہوتا ہو کہ فہم مراد سے کام ہوتا ہی نہیں اپنے فہم پر بناء رکھ کر

ریا شرک ہے سے شالی۔

اور اُس عدد میں یہ دلالت کل مقامات میں پائی گئی کہ پچھلا حال بدلجاتا ہے چنانچہ خمیر آدمؑ اور خمیر نطفہ انسانی اور خمیر نطفہ انسانی اور چلہ صوفیہ وغیرہ اشلۂ مذکورہ سے یہ بات ظاہر ہے بس لا بُد ہے کہ چالیس۱ روز میں میت کی بھی ترکیب جسمی اور تعلق روحی میں جو دنیا کے ساتھ ہے کچھ فرق و تغیر ہوا ہو گا جیسا ارواح انبیاء میں صریح وارد ہوا ہے بس اس تغیر کے وقت بھی امداد شائستہ کا دستور ٹھیر گیا فاتحہ چہلم کو مقرر کیا گیا پھر وہی قاعدہ تضعیف کا جو سالیانہ سے ششماہی اور ششماہی سے سہ ماہی میں جاری کیا گیا چہلم میں کیا گیا یعنی چہلم کا نصف بیسواں اور بیسویں کا نصف دسواں غرضکہ اسی دستور پر قاعدہ فاتحات کا ٹھیر گیا۔ اور حاشیہ خزانۃ الروایات اور بعض رسائل میں اس عاجز کی نظر سے یہ روایت مجمع الروایات سے گذری ہے کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت امیر حمزہ کے لئے تیسرے دن اور دسویں چالیسویں روز اور چھٹے مہینے اور برسویں دن صدقہ دیا اگر یہ حدیث کسی قدر قابل اعتماد ہے یہ رسمیں گویا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت ہو گئیں۔ یہ مجموع الروایات پرانی کتاب سیکڑوں برس کی ہے خزانۃ الروایات میں بھی اس مجموع الروایات سے بعضے مسائل اخذ کئے ہیں پس یہ جو قدیم الایام سے بزرگان دین میں تعین فاتحات متفرق ایام میں ایک امر متوارث چلا آتا ہے بلاشبہ یا تو اس حدیث یا کسی اور حدیث سے انہوں نے استخراج کیا ہو گا یا بنا بر مصلحت یہ طریقہ خود مقرر کیا ہو گا بہرکیف اگر انہوں نے خود بھی مقرر کیا تو وہ بھی بحکم حدیث شریف میں آگیا ہے من سنّ فی الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا۔ علامہ شامی شارح در مختار نے اس حدیث کے معنے لکھے ہیں یعنی جو کوئی دین میں نیا طریقہ نیک نکالے گا اس کو اجر اور ثواب ملے گا واضح ہو کہ امر دین میں جو طریقہ نیک ایجاد ہوا اور مخالف قرآن و حدیث کے نہ ہو درست ہے نماز کی نیت زبان سے کرنے کو جو ایجاد علماء ہے اور در مختار اور اس کے شارح شامی نے اس کو سنت العلماء قرار دی ہے اور جائز رکھی ہے اس کی بحث سابق میں گذر چکی اور معلوم ہو گئی ہے پس ہم کو لازم ہے کہ ہم سلف صالحین کے قواعد اور اعمال پر اعتراض نہ کریں بلکہ ان کا اتباع کریں یہ حکم قیامت تک جاری ہے کہ ہر دور والا اپنے پہلے دور کی اطاعت کرے چنانچہ قطب ربانی امام شعرانی کتاب المیزان میں لکھتے ہیں فکما ان الشارع بیّن لنا السنۃ ما اجمل فی القرآن فکذٰلک الائمۃ المجتهد ون بیّنوا لنا ما اجمل فی احادیث الشریعۃ ولولا بیانهم لنا ذٰلک لبقیت الشریعۃ علی اجمالها وهکذا القول فی اهل کل دور بالنسبۃ للدور الذی قبلهم الی یوم القیامۃ فان الاجمال لم یزل سارئًا فی کلام علماء الامۃ الی یوم القیامۃ ولولا ذٰلک ما شرحت الکتب ولا عمل لی الشرح حواشی انتهٰی اور شاہ عبد العزیز صاحب کی گفتگو بھی قریب قریب اسی کے ہے کہ شروع پارہ سیقول میں فرماتے ہیں پیغمبر بر کمال شاگرد اہی و ہدو شما بر کمال تابعین ہم چرا الی یوم منا ہذا پس صدر اول امت مرتبہ متوسط دارند درمیان نبوت و امت محض کہ من وجہ کار پیغمبری می کنند و من وجہ کار امتاں وهکذا الی یوم القیٰمۃ فی کل طبقۃ متقدمۃ بالنسبۃ الی الطبقۃ المتاخرۃ انتهٰی اب ہم مولانا عبد العزیز صاحبؒ کا ایک کلام جامع بظاہر مختصر اور فی الواقع اس میں ...

خوش ہونے لگتا ہے اور تقریر مسلسل جان کر تبختر کرتا ہے اور نہیں جانتا کہ اہل فہم کے نزدیک مضحکہ بنتا ہے بہر حال ایصال ثواب یک ... اور جب تک جاہے جائز اور یہ تعینات بدعت ہیں چنانچہ سب کچھ لکھا گیا اور اس تقریر مسلسل لاجواب ضرور نہیں کہ خود مثل ہے ... لمہ سا در نصائح کا کہ اس میں کوئی بات بیہودہ نہیں لکھی جو کچھ اشارہ جواز دہم چہلم وغیرہ کا کچھ کیا ہے وہ صراحۃً رد ہی ہو چکا زیادہ ... حاجت نہیں مگر ہاں اس تقریر مسلسل میں اتنا غور کر لینا ضرور ہے کہ جو کچھ مؤلف نے اس عبارت طویل میں لکھا ہے یہ ہے کہ عدد ...

---

۱ چالیس۔

تفصیلات مروجہ اہل اسلام داخل ہیں لکھتے ہیں اور یہ بزرگ اس فرقہ کے مسلم الثبوت علماء میں ہیں، تفسیر پارہ عم والقمر اذا اتسق کی تفسیر میں لکھتے ہیں بطور خلاصہ ان کے الفاظ بعینہ نقل کرتا ہوں، اول حالتی کہ بمجرد جدا شدن روح از بدن خواہد شد فی الجملہ اثر حیات سابقہ و الفت تعلق بدن و دیگر معروفان از ابنای جنس خود باقی است و آں وقت گویا برزخ است کہ چیزے از آں طرف و چیزے ازیں طرف مدد زندگان بمردگان دریں حالت زود ترمی رسد و مردگان منتظر الحوق مدد ازیں طرف می باشند صدقات و ادعیہ و فاتحہ دریں وقت بسیار بکار وے می آید وازیں است کہ طوائف بنی آدم تا یکسال و علی الخصوص تا یک چلہ بعد موت دریں نوع امداد کوشش تمام می نمایند انتہیٰ، جس کا دل چاہے تفسیر عزیزی فارسی نکال کر دیکھے یہ مضمون مع بعض مضامین زائد اس میں پاوے گا اب ارباب انصاف جنبہ داری کو برطرف کر کے خیال فرماویں کہ حضرت شاہ عبد العزیز صاحبؒ نے ان ایام مروجہ کی امداد و طعام وغیرہ کے لئے کیا علت صحیح شرعی پیدا کی کہ مردہ کا دل ان ایام میں کچھ ادھر ہوتا ہے کچھ ادھر اور زندوں کی مدد ان ایام میں جلد پہنچتی ہے پھر اس علت صحیحہ پر مرتب کیا یہ حکم کہ اسی سبب سے یہ بات ہے کہ آدمی اپنی اموات کی ایک برس تک اور خاص کر ایک چلہ تک مدد کرتے ہیں دیکھئے برس دن تک کی امداد میں یہ رسمیں سب مروجہ اہل اسلام یعنی سیوم و دہم و بستم و چہلم و ششماہی و سالینہ سب داخل ہیں پھر شاہ صاحب نے اس رواج اسلامی کو رد نہیں کیا بلکہ اس کی تصدیق فرمائی یعنی اپنے مدعا پر اس امر مروجہ کو دلیل لائے پس بقول مولانا شاہ صاحبؒ اس امر معین مقررہ رواجی کو اور نہ رد کرنا اس کو کسی وجہ سے دلیل صریح اس پر ہے کہ فعل جو عام طور پر طوائف بنی آدم میں رائج ہے حق اور صحیح ہے لمعہ سادسہ نصائح اور باب اموات نصیحت، جب کسی کا کوئی عزیز قریب مرجاوے تو چاہیئے کہ صبر کرے اس کی موت پر تاکہ مستحق اجر و ثواب ہو طبرانی اور ابن مندہ نے ایک حدیث طویل بیان کی ہے جس میں یہ بھی بیان ہے کہ ملک الموت نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا کہ میں آدمی کی روح قبض کرتا ہوں جب اس کے لواحق رونے لگتے ہیں میں دروازہ پر کھڑا ہو جاتا ہوں روح کو لئے ہوئے اور کہتا ہوں کہ اے رونے والو قسم اللہ تعالیٰ کی ہم نے اس آدمی پر ظلم نہیں کیا ہے وقت سے پہلے جلدی نہیں کی روح قبض کرنے میں کچھ ہماری خطا نہیں اگر تم اللہ تعالیٰ کے حکم پر راضی رہو ثواب پاؤگے برا مانوگے تو گنہگار ہو جاؤ گے اور ہم کو تمہارا طرف پھر آنا ہے ہشیار رہو الیٰ آخرہٖ، نصیحت آدمی کو چاہیئے کہ اپنی موت کو ہمیشہ یاد رکھے ایک حدیث میں آیا ہے لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہیدوں کے درجہ میں کوئی اور بھی ہوگا فرمایا ہاں جو کوئی موت کو بیس مرتبہ ہر روز یاد کیا کرے گا نصیحت آدمی کو چاہیئے کہ موت کے لئے تیار رہے اور اپنا وصیت نامہ لکھ کر ساتھ رکھے جس کسی کا قرض ذمہ پر ہو اور جو کچھ نماز روزہ حج زکوٰۃ اس کے ذمہ ہو یا قسم توڑنے کا کفارہ ذمہ پر ہو وہ سب اس کاغذ میں لکھ دے اس لئے کہ کیا خبر ہے موت اس کی کس وقت آجاوے اور مرتے وقت زبان سے وصیت نہ نکلا اس کاغذ کو دیکھ کر وارثان میت تعمیل کر دیں گے نصیحت جب کوئی آدمی مرجاوے اور کوئی شخص اس کا عزیز قریب اپنے مال سے میت اس کیلئے فاتحہ کرے اس میں کسی فقیہہ محدث کو کلام نہیں اور خاص میت کا طعام اگر اس مال میں صرف کرنے لگیں تو اس میں یہ شرط

تبدل حال میں ایک مناسبت ہے پس اس میں یہ دیکھنا ضرور ہے کہ ایصال ثواب بعد تبدل حال کے یا وقت تبدل حال کو مناسب ہے اس واسطے تعلق میت میں پس ہر عاقل کہے گا کہ جس وقت میت کو علاقہ اس طرف ہے اس وقت امداد صدقہ سے چاہیئے اور جب تبدیل ہو چکی ہے تو چہلاں مفید نہ ہووے گا گو فائدہ سے خالی نہیں علیٰ ہٰذا سال کے تعلق کا جواب ہے اور تخصیصات سال اور چہل یوم محض بے کار ہیں ان کی کوئی دلیل عقلی بھی مؤلف کو نہ ملی اور جو کچھ مجموعہ روایت چہلم حضرت حمزہؓ میں نقل کی ہے وہ باطل لا اصل لہٗ ہے

ہے کہ اس کے وارثوں میں کوئی نابالغ لڑکی یا لڑکا نہ ہو اس لئے کہ ترکہ بعد مرنے مورث کے ملک وارثوں کا ہو جاتا ہے پس اگر وارث بالغ ہوں تو وہ مال ان کا ہو گیا اگر کوئی وارث ان میں غائب نہیں سب موجود ہیں یا کوئی غائب تھا اور اس نے اجازت دیدی تو اس صورت میں ان کو اختیار ہے جس قدر چاہیں میت کے لئے صرف کر دیں اور اگر سب نابالغ ہیں تو ترکہ میت سب ان کی ملک ہو گیا اس کا صرف کر دینا میت کے ایصال ثواب میں جائز نہیں نہ کھانا نہ کپڑا نہ روپیہ نہ پیسہ فقط تجہیز و تکفین میں جا سکے وہی درست ہے اور بس اور اگر بعضے وارث نابالغ ہیں تب بھی نابالغوں کا حصہ کل اشیاء ترکہ میں مشترک ہے اس کا صرف کرنا بھی ایصال ثواب کے لئے جائز نہیں فتاویٰ عالمگیریہ کی جلد خامس میں ہے وان اتخذ طعاما للفقراء کان حسنا اذا کانت الورثۃ بالغین فان کان فی الورثۃ صغیر لم یتخذوا ذلک من الترکۃ - کذا فی التاتارخانیہ انتہی۔ اور یہ حکم کچھ طعام فاتحہ کیواسطے ہی خاص نہیں بلکہ اس قسم کے ترکہ کی چیز لباس یا طعام یا نقد مسجد میں دیجاوے نہ کسی مدرسہ میں نہ کسی فقیر کو نہ عالم کو ہاں البتہ اگر موافق قاعدہ شریعت کے تقسیم واقع ہو جاوے اور صغیر وارث کو اس کا حصہ دیکر ورثہ بالغین اپنے حصہ سے خرچ کر دیویں یا عورت اپنے مہر کے دعوی میں وارث ہو کر اپنے حصہ مملوکہ سے صرف کر دیوے یہ جائز ہے خواہ مدارس و مساجد میں دیں خواہ فاتحہ کر دیا اور مساکین کو کھلاویں یہ مسئلہ بہت ضروری اہتمام سے یاد رکھنے کا ہے **نصیحت** جب کوئی وارث اپنے مورث کی طرف سے کھانا کھلاوے نمود اور بڑائی کے ظاہر کرنے کے لئے نہ کرے حدیث شریف میں آیا ہے من سمع سمع اللّٰہ بہ یعنی جو کوئی سنوا دے لوگوں کو اپنی تعریف سخاوت اور داد و دہش کی یعنی اپنی شہرت اور فخر چاہے اللہ تعالیٰ اس آدمی کو ذلیل کرے گا سب کے سامنے پس اس صورت میں مردہ کو ثواب پہنچا تو کیا ممکن وہ شخص خود غضب الٰہی میں گرفتار ہوگا دین شامل ہو جاوے گی محنت برباد گناہ لازم اور کھانے والوں کو بچنا ہے اگر یہ معلوم کریں کہ یہ کسی کے مقابلہ میں کھانا فخر کرتا ہے فلاں شخص نے کیا کھانا کیا میں اس سے بڑھ کر کرتا ہوں تو ایسی دعوت نہ قبول کریں خواہ وہ کھانا غمی اور ماتم کا ہو وے یا شادی اور خوشی کا امام احمد رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دو آدمی ایسے ہوں کہ ایک کی ضد میں دوسرا بڑائی حاصل کرنے کو کھانا زیادہ کرے اگر وہ دعوت کریں تو قبول نہ کیجائے ان کی دعوت اور نہ کھایا جاوے ان کا کھانا کذا فی المشکوٰۃ **نصیحت** یہ بھی خیال رکھنا چاہیے کہ قرض دار آدمی کو صدقات کا کرنا خواہ اپنے لئے کرے خواہ میت کے لئے شرع میں مستحسن نہیں صاحب مجمع البحار لفظ ظہر کی تحقیق میں لکھتے ہیں خیر الصدقۃ ما کان عن ظہر غنی پھر دو سطر کے بعد لکھتے ہیں ولا صدقۃ کاملۃ عن ظہر غنی وھو رد علی الشیء المتصدق بہ غیر مقبول لان قضاء الدین واجب پس معلوم ہوا کہ یہ طریقہ اچھا نہیں علی الخصوص جب کہ قرض سود دیکر بہم پہنچایا ہے یہ نہایت قبیح و شنیع ہے ایسا آدمی محض الحمد اور سورتیں پڑھ کر بخشدیا کرے **نصیحت** اگر وارثان میت بشروط مذکورہ کھانا کھلاویں تو مناسب یہ ہے

اور سلف کا اتباع اور عدم اعتراض جب ہی واجب ہے کہ حسب قواعد شرعیہ کے ہو اگر کسی سلف سے ایجاد بدعت کا ہوا ہو وہ ہر روز قابل رد کے ہے چنانچہ صلوٰۃ رغائب کا رد کرنا اور دیگر امور بدعیہ کا خود کتب میں درج ہے کہ علماء خلف نے زمانہ سلف کے ایجادات کو رد کیا ہے علماء سلف تو بری ہیں ایسی حرکات سے عوام اس زمانہ کے ایجاد کر کے باعث فتنہ ہوئے ہیں سو علماء خلف کو ہر روز اس کو رد کرنا لازم رہا اور اب بھی یہی واجب ہے اور شاہ عبد العزیز صاحب کے کلام سے بھی سال بھر تک ایصال معلوم ہوتا ہے اس کا کوئی منکر نہیں تعیینات ایام میں کلام ہے سو وہ بدعت ہے اور بحمد اللہ تعالیٰ کہ باذنہ تعالیٰ انوار برہان ثالث نے کشف تدلیسات[1] تو ز ثالث کا کر کے اخماد[2] اس کا کر دیا اور انظلام[3] ہے

---

[1] فریب [2] بجھا دینا ٹھنڈا کر دینا [3] تاریکی۔

کو غریب رشتہ داروں اور ہمسایوں اور اہل محلہ کو مقدم رکھیں فقہاء باب الزکوٰۃ میں لکھتے ہیں لاتقبل الصدقۃ الرجل وقرابۃ محاویج
حتی یبدأ بہم فیسد حاجتہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثل مشہور اول خویش بعدہ درویش اسی حدیث کا ترجمہ ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہو کہ
قصبات کے شرفاء میں جو رواج ہے کہ برادری کے آدمی بھی کھانا بہت کا فاتحہ چہلم دسوم وغیرہ میں کھاتے ہیں وہ بھی شاید اسی روایت پر مبنی ہوگا کہ
رشتہ دار اور ہمسایہ اور اہل محلہ مقدم ہیں دوسرے آدمیوں پر اور ظاہر ہے کہ قصبات کے شرفاء میں فراغت اور وسعت کم ہے اکثر لوگ غریب ہیں
وہ آدمی کہ زکوٰۃ ان پر واجب ہو یا یہ کہ اپنے مکان اور نفقہ اہل وعیال سے فارغ ہوکر بھی ان کے پاس کچھ مالیت زائد فاضل رہے ایسے آدمی
کم ہیں بہت ایسے ہیں کہ ان کے گھر کھانے کا بھی ٹوٹا ہے پس شریعت میں ایسے آدمی داخل فقراء ہیں بناءً علیہ بزرگوں نے ان کو کھلانا بہ نسبت اور
ساکنوں کوچہ گرد کے مقدم سمجھا کہ حق ہمسائگی اور محلہ داری اور قرابت بھی ادا ہو جائے گا اور ہر چیز اپنے موقعہ پر بھی صرف ہو جائے پس اگر یہی نیت
اب بھی ہے تو کچھ مضائقہ نہیں اور اگر اہل محلہ اور رشتہ داروں کو اس نیت سے کھلاویں کہ آج میں اس کو کھلاؤں تو کل یہ مجھ کو کھلاوے گا اس صورت
میں ثواب ندارد ہوگا اس لئے کہ ارادہ معاوضہ لینے کا ہے پھر ثواب کہاں فلیکن ھذا اخر ما اردنا ایرادہ فی ھذا الباب واللہ ھو الھادی الی الصدق
والصواب نور چہارم میں آٹھ لمعے ہیں لمعہ اولیٰ اثبات محفل مولود النبی صلے اللہ علیہ وسلم ....------

---

مندرجہ اس کا ہے پر واضح ہو گیا قولہ نور چہارم میں آٹھ لمعے ہیں لمعہ اولیٰ اثبات محفل مولود الخ اقول یہ نور اصل مقصود تصنیف اس رسالہ کا ہے اور مراد خاص
اور مطلوب اعلیٰ مؤلف کا یہی نور ہے پہلے دو نور اس کی ہی تمہید اور اس کی ہی تحقیق کے واسطے تھے اور نور ثالث میں بھی اس کا ہی اثبات مد نظر
مؤلف تھا پس مایۂ علم وعمل وسرمایہ تمام عمر وسعی غایت قصوی مؤلف کا یہی ہے چونکہ مؤلف اپنے نزدیک کوئی تحقیق نہیں کہ اس میں نہ لکھی اور کوئی اعتراض
ایسا جو اس میں اس کا جواب نہ لکھا ہو اور فتویٰ جو ورقہ جو تھا اس کو تو مؤلف نے سب اس رسالہ میں نقل کر دیا ہے مگر دوسرا فتویٰ جس کو مؤلف
نے چوبیس صفحہ نام رکھا ہے اس میں درج نہیں کیا مگر اس کی عبارات پر جواب واعتراض ہیں لہٰذا مناسب یہ جانا کہ اول ان فتاوی کو بھی
نقل کر دیا جاوے تاکہ ناظر اس کو دیکھ کر اعتراض وجواب مؤلف کا خوب سمجھ لیوے اور پھر اس کی رد کی کیفیت سے مطلع ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ سوال مجلس میلاد شریف بکدام طریق جائز است وبکدام صورت ناجائز بلا روی وریا ربیان باید
کرد جواب ذکر ولادت شریف پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بروایت صحیحہ در اوقاتیکہ از وظائف واجبہ خالی باشد بکیفیاتیکہ خلاف طریقہ
صحابہ واہل قرون ثلثہ نباشد وبعقائدیکہ توہم شرک وبدعت را در آں گنجائش نباشد وبآدابیکہ مخالف سیرۃ صحابہ نباشد کہ از مصداق ما انا علیہ
واصحابی بیروں نہ رود ودر مجلسیکہ خالی باشد از منکرات شرعیہ باعث خیر موجب برکت است بشرطیکہ بصدق نیت اخلاص باشد ودر عقیدہ
اذکار حسنہ مندوبہ غیر مقید بوقت من الاوقات باشد پس کسے را از اہل اسلام نمی رسد کہ ایں چنیں ذکر را غیر مشروع یا بدعت پندارد واللہ
مگر آنکہ بعض اوقات التزام بعض امر مستحب چناں کردہ می شود کہ عملاً بصورت واجب می نماید بالجملہ اگر اعتقاد فاعلش بوجوب آں
است در حق او بدعت خواہد شد لیکن ہر گاہ کہ ایں چنیں امر بوجہ اصرار وتکرار بار بار باعث لزوم در اعتقاد عوام می گردد پس اکنوں ترک
مستحب است چہ جائیکہ اکثر عوام وبعض علماء علوم الدنیا کہ از حقیقت سنت وبدعت خطے وافر ندارند آں مستحب را مثل واجب در عمل
بلکہ تارکش زود اعتقاد خود بدتر از آں شمارند کہ تارک جماعت صلوٰۃ باشد در پس وپیش علوم ومذموم شرعی را مانند دریں وقت لازم است
مستحب را ترک کنند بجائے آں دیگر وظیفہ مستحبہ عملی از اعمال شرعیہ مندوبہ مثل صلوٰۃ وسلام بر نبی علیہ السلام وتسبیح وتقدیس

وتہلیل وغیرہ از نوافل صلوٰۃ وصوم واذکار بخلوت مشغول شدند چنانچہ در حدیث صحیحین وغیرہ از عبداللہ مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ از اجلۂ صحابہ و ملازم صحبت و خدمت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم در حضر وسفر و پیشوائے فقرائے صحابہ کبارؓ اند و در مذہب حنفیا استدلال بقول وفعل او شان اکثر ست مرویست لایجعل احدکم للشیطان شیئاً من صلوٰتہ یریٰ ان حقا علیہ ان لاینصرف الاعن یمینہ لقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیرا ینصرف عن یسارہ متفق علیہ اوردہ فی المشکوٰۃ فی باب الدعاء فی التشہد قال صاحب المجمع فی صفحہ ۴۲ ما استنبط منہ ان المندوب ینقلب مکروہاً اذا خیف ان یرفع عن رتبتہ قال الطیبی شارح المشکوٰۃ فی شرح الحدیث المذکور فیہ ان من اصر علی امر مندوب وجعلہ عزماً ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعۃ او منکر انتہی یعنی فعل مستحب را واجب دانستن بدعت سیئہ است واگر از بجا آوردن مستحب عقیدۂ عوام وجوب متصور گردد ترک آں مستحب است و ہمچنیں در صورتیکہ کدام تقیید غیر مشروعہ یعنی قیدیکہ از طرف شارع مقید بآں نباشد زائد کردہ شود واگر زائد کردہ شود یعنی مطلق را مقید کردہ آید یا مقید را مطلق کنند یا چیزیکہ بالای عمدیکہ در شرع ثابت نہ گشتہ افزوں نمایند گو زیادہ فی نفسہ مستحب باشد یا مباح ایں ہم از بدعات است چنانچہ در مشکوٰۃ فی باب العطاس اوردہ عن نافع ان رجلا عطس الی جنب ابن عمر فقال الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ قال ابن عمر وانا اقول الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ ولیس ہکذا علمنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علمنا ان نقول الحمد للہ علی کل حال رواہ الترمذی پس کلمۂ السلام علی رسول اللہ منجملہ مستحبات مقصودہ و اعمال فاضلہ ہست لیکن چونکہ با وظیفۂ عطس زائد کرد عبداللہ بن عمر برآں انکار کرد پس انعقاد مجلس میلاد بایں ہیئت کذائیہ متعارفہ یعنی حاضر آوردن شیرینی وارتکاب تکلفات از فرش وبساط چراغ وقنادیل وغیرہ آلات روشنی زائد علی الحاجت و اجتماع صغار وکبار بلکہ زنان امارد وخواندن اشعار بسرود وتغنی در روایتہای بے اصل موضوعہ و مبالغہ در جہر خواندن صلوٰۃ وتسلیم وقت وتداعی ہر کس وناکس بلیا سہائے غیر مشروعہ در ریشہائے مخلوقہ وباہمہ منکرات آں را مجلس سول نام نہادن بلکہ محفل نزول روح پر فتوح حضرت علیہ السلام پنداشتن مشابہت حرکات ناشائستۂ رفضۂ منقوبہ کہ تمثال روضہ وقبہ حضرت حسینین رضی اللہ تعالیٰ عنہما ساختن وآں را مہبط ارواح امامین مرحومین تصور کردن وزیارت تعزیہ را زیارت حضرت حسینینؓ قرار دادن ومثل مرثیہ خوانان جرابی وسلامی مقرر نمودن مستبعد از طریقۂ سنت سنیہ است وبکید شیطان مختر بودن اما ذکر خالص احوال برکت اشتمال آں حضرت علیہ السلام بطریق مشروع و درود فرستادن بروح پاک آں حضرت و در یافتن صفات وکمالات آں سرور کائنات موجب کثرت برکت وفراوانی رحمت مثمر خیرات دارین وتیج رفعت درجات نشاتین است رزقنا اللہ تعالیٰ وجمیع المومنین ببرکت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم وصحبہ اجمعین آمین۔ وقیام عند ذکر الولادت ثبوت آں بزمانہ صحابہؓ وتابعینؒ وتبع تابعینؒ وائمہ مجتہدینؒ اصلاً نشدہ و در زمان حیٰوۃ آں سرور علیہ السلام صحابہؓ برائے آں حضرت قیام نمی کردند بوجہ آں کہ حضرت را خوش نمی آمد چنانچہ ترمذی مطبوعہ دہلی صفحہ ۱۲۱ وارد است عن انس قال لم یکن شخص احب الیہم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانوا اذا راوہ لم یقوموا لما یعلمون من کراہیتہ لذلک وقال ہذا حدیث حسن غریب وجود آں حضرت وجود قیام وقت ولادت شریف در قرون ثلثہ ثابت نیست پس قیام کردن وقت ذکر ولادت شریف امر محدث است اصل لہ در سیرت شامی آوردہ جرت عادۃ کثیر من المحبین اذا سمعوا ذکر وضعہ علیہ السلام ان یقوموا لہ تعظیما وہذا القیام بدعۃ لا اصل لہا انتہی ونیز باید دانست کہ آں کہ قیام می نمایند برائے تعظیم سید المرسلین نمی کنند بلکہ یکے از لوازمات وشعار مجلس معہودہ می

[illegible] اللہ علیہ وسلم کو آتے ہوئے دیکھتے تھے تعظیم کے واسطے کھڑے نہیں ہوتے تھے اس لئے کہ وہ جانتے تھے کہ آپ اس طریقہ کو پسند نہیں فرماتے تھے ۱۲

است چہ اگر برائے تعظیم آں حضرت می کردند موقوف بذکر ولادت نبودے بلکہ ہرگاہ کہ ذکر تشریف آوردن حضرت در مسجد و یا در کدام مجلس و یا کہ وقت قدم شریف از سفر غزوہ و حج وغیرہ آمدے قیام می کردند چہ ایں زمان نبوت افضل تر از زمان ولادت بود علاوہ ازیں قیام وقت ذکر ولادت ہم مطلقاً معمول بہ نیست بلکہ مقید است بانکہ مجلسے باشد کہ آں را مجلس مولود نامند و لوازمات و ہیئت مجلس دراں مرعی و ملحوظ باشند آں وقت قیام ضروری است والا لا مثلاً واعظے بر منبر نشستہ در مجلس وعظ ذکر ولادت شریف بیان کند کسی را از سامعین خیال قیام ہم بخاطر نخواہد گذشت چہ جائے قیام پس ہویدا است کہ قیام بنا بر اعظام خیر الانام نیست بلکہ از شعار و لوازم مجلس است فقط و اہتمام مجلس زائد تر از اہتمام نماز جماعت بلکہ نماز جماعت را بعض ایشاں صلوٰۃ را ہم گذارند لکن حضور مجلس مذکور را واجب تر از نماز دانند ایں ہمہ از خواہشہائے نفسانیہ سرزدہ می شوند الا ما شاء اللہ تعالیٰ و حضور صبیان و نسوان و منافق تارک صوم و صلوٰۃ و تماشا گاہ از کثرت قنادیل وغیرہ آلات روشنی و فروش نفیسہ و گلدستہ ہائے عجیبہ ساختن و تلاش خوانندہ خوش آواز و امرد حسین باشد و خرید ہا و اشعار سرود و نغمہ خواندن ایں چنیں مجالس ...... در زمان صحابہؓ و تابعینؒ و ائمہ مجتہدینؒ گاہے یافتہ نشدہ حاشا و کلا بلکہ بر چنیں مجالس صادق می آید الذین اتخذوا دینہم لعباً و لہواً و غرتہم الحیوۃ الدنیا. نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیأت اعمالنا اللہم اجعلنا من التوابین و من المتطہرین الذین لا خوف علیہم و لا ہم یحزنون بحرمۃ النبی المجید الذی لا مجید بعدک الخیر و کنت علی کل شیئ قدیر اللہم ارنا الحق حقاً و الباطل باطلاً آمین حررہ احمد علی سہارنپوری ۔

نقل فتویٰ جناب مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی و تشریح عبارت شرح منیہ مؤید مانعین و تحقیق بحث مابہ النزاع

استفتاء کہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے در بابت عدم جواز قیام مجلس میلاد شریف کے کیا گیا اس کی نقل بعینہ مع سوال کے کیجاتی ہے **سوال** مجلس مولود میں وقت ذکر پیدائش حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تعظیماً کھڑے ہونے کا رواج اس وقت میں جو ہو رہا ہے اس کھڑے ہونے کو واجب سمجھنا درست ہے یا نہیں اگر واجب نہیں ہے تو واجب کا فتویٰ دینے والا گنہگار ہے یا نہیں اگر ہے تو کس درجہ کا ہے ؟

الجواب وقت ذکر میلاد کے کھڑا ہونا قرون ثلثہ میں کہیں ثابت نہیں ہوتا جناب فخر عالم علیہ السلام کی سیر اور حالات ان قرون میں بطریق وعظ و تدریس مذاکرہ و تحدیث ہزارہا بار ہوتا تھا مگر کسی روایت میں ثابت نہیں کہ بوقت ذکر ولادت کے کوئی کبھی کھڑا ہوا ہو ، یا نہیں فخر عالم علیہ السلام نے اس کا استحباب یا ادب کچھ کسی طرح ارشاد فرمایا ہو یہ بات کہ خود جناب فخر عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کسواسطے کوئی کھڑا ہوا خارج بحث ہے اور اس کا قیاس اس پر محض جہالت ہے کلام اس میں ہے کہ آپ کی ذکر ولادت پر جیسا معمول مشہور زمانہ ہے کہیں ثابت ہووے سو یہ ہرگز ثابت نہیں ہو سکتا پس اولاً تو یہی حجت اس کی بدعت غیر اصل ہونے کو کافی ہے اور جب اس پر اس قدر ہو ہے کہ عوام جہال اس کو واجب جاننے لگیں اور تارک پر ملامت کریں تو خواہ مخواہ منکر اور بدعت سیئہ ہو جاوے یہ ایک امر محدث ہے کسی امر ثابت جائز کو بھی عوام واجب سمجھنے لگیں وہ بھی ناجائز منکر ہو جاتا ہے عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ لا یجعل احدکم للشیطان شیئاً من صلوتہ یری ان حقاً علیہ ان لا ینصرف الا عن یمینہ لقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیراً ینصرف عن یسارہ متفق علیہ و قال علی القاری فی شرح المشکوٰۃ فی شرح ھذا الحدیث من اصر علی امر مندوب و جعلہ عزماً و لم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعۃ و منکر انتہی ۔ اور فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے و ما یفعل عقیب الصلوٰۃ مکروہ لان الجہال یعتقدونہا سنۃ او واجبۃ و کل مباح یؤدی الیہ فمکروہ انتہی پس اولاً تو یہی ثابت ہو گیا کہ اس قیام کا ثبوت ہی کہیں حادیث

یا آثارِ صحابہؓ سے قولاً و تقریراً و فعلاً ہرگز نہیں ہو سکتا تو یہ امر محدث ہے ثانیاً اگر فرضاً کچھ ہو بھی جاوے تو واجب سنت مستحب تو کسی طرح نہیں ہو سکتا کیوں کہ واجب وہ عمل ہے کہ نص قطعی الثبوت ظنی الدلالت سے ثابت ہو یا ظنی الثبوت قطعی الدلالت سے ثابت ہووے اور یہاں قیام کے باب میں کوئی نص ہی نہیں نہ قوی نہ ضعیف اور سنت اس عمل کو کہتے ہیں کہ مواظبت علیہ السلام کی یا خلفاء راشدین کی اس پر ثابت ہووے اور قیام کے باب میں جب کچھ ثبوت ہی نہیں اور فعل اس کا ایک بار بھی نہیں تو سنت تو کیا مندوب و مستحب بھی نہیں ہو سکتا نہایت الامر اگر کوئی عرق ریزی کرے تو جواز و اباحت تک نوبت آوے گی مگر مباح کو سنت و واجب جاننے سے پھر منکر و بدعت ہو جاوے گا جیسا کہ قول ابن مسعودؓ اور ملا علی قاریؒ اور روایت عالمگیریہ سے واضح ہو گیا بہرحال اس قیام کو واجب رکھنا حرام ہے اور کہنے والا فاسق مرتکب کبیرہ کا ہے کیوں کہ جس فعل کو شارع منع فرماوے وہ اس کو واجب کہتا ہے تو محض مخالفت شریعت غرا کی ہوئی قال اللہ تعالیٰ ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصله جهنم وساءت مصيرا الآیۃ الحاصل قیام وقت ذکر ولادت کی یا یہ وجہ ہے کہ یہ لوگ کسی روایت موضوعہ کو سند جواز کرتے ہیں یا کسی قول یا فعل کسی بزرگ سے متمسک ہوئے ہیں سو معلوم ہو چکا کہ موضوعات اور اقوال و افعال بزرگان سے ندب و جواز ثابت نہیں ہوتا جب تک کوئی دلیل شرعی نہ ہووے تو ایسی صورت میں ہرگز ندب وغیرہ کا ثبوت نہیں اور جو بزعم خود وہ ثابت جان رہے ہیں تو تاہم در صورت واجب و مؤکد جاننے کے بدعت ہو جاوے گا یا یہ وجہ ہے کہ روح پاک علیہ السلام کی عالم ارواح سے عالم شہادۃ میں تشریف لائے اس کی تعظیم کو قیام ہے تو یہ بھی محض حماقت ہے کیوں کہ اس وجہ میں قیام کرنا وقت وقوع ولادۃ شریفہ کے ہونا چاہیے اب ہر روز کونسی ولادت مکرر ہوتی ہے پس یہ ہر روز اعادہ ولادت کا تو مثل ہنود کے کہ سانگ کنھیا کی ولادت کا ہر سال کرتے ہیں یا مثل روافض کے کہ نقل شہادت اہل بیت ہر سال بناتے ہیں معاذ اللہ سانگ آپ کی ولادت کا ٹھہرا اور خود یہ حرکت قبیحہ قابل لوم و حرام و فسق ہے بلکہ یہ لوگ اس قوم سے بڑھ کر ہوئے وہ تو تاریخ معین پر کرتے ہیں ان کے یہاں کوئی قید ہی نہیں جب چاہے یہ خرافات فرضی بناتے ہیں اور اس امر کی شرع میں کہیں نظیر ہی نہیں کہ کوئی امر فرضی ٹھہرا کر حقیقت کا معاملہ اس کے ساتھ کیا جاوے بلکہ یہ شرع میں حرام ہے لہذا اس وجہ سے یہ قیام حرام ہوا اور موجب تشابہ کفار یا فساق کا ٹھہرا یا یہ وجہ ہے کہ ان مبتدعین کے زعم فاسد میں روح پر فتوح اس مجلس پر اشرار و معاصی اور غیر مشروعات اور مجمع فساق و فجار و محضر بدعات و شرور میں تشریف لاتے ہیں معاذ اللہ تو اگر یہ عقیدہ ہے کہ آپ عالم الغیب ہیں تو یہ عقیدہ خود شرک ہے قرآن میں ہے وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمها الا هو الآیہ ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر وما مسنی السوء الآیۃ پس بایں عقیدہ قیام کرنا خود شرک ہو گیا اور جو عالم الغیب نہیں کہتے مگر دوسری دلیل و حجت تشریف آوری کی ہے تو خوب سمجھ لو کہ باب عقائد میں نص قطعی واجب ہے آحاد و ظنیات پر عقیدہ کا ثبوت ہرگز نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ ضعاف موضوعات سے تو باب تشریف آوری میں کونسی روایت قطعی ہے جس پر یہ عقیدہ کیا جاوے تو پس یہ عقیدہ محض اتباع ہوا و کید شیطان ہے ایسی صورت میں یہ قیام بایں عزم گناہ کبیرہ ہووے گا الحاصل یہ قیام صورت اولیٰ میں بدعت و منکر اور صورت دوسری میں حرام و فسق اور تیسری صورت میں کفر و شرک چوتھی صورت میں اتباع ہوا و کبیرہ ہوتا ہے پس کسی وجہ سے مشروع و جائز نہیں پھر اس کو واجب کہنا صریح مخالفت شارع کی کرکے کافر و فاسق ہونا ہے نجانا اللہ تعالیٰ منہ واللہ تعالیٰ اعلم اور ضمن تقریر سے اہل فہم کو یہ بھی واضح ہو گیا کہ خود یہ مجلس مروجہ ہمارے زمانہ کی بدعت و منکر ہے اور شرعاً کوئی صورت مجلس کی نہیں ہو سکتی واللہ الہادی الی سبیل الرشاد . فقط کتبہ الراجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ . اب بعد نقل ہر دو فتوی کے ناظرین غور سے ملاحظہ فرماویں کہ مولوی احمد علی صاحب مرحوم نے اصل کو مولود کو مستحب

فرمایا ہے کلام قیود میں ہے کہ ان قیود کی ضم سے مجموعہ مکروہ بدعت ہو جاتا ہے اور فتوی مولوی رشید احمد صاحب میں بھی مجلس مولود مروجہ کو بدعت ومنکر لکھا ہے لہٰذا اس کا خیال ہے کہ جو روایت مؤلف استحسان مولود کی لکھیگا وہ ہرگز مانعین کا جواب اور مؤلف کے مقصود کو نافع نہ ہووے گی اور جو ان قیود کے اثبات میں تحقیق نقل کرے گا وہ البتہ قابل التفات ہووے گی کیونکہ مؤلف کی عادت اول رسالہ سے یہاں تک خوب معلوم و محقق ہو چکی ہے کہ وہ نہ سوال سائل کو غور کرتا ہے کہ کس چیز کا وہ سائل ہے اور نہ مجیب کے جواب میں خوض کرتا ہے کہ کیا حاصل جواب ہے اور نہ جواب روایت وعبارات علماء کو فکر کرکے سمجھتا ہے کہ کیا مراد اس کی ہے اور نہ یہ تامل کرتا ہے کہ مجھکو کس شے کا اثبات مقصود ہے اس روایت و عبارت کو اس کو مناسبت ہے یا نہیں کیا اثبات کرنا چاہیے تھا اور کیا اثبات کرتا ہوں اور یہ نہایت کم فہمی کی بات ہے لہٰذا ناظرین غور فرماویں کو قیود کے اثبات میں جو کچھ لکھیگا وہ تو قابل نظر وکلام کے ہووے گا کہ اس کو رد کیا جاوے گا ورنہ اصل فعل مولود کو کوئی مانع نہیں اس کے جواب کی ہم کو ضرورت نہیں مگر اس کی خطا فہمی میں کلام کیجاوے گی غرض یہ امر مدنظر ہے اور قبل شروع رد کلام مؤلف کے بندہ راقم ایک عبارت شرح منیہ کی جس کی نقل پہلے بھی بحث سیوم میں ہو چکی نقل کرتا ہوں کہ اس کو نہایت مناسبت اس محفل مولود سے ہے اور اس سے کراہت اس مجلس کی واضح ہو جاتی ہے لکھے دیتا ہے وہ بھی مؤید ان فتاویٰ مندرجہ بالا کے ہے صلوٰۃ الرغائب ایک نماز نفل ہے کہ بعد چار سو برس کے حادث ہوئی، اور ایسا ہی صلوٰۃ شب برات ان کی کراہت میں شارح منیہ بعد بیان کرنے نوافل مستحبہ کے لکھتا ہے وبعد ذلک فالصلوٰۃ خیر موضوع ما لم یلزم منها ارتکاب مکروہ هذا اعلم ان النفل بالجماعة علی سبیل التداعی مکروہ علی ما تقدم ما خلا التراویح وصلوٰۃ الکسوف وصلوٰۃ الاستسقاء فعلم ان کلا من صلوٰۃ الرغائب لیلة اول جمعة من رجب وصلوٰۃ البراءة لیلة النصف من شعبان وصلوٰۃ لیلة القدر لیلة السابع والعشرین من رمضان بدعة مکروهة وقال ابو الفرج بن الجوزی وابو بکر الطرطوسی صلوٰۃ الرغائب موضوعة علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکذب علیہ وقد ذکروا لکراهتها وجوها منها فعلها بالجماعة وهی نافلة ولم یرد به الشرع ومنها تخصیص سورة الاخلاص والقدر ولم یرد به الشرع ومنها تخصیص لیلة الجمعة دون غیرها وقد ورد النهی عن تخصیص یوم الجمعة بصیام ولیلة بقیام ومنها ان العامة یعتقدونها سنة من سنن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیکون فعلها سبباً لکذبهم علیہ علیہ السلام قلت بل کثیر من العوام ببلاد الروم یعتقدونها فرضاً وکثیر منهم یترکون الفرائض ولا یترکونها وهو المصیبة العظمی ومنها ان فعلها یغری فاسد الوضع الاحادیث والافتراء علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومنها ان الاشتغال بعدد السور مما یخل بالخشوع والتدبر وهو مخالف السنة ومنها ان فی الصلوٰۃ مخالفة السنة فی تعجیل الفطر ومنها ان سجدتیها مکروهتان اذ لم یشرع التقرب بسجدة منفردة بلا رکوع غیر سجدة تلاوة عند ابی حنیفة وعند غیرهما غیرها وغیر سجدة الشکر ومنها ان الصحابة والتابعین ومن بعدهم من الائمة والمجتهدین لم ینقل عنهم هاتان الصلوٰتان فلو کانتا مشروعتین لما فاتتا عن السلف وانما حدثتا بعد الاربعمائة ولیس حدیث یدل علی شرعیتهما الا ان بما روی عنہ علیہ السلام انہ قال الصلوٰۃ خیر موضوع فان ذلک مختص بصلوٰۃ لا تخالف الشرع بوجه من الوجوه وقد صح النهی عن الصلوٰۃ فی الاوقات المکروهة انتہی پس غور کرنا چاہیے کہ جس ذکر مولود مندوب ومستحسن ہے مگر صلوٰۃ نفل اس سے اعلیٰ اور افضل ہے کہ عمدہ عبادات اور افضل القربات اور خیر موضوع ہو مگر باوجود بوجہ اہتمام کے کہ یہ آئمہ مشروع نہیں بدعت لکھتے ہیں یہاں ذکر مولود میں بھی گو مندوب ہے مگر تداعی واہتمام اس کا کہیں سلف سے ثابت نہیں بدعت ہووے گا البتہ وعظ و درس میں تداعی ثابت ہے کیونکہ وہ فرض ہے جیسا فرائض صلوات میں تداعی ضروری ہے اور تعیین سور کا اس صلوٰۃ میں بدون درود کے بدعت لکھا ہے سو مولود میں بھی تعیین ہیئات مباح کا جو معلوم ہے بدعت ہووے گا گو فی حد ذاتہ وہ امور مباح

-- قال اللہ تعالیٰ ورفعنا لک ذکرک یعنی فرمایا اللہ تعالیٰ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو تحقیق بلند کیا ہم نے ذکر تیرا یعنی ہم نے تم کو نبی بنایا اور مشہور رکھا زمین آسمان میں اور پھیلا دیا ذکر تمہارا دنیا کے انتہا کناروں تک اور تمہارا ذکر دلوں میں محبوب و مطلوب کر دیا امام رازی نے یہ سب مطالب لکھکر بعد اس کے یہ لکھا کان اللہ تعالیٰ یقول املاء العالم من اتباعک کلھم یثنون علیک ویصلون علیک یعنی یہ جو اللہ تعالیٰ نے ورفعنا لک ذکرک فرمایا اس کے یہ معنی ہیں گویا اللہ تعالیٰ یوں فرماتا ہے کہ ہم بھر دینگے عالم کو تمہارے فرمانبرداروں سے وہ سب

مستحب ہیں مگر تعیین اس امر مولود کیساتھ کہ تغیر اسکے بغیر مولود نہ ہو بدعت ہووے گا۔ جیسا کہ تعیین سورۂ اخلاص کی اور تعیین وقت کی اس صلوٰۃ میں مکروہ ہے بسبب تعیین وقت کے شارع کی طرف سے پس شہر ربیع الاول کی کوئی تاریخ مقرر کرنا التزاماً یہاں بھی مکروہ ہوویگا اور علیٰ ہذا کوئی امر مکروہ جیسا روشنی زائد از قدر حاجت مثلاً اور سب ممنوع امر کا منضم ہونا اس مجلس میں ممنوع ہووے گا اور جیسا عوام کو اس صلوٰۃ کو سنت اعتقاد کر لینا باعث کراہت کا ہوا ہے ایسا ہی اس مولود کی مجلس کو ضروری جاننا عوام کا موجب کراہت کا ہے اور جس طرح وضاع احادیث کی اغراض اس صلوٰۃ میں ہے اسی طرح وضاعین روایت مجلس مولود کے یہاں اغراض حاصل و موجود ہے اور جیسا کہ رفع خشوع بسبب عدد سجود کے اس صلوٰۃ میں موجود ہے شب بیداری مجلس سے صلوٰۃ فجر میں کاہلی نوم کے رفع خشوع چندگونہ زائد موجود ہے اور جس طرح اس صلوٰۃ میں تعجیل صلوٰۃ فجر سے سنت وقت کی فوت ہوتی ہے اس مجلس کے اکثر حاضرین کی خود صلوٰۃ فجر ہی فوت ہو جاتی ہے اور اس صلوٰۃ میں جسطرح بسبب سجدہ خارج صلوٰۃ کے جو مکروہ ہے کراہت حاصل ہوئی اس مجلس مولود میں بسبب قیام غیر مشروع اور لباس ممنوع اور اسراف روشنی کے کراہت موجود ہے اور دیگر امور جو اس مجلس میں زائد ہیں اور فتوی مولانا احمد علی صاحب سے معلوم ہوتے ہیں زائد رہے اور جیسا کہ شارع منیہ نے سلف صالح میں اس صلوٰۃ کا نہ ہونا علت کراہت کی قرار دی ہے حالانکہ نفس صلوٰۃ نوافل بکثرت ان قرون میں موجود تھا ایسا ہی اس مجلس کی ہیئت کذائیہ کا ان قرون میں نہ پایا جانا اگرچہ نفس ذکر ولادت تھا باعث بدعت و کراہت کا ہونا ظاہر ہو گیا پس اہل علم و فہم ذرہ غور سے ملاحظہ کریں کہ یہ مجلس مولود مروجہ اس صلوٰۃ کیساتھ بالکل مطابق ہے مع شیٔ زائد فی وجوہ المنع پس کون عاقل متدین اس کو مستحسن کہدیوے گا ہاں نفس ذکر ولادت مستحب ہے اور اس میں کلام نہیں پس حاصل یہ ہوا کہ نفس ذکر مستحب اور قیود اس کی ممنوع اور مجموعہ مقید بھی ممنوع اب مولف کے اقوال کو دیکھنا چاہیے کہ نزاع تو قیود اور مقید میں ہے اور مولف صاحب نفس ذکر کا اثبات کرتا ہے

آیت ورفعنا لک ذکرک مذاکرہ رسول اللہ میں الخ اقول راست ہے کہ ذکر فخر عالم علیہ السلام کا ایسا مرتبہ بلند ہے کہ نہ کسی کا ہوا نہ ہو جس قدر توصیف آپکی کریں تھوڑی ہے مگر اس ذکر مبارک کا پاک مکان اور پاکیزہ ہیئت میں اور الواث بدعات و منکرات سے اس کا صاف کرنا اور حضور مشاق مبتدعین سے اس کا مستور رکھنا بھی رفعت شان ذکر کو لائق و واجب ہے پس اس آیت بیان رفعت شان صاحب المعراج سے یہ بدیہتہً ظاہر ہے کہ اس میں کوئی منکر غیر مشروع کا نہ ہو کہ جس سے سبب تیو ہر وجہ کا کہ خلاف امر حق تعالیٰ اور مخالف امر ورضا صاحب کے رفیع کے ہیں اس ذکر کیساتھ ہونا ممنوع و محظور ہونا محقق ہو گیا پس یہ آیت اول دلیل مانعین ہیئت مجلس کی ہے کہ جسکو مؤلف نے سمجھا ہی نہیں لہٰذا جو لوگ کہ اس ذکر میں ان مبتدعہ امور اور منکرہ کو ضم کرتے ہیں جسمیں اختراع ہے تو وہ خلاف حکم اس آیت کے پستی اور ذلت اس ذکر کی کرنے والے ہوئے اور ضد حکم حق تعالیٰ کے عامل ہے اب غور طلب ہے کہ مؤلف کو مقصود اثبات قیود ذکر مولد ہے اور آیت ان کی حرمت ثابت کرتی ہو آیت سے خوبی نفس ذکر کی کہ خالی از شوائب نامرضیات ہو مفہوم ہوتی ہے اور مولف کسقدر

تمہاری تعریف کیا کریں گے اور درود پڑھا کریں گے انتہی ما فی التفسیر الکبیر خیال کرنا چاہیے کہ یہ معنی بخوبی صادق آتے ہیں محفل میلاد پر بیشک محفل قدر منزلت مضمون آیہ ورفعنا لک ذکرک میں داخل ہے اس لیے کہ اس محفل میں کثرت ہوتی ہے درود شریف کی اس قدر کہ نہیں ہوتی کسی اور مجالس وعظ وتدریس میں اور بیان ہوتا ہے حضرت کے نور کا اور ظہور معجزات و کرامات کا جو وقت ولادت اور رضاع اور قبل نبوت اور بعد نبوت ظاہر ہوئی اور بیان ہوتا ہے حلیہ شریف کا یہ سب ثنا و صفت ہے حضرت صلعم کی پس مضمون یثنون علیک ویصلون علیک خوب صادق آیا اس پر اور آواز بلند اور پاکیزہ سے ایک مقام بلند مثل منبر یا چوکی پر بیٹھ کر پڑھنے سے اور ایک ہی شان رفعت ورفعنا لک ذکرک کی ظاہر ہوتی ہے اور جو کچھ روایات و معجزات و فضائل حضرت سید الکائنات بیان کیے جاتے ہیں یہ وہ روایتیں ہیں کہ ان کو صحابہؓ نے مجالس تابعینؒ میں اور تابعینؒ نے مجالس تبع تابعینؒ میں بیان فرمایا اسی طرح طبقہ بعد طبقہ ذکر ہوتا ہوا ہم تک پہنچا اگر یہ سلسلہ ذکر ممنوع ہوتا صحابہؓ اول طبقہ میں بیان اس سے بند کر لیتے نہ ہم تک وہ فضائل پہنچتے نہ ہم مجالس اور محافل میں ان مدائح اور مناقب کو بمصداق آیہ کریمہ ورفعنا لک ذکرک آفاق میں منتشر اور مشتہر کرتے

غافل ہے کہ نام صفات کا اثبات اس سے کرتا ہے کاش مولف کو کچھ بھی فہم ہوتا قولہ خیال کرنا چاہیے الخ اقول مولف کو بالکل ہوش نہیں کہ سمجھے اگر کثرت درود شریف اور ذکر خیر اس میں ہو تو تلوث بدعت و مکروہات اور حضور اعداء اللہ بھی تو یہاں موجود ہے ابھی معلوم ہوا کہ ہمہ عبادت تلوث مکروہات سے مکروہ و بدعت ٹھہرائی گئی اور خود آیت سے پاکیزہ کرنا اس ذکر کا تلوث و نجاسات ظاہریہ و باطنیہ سے محقق ہو لیا اب فقط کثرت درود و ذکر خیر سے کس طرح باوصف ان تدنسات معلومہ کے یہ مجلس داخل مفہوم آیت کے ہو سکتی ہے بلکہ قطعاً و یقیناً اس آیت سے یہ محفل خارج ہے بوجہ ان قیود غیر مشروعہ کے اگرچہ اس میں خیرات و مبرات بھی ہوں ہاں اگر یہ سب قیود غیر مشروعہ رفع ہو جاویں تو بیشک داخل آیت کے ہے اور اس کو کوئی منع نہیں کرتا سو مولف کے حسن فہم پر آفریں ہے کہ ثبوت نفس ذکر کا کرتا ہے اور کلام قیود و غیر مشروعہ میں ہو رہی ہے سبحان اللہ علی ہذا منبر چوکی پر بیٹھنے سے رفعت نہیں ہوتی بلکہ مینار پر چڑھ جانے سے بھی کچھ نہیں ہوتا البتہ محفل ذکر کو لطیف خباثات ظاہریہ و باطنیہ سے کرنے سے رفعت ہو جاتی ہے رد مختار میں مولود مروجہ کو لکھتا ہے واقبح منہا النذر بقراءۃ المولد فی المنائر مع اشتماله علی الغناء واللعب وایہاب ثواب ذلک الی حضرۃ المصطفی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھو کہ منارہ پر چڑھنا مولود کا مفید رفعت کو نہ ہوا بلکہ اقبح ہو گیا اس واسطے کہ مشتمل لعب و غناء پر تھا پس مولف کا مولود کیوں کہ رفعت میں داخل ہے کہ مبتدعین و فجار کی وہاں توقیر ہوتی ہے اور قنادیل تبذیر سے وہ محفل مظلم ہوتی ہے اور دونوں امر کی مذمت نصوص میں موجود ہے وہ کون عاقل ہے کہ مدح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پڑھے اور عصیان اور امر رسول اللہ ﷺ سے اس مجلس کو مظلم بنادے اور پھر اس کو داخل آیت مذکورہ کے تصور کرے اگر اس کو استہزاء کہا جاوے تو بجا ہے اور ایسے فعل کے مجوز کو جاہل کہنا سزا ہے قولہ روایات و معجزات الخ اقول روایات احوال فخر عالم علیہ السلام صحابہؓ نے جو کچھ بطریق درس و تذاکرہ کے تعلیم فرمائے اور اسی طرح آج تک چلے آتے ہیں انہوں نے مجلس مولود گاہے کی اور نہ ان سے اس ہیئت کذائیہ کا ثبوت ہوا چنانچہ خود مولف آگے اقرار کرے گا کہ یہ مجلس چھ سو کے آخر میں ہوئی پس کلام اس ہیئت میں ہے نہ ذکر احوال فخر عالم میں اور اس ہیئت کا ممنوع اور بدعت ہونا بھی ہم کو صحابہؓ سے ہی منقول ہو کر معلوم ہوا ہے اب مولف کی عقل نا تمام کو دیکھنا ہے کہ جواز درس ذکر فخر عالم کو یہاں ثابت کرتا ہے اور مانعین کی مراد سے بالکل بے خبر ہے وہ ان ہی امور کی ممانعت کرتے ہیں کہ جس کی ممانعت منصوص ہے قولہ خلاصہ یہ کہ ذکر ثابت الاصل ہے الی قولہ غرض اس

خلاصہ یہ کہ یہ ذکر ثابت الاصل ہے عہد صحابہؓ میں تقاضا کرکے وصف حضرت کا سنتے تھے اور اسمیں دل لگاتے تھے ترمذی نے شمائل میں روایت کی ہے کہ حضرت امام حسنؓ فرماتے ہیں کہ میں نے سوال کیا ابن ہند ابی ہالہ سے وکان وصافا عن حلیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی وہ بہت وصف کیا کرتا تھا حلیہ شریف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وانا اشتہی ان یصف لی شیئا اتعلق بہ اور میں چاہتا تھا کہ وہ مجھکو وصف سنادے کچھ صورت مبارک کی اور دل لگاؤں میں اس سے الی آخرہ اب دیکھئے یہ حضرت امام حسنؓ نواسہ رسول اللہ علیہ وسلم کے وقت وفات حضرت سات برس کے تھے اتنی عمر والا اپنے اقربا کی صورت نہیں بھولا کرتا حالانکہ یہ صاحبزادہؓ تو کمال ذہین اور متین اور قوی الحفظ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث حفظ کرکے روایت فرماتے تھے چنانچہ صحاح ستہ کے چند ائمہ حدیث نے قنوت وتر کی حدیث ان سے روایت فرمائی ہے اور اسماء الرجال میں ان کو صحابہؓ میں شمار کیا ہے پس ظاہر ہے کہ ایسا صاحب حفظ ایسے پیارے نانا جان کی صورت جو ہر دم گود میں رکھتے تھے کندھے پر چڑھا لیتے تھے نہیں بھولے تھے بلکہ مزہ لینے کیلئے کہ تذکرہ حضرت کا موجب سرور قلب ہے اور خوب سنکر دل میں اچھی طرح منضبط کریں اس لئے ہند ابی ہالہ سے سوال کیا کہ سناؤ مجھکو وصف شکل مبارک کا پس بیان کیا ہند ابن ابی ہالہ نے وہ حدیث طویل جو شمائل میں مذکور ہے اور ہند ابن ابی ہالہ کی نسبت جو یہ لفظ آیا کان وصافا عن حلیۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لفظ وصافا صیغہ مبالغہ کا ہے اور مبالغہ کثرت سے ہوتا ہے معلوم ہوا کہ وہ کثرت سے بیان فرماتے رہتے تھے حلیہ شریف کا اور اسی طرح دارمی وغیرہ محدثین ابو عبیدہ سے کہ وہ تابعی ہیں مقبول بین المحدثین روایت کرتے ہیں کہ ابو عبیدہؓ نے پوچھا مسماۃ ربیع صحابیہؓ سے کہ وصف سناؤ مجھکو رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ بولی لو رأیتہ لقلت الشمس طالعۃ اور اسی طرح بیہقی نے روایت کی ہے کہ ابو اسحاق جو ایک تابعی جلیل القدر ہے اس نے ایک عورت صحابیہؓ سے پوچھا کہ بیان کر مجھ سے کہ کیسے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قالت کالقمر لیلۃ البدر لم ار قبلہ ولا بعدہ مثلہ صلی اللہ علیہ وسلم غرض اس قسم کی بہت سی روایتیں موجود ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہؓ اور تابعینؒ میں بہت تذکرہ آپ کے اوصاف کا رہتا تھا عہد صحابہؓ میں اور اس زمانہ میں پس اسی قدر فرق ہے کہ اس وقت میں مختصر طور پر روایتیں بیان ہوتی تھیں اب تفصیل اور تطویل سے ہوتی ہیں جس طرح علم حدیث کا حال ہے حضرت شاہ ولی اللہ انتباہ میں لکھتے ہیں کہ صدر اول میں حدیث لکھنے کا دستور نہ تھا یعنی صحابہؓ میں حدیث کا تذکرہ اور یادگاری زبانی ہوتی تھی بعد ان کے حدیثیں لکھی جانے لگیں اور ایک صدی کے بعد بہت اہتمام کتابت کا ہوا پھر دوسری صدی کے بعد پوری طرح پر کامل تصنیفیں ہونے لگیں انتہی غرضیکہ یہ جو کتب احادیث میں اب ہے کہ ایک قسم کی حدیثوں کا باب الگ ہوا ہے کہ جس قدر حدیثیں ہیں وہ محدثوں نے ایک جگہ جمع کر دیں ان کو ایک جگہ یہ بات پہلے نہ تھی پس اسی طرح وہ جو روایتیں

قسم کی بہت روایتیں ہیں کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ذکر آپ کا صحابہؓ تابعین میں بہت رہتا تھا الخ **اقول** اصل ذکر اور کثرت اس ذکر کی کسی کو انکار نہیں من احب شیئا اکثر ذکرہ ثابت ہے مگر مؤلف کی مراد کا اس میں کہیں نام و نشان نہیں کیونکہ نفس ذکر کا کوئی مانع نہیں قیود میں کلام ہے نہ ذکر میں یہ مؤلف کی غلط فہمی ہے ہاں ان روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ طبقہ عاشق فخر عالم کا تھا بار بار ذکر آپ کا کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ عاشق خلاف امر و رضا محبوب کے ہرگز نہیں کرتا تو جو کچھ ان کا ذکر تھا وہ عین محبت تھی اور جس کو انہوں نے اس ذکر میں خلط نہ کیا بلکہ اس کی ذم فرمائی وہ ممنوع تھا پس اس طبقہ کی متروکات و مذمومات جملہ شنیع ہوئی سو قیود مروجہ مجلس ہمارے وقت کی مذموم ہوئی مگر مؤلف کو فہم نہیں قولہ عہد صحابہؓ میں اور اس زمانہ میں الخ **اقول** یہ شرح و بسط روایات کی اور تالیف ہونا سنن و مسند

حضرت صلعم کے حلیہ شریف کی بابت اور وقائع میلاد و رضاع وغیرہ کی بابت صحابہؓ میں منتشر متفرق تھیں ایک زمانہ وہ آیا کہ محدثین کے دل میں آیا ان کو ایکجگہ جمع کر دیجئے تب محدثین نے ان کو جمع کیا وہ رسالہ بن گئے سیکڑوں رسائل میلاد یہ تصنیف ہو گئے انا نجملہ مولد شریف حافظ شمس الدین محدث دمشقی کا ہے مورد الصادی فی مورد الہادی اور لکھا محمد بن عثمان لولوی دمشقی نے الدر المنظم فی مولد النبی الأعظم اور لکھا امام القراء و المحدثین ابن جزری کی عرف التعریف فی مولد شریف اور لکھا مجد الدین صاحب قاموس نے نفحات العنبریہ فی مولد خیر البریہ سب کا نام لکھنا طول کو پہنچتا ہے غرض کہ علامہ سخاوی اور ابن حجر وغیرہ محدثین ہر کسی نے شریک ہونا اس خیر میں اور جمع کر دینا اس قسم کی روایات کا ایک الفاظ پاکیزہ اور ترکیب نفیس میں نظماً و نثراً اپنی مایہ سعادت سمجھا اور پڑھے جانے لگے وہ رسائل محافل میں پھر فارسی دانوں نے فارسی زبان میں اور بلاد یورپ میں ترکی زبان میں اور ہندوستان میں ہندی زبان میں ترجمہ ہو کر پڑھے جانے لگے اور یہ ذکر پاک بسکہ موجب فرحت و سرور تھا اس میں بعض سامان سرور مثل زینت مجلس اور استعمال بخور و عطریات اور اطعام طعام و شیرینی و اجتماع اخوان و خلان بھی داخل اور شامل ہو گئے ان امور کے شامل ہونے کو علماء دین نے جائز رکھا اور وہ چند فتوی المجتمع قریب چوبیس صفحے کے مطبع ہاشمی میں اب مطبوع ہوئے ہیں اس کا صفحہ تیرہ میں ایک عالم محدث نے ان امور زائدہ کی منع پر دلیل قائم کی ہے عن نافع ان رجلا عطس الی جنب ابن عمر قال الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ قال ابن عمر انا اقول

کا اور جمع ہونا جوامع و رسائل کا سب حق ہو مگر مؤلف کی غرض کسی سے حاصل نہیں ہوتی **قولہ** اور یہ ذکر پاک بسکہ موجب فرحت و سرور تھا الخ **اقول** یہ تو مؤلف بھی اقرار کرتا ہے کہ یہ سامان سرور قرون ثلثہ میں نہیں ہوئے بلکہ چھ سو کے آخر میں ہوئے پس اگر اس پر وہ قول شرح منیہ کا جو صلوۃ رغائب میں ہم پیش کیا جاوے کہ ائمہ مجتہدین تک کبھی اس کا وجود نہ ہوا اور یہ علامت بدعت ہونے کی ہے تو حجت کافی ہے مگر ہم اس سے درگذر کر کے کہتے ہیں کہ ان سامان سرور کا ادخال اس ذکر مبارک میں اگر کسی نص سے ثابت تھا تو مؤلف کو پیش کرنا اس کا واجب تھا کہ محل اثبات ہے اور اگر محض قیاس ہے تو قیاس خلاف نصوص کے مردود ہوتا ہے پس ہر گاہ کہ بموجب تقریر بالا محقق ہو لیا کہ یہ قیود و تعیین خلاف ما ورد بالشرع کے بدعت ہوتی ہے تو مجوزین علماء دین کی تجویز بزعم مؤلف خلاف نص کے ہرگز معتبر نہیں ہو سکتی لہذا بالعذر در اپنے حسن ظن سے ہم کہتے ہیں کہ اس وقت میں یہ امور مباحات اتفاقاً سرزد ہوتے تھے اور اباحت کے درجہ سے نہ بڑھتے تھے اور عوام کے اعتقاد کے فساد تک نوبت نہ پہنچتی تھی لہذا اس وقت میں علماء نے انکار نہیں کیا تھا مگر اس وقت میں وہ امر نہیں رہا معاملہ قلب ہو گیا یہ سب بدعت و مکروہ بن گیا چنانچہ شرح منیہ کی روایت ہم نقل کر چکے ہیں اور شرح منیہ کے قول کے جملہ علماء مقر ہیں اور جو امور منکر اس وقت میں پیدا ہو گئے مثلاً اسراف روشنی اور لباس ممنوع وغیرہ وہ اس وقت میں مطلقاً نہ تھا پس مؤلف کو کوئی حجت باقی نہیں محض سفسطہ ہے اور بس **قولہ** اور وہ جو چند فتوی المجتمع قریب ۲۴ صفحہ الخ **اقول** اول مؤلف نے قرآن کی آیت لکھی اور پھر روایات بیان حلیہ کی لکھی اور پھر بیان تدوین رسائل حالات و سیر فخر عالم کا لکھا اور پھر تراجم اس کا زبانہائے مختلفہ میں ہونا لکھا تو چونکہ یہ سب امور متفق علیہا تھے اور اس کے سے کچھ بھی مدعا مؤلف کا ثابت نہ ہوتا تھا تو ناچار فعل ملک ربل کا اپنے مدعا کیواسطے نقل کیا کہ امور سرور اس ذکر میں داخل ہو وے معلوم ہے کہ ایسے افعال سے کوئی حکم کس طرح ثابت ہو جاوے چنانچہ اوپر کے قول میں اس احقر نے لکھ دیا ہے تو اول تو یہ قول خود مؤلف کے نزدیک بھی قابل حجت نہ تھا مگر کیا کرے جب کوئی دلیل نہ ہو تو ایسے ہی اقوال ساقط سے نفس پروری ہوگی پھر بعد اس کے یہ مؤلف نے سوچا کہ مولانا احمد علی صاحب اس ادخال سرور کو اپنے جواب میں باطل فرما چکے ہیں مباحات کا ضم تو ایکطرف وہ خود ضم مستحب کو

الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ ولیس ھکذا علمنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علمنا ان نقول الحمد للہ علی کل حال رواہ الترمذی یہ حدیث مشکوٰۃ کے باب العطاس میں ہے اور غرض اس محدث کی اس حدیث سے یہ ہے کہ السلام علی رسول اللہ ایک امر مستحب ہے لیکن چونکہ وظیفہ عطاس بر خلاف اس شخص نے یہ کلمہ زائد کر دیا اس لئے عبداللہ ابن عمرؓ نے اس پر انکار کیا بنا بر علیہ مولد شریف میں بھی جو چیزیں زائد ہیں وہ بدعتیں قابل انکار ہیں جواب اس کا یہ ہے کہ مشکوٰۃ المصابیح میں یہ حدیث مذکورہ نقل کر کے لکھا ہے ہذا حدیث غریب شیخ محدث دہلویؒ نے مقدمہ میں لکھا ہے

بھی بغیر اذن شرع کے بدعت بنا چکے تو مؤلف کو اس کے جواب کی فکر ہوئی کیوں کہ جب تک وہ قول رد نہ ہو لیوے تو مجلس مولود مؤلف کی ہر گز درست نہیں ہو سکتی لہٰذا مؤلف نے اس کا جواب لکھنا شروع کیا ہے اور حاشیہ پر مولوی صاحب کی نسبت شرکت مجلس مروجہ اور قیام کی تہمت اور تکذیب اس کی کہ یہ ان کا فتویٰ ہے اور شہادت حافظ عبدالکریم خاں کی لکھتا ہے اس کا جواب بجز اس کے نہیں دیتا ہوں کہ لعنت اللہ علی الکاذبین مولانا مرحوم ہر روز اس مجلس کو بدعت فرماتے رہے اور مولانا کا مہری دستخطی یہ فتویٰ موجود ہے پس بندہ اس کے کذب اتہام مندرجہ حاشیہ سے اعراض کر کے اول یہ کہتا ہے ناظرین بغور سنیں کہ سابقاً کلیہ شرعیہ ممہد ہو چکا ہے کہ مطلق کو مقید کرنا بدعت ہے اور شارح منیہ نے بھی صلوٰۃ رغائب میں اس کلیہ کو مسلم کر کے اس کلیہ سے کراہت و بدعت ہونا صلوٰۃ رغائب کا ثابت کیا ہے اب بندہ یہاں کچھ اور بھی مطلب لکھتا ہے بخاری میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے مسجد میں لوگوں کو صلوٰۃ ضحیٰ پڑھتے دیکھ کر فرمایا کہ یہ بدعت ہے حالاں کہ صلوٰۃ ضحیٰ سنت مستحب ہے اور مسجد میں جانا بھی مستحب ہو مگر چونکہ بہ ہیئت اجتماع اس صلوٰۃ کا مسجد میں پڑھنا تھا اسکو بدعت فرمایا اور اس پر انکار کیا اور حضرت عبداللہ ابن مغفل صحابیؓ نے جہر بسم اللہ کو فاتحہ کیساتھ نماز میں بدعت منکر فرمایا حالاں کہ بسم اللہ ذکر ہے اور جہر بذکر ممنوع نہیں مگر چوں کہ یہاں جہر منقول نہ تھا اس کو بدعت فرمایا یہ حدیث ترمذی وغیرہ کتب احادیث میں مذکور ہے امام صاحب کے نزدیک عید الفطر میں تکبیر بجہر راہ مصلیٰ میں بدعت ہو اس واسطے کہ یہاں ان کے نزدیک تکبیر خفیہ ثابت ہوئی ہے سو جہر غیر مورد شرع میں بدعت ہوا حالاں کہ جہر بالتکبیر والذکر مستحسن ہے

امر مستحسن مستحب بہیئۃ مالم یرد بالشرع بدعت ہو

اور بحرالرائق میں کہتا ہے لان ذکر اللہ اذا قصد بہ التخصیص بوقت دون وقت او بشیٔ دون شیٔ لم یکن مشروعا مالم یرد بہ الشرع عالمگیری کہتا ہے یکرہ للانسان ان یخص لنفسہ مکانا فی المسجد یصلی غرض ان سب سے یہی ثابت ہو کہ کسی اطلاق شارع کو قید زمان و مکان و ہیئت سے مقید کرنا بدعت ہو بدون اذن شارع کے پس اس کلیہ کو جو مسئلہ تمام امت کا ہو اور ان احادیث اور روایات فقہاء مجتہدین سے خوب محقق ہوا کہ کسی حکم کا کسی وجہ سے جنبہ تغیر نہیں چاہیئے کسی سے نہ زیادتی تبدیل وسعت ہے پس مولوی صاحب نے بھی حدیث صحیح ترمذی کی اس اثبات میں تحریر فرمائی تھی تو مؤلف نے اول تو بحث تنقید حدیث میں لکھی اور پھر معنی حدیث میں کلام کی ماشاء اللہ تعالیٰ یہ سلیقہ اور یہ بحث اگرچہ بندہ کی عادت شعر اشعار یا امثال کے لکھنے کی بوجہ اختصار کے نہیں مگر یہاں بے ساختہ طبع یہ شعر لکھے ظہور حشر نہ ہو کیوں کہ کلچڑی کی حضور بلبل بوستاں کرے تو ہنگی،

مولانا احمد علی صاحب کے استدلال حدیث عطاس پر مؤلف کے کلام بے سروپا ... کا رد

سبحان اللہ مولانا احمد علی صاحب مرحوم محدث کی حدیث نقل کردہ اور اس کی تنقید میں عبدالسمیع کلام کرے قیامت آئی صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا وسد الامر الی غیر اھلہ فانتظر الساعۃ رواہ البخاری خیر اب سب لوگ مؤلف کے علم کو بغور ملاحظہ فرماویں مؤلف کہتا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے مگر شرم نہیں کرتا کہ خود ضعاف بلکہ موضوعات سے محبت اپنی بدعت چہلم و فاتحہ وغیرہ پر لاتا ہے اور مولانا احمد علی صاحب

کہ ھو من اقسام الطعن فی الحدیث وھذا ھو المراد من قول صاحب المصابیح ھذا حدیث غریب اور بعض حدیث غریب صحیح بھی ہوتی
ہے اور بعض حسن بھی ہوتی ہے سو عادت ترمذی کی ہے کہ اس کو کھول کر کہہ دیتا ہے کہ ہذا حدیث صحیح یا حسن غریب اور جب بیان کرے
لفظ حسن اور صحیح کا تو مراد اس سے وہی مطعون ہونا اس حدیث کا رہ گیا اور اس حدیث کو ترمذی نے یہی لکھا کہ ہذا حدیث غریب
پس حدیث مطعون فیہ حجت ٹھیری اور بالفرض والتقدیر اگر مطعون فیہ کو بھی مسلم رکھیں تو جائز ہے کہ یہ بات حضرت عبد اللہ ابن
عمرؓ نے اس شخص پر انکار السلام علیٰ رسول اللہ کہنے سے اس لئے کیا ہوگا کہ اس باب میں صیغہ نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
وارد ہے درمختار کی کتاب الذبائح میں ہے قال علیہ السلام موطنان لا اذکر فیہما عند العطاس وعند الذبح اور نہی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابل میں جو چیز ایجاد ہوگی اس کو ہم بھی منع کرتے ہیں کیوں کہ وہ خلاف شرع ایجاد ہوئی اور جس مقام پر نہی
شرع وارد نہیں ہوتی وہاں زیادہ کرنا ایسی چیز کا جو مستحسن اور مباح ہوتی ہے فقہاء منع نہیں فرماتے اس کی دو نظیریں لکھتا ہوں

کی منقولہ حدیث صحیح کو محض اپنے جہل سے ضعیف بتاتا ہے اور حق تعالیٰ سے نہیں شرماتا مؤلف وجہ ضعف کی لکھتا ہے کہ ترمذی نے اس
کو غریب کہا ہے اور جہاں غریب مطلق بلا قید صحیح یا حسن کے وہ ضعیف ہوتی ہے مگر یہ قول مؤلف کا محض غلط اور مطلق جہل فن حدیث
سے ہے اس واسطے کہ غریب اصطلاح ترمذی وغیرہ جملہ محدثین میں وہ ہے کہ اس کی سند میں کسی جگہ راوی منفرد ہو جاوے چنانچہ خود مقدمہ
شیخ میں جو مؤلف کی نظر میں ہے یہ لکھا ہے الحدیث الصحیح ان کان راویہ واحداً یسمی غریباً الخ اگرچہ چند سطر پڑھ کر مؤلف دیکھ لیتا
تو شاید سمجھ جاتا اور جو کچھ سلیقہ رکھتا تو خود علل ترمذی کو کسی عالم سے پڑھ کر سمجھ لیتا مگر اس کو علم سے کچھ مس اور بحث ہی نہیں پس یہ حدیث
ترمذی کی موافق اصطلاح ترمذی کے غریب اور صحیح ہے کیوں کہ مشکوٰۃ میں ترمذی کے لفظ نقل کرتا ہے ترمذی نے اپنی کتاب میں اس کو غریب
کہا ہے اور خود وجہ غربت کی بیان کر دی ہے کہ زیاد بن الربیع منفرد ہے حالانکہ زیاد بن الربیع بخاری کے رواۃ میں ہے پس بہر حال لفظ غریب کا
دیکھ کر آنکھ بند کر کے مؤلف کا حکم ضعف کا کرنا کس قدر جزرۂ سفاہت ہے دوسرے یہ کہ تمام راوی اس حدیث کے ثقہ اور مقبول ہیں کوئی بھی
ضعیف نہیں پس اس کو ضعیف اپنی رائے سے کہہ دینا جرح ثقات علماء پر کرنا اور طعن ضعف کا مقبولوں پر کرنا کس قدر بد دیانتی ہے تیسرے
شیخ نے اپنے مقدمہ میں یہ لکھا ہے والغریب قد یقع بمعنی الشاذ ای شذوذاً وھو من اقسام الطعن وھذا ھو المراد من قول صاحب
المصابیح الخ تو مؤلف اس کو نہ سمجھا اور رجماً بالغیب ضعف کا حکم دینے لگا اول تو خود شیخ بلفظ قد یقع لکھتا ہے کہ جو ندرت اطلاق پر دال ہے
مؤلف نے اس کو قاعدہ کلیہ سمجھ لیا دوسرے یہ اصطلاح مصابیح کی ہے نہ دیگر محدثین اور ترمذی کی پس مشکوٰۃ اگرچہ مستخرج سے ہے مگر صاحب
مشکوٰۃ نے یہ لفظ غریب کا تو مصابیح سے نقل نہیں کیا یہ نہیں کہا قال محی السنۃ ھذا حدیث غریب جو مؤلف اس اصطلاح پر حدیث کو
ضعیف کہہ دے بلکہ صاحب مشکوٰۃ تو صاف کہتا ہے رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب جس کو اندھا آدمی بھی جان جاوے کہ قال
ترمذی ہے نہ صاحب مصابیح اور یہ اصطلاح مصابیح کی ہے نہ ترمذی کی اور یہ قاعدہ کہ اطلاق غریب کا ضعیف پر ہووے ترمذی کا قاعدہ نہیں
مؤلف کو خود مقدمہ شیخ کی بھی فہم نہ ہوئی اور خواہ مخواہ حدیث کو ضعیف لکھ دیا اور کچھ غیرت نہ آئی نہ رواۃ کو دیکھا نہ اصطلاح کو سمجھا
نہ مقدمہ شیخ کو خوب دیکھ لیا نہ خود ترمذی کو دیکھا الحاصل یہ حدیث ہرگز ضعیف نہیں اور حجت اس سے نہایت قوی ہوئی گر نہ بیند بروز
شپرہ چشم ۔ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ہے سب ناظرین کو مؤلف کی تنقید کا حال تو واضح ہو لیا اور علم کا مایہ جو جہل مرکب ہے بھی محقق ہو گیا کہ علم

باقی جس شخص کی نظر تنا دی پر ہوگی وہ اور بھی نظیریں نکال لے گا ایک یہ کہ سب جانتے ہیں کہ صحاح ستہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا درود تعلیم
فرمایا ہوا واسطے جلسہ التحیات کے یہ ہے اللھم صل علی محمد الی آخرہ لیکن اگر کوئی آدمی اس میں لفظ سیدنا کا زائد کرے واسطے آداب تعظیم کے یعنی
یوں کہے اللھم صل علی سیدنا محمد اس کو صاحب در مختار نے افضل اور مندوب لکھا ہے وندب السیادۃ لان زیادۃ الاخبار بالواقع عین سلوک
الادب فھو افضل من ترکہ دوسری نظیر یہ کہ فقہا زیارت مدینہ منورہ میں زادھا اللہ شرفا وتعظیما یوں لکھتے ہیں وکل ما کان ادخل فی الادب
والاجلال کان حسنا اس عبارت سے یہی معلوم ہوا کہ عایت اس بات کی کرنی جو سلف سے منقول ہے وہی ہو نہ اعلا ایک بات بھی زیادہ نہ ہو

مؤلف کا طاق میں رکھا ہے نہ سینہ میں اب بحث معنوی سنو مؤلف کہتا ہے کہ بالفرض اگر اس حدیث مطعون فیہ وسلم بھی رکھیں تو جائز ہے کہ حضرت
ابن عمر نے بسبب نہی کے طعن کیا ہے کیا خوب فہم مؤلف پر ہزار آفریں اول تو ترمذی میں دوسری حدیث اس کی ہے باب متصل میں ہے عن سالم بن عبید
انہ کان مع القوم فی سفر فعطس رجل من القوم فقال السلام علیکم فقال علیک وعلی امک فکان الرجل وجد فی نفسہ فقال اما انی لم اقل
الا ما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عطس رجل عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال السلام علیکم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعلی امک اذا عطس
احدکم فلیقل الحمد للہ رب العلمین الحدیث، تو اب مؤلف بتائے کہ وہاں تو احتمال نہی صریح کا تھا السلام علیکم کے لفظ میں کونسی نہی وارد تھی
جو خود فخر عالم نے اعتراض کیا اور خود وظیفہ اس محل کا تلقین فرمایا یہ صاف اس حدیث کی تائید ہوگی کہ جس مقام میں جو ذکر وارد ہے وہی ہے
اسجگہ تبدیل تغیر نہ چاہیے جیسا تبدل میں تغیر ہے تقیید میں بھی تغیر ہے دونوں ناجائز ہوئے خواہ زیادۃ سے ہو خواہ تبدیل سے ہو دوسرے یہ احتمال
نکالنا مؤلف کا کہ جائز ہے کہ بسبب نہی کے یہ اعتراض حضرت ابن عمر کا ہوا ہو اس وقت درست ہو سکتا ہے کہ تقیید مطلق کا قاعدہ شرع میں کچھ
مخفی ہو، ہرگاہ کہ یہ امر فخر عالم سے لے کر تمام مجتہدین تک مسلم ہے تو پھر ایسا ضعیف احتمال نکالنا کس عقل کا کام ہے حالانکہ ابن عمر خود حدیث
میں اس احتمال کو رفع فرما رہے ہیں فرماتے ہیں لیس ھکذا علمنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ کہ یوں تعلیم یہاں نہیں فرمایا بلکہ یہ تعلیم فرمایا
ہے یہ نہیں فرمایا کہ نھانا ان نصلی فی ھذا الموطن جس سے ہر اہل علم دریافت کر لیتا ہے کہ وجہ اعتراض کی زیادہ بالائی تھی مگر مؤلف کو چشم حق
بین کہاں ہے جو سمجھتا اور دیکھتا اس کو تو احتمال خلاف عقل فرض کر لینا اور منہ سے نکال دینا اور اپنا علم مشکوک ظاہر کر دینا ہی آتا ہے تیسرے
یہ کہ مولوی صاحب نے یہ بھی تو فرمایا ہے کہ حد مقرر شارع پر بدون اذن کے زیادۃ بدعت ہے اور خوب واضح ہے کہ بدعت منہی عنہ ہے بقول علیہ
السلام ایاکم ومحدثات الامور، جب آپ نے ایاکم کا لفظ فرمایا تو یہ غایت درجہ کی نہی مؤکد ہے تو بہر حال بدعت بھی منہی ہوئی پس مولوی صاحب
بھی یہاں نہی کا اقرار فرماتے ہیں مؤلف نے کیا خاک جواب دیا اور کیا مقصد حاصل کیا مؤلف خود کہتا ہے کہ نہی کے مقابل جو چیز ایجاد ہوگی ہم
بھی اس کو منع کرتے ہیں تو بدعت بھی منہی ہے اگر کوئی بدعت ایجاد کرے گا نہی کا مقابلہ یہاں بھی موجود ہے نہایت الامر یہ ہے کہ ایسی صراحۃ نہی
نہیں، بلکہ احادیث کی نہی کے ضمن میں ہے وہ بدعت ہے اور جس کی صراحۃ نہیں ہے وہ منہی ہے پھر اس فرق سے کیا نفع مؤلف کو حاصل ہوتا ہے
کل بدعۃ حرام و نہی رہی، اور زیادہ علی وظیفہ شرع منہی عنہ اور بدعت ہوا مؤلف بھی اس کو منع ہی کرے گا تو اس جواب کا حاصل ہی کیا نکلا سوا
الفاظ کے کوئی معنی بھی اس کے ہیں بلکہ اور تاکید ہوگئی کہ مولوی صاحب نے نہی دلالۃ فرمائی تھی مؤلف نے صراحۃ نہی کا اس میں اقرار کر لیا آگے یہ کہ
دلالۃ نہی کا اعتبار نہیں اور بدعت کا ایجاد درست ہے یہ امر مؤلف تو کیا کوئی مسلمان بھی نہیں کہے گا پس تو حاصل تقریر مؤلف کا یہ ہوا کہ اگرچہ بدعت
زیادہ وغیرہ کی حرام ہیں مگر یہاں نہی صریح ہے بدعت کہیں پس یہ اصلاح مؤلف کی محض بے سود تطویل ہوئی اور پھر وہ بھی احتمال کے ساتھ اور تردد

کچھ ضرور نہیں، بلکہ اپنی طرف سے جو کچھ حرکات و سکنات موٗدبانہ کرے گا سب بہتر ہیں ان تعظیمات میں زائد بخیر ہے خلاصہ یہ کہ حدیث
عطاس میں اس شخص کا نا مذکرنا لفظ السلام علیٰ رسول اللہ مقابل نبی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے تھا اس لئے ابن عمرؓ نے اس کو منع کیا اور

ب کیونکہ لکھتا ہے کہ جائز ہے اس لئے انکار کیا ہوگا تو دوسرا احتمال بھی مؤلف کے نزدیک مسلّم ہے اور دوسری حدیث اور خود اس حدیث کے
عقا اس احتمال مؤلف کو رد کرتے ہیں بہر حال نا مذکرنا بھی مقید کرنا ہی ہے پس وہی تقیید مطلق کا حاصل ہوا اور اعتقاد اور عمل بلا اعتقاد اس تقیید
دونوں منکر ہوئے اس واسطے کہ شارع نے یہاں ایک صیغہ مقرر فرما دیا تھا اب اس کی جگہ دوسرا صیغہ بولنا بھی بدعت اور منہی عنہ ہے خواہ اعتقاداً
ہو خواہ بلا اعتقاد اور اس پر زیادۃ بھی بدعت اور منہی عنہ ہے خواہ اعتقاد ہو یا نہ ہو ہاں بزعم مؤلف کے فقط صیغۃ السلام علیٰ رسول اللہ کے زیادہ الحمد پر بدعت
ہیں بلکہ منہی عنہ ہے مگر بدیدۂ غور دیکھئے کہ ما احدث علیٰ خلاف الحق المتلقی من الشارع میں جیسا بدعت داخل ہے منہیات صریحہ بھی داخل ہیں احداث
کیواسطے قرن فخر عالم کا انقضا ضرور نہیں سو ایسی جہل کی بات ہے مؤلف کی غرض یہ تھی کہ اگر نہی صریح نہ ہو تو زیادۃ درست ہے اور یہ بالکل غلط محض ہے
بلکہ جس کی نہی صراحتاً دلالۃً کسی وجہ سے نہ ہو وہ زیادہ درست ہے اور اگر نہی دلالۃً ہووے گی وہ زیادۃ ہرگز ہرگز جائز نہ ہووے گی،

غرض کلیات سے تو مؤلف کو کچھ علاقہ فہم کا ہوتا ہی نہیں ملا رچند جزئیات پر اس کا ہے یہاں دو جزئیہ نے اس کا | سیدنا درود شریف میں ثابت ہے
ہے اول زیادہ لفظ سیدنا کی صیغہ درود شریف میں مگر یہ نہ سمجھا کہ جہاں کہیں اجازت زیادۃ یا تبدیل کی صراحتہً یا دلالۃً موجود ہے وہاں نہی
نہیں ہو سکتی ہے وہ تو خود ماوردیہ الشرع میں داخل ہے سو اجازت زیادہ لفظ سیادۃ کی خود یا ایہا الذین امنو صلوا علیہ الآیۃ میں موجود ہے
کیونکہ معنی صلوٰۃ کے تعظیم کے ہیں اور صلوا کے معنی عظموا لکھتے ہیں اور دعا کے اگر معنی ہوں اس کو بھی تعظیم لازم ہے کہ جس کیواسطے دعا کیجاوے گی
اس کی توقیر و تعظیم لازم ہووے گی تھوڑی سی عقل کی حاجت ہے سو ہرگاہ کہ تعظیم فخر عالم کی اپنے بندگان سے حق تعالیٰ طلب فرماتے ہیں تو جو لفظ و صیغہ
تعظیم کے معنی دیوے گا وہ خود مطلوب ہووے گا جبتک کہ اس کی نہی وارد نہ ہو سو یہ نظیر مؤلف کی کسقدر بے علمی پر شاہد ہے،

دوسرا جزئیہ قول الفقہاء علی ما کان ادخل فی التعظیم الخ اور یہ بھی مناسب اس آیت کے اور آیت توقیر کے | قول فقہاء بر کل ما کان کذا دخل
ہے کہ حق تعالیٰ توقیر اپنی رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی فرض کرتے ہیں پس توقیر مشروع جسقدر ہو مطلوب ہے | تعظیم الخ اور یہ قول مقید مؤلف نہیں
اس درجہ فرضیت کا کسی حد سے حاصل ہو جاوے مگر زیادۃ توقیر مشروع سے استحباب کا حاصل کرنا مجوزہ مطلوب شرع کا ہے ہاں جو اس رتبہ کی توقیر و
تعظیم ہو کہ شرع سے ممنوع ہو جاوے مثلاً رکوع و سجدہ یا جیسا کفار ہند کا امر تعظیم ہنگا منہ لینا ہے البتہ یہ ممنوع ہووے گا بہر حال ہر دو نظیر مؤلف کی وہ
ہیں نص قطعی سے مطلوب ہیں منہی ان میں کوئی نہیں اور مولوی صاحب نے جتنی بدعت کی نظیر لکھی تھی اور مؤلف زیادۃ اپنی طرف سے کرنے کو کہتا ہے
اس کی اور جس شارع نے سمجھا نہیں زیادۃ اپنی طرف سے بدون اذن شارع کے خلاف دلالت النصوص کے مراد ہے اور جو زیادۃ موافق نصوص
کے باب اجازت نص کے ہو وہ اپنی طرف سے نہیں ہوتی سو زیادۃ سیدنا کی اور افعال و اقوال ادخل فی التعظیم اپنی طرف سے نہیں بلکہ باذن شارع
ہے اور زیادۃ السلام علیٰ رسول اللہ کی عطس کے جواب میں اپنی طرف سے ہے علیٰ ہذا تمام مسائل میں اور جزئیات میں یہی ہے مگر مؤلف فہم کسکا
لاوے جو سمجھے واہ سبحان اللہ کیا عمدہ جواب دیا کہ جس کا سر ہے نہ پاؤں مطلب مولوی صاحب کا مؤلف اقرار کرتا ہے اور اپنے زعم میں رد کرتا
ہے گے تفریح مقصود مؤلف کی سنو قولہ خلاصہ یہ کہ حدیث عطاس الخ اقول پہلے تو مؤلف اس کو احتمال تردد سے کہتا تھا یہاں اس کو تعین ہو گیا
حدیث کے مقابلہ کی وجہ سے رد حضرت ابن عمرؓ کا تھا مگر اوپر واضح ہو لیا کہ یہاں بدعت ہونے کی وجہ سے رد تھا اور نہی صریح بھی اگر ہو تو بھی حاصل

مولد شریف میں جو بعض امور ملحقہ ہیں ان کی نہی شرع میں وارد نہیں پس قیاس امور غیر منہیہ پر صحیح نہیں الحاصل محققان بالغ نظر نے ان امور ملحقہ کو محفل مولد شریف میں جائز رکھا اور وہ جو اعتراض شمول ان امور میں کرتے ہیں، کہ ان لوگوں نے مطلق کو مقید کر دیا اس کا جواب مع سائر اعتراضات متفرقہ میں بیان کریں گے خلاصہ یہ کہ ان امور مستحسنہ کا جواز کلام علماء ربانی میں موجود ہے ازاں جملہ عبارت ملا علی قاری کی جو ان کی کتاب مورد الروی فی مولد النبی میں ہے لکھی جاتی ہے واما ما یمتنع من السماع واللھو وغیرھما فینبغی ان یقال ما کان من ذلک مباحا بحیث یعین السرور بذلک

زیادہ بدون اذن شارع کے درست نہیں اور نہی خواہ صریح ہو خواہ دلالۃً ہو مانع زیادہ ہے اس تغیر سے مؤلف کو کوئی نفع نہیں بلا محض لغو

کی ہے اور یہ سب لہو حرکت ادعائے زیب زینت کے واسطے کرتے ہیں اسپر کوئی دلیل نہیں لایا اس حدیث کی ... کچھ نفع نہیں بلا محض لغو

کچھ نافع نہ ہوئی اور جو تضعیف حدیث کی کرتا تھا اس سے بھی محروم بے نیل ہوا اب اس کی زیب زینت بدعت محضہ رہ گئی سنو کہ زیب زینت وغیرہ کی بحث شرح سوال میں ہو چکی ہے اس سے معلوم ہو چکا کہ وہ سب منہی عنہ نصوص سے اور بدعت منکرہ ہیں اور جو محققان نابالغ نظر مؤلف کے مجوز منہیات شرعیہ کے ہیں اگرچہ نہی دلالۃً ہی ہو وہ اُن کا قول بمقابلہ نصوص اور روایت مجتہدین کے ہرگز معتبر نہیں اور تفصیل منہیات کی جو مولود کی مجلس ان کو مشتمل ہے کچھ شرح سوال میں گذر چکی اور کچھ مؤلف کے لمعات باطلات میں ذکر اس کا ہو جاوے گا پس مؤلف کا یہ قول کہ امور ملحقہ کی نہی شرع میں وارد نہیں کس قدر جہل شرع سے ہے خلاصہ یہ ہے کہ مانعین علماء تو کلیات نصوص و جزئیات مجتہدین سے منع کو ثابت کرتے ہیں اور مؤلف بجز اس کے کہ علماء دین نے جائز نہ رکھا محققان بالغ نظر نے درست جانا فلاں شریک ہوا فلاں کرتے رہے اور کچھ حجت نہیں اور یہ قول بعد ثبوت ہرگز حجت شرعیہ نہیں ہو سکتا اپنا دل خوش کر لو مگر اہل فہم کے نزدیک کوئی دلیل نہیں اور طرفہ تماشا ہے کہ مولوی احمد علی صاحب نے نفس ذکر کو مندوب فرما کر کسی مرمباح سے اس کا مقید کرنا اور اس کے اطلاق کو تخصیص لگانا حسب دلائل شرعیہ بدعت فرمایا ہے اور خود مؤلف بھی صفحہ ۴۶ میں بحث فاتحہ میں تقیید اطلاق شارع کو بدعت اور قابل زجر و توبیخ کہہ آیا ہے اور پھر یہاں بھول گیا اور براہ مخالفت کی چلا حالاں کہ عقیدہ عوام کا یہاں بھی تقییدات کی ضروری ہونے کا ہے الحاصل قیود محفل میلاد کے اثبات میں مؤلف حجۃ شرعیہ سے تو عاجز ہے ہاتھ پاؤں مار کر ناچار اقوال علماء پر قناعت کرتا ہے اور بے نیل مراد لوٹ آتا ہے کما لا یخفی

قولہ خلاصہ یہ کہ ان امور مستحسنہ کا جواز الی قولہ ازاں جملہ اصل عبارت ملا علی الخ **اقول** مؤلف عاجز ہو کر جب سب نصوص سے بدعت ہونا امور ملحقہ کا معلوم ہوا تو قول مورد الروی کا لایا جس سے عوام کو دھوکہ جواز امور ملحقہ کا ہو جاوے پس اولاً تو جواب اس کا یہ ہے کہ جب نصوص و اقوال مجتہدین سے بوجہ تقیید و تعیین کے بدعت سیئہ ہونا ان امور کا ثابت ہو گیا تو بمقابلہ اس کے ملا علی قاری کا قول یا کسی کا قول تعویل نہیں سب فضول ہے مگر چونکہ مؤلف اس قول کے ذریعہ سے اضلال خلق اپنی کج فہمی سے کرنا چاہتا ہے تو اصل مطلب اس کا ذکر مناسب ہوا پس سنو کہ امور ملحقہ ذکر مولود کے ساتھ دو قسم کے ہیں یا وہ کہ اول سے ہی حرام و مکروہ شرعی ہیں وہ تو خود ہر حال ممنوع ہیں جیسا روشنی زائد از قدر حاجت کہ اسراف اور حرام ہے قال اللہ تعالیٰ ان المبذرین کانوا اخوان الشیاطین الآیہ اور حضور کا خصوصاً صبیح الوجہ مجمع شباب فسقہ میں اور لباس حسن کے ساتھ حرام ہے الامرد کان صبیحا فحکمہ حکم النساء وھو عورۃ من قرنہ الی قدمہ لا یحل النظر الیہ عن شہوۃ انتہی کذا فی عالمگیریہ و درمختار اور حضور فساق بلباس خلاف اور ترک نہی عن المنکر کہ یہ سب حرام ہیں اور دیگر امور پس ایسے امور کا ہونا تو ہر حال اس محفل کو منکر بناتا ہے اور حاضر ہونا اس میں ممنوع ہے اور بعض امور وہ ہیں کہ اصل

الیوم فلا بأس بالحاقہ وما کان حراماً او مکروہاً فیمنع اور اس عمل کو تخصیص ہوگئی ساتھ مہینہ مبارک ربیع الاول کے ہر چند وہ تذکرہ ولادت
آنسرورؐ قدیم سے یعنی وقت صحابہؓ سے چلا آتا تھا لیکن یہ سامان فرحت سرور کرنا اور اس کو مخصوص شہر ربیع الاول کے ساتھ اور اس
میں بھی خاص وہی بارہواں دن میلاد شریف کا معین کرنا بعد میں ہوا یعنی چھٹی صدی کے آخر میں اور اول یہ عمل ربیع الاول میں کرنا

مباح ہے مگر بسبب کسی عارض کے کراہت ان پر عارض ہوگئی جیسا شیرینی مباح تھی مگر بسبب تاکید کے یا عوام کے ضروری جاننے کے بدعت ہوگئی
اور بساط و قنادیل وغیرہ جائز تھے مگر بوجہ اس ہی تاکید و اہتمام کے بدعت ہوگئی پس ملا علی قاری یہ کہتے ہیں کہ جو شئی من کل الوجوہ او لاً و آخراً
مباح ہے وہ تو مباح ہے اور جو شئی در اصل مکروہ ہو یا مباح تھی اور مکروہ ہوگئی وہ ممنوع ہے پس ہر گاہ کہ اس زمانہ کے سب قیود اب بدعت
و مکروہ ہوگئی تو اس عبارت ملا علی قاری سے کس طرح انکا جواز ثابت ہوتا ہے وہ تو مطلقاً مکروہ کو خواہ اصلی ہو خواہ عارضی ہو ممنوع فرماتے
ہیں سو جو اشیا ران کے وقت میں داخل ہوئی تھیں اس سے صاف معلوم ہوا کہ اس وقت میں اباحت کے درجہ سے نہیں بڑھی تھیں اور
دوام بھی ان کا نہ تھا خلاف اس زمانہ کے کہ اب جملہ مباحات اصلیہ بھی اس مجلس میں عوام کے نزدیک مؤکد اور بدعت ہوچکی ہیں پس مؤلف کا
استدلال اس عبارت سے محض سفسطہ ہے ہاں البتہ جو امر کہ اس میں نہ کراہت اصلیہ ہو نہ عارضیہ و مجمع صلحا کا ہو جیسا مولوی احمد علی صاحب
نے تحریر فرمایا وہ جائز و مندوب ہوگا جیسا ملا علی قاری لکھتا ہے مگر مؤلف اپنی بدعت کی طرف اس عبارت کو کم فہمی سے لیجاتا ہے خود ملا
علی قاری حدیث ابن مسعودؓ میں فرماتے ہیں من اصر علی امر مندوب جعلہ عزما ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف
من اصر علی بدعۃ و منکر انتہی بھلا جب ملا علی قاری مندوب کے اصرار کو
- -
بدعت کہے مباحات کے اصرار کو کس طرح بدعت نہ کہیں گے پس ملا علی قاری کی عبارت دلیل واضح ہے کہ قولہ ما کان حراماً او مکروہاً عام ہے
کراہت اصلیہ ہو یا عارضیہ دونوں مکروہ ہیں اور لحوق مباح کا اس وقت تک درست ہے کہ اباحت کے درجہ میں رہے اور جہاں اصرار تاکد
ہو جیسا ہوا مکروہ و بدعت وحظ شیطان بنا پس اب اس زمانہ کی شیرینی اور روشنی سب ملا علی قاری نے مکروہ فرمادی اور یہ سب باتیں مانع
سرور مؤلف کے بدعت ہوگئے اور یہ عبارت ملا علی قاری کی شاہد مانعین کی بن گئی سبحان اللہ کیا فہم مؤلف کا ہے اور کیا عمدہ دلائل
پیش کرتا ہے کہ بایدو شاید قولہ اور اس عمل کو تخصیص الخ اقول اب مؤلف نے دلیل دخال سرور کی شروع کی ہے بعد نقل قول ملا علی قاری کے دو
حال دخال سرور کا بیان کرتا ہے پس سنو کہ زمانہ صحابہؓ و تابعینؒ و تبع تابعینؒ اور چھ سو سال تک فخر عالم کی ولادت اور وقائع
ولادت کا اور بعد ولادت کے حالات اور شرح صدر و نبوت اور بیان احکام و قصص وغیرہا کا تعلیم و تعلم کی طرح ہوتا تھا جیسا درس
علوم کا ہوتا ہے نہ اس میں عقد مجلس تھا نہ اطعام طعام نہ کوئی امر جیسا کہ فخر عالمؐ کے وقت میں تعلیم ہوتی تھی بعد چھ سو کے سن چار میں
مظفر نے جو محفل مولد ایجاد کیا یہ تھا کہ روز ولادت آپ کے مجمع علماء و صلحاء کا ہوتا اور ذکر ولادت وغیرہ معجزات کا کر کے کھانا کھلا کر
رخصت کرتا چنانچہ شیخ جلال الدین سیوطی اپنے رسالہ حسن المقصد فی عمل المولد میں لکھتے ہیں عندی ان اصل عمل المولد الذی ھو اجتماع الناس
وقراءۃ ما تیسر من القرآن و روایۃ الاخبار الواردۃ فی مبدأ امر النبی علیہ السلام و ما وقع فی مولدہ من الآیات ثم یمد لھم سماطاً یاکلونہ
وینصرفون من غیر زیادۃ علی ذلک من البدع الحسنۃ الخ پس اس ایجاد میں تعیین تاریخ اور اجتماع اور اطعام طعام کی قید اس ذکر
پر زائد ہوئی اور بظاہر مطلق ذکر کو مقید کیا گیا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ زمان سیوطی تک یہی رہا بلکہ بعد بھی ہوتا رہا اور اس سلطان

تخصیص اور تعیین کے ساتھ ایسا ہی شہر موصل میں ہوا کہ ایک شہر ہے ملک عراق میں وہاں ایک متقی دیندار شیخ عمر جو صلحاء روزگار سے تھے انہوں نے یہ عمل ایجاد کیا یہ جو لوگوں میں مشہور ہے کہ سات سو برس سے مولد شریف نکلا ہے اس کے یہ معنی کہ بعض خصوصیات کیساتھ اسی زمانے سے ہے ورنہ اصل مذکورہ مولد شریف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت سے چلا آتا ہے اور بادشاہوں میں اول بادشاہ ابو سعید مظفر نے مولد شریف تخصیص و تعیین کے ساتھ ربیع الاول میں کیا غرضکہ اس بادشاہ نے عمر مذکور کی پیروی اس فعل میں کی ہر سال ربیع الاول میں تین لاکھ اشرفی لگا کر بڑی

مظفر اور ابن دحیہ کے حال میں مختلف اقوال ہیں کسی نے ان کو عادل ثقہ کہا کسی نے ان کو فاسق کذاب لکھا مگر بندہ کو اس تحقیق سے کچھ کام نہیں اصل مطلب سے غرض ہے پس اس وقت ایجاد میں علامہ فاکہانی اور ان کے ہم مشربوں نے اس پر اعتراض کیا اور اس کو بدعت قرار دیا اور ثابت کر دیا کہ اس کی اصل کہیں شرع میں نہیں کہ یوم حدوث نعمت کو ہر روز یوم سرور ٹھیرایا جاوے اور مطلق امر کو مقید کیا جاوے زمانہ اور ہیئت کے ساتھ کہ اس کی اصل کہیں کتاب و سنت سے نہیں بلکہ منع اس کا موجود ہے پس یہ بدعت ضلالہ ہوا اور دیگر جماعت نے اس کو بدعت حسنہ قرار دیا ہر چند کہ یہ عاجز نحیف بس قول علماء کے بدعت حسنہ ہونے کی توجیہ بسبب حسن ظن کے کر سکتا ہے اور آخر رسالہ میں لکھی جاوے گی مگر ظاہر حال وہی ہے جو علامہ فاکہانی نے فرمایا ہے لہذا اس کی تحقیق کرتا ہے الغرض اس وقت ایجاد میں ہی علماء نے اس پر رد کیا اور پھر طبقۃً اور ہر زمانہ میں تا ایں دم برابر رد کرتے رہے اور اس کو بدعت کہتے رہے آج تک سات سو سال گذرے کسی نے کوئی آیت یا حدیث صحیح ہیئت میں پیش نہ کی متعلق ذکر ولادت کے فضائل بیان کرتے رہے مؤلف کے بہت سے رسائل جمع کر کے مجتہد العصر ہونے کا مدعی ہوا اس نے محض مطلق ذکر میں ایک آیت اور تین حدیث لکھ کر پس آیتیں شاہیں بتانے لگا اور خلاصہ دلیل مؤلف کا یہ ہو کہ تمام علماء کرتے رہے ہیں فلاں نے لکھا ہے اول مجہول دعوی کیا کہ علماء بالغ نظر نے ان قیود کو جائز فرمایا ہے پھر مورد الروی کی ایک عبارت نقل کی کہ جس کا حال معلوم ہو مؤلف کے مفید مطلب نہیں اب سلطان مظفر کا قصہ پر استدلال میں لایا ہے اور محض تطویل بے سود ہی اپنا ورق سیاہ کیا ہو کوئی مطلب بات نہیں خلط دلیل اور حاصل غرض اس کے یہ ہے کہ صدہا علماء نے جب اس ہیئت موجودہ اس سلطان کو جائز و بدعت حسنہ کہا تو اجماع ہو ہو گیا گویا ایک حجت قطعیہ اجماع کی ہو گئی اور بہت خوش ہوئے کہ بڑی قطعی حجت ملگئی پس اب ناظرین پر اس کی حجت کی حقیقت معلوم ہو ہے بغور سنو کہ شریعت میں چار چیزیں ہیں جس سے جواز اور حلت ثابت ہوتی ہے اول کتاب اللہ تعالی دوسرے سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ تیسرے اجماع امت چوتھے قیاس صحیح مجتہدین کا سوائے اس کے کوئی دلیل شرعی ہرگز نہیں پس آیت اور حدیث سے ان دونوں میں اس ہیئت اور تعیین اور اعادہ سرور کی کوئی دلیل نہیں ہاں نفس ذکر کی دلیل استحباب کی ہو مگر ان قیود کی دلیل کوئی نہیں بلکہ پہلے ثابت ہو چکا کہ قرآن و حدیث میں ممانعت تعیین و قیود اور مشابہ کفار اور اختلاط فساق اور سب امور مناکیر کی موجود ہے پس یہ دو حجت شرعیہ تو ہرگز مثبت قیود مر کے جواز کی نہیں بلکہ نافی اور ناہی ہیں تیسرا اجماع امت تو وہ بھی یہاں ہرگز موجود نہیں جلال الدین سیوطی حسن المقصد میں کہتے ہیں و لیس فیہ نص حکمی فیہ قیاس علی الاصلین پس ہر گاہ بلکہ خود سیوطی باین وسعت نظر انکار نص کا کرتا ہے تو کس کا حوصلہ ہے کہ نص جواز کی اور اس قول سیوطی سے جیسا قرآن و حدیث سے نص جواز کا ہونا ثابت ہوا اجماع کا بھی انکار لازم ہے کیونکہ وہ بھی حجت قطعیہ ہے یا حد احادیث سے اقوی و اقدم ہے جب اس سے بھی انکار ہوا جب ہی تو قیاس پر جو ظنی ہے سہارا پکڑا اور جہاں اجماع کے ہوتے کیا ضرورت قیاس کی تھی اور محل اجماع میں قیاس کرنے سے ہر پس صاف سیوطی نے انکار وجود ہر سہ حجت کا جواز ان قیود میں کر دیا اور حال

معین کیا کرتا تھا اس کے زمانہ میں ایک عالم ابوالخطاب بن دحیہ جو حضرت دحیہ کلبی صحابی کی نسل اور اولاد میں تھا جس کی بابت شرح علامہ زرقانی اور دوسری تواریخ عربی میں لکھتے ہیں کہ وہ علم حدیث میں بڑا بصیر بخشیہ کا تھا علم نحو اور لغت اور تاریخ عرب میں کامل تھا بہت ملکوں میں پھر کے اس نے علم حاصل کیا تھا اکثر شہروں ملک اندلس میں اور مراکش اور افریقیہ اور دیار مصر اور ملک شام و دیار شرقیہ و غربیہ عراق و خراسان و مازندران وغیرہ میں خود علم حدیث حاصل کرتا اور دوسروں کو فائدہ دیتا پھر انجام کار ۶۰۴ھ چھ سو چار ہجری میں وہ شہر اربل میں آیا یہاں سلطان

بعد تمام اس تقریر کے واضح ہو جاوے گا اب اور سنو کہ سیوطی نے جو انکار وجود اجماع کا جواز ان قیود اور اس ہیئت میں کیا ہے اس واسطے کیا ہے کہ اجماع کی تعریف شرع میں یہ ہے کہ اتفاق المجتہدین من امة محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی عصر علی امر قولی او فعلی انتہی من نور الانوار حتی شرط اجتماع الکل وخلاف الواحد مانع کخلاف الاکثر انتہی منار پس ظاہر ہو گیا کہ خود اس وقت حدوث میں فاکہانی اور ان کے توابع علماء نے انکار اس پر کیا اور بدعت ہونا اس کا ثابت کر دیا تو اجماع کا وجود کہاں ہو سکتا ہے شرعاً تو اجماع کے وجود کو ایک فرد کا بھی خلاف مانع ہے پھر ہر قرن میں علماء خلاف کرتے رہے اور اس کے بدعت ہونے کے مقر رہے لہٰذا وجود اجماع کا ہرگز نہیں ہو سکتا اہل علم تو جانتے ہیں جہلا ظاہری کثرت کو دیکھ کر اجماع سمجھ جاویں جیسا سواد سمجھ رہا ہے پس شرعاً یہ مسئلہ قیاسی رہا اور ظنی پھر گیا اجماع شرعی ہرگز ممکن نہیں پھر سند اجماع کی بھی ضرور ہے علی المختار قال التوضیح وسند الاجماع خبر الواحد والقیاس عندنا والجمہور علی انہ لا یجوز الاجماع الا عن سند موجب اوامارۃ لان عدم السند یستلزم الخطا اذ الحکم فی الدین بلا دلیل خطاء انتہی مع تنقیح پس یہاں سند کے واسطے آیت و حدیث تو پہلے ہی سے مرتفع ہے اجماع کس شئے پر ہو ہاں اگر ان دو اصل پر جو ابن حجر و سیوطی نے استخراج کی ہیں ہو جاتا تو ممکن تھا مگر نہیں ہوا جیسے معلوم ہو لیا کہ کسی قرون میں اتفاق سب کا نہ ہوا اور پھر وہ دونوں اصل فاسد بھی ہیں لہٰذا ان کو علماء نے قبول نہ کیا بہرحال اجماع کا نہ ہونا اس ہیئت پر ثابت ہو گیا چوتھے حجت ظنی قیاس صحیح ہے اور وہی بزعم مجوزین اس ہیئت میں پائی جاتی ہے چنانچہ سیوطی خود کہتے ہیں اگرچہ بے علم لوگ کچھ کہیں مگر حق یہ ہے کہ یہاں قیاس بھی صحیح نہیں اس واسطے کہ منجملہ شرائط صحت قیاس کے یہ بھی شرط ہے کہ کوئی نص مخالف حکم قیاس کے موجود نہ ہو اگر ایسی نص موجود ہووے گی تو قیاس باطل ہو جاوے گا اور یہ بھی شرط ہے کہ قیاس فرع میں نص کو تغیر نہ کرے یعنی مطلق کو مقید مثلاً قال فی التوضیح ولا یصح القیاس ان کان فی الفرع نص لانہ ان کان موافقاً للنص فلا حاجۃ الیہ وان کان مخالفاً یبطل وان لا یغیر القیاس حکم النص فلا یصح شرط التملیک فی طعام الکفارۃ قیاساً علی الکسوۃ لانہ تغیر حکم قولہ تعالیٰ اطعام عشرۃ مساکین ولا شرط الایمان فی کفارۃ الیمین قیاساً علی کفارۃ القتل بخلاف اطلاق النص انتہی پس اب سنو کہ تحقیق ہو چکا کہ احادیث ثابت ہو لیا کہ مطلق کو مقید کرنا ممنوع ہے کہ تغیر حکم شرع کا ہے اور اس پر اجماع تمام امت کا ہے سیوطی نے بھی اس کو خوب اچھی طرح اسی واسطے لکھا تھا اور ذکر فخر عالم کا اور شکر آپ کے وجود کا نصوص میں مطلق وارد ہوا ہے مثلاً قولہ تعالیٰ واما بنعمۃ ربک فحدث الایۃ واشکروا نعمۃ اللہ الایۃ پس مطلق نصوص مندوب ذکر فخر عالم کو قیاس بغیر کسی ہیئت میں کرنا کس طرح ہو سکتا کہ یہ قیاس خلاف حکم نص کے ہے اور مغیر حکم نص کو ہے پس ایسا یہ قیاس ہرگز صحیح نہیں ہو سکتا اور حسب قاعدہ اصول شرع قیاس باطل ہے کہ مغیر اور مخالف حکم نص کے ہے پس معلوم ہو لیا کہ یہاں کوئی قیاس بھی صحیح نہیں جیسا تین حجت سابق نہیں پس چار حجت شرعیہ اس امر میں موجود نہیں پس ایجاد اس ہیئت و تعیین کا ہرگز جائز نہیں بلکہ بدعت ضلالہ ہے بغور ملاحظہ فرماویں

عمل مولد مروجہ بدعت سیئہ ہے

ابوسعید مظفر کے لئے مولود شریف تصنیف کیا اس کا نام رکھا کتاب التنویر فی مولد السراج المنیر اور خاص آپ اس کے سامنے پڑھا ایک ہزار اشرفی انعام میں سلطان سے پائی منکرین لوگ اس عالم محدث کو بباعث مولد شریف لکھنے اور پڑھنے کے دشمن جانتے ہیں اور ان کی برائی لکھتے ہیں حالاں کہ کتب معتبرہ میں ان کی تعریف مندرج ہے اور اسی طرح سلطان مظفر کو بھی برا کہتے ہیں کہ اس کی پلٹنوں میں باجا بجتا تھا اس بات سے منکرین نے اس پر مزامیر سننے کا عیب لگایا حالاں کہ وہ پلٹن کا باجا تھا مثل طبل غازی آلات تہیہ جہاد میں داخل تھا اس

اب ان دو اصل کو دیکھو جن کو سیوطی فرماتے ہیں اصل سیوطی کی حدیث تو سیوطی کی تو حدیث عقیقہ کی ہے کہ آپ نے اپنا عقیقہ بعد نبوت کے کیا تو سیوطی کہتے ہیں کہ آپ کا عقیقہ تو عبد المطلب نے کیا تھا اور عقیقہ مکرر نہیں ہوتا تو یہ ذبح شکریہ اپنے وجود پر وجود کا کیا تھا اور اس ذبح کو اس محل کیا جاوے گا اور تشریع امت کے واسطے یہ شکریہ کیا تھا بس ہم پس قیاس ہم کو بھی آپ کے وجود کا شکریہ با جتماع و اطعام کرنا مستحب ہوا پس اول تو سنو کہ سیوطی نے اس اصل سے نفس شکر یا لی کو قیاس سے نکالا ہے کیوں کہ اس میں ذبح کا ذکر ہے تاریخ کوئی مذکور ہی نہیں اور اجتماع و اطعام کا اسمیں کوئی ذکر ہی نہیں پس سوائے شکر کے باقی قیود سب کی سب ان کے نزدیک بھی اصل بدعت و کراہت پر حشر و انکار پر باقی ہیں اس امر کو خوب غور کر لیویں مثلاً تعیین و تقیید مطلق کا اور تشبہ کفار کا اور مداہنت مبتدعہ اور فسقہ کے ساتھ اسراف روشنی کا اور دیگر مکروہات کا اس اصل سے ان کو کوئی بوئے جواز بھی نہیں ملی اور نصوص قطعیہ سے ممانعت ان کی ثابت ہے اور اس سے بھی معلوم ہوا کہ ان کے وقت میں اس استحباب کو درجہ تاکد کا بھی نہ تھا اور مباح کو اپنی حالت سے تغیر بھی نہیں تھا بہر حال اس اصل سے اعادہ سرور و استحباب قربات مالی و بدنی کا معلوم ہوا اور بس پس مولد مروج اس زمانہ کو کوئی فائدہ اس سے نہیں ہوا اور دوسرے یہ کہ حدیث ضعیف ہے چنانچہ سفر السعادت میں اور اس کی شرح میں شیخ عبد الحق نے فرمایا اور اسناد آں ضعیفی ہست و خالی از بعدے ہم نیست انتہی اور بعض نے تو اس کو موضوع بھی کہا ہے بہر حال حدیث ضعیف موجب عمل کے نہیں ہوتی پس قیاس اس سے کرنا بھی لائق کے نہ ہوگا تیسرے کہ عقیقہ کے معنی لغوی و شرعی دونوں کو سیوطی نے ترک کر کے ایک معنی مجازی کہ لئے کہ وہ شکریہ ہے سو بلا دلیل قوی محض احتمال سے ثبوت حکم مذہب کا اس سے نہیں ہو سکتا چوتھے یہ کہ حق تعالیٰ نے ایجاد و بعثت فخر عالم علیہ السلام منت اور احسان عباد پر فرمایا ہے حق تعالیٰ لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم الآیۃ اور اس منت کا شکر عباد پر واجب کیا ہے بقولہ تعالیٰ واشکروا نعمۃ اللہ ان کنتم الآیۃ اور دیگر آیات سے بھی یہ ثابت ہے پس طلب شکر کو حق تعالیٰ نے مطلق رکھا ہے کسی وقت و ہیئت میں مقید نہیں کیا پس قید کسی وقت و ہیئت کی مغیر اس نص کی ہووے گی تو بھی قیاس باطل ہوا اور جو محل نص میں قیاس ہوا تو بھی لغو ٹھہرا کہ خلاف حکم نص کے تقیید ہوئی تو بھی باطل ہو گیا ہاں مطلق شکر مطلق اوقات میں فرض منصوص ہے سو اس میں کلام ہی نہیں جو کچھ بحث ہے تو قیود تعینات میں ہے اور پھر یاد دلاتا ہوں کہ سوا افعال شکریہ کے دیگر قیود اپنے حال پر ہیں کہ اس غیر صحیح سے بھی ان کو کچھ علاقہ نہیں پانچویں حدیث ضعیف عقیقہ میں کوئی قید زمانہ کی نہیں کہ کس تاریخ و ماہ میں کیا تھا پھر اس سے ماہ ربیع الاول اور تاریخ ولادت ثابت بھی ہوتی کہ ایک امر منکر اس ہیئت کا ہے نفس ذبح ثابت ہوتا ہے کہ اراقہ دم ہے نہ صدقہ نہ کچھ پھر اس سے کوئی قید بھی ثابت نہ ہوئی نہ اظہار سرور با جتماع فقط نسک اراقہ دم ثابت ہے اور بس اور کلام اعادہ سرور میں ہے نہ شکر میں اور تاریخ معین پر اجتماع و ہیئت معینہ شکر میں پس اس کو کچھ بھی ثابت نہیں ہوتا پس قیاس بھی اس سے درست نہ ہوگا اور اس ہیئت شکریہ پر کسی صحابی اور تابعین

کے طبل وغیرہ چیز دیگر ہیں اور مزامیر لہو ولعب چیز دیگر اور محفل میں مدائح مصطفویہ سن کر شدت سرور سے اس کو وجد ہوتا تھا اس کا نام
نبھے مانسوں نے رکھا کہ وہ محفل میں ناچتا تھا اور لکھا کہ اس کی محفل میں خیال گائے جاتے تھے یہ خاک اڑایا اس کا کہ اشعار نعت پڑھے جاتے
تھے اور اشعار کی تعریف خود کتابوں میں تصریحاً لکھی ہے کہ اشعار مقدمات خیالی کو کہتے ہیں پس کہاں تو یہ خیال کہاں وہ ٹپہ اور خیال مہ چشم
اندیشس کہ برکندہ باد بہ عیب نماید ہنرش در نظر خلاصہ یہ کہ یہ صاحبان صافی طینت بباعث مولد شریف کرنیکے لاکھ برائی کریں مگر چاند پر

اگر یہ فعل تشریع کیواسطے تھا تو کیوں ان قرون میں بالکل متروک ہوا اب بعد چھ سو کے اس پر عمل ہوا پس اول دلیل اس کی ہے کہ کچھ اصل نہیں رکھتا
پس یہ اعتراض فاکہانی کا کہ اس اطلاق حکم شکر کو زمان وہیئت سے مقید کرنا بدعت ہے کسطرح رفع ہوا اور کیا امر اس قیاس سے ثابت
ہوا اس اثبات سیوطی سے تعجب ہوتا ہے نہیں نہیں بلکہ فاکہانی کا اعتراض قائم ہے اور یہ قیاس خود باطل ہے اس سے کوئی قید ثابت نہیں
ہوتی کما لا یخفی پس صاف ظاہر ہو گیا کہ ہر سہ نصوص کا تو خود سیوطی اقرار کرتے تھے کہ یہاں موجود نہیں اصل رابع جو سیوطی نے پیدا کئے تھے وہ
بھی لاشئے محض ہے خصوصاً ہمارے زمانہ کے مولود کو تو کسی جہت سے بھی مفید نہیں چنانچہ ہر ذی عقل پر روشن ہے دوسری اصل شیخ ابن حجر کی سنو
کہ صحیحین میں ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہود کو یوم عاشوراء کا روزہ رکھتے دیکھکر پوچھا کہ تم کیوں اسدن روزہ رکھتے ہو یہود نے کہا
کہ اس روز میں فرعون غرق ہوا اور حضرت موسیٰ ع م کو نجات ہوئی تو حضرت موسیٰ ع م نے شکراً روزہ رکھا تھا تو ہم بھی رکھتے ہیں تو آپ نے فرمایا
کہ ہم احق ہیں ساتھ حضرت موسیٰ ع م کے تم سے پس آپ نے روزہ رکھا اس سے معلوم ہوا کہ روزہ منت واحسان کے اعادہ سرور کا شکر کرنا درست ہو
پس سنو کہ قیاس بھی درست نہیں اول تو وہی تقریر سابق یہاں بھی ہے کہ شکر وجود جو آپ کا نص مطلق سے مطلق ثابت ہوا ہے پس قیاس
ہوئے اور بسبب تغیر حکم نص کے اطلاق سے تقید کیطرف یہ قیاس باطل ہے اور اس اصل سے فقط جواز اعادہ شکر کا یوم ورود نعمت میں ابن
حجر نے ثابت کیا ہے کہ اس کی حقیقت بھی اب معلوم ہو جاتی ہے اور سوائے اس کے کوئی قید قیود مولود مروجہ کی اس سے ثابت نہیں ہوتی پس
بدعت کو کیا نافع ہوا اور خود ہیئت اجتماع جو فاکہانی کا اعتراض ہی قائم ہے اب تحقیق اس واقعہ کی سنو کہ بخاری ومسلم میں ہے کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم اس روزہ کو قبل ہجرت مکہ میں رکھتے تھے عن عائشۃ قالت کان یوم عاشوراء تصومہ قریش فی الجاھلیۃ وکان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم یصومہ فلما قدم المدینۃ صامہ علی عادۃ قسطلانی وامر الناس بصیامہ فلما فرض رمضان فی السنۃ الثانیۃ (قسطلانی)
ترک یوم عاشوراء فمن شاء صامہ ومن شاء ترکہ انتہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یوم عاشوراء اول ہی سے آپ نے حسب عادت رکھا
اور قسطلانی خود علی عادۃ لکھا ہے اور خود ابن حجر عسقلانی بھی شرح بخاری میں بھی اقرار کرتے ہیں اور لوگوں کو امر فرمانا بھی بامر اللہ تعالیٰ
ہوگا کیونکہ افتراض صوم کا بدون امر حق تعالیٰ کے نہیں ہو سکتا پس یہ روزہ علی عادۃ رکھا مگر فرضیت کا حکم اب زائد ہو گیا پھر دوسرے سال
فرضیت منسوخ ہو گئی تو صاف ظاہر ہے کہ شکر نجات حضرت موسیٰ کی وجہ سے یہ روزہ نہ ہوا تھا بلکہ بعادۃ افتراض اللہ تعالیٰ تھا دوسرے
حدیث ابن حجر کی اصل یہ ہے عن ابن عباس قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدم المدینۃ فوجد الیہود صیاماً یوم عاشوراء فقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما ھذا الیوم الذی تصومونہ فقالوا ھذا یوم عظیم انجی اللہ موسیٰ وقومہ وغرق فرعون وقومہ فصامہ موسیٰ
شکراً فنحن نصومہ فقال رسول علیہ السلام فنحن احق بموسیٰ منکم فصامہ وامر الناس بصیامہ الحدیث پس اس حدیث میں اول کلام تو یہ ہے کہ
کہنا کہ فنحن نصومہ ای اتباعاً لموسیٰ خود یہود کا روزہ باتباع سنت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تھا بوجہ شکر کے کیونکہ شکر روزہ

خاک نہیں پڑتی دیکھو تواریخ عربی ہیں علماء کے طومار اس کی تعریف میں بھرے ہوئے ہیں یہ موقع طول کا نہیں اس لئے ایک مختصر عبارت
زرقانی شارح مواہب کی لکھتا ہوں کہ انھوں نے علامہ ابن کثیر کی تاریخ سے نقل فرمائی ہے کان شہما شجاعا بطلا عاقلا عادلا
الحاصل اس بادشاہ کے وقت میں جب دھوم سے محفل میلاد شریف ہونے لگی ایک مولوی نے اس میں یہ عذر کیا کہ یہ تخصیص کہ خاص ربیع الاول
کی بارہویں تاریخ ہی کو محفل ہوا کرے فرض واجب یا سنت مؤکدہ تو کسی کے نزدیک نہیں باقی رہی یہ کہ مستحب یا مباح ہو سو یہ بھی نہیں اس لئے
کہ بدعت دین میں درست نہیں پس لا بد اس کو مکروہ کہیئے یا حرام اور سوا اس ایک عالم کے جس قدر علماء تھے سب نے اس کے قول کو رد کیا اور فتویٰ
دیا کہ یہ مستحسن اور مستحب ہے اور وہ بدعت منع ہے جو سیئہ ہو یہ تو حسنہ ہے پس اسی فتویٰ پر عمل ہو گیا تمام اس وقت کے بڑے بڑے علماء اور مشائخ
صوفیہ مولد شریف میں حاضر ہونے چنانچہ سبط ابن الجوزی نے لکھا ہے وکان یحضر عندہ فی المولد اعیان العلماء والصوفیہ اور رائج ہو گیا
یہ عمل مقبول تمام شہروں اور ملکوں میں ہو گیا چنانچہ ملا علی قاری اور علامہ حلبی قسطلانی وغیرہ نقل کرتے ہیں کلام حافظ ابو الخیر سخاوی سے

نجاۃ کے تھا اور پھر جو شکر نعمت کا مثل سب نعماء کے ہر دم رہتا ہے اس سے بحث نہیں پس فخر عالم کا روزہ بھی شکر کا نہ ہوا بلکہ اتباع حضرت
کی سنت کا ہوا اور اگر تسلیم کریں اس کو کہ یہود کے کہنے پر روزہ رکھا تھا سو یہود دو کام کرتے تھے ایک صوم کہ وہ سنت حضرت موسیٰؑ کی تھی یا
فرض ہو گیا تھا تو مقرر من اللہ تھا دوسرے سرور عید لیوم النجاۃ سو اس کو خود فخر عالم نے رد کر دیا تھا چنانچہ حدیث مسلم میں مصرح
اس صورت میں اس سے استدلال صحیح نہیں کیونکہ اس میں اعادہ شکر ہرگز نہیں اور جس فعل میں اعادہ شکر سرور کا ہے وہ شارع نے بوجہ مخالفت
یہود کے چھوڑ ہی دیا تھا دوسرے یہ کہ قصہ میں کوئی لفظ نہیں کہ یہود کے کہنے سے آپ نے روزہ رکھا تھا اور بوجہ تبعیت حضرت موسیٰؑ کے رکھا تھا۔ بلکہ اس سے
معلوم ہوتا ہے کہ بعد سوال جواب یہود کے آپ نے روزہ رکھا سو پہلے حدیث خود صاف کہہ رہی ہے کہ بفرض اللہ تعالیٰ و علیٰ عادۃ تھا پس
احتمال رفع ہو گیا اور احق بموسیٰ منکم ہی اتباعاً لا سروراً و شکراً کیوں کہ سرور کا امر تو آپ نے ترک ہی کر دیا وعن ابی موسیٰ قال کان یوم عاشوراء
یعظمہ الیہود وتتخذہ عیداً فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوموہ انتم دوسری روایت ہے خالفوا الیہود پس آپ یہود کی عید کا
کا حکم فرما چکے کہ صوم عید کے خلاف ہوتا ہے اور یہ قول احق بموسیٰ منکم بطریق الزام کے تھا کہ تم کس امر میں متبع موسیٰؑ کے ہو تم تو ہر امر میں
کے تابع اور مخالف شرع و حکم موسیٰؑ کے پھر دعویٰ اتباع تمہارا بے محل ہے ہاں ہم متبع موسیٰؑ کے ہیں پس یہ الزام تھا نہ وجہ صوم کی پس بہر حال
صوم اعادہ شکر و سرور کا نہ ہوا اور نہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا پھر قیاس کس چیز پر کیا جاتا ہے عجب ہے کہ ابن حجر جیسا ایسی بات فرماوے
پھر اس سے اگر کوئی تسلیم بھی کرتا تو اعادہ نفس شکر یوم معین کا نکلتا فاکہانی کے رو اعتراض تھے سو ہیئت اجتماعی کرنے ہونا تو اب بھی رفع نہ ہو
بہر حال اول اس حدیث کے اصل ہونے میں ہی کلام ہے کہ ہرگز اس سے اعادہ شکر و سرور کا یوم معین میں نہیں نکلتا اگر معلوم بھی ہو وے
قیاس کے بطلان کی وجہ معلوم ہو چکی اور مولود مروجہ کو کسی وجہ سے بھی مفید نہیں پس محقق ہو گیا کہ جواز قیود میں حجت قیاس سے بھی کچھ ثبوت
نہیں لہٰذا لگج الربعہ سے بدعت ہونا اس مروجہ کا محقق ہو گیا فللہ الحمد اب مؤلف کے اقوال بو حنی کو دیکھنا چاہیئے قولہ الحاصل اس بادشاہ
کے وقت میں جب الخ اقول تسلیم کیا کہ ایک علامہ عالم نے ہی انکار کیا مگر اس کے انکار کا آج تک کسی سے جواب نہیں دیا گیا اور فقط اس
نے اجماع کو جو مرغوب مؤلف کا ہے باطل کر دیا اور قیاس کی کیفیت معلوم ہو چکی کہ یہاں کسی کام کا نہیں قرآن و حدیث سے کچھ ثبوت
نہیں پس سب آپ کے علماء کا فتویٰ لا الیعبار بہا ہو گیا اور بدعت ہونا مقرر ہو گیا اور حاضر ہونے سے مشایخ اور علماء کے کچھ حجت ہو

سوال ؛ اهل الاسلام فی سائر الاقطار المدن الکبار یحتفلون فی شهر مولده و یعتنون بقرأة مولده الکریم و یظهر علیهم من برکاته کل فضل عمیم اور ملا علی قاری نے کل ملکوں میں مولد شریف کا ہونا ثابت کیا ہے جس کا جی چاہے ان کے رسالہ میں دیکھے کہ وہ لکھتے ہیں یہ بات کہ حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً اور ملک مصر اور ملک اندلس اور ممالک مغربی اور ملک روم اور ملک عجم اور ملک ہندوستان وغیرہ میں کمال اہتمام اور احتشام سے ہوتی ہیں محفلیں مولد شریف کی اور یہ بھی لکھا ہے ومن تعظیم مشائخهم و علمائهم هذا المولد المعظم والمجلس المکرم انه لا یأباه احد فی حضوره رجاء ادراک انوره سرورہ ضمیر غائب لفظ ہم راجع بجمع مذکورین یا دیار و امصار مذکورہ بالا کی طرف پس معنی یہ ہوئے کہ اس محفل اور مجلس کی تعظیم ان سب ملکوں کے مشائخ طریقت اور علماء شریعت اس قدر کرتے ہیں کہ کوئی اس میں حاضر ہونے سے انکار نہیں کرتا انتہی کلامہ پس مقبولیت اور شہرت اور کثرت اس عمل پاک کی کلام ملا علی قاری اور سخاوی سے ظاہر ہوگئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ علماء اور مشائخ میں کوئی انکار نہیں کرتا تھا اس سے ظاہر ہوا کہ وہ جو کوئی ایک دو آدمی ادھر ادھر انکار کرتا سو وہ مخالفت ہزاروں بلکہ لاکھوں کے اور خلاف سواد اعظم سمجھ کر ہر دور و ہر عصر و عہد میں وہ منکر اپنے علماء معاصرین میں غیر مقبول اور متروک العمل رہا چنانچہ حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً میں زمانہ قدیم سے اب تک اور ملک روم شام و اندلس اور ممالک مغربی وغیرہ تمام بلاد اسلامیہ میں ہمیشہ سے اس وقت تک اسی استحباب اور استحسان محفل مولد شریف پر عمل ہے سوائے اس خطۂ پاک حضرت ہندوستان کے کہ اس میں طرح طرح کے انکار پیدا ہو گئے اور زمانہ قدیم میں بھی علماء ہند کے مقبولین مسلمین متقدمین مثل شیخ عبد الحق محدث دہلوی اور ملا محمد طاہر صاحب مجمع البحار استحباب عمل مولد کے قائل تھے اور نیز بعض قصص و حکایات ہمایوں وغیرہ بادشاہان دہلی سے اور نیز کلام حافظ ابو الخیر سخاوی سے ملک ہندوستان میں رائج ہونا اس عمل پاک کا یقینی طور پر

اگر کروڑوں علماء بھی فتویٰ دیویں بمقابلہ نص کے ہرگز قابل اعتبار کے نہیں اگرچہ بھی علم و عقل ہو تو ظاہر ہے پس قول سبط ابن الجوزی کا کہ یحضر عنده من الاعیان العلماء والصوفیہ بمقابلہ النصوص کے ہرگز ملتفت نہیں اور تمام بلاد میں اشتہار اس کا کوئی دلیل شرعی نہیں صلوٰۃ لیلۃ البراءۃ اور رغائب تمام دنیا میں شائع ہوئی اور بدعت بھی رہی پس اشتہار امر غیر مشروع کا موجب جواز کا نہیں ہوتا پس سخاوی کے اس قول میں کوئی حجت شرعیہ نہیں علیٰ ہذا ملا علی قاری کا لکھنا کہ تمام ملکوں میں یہ رائج ہے **قولہ** اس سے ظاہر ہوا کہ وہ جو کوئی الخ **اقول** جواب یہ ہے کہ ایک دو عالم موافق نصوص شرعیہ کے فرماتے اور اس کی تمام دنیا مخالف ہو کر کوئی بات خلاف نصوص اختیار کرے تو وہ ایک دو ہی عالم مظفر منصور اور عند اللہ مقبول ہوویں گے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یزال طائفة من امتی علی الحق منصورین لا یضرهم من خالفهم حتی یاتی امر اللہ طائفہ خود قطعیہ شے کا ہوتا ہے اور قلت پر دلالت کرتا ہے پس خود ارشاد فخر عالم ہے کہ جو موافق کتاب و سنت کے کہے وہ طائفہ قلیلہ اگرچہ رجل واحد بھی ہو وہ علی الحق اور اس کی مخالف تمام دنیا بھی ہو تو مردود ہے اور یہاں خود مبرہن ہو لیا کہ یہ مجلس مروّج ادلہ اربعہ شرعیہ کے خلاف ہے اور ادلہ اربعہ سے بدعت ہونا اس کا ثابت ہے فماذا بعد الحق الا الضلال اب مؤلف ممالک کی شمار کر کے اپنی کرم کہاں لکھی جاوے بندہ احقر پہلے عرض کر چکا کہ مؤلف کے پاس کوئی دلیل سوائے اس کے نہیں کہ تمام علماء کرتے رہے اور یہ بشرط ثبوت و تسلیم کوئی حجت شرعیہ نہیں حجت وہ ہے کہ ادلہ اربعہ سے پیدا ہووے اب مؤلف کا مایہ علم اور دلیل اثبات اس کے مدعا کی یہاں تک نوبت پہنچی کہ ہمایوں وغیرہ بادشاہوں کی حکایات سے استناد کرنے لگا اور کفار فرنگ کی تعطیل کو بھی حجت جواز بنا لیا کل رام لیلا کی تعطیل کو حجت جواز رام لیلہ کی نہ لکھ دیوے استغفر اللہ استغفر اللہ مؤلف کے حواس میں بیشک فتور اور اس کو ضعف دماغ سے مالیخولیا ہو گیا

معلوم ہے انتہا یہ کہ اس وقت میں جو حکام فرماں روا انگریز ہیں کہ ان کو کچھ علاقہ تعظیم و آداب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں با ایں ہمہ انھوں نے بھی اپنی کچہری اور محکمہ میں جا بجا اہل اسلام کے لئے مثل عید او ر البقرا عید اور شب برات کے ایک دن چھٹی اور تعطیل کا واسطے خوشی میلاد حضرت خیر العباد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہویں تاریخ ربیع الاول کو مقرر کر رکھا ہے افسوس صد افسوس کہ حکام انگریز اپنے کار و بار ضروری میں اپنے حرج منظور کریں اور اپنے حقوق خدمت اور کارگذاری کو اس روز کے واسطے بجا آوری مراسم فرحت و سرور و تعظیم حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و التسلیم کے موقوف کریں یہ لوگ اس کے مقابل میں زبان مبارک سے فرماویں معاذ اللہ منہا کہ یہ فعل بدعت ہے اور ضلالت ہے اس دینداری اور خوش عقیدگی پر افسوس کیا خوب قدر پہچانی حضرت شفیع محشر کی صلی اللہ علیہ و آلہ و اتباعہ و محبیہ اجمعین خیر انکار کرنے والے انکار کریں اگر ان کو بھی توفیق ہو کنارہ کریں محفل پاک ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر ہم اس وقت تک کا ثبوت کامل دیکھئے کہ مشرق سے مغرب تک کل ممالک اسلامیہ میں اہل اسلام اس عمل پاک کو محمود اور مستحسن جانتے ہیں پس کافی ہے ہم کو حدیث ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کہ فرماتے ہیں ما رآہ المسلمون حسنًا فھو عند اللہ حسن یعنی جس چیز کو مسلمان لوگ اچھا جانیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے اور ہندوستان کے کسی نواح یا ضلع میں اگر دس پانچ مولوی اس آخری دورہ میں کہ فتنہ و فساد کا وقت ہے اپنا ایک جرگہ باندھ کر کچھ اس عمل کو برا کہنے لگیں تو

ہے افسوس **قولہ** پس کافی ہے ہم کو حدیث ابن مسعود الخ **اقول** مؤلف نے الفاظ ہی یاد کر لئے ہیں معنی تو کسی سے پڑھے ہی نہیں یہ سمجھ لیا کہ جس کام میں بہت سے مسلمان جمع ہو گئے تو وہ امر جائز ہو گیا حالاں کہ مبتدعین فسقہ متبعین سنت سے زائد ہیں اس زمانہ میں ہزار گونہ کی نسبت ہو گئی اور حدیث لا یزال طائفۃ من امتی کو جو آگے لکھی گئی اور حدیث بدا الاسلام غریبا و سیعود کما بدا فطوبی للغرباء الحدیث اور مثل اس کی سب کو پس پشت ڈال دیا ہے کہ ان احادیث میں طائفہ اور غرباء کی مدح ہو رہی ہے اب اپنے حسب ضرورت ان کو رد کرے تو اس سے عجب نہیں سو سنو کہ ان احادیث سے تو یہ مراد ہے کہ جو وقت ہیں تمام دنیا میں حب دنیا و جاہ و اتباع ہو ی جاوے گا اس وقت میں وہی دو چار متبع سنت مقبول ہوویں گے ان کو طوبیٰ ہو اور حدیث ما راٰہ المسلمون اس کے یہ معنی ہیں کہ اگر کسی امر میں نص صریح قرآن و حدیث و اجماع امت سابقہ سے نہ ہو اور اس پر باشارہ و دلالت النص تمام علماء جمع ہوویں کیوں کہ لام استغراق کا المسلمون میں موجود ہے اور اسلام مطلق سے فرد کامل اسلام کے مراد ہے تو کمل مسلمین علماء مجتہدین ہی ہوتے ہیں پس تمام علماء کملاء اس کو دلالۃ النص سے بوجہ اسلام کامل کے حسن اعتقاد کریں اور جانیں کیوں کہ مشتق منہ علت حکم کی ہوتا ہے پس ایسا امر عند اللہ بھی حسن ہی ہوگا اور اس کے معنی بعینہ وہی ہیں کہ فرمایا لا تجتمع امتی علی الضلالۃ ادلہ یہ اور وہ دو قول حدیث اجماع فعلی کو ارشاد فرماتے ہیں پس مؤلف آنکھ کھول کر دیکھے کہ اجماع کس کا معتبر ہوتا ہے اور اجماع کس وقت اور کس شرائط سے قابل اعتماد ہوتا ہے اور یہاں قیود مروجہ مولود میں وہ شرائط ہیں یا نہیں ابھی بحث ادلہ اربعہ میں کہا گیا ہے اگر مؤلف کو کچھ علم ہے تو دیکھ لیوے تو شاید یہ سمجھ جاوے کہ یہی جرگہ دس پانچ کا طائفہ من امتی اور طوبیٰ للغرباء کا مورد ہے اور یہ مجلس مولود مروج خارج از ادلہ اربعہ ہے زیادہ تطویل کرنا اور بار بار اعادہ مضامین کا کچھ ضرور نہیں مگر اس قدر ہر عاقل سمجھ لیوے کہ ما راٰہ المسلمون اس وقت ہے کہ ادلہ ثلاثہ شرعیہ سے اس کا کچھ صریح ثبوت نہ ہو ورنہ جب ان ادلہ سے قبح کسی شئ کا ثابت ہے تو وہ شئے عند اللہ قبیح ہو چکی اب تمام دنیا کے حسن جاننے سے بھی وہ حسن نہیں ہو سکتی مگر ہاں جب ادلہ ثلثہ میں صریح نہیں تو ضرور ضمنی طور پر کچھ ہوگا اس وقت جب سب علماء حق

لے خرابی سے چھوٹی جماعت سے گروہ سے چاروں دلائل سے خارج۔

توکب عند اللہ مقبول ہوسکتا ہے اس کا تصفیہ بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرما چکے آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے اتبعو السواد الاعظم اس حدیث کے معنوں میں لاکھ یہ لوگ سر پٹکا کریں اور کسی کسی کے اقوال شاذہ نقل کیا کریں لیکن جو معنی اس حدیث کے جمہور محدثین کے نزدیک ہیں وہ یہی ہیں جس کو مولوی احمد علی صاحب محدث سہارنپوری نے اپنے مطبع کے مشکوٰۃ میں ملا علی قاری سے نقل کر کے قائم کیے ہیں سواد اعظم کو لکھا ہے یعبر بہ عن الجماعۃ الکثیرۃ والمراد ما علیہا اکثر المسلمین اور اسی طرح مولوی اسحاق صاحب کے خلیفہ شاگرد رشید نواب قطب الدین خاں صاحب نے مشکوٰۃ کے ترجمہ میں اس حدیث کے یہ معنی لکھے ہیں کہ جو اعتقاد اور قول و فعل اکثر علماء کے ہیں ان کی پیروی کرو چونکہ یہ دونوں عالم اس فرقہ کے نزدیک کمال مستند ہیں اس لئے ان کے قول پر بس کرتا ہوں نقل اقوال اور علماء محدثین کی کچھ حاجت نہیں اور ملعہ ثالث

متفق ہو جاویں اور کسی شقی امر سے استنباط کر کے مجتمع ہو جاویں کہ ایک بھی ان سے منفرد نہ ہو تو وہ عند اللہ حسن ہو گیا کہ اجماع ان کا مظہر اس حکم کا ہو گیا ہے تامل درکار ہے پس یہاں تو ادلہ اربعہ سے قبح ان قیود کا ثابت ہو لیا اب مؤلف کے مسلمون کے حسن جاننے سے قبح اس کا رفع نہیں ہو سکتا مؤلف ذرا ہوش کرے کلمہ پڑھ کر سوچے علیٰ ہٰذا قولہ علیہ السلام علیکم بالسواد الاعظم کو مؤلف یہ سمجھا کہ اختلاف مسائل میں جس طرف بہت آدمی ہوں اس کو لیوے اور بظاہر یہی وجہ ہوئی کہ مؤلف نے طریقہ سنت کا چھوڑ کر اگرچہ ظاہر و باہر موافق حدیث موافقہ کے تھا طریقہ بدعت کو اختیار کیا اور تاویلات رکیکہ بعیدہ کو گھڑ کر اس طریقہ کا اثبات چاہا کیوں کہ اہل سنت اس دورہ میں کم ہیں جیسا خود فخر عالمؐ نے فرمایا سیعود غریبا اس کا ظہور ہے اور اہل طغیان کی کثرت ہے سو مؤلف نے اس کو سواد اعظم جان کر یہ عمل کیا ہے حالاں کہ حدیث کے یہ معنی ہرگز ہرگز نہیں قال التورپشتی السواد الاعظم عامۃ المسلمین عن ھٰؤلاء مطلقۃ والمراد بالامۃ المطلقۃ اھل السنۃ والجماعۃ وھم الذین طریقہم طریق الرسول علیہ السلام والصحابۃ دون اھل البدع انتہیٰ اس سے معلوم ہوا کہ سواد اعظم اہل السنۃ ہیں بمقابلہ اہل البدع والاہواء کے نہ مطلق کثرۃ الرجال جیسا مؤلف نے سمجھ لیا اور اس کی شرح دوسری حدیث کرتی ہے قال علیہ السلام فانہ من یعش منکم فسیری اختلافا کثیرا فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المہدیین تمسکوا بہا وعضوا علیہا بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار پس آپؐ نے ایسے وقت اختلاف میں طریق اہل سنت کے التزام کو تاکید فرمایا تھا کہ وہ سواد اعظم ہے اور بدعت کے اجتناب کی تاکید کی تھی نہ یہ کہ مبتدعین کو کثیر دیکھ کر ان کے ساتھ ہو جانا سو تصفیہ فخر عالمؐ کا تو یہ سنت کا راہ بتانا تھا ورنہ حدیث عرباض کے کیا معنی ہوویں گے پس اب سوچو کہ مؤلف اور سب اس کے مقتدی اور طریقہ مروجہ مولود کو جو سو کا ایجاد کرتے ہیں پھر اس میں اختلاف ہوا تو مانعین تو طریقہ معمولہ مروجہ صحابہؓ کی ہدایت کرتے ہیں اور اس بدعت مروجہ کو خلاف ان کے طریقہ کے ثابت کر کے منع کرتے ہیں اور مجوزین اس کی بدعت ہونے کا اقرار کر کے حسن کو بدلائل واہیہ رکیکہ اثبات کرتے ہیں پس سواد اعظم مانعین ہوئے ہر عاقل جان سکتا ہے اگر کوئی جاہل قواعد شرعیہ سے اتنا ہی سمجھ لیوے کہ اس فعل کے بدعت سیئہ اور حسنہ ہونے میں خلاف ہے تو ترک ہی مناسب اور احوط ہے کیوں کہ یہ فعل مندوب ہی ہے واجب تو نہیں تو یہی کافی ہے متدین کو تو مگر جس کے دل میں بدعت مشرب ہو اس کا کیا علاج چہ جائیکہ یہاں ادلہ اربعہ سے اس مروج کی ضلالت ثابت ہو چکی بہر حال اس ہیئت کذائیہ میں طریقہ صحابہؓ کا حسب ارشادات احادیث کے میزان ہے جس کا طریقہ اور قول و وضع صحابہؓ سے موافق ہے وہی حق ہے الحاصل مثل آفتاب نصف النہار کے واضح ہو گیا کہ اکثر المسلمین اور جماعت کثیرہ اور سواد اعظم اہل السنت والجماعت ہیں اور ان کا طریقہ موجب نجات اور سنت ہے اور اسی کے ہی التزام

یعنی حدیث ما راٰہ المسلمون حسنا فہو ... و حدیث علیکم بالسواد الاعظم و حدیث لا تجتمع امتی علی الضلالت

میں بھی اس کی بحث آوے گی پس موجب فرمودۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مستحسن ہونا عمل مولد شریف کا ثابت ہو گیا والحمد علی ذالک ابھی
خیال آتا ہے کہ حصول مدعا کے دو طریق ہیں ایک تو اس کا ثبوت دینا دوسرے یہ کہ جو اعتراضات مخالفین کے ہیں انکار کر دینا پس ثبوت تو کامل

کا حکم ہے پس جو اس کے موافق ہے اگرچہ ایک ہی عالم ہو وہ سواد اعظم اور حق ہے اور جو اس کے خلاف ہے اگرچہ تمام عالم ہو باطل ہے اور اس مسئلہ
میں ادلہ اربعہ سے عدم جواز ان قیود کا ثابت ہو گیا پس اصل ذکر ولادت وغیرہ خود فخر عالم کا مستحسن اور جملہ امور عارضہ بدعت ضلالہ ہیں اور کثرت
قلت کا اعتبار نہیں موافق سنت و طریقہ صحابہ کے واجب التمسک ہے واللہ الہادی

تمام عبارت سلف سے اجازت نفس ذکر
وکراہت قیود مستنبط ہوتی ہے

قولہ پس ثبوت تو کامل طور پر الخ اقول مؤلف کو غیرت و شرم کا تو نام و نشان نہیں سو کہ ثبوت کامل اس
کے معنی ہیں کہ ادلہ اربعہ سے اثبات مدعا ہو سو خدا تعالیٰ کے حکم سے کوئی ایک دلیل بھی امر متنازعہ فیہ میں
مؤلف نے نہیں لکھی ایک آیت اور تین حدیث نفس ذکر میں لکھی تھی سو وہ سب کے نزدیک معتمد ہے۔ اور قیود مروجہ کے باب میں جس کا بدعت ہونا مانعین
ثابت کرتے ہیں مؤلف نے اس میں سوائے قصہ کہانی کے کچھ بھی تو نہیں لکھا اور پھر کہتا ہے کہ ثبوت کامل ہو گیا تو کچھ تو شرم کرے آدمی ہوے ہر شخص
اس کے اس رسالہ کو دیکھے نہ معلوم وہ کامل ثبوت شکم مؤلف میں ہے یا صندوق میں اس رسالہ میں تو یہاں مورد الروی کا قول مذکور ہے جس کے معنی بیان
ہو چکے ہیں کہ سب امور مکروہ و محرم تو اس میں منع ہیں اور جو مباح و مندوب اپنی حد سے نکل کر مکروہ اور بدعت ہو گیا وہ بھی ممنوع ہے سو یہ عین مدعا
مانعین کی ہوا اس میں کوئی ثبوت قیود مروجہ کا نہیں اور سبط ابن جوزی کا تو یہ کہ مولد میں اعیان علماء حاضر ہوتے تھے اور سخاوی کا قول کہ ہر قوم
اہل اسلام شہر میں محفل مولد کرتے ہیں اور یہ ملا علی قاری کا قول کہ اس میں حاضر ہونے سے کوئی انکار نہیں کرتا اور چند ممالک کا نام لکھ دیا کہ
یہاں ہوتا ہے اور حرمین میں ہوتا ہو اور ہمایوں وغیرہ سلاطین کی حکایت کا اشارہ اور فرنگیوں کی تعطیل کا حوالہ پس مؤلف نے یہ دلائل
لکھی ہیں جس کو اثبات کامل کہتا ہو تو سب کا جواب پہلے اجمالاً لکھا گیا کہ یہ قطعاً محقق ہو کہ وہ اجماع شرعی کہ حجت قطعیہ دین کی ہے اس ہیئت
مجلس مولود پر کہ سلطان مظفر کے وقت میں ہوئی اور سیوطی کو اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں نہیں پایا گیا کیوں کہ باقرار مؤلف ہر زمان میں ایک دو عالم
اس کا منکر رہا ہے پس اجماع محال ہوا کہ ایک کا انفراد بھی قاطع اجماع کا ہے پس جو کچھ امر جواز کا تھا وہ قول اکثر علماء کا بقول مؤلف تھا سو وہ
ظنی بحکم قیاس کے ہے جیسا اصول میں مصرح ہے سو بمقابلہ نص کے کہ تعیین مطلق کا بدعت ہوتا ہو کب معتبر ہو ہرگز ہرگز نہیں چنانچہ سب
کتب اصول میں مشرح ہے ذرا علم چاہئے تب یہ سب اقوال مخالف نص بمقابلہ نص کو رد ہو گئے اور حجت حکایات سلاطین و تعطیل نصاریٰ کی
مردود ہو گئی تو مؤلف نے کونسا ثبوت کامل دیا ہے جس پر یہ کچھ فخرہ ہو رہا ہو سو یہ تو اس ہیئت کا ذکر ہو کہ جلال الدین نے لکھی اور یہ ہیئت اس قدر ما
کی سو یہ تو قطعاً بدعت اور ضلالت ہو اس میں تو نام و نشان بھی جواز کا نہیں اور اگر ہم تسلیم کریں اور ان نقول کو معتبر بھی رکھیں تاہم اس میں نفس
محفل مولود کا ذکر ہے اس میں کہیں بھی ذکر ہیئت مروجہ کا نہیں کہ اثبات دعوی مؤلف کو مفید ہو مطلق سے مقید کا اثبات جواز کس عقیل کے نزدیک
ہو سکتا ہے بہرحال مؤلف کو اس ابلہ فریبی سے کہ دو ورق کہانی کے سیاہ کر کے دعوی ثبوت کامل کرتا ہو جہلاء عوام تو شاید دھوکہ کھاویں مگر
جس کو کچھ بھی علم ہوگا وہ کس طرح اس کو تصدیق کرے گا ایک بھی دلیل شرعی نہیں لکھی اور ثبوت کامل ہو گیا معاذ اللہ عنہ ہذا التلبیس
والتلبیس۔ اور حقیقت حال یہ ہے کہ علامہ فاکہانی نے جو کچھ اس ہیئت محدثہ کو رد کیا کہ جس کو سیوطی نے حسن المقصد میں لکھا ہو تو ظاہر حال
اس کا دیکھ کر اور مآل انجام کو لحاظ فرما کر رد کیا ہے مگر ظن یہ ہے کہ ہیئت در اصل مباح تھی کیوں کہ اس میں سوائے اجماع صلحا مردا طعام

ے کثیر جماعت کے چاروں دلائل قرآن و حدیث و اجماع و قیاس کے گمراہی کے دلیل پکڑتا ہے جس میں اختلاف ہو کے سرگروہ کے ایک ہونا ہے قریب ہے کہ

کامل طور پر ہو چکا اب جواب ان کے ہذیانات کا رہا یہ کام علمائے اہل سنت بخوبی کر چکے نصر المسلمین اور حق الیقین اور سیف الاسلام اور غایۃ المرام اور اشباع الکلام اور ماعلۃ الاذی وغیرہ میں جس کو دیکھنا ہو دیکھ لے لیکن کسیقدر مشتے نمونہ از خروارے بیان کرتا ہوں المعہ ثانیہ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ لوگ ہر سال محفل کرتے ہیں یہ مشابہت کرتے ہیں کنھیا کے جنم کی اور نیز اسمیں تشبہ ہے نصاریٰ کے بڑے دن کا نعوذ باللہ من ہذا القول والاعتقاد جواب اس کا یہ ہے کہ اگر ہندوستان میں یہ فعل ہوتا تو یہ بات کہہ سکتے تھے کہ مسلمانوں نے ہندوؤں سے یہ بات سیکھ لی ان کی مشابہت کرنے لگے تم اصل حال سن چکے ہو کہ اول یہ عمل عراق کے شہر موصل میں ایجاد ہوا وہ لوگ تو خود کنھیا کو نہیں جانتے کہ کس چیز کا نام ہے اور اس کے جنم کی مشابہت تو در کنار بھلا اگر ہندوستان کے مسلمان جنم کنھیا کی مشابہت کرتے ہیں تو بیان کرو کہ وہ دشام

طعام و قراءت قرآن کے کوئی امر مکروہ نہیں ہے اور اطعام خود مباح اور قرآن و ذکر مستحب اور تعین تاریخ کا لازم نہ تھا تو یہ اس قدر فی حد ذاتہ مباح ہے تو اسوقت میں وہ لوگ عقیدہ میں مؤکد جانتے تھے و عمل میں مثل مؤکد کے التزام تھا اور عوام کی طرف سے بھی طمانیت نہ تھی تو اسوقت فتنہ حال و مآل کو مرفوع جانتے تھے تو اگرچہ بحکم ظاہر کے فتویٰ فاکہانی کا بجا و سزا تھا مگر فی الواقع یہ امر مباح تھا اور یہی امر معروض بندہ مولوی سے صاف ظاہر ہوتا ہے اور یہی تحقیق سیوطی کی حسن المقصد سے واضح ہے سو حق الامر واضح ہوا کہ اصل مسئلہ میں کچھ نزاع نہ تھی جو وجہ منع فاکہانی نے لکھی وہ دوسرے فریق کو بھی مقبول تھی مگر اصل اباحت اور رفع مانع کے سبب سے بدعت حسنہ کہتے تھے اگر امر عارض فاکہانی کا ان کو بھی معلوم ہوتا تو وہ بھی یہی فرماتے جو فاکہانی نے لکھا مگر وہ اس کو مرتفع جانتے تھے سو نزاع لفظی تھی امر واقع میں نزاع حقیقی اصل مسئلہ میں پس یہ نقول اور اقوال اس زمانہ کے مولود کو ہرگز مجوز و مفید نہیں کہ وہ مانع اب موجود ہو گیا ہے قطعاً اور بہت اشیاء ہیں کہ اختلاف زمانہ سے بدلجاتی ہیں جیسا مؤلف خود قائل اس کا ہے دیکھو اہل میت کو طعام دینا اول روز مستحب تھا اب بسبب رسم کے ممنوع ہو گیا سنن ابن ماجہ میں ہے قال ابو عبد اللہ غلبۃ السنۃ حتی کان حدیثا فترک انتہی پس گو یہ ہیئت مباحہ مذکورہ سیوطی کی اس وقت میں مباح تھی مگر اب مکروہ و بدعت ہو گئی ہے قطعاً پس حکم بھی بدل گیا لہٰذا یہ اقوال سخاوی وغیرہ کے کسی وجہ مفید مدعا مؤلف کے نہیں اور بہر حال یہ موالید زمانہ بدعت ہیں سو اب ہر اہل علم غور و تامل سے دیکھے کہ مؤلف کی کیا فہم فہمی ہے کہ ایک بھی دلیل عائد نہیں لایا اور دعویٰ ثبوت کامل کا لکھتا ہے ہاں تعطیل انگریزاں اس کی حجت پائی ہے کہ وہ کسی نقل سے رد صریح نہیں ہوئی اس پر ہی اعتماد کر کے یہ لکھا ہوگا لاحول ولا قوۃ الا باللہ بہر حال ہم کو قدما علماء پر حسن ظن ہے اور فاکہانی کا کلام بھی نہایت مستحکم ہے اور قابل تحسین۔ اللہم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ واحفظنا آمین

تشبہ ناجائز کی حقیقت | قولہ لمعہ ثانیہ اعتراض کرتے ہیں الخ اقول تشبہ اس بات میں ہے کہ یوم ولادت کو عید بنا دیں اور مثل عید کے معاملہ سرور شادی کا کریں جیسا قوم کفار کرتے ہیں سو یہ امر تو مشاہد و محقق ہے مگر مؤلف مشابہت ممنوعہ ہونے سے انکار کرتا ہے تین وجہ سے ایک یہ کہ کنھیا کو اہل عراق عرب جانتے بھی نہیں تو انہوں نے کس طرح تشبہ کنھیا کا کیا سو یہ سنو کہ یہ تقریر مؤلف کی بالکل کم فہمی مؤلف کی ہے اس واسطے کہ پہلے تحقیق ہو چکا کہ تشبہ حرام فقط یہی نہیں کہ کسی قوم خاص کو دیکھکر اس فعل کو اختیار کرے نہیں بلکہ عام ہے اس سے اگر کسی امر کو کرتا ہے اور تشبہ عارض ہو جاوے یا معلوم ہو جاوے تو اب بعد علم اور عروض کے بھی ترک اس کا لازم ہوگا اگر طبعی و شرعی امر نہ ہوا اور وہ شعار بھی کفار کا ہو چنانچہ حدیث میں ہے کہ فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب تک مردہ کو لحد میں

اطمینان ۔ انجام ۔ درست ۔ ہمارے زمانہ کی پیدا وار ۔ چھٹی دینا ۔ قبر

کے مسلمان اور حرمین شریفین کے علماء جو یہ عمل کرتے ہیں وہ کنہیا کے جنم کی مشابہت کرتے ہیں نعوذ باللہ منہا پس خوب سمجھ لو کہ ہم اس عمل میں تابع ہیں دستور العمل سلاطین روم اور فرمان روایان ملک شام اور ترک ممالک مغربیہ اور اندلس اور مفتیان عرب کے سلمہم اللہ الی یوم الدین اب سمجھنا چاہیے جس طرح جنم کنہیا کی اسمیں مشابہت نہیں اسی طرح نصاریٰ کی بھی مشابہت نہیں اس کی کئی وجہ ہیں ایک تو یہ کہ اگر خدانخواستہ مسلمان لوگ نصاریٰ کے بڑے دن کو ان کی طرح کے افعال کرنے لگتے تو جو شعار اس قوم کا ہے اس میں شرکت لازم آتی اور مانند ان کے ہو جاتے اس وقت میں البتہ صادق آتا من تشبہ بقوم فھو منھم کیونکہ تشبہ کے معنی مانند ہونا اور یہاں یہ بات ہرگز نہیں پھر اعتراض کیا، دوسری یہ کہ ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اجماع اہل اسلام اور استعمال عطریات وحلویات وغیرہ ہرگز شرع میں

نہ رکھتے قبر پر کھڑے رہتے تھے ایک خبر یہود نے کہا کہ ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ اور یہود کی مخالفت کرو اور دست چپ میں خاتم پہننا جائز بالحدیث تھا جب روافض کا شعار ہو گیا تو اب مکروہ ہو گیا حالانکہ نہ قیام یہود سے دیکھ کر کرتے تھے اور نہ خاتم روافض سے کسی نے دیکھ کر سیکھی تھی پس ایسا یہ معنی تشبہ کے مؤلف نے اپنی طبع سلیم سے تراشے ہیں دین اسلام میں تو یہ نہیں پس یہ وجہ مؤلف کی مردود ہے اس کی تحقیق پہلے اصل تشبہ میں ہو چکی ہے اور واضح ہو کہ مانعین نہ فرحت ولادت کو برا کہیں اور منع کریں اور نہ ذکر ولادت کو منع کریں بلکہ ایسے امر مستحب میں تشبہ کو جو نص سے ممنوع ہے منع کرتے ہیں مؤلف مطلب کو سمجھتا نہیں نعوذ پڑھتا ہو یہ سمجھا کہ آپ کی ولادت کا مثل مثل جنم اور بڑے دن کے ہے نعوذ باللہ من ہذا الفہم الردی ہدایہ میں لکھا ہے کہ قرآن کو دیکھ کر نماز نہ پڑھے کہ تشبہ باہل کتاب ہے اب مؤلف نعوذ پڑھ کر کہے کہ قرآن کو یہود کے فعل سے تشبہ کر دیا بلکہ خود جب فخر عالم نے بیٹھ کر نماز پڑھی اور صحابہ مقتدی کھڑے تھے تو آپ نے منع اشارہ کر کے بٹھلا دیا اور پھر بعد نماز کے فرمایا ان کدتم انفا تفعلون فعل فارس والروم یقومون علی ملوکھم وھم قعود الحدیث رواہ مسلم یعنی تم فعل فارس و روم جیسا کرتے تھے تو اب یہ کہتے ہاں بھی کچھ نعوذ کرے کہ نماز کو کفار عجم کے فعل سے مشابہ کر دیا لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور وہی مولوی عبد الخالق صاحب کے نصیحت ثانیہ میں لکھتا ہے قولہ اور کثرت سے برج مثل مندر قوم ہنود کے بنوا دیے گئے کہ خدا تعالیٰ کو بت خانہ سے تشبیہ دیتا ہے آخر یہ ہی اس فہم پر الحاصل مؤلف نے اگرچہ دستور العمل سلاطین روم وغیرہ کا لیا ہو مگر مشابہت ممنوع حسب قاعدہ شرع کے لازم ہو اگرچہ مؤلف نہیں جانتا قولہ سمجھنا چاہیے الخ اقول مؤلف بعض ناداں ہو عید کرنا اس یوم ولادت میں شعار ہی ہو اور من کل الوجوہ سب امور میں طابق النعل بالنعل مشابہ ہونا ضرور نہیں ایک شے میں مشابہت کافی ہے چنانچہ اس کی تحقیق ہو چکی ہے خود صلوٰۃ قرآن دیکھ کر پڑھنے کو دیکھ لو خود قیام کو دیکھ لو کہ فارس و روم کی مشابہت فقط قیام میں تھی باقی کوئی فعل صلوٰۃ کا ان کے دربار سے مشابہ نہ تھا مؤلف نے تمام عمر ڈھیلے ہی ڈھوئے ہیں فہم علم کو نہیں جانا کہ کیا ہو سو خبر اس رسالہ براہین قاطعہ میں اس کو بہت سے امور بتلا دیے گئے یہ مسئلہ بھی بتلا دیا جاوے مراد یہ ہے کہ جس شے شعار میں تشبہ ہے اسمیں من کل الوجوہ تشبہ ہو تو منع ہے جیسا مثلاً تمام وہی نصاریٰ میں سے ایک کلاہ پہنے تو یہ من کل الوجوہ مشابہ نصاریٰ کی ہو اگر اس کلاہ میں بعض وجہ تشابہ کی ہووے گی تو حرام نہ ہووے گی یہ معنی ہیں ورنہ تمام احادیث و جزئیات فقہ کے مؤلف کے فہم کے موافق ہو تو برہم ہو جاتے ہیں بہرحال یہ قول مؤلف کا بالکل غلط ہے مؤلف نے مانند ہونا ہی یاد کر رکھا ہے اور باقی خیریت ہے قولہ دوسری وجہ الخ اقول یہ دوسری وجہ مشابہت ممنوع ہونے کی ہے جو مؤلف لکھتا ہے سو یہ بھی سابقاً مذکور ہو چکا ہے کہ تشبہ بہرحال مذموم ہے مؤلف قرآن کو دیکھ کر پڑھنے کی مثال اور

لہ انکو سمجھی کہ اعوذ باللہ کہ اس کو دہنی سے ہم پناہ مانگتے ہیں کہ بجواس سے ٹڑپی

مذموم یعنی بری بات نہیں ہے اور تشبہ بری بات میں مکروہ ہوتا ہے جو شرعاً قبیح ہووے چنانچہ درمختار اور بحر الرائق وغیرہ کی عبارتیں ذکر فاتحہ سوم میں ہم نقل کر چکے اور یہی جواب ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے ہو سکتا ہے جو تشبہ بالنصاریٰ کا اعتراض ان پر کیا ہے اور ان کی طرف سے دوسرا جواب بھی ہے کہ پہلے اہل اسلام میں تیر اندازی تھی جب اہل اسلام کو کفار سے مقابلے واقع ہوئے اور ان کے پاس توپ اور بندوقیں تھیں اہل اسلام کے لشکر مجاہدین وغزوات میں بھی یہی آلات تجویز کئے گئے چنانچہ تیر اندازی کو فقہاء لکھتے ہیں حتیٰ سن ماتتا استغنی عنہ بالمدافع یعنی اب ہمارے زمانہ تک اس کی حاجت نہ رہی بباعث توپوں کے اور جس طرح قواعد حرب پلٹن اور رسالہ وغیرہ کے ان کے یہاں تھے اس طرف بھی اسی طرح کر کے مقابلہ کیا گیا اس کو تشبہ نہیں کہتے یہ آیت فمن اعتدیٰ علیکم فاعتدوا علیہ بمثل ما اعتدیٰ علیکم کی تعمیل ہے اسی طرح ممالک مغربی وغیرہ میں کہ حدود اقوام نصاریٰ سے ملحق ہیں جب وہ لوگ اپنے پیغمبر مسیح علیہ السلام کی یوم ولادت میں احتشام و شوکت ظاہر کرتے تفاخر دکھلاتے تھے اور ضعفاء اہل اسلام وہ ظاہری شوکت دیکھ کر افسردہ خاطر اور خستہ دل ہوتے تھے تب ملوک مصر و اندلس و مغرب نے جو اہل اسلام تھے قوم نصاریٰ سے بہت زیادہ رونق و جلال کے ساتھ اعلاء کلمۃ الحق اور اظہار شان اسلامی کے لئے اپنے نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے روز میلاد ماہ ربیع الاول میں تزک و احتشام ظاہر کیا تاکہ شوکت اسلامی ان کے مقابل میں بخوبی ظاہر ہو اور طرح طرح کے معجزات کا پڑھنا شروع کیا تاکہ عمدہ طور حضرت کے جاہ و جلال اور جمال و کمال کل عالم پر ہر طرف مشہور و منتشر ہو یہ تشبہ نہیں بتحقیق یہ پست کرنا ہے مخالفین کا اور فروغ دینا ہے شعار دین کا چنانچہ کلام حافظ ابوالخیر سخاوی میں تصریح ہے اس امر کی حیث قال ما

صوم عاشوراء کی نظیر یاد کر لیوے کہ نہ قرآن دیکھ کر پڑھنا مذموم ہے نہ صوم اور بحر الرائق اور درمختار کے معنے بھی پہلے لکھے گئے ہیں ہاں دیکھ لیوے قولہ اور ان کی طرف سے دوسرا جواب الخ اقول مؤلف کو فہم سے علاقہ نہیں کیا کہتا ہے کہ جیسا توپ وغیرہ کے ارتکاب میں کر آلات حرب نصاریٰ کے ہیں تشابہ نہیں ایسے ہی عید ولادت میں نصاریٰ کا تشبہ نہیں سبحان اللہ کیسا فہم ہے سنو کہ اعداد آلات جہاد فرض ہے لقولہ تعالیٰ واعدوا لہم ما استطعتم من قوۃ الآیۃ پس جس آلہ سے دفع کرنا اس کا ممکن ہو اس کا اختیار کرنا فرض ہوگا اب تیر سے دفع نہیں ہو سکتا تو بندوق توپ وغیرہ کا بنانا فرض ہوا اور محقق ہو چکا کہ فرائض میں تشبہ معتبر نہیں ہوتا اور اس موقع پر مؤلف کا آیۃ فمن اعتدیٰ علیکم کا تلاوت کرنا بھی اُن کے علم و فہم کی خبر دیتا ہے کہ اگر کفار مسلمانوں کے ساتھ فعل معصیت کریں تو مسلمان بھی ان کے ساتھ بفعل معصیت پیش آدیں معاذ اللہ شرم کی بات ہے کچھ بھی مناسبت نہیں پس اس پر قیاس مؤلف کا یہ ہوا کہ گویا تشبہ عید یوم ولادت ممنوع ہی ہو جب بھی اس وجہ مذکور سے درست ہے تو معلوم کہ کفار کے صغار کے واسطے مؤلف کیا کیا کرا کر بیٹھے گا توبہ توبہ ہمیشہ سے احتشام کفار کو رہا ہے بسبب تمول کے اور ہر روز ضعفاء مسلمین بھی تھے مگر کبھی ایسا کوئی امر جائز نہ ہوا اگر کراہت و بدعت تشابہ سے انکسار مسلمین کو رفع کر دیوے اور نہ یہ جواب آج تک کسی کو سوجھا تھا اب کئی سو سال کے بعد مؤلف پیدا ہوا تو اس کو سوجھا اور وجہ ہے کہ ایسا علم جہل مرکب کسی کو نصیب نہ ہوا تھا جیسا مؤلف کو ملا ہے کہ جس کی بدولت سب نصوص کو برہم کرنے کا قصد ہوا یہود و نصاریٰ شوکت اور اعیاد دو عاشوراء و ولادت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قدیم تھی آج تو حادث نہیں ہوئی حدیث میں ترک عید کو رجوع کے واسطے حکم ہوا مؤلف اقامت عید کا حکم کرتا ہے بلحاظ تشبہ اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہمارے واسطے بھی ایک ذات انواط مقرر فرما دیویں جیسا کفار کے یہاں ذات انواط ہے ذات انواط درخت تھا کہ کفار ایک دور معین میں اس پر ہتھیار

آلاتِ حرب میں تشبہ کا جواز نہیں ہے

جنگی سامان یعنی آلہ کی جمع ۔ مال دار ہونا ۔ خستہ حالی ۔ عید کی جمع۔

انه لسلمی المغرب فلهم فیہ یعنی فی ربیع الاول لیلۃ تسیرہا الرکبان ویجتمع فیہا ائمۃ العلماء الاعیان من کل مکان و یعلو بین اہل الکفر کلمۃ
الایمان اور اسی طرح ابو سعید بورانی نے لکھا ہے، علما از اطراف عالم جمع آیند و در تعظیم آں شب یعنی شب میلاد شریف ارغام اہل کفر وضلا
فرمایند " اور خود کلام ابن جزری میں اس کی تصریح ہے لم یکن فی ذلک الا ارغام الشیطان وسرور اہل الایمان یعنی کہا ابن جزری نے کہ
نہیں ہے مولد شریف میں مگر ذلیل کرنا شیطان کا اور سرور اہل ایمان کا تماشا یہ ہے کسی دورہ میں کفار اس محفل سے جلتے تھے اس دورہ آخری
میں بعضے نام کے مسلمان جلتے ہیں اور تیسرا جواب اور بھی ابن جزری کی طرف سے ہو سکتا ہو کہ یہ دستور ہے کہ جو کسی نیک کام کی طرف لوگوں
کو ترغیب دیتے ہیں تو ادنیٰ کا ذکر کر کے اعلیٰ کا شوق دلاتے ہیں مثلاً گاؤ کشی وغیرہ مقدمات دینیہ میں جب اہل اسلام کو بے رغبت دیکھیں تو
ان کو یہ کہا جاوے کہ قوم ہنود با وجودیکہ مذہب ان کا باطل ہے وہ تو باطل پر جانفشانی کریں اور تم حق پر ہو کر کچھ نہ کرو تم کو ان سے زیادہ

لٹکا کر اس کے گرد بیٹھتے تھے اور عید کرتے تھے نہ یہ کہ کوئی معبد تھا بت پرستی تھی پس صحابہؓ نے کہا کہ ہم بھی ایک روز دل بہلا لیا کریں تو آپؐ نے غصہ
ہو کر فرمایا کہ یہ تو تمہارا قول ایسا ہی ہوا کہ جیسا بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ سے کہا تھا اجعل لنا الٰہا کما لہم اٰلہۃ اور اس قول کو رد کر دیا اور سختی
سے منع فرمایا تو شارع علیہ السلام تو یہاں تک ان کی اعیاد اور رسوم سے تبعید فرماتے تھے اور ایک مؤلف دوسرا شارع بنا کر ضد سنۃ اللہ کی
قائم کرنے کو رفع انکسار مسلمین کے واسطے جائز کہتا ہے معاذ اللہ بھلا خیر ان ممالک نصاریٰ کے جوار میں یہ حرج بوجہ ضرورت ہے تو ہندوستان میں
کونسے مسلمین کو خستہ دلی ہے کہ ہنود کے جنم اور نصاریٰ کے بڑے دن سے ہوتے ہیں اور پھر یہ رفع خستگی اگر سلاطین کے مولدوں میں ہو تو
کوئی صورت بھی ہے مؤلف کے اور ہندوؤں کے مولودیں کہ دو آنہ کی ریوڑی پر جمع ہوتے ہیں کونسا احتشام ہے اگر معصیت کو کوئی اخفا
کرے شوکت اسلام اور رفع صغار کے واسطے تو جو کچھ ہے توجیہ بلید ہے اس کی کوئی صورت بھی ہو گو خلاف قواعد اسلام کے ہو مگر عرب میں اور
ہند میں جو مولود ہوتے ہیں اسمیں کیا احتشام ہوتا ہے اور کونسا طمطراق ہے کہ جس کا ظہور نصاریٰ یا ہنود پر ہو نہ کسی کو خبر بھی نہیں ہوتی کہ
کیا ہوا مؤلف کی عقل بالکل سلیم نہیں رہی سلیم بدعت ہو گئی ہے آدمی کچھ سوچ کر تو بات منہ سے نکالے کیا عجب عذر ارتکاب تشابہ ممنوع
شرعی کا ہے کہ عذر گناہ بدتر از گناہ جمعہ اور عیدین کا احتشام اور وعظ میں فخر عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے احوال کا اظہار کیا کافی نہیں تھا جو اپنی
طرف سے کوئی بدعت قائم کی جاوے پھر سخاوی اور نور الدین کے قول پر بھی کلام ہے کہ اگر مراد اس کی وہ ہے جو مؤلف سمجھا تو خلاف نصوص کے
ہرگز قابل اعتبار کے نہیں ورنہ اس کی وجہ اوپر بیان ہو چکی اور مؤلف کے مولود کو اس سے کچھ نفع نہیں ملتا پس تماشا ہو کہ بدعات و معاصی
سے رنجیدہ ہونا اور اس کو مبغوض و منکر سمجھنا تو فرض شرعی تھا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من رأی منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ
فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذلک اضعف الایمان ولیس وراء ذلک حبۃ خردل من ایمان امر منکر سے جلنا فرض
ایمان کا تھا اب مؤلف امر منکر کو عین ایمان بتاتا ہے معاذ اللہ فخر عالمؐ کے ذکر ولادت کو کوئی برا نہیں جانتا ہے منا کیر کو برا جانتے ہیں جب
مؤلف سے اپنے دین منکر کے جواز کی دلیل نہیں بنتی تو دھوکہ دہی عوام کیواسطے مطلق ذکر مندوب کو اس کے قائم مقام کر کے اہل سنت کو تبری
کرنے لگتا ہے مؤلف نے یہ روافض و جہلا سے قاعدہ یاد کر لیا ہے مگر وہ تبری اسپر ہی منقلب اور چسپاں ہوتی ہے کما لا یخفی قولہ تیسرا جواب
الخ اقول، مؤلف کیا خوش فہم خوش تقریر ہے سبحان اللہ کہتا ہے کہ ادنیٰ کا ذکر کر کے اعلیٰ کی رغبت دلاتے ہیں سو یہاں ادنیٰ تو عید ولادت
حضرت عیسیٰ کو ٹھیرایا ہے اور اعلیٰ عید ولادت فخر عالمؐ کو غرض دونوں ایک ہی جنس ہیں اور پھر کوئی عاقل ہم مشرب مؤلف کا اس کو

لے دو دیسنا کہ طریقہ الٰہی کی مخالفت کہ بے کار کہ ولادت کہ شان کہ سمجھو تو کو بلند کرنا کہ ممنوعات کہ بڑا سجاؤ کہ وطنا

فرق رہنا اور امتیاز شاری چاہیئے اس کو کوئی عاقل تشبہ کفار نہ کہے گا اسی قاعدہ پر نازل ہوا قرآن میں ان تکونوا تالمون فانہم یالمون
کما تالمون وترجون من اللہ مالا یرجون اس کی تفسیر دیکھنی چاہیئے اور اسی درجہ میں ہے قول محمد بن مسعود گازرونی کا کہ وہ لکھتے ہیں جب
بادشاہ یا امیر وغیرہ کفار اپنے گھر میں لڑکا پیدا ہونے کی خوشی میں طرح طرح کے تکلفات و ضیافت کریں، حالاں کہ وہ ابنا دنیا سے ہے، پھر
میلاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی میں کیوں نہ کیا جاوے کہ سبب نجات ہے، پس اسی قبیل سے قول ابن جوزی کا ترغیب محفل میلاد میں واقع
ہوا ہے کہ جب نصاریٰ اپنے پیغمبر کے میلاد میں ایسی خوشی کریں ہم تو ان سے زیادہ مستحق ہیں کہ اپنے نبی کی خوشی کریں اور اسی درجہ میں تو قول
ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی واقع ہوا ہے کہ یہود نے جب کہا کہ ہم روزہ عاشورا شکریہ نجات موسیٰ کا رکھتے ہیں آپ نے فرمایا انا احق
بموسیٰ منکم یعنی جب تم یہود ان کا شکریہ ادا کرو تو میں زیادہ مستحق ہوں اس کا کیوں کہ مجھ کو زیادہ مناسبت ہے موسیٰ سے، اور ایک خوبی یہاں
اور ہے کہ اگر ابن جوزی یہ مقولہ فرما کر محفل میلاد شریف کی بنا ڈالتے تو یہ بھی گمان ہوتا کہ اسی دلیل پر یہ عمل مبنی ہوا ہے انہوں نے یہ عمل نصاریٰ

تشبہ نہیں کرے گا اس واسطے کہ مؤلف کے نزدیک مشبہ مشبہ بہ وجہ شبہ میں من کل الوجوہ مساوی ہوتے ہیں چنانچہ پہلے بھی لکھ چکا ہے سو
اول تو یہی مؤلف کا علم معلوم ہوا اور دوسرے عید ولادت میں کیا ادنیٰ کی ولادت اور کیا اعلیٰ کی عید نفس عید ہونے میں سب یکساں ہیں پس
مؤلف عاقل کے قاعدہ پر تشبہ تو ہوگیا اور تشبہ نفس عید میں ہے، ممنوع ہے پس عید ولادت حضرت عیسیٰؑ کی تشبہ سے یہ عید ممنوع ہوگئی نہیں
معلوم کہ مؤلف کیا کہہ رہا ہے جو دلیل جواز بنجاوے ہاں البتہ اگر مؤلف یہ کہتا کہ عید ولادت حضرت عیسیٰؑ کی ادنیٰ یعنی ناجائز ہے تو وہ اسقدر
فرح کریں اور اہتمام کریں اور عید ولادت فخر عالمؐ کی اعلیٰ یعنی جائز اور عبادت اس میں کچھ بھی اہتمام نہ ہو تو البتہ کلام فی حد ذاتہ درست
ہو جاتی گو یہ محض حماقت ہے کیوں کہ دونوں عید میں یکساں ہیں دونوں نبی ہیں اور دونوں کی ولادت کی خوشی ہے گو کم زیادہ سہی پس وہی
مشابہت ممنوعہ موجود پس نہ معلوم کہ مؤلف کے دماغ میں کس شئے نے یہ علوم بھر دیئے ہیں کہ ابن جوزی کو ہرگز یہ جواب نہ سوجھے نہ کسی کو اس
کے بعد آج تک اب مؤلف نے خوب طرف داری کی ماشاء اللہ ولا تہنوا ان تکونوا تالمون میں بھی تو یہی معنی تھے کہ اے مسلمانو تم کو تکلیف جہاد
ہوتی ہے تو دیکھو کفار بھی اپنے کفر پر کس قدر جان و مال خرچ کرتے ہیں، حالاں کہ ان کو محض خسران ہے تم ثواب و جنت پر کیوں نہیں کرتے
مثل اس کے مؤلف نے ولادت حسین کو بنایا ہے، غرض حدیث تشبہ کی مخالفت مد نظر ہے معاذ اللہ، کیوں مؤلف نے اپنی خواری علماء کے سامنے
کی چپ رہنا ابن جوزی کی مددگاری کی ضرور تھی، بیچ ہے تا مرد سخن نگفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد، قول گازرونی کو بھی سنو کہ جو مولود
حدیث منکرہ کے واسطے یہ قول ہے تو وہی جواب مخالفت نص کا اس کا جواب ہے ورنہ سچ ہے کہ فرحت ولادت فخر عالم میں جس قدر کیا جاوے
مشروع وہ تھوڑا ہے پس مجلس میلاد مروجہ کو اس سے کچھ علاقہ نہیں ابن جوزی کا بھی یہی جواب ہے اور فخر عالمؐ کی حدیث عاشورا کی
تحقیق مذکور ہو چکی یہ مؤلف کا ترجمہ اور مراد بالکل غلط ہے اور مراد صحیح ہو لیا تکرار کی حاجت نہیں **قولہ** اور ایک خوبی یہاں اور ہے الخ **اقول**
مؤلف ہی کی خوبی علم و فہم کی ہے مذکور ہو لیا کہ تشبہ میں کفار کے فعل کو دیکھ کر اخذ کرنا ضرور نہیں یہ بنا فہم مؤلف کی از سر تا پا غلط ہے تشبہ
ہو جاوے ورنہ تو سب طرح ممنوع ہوتا ہے اگرچہ ذکر جواب تشبہ ابن جوزی کا اتفاق سے آگیا مگر مؤلف کی بدفہمی کا یہاں بھی اتفاق ہی
ہر کی کوئی بات کہہ کر اپنے قاعدہ قدیمہ کے خلاف نہیں کیا

عبارت سے برابر کی خوشنودی کی دونوں ولادت جب تک مرد کوئی بات نہ کہے اس کا عیب و ہنر پوشیدہ رہتا ہے رائج شدہ،

سے سیکھا ہے حالاں کہ یہ عمل اس کلام سے دو سو برس پہلے بہ تخصیص و تعیین روز میلاد شریف ایجاد ہو چکا تھا اور علمائے دین اس کی اصل و نظیر شرع سے نکال کر فتویٰ دے چکے تھے پس بے سمجھے بوجھے اس شیخ معظم مرحوم پر تشبہ نصاریٰ کا الزام لگانا سخت بے عقلی ہے خیر یہ ذکر و اعتراض اس شیخ کا اتفاقی ہو گیا تھا اب ہم رجوع کریں اصل کلام کی طرف اور بیان کریں واسطے ابطال وجہ تشبہ کے **وجہ تیسری** وہ یہ ہے کہ نصاریٰ کا بڑا دن اور ہندوؤں کا جنم کنھیا معین ہے وہ لوگ اسی ایک دن میں جو کچھ کرنا ہے کرتے ہیں اور اہلِ اسلام کے یہاں یہ بات نہیں کہ خاص بارہویں تاریخ ربیع الاول کے سوا کسی اور دن محفل سرورِ میلاد شریف منعقد کریں ربیع الاول کی کل تاریخوں میں مولد شریف ہوتا ہے کسی نے کسی دن کیا کسی نے کسی دن بلکہ علاوہ ربیع الاول اور مہینوں میں بھی اہلِ اسلام مولد شریف کرتے ہیں اور ہنود اور نصاریٰ میں نہیں مگر اسی ایک دن میں اور یہ مثال ہم اول دے چکے ہیں کہ صوم عاشوراء میں ہم اور اہلِ کتاب شریک ہیں، لیکن ایک روزہ اول میں جو ہم رکھ لیتے ہیں اتنے میں تشبہ اہلِ کتاب کا جاتا رہتا ہے اور ہمارا فعل ان سے جدا گنا جاتا ہے اور حدیث کی کتابوں سے معلوم کرو، پس جب اس قدر مخالفت کرنے سے تشبہ باطل ہو گیا، حالاں کہ ہم ان کے اصل فعل میں یعنی صوم عاشوراء میں شریک ہیں پھر کیا خیال کرتے ہو نصاریٰ کے بڑے دن اور کنھیا کے جنم میں کہ ہم ان کے ان دونوں میں ان کے افعال کے شریک نہیں اور ہم جو میلاد شریف کرتے ہیں اس کے آئین اور ترتیب جدا اور ان کی رسوم و قواعد جداگانہ دن میں شرکت نہ کاروبار میں مشابہت استغفر اللہ نعوذ باللہ من شر الوسواس الخناس یہ چوتھا جواب سمجھو ابن جزری کی طرف سے خلاصہ یہ کہ امام القراء و المحدثین علامہ ابن جزری و جمیع اہلِ سنت و الجماعت کا مشرب نہایت صاف اور تشبہاتِ کفریہ سے بالکل پاک ہے ہاں یہ حضرات ایسی تشبیہات جنم کنھیا وغیرہ کی محفل پاک کی نسبت پیدا کر کے کچھ اپنی عاقبت بخیر ہونے کا سامان کر رہے ہیں اگرچہ مجھکو اکثر مبتدعین کی تکفیر میں سکوت ہے کہ اگر وہ کافر ہو گئے تو اللہ بس ہے ان کی تعذیب کو میں کیوں منہ اپنا آلودہ کروں ہاں البتہ بعض اہلِ علم تحریر فرماتے ہیں کہ ایسے تشبیہ دینے سے اور محفل ذکر پاک سید الابرار کو اس قسم کی اہانت اور استحقار کرنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے پس اہلِ اسلام کو بہت ضرور ...

مشابہت ممنوعہ میں من کل الوجوہ تشابہ ضروری نہیں **قولہ** وجہ تیسری وہ یہ ہے کہ نصاریٰ الخ **اقول** یہ تیسری وجہ عدم مماثلت تشبہ مؤلف کی طبعزاد[ا] ہے اور معلوم ہو چکا کہ من کل الوجوہ[ب] مماثلت مشابہت ممنوعہ میں ضرور نہیں جیسا قیام مقتدی امام قاعد میں ہے پس تجدید تاریخ کی ضرورت نہیں نفس تقیید تشابہ کو کافی ہے اور صوم عاشوراء[ج] کی شرکت بامر اللہ تعالیٰ ہے اور منفرد صوم بھی مکروہ نہیں ایک صوم اول آخر محض تعبید کے واسطے مستحب ہے نہ رفع تشبہ کے واسطے کیوں کہ تشبہ پہلے بھی نہیں تھا، صوم ششِ[د] شوال کا کہ بعد عید فطر کے تتابع سے متصل رکھنا حنفیہ کے نزدیک علی المختار بلا کراہت جائز ہے اگرچہ تفریق مندوب ہے کہ روز عید فطر مفرق آگیا ہے یہاں تشبہ نہیں اگرچہ تبعیداً عن التشبہ[ہ] تفریق اولیٰ ہے پس حدیث دانی اور فقہ خوانی مؤلف معلوم ہوئی خلاف اس مسئلہ عید ولادت کے کہ نفس عید میں ہر حال تشبہ موجود ہے ہاں اطعام طعام تعید نہیں جائز ہے بلا روز ولادت بھی اور غیر روز ولادت بھی اور تعین کا مسئلہ یہاں بھی خیال رہے استغفر اللہ من تسویل النفس الامارۃ و تلبیس ابلیس مؤلف کیسا حق کو باطل سے مخلوط کر کے مسلمین کو گمراہ کیا پس کیا کہا جاوے خود ناظرین غور کریں کہ کس کا مشرب تشبہات کفار سے ہے زیادہ زبان درازی کا جواب دینا ہمارا کام نہیں کوئی علم کی بات نہیں کفر و اسلام سنت و بدعت کا فرق ...

[ا] طبیعت کی پیداوار [ب] ہر اعتبار سے [ج] دور کرنا [د] مشابہت کو ختم کرنا [ہ] شوال کے چھ روزے [و] میلاد والے [ز] تشبہ سے دور رہنے کے لیے ...

کو ایسے الفاظ خطرناک سے پرہیز کریں وما علینا الا البلاغ لمعہ ثالثہ اعتراض کرتے ہیں اگر تشبہ کفار اس میں نہیں پھر بھی یہ محفل بدعت
سیئہ ضرور ہے کیوں کہ قرون ثلثہ میں نہیں پائی گئی جواب مولوی اسماعیل صاحب اپنی تصنیفات تذکیر الاخوان وغیرہ میں لکھتے ہیں
کہ جو عمل ایسا ہو کہ زمانہ نبوت میں علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام اور تینوں زمانہ مابعد صحابہؓ و تابعینؒ و تبع تابعینؒ میں وہ عمل بعینہ نہ
پایا جاوے اور نہ ان چاروں زمانوں میں اس کی نظیر اور مثل پائی جاوے وہ عمل بدعت ہے اور جو کچھ مجتہدوں نے اپنے اجتہاد سے نکالا وہ
سنت میں داخل ہے انتہی پس اس بنا پر کہتے ہیں کہ عمل مولد شریف بدعت نہیں اس کی اصل بھی پائی گئی اور اس کی نظیر اور مثل بھی اصل تو یہ
ہے کہ مواہب اور اس کی شرح میں قسطلانی اور زرقانی و طبرانی وغیر محدثوں سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
غزوہ تبوک سے مدینہ واپس آ چکے مسجد میں آپؐ اور بہت آدمی تھے حضرتؐ کے چچا عباسؓ نے اجازت لے کر یہ اشعار پڑھے ؎ من قبلہا
طبت فی الظلال وفی ۞ مستودع حیث یخصف الورق ۞ ثم ھبطت البلاد لا بشر ۞ انت ولا مضغۃ ولا علق ۞ بل نطفۃ ترکب السفن
وقد ۞ الجم نسرا واھلہ الغرق ۞ تنقل من صالب الی رحم ۞ اذا مضی عالم بدا طبق ۞ وردت نار الخلیل مکتتما ۞ فی صلبہ انت کیف یحترق

قولہ لمعہ ثالثہ الخ اقول تقریر اعتراض کی یہ ہے کہ اگر اس مولود مروج میں تشبہ نہ بھی ہو تاہم بسبب قیود مروجہ | بیان امور لاحقہ ممنوعہ محفل مولد
بدعت ہے اس واسطے کہ یا یہ قیود منکرات امور میں یا مباح کہ بسبب تاکد کے مکروہ ہو گئے ہیں اور تقیید مطلق مامور کی بدعت ہے کیوں کہ یہ
قرون ثلثہ سے ثابت نہیں ہوتی اور ان کی اصل وہاں سے نہیں معلوم ہوتی تو اس سے ظاہر ہے کہ یہ ممانعت بسبب قیود کے ہے نہ بسبب
ذکر ولادت کے کہ بار بار اس کا بیان ہو چکا ہے پس مؤلف اس کے جواب میں اثبات ان قیود کا واجب تھا جس کو معترض بدعت کہتا ہے
مگر مؤلف خوش فہم جواب میں اصل ذکر کو ثابت کرتا ہے ناظرین ملاحظہ فرماویں کہ مؤلف کس وادی میں ہائم ہو رہا ہے قولہ جواب
مولوی اسماعیل صاحب الخ اقول سب ناظرین بچشم انصاف دیکھیں کہ یہاں مؤلف نے عبارت تذکیر الاخوان کی جو نقل کی یہ ہے کہ جو عمل زمانہ
نبوت علیہ السلام اور تینوں زمانہ مابعد میں بعینہ یا نظیر اس کی نہ ہو وہ بدعت ہے اور یہ حد بدعت کی بعینہ وہی قول خامس ہے جو مؤلف نے
نقل کیا ہے لفظاً و معنیً چونکہ یہاں اپنے مدعا پر اس سے استدلال لانا ہے تو اس کو کامل و تمام بیان کیا اور لمعہ ثانیہ فرد دویم میں ناتمام
بیان کر کے طعن کرنا منظور تھا اور وہاں اس کے قبول میں بزعم خود خلاف مدعا ہوتا دیکھا تھا گویہ خام فہمی تھی پس یہ خیانت دین اللہ
اور شرع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنی بدعت کی احیاء کے واسطے کس کا کام ہے اور پھر آخر دروغگو را حافظہ نباشد خود ہی بول پڑا
خیانت مؤلف کی کچھ اس کو مفید نہ ہوئی اور اہل سنت کو مضر نہ ہوئی چنانچہ واضح ہو گیا مگر ہاں مثل مشہور ہے بلی کی ذات ور یافت
ہوئی ان دونوں عبارت کو ملا کر دیکھیں قولہ پس اس بنا پر ہم کہتے ہیں الخ اقول مؤلف کے فہم پر عشا وہ ہے ذکر فخر عالم کا اول
تک کسی کے نزدیک ناجائز نہیں اور اس کے اثبات کے واسطے زرقانی اور مواہب وغیرہ کی روایت کی حاجت نہیں اور
مؤلف نے بڑی جانکنی سے یہ لکھا ہے اس کو خود اہل سنت قبول کرتے ہیں مگر اس میں امر متنازع فیہ کا نام و نشان نہیں اور
اس ذکر کو کسی نے منع نہیں کیا مؤلف اپنے دماغ کا علاج کرے تداعی اور اہتمام اس ذکر کے واسطے بالخصوصیت مکروہ
بحسب تداعی نوافل کے اور یہاں مسجد میں مجمع اس قصیدہ کے واسطے جمع نہ ہوا تھا بلکہ خود خدمت فخر عالم میں تھے اور شیرینی
اور روشنی وغیرہ کوئی بات نہیں تھی سو یہ سب کے نزدیک جائز ہے یہ تو اول مؤلف آیہ ورفعنا لک ذکرک سے ثابت کر چکا ہے مگر

یاد کرتا کے سرگرداں کے ناپختہ مغز محنت ہے جس میں اختلاف ہے۔

حق احتوی بیاض المطیبین منی ÷ خندق عیا تحتھا المنطق ÷ فانت لما ولدت اشرقت الارض ÷ وضاءت بنورک الافق ÷ فنحن فی ذلک الضیاء و فی ÷ النور و سبل الرشاد نخترق - اب دیکھئے اس میں حال رسول اللہ صلعم کی اولیت کا اور پھر منتقل ہونا ایک صلب سے دوسری صلب میں اور حضرت ابراہیمؑ اور نوح علیہ السلام کا نجات پانا آپ کی برکت سے کہ آپؐ کا نور ان کے ساتھ تھا پھر بعد تقلبات صلبی و رحمی انجام کار پیدا ہونا اور اس وقت نور کا نکلنا پھر اس نور سے تمام عالم کا روشن ہو جانا جو کچھ مولد شریف میں تفصیل ہوتا ہے اس جلسہ میں بالاجمال وہ سب مذکور ہوا ہے پس مردود ہوا قول ان لوگوں کا جو کہتے ہیں بالاستقلال یہ ذکر نہ کرے اگر وعظ کے اندر ذکر میں ذکر یہ بھی کر دے درست ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ تنہا پڑھے تو جائز ہے مجمع میں نہ پڑھیں اب لوگوں کو آنکھ کھول کر دیکھنا چاہیئے کہ اس مجلس میں کل قصیدہ حضرت عباسؓ کا بالاستقلال اسی ذکر میں ہے اور نہیں اس کے اول و آخر میں پند و موعظت اور عین مجمع میں پڑھا ہے پس یہ تذکرہ بالاستقلال کرنا اور نیز مجمع میں کرنا سنت بالاصالہ ثابت ہوا نہ بدعت، باقی جو اس کے امور لواحق ہیں وہ یہ ہیں فرش بچھانا منبر یا چوکی واسطے قاری کے لگانا، خوشبو کا استعمال اور کچھ کھانا یا شیرینی دے دینا، سو فرش و منبر تو بدعت ہونے میں کچھ دخل نہیں رکھتے ورنہ مجلس وعظ کے لئے بھی اگر کوئی اپنے گھر میں فرش اور منبر لگا دے تو چاہیئے وہ وعظ بدعت ہو جاوے یہ بات تو کسی کے نزدیک نہیں پس فرش اور منبر سے تو یہ ذکر بدعت نہیں ہو سکتا باقی رہا استعمال خوشبو و عطریات اور کھانا یا شیرینی دینا یہ خاطر داری اور ضیافت مہمانوں کی ہے، صحیحین کی حدیث ہے من کان یومن باللہ والیوم الاخر فلیکرم ضیفہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کمال تاکید سے ارشاد فرماتے ہیں کہ جس کو اللہ تعالیٰ اور روز قیامت پر ایمان ہے اس

کلام قیود میں ہے اس کی کوئی سند دینی و واجب تھی پس مجمع میں نہ پڑھنا اور فقط استقلالاً اس کا ذکر نہ کرنا مؤلف کا خیال ہے سو وہ مردود ہے بیشک اور قول اہل سنت کا موافق کتاب اور سنت کے ہے لاریب

فرش و منبر و استعمال خوشبو تقسیم شیرینی سب امور بذاتہا مباح ہیں لیکن ان کی ہیئت ترکیبیہ پر رائج محفل مولد بدعت ہے

قولہ باقی جو اس کے امور لواحق ہیں الخ **اقول** مؤلف نے یہاں بھی خیانت کی قیود زائدہ و امور لواحق میں سے وہ امور چھانٹ کر لکھے کہ در اصل مباح ہیں

تا عوام کو فریب دیوے سو ان امور کی بحث تو اب ہو جاوے گی مگر جو امور اصل سوال جو ورقہ میں اور جواب مولوی احمد علی صاحب مرحوم مصرح ہیں ان کو ہضم کیا تو وہ بعض امور یہ بندہ لکھتا ہے، تداعی و اہتمام زیادہ وعظ و جماعت پنجگانہ سے اور فساق و مبتدعین کی حضور اور علامات اور لباس و زی منکر شرع کا ہونا اور ترک امر و نہی واجب کا اور ورد حکایات موضوعہ اور امارد و خوش الحان کا ہونا اور اس مجمع حاضر باشی سے صلوٰۃ فجر میں کوتاہی کا ہونا اور اسراف روشنی میں اور قیام ذکر ولادت کے خصوصاً بعقیدہ فاسدہ یہ امور عشرہ سب کے سب یا بعض ان کے بالضرور مجلس مروجہ میں ہوتے ہیں ہرگز نہیں ہوتا کہ سب مرتفع ہو دیں اور ان میں سب کے سب تحریمی اور حرام ہیں کہ ہر ہر واحد کی کراہت اور محظور ہونا ایسا بدیہی امر شرعی ہے کہ کسی ادنیٰ مسلم کو بھی اس سے انکار نہیں لہذا ہر واحد کے اثبات کی حاجت نہیں اس عبارت شرح مفید پر جو باب صلوٰۃ الرغائب سے شروع نور چہارم میں درج اس رسالہ ہو گئی ہے قناعت کرتا ہوں اور بعض کی بحث شرح سوال میں ہو چکی ہے اور ان بعض قیود اربعہ مذکورہ مؤلف پر بھی شرح سوال میں ہو چکی ہے اب چونکہ مؤلف نے سب طرح سنبھالکر خوب جزم کے ساتھ قیود لکھے ہیں تو ان کا حال سننا لازم ہے **قولہ** سو فرش و منبر تو بدعت الخ یہ دعویٰ مؤلف کا کہ فرش و منبر کو بدعت ہونے میں کچھ دخل نہیں کیسی چشم پوشی حق سے اور انکار محض زوری کا ہے کیوں کہ فرش و منبر

ے فضول خرچی ے ختم ے ممنوع

کو چاہیئے کہ خاطر داری اور تواضع کرے اپنے گھر آئے ہوئے کی روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اب مجلس کرنے والوں سے پوچھ لیجئے کہ ان کی نیت بیشک یہ ہوتی ہے کہ جو کچھ ہم نے تیار کیا ہے شیرینی یا کھجور یا فرنی وغیرہ وہ سب صاحبوں کو جو ہمارے گھر آئیں گے ان کو کھلائیں گے اور شریعت سے یہ بات معلوم کیجئے کہ ضیافت شرع میں کس چیز کا نام ہے چیز کھانے کی تھوڑی ہو یا بہت جب اس کے لئے آدمی کو مدعو کرے گا وہ شرع میں ضیافت کہلاوے گی صحابہؓ روٹی کا ٹکڑا یا کھجور جو ہوتا پیش کرتے اور حدیث میں ہے لو دعیت الی کراع لاجبت یعنی ایک پارچہ بکری کے لئے بھی کوئی دعوت کرے تو میں قبول کروں، آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ اخلاق عالی تھا اس اہل ضیافت کا خوش کر دینا منظور ہوتا تھا اپنا پیٹ بھرنا منظور نہ ہوتا تھا چنانچہ فقہاء بھی یہی حکم دیتے ہیں دعوت قبول کرنے والوں کو فتاویٰ برہنہ میں ہے

مباح ہیں جب کہ التزام کی وجہ سے عوام اس کو ضروری اور لازم اس محفل کا جانیں گے تو کیوں ان کے حق میں بدعت اور مرتکب کے حق میں مکروہ نہیں ہوگا عوام کے ضروری سمجھنے سے مکروہ ہو جانا مسلّم فقہاء کا ہے شرح منیہ میں ہے، منہا ان العوام یعتقدونہا سنۃ انتہی، پس اس صورت میں دونوں مکروہ ہوگئے اور بدعت ہوکے مؤلف مطلق العنان لکھتا ہے کہ ان کو بدعت میں کچھ دخل ہی نہیں اور اب خوب ظاہر ہے کہ عوام کالانعام اس کو ضروری جان رہے ہیں اور خواص کالعوام اس کا تعامل مثل سنن ضروریہ کے کرتے ہیں اور اس میں تعدی حد اللہ تعالیٰ اور تغییر حکم شرع کا لازم ہے مگر مؤلف خواب غفلت میں ہے عالمگیریہ میں اور شرح منیہ میں ہے وکل مباح یؤدی الی ذلک فمکروہ انتہی اور کراہت مطلقہ تحریمیہ ہوتی ہے اور دلیل بھی تحریم کو چاہتی ہے کہ تعدی حد اللہ تعالیٰ ہو قال فی شرح المجتبیٰ اعلم ان المکروہ اذا اطلق فی کلامہم فالمراد منہ التحریم الا ان ینص علی التنزیہ، انتہی، پس یہ دونوں امر جب مکروہ ہوگئے، تو مجلس مروجہ کو بیشک مکروہ بنا دیں گے کما لایخفی ہاں نفس منبر مباح تھا پس اس کا ذکر کرنا بے سود ہے کیوں کہ اول تو وعظ کا کون اہتمام کرتا ہے مولود کے البتہ اہتمام ہوتے ہیں اور پھر اگر منبر و فرش وعظ میں بھی ایسا ضروری جانا جاوے گا لاریب وہ بھی بدعت ہو جاوے گا مگر چونکہ وعظ کا اہتمام کسی کے دل میں نہیں وہاں ضروری کوئی بھی نہیں جانتا صدہا واعظ کے ہوتے ہیں ہاں مولود کا اہتمام وہ ہے کہ جماعت فرض کا بھی نہیں اور یہ بھی ایک وجہ بدعت و کراہت مجلس مولود کی ہوگئی ہے بہر حال ایسی ہیئت موجودہ میں فرش و منبر یا چوکی دونوں بدعت ہیں گو مؤلف اپنی بے شرمی سے انکار کرے علیٰ ہذا عطریات و شیرینی کا بالالتزام دکان سے ہرگز بدا اصل مباح مرتکب عوام میں سنت ضروریہ ہوگئی پس یہ بدعت مکروہہ ہوگئی، شرح سوال میں بھی ذکر اس کا ہو چکا بعد اس کے کہ یہ ہر چہار مباح موافق قاعدہ شرع مکروہ ہو چکے اب خاطر داری حضار فساق کی لائق سننے کے ہے کہ وہ مستقل ایک امر معصیت کا حق ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے لاتجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا آباءہم او ابناءہم او اخوانہم او عشیرتہم الآیۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل الاعمال الحب فی اللہ والبغض فی اللہ الحدیث پس مؤلف اور اس کے سب اقران جب مولود کرتے ہیں تو سب فسقہ جہلا مبتدعہ کو طلب کرتے ہیں اور ان کے ساتھ مدارات اور محبت فی الدین ہوتی ہے اس کا نام اکرام ضیف رکھا گیا ہے بھلا اگر اکرام ضیف ایمان ہے تو ودّ و محبت مخالفین فاسقین کی کیا ہے ذرا آنکھ کھول کے ہشیار ہو ویسے ومن یہدی اللہ فلا مضل لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں لایاکل طعامک الا تقی الحدیث جس میں صاحب احیاء العلوم فرماتے ہیں کہ متقی کی ضیافت کرے اور فاسقوں کو کھانا نہ کھلاوے کہ اعانت ان کے فسق کی ہوتی ہے پس فساق معین کی ضیافت ہی کب درست ہے کہ اکرام کرنے کی حدیث پڑھی جاتی ہے یہ حدیث میں اکرام ضیف متقی کا ہے نہ فاسق کا علیٰ ہذا اجابت یہ ہے کہ جس ضیافت میں کوئی امر خلاف شرع ہو اس ضیافت کی اجابت ہرگز جائز نہیں چنانچہ شرح سوال میں ذکر ہو چکا پس یہ

جانوروں کی طرح ۳؎ تجاوز کرنا آگے بڑھنا ۴؎ بیشک ۵؎ حاضر ہونیوالے ۶؎ فاسق ۷؎ جمع قرن زمانہ ۸؎ فاسق ۹؎ جاہل ۱۰؎ بدعتی ۱۱؎ دخل دینا۔

از جہت بعد و فقر امتناع نیا رد و قصد نکند حاجت شکم را بلکہ نیت کند اقتدائے سنت را و خال سرور در دل مسلم، پس اگر کوئی متمول یا مقدور شکم سیر کھانا کھلائے محفل مولد شریف میں یا کم مقدور زوالا محض شیرینی اور کھجور ماحضر کے لئے اہل اسلام کو تکلیف دے اس کو ضیافت شرع میں کہتے ہیں اور وہ لوگ اس کے پاس آنے والے عربی زبان میں ضیف اور فارسی میں مہمان کہلائیں گے اور عطر ملنا ان کی تعظیم اور اکرام ہے مقام غور ہے کہ تذکرہ خود سنت تھا اور مراسم اکرام ضیف بھی سنت ہیں پھر سنتوں کا نام جو کوئی بدعت ضلالت رکھے اس کو خدا سمجھے ع جو اس پر بھی نہ سمجھے وہ تو اس بت کو خدا سمجھے مدعائے اصلی پر آویں محفل مولد شریف میں وہ چیز کہ اصل عبادت اور بنیاد محفل کی اس پر ہے وہ ذکر خیر ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا باآداب و تعظیم دلیل اس کی یہ کہ اگر کوئی فرش اور خیمہ اور شامیانہ میز چوکی وغیرہ آراستہ کرے اور اسمیں کچھ ذکر نہ ہو اس کو مولد شریف نہ کہیں گے اور اگر کسی موقع میں کوئی شخص کھڑا ہو کر درود یا مدح پڑھنے لگے اس کو بھی مولد شریف نہ کہیں گے اسی طرح اگر کوئی آدمیوں کو کھانا کھلا دے یا شیرینی بانٹ دے اس کو بھی مولد شریف نہ کہیں گے اسی طرح اگر کسی جلسہ میں بخور سلگایا جاوے یا عطر لوگوں کو ملا جاوے اس کو بھی مولد شریف نہ کہیں گے پس معلوم ہوا کہ محفل کا نام محفل مولد شریف اسی سبب سے ہوتا ہے کہ اس میں ذکر ولادت شریف مع بعض صفات و معجزات و خرق عادات وغیرہ کیا جاتا ہے اس تقریر سے معلوم ہوا کہ اصل اس محفل کی ذکر ہے اور یہ ہم ثابت کر چکے کہ حضرتؐ کے چچا عباسؓ نے یہ ذکر پڑھا اور آپؐ نے اور جمیع صحابہؓ نے سنا پس ثابت ہو گئی اصلیت مولد شریف کی باقی یہ امور ملحقات جو عارض ہیں یہ نہیں نکالتے اصل سنت ہونے سے مثال اس کی یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی تعلیم دین ہوتی تھی اور اب

بحث اور تکلفات ضیافت کی بحث محض کم فہمی مؤلف کی ہے پس اب غور کرنا چاہیئے کہ شرع سے نہ یہ ضیافت مباح ہے اور نہ اعتیاد شیخ کا اکرام روا ہے جو کو سنت کہنا مؤلف کے فہم نارسا نے روا کیا ہے کوئی اہل علم اس کو جائز نہیں کہہ سکتا پس وہ تذکرہ رواج آسا بھی مکروہ بن گیا لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور سنن کا مجموعہ بھی وہی محمود ہوتا ہے کہ خالی کراہت و بدعت سے ہو اور ہیئت موافق حکم شرع کے ہو ورنہ جمیع سنن سے کراہت بھی حاصل ہوتی ہے دیکھو قرآن دیکھکر پڑھنا سنت تھا اور نماز سنت بھی مجموعہ مکروہ مشابہ باہل کتاب ہو گیا اور رکوع مشروع اور قرآن مشروع جمع دونوں کا مکروہ علی ہذا اگر مؤلف نے ایک قاعدہ سیکھ لیا ہے کہ جس کی مفردات اجزا مباح ہو دیں گے مرکب بھی مباح ہی رہے گا اور یہ خود ناتمام ہی اور تحقیق اس کی پہلے چکی ہے مؤلف نے یہ سن لیا کہ اکرام ضیف سنت ہے اور تکلیف شے بھی دعوت ہوتی ہے پس عالم بن گئے اور بدعات کو سنت بتانے لگے اب دیکھو کہ بدعت کو سنت کہنے والا کون ہے **قولہ** محفل مولد شریف میں وہ چیز الخ **اقول** یہ مؤلف کی بے سود تقریر ہے مولود ذکر خیر کا نام ہے مگر اس کے ساتھ اگر کوئی امر مکروہ منضم ہو جاوے گا تو مجموعہ لاریب مکروہ ہو جاوے گا کہ مجموعہ حلال و حرام کا حرام ہی ہوتا ہے صدہا مثالیں موجود ہیں اور قاعدہ کلیہ فقہ کا ہے اذا اجتمع الحرام والحلال غلب الحرام، پس ان امور لاحقہ سے بیشک حرمت و کراہت آوے گی یہ بدیہی کا انکار نہایت بلاہت ہے صلوٰۃ قرآن کو دیکھکر پڑھنے سے اور اشتمال صماء سے اور سدل سے اور ارض مغصوبہ میں اور آگ اور تصویر کے روبرو مکروہ ہو گئی ذرا آنکھ کھول کر دیکھے حاصل یہ ہے کہ جو قید تغیر حکم شرع کا کر دیوے گی بدعت و کراہت حاصل ہو جاوے گی ورنہ نہیں اور سنت ہونا قید کا مانع بدعت ہونے کا نہیں ہوتا،

مدارس اسلامیہ سے جزوی انتظامات سب ثابت بالسنۃ ہیں یہ وجہ معارض ہرگز نہیں ..... بن سکتے

قولہ مثال اس کی الخ **اقول** اول تو مؤلف نے مثال امر لاحق کی جو دی ہے بالکل غلط ہے کیوں کہ مولود میں جو امور لاحق ہیں یا خود مکروہ ہیں یا بحوق و تغیر کے سبب مکروہ ہو گئے ہیں مگر بہر حال ایک امر زائد علی اصل ذکر ہے اور اس مثال میں کوئی امر زائد تعلیم پر نہیں فقط تعلیم ہی تعلیم ہے ہاں تعلیم کے دو طرق تھے طرز ہی علی زعم مؤلف نہ لحوق امر زائد سو مؤلف کے فہم میں از سر خطا ہے دوسرے یہ کہ زمانہ فخر عالم میں دونوں طرق موجود تھے آپ بھی ان

ا ضیف کی جمع مہمان کے جائز کے راوی یعیسا کے سنت کی جمع کے مثال کے لاحق ہونا شامل ہونا،

مدارس اسلامیہ میں ہوتی ہے لیکن اس قدر فرق ہے کہ اس وقت میں استاد پڑھتے تھے شاگرد سنتے تھے چنانچہ بخاری ومسلم وابوداود وغیرہ یہ سب
محدث لکھتے ہیں کہ ہمارے استادوں نے یہ حدیثیں ہمارے سامنے پڑھیں اور ہم کو تعلیم کیں جابجا لفظ حدثنا اور اخبرنا وغیرہ لکھتے ہیں چنانچہ مکہ میں اب
تک تیرہ سو برس ہو چکے وہی دستور جاری ہے کہ استاد پڑھتا ہے اور شاگرد سنتے ہیں جو شبہ ہوتا ہے استاد سے دریافت کر لیتے ہیں اور ہندوستان کے
مدارس کا یہ طریق ہے کہ شاگرد پڑھتا ہے استاد سنتا ہے پس یہ امر خلاف ان کے ٹھہرا اور تعمیر مدرسہ کی نہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہ ابوبکر نہ عمر نہ
عثمان نہ علی رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اب وہ تعمیریں مدارس کی پختہ کیجاتی ہیں کہ ارادہ کیا جاتا ہے کہ قیامت کے نفخ صور سے بھی ان کی بنا محکم مستمر رہے
نہ ہو اور پہلے صحابہؓ اور تابعینؒ حتی کہ امام اعظمؒ اور امام محمدؒ وابویوسفؒ تک بھی تعلیم علم دین کی اجرت نہ لیتے تھے اب جو مدرس حدیث کا یا فقہ کا
ہوگا کسی کے چالیس روپے ہوں گے کسی کے پندرہ کسی کے بیس اب صرف ونحو وغیرہ کی حدود مقرر ہیں کہ فلاں فلاں کتاب تک پہلے نہ تھا اور

تھے اور یہ کہ صحابہؓ نے عرض کیا آپؐ نے تقریر فرمادی یہ بھی تھا چنانچہ بخاری نے اس کے لئے باب ہی جدا ضبط کیا ہے پس دونوں طریق سنت ہوگئے
ہرگز تبدیل نہیں ہوئے اور پھر آج تک وہی دونوں طریق چلے آتے ہیں اگرچہ ایک کم ہو تیسرے یہ کہ مؤلف نے حدثنا واخبرنا وغیرہ کو سب کو ایک معنی
تحدیث کی جان کر نقل کیا اور یہ محض ناواقفیت مؤلف کی فن حدیث اور اصول فقہ اور اصول حدیث سے ہے کیوں کہ حدثنا وہاں برتتے ہیں کہ استاد
اپنی زبان سے پڑھے اور اخبرنا وہاں کہتے ہیں کہ شاگرد اپنی زبان سے پڑھے استاد سنے پس بخاری ومسلم وغیرہما سب کتب سے ہر دو طریق مستفاد
ہیں اور مؤلف ہر دو لفظ کو ایک تحدیث پر دلیل لاکر فارغ ہوئے دلیل تو کچھ اور مدعا کچھ سبحان اللہ حدیث بھی مؤلف کو خوب آتی ہے پس اور تو
کیا کہوں پس مؤلف کی مثال محض ان کے جہل سے خبر دیتی ہے نہ مثال وممثل میں مطابقت نہ دعوی ودلیل مطابق نہ اصل مطلب سے خبر کہ کہاں زیادہ بدعت
مکروہ ہے اور کہاں جائز ہے سب کو ایک راہ چلادیا ماشاء اللہ اور پھر دعوی علم کی نہایت ہی نہیں بہرحال مدارس ہندوستان کا طرز تعلیم حدیث
خلاف زمانہ فخر عالم و قرون سابقہ کے ہونا بالکل غلط ہے دوسری مثال تعمیر مدرسہ کی یہ بھی محض کم فہمی ہے تحقیقہ کہ جس پر اصحاب صفہ طالب
علم دین و فقراء مہاجرین رہتے تھے مدرسہ ہی تو تھا نام کا فرق ہے لہذا اصل سنت وہی ہے ہاں تبدل ہیئت مکان کی ہوگئی سو مکان کی ہیئت مطلق
جس ہیئت پر مناسب وقت ہو بنانا جائز ہے المطلق یجری علی اطلاقہ ہاں تشابہ کفار وغیرہ امور ممنوعہ عارض نہ ہوویں پس بناء محکم خود امر جائز او
ضروری ہے کہ بار بار اس کا بنانا مشکل ہے پس کسی وجہ سے یہ مثال صحیح نہیں کیوں کہ یہ عین سنت ہے اور تغیر صورت کا جو ہے سو وہ باطلاق نص
سنت ہے خلاف امور لاحقہ ذکر مولود کے کہ وہ بالکل نئے دیگر ہیں، تتمہ باقی استحکام مدرسہ میں ایسا کلمہ شاعری کا وہ ایمان مؤلف کا ہے
اس کی ہی زبان کو لائق ہے اور زمان فخر عالمؐ میں عمال کو حصہ ملتا تھا قرآن میں فرمایا والعاملین علیہا سو وہی امر دینی پر لینا اب بھی ہے کوئی زائد
نہیں ہاں تغیر وصف ہوا ہے کہ اس وقت بطور رزق کفایہ کے تھا اور رزق قضاۃ وولاۃ وغزاۃ وغیرہ سب یہی قسم ہے اب بطور اجرت کے ہے
اسی واسطے امام شافعیؒ اجرت تعلیم کو جائز فرماتے ہیں پس یہاں بھی کوئی امر زائد لاحق نہیں ہوا تغیر وصف ہی ہے اور بضرورت ضرور یہ اختیار
ہے پس مثال مؤلف کی باطل ہے اور صرف ونحو ادب ومعانی یہ سب باشارۃ النص سنت ہیں فرمایا علیہ السلام نے علیکم بدیوان العرب
آپ نے زبان عرب کے اصل محاورات کو جاننا لازم کہا تو یہ فنون اس کو لازم ہیں یہ بھی کوئی اپنا ایجاد اور اپنی طرف سے زیادت نہیں بلکہ
فخر عالم کا ہی ہے مگر ذکر مولود میں کہیں حکم فرش مکلف اور شیرینی کے انتظام کا نہیں فرمایا ایسا اہتمام کو مکروہ فرمایا ہے اطلاقات نصوص میں اور علوم

ہوئے فائدہ حاصل کیا ہوا کہ مخالف کہ ایک چبوترہ تھا جس پر سے پہلے اسلام کی تعلیم باقاعدہ درسگاہ کی شکل میں شروع ہوئی کی مضبوطی ملازم

علاوہ اس کے منطق اور علم ہیئت و ہندسہ وغیرہ جن کا سلسلہ یونانیوں تک پہنچتا ہے صحابہؓ کی جوتیوں تک کو ان علوم کی گرد نہ لگی تھی اب تفصیل میں داخل ہیں اور پہلے جو کوئی روپیہ دیتا تھا مخفی طور پر دینے کو خالی ریا سے جانتا تھا اب چندہ دینے والوں کی نمائش ہوتی ہے ان کے نام سال بسال کتابوں میں چھپتے ہیں، خلاصہ یہ کہ اس زمانہ کے اطوار تعلیم مدارس کو کہاں تک بیان کروں کم سے کم علم آدمی بھی تامل کرے گا تو معلوم کرے گا کہ بیشک مدرسہ تعلیم علم دین کا اس ہیئت کذائی اور ہیئت مجموعی کے ساتھ ہرگز قرون ثلثہ میں پایا نہیں گیا لیکن باایں ہمہ جائز رکھتے ہیں اس کو فقط اس بات پر نظر کرکے کہ گویا یہ عوارض اور لوازم بالائے سلف سے نہیں لیکن اصل تعلیم دین تو ثابت ہے ان عوارض سے اس کی اصلیت باطل نہیں ہوتی اور نہیں کہتے

فلسفہ بوجہ مناظرہ کے اور دفع تشکیکات[1] عقائد فلاسفہ کے داخل ہوئے تھے کہ روافض و معتزلہ حکماء کے اصول سے متمسک[2] ہوئے اور خلل دین میں آیا اُس کا دفع اور الزامی جواب بے اس کے ممکن نہ تھا سو یہ بھی بارشاد فخر عالمؐ کے تھا بقولہ جاھدوھم بایدیکم والسنتکم الحدیث البتہ بلا حاجت اب اس کا پڑھنا پڑھانا حرام ہے اور ہیئت و ہندسہ حاجت دینیہ میں معین ہے حساب پر علم فرائض مبنی ہے اور ہیئت سے اوقات صلوٰۃ وغیرہ محقق ہو جاتے ہیں گو ضروری نہیں غرض یہ سب اعتراضات مؤلف کے اور ان اشیاء کو امور عارض زائد غیر مامور بالحاق اس کا کہنا محض جہل و بلیات سے ہے اور چندہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خود لیا ہے غزوہ تبوک میں مثلاً ترغیب بار بار فرمائی اور جب حضرت عثمانؓ نے چھ سو اونٹ دئے تو مجمع عام میں مدح حضرت عثمانؓ کی کرتے تھے بقولہ ما علی عثمان ما عمل بعد ھذا رواہ الترمذی ما ضر عثمان ما عمل بعد الیوم مرتین رواہ احمد سو جہاد اور تعلیم دونوں اعلاء کلمۃ اللہ[3] کے واسطے موضوع ہیں اس میں عند الحاجت چندہ لینا اور رغبت دلانی اور ان کا اس کا ذکر کے تحریض[4] کرنا سب عین سنت ثابت بالحدیث ہے اور صدقہ باخفا کو اب بھی کوئی منع نہیں کرتا اور یہ حکم معطی[5] کو ہے کہ باخفا دیوے مگر آخذ کو اس کے اخفار کا حکم نہ معلوم مؤلف نے کس آیت اور حدیث میں پڑھا ہے حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تو یہ ہے ومن کتم [illegible] پس مؤلف کو در پردہ یہ سب مطاعن[6] احادیث پر کرتے ہیں اور پھر مؤلف کو دیکھو کہ صدقہ نفل کے اخفار کا حکم افضلیت کا ہے نہ وجوب کا ان تبدوا الصدقت فنعما ھی وان تخفوھا وتؤتوھا الفقراء فھو خیر لکم الآیۃ پس اس کے اظہار کو موجب ملامت جاننا یا امر زائد جاننا ایک سخت جہل ہے کیونکہ تو مامور ہے دوسری اخفار افضل معطی کو ہے نہ آخذ کو چنانچہ معلوم ہوا شیخ کہ یہ حکم صدقہ کا ہے اب بھی اگر کوئی طالب علم کو صدقہ کر جاتا ہے کسی کیفیت میں طبع نہیں ہوتا مگر جو مجمع میں طلباء کو دیتے ہیں وہ حسب رغبت معطی کے طبع ہوتا ہے کتب چندہ میں اور چندہ صدقہ تو نہیں ہے وہ تو مہتمم کو کہ متولی و قیم[7] شے ہے امانت دیتے ہیں کہ بموقع معلوم خرچ کرے یہ وکیل معطی کا ہے پس کیفیت میں اس کا حساب لکھا جاتا ہے فخر عالم علیہ السلام عمّال سے محاسبہ کرتے تھے یہ وہ امر ہے کہ خود شارع علیہ السلام نے کیا اور نیز باعث رفع تہمت کا ہے کہ سب کو حساب معلوم ہو جاوے مہتمم پر تہمت نہ رکھیں اور رغبت دلاتا ہے کہ تمہاری امداد سے یہ نفع ہوا اور یہ سب احادیث صحاح میں صراحۃً مذکور ہیں افسوس کہ مؤلف کو اس قدر بھی علم نہیں اگر مشکوٰۃ بھی تمام دیکھ کر سمجھ لیتا تو کفایت تھا مگر ہاں اس کے سینہ کا تابوت کینہ میں جو بغض مدارس دینیہ کا ہے یہ کلمات بے معنی وہ کہلوا رہا ہے اور فرط جہل مزید برآں اور درست ہے کہ مدارس سے شیطان کو سخت غیظ ہے افسوس کہ مؤلف نے اپنے سارے شکوک مدارس کے بیان نہ کئے اُس کے سینے میں خراش رہ گئی اور ہم کو بھی اس کلام فضول پر یہ تحریر اجمالی اس واسطے لکھنی پڑی کہ مؤلف کا غیظ دوبالا ہو جاوے کہ یا مور سنت نکل آئے مدارس اور اس کے مخالفین کا حال اس آیت میں سو خوب نکلتا ہے کزرع اخرج شطئہ الآیۃ لیس کی

[1] شبہات [2] دلیل پیش کرنے والا [3] کلام الٰہی کو بلند کرنا [4] انگیختہ کرنا [5] دینے والا [6] طعنہ کی جمع [7] ذمہ دار

کہ یہ تعلیم جو اس ہیئت کذائی سے ہے یہ بدعت اور ضلالت ہے علی ہٰذا القیاس عارض ہونے اس ہیئت کذائی سے محفل مولد شریف بھی سنت ہونے سے خارج نہیں ہو سکتی اور بدعت ضلالت کہنا اس کا لغو اور ضلالت ٹھیرا یہاں تک تو بیان تھا اس بات کا کہ محفل مولد شریف کی اصل ثابت ہے اب بیان کریں ہم دوسری بات یعنی اُس کی نظیر اور مثل بھی ثابت ہے بیان اس کا یہ ہے کہ عمل مولد شریف ایک شکریہ ہے نعمتِ خداوندی کا چنانچہ امام نووی کے استاد ابو شامہ نے مولد شریف کے حق میں لکھا ہے مشعر بمحبتہ صلی اللہ علیہ وسلم وتعظیمہ فی قلب فاعل ذلک وشکر اللہ علی ما من بہ من ایجاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی مولد شریف کرنا خبر دیتا ہے کہ اس کے بانی کو محبت ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تعظیم اُن کی اس کے دل میں ہے اور جو کہ خدا تعالیٰ نے پیدا کر دیئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بابت مسلمانوں پر احسان ظاہر کیا ہے لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیہم رسولاً الآیۃ یہ محفل مولد شریف کا شکر ہے اس منت خداوندی کا حدیث شریف میں وارد ہے التحدث بنعمۃ اللہ شکر جب یہ بات ثابت ہو چکی کہ اس جلسہ میں اظہار ہے نعمت پروردگار کا کہ اس نے ایسا حبیب ہادی کل ختم رسل ہماری ہدایت کے لئے بھیجا پس اُس کی نظیر جلسہ شکریہ صحابہؓ میں ہوتا تھا چنانچہ صحیح مسلم میں ہے ایک روز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک حلقہ صحابہؓ میں آئے پوچھا تم کیوں بیٹھے ہو کہا ہم بیٹھے ہیں اللہ کی یاد کرتے ہیں اور شکر اس کا ادا کرتے ہیں علی ما ھدانا للاسلام ومن بہ علینا یعنی اس بات کا شکر کہ خدا نے ہم کو ہدایت کی طرف اسلام کے اور احسان رکھا ہم پر اس بات کا کہ راہ راست پر لگا دیا ہم کو تب فرمایا حضرتؐ نے تم کو قسم اللہ کی تم محض شکریہ کے لئے بیٹھے ہو انہوں نے عرض کی قسم اللہ کی اسی لئے بیٹھے ہیں آپؐ نے فرمایا میں نے تم کو اس واسطے قسم نہیں دی کہ تم پر یہ گمان ہو کہ تم جھوٹ بولتے ہو بلکہ میرے پاس جبرئیلؑ آئے اور انہوں نے یہ خبر دی کہ ان اللہ عزوجل یباہی بکم الملائکۃ یعنی اللہ تعالیٰ فرشتوں میں تمہارا فخر ظاہر ظاہر کرتا ہے کہ دیکھو میری نعمت کا شکر کرتے ہیں اب دیکھئے صحابہؓ میں بھی ثابت ہوا کہ جلسہ اظہار شکر نعمت خداوندی کا ان میں پایا گیا اور جلسہ میلاد شریف بھی شکر ہے فرق نعمت میں ہے وہاں نعمتِ اسلام پر شکر ہے یہاں خود اس نعمت پر شکر ہے کہ جو اصل بنیاد اسلام وایمان کی ہے

ظاہر تغیر کروں بیشک تھوڑے علم والا بھی جانتا ہے کہ مدارس کے سب امور سنت ہیں قرون ثلثہ میں موجود تھے صراحۃً و دلالۃً اور علم فرض عین دین کا ہے اور تعلیم بھی فرض ہوا اور اس کی تحصیل میں شارع کی وہ کچھ تاکیدات ہیں کہ کسی ادنیٰ پر بھی مخفی نہیں اور جس ذریعہ مشروعہ سے تحصیل ممکن ہو اس کا کرنا فرض ہوا اگر اس میں زیادت بھی حسب زمانہ کیجاوے سنت اور مطلوب فی الدین و مامور من اللہ تعالیٰ ہوگا اور یہ قیود ملحقہ مجلس مولود کی ہرگز اس باب سے نہیں یہ محفل ہی کوئی ضروری نہیں اگر ضروری ہوتی یا شعار دین کا ہوتا چھ سو سال کیونکر اس سے خالی رہتے اور اب بھی کوئی ترقی دین کی اس سے نہیں ہاں تنزل ہو کہ طرح طرح کی بدعات کا ایجاد اور عبادات فرائض کی سستی اور بے رغبتی کا باعث ہے مولودیوں کے عقیدہ میں نجات کو یہی عمل کافی ہے مولف اعمیٰ اگر حق سے اعمیٰ ہو جاوے تو کیا علاج یہ سب امور مشاہدہ ہیں اور علم پر اس ذکر کو قیاس کرنا محض جہل مرکب ہی نماز جمعہ پر قیاس کرنا تھا کہ بہت ظاہر ہے استغفر اللہ رانی ۔۔۔۔ اعوذ بک من علم لا ینفع پس اگر علم دنیا سے اٹھ جاوے اس کا فساد سب پر روشن ہے اور جو مولود اٹھ جاوے کچھ بھی دین میں تغیر نہیں اس کا قیاس اس پر کر کے بزعم فاسد خود بدعات کو جائز کہنا اور ماموریہ سنن اور مامورات شارع کو تحصیل دین میں مقیس علیہ امور مبتدعہ مولود کا بنانا کس قدر جہل عن قواعد الدین ہے معاذ اللہ غرض فساد فہم مولف کا اور بطلان اس کے قیاس فرعوم کا ہر شخص پر ظاہر ہو گیا خلاصہ یہ کہ عبادات مسنونہ لحوق امور مکروہ سے مکروہ اور لحوق امور محرمہ سے حرام ہو جاتی ہیں بلا اختلاف علما مولف کو ہرگز علم نہیں اس کا یہ قول کہ امر سنت لحوق مکروہات سے سنت ہی رہتا ہے محض سفسطہ ہی یوں نہیں بلکہ مجموعہ مرکب سنت و حرام

ے حاصل کرنا کہ پوشیدہ کہ دین میں طلب کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ث قواعد دین سے ناواقفیت لہ بے وقوفی

یعنی حضرت کی اطاعت اور جمیع احکام مان لینے کو اسلام کہتے ہیں بنا بر علیہ ابد اس جلسہ شکریہ میں بھی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ملائکہ میں مخبر بانیان محفل کا ظاہر کرے کیوں کہ علت شکر اس جلسہ منصوصہ اور اس محفل میں مشترک ہے لاجرم یہ بدعت نہ ٹھیری اور اگر مثل اور نظیر اس طرح پر طلب کرتے ہو کہ ایسا جلسہ مسنونہ بتاؤ جس میں چند سنتیں مثل جلسہ مولد شریف کی مجتمع ہوں تو اس کی بھی نظیر شرع میں موجود ہے مثلاً شادی عروسی کہ اس میں اجتماع ہے مومنین کا اور ذکر اللہ بھی اس میں ہے اس لئے کہ خطبہ نکاح کا جو سنت ہے جلسہ نکاح میں پڑھا جاتا ہے بعد ازاں خرما وغیرہ تقسیم کر دیا جاتا ہے یا حاضرین کے ہاتھوں لٹا دیا جاتا ہے فتاویٰ عالمگیری میں ہے لا بأس بنثر السكر والدراهم في الضيافة وعقد النكاح اور مولوی اسحاق صاحب نے مسائل اربعین میں لکھا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں لوگوں کو جمع کر کے خطبہ پڑھا ایجاب و قبول کیا چھوارے لٹائے اور نیز جس وقت آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح حضرت ام حبیبہؓ سے نجاشی بادشاہ حبش نے اپنے ملک حبش میں کیا تو حضرت جعفرؓ اور جمیع مہاجرینؓ کو جمع کر کے خطبہ پڑھا ایجاب قبول کیا بعد ازاں سب کو کہا کہ ابھی بیٹھے رہو یہ سنت پیغمبروں کی ہے کہ بعد نکاح کے کچھ کھانا کھا دیں تب کھانا منگا کر سب کو کھلایا یہ بھی مسائل اربعین میں ہے اب دیکھئے اگر نکاح میں عقدِ نکاح کا سرور ہو

ہی ہوتا ہے گو وہ نفس جزو سنت کا سنت ہو **قولہ** یہاں تک تو بیان تھا الخ **اقول** مؤلف کس قدر غافل ہے پھر وہی لفظ ذکر کی فضیلت اس قول اولیاء سے ثابت کرنے لگا اس میں کس کو کلام ہے مگر مؤلف کو ڈر معذور ہے اور یہ حدیث حلقہ صحابہؓ کی بھی وہی بیان مطلق ذکر و شکر میں ہے اس سے مؤلف کو سوائے تطویل کے کوئی نفع نہیں اور مانعین کے کچھ خلاف نہیں لہٰذا اس کا جواب کیا لکھا جاوے کہ یہ مسلم اہل سنت کا ہے **قول** اگر مثل اور نظیر اس طرح پر الخ **اقول** فی الواقع مؤلف کو اثبات مدعا میں ید طولیٰ ہے کیا عمدہ طرح اثبات قیود مولود کو کرتا ہے سننے کے قابل ہے غرض حق تو اس کی اثبات جواز کی ہے اور نظیر کراہت کی لکھی سنو کہ مانعین کا تو قول حسب ارشاد شارع کے یہ ہے کہ کسی جائز مطلق کے ساتھ اگر ایسے امور ضم ہو جاویں کہ وہ ممنوع ہوں تو مجموعہ ممنوع ہو جاتا ہے اور جو ایسے امور منضم ہوں کہ مباح ہیں یا مستحب ہیں تو اگر اپنے درجہ اباحت و استحباب پر رہیں تو درست ہیں اور جو اپنے درجہ سے بڑھ جاویں تو بدعت ہو جاتے ہیں اور یہ امر تمام کتب میں مصرح ہے پس شادی نکاح میں جو امور سنت سے ثابت ہیں وہ مستحب ہیں یا مباح پس اگر شادی میں کوئی امر غیر مشروع مل گیا جب بھی وہ مجمع غیر مشروع ہو گیا اور جو ان امور کو واجب جاننے لگے یا واجب جیسا معاملہ ہونے لگے جب بھی ممنوع اور بدعت ہو کر مجمع بدعت کا ہو جاوے گا اور شرکت وہاں کی منع ہو جاوے گی پس بعینہٖ یہی حال اس مجلس مولود کا ہے بلا تفاوت ہم کو زیادہ شرح کی کیا حاجت ہے مؤلف خود ہی کہتا ہے مگر ہاں ... شادی کی بدعات میں وہ معصیت اور مواخذہ نہیں، جو مولود کی بدعات میں ہے کیوں کہ وہ امر دنیا کا تھا اور یہ ذکر پاک دین کا اور سرورِ عالم علیہ السلام کا ذکر اس کی مناہی پر سخت باز پرس ہوتی ہے الحمد للہ کہ مؤلف کے منہ سے حق بات نکلی مگر بھول کر نکل آئی، پس اگر مؤلف اجتماع امور مباحہ کو مثل مجمع شادی کے جانتا ہے تو اب تاکد کی صورت میں کیوں ان کے بدعت ہونے سے تامل کرتا ہے کلمہ پڑھ کر اقرار کر لیوے پس مومنین متبعین سنت میں داخل ہو جاوے گا اب ناظرین مؤلف کے علم کو قیاس کریں کہ ہر دفعہ اثبات قیود کے واسطے عزم کرتا ہے تو مطلق فضائل ذکر مولود کے بیان کر کے کوئی قیاس کی بات یا مجمل بات قیود میں ذکر کرتا ہے یہاں بھی اسی فکر میں یہ قیاس پیش کیا ہے جو بالکل اس کے مدعا کے خلاف ہے یہ کمال فہم ان کا ہے اور صوم عاشوراء کا جواب گذر چکا کہ وہ روزہ بسبب عادہ شکر کے نہیں تھا، بلکہ بایجاب اللہ تعالیٰ تھا اور اعادہ سرور عید کی طرح عادت یہود کی تھی کہ فخر عالم نے اس کو ترک کرا دیا تھا پس یہ نظیر ہرگز نہیں ہو سکتی تھوڑے سے فہم کی حاجت ہے بخاری و مسلم میں ہے کہ ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے عرض

لہ دعویٰ کی عبارت کہ شامل کہ خدائے تعالیٰ کے واجب کرنے سے ۔

یہاں یعنی مجلس میلاد شریف میں اس سے کہیں زیادہ بڑی نعمت یعنی وجود باعث ایجاد عالم کا سرور ہے وہاں خطبہ میں توحید اور اقرار رسالت ہے یہاں بھی وہ مضمون بہ تفصیل و شرح موجود وہاں تقسیم شیرینی و خرما و اطعام طعام ہے یہاں بھی علیٰ ہذا القیاس یہ باتیں موجود ہیں اور اگر سال بسال دائمی ہونے کی مثلیت مطلوب ہو تو محدثین صوم عاشورا کی نظیر دیکھیے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کی نجات کا شکریہ سال بسال کب سے چلا آتا ہے غرضکہ میلاد شریف کی اصل بھی شرع میں موجود ہے اور نظیر اور مثل بھی بنا بریں علیہ موافق قول مولوی اسماعیل صاحب کے یہ محفل بدعت نہیں اب ایک دوسری تقریر سے ثابت کرتے ہیں کہ یہ محفل سنت ہے مولوی اسمٰعیل صاحب تذکیر الاخوان میں مجتہد کی نکالی چیز کو سنت میں داخل کرتے ہیں اور مجلس میلاد اگرچہ بدیں ہیئت مجموعی کسی مجتہد مطلق نے خود ایجاد نہیں فرمائی لیکن مجتہدان مطلق نے ایسے عمدہ قاعدے کلیہ ایجاد کیے کہ مجلس ان قاعدوں میں داخل ہو گئی مثلاً حضرت امام مالکؒ حدیث کی تعلیم اس طرح کرتے تھے کہ اول غسل کرتے تھے پھر فرش چوکی ہوتا مسند بچھتی عود و لوبان وغیرہ بخور خوشبو سلگتی پھر منبر پر بیٹھکر کمال تعظیم سے بیان فرماتے لوگوں نے پوچھا یہ اہتمام کیوں کرتے ہو فرمایا تعظیم کرتا ہوں حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تب کسی نے اعتراض نہ کیا اور چپ ہو گئے امام مالکؒ خیر القرون میں تھے تابعین میں تھے اور مجتہد تھے ان کے فعل سے یہ آداب ثابت ہوئے پھر جس نے ان پر اعتراض کیا وہ ان کی دلیل معقول سن کر چپ ہوا کہ واقعی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم ہو پس دوسروں کا سکوت کرنا بعد اعتراض کے یہ بھی قول امام مالکؒ کو موید ہو گیا علاوہ بریں اس وقت سے آج تک جمیع کتب حنفیہ مالکیہ شافعیہ میں بہ دستور العمل مکتوب ہو گیا کہ حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے مکان عالی پر بیٹھنا خوشبو لگانا تعظیم مد نظر رکھنا مستحب ہے مدارج النبوۃ اور مواہب اور شرح مواہب وغیرہ سے یہ بات ظاہر ہے اور معلوم ہے سب کو یہ بات کہ محفل مولد شریف میں احادیث و معجزات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے اس میں اس قسم کے آداب کئے جاتے ہیں پس یہاں تک تو محفل مولد شریف فعل خیر القرون میں داخل اور سنت میں شامل ہے باقی رہا درود و سلام و مدح کھڑے ہو کر پڑھنا تعظیماً اس کی اصل بھی مجتہدوں سے ثابت ہے

کہا کہ اگر یہ آیت الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی الآیۃ ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس روز کو عید بنا لیتے حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ ہمارے یہاں خود اس روز کو پہلے سے حق تعالیٰ نے عید بنا رکھا ہے اس روز دو عید تھی جو یہ آیت نازل ہوئی عرفہ اور جمعہ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ یوم حصول نعمت کو یہود عید بنانے تھے اور ہمارے شرع میں یہ نہیں ہے کہ کسی ان کو ولادت سے لے کر آخر تک شرح صدر اور نبوت اور معراج وغیرہا نعماء اس امت پر ہوئی مگر شارع نے کہیں کوئی عید مقرر کی نہ حکم دیا نہ کہیں قرون ثلثہ تک کچھ ہوا پس ایسی حالت میں اگر سرور بطور عید کرنے کو یوم ولادت فخر عالم میں تشابہ یہود کا بھی کوئی کہہ دیوے تو بجا ہے باقی رہا سرور ولادت سو وہ ہر دم لازم ایمان ہے اگر اس کا اظہار بطور مشروع کسی وقت ہو اس کو کوئی منع نہیں کرتا ہاں بدعت کی طرح پر لاریب ممنوع ہے پس مؤلف کے سب قیاس برہم ہو گئے محض دعویٰ بے مغز باقی ہے اور بس

مجلس نکاح و صوم یوم عاشورا نظیر اور مثل مجلس مولد مروج نہیں ہو سکتے جیسا کہ مؤلف کا یہ بیان کہ امام مالک عند الحدیث تعطر و تبخر و تادب اہل بدعت کو مفید نہیں

قولہ اب دوسری تقریر سے ثابت کرتے ہیں الخ **اقول** خلاصہ تقریر یہ ہے کہ امام مالکؒ درس حدیث غسل و تطیب کے ساتھ کرتے تھے امام مالکؒ کا حال شرح نخبہ وغیرہ میں منقول ہے۔ ... عن مالک انہ کان اذا اراد ان یحدث توضاء وجلس علی صدر فراشہ وتمکن فی جلوسہ بوقار وھیبۃ وحدث ... انہ کان یغتسل ویتبخر ویتطیب پس تعطر و تبخر ... یعنی طہارت نظافت و تعطر جو یہاں منقول ہو سب اذکار قرآن و نوافل و حدیث میں باتفاق مندوب

یعنی احمد بن حنبلؒ کے استاد یحییٰ بن سعید بمنارہ مسجد سے پشت لگا کر بیان کرنا شروع کرتے تھے اور بڑے بڑے عالم مجتہد محدث علیؒ ابن مدینی ابن حماد
اور امام احمدؒ وغیرہ کھڑے رہتے تھے اور تحقیق کرتے حدیثیں اور کوئی ان کی ہیبت اور جلال سے نہ بیٹھ سکتا تھا یہ حال قادری برہنہ میں موجود
ہے ان محدثوں اور مجتہدوں کے فعل سے ثابت ہوگیا اگر کوئی شخص ذکر رسول کھڑا ہوکر کرے صحیح ہے اور حضرت حسانؓ منبر پر کھڑے ہوکر فخر بیان
کرتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا بس اب باقی رہ گیا کھانا یا شیرینی دینا اس کا حال یہ ہے کہ جس وقت ابوسعید مظفر کے وقت میں محفل ہوئی
اور اس میں کھانا نہایت پرتکلف شاہانہ عام لوگوں کو کھلایا گیا اس وقت اگرچہ کوئی مجتہد مطلق یعنی مجتہد فی الشرع موجود نہ تھا مگر مجتہدوں کے
چند طبقے ہیں ان میں سے ایک مجتہدین فی المسائل ہوتے ہیں قوت نظر بیان کی قوی ہوتی ہے اور اپنے امام کی اصل پر نظر کرکے مسائل غیر منصوص
میں بنظر اجتہاد حکم دیتے ہیں اس قسم کے مجتہد موجود تھے تو تاریخ سے ثابت ہے کہ اس وقت جمیع علماء نے سوائے شیخ تاج الدین کے محفل مولد
شریف کی مع الطعام طعام وتعیین یوم میلاد وغیرہ جائز رکھا پس ان خصوصیات کی اسناد بھی مجتہدین تک پہنچ گئی اور مولوی اسماعیل صاحب

ہے اور نصوص سے ثابت ہے نہ معلوم کہ مؤلف کو باوجود نص کے فعل مالک کی کیا ضرورت ہوئی مگر ظاہر ہے کہ جہل ہے اسی واسطے اتنا تکلف
کرنا پڑا سوا اول تو چوکی منبر کا حوالہ غلط ہے شاید یہی وجہ اس فعل کے نقل کی ہوئی ہو کہ یہاں تصرف کم ظاہر ہووے گا نصوص تو خوب منصوص ہیں
اس کے تصرف کو ہر ایک معلوم کرلیوےگا پس حجت منبر کی اس سے درست نہیں مگر مؤلف کیوں تکلف کرتا ہے اس کا تو کسی نے انکار نہیں کیا ندب تعطر کا
خود نص سے ثابت ہے مالک کے فعل سے بھی ثابت ہو اس کا وجوب ہوجانا بدعت ہو دوسرے یہ کہ مؤلف قرآن اور درود سب کچھ پڑھتا ہے کسی
کو تعطر و تبخر نہیں ہوتا خاص اسی ذکر میں ندب پر عمل ایسا کہ ہرگز ترک نہ ہو جو کوئی بولے تو لڑنے کو تیار اور امام مالکؒ کا فعل لکھنے کو موجود تخصیص
کی وجہ کیا ہے یہ وجہ لکھنی تھی تا بدعت کے طعن سے نجات ملتی اب تو مؤلف وہی تیلی کا بیل ہو رہا ہے پھر پھرا اسی مرکز پر آرہا ہے بھلا صاحب
ندب منبر کا بھی اور تسطیب کا بھی ثابت ہوا مگر اس تخصیص اور تاکید کی وجہ کیا ہے جو مانعین کا اعتراض رفع ہووے واہ رے جولاہے اور علم تحدیث
حدیث میں چوکی پر یا مکان مرتفع پر بیٹھنا کہیں سنت نہیں ہاں وعظ میں یا جہاں مجمع عام میں کوئی امر سنانا ہو آواز پہنچانے کو یا اور غرض صحیح
کے واسطے مندوب ہے مگر نہ کوئی تخصیص کی وجہ نہ تاکد کی دلیل اس سے نکلی اور نفس ندب سے عقیدہ مؤلف کو نہیں اور نہ درود سلام کا بھی یہی حال ہو کھڑے
بیٹھے جس طرح چاہو پڑھو مگر خصوصیت قیام کے وقت ذکر ولادت کی پوچھی جاتی ہو کوئی مؤلف کو کہے بندۂ خدا تعالیٰ کہیں تو سمجھ درود کو قیام کس نے
منع کیا ہے بالخصوص ذکر ولادت پر قیام کرنے کو پوچھتے ہیں سمجھ کر جواب دے الحاصل کلام خصوصیات میں تھی اور یہاں ذکر قیود مباحہ کی ختم ہوگئی
میں مگر مؤلف کچھ سے کچھ لکھ رہا ہے جو اس درست نہیں علیٰ ہذا حسانؓ کا منبر پر چڑھ کر مفاخرت مناقب شعر کیا تھا کے واسطے اور اعلان کیو اسطے
تھا غرض صحیح میں قیام تو سب درست ہے مگر مؤلف کو کیا نفع ہے مطلب سے کچھ خبر اور غرض نہیں تطویل بے سود کرتا ہے کلام خصوصیت میں
اور تاکد مباح میں ہے نہ کہ ان امور کی اباحت میں سو وہ کچھ بھی مؤلف نے ثابت نہ کیا ہمہ شب رواں صبح آنجا کہ ہست

بحث طعام محفل مولد

قولہ اب باقی رہ گیا کھانا الخ **اقول** کھانے شیرینی کی بحث تو چند دفعہ ہوچکی کہ اصل اس کی مباح اور تخصیص اور تاکد مروج
سے کراہت و بدعت پیدا ہوئی ہے کلام اصل میں نہیں بلکہ اس تاکید میں ہو اور ملک مظفر کے وقت کی ایجاد میں تو بحث ہی ہو رہی ہے اور
پھر مؤلف اس کو ہی دلیل بنا رہا ہے یہ مردود نہ معلوم کہاں سے سیکھا ہے اور بہت طویل کلام اس میں پہلے لکھے گئے اور علامہ فاکہانی کی تحقیق اور
اس کا حق ہونا بظاہر معلوم ہوچکا اور تاویل فعل علماء کے بھی مذکور ہوئے اور معہذا سو بود مؤلف کا جائز نہ ہونا بھی ذکر ہو لیا مؤلف کی تکرار اور

---

۱ عطر لگانا ۲ لوبان اور اگر بتی سلگانا ۳ شامل کرنا ۴ فخر کرنا ۵ غصہ و غضب ۶ تمام رات چلے صبح کو وہیں کہ وہیں رہے ۷ لفظ کو معنی غیر ظاہر پر

نے مجتہد مطلق اور مجتہد فی الشرع کی قید تو لگائی نہیں کیوں کہ ان کی غرض یہ ہے کہ کوئی فعل ایسا نہ ہو کہ عوام یا علماء کم پایہ اس کو پسند کر لیں بلکہ وہ ایسے مجتہد ہوں کہ ان کو قوت نظریہ لائق اصل و نظر پہچاننے کی ہو وے اور مولوی اسماعیلؒ صاحب نے تذکیر الاخوان کے باب تقلید میں یہ بھی بیان کیا ہے کہ اکثر علماء دیندار متقی اس مسئلہ کو قبول کر لیں تو البتہ وہ بھی معتبر ہے انتہی دیکھئے یہاں اجتہاد کی قید مدار دہ ہے اب ہم کہتے ہیں کہ اس محفل کو اکثر علماء دیندار متقیوں نے معتبر رکھا ہے استحباب کا فتویٰ دیا ہے اور ابوسعید مظفر کے عہد میں وہ علماء بڑے عالی درجہ صحیح النظر جامع فروع و اصول تھے یہاں تک کہ بعض ان میں سے اپنے اوپر تقلید ائمہ کی واجب نہ جانتے تھے خود قوت اخذ مسائل کی اپنی عقل میں سمجھتے تھے علاوہ بریں امام شافعیؒ کے قاعدہ میں تحقیق مع تتبع خصوصیات و تعینات مروجہ اہل اسلام داخل ہے وہ قاعدہ یہ ہے کہ امام شافعیؒ سے بیہقی نے یہ روایت کیا ہے کہ نئی بات اگر ایسی ایجاد ہو کہ قرآن اور حدیث اور اجماع کے حکموں کو نہ منافی ہو اور نہ رد کرتی ہو وہ بدعت حسنہ اور محمود ہے اس کو برا نہ کہنا چاہئے محفل میلاد اس مجتہد کے قول میں داخل ہو گئی کیوں کہ کسی حکم قرآن و حدیث و اجماع کو رد نہیں کرتی اور اگر رد کرتی ہے تو بیان کرو من ادعی فعلیہ البیان الحاصل ہر تیج سے اس کی اسناد مجتہدین تک پہنچتی ہے خواہ تصریحاً خواہ استنباطاً پس یہ محفل سنت میں داخل ہوا اور بدعت نہیں موافق قاعدہ مقررہ مولوی اسماعیل صاحبؒ کے سوال تم ساکنان ہندوستان حنفی المذہب ہو امام مالکؒ اور شافعیؒ سے کیوں استدلال کرتے ہو؟ جواب۔ جو مسئلہ ہمارے امام کی تصریحاً بیان نہ ہو اور دوسرے اماموں نے اس کو تصریح کیا ہو اور وہ ہمارے قواعد کے خلاف نہ ہو پس تسلیم کیا جاتا ہو وہ ہمارے مذہب حنفی میں اس کی نظیریں ناظر کتب فقہ کو ملیں گی بالفعل ایک مثال لکھتا ہوں درمختار میں ہے و ما نقلہ الخیر فی حنونہ الشافعیۃ منعتق عتقاً مباحۃ و قیل حسنۃ یعنی کہا صاحب درمختار نے کہ روٹی کو چومنا یعنی بوسہ دینا جائز رکھا ہے شافعیوں نے کہ یہ بدعت مباح یا مستحب ہے یہ مذہب شافعیوں کا لکھ کر صاحب درمختار جو مذہب کا حنفی ہے لکھتا ہے کہ قواعدنا لا تابا ہ یعنی ہم حنفیوں کے قاعدے کچھ اس کی مخالفت نہیں رکھتے، پس ثابت ہوا کہ غیر اماموں کے مذہب میں جو بات ایسی ہو کہ ہمارے مذہب میں اس کا ذکر نہ ہوا اور ہمارے مخالف نہ ہو اس کا لے لینا درست ہے چنانچہ تقسیم بدعت حسنہ اور سیئہ کی ہمارے کتب فقہ شامی وغیرہ میں برابر مثل مذہب امام شافعی کے مندرج ہے اور اسی طرح قراءۃ حدیث میں لوبان وغیرہ سلگانا خوشبو لگانا اونچی جگہ پر بیٹھنا باقتداء امام مالکؒ کتب حنفیہ میں

اعادہ نے ہم کو بھی اس تقریر جہل میں ڈالا غرض یہ نہ بحث فی الدین ہے اور نہ مؤلف کا کچھ فائدہ اس سے ہے یہ لا حاصل اور عبث کلام ہے پہلے سب کچھ لکھا گیا ہے حاجت اعادہ کی نہیں اور یہ تقریر محض لغو ہے جو مؤلف کا غذ سیاہ کرتا ہے امام شافعیؒ صاحب کے قول کے معنی بیان ہو چکے ہیں مؤلف دلاوری سے یہ کہتا ہے من ادعی فعلیہ البیان اس علم و فہم پر یہ کلمہ اول رسالہ سے یہاں تک قلعی کھلتی چلی آرہی ہے مگر ابھی مؤلف کے دماغ کا کیڑا نہیں گرا اب یہ براہین قاطعہ سب دود دعاوی ناک کے بل نکالے دیتی ہے اور مدعی کا بیان ملاحظہ ہوا جاتا ہے، ذرا جواس دماغ کا منتقیہ کر کے کھولو الحاصل اس ہیئت مروجہ مولود کا ناجائز ہونا ثابت ہو لیا اور مؤلف ہاتھ پاؤں مار کر پھر پھرا کر قیود کے اثبات میں سوائے اس کے کوئی حجت نہیں رکھتا کہ بہت علماء نے اس کو کیا ہے اور جائز رکھا ہے مگر یہ بھی اس کے مولود کو نافع نہیں اگر عقل ہو تو سمجھے اب اس کے بعد مؤلف نے جو سوال جواب بے محل بے سود لکھا ہے نہ اس کا کچھ محل تھا نہ یہ کسی کی مخالفت بھی اپنا علم جتلانا تھا سو اس سے بھی کم مناسب ہونا مؤلف کا فہم علم سے معلوم ہو گیا

قولہ لمن البعا الخ۔ اقول خلاصہ اعتراض یہ ہے کہ ایسا التزام کرنا اور تعیین تاریخ کرنا	تعیین وقت میلاد میں مؤلف کا استدلال آیت ربنا انزل علینا

ے دین کے معاملہ میں حجت نہ دعوی کی جمع

موجود ہے لمعہ کا لمعہ اعتراض کرتے ہیں کہ اگر یہ محفل کبھی کبھی کرنی جائز بھی ہو تو خیر لیکن یہ بات کہ خاص ربیع الاول کی بارہویں تاریخ میں کرنا اس کا اور وہ بھی ہر سال التزاماً کریں اس کی تو کوئی دلیل نہیں جواب دلیل اس کی یہ ہے کہ شرع شریف میں یہ مضمون پایا گیا ہے کہ جس کسی نعمتِ عظمیٰ کا ظہور ہو اس کو عید کریں ہر سال اسی روز خوشی کیا کریں، قرآن شریف میں اس تعیین یوم کی مثال یہ ہے کہ جب حواریوں نے عیسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ آسمان سے ہمارے لئے خوان کھانے کا اترے تب عیسیٰ علیہ السلام نے یہ فرمایا اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیداً لاولنا واٰخرنا کہا امام رازیؒ نے تفسیر کبیر میں کہ اس کے یہ معنی ہیں یا اللہ اتار ایک خوان کھانے کا آسمان سے کہ ہو جاوے وہ ہمارے پہلوں اور پچھلوں کے لئے عید یعنی جس دن وہ مائدہ اترے اس کو ہم عید بنالیں اور ہمارے بعد جو پیدا ہوویں وہ بھی اس کو عید بناویں اس دن کی تعظیم جاری رہے پس اترا مائدہ اتوار یعنی یکشنبہ کو پس بنالیا نصاریٰ نے اس کو خوشی کا دن کہ اس میں خوشی کرتے ہیں انتہیٰ یعنی وہ لوگ اپنی عبادت گاہ میں جمع ہوتے ہیں یکشنبہ کو مثل جمعہ اہلِ اسلام کے اور اس روز اپنے محکموں میں تعطیل کرتے ہیں، استراحت پاتے ہیں دیکھئے قرآن شریف سے اصل ثابت ہوئی کہ روز حصول نعمت کو ابتداً عید بنالیا جاوے اور حدیث سے یہ سند ہے کہ ابن حجر محدثؒ نے مسلم اور بخاری کی حدیث نکالی ہے یعنی جس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے یہود کو دیکھا کہ عاشوراء محرم کو روزہ رکھتے ہیں آپؐ نے پوچھا کیوں رکھتے ہو بولے یہ وہ دن ہے کہ اس میں ڈبو دیا اللہ تعالیٰ نے فرعون کو بچالیا موسیٰ علیہ السلام کو پس روزہ رکھا موسیٰؑ نے شکراً فنحن نصومہ شکراً للہ تعالیٰ یعنی ہم اس دن کو روزہ واسطے شکر گذاری اللہ تعالیٰ کے رکھتے ہیں

موجب تاکد کا ہو جاوے درست نہیں مؤلف جواب دیتا ہے کہ شرع میں روزِ ظہورِ نعمتِ[۱] عظمیٰ کو عید بنانا درست ہے کیوں کہ اس کی اصل پائی گئی ہے اور دلیل اس کی آیۃ ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء الایۃ لکھتا ہے پس سنو کہ اس کی تفسیر میں چند اقوال ہیں ایک یہ بھی ہے جو مؤلف نے لکھا مگر دوسرے اقوال چونکہ مفید مدعی نہ تھے ترک کردیئے اس کو موافق مطلب کے دیکھ کر نقل کردیا ہے مگر اس سے بھی مؤلف کو مَسّ[۲] اس نہیں کیوں کہ اس کا حاصل یہ ہے کہ یوم یکشنبہ کو نزول مائدہ تھا اس دن کو بحکم خدا تعالیٰ عید بنایا ہے تو اول تو یہ دیکھو کہ عید کا قرار دینا بدعا عیسیٰ علیہ السلام کے ہوا اور بحکم حق تعالیٰ اس کا اقرار و اجرا ہوا ہے تو اس تعیین میں تو کلام ہی نہیں کہ شارع کی طرف سے فرض ہو جاوے تم پر جمعہ فرض ہوا ان پر یوم احد فرض ہوا نحن الیھود وبعد غدٍ للنصاریٰ الحدیث کلام اس میں ہے کہ اپنی رائے سے کوئی عید مقرر نہیں کر سکتا اگر مؤلف کا یہی اجتہاد ہے تو پھر نصاریٰ کے شرع میں کیوں گیا جمعہ اور پنجگانہ اوقات سے ہی دلیل لائی تھی اس میں بھی نعمائے خفیہ[۳] بندوں پر مبذول ہیں دوسرے یہ کہ یہ شرع عیسیٰ علیہ السلام کی ہے اب وہ احکام منسوخ ہو گئے اس پر قیاس درست نہیں اس لئے کہ جب خود منسوخ پر عمل جائز نہیں اس پر قیاس بطریق اولیٰ ناجائز ہووے گا شریعت آدم میں بہن سے نکاح درست تھا تو اس پر قیاس کرکے کسی محرم سے نکاح کرنا شاید مؤلف جائز کہدیوے اگر کہے کہ نکاح محرم تو ہمارے شرع میں حرام ہے تو تقیید بالرائے بھی ہمارے شرع میں ناجائز ہے، تیسرے یہ کہ شکر وجود فخر عالمؐ کا ہم پر فرض موقت بوقت نہیں بلکہ دائمی ہے پس غیر موقت مطلق کو کسی قیاس سے موقت کرنا باطل ہے اول تو محل نص میں قیاس ہی لغو ہے پھر وہ قیاس کہ مطلق کو مقید کرے اور شریعت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو شرع سابق منسوخ نہیں کر سکتی بلکہ وہ خود منسوخ ہے چہ جائیکہ اس پر قیاس کرکے نسخ کریں اور تقیید بھی نسخ ہی ہوتا ہے علماً یا عملاً یہی وجہ ہے کہ تقیید آیۂ مطلق کی بخبر واحد منع ہے پس مطلق شکر کو موقت بتاریخ ورود نعمت کرنا باطل ممنوع ہو گیا جو سمجھے یہ کہ خود معلوم

---

۱ بڑی نعمت کے ظاہر ہونے کا دن ۲ تعلق ۳ پوشیدہ نعمتیں ۴ ختم ۵ رائے سے مقید کرنا ۶ علم کے اعتبار سے ۷ یا عمل کے اعتبار سے

حضرت نے یہ سن کر ارشاد فرمایا تمہاری بہ نسبت ہم کو زیادہ مناسبت ہے موسیٰ عم سے تب آپ نے روزہ عاشورا رکھا اور صحابہؓ کو بھی حکم دیا یہ حدیث صحیح ہے مسلم اور بخاری میں موجود ہے اب دیکھئے کہ کب فرعون ڈوبا اور کب موسیٰ علیہ السلام نے نجات پائی اور جب سے اب تک وہ شکریہ اس نعمت کا جاری کیا ہے کہ جب وہ روز عاشورا محرم کا آتا ہے ہر سال اہل اسلام اس کا شکریہ ادا کرتے ہیں پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پیدا ہونا تو ایسی بڑی نعمت ہے کہ نزول مائدہ عیسیٰ اور نجات موسیٰ علیہ السلام سے کہیں فائق اور افضل اور اکمل ہے پس یہ دن ہر سال آوے کیوں کہ اس میں فرحت و سرور ظاہر نہ کیا جائے اور شکر الٰہی کیوں نہ ادا کیا جائے جب روز معین کا ہر سال ؟ موجب اعادہ سرور ہونا قرآن و حدیث سے ثابت ہو گیا تو روز میلاد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تو نہایت درجہ کو قابل اس کے ہے کہ اس کو یوم سرور کیا جائے علاوہ ان دلائل کے یہ بھی حدیث صحیح در باب تعیین و قرار یابی یوم سرور بباعث ظہور نعمت علمائے محققین نے مثل مفتی سعد اللہ وغیرہ نے بیان فرمائی ہے اور یہ بات تو اس قسم کی ہے کہ ابو عبد اللہ بن الحاج جن کو یہ صاحب فہرست التعیین میں لکھتے ہیں اور اپنا طرف دار شمار کرتے ہیں یعنی ان کو مانع عمل مولد شریف جانتے ہیں انہوں نے اس تخصیص افضلیت ماہ ربیع الاول کو مسلم رکھا ہے عبارت ان کی مدخل میں یہ ہے ھذا الشھر العظیم الذی فضل اللہ تعالیٰ و فضلنا فیہ بھذا النبی الکریم الذی من اللہ تعالیٰ علینا فیہ بسید الاولین والاخرین کان یجب ان یزداد فیہ من العبادۃ والخیر شکرا للمولی علی ما اولی نایہ من ھذہ النعم العظیمۃ وقد اشار علیہ الصلوۃ والسلام الی فضیلۃ ھذا الشھر العظیم بقولہ علیہ السلام للسائل الذی سالہ عن صوم یوم الاثنین فقال لہ علیہ السلام ذلک یوم ولدت فیہ فتشریف ھذا الیوم متضمن لتشریف ھذا الشھر

ہو گیا، باقرار مؤلف کہ یوم نزول مائدہ کو نصرانیوں نے عید بنایا اب یوم ولادت کو عید بنانے میں تشابہ نصاریٰ سے ہونے کی یہ دوسری وجہ پیدا ہوتی ہے اور ہماری شریعت میں ہرگز جائز نہیں کہ یوم ورود نعمت کو عید بنایا کریں چنانچہ بالا بیان اس کا ہو لیا پس یہ قول و دعویٰ مؤلف کا باطل ہے ہرگز ہمارے شرع میں کوئی اصل اس کی نہیں لہٰذا یہ تعید درست نہیں سو قرآن سے تو استدلال لانا مؤلف کا باطل ہے اب صوم عاشورا کی دلیل کو دیکھو کہ پہلے اس کی خوب تحقیق ہو چکی ہے کہ فخر عالم علیہ السلام نے یہ روزہ عادۃً اور بافتراض اللہ تعالیٰ رکھا ہے نہ شکراً للنجاۃ موسیٰ پس یہ استدلال مؤلف کا بھی باطل لاشے ہے اور ایک تصرف مؤلف نے اس حدیث میں کیا ہے فنحن نصومہ شکراً للہ تعالیٰ یہ کسی حدیث میں نہیں یہ مؤلف نے زیادہ کی ہے حدیث فنحن نصومہ ہے فقط پس زیادہ لفظ شکراً کی افتراء علی الحدیث ہے مگر پھر بھی کام نہیں چلے گا جیسا پہلے مذکور ہو لیا پس عید ٹھیرانا یوم سرور کو سنت ہوئی یہود کی اور سنت ہوئی نصاریٰ کی اور متروک ہے ہمارے اس شریعت میں پس تعید یوم ولادت میں اپنی رائے سے تشبہ یہود و نصاریٰ کا ہوتا ہے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ نفرت کہ عاشورا کی عید میں فرمایا خالفوا الیہود و صوموا انتم و عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یصوم یوم السبت و یوم الاحد اکثر ما یصوم من الایام و یقول انھما یوم عید المشرکین فانا احب ان اخالفھم کہ مخالفت عید نصاریٰ اور یہود کے واسطے ان دونوں یوم کا روزہ رکھتے تھے اور مؤلف صاحب اس فعل یہود و نصاریٰ کی حجت لا کر مقیس علیہ بناتے ہیں سو یہ عین مخالفت امر شارع کی ہے یا نہیں ذرا مؤلف آنکھ کھولے ہوشیار ہووے پس ایسی ہی غلط اور خلاف شرع توجیہات سے اپنے ابتلا کو رواج دیتا ہے اور نہیں سمجھتا اور دیگر احادیث جواز تعید کی مؤلف نے نقل کی ہیں ان کا بھی حال اس کو معلوم ہو جاتا پھر اس ثبوت پر مؤلف بے صبر کیسا خوش ہوتا ہے ماشاء اللہ

قولہ ابو عبد اللہ ابن الحاج الخ اقول مؤلف کو نقل عبارت صوم یوم عاشورا کا تفتیش بر آب ہونا عبارت مدخل مفید تعیین وقت میلاد نہیں

ا خوان کے نازل ہونے کا دن ۲ عید منانا ۳ فرض قرار دینا ۴ پس ہم روزہ رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے ۵ جس پر قیاس کیا جائے،

یعنی یہ مہینہ ربیع الاول کا بزرگ ہے اللہ نے ہم پر احسان کیا کہ ایسا سید الاولین والآخرین اسمیں پیدا کیا جب یہ مہینہ آیا کرے ہم کو چاہیے کہ بہت زیادہ اس میں نیکیاں کیا کریں اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کی بزرگی کی طرف اشارہ کردیا کیوں کہ آپ روزہ پیر کا رکھا کرتے تھے جب کسی نے پوچھا کیوں رکھتے ہو آپ نے فرمایا اس روز پیدا ہوا ہوں پس اسی سے ثابت ہوگیا جب پیر کا دن بباعث پیدا ہونے آپ کے مشرف اور مکرم ہوگیا کل دنوں کی نسبت تو لابد وہ مہینہ بھی مکرم اور معظم ٹھیرا کل مہینوں میں یہ معنی ہیں کلام ابن حاج کے اور ایک اعتراض دوسرا جو وارد ہوتا تھا کہ یہ مہینہ اگر افضل تھا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کیوں اس میں اظہار شکر یہ وغیرہ نہ کیا اسحابیات کا جواب بھی ان میں حضرت ابن حاج نے مدخل میں دے دیا والحال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یزد فیہ علی غیرہ من الشہور شیئاً من العبادات وما ذلک الا رحمۃ صلی اللہ علیہ وسلم بامتہ ورفقاً بہم لانہ علیہ السلام کان یترک العمل خشیۃ ان یفرض علی امتہ الخ عبارت پہلی عبارت سے ملی ہوئی ہے یعنی ہم کو واجب ہے ربیع الاول میں زیادہ کرنا نیک کاموں کا اگرچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کوئی بات زیادہ اس مہینہ میں نہیں فرمائی یہ اسواسطے تھے کہ آپ بعض کام چھوڑ دیا کرتے تھے کہ میرے سبب سے امت پر یہ کام فرض نہ ہو جائے کیا تماشا ہو کہ ایسے محقق مثبت دلائل جواز مولد شریف کو یہ لوگ منکر مولد شریف قرار دیتے ہیں حالانکہ ان کے کلام میں خود خاص کرنا ربیع الاول کا ساتھ مزید خیرات وحسنات کے پایا جاتا ہے بباعث ولادت شریف صلی اللہ علیہ وسلم کے اور محفل مولد شریف میں کچھ نہیں سوائے خیرات وحسنات کے معجزات کا پڑھنا اطعام طعام یا تقسیم حلویات وثمر وغیرہ اور کثرت ذکر درود وسلام وتعظیم ومدح نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پس اُن کے اس محقق مسلم الثبوت کا کلام اعتراض تخصیص ربیع الاول کی دفع میں کافی ووافی ہے الحمد للہ علی ذلک دوسری دلیل

مدخل سے کچھ نفع نہیں کیوں کہ اس کی عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شکر وسرور وجود فخر عالم علیہ السلام کا دائماً مسلمان کو لازم ہے اور اس ماہ میں زیادہ چاہیے بسبب برکت اس ماہ کے اور اس کا انکار کس کو نہیں یہ تو تعین نہ ہوا بلکہ دوام ہوا اور اس ماہ میں زیادہ ہوئی اس کو تعین نہیں کہتے جیسا ہر ماہ میں عبادت افضل ہے اور رمضان میں بہت افضل تو اس کو تعین نہیں کہتے کیوں کہ اس میں کوئی زمانہ خاص اس فعل کے واسطے نہیں کیا اور نہ کسی وضع کی قید سے بلکہ مطلق ہے جیسا تھا اور نہ کوئی ہیئت ہے تشبہ کی پھر مؤلف کو اس سے کیا نفع ملا اور اس عبارت منقولہ مؤلف سے پہلے صاحب مدخل یہ لکھ چکا ہے ومن جملۃ ما احدثوہ من البدع مع اعتقادہم ان ذلک من اکبر العبادات واظہار الشعائر ما یفعلونہ من المولد وقد احتوی ذلک علی بدع ومحرمات جملۃ الخ اس عبارت میں صاف معلوم ہوا کہ مولود بسبب اختلاط بدعت کے بدعت ہو جاتا ہے مؤلف کہتا تھا کہ سنت بلحوق امور زائدہ سے بدعت نہیں ہوتی سنت ہی رہتی ہے پھر اس کے بعد پڑھ کر یہ بدعت منقولہ مؤلف کی مدخل میں ہے کان یجب ان یزاد فیہ من العبادات والخیر شکر اللہ تعالیٰ الخ پس اس میں تخصیص اس ماہ کی نہیں بلکہ زیادہ ہے تاکید در کار ہے اور مطلق خیرات مبرات کو کہتا ہے نہ کسی ہیئت خاصہ کو نہ کسی بدعت مروجہ پھر ربیع الاول کی شرافت لکھتا ہے آپ کی ولادت کے سبب اور تعین کا کچھ حکم نہیں پس یہاں تک کوئی امر خلاف رائے مانعین کے نہیں ہوا اور نہ مطلب مؤلف کا کچھ اس سے حاصل ہوا نہ معلوم کیوں اس سے استدلال ہے پھر آگے بڑھ کر وہ لکھتا ہے فان خلی منہ وعمل طعاماً فقط ونوی بہ المولد ودعی الیہ الاخوان وسلم من کل ما تقدم ذکرہ فہو بدعۃ بنفس نیتہ فقط لان ذلک زیادۃ فی الدین ولیس من عمل السلف الماضین واتباع السلف اولی الخ پس مؤلف نے اس عبارت کو شاید ملاحظہ نہیں کیا یا حذف کر دیا مضر مطلب جان کر الحاصل صاحب مدخل تو مطلق خیرات ومبرات کو اور زیادہ کو اس ماہ مبارک میں لکھتا ہے اس کا نام تخصیص مؤلف کی اصطلاح کم فہمی کی ہے اور مؤلف کہتا ہے کہ محفل مولود میں کچھ نہیں سوائے خیرات مبرات کے سو اس کا دعویٰ کذب پہلے محقق ہو چکا ہے اعادہ کی

ـه مشابہت سے مستحق ہونا کہ لاحق ہونا کہ نیکیاں تھے ہر انا،

اس عمل کے التزام ۔ کا الدوام یعنی ہر سال کرنے کی یہ ہے کہ حدیث صحیح میں آگیا ہے احب الاعمال الی اللہ ادومها وان قل یعنی اللہ کو بہت پیارا وہ عمل ہے جو سدا کو ہووے اگرچہ تھوڑا ہووے، پس جو شخص سال بھر میں ایک دو مرتبہ محفل کرے گا تو ظاہر ہے کہ تین سو ساٹھ دن میں ایک دن یا دو دن اس عمل پاک کے حصہ میں آئے پس یہ قلیل ہے جب قلیل ہوا تو اب اس کو دائمی بھی نہ کرے تو کیا اللہ تعالیٰ کو پیارا ہوگا ابنا بریں طالب حسنات کو لازم ہے کہ یہ عمل ہر سال کیا کرے تیسری دلیل اس کے التزام کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ حدید میں ارشاد فرمایا ہے ورھبانیۃ ابتدعوھا ماکتبنٰھا علیھم الا ابتغاء رضوان اللہ فما رعوھا حق رعایتھا یہ آیت جس طرح بدعت حسنہ کے جواز کی دلیل ہے اسی طرح اس پر بھی دلیل ہے کہ اگر کوئی نیک کام اپنی طرف سے ایجاد کرے تو اس کا نباہ اور حق ادا کرنا بھی ضرور ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب بنی اسرائیل نے خاص اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور اپنی نفس کشی کے واسطے اپنی طرف سے یہ ایجاد کیا کہ پہاڑوں اور جنگلوں میں اکیلے جا بیٹھے موٹے کپڑے پہنتے نکاح نہ کرتے لیکن انجام کار پوری حق گذاری ادا نہ ہوئی تب اللہ تعالیٰ نے ان کو فرمایا کہ انہوں نے یہ بدعتیں ہماری رضامندی کے لئے ایجاد کیں اور ہم نے حکم نہیں دیا تھا ان کا پھر ان کو نہ نباہا جس طرح چاہیے نباہنا، دیکھیے اس آیت میں یہ دلیل پیدا ہوئی کہ بعضی بدعتیں اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے

حاجت نہیں، غرض دلیل اول مؤلف کی کس خوبی کی بھری ہے سبحان اللہ اور اس پر آپ تمسک کرتے ہیں فقط **قولہ** دوسری دلیل اس عمل کی الخ **اقول** پہلے محقق ہو چکا کہ دوام جائز اور واجب ہے اور التزام واہمرار اور وہ دوام کہ عوام کو مفضی ہے بدعت ہے اور دوام اس عمل مولد کا موجب فساد[1] عقیدہ عوام کا ہے اور پھر جو عمل موافق سنت کے ہو اس کا دوام احب الی اللہ تعالیٰ ہے نہ عمل بدعت کا کہ اس کا ایک دفعہ بھی کرنا ابغض الی اللہ تعالیٰ ہوتا ہے سو یہ مؤلف کی محض کم فہمی ہے اور غرض حدیث کی تو یہ ہے کہ ادوام احب الی اللہ تعالیٰ ہے اگرچہ قلیل ہو یعنی اگر اکثر ہوگا تو بطریق اولیٰ احب ہوگا مؤلف کہتا ہے کہ یہ قلیل ہے اگر دائم بھی نہ کرے تو احب کیوں کر ہوگا اس کو مفہوم میں فساد ظاہر ہے مگر ہم کو غرض ایسی تقریر سے نہیں بہر حال اس دلیل کو مؤلف کے دعویٰ سے کوئی مناسبت نہیں

یت ورہبانیۃ ابتدعوھا الخ ابتدائی اہتمام
دیکھے سے جواز التزام محفل مولود نہیں متحقق ہوتا

قولہ تیسری دلیل الخ **اقول** سابق معلوم ہو چکا کہ بدعت حسنہ سنت ہی ہوتی ہے اور اس کو بدعت ظہور و تشیوع کہا جاتا ہے پس اس میں اور سنت میں حداً اور وصفاً و حکماً کوئی فرق نہیں اور سب مفسرین متفق ہیں کہ نصاریٰ پر عتاب بوجہ ترک ... واجب کے تھا نہ بوجہ ترک مستحب کے کسی نے اس ابتداع کو نذر کہا جس کا شکست حرام ہے کسی نے عدم رعایت کو کفر سے تعبیر کیا کسی نے بعد ابتداع کے فرض ہو جانا قبول کیا بہر حال عدم رعایت کو ترک واجب پر حمل کیا ہے اتفاقاً، مگر مؤلف مجتہد تھا اس پیدا ہوا ہے اس نے ترک بدعت حسنہ پر حصہ عتاب کا استخراج کیا ہے حالاں کہ حدیث تمام امت کا اجماع اور قیاس سب متفق ہیں اس بات پر کہ ترک مستحب پر ہرگز عتاب نہیں خواہ وہ سنت صریحہ سے ثابت ہو خواہ دلالت سے کہ بدعت حسنہ اصطلاح بعض میں بولتے ہیں اب بولو کہ یہ اجماع قطعی کے خلاف حکم مجتہد العصر جاہل کا کہ مستحب بدعت حسنہ کے ترک میں یا دوام ترک میں عتاب کا اندیشہ ہے کس حکم کے لائق اور مستوجب ہے اس سے در گذر کر کے دیکھو کہ معترض تو خود یہ کہتا ہے کہ ایسا دوام کہ جو عوام کو ضرر عقیدہ دیوے جیسے شرح منیہ سے لکھا گیا مکروہ ہوتا ہے بحکم شرع علیٰ ہذا تعیین تو اس کا جواب یہ دینا کہ فلاں دلیل سے دوام مکروہ نہیں نہ یہ کہ ترک کرنا عدم رعایت ہے اس میں اندیشہ عتاب ہے پس یہ کیس اعتراض کا جواب مؤلف نے دیا ہے اعتراض میں کراہت کو دلیل سے ثابت کیا تھا مؤلف عدم رعایت کے معنی ترک احیاناً بنا کر تفسیر بالرائے سے جواب دیتا ہے اس عقل کو خیال کرو کیوں کہ معترض تو شرع

---

[1] عقیدہ عوام کے فساد کا سبب [2] پسندیدہ [3] ایجاد [4] توڑنا [5] ثابت

نے بھی ہوتی ہیں دوسرے یہ کہ اگر ایسی بدعت نکالے تو اس کا پوری طرح نباہ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو اس بات پر ملامت نہ فرمائی کیونکہ انہوں نے یہ بدعتیں ایجاد کیں بلکہ اس بات پر ملامت فرمائی کہ انہوں نے نہ نباہا حق نباہنے کا جب یہ مضمون قرآن سے ثابت ہو گیا تو معلوم کرنا چاہیے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نمازِ تراویح تین رات پڑھ کر چھوڑ دی تھی نہ اس میں یہ بیان ہوا تھا کہ اول شب میں ان کو پڑھنا چاہیے یا آخر شب میں اور تمام رمضان کی راتوں میں پڑھنا چاہیے یا کسی رات میں پڑھ لینا کافی ہے علاوہ مقدارِ قرات کا بیان ہوا تھا کہ ختم قرآن ہو یا نہ ہوا اور نہ یہ بیان کہ اپنے گھر میں پڑھیں یا مسجد میں اور نہ کچھ اس کے لیے تمام اہتمام .... و انتظام جماعت کا ارشاد ہوا تھا اور اسی طرح حضرت ابوبکرؓ کے دورہ میں بھی رہا پھر حضرت عمرؓ نے اس میں اہتمام زیادہ کیا اور حکم دیا تمیم داری کو کہ عورتوں کو تراویح پڑھا دیں اور ابی بن کعبؓ کو حکم دیا کہ مردوں کو نماز تراویح پڑھا دیں اور مردوں کو مسجد میں جماعت تراویح کا حکم دیا اور پہلے صحابہؓ اپنے اپنے گھر میں بلا جماعت پڑھتے تھے اور حضرت عمرؓ نے مسجد میں قندیل روشن کئے اور حجۃ البالغہ میں ہے کہ یہ بھی حکم دیا کہ بعد عشاء کے شروع رات میں پڑھ کرو یعنی بطور تہجد پچھلی رات کو مت پڑھو غرضیکہ حضرت عمرؓ نے اس نماز کو کہ حضرت ﷺ نے کچھ پڑھ کر چھوڑ دی تھی جاری فرمایا اور بعضی خصوصیات و تخصیات اس میں زائد فرمائیں تب باعث عارض ہونے ہیئت کذائی جدیدہ کے آپ نے بزبان خود اس کو بدعت فرمایا لیکن تعریف کے ساتھ یعنی یہ فرمایا نعمت البدعت یعنی یہ اچھی بدعت ہے اس وقت صحابہؓ میں یہ عذرا کہ دیکھو اس نماز کو تم نے اہتمام اور جماعت اور قیود کے ساتھ خود ایجاد کیا ہے اب اس کو ترک مت کیجو اور خوب مداومت کے ساتھ پڑھو ایسا مت کیجو جیسا بنی اسرائیل نے کچھ باتیں ایجاد کر کے پھر اس پر پورے عامل نہ ہوئے ان کو اللہ تعالیٰ نے عتاب کیا فما رعوھا حق رعایتھا کہ انہوں نے نہ نباہا حق نباہنے کا یہ قصہ کشف الغمہ میں اور تفسیر روح البیان کے سورہ حدید میں مذکور ہے وکان ابا امامۃ الباھلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول احدثتم قیام رمضان ولم یکتب علیکم فدوموا علی فعلہ ولا تترکوہ فان اللہ عاتب بنی اسرائیل فی قولہ ورھبانیۃ ابتدعوھا ما کتبنٰھا علیھم الا ابتغاء رضوان اللہ تعالیٰ فما رعوھا حق رعایتھا انتھی جب معنی آیت کریمہ کے استدلال صحابہؓ اس آیت سے درباب جواز احداث بدعت حسنہ اور تاکید مداومت اس کی سن چکے تو اب مسئلہ شریعت کا حال سنو کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ماہ ربیع الاول میں کوئی عمل مقرر نہیں فرمایا تھا ابن حاجؒ نے اس کا عذر بیان کیا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ڈرتے تھے کہ مبادا میرے کرنے سے امت پر فرض ہو جاوے لیکن اشارہ اس کی فضیلت کا کر دیا کہ میں پیر کے دن اس لئے روزہ رکھتا ہوں کہ اس میں میں پیدا ہوا ہوں یعنی اس میں امت کو اشارہ نکل آیا کہ جب ہفتہ کے سات دنوں میں یہ ایک مخفی محل عبادت شکریہ ہو گیا

سے خود ترک احیاناً کبھی حق رعایت ثابت کر رہا ہے اس واسطے کہ جو دوام موجب معصیت ہو وہ خود ممنوع ہے سو وہاں ترک کرنا احیاناً ہو گا، اور یہی حق رعایت بحکم شرع ہو گا علی ہذا امر کرنے میں تغیر حد اللہ[1] ہو کر معصیت ہووے گی پس ترک معصیت بھی حق رعایت بحکم شرع اس سفسطہ کے جواب کو غور کرنا لازم ہے اور جو مراد مؤلف کی ترک مستحب احیاناً سے کمی ثواب ہے تو پھر یہ وہی دوسری دلیل ہوئی تیسری کس ہو جاوے گی اور وہ فرق دوام و اصرار کا یہاں بھی یاد کرنا ضرور ہے الحاصل مؤلف صاحب عقل و فہم کے دشمن ہیں اور تراویح کی تحقیق سنو خود فرما چکے ہیں کہ سنت لکم قیامہ الحدیث من قام ایماناً واحتساباً غفر لہ الحدیث اور اس کا فعل تبداعی کر دکھایا. تو اب مطلق قول سے جس قدر امور صلوۃ تراویح کے ہیں سب ثابت ہو گئے المطلق یجری علی اطلاقہ[2] تو مؤلف کے وجوہ مذمت البدعت کے اتباع سے لکھے سب لغو ہو گئے کیونکہ یہ سب امور بصریح النص ثابت ہیں مقیدات مطلق کے سب ظاہر کہلاتے ہیں بلکہ بدعت

[1] حد الہی کا بدلنا [2] مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوتا ہے [3] بار بار

وقوع ولادت کے تیس برس دن کے بارہ مہینوں میں ایک وہ مہینہ بھی بلاشک محل عبادت شکریہ ہوگا جس میں میلاد شریف ہوا اس بنا اور اصل پر
اہل اسلام نے اس مہینہ میں مجلس شکریہ جو مشتمل چند عبادات بدنی و مالی پر ہو ایجاد کی اور کار بر علماء محدثین اور فقہا جن کا نام ہم خاتمہ میں شمار کریں گے اس
کے بانی اور مجوز اور ثنا خواں ہوئے اور اولیاء اللہ جو اہل کشف تھے انہوں نے مکاشفات اور منامات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر راضی پایا
غرضکہ علمائے طریقت اور شریعت کا اتفاق ہے یہ عمل مستحسن ٹھہرا پس صادق آیا اس پر وہی مضمون آیۂ کریمہ ابتدعوہا ما کتبناہا علیہم الا ابتغاء رضوان اللہ
اور مطابق ہوا اس پر قصہ صحابہ کا در باب تراویح پس اگر ہم اس عمل پاک پر مداومت نہ کریں اور ہر سال بطور لزوم اور او معینہ کے التزام نہ کریں تو ہم کو
اندیشہ ہوگا مبادا ہم پر جناب باری کا وہ عتاب ہو جو بنی اسرائیل پر ہوا تھا اور جس عتاب سے صحابہؓ ترک تعینات تراویح سے ڈرتے تھے کہ ما رعوہا حق رعایتہا
لمعہ خامس اعتراض کرتے ہیں کہ قیام بدعت سیئہ اور ضلالت بلکہ شرک ہے بچند دلائل ایک یہ کہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا محفل میں شرک ہے اس لئے
کہ یہ عبادت ہے اور خاص صورت نماز کی ہے اور کرنا عبادت کا غیر اللہ کے واسطے شرک فی العبادت ہے دوسری قباحت یہ کہ لکھا نجم الدین قنوجی
نے کہ قیام کرنے والے یوں سمجھتے ہیں گویا اسی وقت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم شکم مادر سے تشریف باہر لاتے ہیں اور یہاں حاضر ہیں یہ کفر اور
شرک ہے تیسری قباحت یہ کہ یوں سمجھتے ہیں کہ روح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل میں آیا کرتی ہے اور یہاں حاضر ہے یہ اعتقاد شرک ہے جواب ان امور
کا یہ ہے کہ ذکر اللہ اور ذکر رسول اگر کوئی کرے گا تین حالت سے خالی نہیں یا کھڑا ہو کر کرے گا یا بیٹھ کر یا لیٹے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان تینوں
حالتوں کی بہ نسبت یہ ارشاد ہوا ہے فاذکروا اللہ قیاما و قعودا و علی جنوبکم، ولیکن لیٹ کر تو وہ اذکار ہیں جو خاص وقت سونے کے احادیث
میں وارد ہوئی ہیں، یا کوئی تھکا ہوا سستی سے پڑا ہوا ہو یا مریض ہو اس لئے کہ جب آدمی تندرست اور چاق ہوتا ہے تو ذکر اللہ اور ذکر رسول
لیٹ کر کرنا ادب نہیں سمجھا چنانچہ نماز میں بھی قیام و قعود تو تجویز ہوا لیٹنا نہ ہوا مگر واسطے مریض کے، پس عبادت کے لئے حالت ادب دو
مقرر ہوئیں قیام اور قعود اب اس کی تین شکلیں ہیں یا کل ذکر قیام میں کرے یا کل قعود میں یا کچھ قیام میں کرے اور کچھ قعود میں تینوں شکلیں

وجہ بمعنی لغوی وہ ہی ظہور و شیوع اور ماخذ دوام مثل سنن مؤکدات کے ہے اور سنت مؤکدہ ہونا تراویح کا آٹھ رکعت تو باتفاق ہے اگر خلاف
ہے تو بارہ میں ہے اور قاعدہ شرع سے محقق ہو گیا کہ ترک سنت مؤکدہ میں عتاب ہوتا ہے پس معنی قول ابو امامہ کے یہ ہیں کہ تم نے اس سنت
مؤکدہ کو اختیار کیا ہے تو خلاف ڈر ہے حدوث اختیار و فعل کا نہ حدوث ایجاد جیسا مؤلف سمجھا کیوں کہ ایجاد تو صراحۃً اس کا فخر عالم کر چکے
تھے اور یہ امر سنت مؤکدہ ہے اس کو دائم رکھنا ورنہ خدشہ عتاب ہے پس اب دیکھو کہ مؤلف کو نہ سلیقہ فہم قرآن کا اور نہ اقوال سلف کا
فہم بخواہ خلاف قواعد شرعیہ سلف کے اقوال کو بے معنی بناتا ہے اور ضلوا و اضلوا کا مصداق ہوتا ہے، پس اس سے بھی بدعت حسنہ
مستحبہ کا التزام و دوام نہ نکلا البتہ سنت مؤکدہ کا نکلا اب دلیل تیسری مؤلف کی ایک لغو کلام بلکہ کچھ اور ہو گئی ہے پس تطبیق مولود مروجہ کی اس
کے ساتھ خود بے معنی بن گئی اگرچہ اس میں بھی چند امر محل مؤلف کے ظاہر اور خطائیں باہر ہیں مگر تطویل بے سود ہے کیا حاصل ہے حوصلہ علم مؤلف
اور فہم ہو گیا اور دعوی تجرد ہمہ دانی کا لائح ہو لیا **قولہ** لمعہ خامس اعتراض کرتے ہیں الخ **اقول** معترض نہ ذکر اللہ سے بحث کرتا ہے نہ مطلق قیام
کو مطلق اس کے نزدیک مندوب ہے بلکہ ایک فرد خاص قیام کی تعظیم غیر اللہ میں کہ جس میں شرک و بدعت لازم آجاوے اس کو منع کرتا ہے
یا ذکر فخر عالم پر بحث اور نہ اس کے قیام و قعود سے استفسار مگر ایک فرد خاص میں کلام ہے، پس یہ سب تقریر مؤلف کی فضول ہے جواب
سے کسی کو تعلق نہیں لہذا اس کو ترک کرتا ہوں مگر مطلق میں کسی فرد کو خاص کرنا بدعت ہے خواہ ذکر اللہ تعالیٰ میں واقع ہو خواہ ذکر رسول

[illegible] ثابت کی تنہا سے پیدا ہونا ے اندیشہ سے گمراہ ہوئے اور گمراہ کیا سے سب کچھ جانتا سے مسلط جانا۔

مضمون کلام اللہ میں داخل ہیں ان میں ایک شکل بالکل منطبق ہے حیلۂ مولد شریف پر کیوں کہ اس میں کچھ روایات و معجزات بیٹھ کر پڑھے جاتے ہیں اور کچھ درود و سلام یا مدح کھڑے ہو کر پس یہ ایک مضمون ہوا منجملہ تین مضامین مندرجۂ آیت کریمہ کے اور ایک فرد ہوا افراد ثلثہ ثابتہ بالکتاب سے پس لفظ بدعت کا اطلاق اس پر درست نہیں بدعت وہ ہے جس کی کچھ سند نہ ہو نہ کتاب سے نہ سنت سے نہ لفظاً نہ اشارۃً جیسا کہ مولوی اسحاق صاحب نے مائۃ مسائل میں لکھا ہے ہاں ایک وجہ خاص کے سبب کہ وہ قیام اسی وقت کیا جاتا ہے کہ جب میلاد شریف کا ذکر آتا ہے نہ قبل اس کے اور نہ بعد اور نیز بباعث مداومت کے کہ دائمی قیام کیا جاتا ہے اس موقع میں اگر لفظ بدعت کا اطلاق اس پر کریں صحیح ہے لیکن بدعت موافق مذہب صحیح مفتی بہ جمہور اسلام کی دو طرح ہے سیئہ اور حسنہ سیئہ وہ جو مخالف قرآن یا حدیث یا اجماع کے ہو سو یہ بات تو اس قیام میں نہیں ملتی کہ اگر کوئی آیت قرآن کی یا کوئی حدیث اس بات میں آئی ہوتی کہ ایسے موقع میں کھڑا ہو کر مدح اور سلام پڑھنا منع ہے یا اس بات پر علمائے امت کا اجماع ہو گیا ہوتا تب تو اس کے مخالف یہ حکم استحباب قیام کا بدعت سیئہ ہوتا اور نہی تو ہرگز وارد نہیں اور اس موقع خاص کی نہی تو کیا علی العموم قیام تعظیم کے لئے شرع میں نہی وارد نہیں ہوئی سوائے قیام مروجہ عجمیوں کے چنانچہ

صلی اللہ علیہ وسلم میں اور اگر اپنے اطلاق پر ہے تو جائز پس خاص ذکر ولادت پر ہی قیام کرنا[۱] اور مجلس مولود میں خصوصاً معترض تو اس کو کہتا ہے اور پہلے ثابت ہو چکا اور مؤلف بھی مقر ہے کہ کسی فرد مطلق کو مخصوص کرنا بدعت ہے، اب مؤلف کے قول کو دیکھو کہ کہتا ہے ایک شکل اس قیام کی مولد پر منطبق ہے یہ کلام کس قدر بے معنی ہے کیوں کہ کلام خصوصیت معلومہ میں ہے کہ افراد مطلق کے علی الاطلاق سب افراد جائز مگر لزوماً ایک فرد کو ایک حالت اور ایک وضع میں اختیار کرنے کا اعتراض ہے اور اس کا جواب درکار ہے مگر فہم خدا داد مؤلف میں نہیں کہ سمجھ کر کچھ جواب دیوے اور آخر کلام میں خود فرد خاص کی مداومت کو قبول بھی کرتا ہے کہ بدعت ہے، مگر سیئہ ہونا نہیں مانتا قولہ لیکن بدعت موافق مذہب صحیح الخ اقول یہ اول جہل مؤلف کا ہے کہ اس تقسیم کو مذہب مفتی بہ صحیح کہتا ہے تو مقابل اس کا غیر صحیح ہوا اور معلوم ہو چکا کہ فقط فرق لفظی و اصطلاحی ہے معنی میں کوئی فرق نہیں پس یہ کس قدر کم فہمی ہے دوسرے کہتا ہے کہ تخصیص دائمی قیام کی میں ممانعت اور کوئی مانع سے نہیں اور یہ محض غلط ہے کیوں کہ اطلاق کا مقید کرنا کسی فرد میں جب عموماً منع ثابت ہو گیا، تو جملہ افراد و کلیات میں یہ حکم ظاہر ہو گیا، مثلاً جب یہ حکم ہوا کہ قیام ذکر خیر الخلائق میں مندوب ہے تو ہر ہر فرد میں ندب قیام کا ثابت ہو گیا اب اگر کوئی احمق پوچھے کہ یہ کس نص میں آیا ہے کہ وقت ولادت کے قیام مندوب ہے تو محض جہالت ہووے گی، علی ہذا جب یہ حکم ہو کہ کسی ہمارے حکم مطلق کو مقید مت کرو تو یہ بھی حکم ہو گیا کہ حکم ندب قیام کو مقید مت کرو تو یہ ثابت ہو گیا کہ ندب قیام مقید بذکر ولادت مت کرو پس ایسے موقع پر مؤلف کا مطالبہ نص کا کرنا سب اہل علم جان لیویں کہ علم ہے یا جہل فرد فرد کے حکم کی تصریح آج تک کسی جاہل نے بھی کہی ہو گی اور تماشا یہ کہ تخصیص فرد کو بدعت خود بھی کہتا ہے اور تعدی حد اللہ ٹھیراتا ہو اور پھر بایں عذر کہ اس فرد خاص کی نہی تعیین مؤلف کو نظر نہیں آئی تو ممنوع نہ ہوا کیا عجب تقریر ہے کہ مضحکہ صبیان سے بھی اعلیٰ ہے پھر کہتا ہے کہ نہی تو ہرگز وارد نہیں سبحان اللہ جب تقیید کی نہی بزعم مؤلف اس میں وارد ہو چکی تو ہر ہر فرد کو نہی کہیں لفظ خصوصاً ہوتی ہے معاذ اللہ سو یہ ایک قاعدہ جس مرکب کا تمام احکام کلیہ کے ہدم اور رفع کو کافی ہے تامل درکار ہے اور پھر قول مؤلف کا اور اس موقع خاص کی نہی تو کیا علی العموم قیام تعظیم کی نہی کیا کلام خبط ہے کیونکہ

۱ لازمی طور پر ۲ اقرار کرنے والا ۳ ہمیشگی ۴ برائے چاروں دلائل ۵ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۶ قیام کا استحباب ۷ بچوں ۸ عام طور پر،

شاہ ولی اللہ نے حجۃ البالغہ میں لکھا ہے پس جب کہ نہی ثابت نہ ہوئی تو موافق اصول قواعد مقررہ مسلمہ علمائے فقہ کے جن کو علامہ شامی اور محقق ابن
ہمام وغیرہ لکھتے ہیں کہ جمہور حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک اصل اشیاء میں اباحت ہے یہ قیام مباح امر ٹھہرا اور جب کہ اس مباح امر میں نیت کی گئی
تعظیم شان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تو باعث قربت ہوتے اس نیت حسنہ کے یہ قیام مستحسن اور مستحب ہو گیا، چنانچہ مولد کبیر ابن حجر اور سیرت حلبی
اور تفسیر روح البیان وعقد الجواہر وغیرہ میں اس کے استحسان پر تصریح ہے اور عمل ہے اسی پر حرمین شریفین اور جمیع بلاد اسلامیہ میں جن ملکوں کا ذکر
اس رسالے میں ملا علی قاری وغیرہ کے کلام سے نقل کیا گیا ہے بھلا جو عمل باتفاق سواد اعظم مستحب اور مستحسن ہوا اس کو بدعت سیئہ اور بدعت ضلالت
کہنا کسقدر آئین انصاف و تدین کے خلاف ہے اور شرک اور کفر کہنا اس کا تو محض خون اور مالیخولیا ہے اس لئے کہ شرح عقائد نسفی میں معنی
شرک کے یہ لکھے ہیں کہ شرک اس کو کہتے ہیں کہ کسی کو خدائی میں شریک کریں، یعنی جیسے اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے ایسا ہی کسی دوسرے کو مستقل
بالذات واجب الوجود سمجھے، یا جس طرح خدا کو مستحق عبادت جانتے ہیں دوسرے کو مستحق عبادت جانے انتہی اور وقت ذکر ولادت شریف کھڑا
ہو کر مدح وسلام پڑھنے میں یہ دونوں باتیں نہیں پھر شرک کیسا؟ اور اگر متقدمین یعنی عقائد نسفی کا کلام نہیں سنتے اپنے متاخرین ہی کا کلام

قیام تعظیمی کی مذہب کو تو عموماً معترض تسلیم کرتا ہے خصوص کو بھی بوجہ تخصیص بدعت کہتا ہے مگر مؤلف ہنوز فہم مطلب سے عاری ہے اس کی زیادہ شرح
بسط فضول معلوم ہوتی ہے کہ اس کلام مخبوط کا حال اہل علم پر روشن ہی ہو چکا ہے کہ معترض کچھ کہتا ہے اور مؤلف ادھر ہی کچھ بک رہا ہے استغفر اللہ
استغفر اللہ پس اب تفریع مؤلف کی کہ جب کہ نہی ثابت نہ ہوئی الخ بے ہودہ کلام ہو گئی کیوں کہ نہی تو کلیہ میں ثابت ہو چکی اور ہم مطلع کر چکے اب
اباحت اصلیہ امر میں ہرگز مفید نہ موجود ولا حول ولا قوۃ الا باللہ ایسا کلام خبط کبھی کسی نے نہ دیکھا ہو گا **قولہ** اور جب کہ اس امر مباح میں الخ **اقول** اصل
قیام مباح تو تھا مطلقاً اور تعظیم شان ذکر فخر عالم علیہ السلام کے واسطے مستحب بھی تھا مگر جہلاء کی تقیید و تخصیص اور عوام کی سنت و وجوب
سے بدعت و مکروہ ہوا تھا اے مؤلف کہیں تو سمجھ کیا تجھ پر ہی بلاوت ختم ہو گئی، پس اصل اباحت و ندب معارض اس بدعت عارضیہ کی
نہیں اور مولد کبیر وغیرہ میں جو مستحسن کہا ہے تو اصل مطلق کی خوبی کی وجہ سے کہا ہے بظن غالب وہاں عروض اس قیود و تاکد کا نہ ہوا تھا، بخلاف
ہمارے زمانہ کے کہ جہلاء کا حال مشاہد ہے پس اب ہرگز وہ امر مندوب نہیں، بلکہ اب مکروہ و بدعت ہے اور اگر تقیید و تاکد کو یہ علمائے مذکورہ
بدعت نہیں کہتے تو ہرگز ان کا قول معتبر نہیں بلکہ بمقابلہ نصوص کے مردود ہو گا پہلے اس کا ذکر ہو چکا مگر مؤلف کا فہم غلط ہے، علی قاری کا
قول شرح حدیث ابن مسعودؓ میں صاف دلالت کرتا ہے کہ ان کی مراد وہی ہے جو بندۂ عاجز لکھ چکا ہے اور سواد اعظم کی بحث بھی ہو چکی اب
جہاں مؤلف بد فہم کے واسطے بار بار لکھا جاوے گا مالیخولیا کا علاج نہیں **قولہ** اور شرک اور کفر کہنا الخ **اقول** کوئی صفت خاصہ حق تعالیٰ کی
کسی میں ثابت کرنا بھی شرک ہے اور کوئی کام عبادت غیر اللہ کے ساتھ کرنا بھی شرک ہوتا ہے اور شرک دون شرک بھی محقق ہے قال فی
المسامرۃ الالوھیۃ الاتصاف بالصفات التی لاجلھا استحق ان یکون معبوداً ای صفاتہ التی توحد بھا سبحانہ لا شریک لہ
فی شیئ منہا انتہی شرح مواقف میں ہے والتوحید اعتقاد عدم الشریک فی الالوھیۃ وخواصہا انتہی وفی الحدیث من حلف بغیر اللہ
فقد اشرک الحدیث الریاء شرک الحدیث پس قیام دست بستہ بخشوع ۔۔۔ چونکہ ایک رکن نماز ہے کہ حق تعالیٰ کے رو برو دست
بستہ کھڑے ہوتے ہیں تو اگر اسی طرح فخر عالم کو حاضر بعلم استقلالی محفل مولود میں جان کر دست بستہ کھڑا ہو گا جیسا جہلا کا عقیدہ ہے
تو بے شک مشرک ہو وے گا پس معترض کا یہ کلام جہلاء کے عقیدہ پر ہے اگرچہ فہمیدہ کی نسبت شرک حقیقی نہیں مگر بدعت سے خالی

ت: بسط جس کا مطلب عدم فہم نہ ہو سکے وقوفی کنندہ ہی کے لقب عقلمند کے ساتھ۔

سنو مولوی اسماعیل صاحب تقویۃ الایمان کی فصل شرک فی العبادت میں کہتے ہیں اللہ کی سی تعظیم کسی اور کی نہ کی چاہیے اور جو کام اس کی تعظیم کے ہیں اوروں کے واسطے نہ کیجئے انتہی کلامہ اب قیام کو دیکھنا چاہیے کہ خاص اللہ تعالیٰ کے واسطے ہے یا اور کسی کے واسطے بھی ہے اور قیام دست بستہ عبادت بھی ہے یا نہیں مولوی اسماعیل صاحبؒ کے دادا پیر شاہ عبدالعزیزؒ تفسیر عزیزی پارہ الم میں لکھتے ہیں ،، در حقیقت چیزیکہ نماز از غیر نماز تمیز پیدا کند ہمیں دو فعل اند رکوع و سجود و قیام اختصاص بہ نماز بلکہ بعبادت ہم ندارد انتہی اور علامہ حلبی نے لکھا ہے شرح کبیر منیہ ،، والقیام لم یشرع عبادۃ وحدہ وذلک لان السجود غایۃ الخضوع حتی لو سجد لغیر اللہ یکفر بخلاف القیام ،، شاہ صاحب اور حلبی کی عبارتوں سے ظاہر ہو گیا کہ قیام خود فی نفسہ عبادت نہیں اور نہ کچھ نماز اور عبادت کے ساتھ اس کو خصوصیت ہے اللہ کی خاص تعظیموں میں قیام کو شمار کرنا خود اپنے بزرگ کے کلام کو رد کرتا ہے، خلاصہ یہ کہ نماز میں جو قیام عبادت گنا جاتا ہے سو بباعث اشتمال چند قیود کے عبادت گنا گیا ہے طہارت کاملہ اور استقبال قبلہ کا شرط ہونا اور قرأت کا واقع ہونا اور وسیلہ تکرار الرکوع والسجود ہونا اگر نماز میں ان باتوں کا خیال نہ ہوتا تو نماز میں قیام مشروع نہ

بھی نہیں کیوں کہ بدون اس عقیدہ کے بھی تخصیص مطلق تو حاصل ہی ہے پس وقت ذکر ولادت کے قیام دست بستہ بدیں[1] عقیدہ شرک ہو اگر صفت علم خاصہ حق تعالیٰ کی فخر عالم میں ثابت کی اور استحقاق[2] عبادت کا بسبب حصول صفت خاصہ کے ہی ہوتا ہے پس مؤلف نے شرح عقائد تو پڑھی مگر سمجھا نہیں اگر سمجھ لیتا تو ایسے کلام نہ کرتا بہر حال قیام اس عقیدہ کی وجہ سے شرک ہوتا ہے اور تقویۃ الایمان کی عبارت سے یہ امر خود واضح ہی ہے

مطلق قیام تعظیمی بدعت نہیں بلکہ اس مطلق کی تقیید ممنوع ہے ! قیام مولد کی بعض افراد شرک ہیں اور گناہ کبیرہ ہے تو کسی حال خالی نہیں

قولہ اب قیام کو دیکھنا چاہیے الخ اقول قیام بھی صلوٰۃ کا رکن فرض ہے اور طاعت و عبادت ہے بقولہ تعالیٰ وقوموا للہ قانتین. پس نفس قیام اگرچہ عام ہو عبادت و غیر عبادت سے مگر قیام دست بستہ بخشوع و قنوت عبادت ہے اور تفسیر عزیزی میں یہ فرماتے ہیں کہ قیام اختصاص بعبادت نہیں رکھتا یعنی قیام بغیر عبادت کے بھی ہوتا ہے مگر قیام دست بستہ بخشوع نہیں فرماتے کیوں کہ وہ عبادت ہے کہ تذلل[3] پر دال ہے اور اعلیٰ تذلل عبادت ہوتی ہے پس قیام عام ہے اور قیام دست بستہ بخشوع مؤلف آنکھ نہیں کھولتا کہ معترض مطلقاً قیام کو نہیں لکھتا بلکہ قیام دست بستہ بخشوع کو کہ عقیدہ حضور بعلم مستقل ہو اور شرح منیہ میں قیام کو عبادت مقصودہ سے نکالا ہے بقولہ لم یشرع عبادۃ وحدہ نہ عبادت ہونے سے اسی واسطے نفس قیام غیر کے واسطے جائز ہے خلاف قیام موصوف کے پس قیام موصوف کی عبادت غیر مقصودہ ہونے سے یہ لازم نہیں کہ غیر کے واسطے جائز ہو پس قیام موصوف غیر کے واسطے اگرچہ شرک حقیقی نہ ہو مگر تشبہ[4] تو ہے بقولہ علیہ السلام ان کدتم انفا تفعلون فعل فارس والروم یقومون علی ملوکہم وہم قعود فلا تفعلوا انتہی قال النووی فیہ النہی عن قیام الغلمان والاتباع علی راس متبوعہم الجالس بغیر حاجۃ انتہی علی قاری شرح عین العلم میں لکھتے ہیں فکما لا یجوز ان یسجد احد لاحد لا یجوز ان یرکع وکذا القیام علی ہیئۃ الوقوف فی الصلوٰۃ لحدیث من سرہ ان یتمثل لہ الرجال قیاما فلیتبوء مقعدہ من النار انتہی. پس جب وعید بالنار اس میں ہے تو کبیرہ ہوتے سے تو کسی حال خالی نہیں ہو سکتا بہر حال شرک دون شرک سے خالی کسی طرح نہ ہوا الحاصل قرآن سے قیام قنوت کا عبادت ہونا محقق ہو گیا اور حلبی نے عبادت مقصود ہونے کا انکار کیا نہ عبادت ہونے کا اور تفسیر عزیزی سے نفس قیام کا مختص لعبادت نہ ہونا دریافت ہوا نہ قیام مخصوص کا تو جناب مؤلف ذرا فکر کرے کہ حلبی اور عزیزی خلاف قرآن شریف کے نہیں کہتے مؤلف خود نہیں سمجھا بدون سوچے استدلال لاکر شرک کو ایمان بتاتا ہے اور قرآن کو معاذ اللہ رد کرتا ہے الحاصل قیام دست

---

[1] اس عقیدہ [2] ثابت ہونا [3] فرماں برداری عاجزی [4] انکساری [5] تنہا کوئی عبادت مشروع نہیں

ہوتا بخلاف سجدہ و رکوع کے کہ یہ خود عبادت اصل مقصود ہے اور خاص خدا تعالیٰ کا حق ہے اس لئے قرآن و حدیث ناطق ہیں اس پر کہ غیر اللہ کو سجدہ جائز نہیں اب اس سجدہ کا حال کتب معتبرہ سے سنیئے مولوی اسحاق صاحب مائۃ مسائل کے مسئلہ سی و سوم میں لکھتے ہیں ،، سجدہ کردن غیر خدا را قبر باشد یا غیر قبر حرام و کبیرہ است واگر بجہت عبادت غیر خدا را سجدہ کند موجب کفر و شرک است انتہیٰ ، اور یہی مضمون تفسیر عزیزی پارہ الم میں ہے اب دیکھئے ان کے بزرگوار تو عین سجدہ میں بھی تفریق کرتے ہیں کہ عبادت کے لئے دوسرے کو سجدہ کرنا شرک ہے اور اگر نیت عبادت کی نہیں تو حرام ہے شرک نہیں حضرت مجدد الف ثانی جلد ثانی مکتوبات کے مکتوب نود و دوم میں لکھتے ہیں ،، بعض از فقہاء ہر چند سجدۂ تحیت لسلاطین تجویز نمودہ اند اما لائق حال سلاطین عظام آنست کہ دریں امر بحضرت حق سبحانہ تعالیٰ تواضع نمایند انتہیٰ ،، اس عبارت سے معلوم ہوا کہ بادشاہوں کے لئے بھی بعض فقہاء نے سجدہ کرنا جائز لکھا ہے ، لیکن حضرت مجدد فرماتے ہیں کہ بادشاہوں

بستہ بخشوع غیر کے واسطے شرک ہوا اگرچہ وہ شرک غیر حقیقی ہی ہے عند البعض اور عوام کے حق میں کہ عقیدہ علم مستقل کا رکھتے ہیں شرک حقیقی ہوا سو معترض اس کو ہی شرک کہتا ہے اس سے نفس قیام کا شرک ہونا لازم نہیں آتا اگر مؤلف کچھ تامل کرے تو ظاہر ہے وہاں زیارت فخر عالم علیہ السلام نے ملا علی قاری نے دست بستہ سلام عرض کرنے کو جائز لکھا ہے سو وہاں استقبال قبلہ جو نہیں بلکہ استدبار ہے اس واسطے جائز لکھا ہے اور پھر وہ بھی خصوصیات میں سے ہے کہ آپ کے غیر کے واسطے درست نہیں اور یہ خلافی مسئلہ ہے در مضیہ میں لکھا ہے هل یضع یمینه علی شماله ام لا فقیل خلاف انتہیٰ قال الکرمانی یضع وقال غیر الاولی الارسال لئلا یشتبه بالمصلی انتہیٰ کذا فی نسیم الریاض شرح شفاء سو جب یہ خلافی مسئلہ ہوا اور جن کے نزدیک جائز ہے وہ خصوصیت پر حمل کرتے ہیں تو غیر زیارت میں اگر حضور ہو تو یعنی حضور بعلم مستقل کا عقیدہ ہو تو شرک ہوا اور غیر اس عقیدہ کے مشابہ بشرک ہوتا ہے اور معلوم ہو لیا کہ حکم شرک کا معترض نے علم غیب کے ساتھ جہلا پر ہی کیا ہے پس معترض پر مؤلف کا کوئی نقض نہیں اب مؤلف سجدہ کی بحث میں شروع ہوتا ہے اپنی غرض فاسد کے اثبات کی غرض سے سجدہ تحیہ غیر اللہ کو حرام ہے قولہ سجدہ کا حال الخ اقول سجدہ اگرچہ تحیت کا ہو حرام ہے اور مشابہت بشرک سے اس کو بھی شرک کہنا درست ہے جیسا حلف بغیر اللہ کو شرک حدیث میں فرمایا پس ایسا ہی قیام بخشوع میں ہو تو کیا بعید ہے اور تفریق سجدۂ عبادت و تحیت میں بسبب شرک حقیقی کے کرتے ہیں ورنہ حرمت اور اطلاق شرک میں دونوں برابر ہیں شرح فقہ اکبر میں ملا علی لکھتے ہیں وفی المحیط اذا قال اهل الحرب لمسلم اسجد للملک والا قتلناک فالافضل ان لا یسجد لان هذا کفر صورۃ والافضل ان لا یاتی بما هو کفر صورۃ وان کان فی حالۃ الاکراہ پس اس کو معلوم ہوا کہ کفر کی صورت بھی سخت بد ہے کہ قتل ہونے پر صورت کفر کو ترجیح دے کر اولیٰ ترک لکھا پس دست بستہ بخشوع کھڑا ہونا بھی مشابہ ہو خصوصاً علم حضور میں کہ وہ خود شرک ہے پس مؤلف کی ایسی روایات کا نقل کرنا سوائے اضلال خلق کے اور کیا کہا جائے ، جن فقہاء نے سجدہ سلاطین کو جائز لکھا وہ قول ان کا مردود ہے قرآن و حدیث کے اطلاقات سے ، پس ایسے اقوال ہائے ساقطہ سے حجت لانا اہل علم کا کام نہیں پس افسوس مؤلف کی زبان درازی اور کوتاہی فی الدین پر کہ کس طرح قرآن کے رد کرنے پر اور حدیث کی مخالفت پر اور تمام عالم کی معاندت پر ایسی جر بوذ مردود روایات سے کمر باندھے بیٹھا ہے کہ خلق کو ورطۂ استحلال حرام میں ڈالتا ہے قولہ وضع ہو الخ اقول اول تو سجدہ ملائکہ اور اخوۂ یوسف میں خلاف ہے بعض انحناء لکھتے ہیں اور بعض وضع الجبہۃ جو کچھ ہے وہ سب اس امت میں حرام ہو گیا خواہ کسی نیت سے ہو اطلاق شرک کا اس پر ہو وے گا پس جو ایسی روایات سے استخفاف

بعضوں کے نزدیک کے ہاتھ باندھ کر انکساری کے ساتھ کے مخلوق کو گمراہ کرنا ۵ بکھتر ، حلال کو حرام بتانا

کو تواضع اور عاجزی چاہیے لوگوں سے سجدہ نہ کراویں جب عبادت مخصوصہ جو خاص خدا کا حق تھا یعنی سجدہ بغیر نیت عبادت کے حرام نہ ہوا بلکہ بعض فقہاء نے جائز بھی رکھا افسوس ان زبان درازوں کی تعدی اور عدم مبالات پر کہ فقط قیام جو ہرگز اصل عبادت نہیں شرک اور کفر کس طرح ہو سکتا ہو واضح ہو کہ پہلی امت میں سجدہ بھی دوسروں کو واسطے تعظیم کے جائز تھا یوسف علیہ السلام کے پاس جب ان کے باپ یعقوب علیہ السلام اور ان کی خالہ اور سب بھائی ملک مصر میں آئے جب ملاقات یوسف علیہ السلام سے ہوئی تو اس وقت کا حال قرآن شریف میں ہے خروا لہ سجدا یعنی حضرت یوسف کے والد اور خالہ اور بھائی یہ سب حضرت یوسف کے آگے سجدہ میں گر پڑے تعظیماً اور اسی طرح جب آدم ع کے لئے فرشتوں کو حکم دیا سجدہ کا قلنا للملٰئکۃ اسجدوا لآدم اس وقت سب فرشتوں نے سجدہ آدم ع کو سوائے شیطان ملعون کے چنانچہ قرآن شریف میں ہے فسجدوا الا ابلیس یہ ذات شریف اس وقت غرور میں آ رہے سجدہ نہ کیا جہنمی بن گئے لعنت کا طوق گلے میں پڑا امام فخر الدین رازی نے پارہ تلک الرسل میں لکھا ہے ان الملٰئکۃ امروا بالسجود لاجل ان نور محمد علیہ السلام فی جبہۃ آدم اور شاہ عبد العزیز نے لکھا ہے کہ فرشتوں نے جو سجدہ کیا آدم علیہ السلام کو اور اخوان یوسف نے یوسف علیہ السلام کو وہ عبادت کے لئے نہ تھا ایسا سجدہ کبھی جائز نہیں ہوا کیونکہ یہ محرمات عقلیہ سے ہے اور محرمات عقلیہ کبھی نہیں بدلتے، بلکہ وہ سجدہ تعظیمی تھا اب اس امت میں وہ بھی حرام ہو صحیح یہی ہے، اس مقام پر ایک لطیفہ یاد آیا یعنی منکرین اپنے رسائل میں بابت بیان محفل میلاد شریف کے مذہب کو لکھتے ہیں،، این مذہب قابل ہمین است کہ سندش تا ابولہب رسانیدہ شود بلکہ تا ابلیس لعین انتہی کلامہ،، اب ہم کہتے ہیں کہ ان لوگوں نے تو جس طرح کوئی سفیہ بے عقل بڑھا بکتا اور بے اصل باتیں کہتا چلا جاتا ہے منہ اٹھا کر ابلیس تک ہمارے مذہب کو پہنچا دیا اور کوئی کامل ثبوت نہ دے سکے، لیکن ہم لاریب ان منکرین کا سلسلہ بخوبی شیطان ملعون تک پہنچا کر آنکھوں کے سامنے دکھاویں گے یعنی موافق قول امام رازی کے آدم کے لئے جو حکم سجود ہوا تھا اس میں تعظیم بھی نور محمدی کی جو ان کی پیشانی میں تھا سو جمیع ملائکہ مقربین نے سجدہ ادا کیا تعظیم نبی ع بحکم الٰہی بجا لائے پس ہم لوگ تو ملائکہ کے حال میں ہم رنگ ہیں کہ انہوں نے تعظیم رسول ع ادا کی ہم بھی کرتے ہیں فرق اتنا ہے کہ اس وقت سجدہ جائز تھا انہوں نے سجدہ کیا ہمارے عہد میں سجدہ ممنوع ہے ہم بآداب و تعظیم کھڑے ہو کر درود و سلام پڑھتے ہیں، نفس تعظیم میں ہم اور ملائکہ شریک رہے اور جو لوگ قیام تعظیمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں تغلیظ و تشدد اور کلام لایعنی پیش کرتے ہیں اور نہیں کرتے قیام تعظیمی وہ ابلیس کے ہم مذہب ہیں، علت مشترکہ تعظیم کے دونوں منکر لیکن چونکہ وہ متقدم ہے اور یہ لوگ متاخر بنا بریں علیہ مقدم تو امام ٹھہرا اور تابعین متاخر اس کے مقلد پس خوب پہنچ گیا سلسلہ اس مذہب خبیث کا ابلیس لعین تک اور دوسری بات یہ بھی ہے کہ ابلیس مغرور نے یہ سمجھا کہ اس قدر ملائکہ مقربین کے بڑے بندے ہوئے سجدہ میں گرے ہیں میں ایک حقیر ناچیز کیا ہوں جو سجدہ نہ کروں شدت غرور شقاوت سے تابع جمہور نہ ہوا سجدہ تعظیمی نہ کیا صاحب تعظیم کی شان میں تو فرق نہ آیا مگر یہی کم بخت خوار و ذلیل ہو گیا اسی طرح یہ چند منکرین قیام جو اپنے خیالات فاسدہ میں مغرور ہیں جمہور اہل اسلام کو نہیں خیال میں لاتے یہ نہیں سمجھتے کہ حرمین الشریفین و بیت المقدس روم و شام کے تمام علمائے قدسی نفوس قیام کرتے ہیں استحباب کا فتویٰ دیتے ہیں ہم ان کے آگے کیا چیز ہیں، غرض کہ تمام عالم قیام تعظیمی کرے یہ ہرگز مخصوصہ کبھی نہ کریں گے اس تکبر اور تفرد میں بھی ان صاحبوں کو شرکت اس لعین کے ساتھ ہے اور ہم کو اتباع جمہور میں ملائکہ

معصیت میں عوام کو مطلع کرتا ہے البتہ نیابت شیطان کی اس کو مسلم ہے کیوں کہ الاستخفاف بالمعصیۃ کفر[1] قاعدہ اصولِ کلام کا ہے

[1] یعنی ہلکا سمجھنا گناہ کو کفر ہے۔

ملاء اعلیٰ کے ساتھ اتفاق ہو تیسرے یہ بات کہ تفسیر ابن مخلد میں تصریح کی ہو کہ جب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئے شیطان رونے جھینکنے لگا اور جلبی میں ہو کہ اس روز سروش غیبی بشارت دیتے پھرتے تھے کہ ولد المصطفےٰ المختار یعنی پیدا ہوئے مصطفےٰ پسند کئے ہوئے اور چنے ہوئے اللہ کے انتہیٰ پس ہم لوگ جو خوش ہو کر تذکرہ ولادت شریف کا کرتے ہیں سروش غیبی کے ساتھ ہیں اور جو اس تذکرہ اور محفل کرنے سے رنجیدہ اور کبیدہ خاطر ہوتے ہیں وہ اس شیطان کی ملت پر ہیں اس طرح بھی ان منکرین کا سلسلہ ابلیس سے ملگیا ہر چند کہ اس عاجز کی طرز و انداز سے یہ گفتگو نہایت بعید ہو لیکن چونکہ ابتدا ادہر سے ہے اس لئے یہ چند کلمات لکھے گئے اور وہ بھی اس جرارت پر کہ جو کچھ ان کلمات کی شامت ہو وہ سب اسی ابتدا کرنے والے کی گردن پر ہے میں بری الذمہ ہوں ہمارے مخبر صادق مصدوق صلے اللہ علیہ وسلم فرما چکے ہیں جس کو مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کیا ہو کہ المستبان ما قالا فعلی البادی قصہ دراز ہوا تقریر مسلسل کہیں سے کہیں پہونچی مقصد اصلی پر آدیں سجدہ تعظیمی اس امت میں حرام تو ہو لیکن شرک اور کفر نہیں جب عبادت خاصہ مخصوصہ باری تعالیٰ کا یہ حال ہو پھر قیام کس طرح شرک ہوسکتا ہے اگر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا شرک ہوتا کبھی علمائے دین واسطے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جائز نہ رکھتے قبر شریف کی زیارت میں صاحب جذب القلوب لکھتے ہیں و در وقت سلام کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم وقوف دراں جناب با عظمت دست راست را بر دست چپ بنہد چنانچہ درحالت نماز کرمانی کہ از علمائے حنفیہ است تصریح باین معنی کردہ انتہیٰ، اور ملا علی قاری نے بھی کرمانی سے یہ ہاتھ باندھنا مثل نماز کے نقل کیا کتاب در المعضیہ میں اور جاننے والے خوب جانتے ہیں کہ سلف اسی پر عمل ہوا اور اس کے خلاف پر کہ ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونے کو منع کریں ہرگز عمل نہیں اور علامہ محمد بن سلیمان مکی شافعی نے کتاب حاشیہ مناسک خطیب شربینی میں لکھا ہو لا اولیٰ لہ وضع یمینہ علی یسارہ کما الصلوۃ کما اقتصر علیہ فی الحاشیۃ واقرہ ابن علان و… علامہ فی الجوہر یشیر الی میل الیہ انتہیٰ اور فتاویٰ عالمگیریہ میں ہو در باب زیارت قبر شریف ویقف کما یقف فی الصلوۃ اب دیکھیے سب علماء شافعی و حنفی نماز کے ساتھ تشبیہ دیکر کہتے ہیں کہ جس طرح نماز میں ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں اوسیطرح حضرت کے روضہ مبارک کے

…ب لطیفہ کشائت طبع مولف کا جواب نظر انداز کر کے آگے چلتا ہوں،

…زیارت روضہ مطہرہ کے وقت قیام دست بستہ پر قیام مولد قیاس کرنا فاسد ہے

قولہ اگر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا شرک ہوتا الخ **اقول** پہلے قول میں تصریح ہوئی کہ یہ مسئلہ زیارت کا مختلف ہوا اور دونوں روایات نقل ہوئیں اور کرمانی مجیز اس کا ہے شیخ عبد الحق بھی اس …نقل کرتے ہیں اور علی قاری نے بھی یہاں اس کو اختیار کیا ہو معہذا علی قاری شرح عین العلم میں اس کو حرام لکھتے ہیں اب فرق …مجوزین کے نزدیک یہاں یہ ہے کہ اس جگہ استقبال قبلہ نہیں وہ قبلہ کہ معین اور مشخص ہو رہا ہے پشت کے پیچھے ہو جاتا ہے تو قطعاً …صورت ہیئت صلوۃ کی ہو گئی اور مظان شرک بھی نہیں کہ حیوۃ النبی موجود ہیں اور یہاں مولود میں کوئی جہت مشخص نہیں دوسرے مظان …ہے کہ عوام کا عقیدہ حاضر ہونے کا ہو پس اس میں اور اس میں فرق ہو گیا معہذا اگر شرک نہیں تو مشابہ شرک کے اور عوام کے عقیدہ …کا باعث ہے لہذا ناجائز ہوا اور اطلاق شرک اس پر مجازاً ہو گا اور معترض کا شرک کہنا اوپر معلوم ہو چکا کہ جہلاء کی نسبت …نیت فاسدہ ہو تو شرک ہو گا، پس تعامل حرمین زیارت میں حسب روایات اجازت کی اگر ہے تو فارق موجود ہے اور پھر خلاف …ہو دیکھو کہ صلوۃ جنازہ مشابہ بشرک ہو گئی تو اب امام صاحب غائبانہ صلوۃ جنازہ کو جائز نہیں کہتے اور تکرار کو …تے ہیں پس زیارت پر قیاس کر کے اس قیام کی اجازت نہیں نکل سکتی قولہ اب اس میں دو احتمال ہیں الخ **اقول** دونوں احتمال

…جائز قرار دینے والا کے عمل سے وجہ فرق

سامنے باادب کھڑا ہوا اب اس میں دو احتمال ہیں یا تو یہ علماء نے سمجھے ہیں کہ با ادب ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا یہ کچھ عبادت نہیں اور نہ مخصوص
خدا کے ساتھ جیسا کہ کلام شاہ عبدالعزیز وغیرہم سے ہم نقل کر چکے ہیں پس جب کہ مخصوص خدا کے ساتھ نہیں تو کیا مضائقہ جو رسول خدا صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے اس طرح کھڑے ہوں اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اگر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا خاص ہو اللہ تعالیٰ کے ساتھ تو شاید یہ سمجھا ہو کہ رسول
اللہ کی تعظیم میں کھڑا ہونا غیر اللہ کی تعظیم نہیں بلکہ یہ گویا خود اللہ کی تعظیم ہے چنانچہ بعض آیات سے یہ مضمون مفہوم ہوتا ہو قرآن شریف میں
ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ یعنی جس نے رسول کی اطاعت کی تحقیق اس نے اللہ ہی کی اطاعت کی اور دوسری جگہ فرمایا ان الذین
یبایعونک انما یبایعون اللہ شاہ عبدالقادر صاحب نے اس آیت کا ترجمہ یہ کیا ہو جو لوگ ہاتھ ملاتے ہیں تجھ سے وہ ہاتھ ملاتے ہیں اللہ سے
انتہیٰ اور تفسیر روح البیان میں ہو کان المقصود بالمبایعة منه علیه السلام المبایعة مع اللہ لانه علیه السلام انما هو سفیر ومعبر عنه تعالیٰ
وبهذا الاعتبار صاروا کانهم یبایعون اللہ دیا لغار سیہ ، آنانکہ بیعت می کنند با تو جز ایں نیست کہ بیعت می کنند با خدا چہ مقصود بیعت
اوست و برائے طلب رضائے اوست انتہیٰ کلام روح البیان اور وقت بیعت جو رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ لوگوں کے ہاتھ پر تھا اس کو
قرآن شریف میں یوں فرمایا ہے ید اللہ فوق ایدیہم شاہ عبدالقادر نے معنے اس کے لکھے کہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہے اوپر ان کے ہاتھ کے
اور تفسیر مدارک میں ہے یرید ان ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التی تعلو ایدی المبایعین هی ید اللہ تعالیٰ واللہ منزه عن الجوارح وعن
صفات الاجسام وانما المعنی تقریر ان عقد المیثاق مع الرسول کعقده مع اللہ من غیر تفاوت بینهما یعنی رسول کی بیعت گویا اللہ کی
بیعت ہے کچھ فرق نہیں خلاصہ کلام یہ کہ اگر یہ قیام دست بستہ عبادت نہیں چنانچہ مذہب علماء و قول فقہا یہی ہے تو محفل مولد شریف میں کھڑا
ہونا شرک اور کفر ہرگز نہ ہوا اور اگر اس کی نبات درازی سے خواہ مخواہ خلاف علماء دین کے عبادت قرار دیتے ہو تو یہی ہم جواب دیں گے کہ اگر یہ عبادت
ہے تو بھی اللہ ہی کے واسطے ہے یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پیدا ہونا ہمارے لئے بڑی نعمت ہوا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جس وقت

نہیں ہو کہ ت کی خطا رفہم کا یقین ہے یہ امر خلاف قیاس ہو کہ روضۂ مطہرہ پر سلام عرض کرنے میں منقول ہوا ہو وہ علی قاری کہ یہاں جائز
کہتے ہیں وہی اس کو اور مواقع میں حرام لکھتے ہیں صلوٰۃ جنازہ میں مردہ کو آگے رکھ کر نماز پڑھنا درست ہے حالاں کہ دوسری جگہ درست
نہیں نور الانوار میں کہتا ہے وکذا فی صلوٰۃ الجنازة فانها بدعة متشابهة بعبادة الاصنام اور شرح مُنیہ اور تفسیر عزیزی کے کلام سے کچھ
ثابت نہیں پہلے گذر چکا اور تعظیم فخر عالم کے واسطے قیام درست تھا اگر یہاں مولد میں مطلقاً[1] شرک ہو لہٰذا آنا جائز ہے گو جہلا کے حق میں خود شرک
ہے اور دوسرا احتمال مؤلف کا محض سفسطہ[2] اور اثر قلبی مؤلف کا ہو کیوں کہ اطاعت سفیر کی عین اطاعت امیر مرسل کی ہوتی ہو اور اس کی
اہانت امیر کی اہانت کیوں کہ سفیر مبلغ ہوتا ہو اس کا قول قبول کرنا عین اطاعت و قبول قول مرسل کا ہو علی ہٰذا بیعت اصل سے ہوتی ہے
اور وکیل سفیر محض واسطہ ہوتا ہے پس یہی معنی روح البیان وغیرہ کے ہیں معہٰذا تعظیم سفیر و امیر میں فرق ہے کہ تعظیم امیر کی سفیر سے زائد
ہوتی ہے اور خواص تعظیم امیر کی سفیر کے ساتھ درست نہیں ہوتی اس کو ہر اہل و نا اہل جانتا ہو پس اطاعت و بیعت کو مقیس علیہ بنا کر
تعظیم حق تعالیٰ کی فخر عالم کے ساتھ کرنا اور اس کا درست جاننا عین شرک ہے سجدہ کرنا آپ کو حرام ہے اتفاقاً مگر یہ قاعدہ مؤلف کا
چاہتا ہے کہ آپ کو سجدہ بھی درست ہو جیسا مؤلف قیام میں کہہ رہا ہے اور یہ قول باطل و شرک ہے حدیث میں ہو کہ ایک شخص نے
کہا ما شاء اللہ وشئت تو آپ نے فرمایا جعلتنی للہ ندا بل ما شاء اللہ وحده ایک حدیث میں ہو لا تقولوا ما شاء اللہ وشاء

---

[1] شرک کے گمان کا موقع نہ تھا۔ [2] سمجھنے والا۔

اس ظہور نعمت کا بیان ہوتا ہے ہم تعظیماً کھڑے ہو جاتے ہیں بدیں معنی کہ اے اللہ تعالیٰ ہم نے تیری اس نعمت بھیجی ہوئی کو عظیم جانا اور اس میں دو باتیں حاصل ہوئیں ایک یہ کہ تعظیم نکلی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی کیوں کہ آپ کی تشریف آوری عالم دنیا کا ذکر سن کر بہیئت تعظیم کھڑے ہو گئے دوسرے یہ کہ یہی تعظیم رسول اللہ علیہ وسلم بعینہٖ تعظیم ہو گئی اللہ تعالیٰ کی کیوں کہ نعمت کی تعریف خود منعم کی تعریف ہے اور نعمت کی تعظیم سراسر منعم کی تعظیم ہے پس یہ دست بستہ کھڑا ہونا درحقیقت منعم حقیقی کے سامنے ہے شکریہ عطائے نعمت میں اب خیال فرمایئے کہ اس معنی کو شرک اور کفر سے کیا علاقہ فماذا بعد الحق الا الضلال ایک قباحت کا جواب تو ہو چکا اب دوسری قباحت کا جواب سنیئے کہ تمام مولد شریف پڑھنے والے اپنی زبان سے خوب تصریح و توضیح سے تعیین یوم ولادت کی شرح کرتے ہیں شاہ سلامت اللہ صاحب کے مولد شریف میں ہے بارہویں تاریخ ربیع الاول کی صبح صادق کے وقت پیر کے دن حضرت پیدا ہوئے اور مولد شریف غلام امام شہید میں ہے بارہویں تاریخ ربیع الاول دوشنبہ کے دن وقت صبح صادق بعد چھ ہزار سات سو پچاس برس کے زمانہ آدم سے اس قسم کی عبارت راحۃ القلوب وغیرہ رسائل میلادیہ اردو زبان میں ہیں اور عربی مولد برزنجی میں ہے ولما تم من حملہ التسعۃ اشہر قمریۃ ولد فیہ صلی اللہ علیہ وسلم تیلاء الاستاد اور علامہ عرب مدنی کے مولد میں ہے سحر ثانی عشر من ربیع الاول فی یوم الاثنین المفخم ذی المجد۔ پس مکتوب ہونا ان رسائل میں روز و شہر و سال ولادت کا صاف اقرار ہے کہ آپ اس زمانہ میں پیدا ہوئے نہ یہ کہ اب محفل میں پیدا ہوں نعوذ باللہ منہا منکروں کے بہتان اور افترا کا جواب سوائے اس کے کہ خدا قیامت میں جھوٹوں کا منہ کالا کرے اور کچھ نہیں ایک آیت کلام مجید اور فرقان حمید کی اس مقام میں بس کرتی ہے انما یفتری الکذب الذین لا یؤمنون اب تیسری قباحت جو یہ لوگ قیام میں پیدا کرتے ہیں کہ روح نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ یہ لوگ حاضر ناظر جانتے ہیں یہ شرک ہے اس کی تحقیق یہ ہے کہ روح انبیاء کا چلنا پھرنا فقہ اور حدیث

قولہ ما شاء اللہ ثم شاء محمد۔ اس سے شرک دون شرک بھی ثابت ہوا اور مشابہ شرک کی ممانعت بھی نکلی اور مماثلت تکریم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حق تعالیٰ کی تعظیم کیساتھ بھی رد ہو گئی اور مؤلف کا احتمال شرکیہ بھی باطل ہو گیا اور قاعدہ مؤلف بھی مردود ہو گیا بہرحال عبادۃ اللہ کا رسول صلعم کو کرنا بہرحال شرک ہے اور اطاعت اور بیعت کو اس سے کچھ مناسبت نہیں مؤلف کی بے فہمی محض ہے اب مؤلف کی جرأت بیانی اور بے باکی سب ناظرین ملاحظہ کر کے لاحول پڑھیں اور اس کی چربوز تقریر دیکھیں جواب دوسری قباحت الخ اقول معترض کے کلام کو مؤلف نہیں سمجھا وہ صراحۃً کہتا ہے کہ گویا اب پیدا ہوئے یعنی جو علین پیدائش کا معتقد قیام تعظیم کا تعادہ اب کرتے ہیں اور دوسرا امر علم حضور مجلس اور اس میں ہوتا ہے تو شرک امر ثانی کی وجہ سے کہتا ہے اور پہلے امر کو مشابہ بفعل یہود کے، فرضی امر کرنے میں ہی کہتا ہے معترض یہ نہیں کہتا کہ اس وقت پیدا ہونا عقیدہ رکھتے ہیں کیونکہ معتقد گویا لکھ رہا ہے پس یہ مؤلف کا جواب اس کے اعتراض کا جواب نہیں قولہ کیونکہ ہم صراحۃً نام تاریخ اور سن کا لیتے ہیں یہ عقیدہ نہیں الخ اقول سو یہ اعتراض سے کیا مناسبت رکھتا ہے وہ اعتراض یہ کرتا ہے کہ فرضی امر کو اصلی جیسا بنا کر اصلی کا معاملہ کرتے ہیں مؤلف کچھ اور ہی جواب دے رہا ہے پس ناظرین اس فہم مؤلف پر تحسین کہیں اور انصاف کریں کہ مفتری کون ہے قولہ تیسری قباحت الخ اقول اس بات کو خوب یاد کر لینا ضروری ہے کہ یہ عقیدہ سب کا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور عالم غیب میں اور جنت میں جہاں چاہیں باذنہٖ تعالیٰ چلتے پھرتے ہیں اور اس عالم میں بھی حکم ہو تو آ سکتے ہیں

بے کار ۲ تہمت لگانے والا۔

سے ثابت ہو معراج کی حدیثوں میں وارد ہے کہ آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے تئیں انبیاء ؑ کی جماعت میں دیکھا یہ موسیٰ ؑ
نماز پڑھتے ہیں یہ عیسیٰ ؑ پڑھتے ہیں یہ ابراہیم ؑ پڑھتے ہیں فحانت الصلوٰۃ فامتھم یعنی اتنے میں نماز کا وقت آگیا میں ان کا امام
ہوا روایت کیا اس کو مسلم نے اور قرطبی نے ابن عباس سے یہ روایت کی ہے کہ بیت المقدس میں اللہ تعالیٰ نے آدم ؑ سے لے کر کل انبیاء کو
جمع کر دیا سات جماعتیں حضرت کے پیچھے تھیں اور فتاوی سراجیہ کے باب مسائل متفرقہ میں ہے امامتہ النبی علیہ السلام لیلۃ المعراج
للارواح الانبیاء علیہم السلام کانت فی النافلۃ ان روایات فقہ وحدیث سے ثابت ہوا کہ سب پیغمبروں کی روحیں اپنے اپنے مقامات
سے سمٹ کر بیت المقدس میں حاضر ہو گئیں اور نماز یہاں آکر پڑھی اور مشکوٰۃ میں مسلم سے روایت ہے کہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ ہم
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلے جاتے تھے مکہ اور مدینہ کے بیچ میں جب ایک جنگل میں گذرے پوچھا حضرت نے یہ کونسا جنگل ہے
صحابہؓ نے کہا یہ وادی الازرق ہے فرمایا حضرت ؐ نے گویا میں دیکھتا ہوں موسیٰ علیہ السلام کو پھر حضرت نے اُن کا رنگ اور بالوں کا حال بیان
فرمایا اور فرمایا موسیٰ ؑ اور رکھے ہوئے ہیں دونوں کانوں میں انگلیاں یعنی جس طرح اذان میں اور آواز بلند ہے ان کی ساتھ لبیک کے
گذرتے چلے جاتے ہیں اسی جنگل سے کہا ابن عباس ؓ نے کہ ہم آگے چلے تو ایک پہاڑ کی گھاٹی پر پہنچے، پوچھا حضرت ؐ نے یہ کونسی گھاٹی
کون سا پہاڑ ہے صحابہؓ نے کہا یہ پہاڑ ہرشا ہے یا لفت ہے آپ نے فرمایا گویا میں دیکھتا ہوں یونس علیہ السلام کو سرخ اونٹنی
پر سوار پشمینہ کا جبہ پہنے ہوئے اور ان کی اونٹنی کی مہار پوست خرما کی ہے اس جنگل میں چلا جاتا ہے حج کے لئے لبیک کہتا ہوا روایت کی
یہ حدیث مسلم نے کہا شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے کہ چوں اتفاق است بر حیات انبیاء علیہم السلام بحیات حقیقی و دنیاوی لیکن
محجوب انداز نظر عوام پس بحقیقت نمود ایشاں را بحبیب خود صلے اللہ علیہ وسلم بے ستام و بے مثال و بے اشتباہ و بے اشکال الخ

اور صلوٰۃ وسلام ملائکہ پہنچاتے ہیں اور اعمال امت آپ پر پیش ہوتے ہیں اور جس وقت حق تعالیٰ چاہے دنیا کے احوال کشف
ہو جاتے ہیں اس میں کوئی مخالفت نہیں مگر یہ کہ ہر جگہ محفل مولود میں اور دیگر مجالس خیر میں ہر روز آتے ہوں یا ہر صورت و ندار اور عرض
حالات دنیا کے ہر روز معلوم ہوتے ہوں بدون اعلام حق تعالیٰ کے اس کو تسلیم نہیں کرتے اور یہ کہ سب اشیاء کا علم حق تعالیٰ نے
آپ کو دیا ہے اس کو بھی قبول نہیں کرتے بلکہ جس قدر علم دیا جاتا ہے اس قدر کو جانتے ہیں اور یہی ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں
ثم اعلم ان الانبیاء علیہم السلام لم یعلموا المغیبات من الاشیاء الا ما علمہم اللہ تعالیٰ احیانا وذکر الحنفیۃ تصریحا بالتکفیر
باعتقاد ان النبی یعلم الغیب انتہی پس معترض کی تیسری قباحت یہ ہو کہ یہ سمجھے ہیں کہ روح آپ کی یہاں آیا کرتی ہو اور یہاں حاضر ہے
تو معترض دوام تشریف آوری کہتا ہے یعنی فعلیت کا دوام نہ امکان و وقوع احیاناً پس مؤلف اگر اس امر کو ثابت کر دیوے کہ آیا
کرتے ہیں دائماً تو اس کا جواب ہووے گا ورنہ امکان حضور سے کچھ فائدہ مؤلف کو نہ ہووے گا اور سب نقول اس کی فضول
ہو دیں گی قولہ ارواح انبیاء ؑ کا جینا پھرنا تھا اور حدیث سے الخ اقول ان روایات معراج سے ارواح کا بیت المقدس میں جمع
ہونا اور آسمانوں پر جانا باذنہ تعالیٰ ثابت ہے مگر مولود کی مجلس میں آنا مبحوث ہے نفس حرکت و تقلب ہے خاص تشریف آوری
نہیں ہو سکتی اور قیاس کا محل نہیں باب عقائد قیاس سے خارج ہے حدیث مسلم سے استدلال مؤلف کا اس سے باطل ہوا اور مشکوٰۃ کی
حدیث سفر حج کی کہ وادی ارزق میں دیکھنا حضرت موسیٰ ؑ کا اور ہرشا پر حضرت یونس ؑ کا سو یہ تو ظاہر ہے کہ آپ نے اس وقت نہیں

ؔ ظاہر ؔ خبردار کرنا ؔ کبھی کبھی ؔ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے ؔ موضوع بحث ؔ پھرنا

قسطلانی نے بھی مواہب میں اس معنی کی طرف اشارہ کیا ہے وقیل ہو علی الحقیقۃ لان الانبیاء احیاء عند ربہم یرزقون فلا مانع ان یحجوا
فی ھذہ الحالۃ کما فی صحیح مسلم عن انس انہ صلی اللہ علیہ وسلم رای موسیٰ قائما فی قبرہ یصلی قال القرطبی حبب الیہم العبادۃ فہم یتعبدون بما یجدونہ
ان احادیث اور عبارات محدثین سے معلوم ہوا کہ ارواح انبیاء حج اور نماز وغیرہ عبادتیں کرتی پھرتی ہیں جو ان کے دل میں آوے اور مشکوٰۃ کے باب المعراج
میں بخاری اور مسلم کی حدیث سب کو یاد ہوگی کہ اس میں بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہلے آسمان پر حضرت آدم ع ملے دوسرے پر حضرت یحییٰ ع م
اور عیسیٰ ع تیسرے میں حضرت یوسف ع چوتھے میں حضرت ادریس ع پانچویں میں حضرت ہارون ع چھٹے میں حضرت موسیٰ ع ساتویں میں حضرت ابراہیم ع اب دیکھئے آسمان پر
جانے سے پہلے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام ارواح کل انبیاء ع کی بیت المقدس میں ملی تھیں اور نماز حضرت ع کے پیچھے پڑھی تھی اب یہ ارواح انبیاء ع م
آسمانوں پر ملیں یہ کس قدر حرکت ہوئی ہر آسمان اس قدر موٹا ہے جس قدر پانسو برس کا رستہ ہووے اور زمین سے آسمان تک اور ہر آسمان سے دوسرے آسمان تک پانسو برس کا
رستہ ہے پس اس تحقیق کے موافق ایک ذراع میں آدم علیہ السلام کی روح ایک ہزار برس کا رستہ اور عیسیٰ و یحییٰ علیہما السلام کی ارواح دو ہزار برس کا رستہ
علی ہذا القیاس ابراہیم ع کی روح سات ہزار برس کا رستہ طے کر گئے اس سرعت سیر کو یاد رکھو عنقریب ہم کچھ فائدہ اس پر مرتب کریں گے اور لکھا شرح مواہب
لدنیہ میں خاتمۃ المحدثین علامہ زرقانی نے لایمتنع رویتہ فانہ علیہ السلام یجیٔ بروحہ وجسدہ وذلک لانہ وسائر الانبیاء صلی اللہ علیہم وسلم ردت الیہم ارواحہم
بعد ما قبضوا واذن لہم فی الخروج من قبورہم للتصرف فی الملکوت العلوی والسفلی نقل کی یہ کلام زرقانی نے تنویر الحوالک تصنیف جلال الدین سیوطی
سے کہ شاہ ولی اللہ کے سلسلہ اساتذہ و مشائخ میں ہیں اور خود شاہ ولی اللہ فیوض الحرمین میں لکھتے ہیں ورایتہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اکثر الامور بصورتہ التی
ھی صورتہ الکریمۃ التی کان علیہا مرۃ بعد مرۃ تنقلبت ان لم خلصیہ من تقویم روحہ بصورۃ جسدہ علیہ السلام اشار اللہ الی ما اشار الیہ بقولہ ان الانبیاء لا یموتون
وانہم یصلون فی قبورہم ویحجون وانہم احیاء اور حضرت مجدد الف ثانی جلد اول کے مکتوب ۲۸۲ کے مکتوب دو صد و ہشتاد و دوم میں لکھتے ہیں، ام روز در حلقہ بامداد

بجا تھا بلکہ آپ حکایت کرتے تھے دیکھنے ماضی کی کیوں کر فرماتے ہیں ،،کانی انظر، گویا دیکھ رہا ہوں اور نہ فرمایا،، فانی انظر پس غالب اور راجح اس میں
یہ ہے کہ معاملہ دنیا کا ہو اور اگر تقظہ کا ہو تاہم حرج نہیں معترض تقلب ارواح کو باذن اللہ قبول کرتا ہی کلام یہ ہے کہ کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ ہر
مجلس میں آیا کرتے ہیں اور نصوص سے جو چلنا پھرنا محقق ہوگا اس میں کچھ عذر نہیں یہاں قیاس کا باب مسدود ہے پس اس کو کچھ ثبوت مدعا نہیں ہوتا علی ہذا شیخ
عبدالحق کا قول اور مواہب کا حج کرنے کو جانا اور معراج کی شب میں آسمانوں پر جانا مؤلف کو مفید نہیں اور باب تزاحم پر کچھ دلالت اس کو نہیں اور زرقانی کی عبارت جو
تنویر الحوالک سیوطی سے نقل کی اس میں بھی صریح ہے کہ خروج عن القبور باذن اللہ تعالیٰ ہے بقولہ واذن لہم الخ مگر تنویر الحوالک کی عبارت میں ایک قلیل تصرف
ت کا ہوا ہے اس کی عبارت یوں ہے واذن لہم فی الخروج من قبورہم والتصرف فی الملکوت الخ واو عاطفہ ہے نہ لام جارہ اور تصرف کے معنی بھی چلنا پھرنا
ف القاموس تصرف حیلہ فتقلب واصطرف تصرف فی طلب الکسب انتہی مؤلف نے لام جارہ لکھا اور تصرف کے معنی عربی اردو کے بتلائے ہیں مگر تاہم اس
کو مفید نہیں چلنے پھرنے سے عالم علوی سفلی میں تشریف آوری مجلس مولود کی لازم نہیں آتی خصوصاً یہ مجالس بدع و منکرات اور پھر بیان مشہور
حدیث سے کام چلے گا نہ ایسے اقوال کا اور عبارت فیوض الحرمین میں سے بھی وہی مضمون نکلا جو حدیث مسلم میں تھا حج و اور حج کرنا اور اپنے
شکل مبارک کا دیکھنا کہ مدینہ طیبہ میں مرقد مبارک پر حاضری کا قصہ ہی جو دلی کا ہونا جب بھی کوئی مطلب مؤلف کا نہیں نکلتا جیسا آگے آتا ہے
حضرت مجدد کی دونوں عبارتوں میں تجلی روحانی ہے اس میں انتقال کی ضرورت نہیں اور متجدد ہونا اور انتقال کرنا بھی ہو تو بھی غرض مؤلف
سے حاصل نہیں ہوتی اور پھر ان مکاشفات کو قبول کرنا احکام شرعیہ میں ضرور نہیں کہ ان سے حکم ثابت ہو مؤلف کا ایسے موقع استدلال میں

می بینیم کہ حضرت الیاس و حضرت خضر علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بصورت روحانیاں حاضر شدند وبہ تعلیم روحانی حضرت خضر فرمودند کہ ما از عالم ارواحیم حضرت سبحانہٗ تعالیٰ ارواح ما را قدرت کاملہ عطا فرمودہ است کہ بصورت اجسام متمثل شدہ کار ہائے کہ از اجسام بوقوع می آید از ارواح ما صدور می یابد۔" اور اسی جلد اول مکتوب دوصد وبست وہشتم میں ہے کہ "ودریں ایام عنایت خداوندی در رسید وحقیقت معاملہ را کما ینبغی وانمود و روحانیت حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کہ رحمت عالمیان است دریں وقت حضور ارزانی فرمود وتسلی خاطر حزین نمود" اور سیوطیؒ انتباہ الاذکیا میں احادیث وآثار صحابہؓ سے لکھتے ہیں، کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اطراف وزمین میں آمد ورفت برکت کے ساتھ فرماتے ہیں اور انبیاءؑ کا مرجانا یہی ہے کہ وہ ہماری نظر سے چھپ گئے، مثل فرشتوں کے نظر نہیں آتے مگر جس ولی اللہ کو دکھاوے انتہی، والامام غزالی گفتہ کہ ارباب قلوب مشاہدہ می کنند در یقظہ ملائکہ وارواح انبیاء کذا فی اشعۃ اللمعات فی کتاب الرویا اور اسی جگہ لکھا ہے شیخ عبد الحق نے کہ از شیخ ابو المسعودؒ کہ مصافحہ میکرد آں حضرت را بعد از ہر نماز، اور اسی جگہ لکھا ہے شیخ نے قصہ غوث پاک کا کہ "روزے غوث الثقلین شیخ محی الدین عبد القادر رضی اللہ عنہ بر کرسی نشستہ بود وعظ می فرمود قریب بدہ ہزار کس پایۂ وعظ دے حاضر بود وشیخ علی ابن ہیتی در زیر پایۂ کرسی شیخ نشستہ ناگاہ شیخ علی ہیتی را خواب برد پس شیخ عبد القادر قوم را فرمود ساکت باشید ہمہ ساکت شدند تا آں کہ جز انفاس ایشاں شنیدہ نمی شد پس فرمود و آمد شیخ از کرسی وبایستاد وبا دب پیش علی مذکور ومی نگریست در وے پس بیدار شد شیخ علی وگفت شیخ عبد القادر را کہ دیدی تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم را گفت نعم فرمود ازیں جہت ادب ورزیدم با تو وایستادم در پیش تو فرمود بچہ وصیت کرد ترا آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گفت بملازمت من مجلس تو پس شیخ علی گفت آنچہ من در خواب دیدم شیخ عبد القادر در بیداری دید وروایت کردہ اند کہ ہفت کس از مرداں دراں روز از عالم رفتند رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ اس سے تین باتیں ثابت ہوئیں ایک تو روح پاک مصطفویؐ کا مجلس خیر میں آنا دوسرے تعظیم روح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے حضرت غوث اعظم سے پیر دستگیر کا کھڑا ہو جانا یہ سند ہوئی استحباب قیام کے واسطے تشریف آوری ارباب فضل واکرام کے تیسرے حضرت غوث پاکؒ کی علو شان اور قوت اور اک دوسرے آدمی خواب میں دیکھیں انہیں بیداری میں دیکھا قصہ مختصر

نقل کرنا ان حکایات ومکاشفات کا خالی نا واقفیت قواعد دین سے نہیں چنانچہ یہ مصرح ہو کہ الہام وکشف اولیاء کا مفید حکم اور حجت شرعی[1] نہیں ہوتا امام غزالی مشاہدہ کو فرماتے ہیں سو مشاہدہ کے واسطے ارواح کا مشاہد[2] کے گھر میں آنا ضرور نہیں قلب نور بعید دیکھتا ہے مثل قریب کے باذن اللہ تعالیٰ جس وقت چاہے حق تعالیٰ علیٰ ہذا مصافحہ کرنا علیٰ ہذا قصہ شیخ عبد القادر گیلانی کا کشف روحی اور رویا روحی ہے اس میں تنزل کی کچھ حاجت نہیں اور وقت انکشاف کے جب حضور ہو گیا تو ادب ضروری ہو گا پس مؤلف کا یہ کہنا کہ روح مصطفویؐ کا مجلس میں آنا فقط محض نا واقفیت معاملہ کشفی سے ہے اگر کوئی خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے تو مؤلف حکم کرے گا کہ آپؐ اس کے گھر تشریف لائے اب عقل مؤلف کو دیکھنا چاہیے اور استحباب قیام کرنے والے کے واسطے ثابت ہو معترض نے کب انکار کیا یہ مؤلف کی عقل پر غشاوہ[3] ہے اب شہود کے وقت مثل حیات کے معاملہ ہونا چاہیے کلام اس میں نہیں مؤلف کو اصل مطلب فہمی کا کام ہی نہیں اگر اہل محفل میلاد کو زیارت فخر عالم کی ہو وے تو قیام کو کون منع کرتا ہے اور معترض لفظ آیا کرتی ہے پر شبہ کرتا ہے غرض اعتراض کچھ اور دلائل مؤلف کے کچھ اور عجب قصہ ہے قولہ اور اگر کوئی یہ سمجھے الخ اقول مؤلف نے آپ ہی اعتراض بنایا کہ آپ مستغرق مشاہدہ ہیں تو جہاں الدنیا کیوں کر ہو سکتی ہے اور آپ ہی جواب دیا کہ آپ کی وسعت علم کو یہ مانع نہیں اور تفسیر عزیزی وزرقانی سے حجت لایا مگر عجب ہے کہ اس کا نہ معترض مانع ہوا اور نہ مؤلف کو کچھ فائدہ عبث اوراق سیاہ کرتا ہے معترض دوام تشریف آوری روح پاک کا اور مجالس میں انکار کرتا ہے مؤلف امکان علم وحضور ثابت کرو ہا ہے نہ گھر کی خبر نہ اپنے ہوش اور حضرت عزرائیل کی مثال اور بعد

۱؎ غیر کے مقابلہ میں دلیل ۲؎ مشاہدہ کرنے والا ۳؎ پردہ،

کو روح نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین پر آمد و رفت فرماتی ہے اور اگر کوئی یہ سمجھے کہ وہ خدا تعالیٰ کی حضوری میں مستغرق ان کو دنیا کی طرف کب توجہ ہوتی ہوگی جواب اس کا یہ ہے کہ شاہ عبد العزیز صاحب فرماتے ہیں والقمر اذا اتسق کی تفسیر میں ،، و بعضے از خواص اولیاء اللہ را کہ آلہ جارحہ تکمیل و ارشاد بنی نوع خود گردانیدہ دریں حالت ہم تصرف در دنیا دادہ و استغراق آنہا بجہت کمال وسعت مدارک آنہا مانع توجہ بایں سمت نمی گردد ،، جب اولیاء اللہ کا یہ حال ہے تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال تو بدرجہا اس سے فائق ہوگا چنانچہ خاتمۃ المحدثین زرقانی صفحہ ۳۰۶ مقصد عاشر میں لکھتے ہیں ولا ریب ان حالہ صلی اللہ علیہ وسلم فی البرزخ افضل واکمل من حال الملائکۃ ھذا سیدنا عزرائیل علیہ السلام یقبض الف مائۃ روح ا و ازید فی وقت واحد ولا یشغلہ قبض عن قبض وھو مع ذلک مشغول بعبادۃ اللہ تعالیٰ مقبل علی التسبیح والتقدیس فنبینا صلی اللہ علیہ وسلم حی فی قبرہ یصلی ویصلی بیدیہ ویشاھد ولا یزال فی حضرۃ اقترابہ متلذذ ا بسماع خطابہ و کما کان شانہ و عادتہ فی الدنیا یفیض علی متقوم من سمۃ الوحی الالٰھی مما افاضہ اللہ ولا یشغلہ ھذا الشان وھو شان افاضۃ الانوار القدسیۃ علی امتہ عن شغلہ بالحضرۃ الالٰھیۃ یعنی آپ کا قبر میں بھی حال ہے اور دنیا میں بھی یہی تھا کہ امت پر فیضان جاری رہتا تھا اور خدا سے ملے رہتے تھے ادہر کی مشغولیت سے اودہر کی مشغولی میں فرق نہ آتا تھا ادہر اللہ سے واصل ادہر مخلوق میں شامل :: خواص اس برزخ کبریٰ میں تھا حرف مشدد کا ایسا ادہر توسع ادراک علم و قوت استعداد نبوی صلے اللہ علیہ وسلم ظاہر اور ہر روح انبیاء کی سرعت سیر معلوم کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام معراج رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رات بیت المقدس کو ساتویں آسمان پر سات ہزار برس کا رستہ طے کر کے ادنیٰ فرصت میں پہنچ گئے چنانچہ ہم روایت اس کی بیان کر چکے پھر کیا اشکال و بال جان ہو رہا ہے منکرین کو کہ صرف چند محافل میلاد جو چند شہر متعددہ میں منعقد ہوتی ہیں ان میں بسرعت سیر حاضر ہو جانے کی قدرت روح پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نہیں مانتے وہ پیغمبر سید المرسلین جو ابراہیم خلیل اللہ سے بھی افضل بالاتفاق ہیں مفضول تو سات ہزار برس کی راہ طے کرے ایک دم میں اور فاضل افضل چند مقامات کی سیر نہ کر سکے کمال کم فہمی کی بات ہے اور اس پر طرہ یہ کہ جو ایسا اعتقاد کرے ان کو مشرک قرار دیں سبحان اللہ شرک کے معنی بھی یہ حضرات خوب سمجھے واضح ہو کہ بہت مقامات میں حاضر ہو جانا ایک زمانہ میں روح مبارک کا جس کو یہ لوگ شرک کہتے ہیں اس کی تشریح اس رسالہ میں گذر چکی جہاں چاند سورج اور ملک الموت کی تمثیل ہے اور کتاب دافع الاوہام میں کلام محققین مستندین سے ثابت کیا گیا کہ روح کاملین کی آن واحد میں مقامات متعددہ میں جا سکتی ہے جس کو دیکھنا ہو اس میں دیکھے اب ہم تماشے کی بات سناتے ہیں ہٹ دھرمی اسی کا نام ہے مولوی اسماعیل صاحب اپنے پیر کے واسطے کتاب صراط مستقیم میں روح خواجہ عالیشان اور روح غوث پاک کو بغداد و بخارا سے مہینہ بھر تک آنا بیان فرما دیں وہ تو آمنّا اور صدقنا اور دوسروں کے واسطے قطعی

پہلے جواب اس کا ہو چکا کہ حق تعالیٰ نے حضرت عزرائیل کو ایسی قوت و علم دیا ہے اور ان کے متعلق یہ خدمت کی ہے کہ اگر فخر عالم کو اس کو صد ہا گونہ زائد ہو تو کیا عجب ہے مگر کلام تعلیت میں یہ ہے کہ یہ ہوتا ہے یا نہیں اب خلاصہ و نتیجہ دلائل و جواب مؤلف کا دیکھو قولہ پس ادہر توسع ادراک علم الخ اقول سبحان اللہ فہم مؤلف پر عجب ہے نہ توسع ادراک کا ذکر نہ سرعت سیر کا انکار کلام تعلیت حضور میں اور تشریف آوری دائمی میں ہے اور قیاس عقلی مؤلف کا امکان میں حالاں کہ عقائد کا ثبوت نص قطعی سے ہوتا ہے چند اقوال وہ بھی خارج مبحث ذکر کر کے آنکھ بند کر کے ایک ڈھکوسلا لکھ دیا کچھ تو شرم کرنی تھی کہ عقائد کا مسئلہ اور اعتراض کے خلاف کیا اثبات کرتا ہوں اور کیا کہتا ہوں اور کیا واجب تھا اب باقی کلام لا یعنی کا جواب حضور نہیں چاند سورج ملک الموت کا جواب سب مذکور ہو چکا اور سید صاحب کے قصہ کے عدم فہمی کی بھی اطلاع ہو چکی ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور ،،

بنا زیر کھولا جاتا ہے کہ من تملان الارواح المشائخ حاضر تع نقلو یکفر اس حلبہ نوری اور جمعیت پر کمال افسوس سوال حاضر ہو جانا روح کا ممکن الوقوع تو ہے لیکن امکان وقوع کو وقوع لازم نہیں ہے پھر کس طرح معلوم ہوا کہ ان محفلوں میں آجاتی ہے جواب ارواح کا آنا کوئی امر حسی آنکھوں سے دیکھنے کا نہیں کہ ہر کوئی دیکھ کر بتا سکے بلکہ امر باطنی قسم عالم امر سے ہے اس کا ثبوت ارباب مکاشفہ سے ہو سکتا ہے کہ ان لوگوں کا قلب صاف اور نفس ان کا کدورت سے پاک اور نظر باطنی ان کی عمیق ہے بس اس قسم کے آدمیوں کے منامات میں یہ بھی بشارت ہوئی کہ حضور کا گذر مولد شریف میں ہوتا ہے اور بعض صلحا مجلس میلاد میں مشرف بزیارت ہوگئے محمد بن یحییٰ جو کہ معظم میں مذہب حنبلی کے مفتی تھے علما اعلام و مقتدایان دین اسلام سے نقل کرتے ہیں کہ عند ذکر ولادتہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یحضر روحانیتہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اسی طرح علامہ زین العابدین برزنجی جن کا مولد شریف منظوم دیار عرب کی محافل میں پڑھا جاتا ہے وہ مقام قیام میں لکھتے ہیں قد استحسن القیام عند ذکر مولدہ الشریف ائمۃ ذو روایۃ وروایۃ فطوبیٰ لمن کان تعظیمہ صلی اللہ علیہ وسلم غایۃ مرامہ ومرماہ (یعنی) قیام کرنا علی الاقدام مع حسن امعان بتشخیص ذات المصطفےٰ وھو حاضر، یہی مقام ہے ان دلہ اور شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوۃ میں تین مقام پر ایک جگہ موقع سلام میں دوسری جگہ خصائص میں تیسری جگہ تعلیم آداب تصور جمال و دیدار مبارک میں تصریح کی ہے ساتھ حاضر ہونے روحانیت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے اور شعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ میں بھی یہ ذکر فرمایا ہے جس کے دیدہ بینا ہوں ڈھونڈ کر نکال لے یہ دونوں کتابیں کثرت سے موجود ہیں امادس ملکہ

قولہ دال حاضر ہو جانا روح کا ممکن الوقوع الخ **اقول** مؤلف نے یہ عبارات نقل کیں اور فی الحقیقت اصل مدعا کو اس سے کچھ مساس نہ تھا یہ بھی ایک

اگرچہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور سنتے بھی ہیں مگر ہر وقت یہ بات ضروری نہیں کشف کی حقیقت اور یہ کہ کشف سے احکام ثابت نہیں ہوتے

فریب دہی تھی کہ عوام تو جان جاتے ہیں کہ بہت سی روایات سے یہ مدعا ثابت کیا ہے مگر اہل علم سمجھ جاویں گے کہ یہ محض تطویل بے سود ہے لہٰذا بندہ نے ہر عبارت پر اشارہ کر دیا ہے کہ اس کو مدعا سے علاقہ نہیں آخر مؤلف کو خود ہوش آئی تو سوال جواب کر کے اس کو رفع کرنا چاہتا ہے خلاصہ سوال تو ظاہر ہے کہ سب روایات سے تقلب ارواح کا معلوم ہوتا ہے پھر مجلس مولود میں آنا کس طرح معلوم ہو کیوں کہ معلوم ہونے کے طرق معتبر دین میں تین ہیں یا حواس سو وہ تو یہاں نہیں دوسری عقل سو ظاہر ہے وہ یہاں مفقود ہے کیوں کہ یہ امر عقل سے ثابت نہیں ہو سکتا، تیسری خبر رسول سو بھی اس باب میں غیر موجود پس مدعا پر دلیل کس طرح ہو سکتی ہے اب مؤلف کا جواب قابل سننے کے ہے کہ کہتا ہے کہ یہاں آنکھوں سے علم ہو سکتا ہی نہیں یعنی حواس کا کام نہیں کہ اس کو دریافت کرے اور اخبار متواترہ خبر رسول کی جو قطعی ہوں وہ بھی مفقود مگر ارباب مکاشفہ سے ثبوت ہو سکتا ہے الغرض مؤلف نے اقرار کیا کہ ہر سہ امر طریق علم کے جو معتبر شرع میں ہیں یہاں نہیں پائے جاتے اب باب مکاشفہ کی خبر معاملہ سے اور رویا سے ثابت ہوتا ہے لاحول ولاقوۃ الا باللہ مؤلف نے اس قدر تطویل بے سود کر کے کہا تو یہ کہا کہ خواب میں اور مکاشفہ میں لوگوں کو معلوم ہوا ہے اور خود محقق ہے کہ دین میں علی الخصوص اعتقاد میں رویا اور کشف کا اعتبار نہیں اور اس سے کوئی حکم شرعی ثابت نہیں ہوتا خصوصاً مسئلہ عقائد تو اب سب ارباب عقل غور کریں کہ فقط مدار عقیدہ مؤلف کا خوابوں اور مکاشفات پر ہے پھر اس قدر روایات بے سود نقل کرنا اگر فریب دہی نہیں تھا تو کیا تھا اول ہی لکھ دینا تھا کہ خواب سے یہ معلوم ہوتا ہے جو آخر کہا اول سے کہتا پس اب ہم کو جواب میں یہ کافی تھا کہ یہی کہہ دیتے کہ شرعاً یہ سب غیر معتبر ہیں خدا تعالیٰ مؤلف کو ہدایت کرے کہ گوشت ماخورد و حلق خود بدرید، اور مآل کار اس کا یہی اپنی اصل پر آگیا اشارہ و رویا اور دعویٰ کو دلیل سے مناسبت نہیں اور جواب کو اعتراض سے علاقہ نہیں تو بہ توبہ اور شیخ عبدالحق نے مدارج النبوۃ میں بعض حکایات اولیا کی نقل کر کے یہ آخر میں لکھ دیا ہے کہ ،، بالجملہ دیدن آنحضرت بعد موت مثال است چنانچہ در نوم مرئی شود در تیقظ نیز می نماید و آں شخص شریف

سلہ ارواح کا پھرنا سلہ وہ احادیث جن کی سند صحت کو پہونچی ہو سکہ خواب۔

کی زنگ برتو خود کلام شاہ ولی اللہ صاحب میں موجود ہے فیوض الحرمین میں اپنے مشاہدہ کے بیان میں جو مدینہ طیبہ میں جاکر حاصل ہوئے فرماتے ہیں ورأيته مستقرا
علی ما هو علیه متوجها الی الخلق ذائبا بالباس عظمته فاذا توجه الیه الانسان بجملته لا ارید انسان الوالی الجهة فقط بل بکل همته کیف یشتاق الی الشئ
ویتوجه الیه بقصده وشوقه فانه ینبسط الیه ورأیته صلی اللہ علیہ وسلم　　اس عبارت میں صاف بیان ہے کہ حضرت کا خوب دل کھلتا ہے خوشی سے اس کی طرف
جو مدح پڑھے حضرت کی اور درود وسلام بھیجے اور جب کوئی مشتاق عشق دل سے بہت لگاتا ہے اور متوجہ ہوتا ہے حضرت کی طرف تو آپ اتر آتے ہیں اس کے پاس
یہ خلاصہ مضمون شاہ ولی اللہ صاحب کا بعینہ ان کے الفاظ میں ہے اور جو کوئی زیادہ تحقیق چاہے تو اصل کتاب فیوض الحرمین کی طرف رجوع کرے پاوے گا اسمیں
زیادہ تر تشریح اور توضیح اس مطلب کی سوال، روح مبارک کا حاضر ہو جانا تو چنداں بعید نہیں لیکن حاضر جب ہو سکتی ہے کہ یہ خبر ہووے کہ کہاں
کہاں مجلس ہے اور غیب کی خبر کسی کو نہیں سوائے اللہ تعالی کے فرمایا اللہ تعالی نے سورہ نمل میں قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللہ اور نیز حکم
کیا اللہ تعالی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سورہ اعراف میں کہہ اے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں سے ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر
وما مسنی السوء اگر جانتا میں علم غیب کے بہت حاصل کرتا میں منفعت اور نہ پہنچتا مجکو نقصان جواب اس کا یہ ہے کہ اگر آپ صاحبوں کو ان آیتوں پر
ایمان ہو تو بہت اچھی بات ہے لیکن آدمی کو قرآن پر ایمان لانے سے مسلمان ہوتا ہے ایسا تو نہ چاہیے کہ کسی آیت پر ایمان ہو اور کسی سے انکار ہو جیسا فرمایا
اللہ تعالی نے افتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض پس تم کو چاہیے کہ دوسری آیتوں کو بھی دیکھا ہو تو سورہ آل عمران میں ہے وما کان اللہ لیطلعکم علی
الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء یعنی اللہ یوں نہیں کرتا کہ تم کو خبر دیوے غیب کی لیکن اللہ تعالی چھانٹ لیتا ہے اپنے رسولوں میں جس کو چاہے
اور سورہ جن میں ہے عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول یعنی اللہ تعالی عالم الغیب ہے اپنی غیب کی بات کسی کو نہیں کھولتا
مگر جو پسند کرلیا کوئی رسول ان چاروں آیتوں کے ملانے سے اہل سنت والجماعت کا جو مسئلہ اعتقادی ہے وہ کھلجاتا ہے یعنی اصل عالم الغیب اور علام
الغیوب اللہ تعالی ہے زمین وآسمان میں کوئی ایسا نہیں جو یقینی طور پر کسی بات کو بلا تعلیم والہام حق جان لے ہاں اللہ تعالی اپنے پیارے برگزیدہ
رسول کو جس کو چاہے خبریں غیب کی بتا دیتا ہے پس جو شخص یوں کہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کچھ بھی غیب کی بات نہیں جانتے وہ منکر ہوا

کہ در مدینہ آسودہ ومی ہست ہماں متمثل می گردد در یک آں خواص را وبعضے عوام را ودر منام انتہی پس دیکھو حقیقت انکشاف کی یہ ہے کہ ارباب قلوب
صافی کے مخیلہ میں تمثیل ہوتا ہے اور خود آپ بجائے خود ہیں اور تشریف آوری اور حضور کا کہیں نام ونشان بھی نہیں ان دونوں کے سے مؤلف تشریف
آوری ثابت کرتا ہے اور ناواقفیت حقیقت کشف سے ہے خود شیخ اس کے معتقد نے مؤلف کے سب دلائل ذکر دیئے مؤلف محض خواب خیال پر اپنی
عقائد اپنی اور خلق کے برباد کر رہا ہے افسوس، علی ہذا شاہ ولی اللہ صاحب جو شخص قبر مبارک پر متوجہ ہوتا ہے اس کا حال فرماتے ہیں اور اگر دور سے یہ امر
ہو تو بھی وہی تمثل ہے اور پھر یہ فقط کشف والہام کا ہے جو شرع کی دلیل نہیں اور مدح وصلوۃ وسلام میں خود وارد ہے فان صلوتکم[1] معروضة علی
الحدیث الا احادیث میں تبلیغ ملائکہ کی موجود ہے پس مؤلف نے بغیر حقیقت کشف اور منام کے مطلع ہوئے اپنے فہم ناتمام سے تراش لیا کہ خود روح
مبارک ہی صاحب کشف کے گھر آجاتی ہے اور حجت بنا کر لکھ دی کچھ غیرت نہ کی معاذ اللہ، وائے[2] دردین چنیں رخنہ گری پیدا شد، اور کشف الغطاء
میں لکھا ہے کہ یہ سب منام ولقظہ دیکھنا مشاہدہ تمثال ہے نہ عین حقیقت آپ کی پس سب تفوہ مؤلف کا منہدم وباطل ہوگئی قولہ سوال روح مبارک
کا حاضر الخ **اقول** یہ سب جواب محض تطویل اور کم فہمی ہے یہ کوئی نہیں کہتا اور اس اطلاع سے جو مؤلف نے لکھی حضور روح مبارک کا ہرگز
ثابت نہیں ہوتا ایک لغو تقریر ہے بذریعہ ملائکہ کے درود وسلام کا پہنچنا اور کشف واطلاع باذنہ تعالی سب کچھ درست مگر اصل مدعی کا حال

[1] اس سے کہ تمہاری نماز میرے سامنے پیش کی گئی ہے [2] معاذ اللہ نبی کے دین میں اس طرح رخنہ ڈالتے ہیں ۱۲ ڈینگ .

اللہ تعالیٰ کے کلام کا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے چھانٹ لیتا ہے واسطے اخبار غیبی کے جس کو چاہے اور نیز منکر ہوا وہ حدیث رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ مشکوٰۃ کے باب المعجزات میں روایت ہے عمرو بن اخطب انصاریؓ سے کہ نماز جماعت پڑھائی ہم کو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فجر کی اور منبر پر چڑھے ہم کو نصیحت فرمائی یہاں تک کہ ظہر کا وقت آگیا تب اترے منبر سے اور نماز پڑھی پھر چڑھے منبر پر فرماتے رہے نصیحت پھر عصر کا وقت آگیا پھر اترے اور نماز پڑھی پھر چڑھے منبر پر یہاں تک کہ چھپ گیا سورج اس دن بتادیا ہم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کچھ ہونے والا قیامت تک اب ہم میں زیادہ عالم وہ ہے جس کو اس دن کی زیادہ باتیں یاد ہیں روایت کی یہ حدیث مسلم نے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ بہت خبریں غیب کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دی ہیں علاوہ اس کے بہت حدیثیں اس باب میں وارد ہیں بباعث طول کے اعراض کر کے شاہ عبدالعزیزؒ صاحب کے کلام پر اعتماد کرتا ہوں، شروع سیقول میں فرماتے ہیں کہ جو کچھ حضرت نے خبر دی ہیں حاضر غائب کی سب پر اعتقاد واجب ہے اور یہ بھی لکھا ہے اسی جگہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ہر امتی کو جانتے ہیں کہ وہ کس درجہ کا آدمی ہے فرشتے حضرت کو خبر پہنچاتے رہتے ہیں اور نور نبوت سے حضرت پہنچانتے ہیں سب امتیوں کو یہ عبارت ہم نقل کر چکے ہیں نور اول کی لمعۂ ثانیہ میں اور نقل کر چکے اسی مضمون کی روایتیں بزاز وزرقانی وقسطلانی وغیرہ سے اسی مقام میں جب یہ باتیں ثابت ہو چکیں تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معلوم ہو جانا محافل میلاد کا کون بڑی بات ہے علاوہ اس کے محفل میلاد شریف میں مدح اور کثرت سے درود وسلام پڑھا جاتا ہے جب یہ کثرت سے جلسہ کا درود وسلام فرشتے حضرت کو پہنچاتے ہوں گے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے پھر کیوں نہیں خبر ہوتی ہوگی اس جلسہ کی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اور شاہ ولی اللہ کا کلام فیوض الحرمین میں سے ہم نقل کر چکے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم متوجہ ہیں خلق کی طرف اور یہ بات ظاہر ہے کہ جس شخص کی توجہ ہوتی ہے وہ ادنیٰ تحریک میں جھک جاتا ہے اس کی طرف اور یہ بھی انہوں نے لکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خوش ہوتے ہیں اس سے جو ان پر درود سلام اور مدح اور نعت پڑھتے ہیں پس خبر پالینا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اسطرح بخوبی ہو سکتا ہے نہ اہل سنت والجماعت پر بیدھر لگایا ہے کہ یہ لوگ رسول مقبول کو عالم الغیب جانتے ہیں اور نہ یہ کہ ہر جگہ ان کو حاضر و ناظر جانتے ہیں اب فکر کرنا چاہیے ان حدیثوں میں جن کو علامہ زرقانی اور اسماعیل آفندی وغیرہما علمار حدیث وتفسیر نقل کرتے ہیں اس طرح کہ سب پیغمبروں کو ان کی امت کے اعمال پر اور والدین کو ان کی اولاد کے اعمال پر ہر جمعہ میں مطلع کرتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دو بار اطلاع کرتے ہیں ایک روز جمعہ اجمالاً جس طرح اور سب پیغمبروں کو امتوں کے حالات پر مطلع کرتے ہیں اور دوسرا ہر روزہ صبح وشام بطور تفصیل دو بار آپ کے آگے اعمال امت پیش کرتے ہیں گویا یہ درجہ حضرت کا دوسرے پیغمبروں پر زائد ہوا کہ آپ کو بروز جمعہ اجمالاً مطلع کیا اور نیز دو بار تفصیلاً ہر روز پس جو کوئی محفل کرتا ہے اکثر تو یہ ہے کہ ایک دو دن پہلے سے اس کی اطلاع ہوتی ہے اور اس کے سامان شروع ہوتے ہیں ورنہ یہ تو ضرور ہوتا ہے کہ اگر شام کو محفل ہو تو صبح سے کچھ انتظام شیرینی یا کھانے وغیرہ کا ہونے لگتا ہے اور اگر صبح کو محفل ہو تو شام سے شروع ہو جاتا ہے اور اطلاع آدمیوں کو شروع ہو جاتی ہے تو سمجھنا چاہیے جب کہ ہر روز دو مرتبہ صبح وشام حضرت کو خبر اعمال امت کی کیجاتی ہے جس کے گھر میں شام کو محفل ہوگی جو کچھ اس نے صبح کو سامان کیا ہوگا یا کسی کو خبر

اوپر کے قول سے معلوم ہو چکا کہ محض بنا رمنام وکشف پر ہے اور پھر وہ بھی محض قیاس عقل کا تمام مؤلف کا اور یہ حجت شرعیہ نہیں کتب معتبرہ میں مذکور ہے اور یہ امر مشہور ہے مخفی نہیں گو مؤلف کو علم نہیں سو اس کی فضول طویل کلام خود لغو ہو گئی مطلب کچھ علاوہ اس کا نہیں ظن وتخمین کا عقیدۂ مؤلف کا ہوا آپ ہی ایک دفعہ کہتا ہے بقولہ حضور بھی احسان ونوازش فرماتے ہوں گے اور پھر آپ ہی کہتا ہے بقولہ جلوہ فرما

ہو گی وعلی الصبح کو حضرت کے پاس فرشتوں نے اسی وقت پہنچا دیا ہو گا پس حضرت کو پہلے ہی خبر پہنچ گئی کہ شام کو محفل ہمارے فلاں امتی کے گھر ہو گی اور اگر اس کے گھر صبح کو محفل ہونے والی ہے اور شام کو اس شخص نے اسباب فراہم کیا ہو گا یا کسی کے سامنے منہ سے نکالا ہو گا کہ میں صبح محفل کروں گا اس کی بھی خبر اس قدر قبل انعقاد حضرت کو فرشتوں نے پہنچا دی ہو گی پس حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جان گئے کہ علی الصبح محفل ہو گی علاوہ اس کے تیسرا طریق اور چوتھا طریق حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خبر دار ہوتے کا اور بھی ہے لیکن وہ دونوں دقیق ہیں عام فہم نہیں ہیں اس لئے ان سے سکوت کر کے ان ہی دو طریق پر اکتفا کیا، اب جاننا چاہیئے جب کہ خبر ہو گئی ان وسائط سے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور حضرت خود متوجہ امت کی طرف ہیں موافق قول شاہ ولی اللہ صاحب کے اور نیز آپ کی تعریف قرآن مجید میں ہے بالمؤمنین رؤف الرحیم تو ہر گز حضور صلہ رحمی سے محروم نہ رکھیں گے اور احادیث میں آیا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کیا تھے یہ قرآن آپ کا اخلاق تھا اور ظاہر ہے کہ قرآن شریف میں یہ لفظ موجود کہ ھل جزاء الاحسان الا الاحسان تو بے لابد اس آیت کی تعمیل بھی آپ کے اخلاق میں ہو گی اس مدح خوانی اور درود وسلام و تعظیم و آداب کے مقابل میں حضور بھی احسان و نوازش فرماتے ہوں گے چنانچہ ارباب مکاشفہ نے ان خیرات و برکات کی خبر دی ہے الحاصل آیات و احادیث و اقوال علماء سے بخوبی ثابت ہو گیا کہ انعقاد محافل میلاد کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر بعض واسطوں سے پہنچ جاتی ہے اور نیز روح مبارک ارباب محفل پر براہ عنایت و کرم جلوہ فرما ہو جاتے ہیں اب دیکھئے اس بیان کو حقیقت کفر و شرک سے شمہ بھی لگاؤ نہیں ہے اور طرفہ تر یہ ہے کہ بانیان محفل میلاد علی العموم یہ اعتقاد نہیں رکھتے کہ روح مبارک ہر جگہ موجود ہو جاتی ہے خواہ اس محفل میں قاری کا مولد کوئی مرد دین دار محب رسول ہو یا کیسا ہی آدمی ہو سامعین مہذب با داب ظاہر و باطن ہوں یا نہ ہوں روایات اس میں صحیح طور پر بیان کیجاتی ہوں یا موضوع جھوٹی باتیں شاعرانہ کی گھڑی ہوئی پڑھتے ہوں کھاتے اور شیرینی اور عطر میں مال شبہ اور محنت کا کمایا ہوا ہو، یا رشوت اور سود اور غصب کا مارا ہوا ہو، دلوں کو اچھی طرح اشتیاق کے ساتھ حضور کے تصور میں لگا رکھا ہو یا نہیں حاضرین جلسہ خوش اعتقاد ہوں یا نہیں ہم نے بہتیری مجالس میں دیکھا ہو گا کسی کسی وجہ سے بعض منکرین بد طینت و بد اعتقاد بھی آجاتے ہیں حالاں کہ ایسے شخصوں کا حاضر ہونا ایک

میں سوا ایسے تردد کا عقیدہ مؤلف کو مبارک ہو،

تشریف آوری روح نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اثبات میں مؤلف کی غلطیاں

قولہ طرفہ تر یہ کہ بانیان الخ **اقول** کیا طرفہ تماشا ہے کہ معترض تو خود یہ کہتا تھا کہ اہل مولود کا یہ اعتقاد ہے کہ روح مبارک محفل میں آیا کرتی ہے اور حاضر ہے اس پر مؤلف بہت گرما گرمی و زور شور سے دلائل پیش کر کے سر ہوئے اور ناچار ہو کر منامات مکاشفات پر تنزل کیا جب اس سے بھی کام چلتا نہ دیکھا تو اور کچھ غپ شپ مار کے ظن و تخمین پر آیا اور کہا کہ آیۃ ھل جزاء الاحسان الا الاحسان لابد آپ کے اخلاق میں ہو گی معاذ اللہ مؤلف کو کچھ تردد بھی ہے کہ فخر عالم علیہ السلام اس آیت پر عامل ہیں یا نہیں کہ جلتا ہو گی بیان کرتا ہے استغفر اللہ پھر قطعی حکم لگایا کہ جلوہ فرماتے ہیں پس ایک دفعہ پلٹی کھائی تو کیا کہتا ہے کہ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اس زمانہ کی مجالس میں ہر گز نہیں تشریف لاتے، سبحان کس قدر تعجب انگیز اور حیرت خیز تقریر ہے کہ جس کے مسلسل ہونے کا مؤلف بھی دم بھرتا ہے اور ناظرین کو تو طرب ہوتا ہی ہے، گہی بر طارم اعلیٰ نشینم: گہے بر پشت پائے خود نہ بینم: ایک ثبوت ایک مسئلہ اس قدر اقوال متعدد پس سنو کہ مؤلف دعویٰ کرتا ہے کہ قاری اگر دین دار محب ہو گا تو روح پاک آوے گی اور سامعین مہذب با داب ظاہر و باطن نہ ہوں گے تو بھی نہ آوے گی یا موضوع روایت، یا شاعری کا مضمون ہو یا شب کے مال کی شیرینی وغیرہ ہو یا محب حضور علیہ السلام کے تصور میں دل نہ

قسم کی کدورت محفل پاک میں پیدا کرتا ہے نماز استسقاء میں جو طلب رحمت الٰہی کے واسطے ہوتی ہے فقہاء تصریح کرتے ہیں کہ عین نماز میں جب اہل اسلام ایک خستہ اور شکستہ حال کے ساتھ روتی ہوئی اور عجز و نیاز کرتے ہوئے نکلیں کوئی کافر اہل کتاب وغیرہ اپنے ساتھ نہ لیویں کیوں کہ وہ لوگ مستحق غضب الٰہی ہیں ان کو نزول رحمت کی موقع میں ساتھ لینا اپنا نقصان کرنا ہے چنانچہ یہ مضمون ہدایہ کی عبارت سے صاف واضح ہے ولا یحضر اہل الذمۃ الاستسقاء لانہ لاستنزال الرحمۃ وانما تنزل علیہم اللعنۃ بھلا جب محفل میں آداب ضروریہ جن کا ہم ذکر کر چکے مد نظر نہ ہونگے اور ہر قسم کے آدمی منکر و غیر منکر داخل ہوں گے یہ شکلیں روح مبارک حضرت رحمۃ للعالمین کی تشریف آوری کی نہیں علاوہ بریں تقویٰ اور اخلاص پر بھی مدار ہے زمانہ سلف میں جو محفلیں ہوتی تھیں انہیں میں لکھا ہے یحضر فیہ اعیان العلماء ومشائخ الطریقۃ ویکون فیہ اجتماع الصالحین اور اس زمانہ میں آدمیوں کی صلاحیت اور عشق الٰہی اور تقویٰ اور اجتناب مناہی کا حال معلوم اور عمل کا ثواب باعتبار درجات قوت تقویٰ کے مختلف ہوتا ہے قاضی ثناء اللہ صاحب آخر کتاب مالا بد میں لکھتے ہیں "چوں قلب اخلاص بہم رساند دو رکعت او بہتر از ایک صد رکعت دیگراں باشد ہم چنیں صوم وصدقہ او رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمود کہ اگر شما مثل کوہ احد زر در راہ خدا خرج کنید برابر یک سیر یا نیم سیر جو نباشد کہ صحابہ در راہ خدا دادہ اند این از جہت قوت ایمان و اخلاص ایشان است انتہی کلامہ اور اسی طرح نماز کے باب میں وارد ہوا ہے حدیث شریف میں ان العبد اذا قام الی الصلوۃ رفع اللہ تعالی الحجاب بینہ وبینہ وواجہہ بوجہہ الکریم یعنی جب بندہ نماز پر کھڑا ہوتا ہے اللہ تعالی اٹھا دیتا ہے حجاب اپنے اور اس کے بیچ میں سے اور سامنے اس کے کر دیتا ہے اپنا وجہ کریم اور دوسری حدیث میں ہے کہ جب مسلمان وضو کرتا ہے شیطان اس کے دور ہو جاتا ہے زمین کے کناروں تک بھاگ جاتا ہے اس ڈر سے کہ یہ بندہ اپنے بادشاہ کے پاس جانے کا ارادہ کرتا ہے جب وہ وضو کر کے کہتا ہے اللہ اکبر چھپ جاتا ہے ابلیس، اور اللہ جل شانہ اس بندہ کے سامنے ہو جاتا ہے اور ایک اور احادیث میں آیا ہے اپنے اللہ کی عبادت اس طرح کر گویا تو اس کو دیکھ رہا ہے خلاصہ کہ یہی نماز ہم غافل لوگ پڑھتے ہیں ہم کو نماز میں کچھ بھی نظر نہیں آتا اور ایک اولیاء اللہ کی نماز ہے کہ ان کو نماز میں مشاہدہ ربانی حاصل ہوتا ہے اور مقامات عطا ہوتے ہیں اسی طرح مقبولیت محافل میلاد کے درجات ہیں ہر دانہ بخیر شد تمام ہر میوہ نہ نخل نبیدہ ست ہر میوہ۔ روح مبارک کا تشریف لانا اعلیٰ درجہ کی بات ہے پس ہر محفل میں کہ خواہ وہ کیسی ہی وضع سے مرتب ہو تشریف آوری کا دعویٰ کون کرتا ہے اگر مرد خوش اعتقاد و سامان پاکیزہ اور مال اپنے زور بازو کا کمایا ہوا صرف کرے اور روایات صحیحہ اور اشعار جائزہ بالحان خوش و نیت نیک اعتقاد درست و بہیبت ادب و تعظیم شوق و ذوق کیساتھ پڑھے اور سامعین مشتاق قلب خاص سے متوجہ ہوں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت مد نظر ہو دل کو اسی طرف لگا دیں تو کیا مضائقہ ہے کہ جس طرح شاہ ولی اللہ صاحب نے لکھا ہے فاذا ینظر الی الیہ کا مضمون یعنی ع من آیم بجان گر تو آئی بہ تن

نہ لکھا ہو یا حاضرین خوش عقیدہ نہ ہوں تو کبھی مورد روح مبارک کا نہیں ہونے کا پس ایسی محفل ہندوستان میں تو شاید کہیں ہو کہ ان سب امور سے خالی ہو خود مؤلف صدر الصلحاء کی محفل میں بھی فساق و مبتدع ہر روز ہوتے ہیں عرب کی اور شام و مصر وغیرہ کی بھی محافل میں قطعاً یہ بات نہیں، تو اب کہو کہ مؤلف نے قطعاً انکار حضور روح پاک کا کر دیا اور ان محافل کو محل نزول ہونے سے بھی خارج بنا دیا تو اب یہ عقیدہ بیان کرنا اور تعقیدہ حضور دست بستہ ہونا شرک ہوا یا نہ ہوا مؤلف کے منہ میں جلیبی دینی چاہیے کہ بڑی محنت و جانکاہی کر کے اور تمام عالم کا دورہ اور تلاش کر کے مدعیٰ ثابت کر کے تھک کر پڑے ہیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ بریں عقل و دانش بباید گریست وہ کونسی محفل ہے کہ آداب ظاہری و باطنی سے مملو اور سب حاضرین ایسے ہوں ہاں اولیاء و اقطاب اس دور کے جمع ہو کر کریں تو ممکن ہے پس جب نہیں تو حسب زعم مؤلف کے

ے نیک بختو اہل بدعت کے ہاتھ باندھ لینا کے قطب کی جمع

ظہور فرمانے، مسابقاً جو بعض اولیاء کو منامات اور واقعات میں حال تشریف آوری روح مبارک کا ظاہر ہونا اور عبارت محمد بن یحییٰ اور زین العابدین کا ذکر ہم کر چکے ہیں وہ محمول اسی طرح کی محافل مقدسہ مہذبہ کے لیے ہے اور مگر یہ باتیں حاصل نہیں تو یہ دعوی روح مبارک کے آنے کا ہر محفل کے لیے نہیں لیکن یہ بات کل کے واسطے کہی جائے گی جو کوئی یہ محفل کرے گا بلاؤں سے نجات اور حصول مرادات کا ثمرہ پاوے گا اپنے اخلاص کے موافق یعنی عامی عام طور پر اور خواص خاص طور پر نفع اٹھائیں گے اور یہ خوب سمجھنا چاہیے کہ قیام کرنا وقت ذکر ولادت موقوف روح کے تشریف لانے پر نہیں، عالم الامۃ مقتدا الائمہ امام تقی الدین سبکیؒ اور ان کی مجلس میں اکابر علماء تھے ایک شعر مدح کا سن کر کھڑے ہو گئے چنانچہ سیرت حلبی میں مذکور ہے اس میں روح کا آنا کچھ بھی مذکور نہیں بلکہ یہ ہے فقام الامام السبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ وجمیع من فی المجلس فحصل انس کبیر اور اسی طرح نقل کیا اسماعیل آفندی نے تفسیر روح البیان میں اور سیرت شامی میں ہے جرت عادۃ کثیر من المحبین اذا سمعوا بذکر وضعہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان یقوموا تعظیماً لہ یعنی کہ محبین رسول صلے اللہ علیہ وسلم جب سنتے ہیں ذکر ولادت شریف اٹھ کھڑے ہوتے ہیں یہ نہیں لکھا کہ روح مبارک کو دیکھ کر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور رسالہ عقد الجوہر فی مولد النبی الازہر میں امام برزنجی نے لکھا ہے قد استحسن القیام عند ذکر مولدہ الشریف ائمۃ ذوو روایۃ ودرایۃ اور یہ نہیں فرمایا استحسن القیام عند رؤیۃ روحہ او عند قدوم روحہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلاصہ یہ کہ یہ قیام مختص واسطے قدوم روح مبارک کے نہیں اگر یہ ہوتا تو جس کو روح مبارک نظر آتی وہ کھڑا ہوتا جس کو نظر نہ آتی نہ کھڑا ہوتا حالانکہ عمل جمیع بلاد اسلامیہ کا عرب و عجم مشرق و مغرب میں اسی بات پر ہے کہ بلا روح پر فتوح بمجرد سماع ذکر ولادت شریف جمیع اہل محافل کھڑے ہو جاتے ہیں اگر کوئی یہ کہے اگر روح مبارک تشریف نہیں لاتی پھر تعظیم کس بات کی ہے جواب اس کا یہ ہے کہ قیام فقط تعظیم تشریف آوری کے لیے نہیں بلکہ شرع شریف میں چند مقامات پر قیام پایا گیا ہے ایک آنے والے کی تعظیم میں جیسے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وقت تشریف لانے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قیام فرمایا کرتی تھیں کذا فی المشکوٰۃ دوسرا وضو کا بچا ہوا پانی پینے کے لیے کھڑا ہونا ترمذی نے روایت کیا کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ وضو کر چکے بچا ہوا پانی پیا کھڑے ہو کر اور یہ کہا مجھ کو پسند آیا کہ دکھاؤں تم کو کس طرح وضو کرتے تھے رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم انتہی اس سے معلوم ہوا کہ آپ بھی کھڑے ہو کر پیتے ہوں گے

بھی ان امور سے کوئی محفل خالی نہیں رہتا مانعین تو حسب روایت شارح مفیہ اس کو کراہت و بدعت سے خالی جانتے ہی نہیں لہٰذا معترض کا اعتراض مقبول و مسلم مؤلف کے نزدیک ہوا قصہ طے ہوا اب مؤلف کی کج فہمی کا کیا بیان کروں اور اس کے ذیل کی روایات استغفار اور اخلاص کا ہم کو کیا تعاقب کرنا ہے کہ وہ ان روایات سے اپنا ہی گھر ہدم کرتا ہے

جواز قیام مولود میں مؤلف کے قیاسات کا رد

قولہ لیکن یہ بات کل کے واسطے الخ **اقول** یہ کلام محض لغو غلط ہے جب وہ محل نزول روح مبارک کا نہیں تو بالضرور بلوث بمعاصی ہے وہاں حصول ثمرات کہاں رہ تو موجب سیئات ہے وہاں جانا شریک ہونا ناجائز ہے بقولہ تعالیٰ فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظالمین چنانچہ سابقاً ذکر ہو چکا تو یہ فقرہ مؤلف کا بالکل مخالف نص قطعی کے ہے سوائے عدم رضا حق تعالیٰ کے ایسی مجلس کا ثمرہ ہرگز کچھ نہیں اور مجمع مولود کے معاصی و منکرات کا مشاہدہ سب کو حاصل ہے پس معصیت و منکر کے درخت کو عصیان کا ثمر لگے گا فالحمد للہ کہ حق تعالیٰ نے مدعا مانعین کا مؤلف کے منہ سے ثابت کرا دیا وکفی اللہ المؤمنین القتال **قولہ** اور یہ خوب سمجھنا چاہیے الخ **اقول** مؤلف نے ناچار قول معترض کا قبول کیا اب پھیر کر ملا کر اثبات قیام کا کرنا طمع بیانی سے چاہتا ہے مگر بحث سطحی ہے اور فہم سے بے گانہ جس موقع پر قیام مستحسن ہے کوئی بھی اس کو منع اور انکار نہیں کرتا اور یہاں جو منع ہے تو اول تعیین و تقیید مطلق کی وجہ سے مکروہ کہا تھا پھر

ے پیچھا کرنا ۔ ؎ گناہوں سے آلودہ ۔

تیسرے، زم زم کا پانی کھڑا ہو کر پینا بخاری اور مسلم میں روایت ہے ابن عباسؓ فرماتے ہیں پلایا میں نے رسول صلے اللہ علیہ والہ وسلم کو پانی زمزم کا پس پیا آپ نے کھڑے ہو کر الحاصل فقہاء رحمہم اللہ ان دونوں پانیوں کو قبلہ رو کھڑا ہو کر پینا مستحب اور مندوب لکھتے ہیں اس لفظ سے صاف تعظیم معلوم ہوتی ہے اور بعضوں نے یہ مسئلہ ان الفاظ سے لکھا ہے پانی کھڑے ہو کر پینا مکروہ نہیں اس سے بھی قیام تعظیمی ثابت ہو گیا یعنی کھڑے ہو کر پینے کی جو کراہت شرع میں تھی وہ بباعث عظمت ان دونوں پانیوں کے ساقط ہو گئی اس لئے کہ زم زم کا پانی حصول شفا کا سبب ہے اور اسی طرح وضو کا پانی بچا ہوا موجب شفا ہے شامی نے لکھا ہے کہ میرے بزرگ عبد الغنی نابلسی جب مریض ہوتے تھے وضو کا باقی پانی بارادۂ حصول شفا پیتے تھے موافق فرمان سچے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پس آرام ہو جاتا تھا ان کو انتہی کلامہ الشامی، یہاں ایک بات اور بھی حاصل ہوئی یعنی کھڑے ہو کر پانی پینا مکروہ ہے شرع میں لیکن جب آب زم زم اور آب بقیہ وضو کی عظمت پر خیال کر کے کھڑا ہو کر پیئے تو بقصد تعظیم کے سبب کراہت جاتی رہتی ہے پس بفرض محال اگر قیام تعظیمی مکروہ بھی ہوتا تب بھی جو لوگ بارادۂ تعظیم شان مصطفائی کھڑے ہوتے ہیں چاہیئے ان کے لئے درست ہو جاوے مکروہ یا شرک یا حرام ہونے کے کیا معنی ہیں؟ چوتھا کھڑا ہونا جس وقت عمامہ باندھے بعض فقہا اس کو مستحسن کہتے ہیں پانچویں کھڑا ہونا وقت سماع اذان کے در مختار میں ہے ویندب القیام عند سماع الاذان، و در فتاوی برہنہ آوردہ چوں آواز اذان بر آید باید کہ حاشی بایستد و نشستہ زانو زند بر سبیل تعظیم نزدیک تر کند چھٹا کھڑا ہونا واسطے تعظیم مطلق ذکر کے تفسیر شافی میں ابن عمر اور عروہ بن زبیر اور ایک جماعت سے روایت ہے کہ وہ سب نکلے اور گئے عید گاہ میں پھر وہ ذکر اللہ کرنے لگے ان میں سے بعضوں نے یہ کہا کہ کیا فرمایا نہیں اللہ تعالیٰ نے یذکرون اللہ قیاماً و قعوداً تب وہ سب کھڑے ہو گئے اور ذکر اللہ کرنے لگے کھڑے ہو کر ساتواں کھڑا ہو کر مدح اور مفاخر رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی پڑھنی صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت حسانؓ منبر پر کھڑے ہو کر اشعار فخریہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھتے تھے آٹھواں کھڑا ہونا دست بستہ وقت زیارت رسول مقبول صلے اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے روضۂ مطہرہ کے علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام الی یوم القیام جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے نواں جب کوئی اپنا پیشوا مجلس سے اٹھے اس کی معیت میں تعظیماً کھڑے ہو جانا چنانچہ مشکوٰۃ میں ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں ہم کو حدیث سناتے تھے جب آپ اٹھتے ہم بھی سب کھڑے ہو جاتے تھے اور جس وقت تک آپ گھر میں داخل نہ ہو جاتے ہم کھڑے رہتے تھے علاوہ ان آٹھ مقامات کے اور بھی مواضع میں قیام آیا ہے جس کی نظر فتاویٰ اور احادیث پر ہوگی وہ دیکھ لے گا الحاصل ان تمثیلات سے یہ ثابت ہو گیا کہ قیام مخصوص فقط تعظیم آنیوالے کے لئے نہیں بلکہ اور بھی مقامات میں قیام پایا گیا ہے اور قدر مشترک سب میں یہ معتبر ہے کہ قیام جس امر میں کیا جاتا ہے اس امر کی تعظیم کا فائدہ دیتا

بسبب فساد عقیدہ عوام کے شرک تک کی نوبت پہنچی سو علامہ سبکی کا شوق میں کھڑا ہو جانا محل انکار نہیں اور اس خصوصیت مبحوثہ قیام میں کچھ اس سے ثبوت و استدلال نہیں اگرچہ یہ قیام مولود بوجہ تشریف آوری روح مبارک کے نہ ہو تو خصوصیت کی کراہت تو موجود ہے مگر مؤلف کی کوتاہ فہمی غضب ہے اب حضور ہی کو پلہ باندھ لیا اور سب امور سے عراض[1] اور نسیان ہو گیا اور استحسان قیام میں خصوصیت ہے تو در اصل منکر ہوئی ہے مگر مؤلف سے کسی اعتراض اور کسی مسئلہ کا جواب اور لطائف سے نہیں دیا جاتا وہی ایک داب ہے کہ علماء نے یوں کہا ہے یوں کیا ہے سو اس کا جواب بھی چند دفعہ ہو لیا کہ دلیل شرعی کے مقابلہ میں کسی کا قول لائق التفات کے نہیں اگرچہ صد ہزار ہوں اور حسن ظن سے ہم ان کے فعل کو محل حسن[3] پر حمل کرتے ہیں جیسا مذکور ہو چکا کیا بار بار تکرار کیا جاوے مؤلف کا تو بھی تمسک[4] بظاہر اس حد

۱ فراموشی ۲ جامع دلائل ۳ عمدہ معنی ۴ دلیل

اسی واسطے بزرگانِ دین طرح طرح کے مواقع تعظیم میں پایا گیا ازانجملہ احمد ابن حنبل و علی بن مدینی وغیرہ جلسہ تعظیم حدیث میں کھڑے رہتے تھے چنانچہ ہم یہ روایت سابقًا لکھ چکے ازانجملہ بہاء الدین ملک ظاہر کا وزیر قصیدہ بردہ کو برہنہ پا اور برہنہ سر کھڑا ہو کر سنا کرتا تھا اور اس کے گھر میں بہت خیر و برکت دین و دنیا کی اس سے حاصل ہوئی، کشف الظنون میں درباب قصیدہ بردہ لکھا ہے ولما بلغت الصاحب بهاء الدين وزير الملك الظاهر استنسخها ونذر ان لا يسمعها الا حافيا واقفا مكشوف الرأس وكان يتبرك بها هو واهل بيته ورأوا من بركاتها امورا عظيمة في دينهم ودنياهم ازانجملہ کھڑا ہونا ہمارے شیخ الطریقت امام الشریعت خواجہ خواجگان معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا واسطے تعظیم روضہ مرشد کے شیخ الاسلام خواجہ فرید الدین گنج شکر اپنے پیر قطب صاحب کے ملفوظات مسمیٰ بہ فوائد السالکین میں لکھتے ہیں کہ ایکبار خواجہ معین الدین قدس سرہ درباب سلوک وعظ فرما رہے تھے جب داہنی طرف نظر پڑتی تھی کھڑے ہو جاتے تھے ایک سو بار کھڑے ہوئے لوگ حیرت میں تھے بعد اختتام جلسہ ایک بے تکلف آدمی نے یہ عرض کی کہ آپ کیوں بار بار کھڑے ہوتے تھے فرمایا جب میری نظر میرے مرشد خواجہ عثمان ہارونی کے روضہ پر پڑتی تھی میں کھڑا ہو جاتا تھا اس لئے کہ پیر کی تعظیم حالت حیات و ممات میں برابر واجب ہے بلکہ بعد موت کے زیادہ انتہی کلامہ ازانجملہ جس وقت کسی صاحب معرفت کو عشق الٰہی میں وجد صادق ظاہر ہو تو جمیع حاضرین کو کھڑا ہو جانا چاہیئے، ذکر کیا یہ مسئلہ امام حجۃ الاسلام غزالی نے احیاء العلوم میں غرض منصف حق طلب کو مجموعہ ان احادیث و آثار صحابہؓ اور فعل مشائخ طریقت و مشائخ حدیث سے جو کچھ ہم نے یہاں تک لکھا خوب واضح ہو جاوے گا کہ بیشک قیام تعظیمی مخصوص کسی کے آنے کے ساتھ نہیں بلکہ اور امور کی تعظیم میں بھی قیام پایا گیا ہے پھر کیا ضرور ہے کہ قیام مروجہ محفل میلاد شریف کو تعظیم قدوم روح فیض لزوم کی وجہ سے کیا جاوے بلکہ اس میں محض تعظیم شان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نظر رکھی جاوے اور بیان اس کا یہ ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ حج میں ومن يعظم شعائر الله فانها من تقوى القلوب یعنی جو کوئی تعظیم کرے نشانیوں اللہ تعالیٰ کی یہ دلوں کی پرہیزگاری ہے، جو مولوی اسمٰعیل صاحب نے اولیاء اللہ کی محبت کو تعمیل اس آیت اور تعظیم شعائر اللہ میں شامل کیا ہے عبارت ان کی صراط مستقیم مطبوعہ میرٹھ صفحہ ۴۱ میں یہ ہے "اگر شک تأمل کنی دریابی کہ محبت امثال اہل کرام خود شعار ایمان محب و علامت تقویٰ او ست وذلك من تعظيم شعائر الله فانها من تقوى القلوب انتہی کلامہ جب اولیاء اللہ شعائر اللہ ہوئے تو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معظم شعائر اللہ ہوئے چنانچہ محبت اللہ میں شاہ ولی اللہ نے بھی صفحہ ۷ مطبوعہ بریلی میں آپ کو معظم شعائر اللہ میں شمار کیا ہے، جب آپ معظم شعائر اللہ ہوئے تو پیدا ہونا آپ کا گویا ظہور ہے اعظم شعائر اللہ کا اور ہم کو

ہر جگہ وہی مستنزاد پڑھتا ہے پس کسی نے نہیں کہا کہ رویت مقدم روح پر قیام منحصر ہے، محقق مؤلف کی سوء فہمی ہی نہیں ہر ہر قسم قیام میں کسی فرد کی تخصیص دائمی پر کراہت و بدعت کا دعویٰ اور اثبات ہے مگر مؤلف کم فہم کے فہم کی کوتاہی ہے بعد اس کے مؤلف نے مواقع قیام شمار کئے ہیں ہم کو ان کے رد و قدح کی ضرورت نہیں کیونکہ یا ان مواقع میں نص ہے یا ادب استحسان مشائخ کا کہ مستنبط نص سے ہے اور وہ مواقع مندوب اس محل سے مناسبت نہیں رکھتے کلام تخصیص میں ہے اگر کسی فرد قیام کی قیام منصوص و مندوب میں بھی تخصیص ہووے مثلاً کسی فرد و صور میں خصوصًا تو وہ بھی مکروہ ہو وے گا، جیسا تخصیص سورۃ کی صلوٰۃ میں بحث ہو چکی پس یہ کلام محض لغو ہے اور مسلّم ہے کہ قیام حضور و قدوم میں حصر نہیں مگر تخصیص فرد کی تو سب انواع قیام

ا تحاد کی ایک قسم ہے جو مستلزم

چاہیئے کہ اعظم شعائر اللہ کی عظمت دل میں پیدا کریں اور اس نعمت عظمیٰ کو بہت عظیم سمجھیں، جس کو فرمایا اللہ تعالیٰ نے وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور احسان رکھا اللہ تعالیٰ نے ہماری گردنوں پر ان کے وجود باجود کا حیث قال تبارک وتعالیٰ لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیہم رسولا الایۃ پس جس وقت تذکرہ آپ کا باداب وتعظیم اور ظہور جاہ وجلال جو وقت ولادت باسعادت آفاق عالم میں وہ انوار وآثار جلوہ گر تھے بیان ہوتا ہے دل کے رگ وریشہ میں اس وقت کا جلوہ سما جاتا ہے اور آنکھوں کے آگے نقشہ حضور ملائکہ وحور عین کا جو وقت میلاد شریف کا سماں بندھ جاتا ہے لابد دل بھر جاتا ہے عظمت شان حضور سے اور پیدا ہوتی ہے دل میں تعظیم عظیم اس وقت کھڑے ہو جاتے ہیں سب باداب وتعظیم اور بدلتے ہیں ہیئت جلوس کو قیام سے چنانچہ شرع شریف میں ظاہر کو عنوان باطن قرار دیا ہے اگر قلب میں توحید اور رسالت کی تصدیق ہے تو اقرار باللسان اس کی تطبیق ہے اسی طرح اگر دل میں اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کی خواہش اور حاجت ہو تو دعا میں دونوں ہاتھ بھیک مانگنے والوں کی طرح پھیلا دینا سنت ہے تاکہ نقشہ ظاہر وباطن کا ایک ہو جائے اسی طرح جو پائے گا اس معنی کو بہت مثالیں شرع شریف سے مل جاویں گی انا محمد جید مثالیں دافع الاوہام میں درباب زینت محفل مذکور ہیں خلاصہ یہ کہ اس وقت اظہار عظمت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے جو کہ دل میں بھری ہوئی ہے قیام کیا جاتا ہے تاکہ ظاہر وباطن دونوں ایک ہو جاویں جس طرح دل کے اندر حضور کی عظمت ہے اور اسی طرح قیام باداب وتعظیم اس عظمت کا نقشہ اور صورت ہے اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مجلس میں حاضر نہ ہوں لیکن آپ کا ذکر ظہور تو موجود اور ظاہر ہے ذکر ظہور کی تعظیم بعینہ آپ کی تعظیم ہے اور آپ کی تعظیم خدا کی تعظیم ہے جیسا کہ شاہ ولی اللہ نے صفحہ ۲ حجۃ اللہ میں لکھا ہے حتی صار تعظیمہا عندہم تعظیما للہ یعنی ان شعائر کی تعظیم اللہ ہی کی تعظیم ہے ان کے نزدیک اور موافق اس مضمون کے ہم آیتیں بھی لکھ چکے ہیں وہی من یطع الرسول فقد اطاع اللہ، ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ۔ سوال جب قیام واسطے تعظیم ذکر کے ہوا تو ذکر اول سے آخر تک آپ ہی کا ہے یہ شروع میں یا تمامی یا کسی وقت میں قیام ہو جایا کرے خصوصیت وقت ذکر ولادت شریف کی کیا ہے؟ جواب جس سبب سے اس محفل کا نام محفل مولد شریف ہوا ہے وہ یہی ذکر ولادت باسعادت ہے کیوں کہ مولد کے معنی ولادت کے موجود ہیں یہ ذکر نہ ہو اور تمام جہاد اور بہادری اور معراج وغیرہ کا حال پڑھ دیا کریں اس کو عرف

میں بدعت ومکروہ ہے۔ معلوم کہ اس بحث سے کیا فائدہ اور کیا حاصل سوائے تطویل کے حاصل ہو پس یہی جواب سب کا ہے کہ جس قدر انواع مؤلف نے شمار کی ہر ایک نوع میں اگر تخصیص کسی فرد کی ہووے گی مکروہ ہوگا اور قیام ذکر ولادت کا اگرچہ بلا عقیدہ حضور کے شرک نہیں مگر تعیین کی بدعت سے بھی خالی نہیں ہو سکتا پس ساری طویل تقریر مؤلف کی محض تکرار بے سود ہے اور اس قیام تعظیم کا جس کو وہ ثابت کرتا ہے کوئی منکر نہیں **قولہ** سوال جب قیام واسطے الخ **اقول** مؤلف نے اپنے فہم رسا کے دھندے میں بہت کچھ سر مارا مگر کراہت تخصیص رفع نہ ہوئی اس پر یہ سوالات ثلثہ لکھ کر اس کو رلانا ملانا چاہتا ہو مگر سوائے حرمان کے اور ظہور خوبی فہم عالی کے کوئی ثمرہ نہیں، مؤلف جواب اول تعیین کا یہ دیتا ہے کہ یہ مجلس اس کے نام کی مسمی ہوئی اور ذکر ولادت کے واسطے ہی منعقد ہوئی تو غرض موضوع لہ مجلس کا ذکر ولادت ہے اور وجہ تسمیہ بھی یہی ہے اس واسطے مقصود اصلی پر قیام کی تخصیص ہوتی ہے۔ جواب کوئی مؤلف کے منہ میں شکر ڈالے کہ موضوع لہ اور مسمی ہونے سے خصوصیت کا ہونا بھی تو وہی تخصیص مطلق کی ہے اس تخصیص کی کیا دلیل ہو موضوع لہ و وجہ تسمیہ محفل کا ہونا تو دلیل شرعی نہیں پس یہ تو عین تقیید نص بالرائے واصطلاح بھیرٹی اور یہ خود حرام ہے اور جو اس پر کوئی حجت ہے تو پیش کرے سبحان اللہ کیا عجب عذر ہے اس کو بھی کہتے ہیں کہ عذر گناہ بدتر از گناہ کہ تعظیم مطلق ذکر کے واسطے قیام مندوب تھا مگر موضوع لہ محفل کا ولادت کا ذکر ہونا مخصص ہو گیا اور جس سے بھاگنا تھا وہی طوق

۴ مولوی اسمٰعیل صاحب صراط مستقیم مطبوعہ میرٹھ کے صفحہ ۱۶ میں لکھتے ہیں؛ از فروع حب منعم است تعظیم شعائر او وعلم تعظیم نام او و کلام او و دیار او بود اور جب آپ کی تعظیم دل میں ہوئی تو آپ کے نام اور بیان اور ذکر کی تعظیم بھی ہوگی تو یہ ذکر کی تعظیم بھی بعینہٖ آپ کی تعظیم ہے۔

۱ فروعی ۲ نتیجہ ۳ دلیل قطعی کی رائے سے مقید کرنا ۴ گناہ کا عذر گناہ سے بدتر ہے

میں محفل مولد شریف کوئی نہیں کہے گا اور جو کوئی کہے گا تو اسم مطابق مسمّیٰ کے نہ ہوگا اور دوسری وجہ یہ کہ ایجاد اس محفل کا بھی اسی بنا پر ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کریں کہ اس نے پیدا کر دیا ہمارے لئے ایسا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جیسا کہ علامہ ابو شامہ استاد نووی نے فرمایا دو وجہ کے سبب جو موقع اسی ذکر خاص یعنی ولادت کا ہوتا ہے اسی وقت اظہار سرور و فرحت اور تفصیل آداب عظمت زیادہ تر کیجاتی ہے بجوں کہ اصل منشاء محفل کا یہی ذکر خاص ہے باقی اور فضائل کا بیان اول و آخر تبعاً ہوتا ہے **سوال** نام حضرت کا اذان وغیرہ بہت موقع میں آتا ہے وہاں نہیں کھڑے ہوتے **جواب** الزامی یہ ہے کہ ایسے معترضوں کو یہ کہا جاوے کہ اچھا اگر ہم ہر بار جب ذکر حضرت کا آوے اور کہیں آوے کھڑے ہوتے لگیں تم قائل ہو جاؤ گے اور ہمارے ساتھ ہر دفعہ تم بھی کھڑے ہوا کرو گے یا نہیں اگر وہ کہیں کہ ہم تو جب بھی نہیں کھڑے ہوں گے تو جواب ان کو دیا جاوے کہ تم پھر کیوں محبت کیوں کرتے ہو تم تو ایمان لانے والے ہی نہیں پھر خواہی نخواہی معترض ہو اور سمع خراشی سے کیا حاصل اور اگر وہ کہیں کہ ہاں اگر تم ہر بار کھڑے ہوا کرو گے تو ہم بھی کھڑے ہوا کریں گے تو جواب دیا جاوے کہ جس دلیل سے تم ہر بار کھڑا ہونا جائز سمجھو گے وہی اس محفل کے قیام میں بھی دلیل جاری کرو اور جواب تحقیقی وہ ہے جو اوپر گزرا اور بالتفصیل جواب دافع الاوہام میں ہے **سوال** اگر یہ قیام واسطے ذکر ولادت شریف کے خاص ہوا کہ اس میں معنیٰ قدوم کے ہیں تو بہت وقتوں میں ذکر مقدم شریف احادیث وغیرہ میں ہوتا ہے مثلاً قرآن شریف میں ہے لقد جاءکم رسول اور حدیث ہے ولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم مختوناً اس وقت کیوں نہیں کھڑے ہوتے علاوہ بریں بہت مشہور آپ کی ولادت شریف کا مضمون کسی شعر میں یا فقرہ سطر میں چلتے پھرتے زبان پر آجاتا ہے وہاں بھی کوئی نہیں کھڑا ہوتا؟ **جواب** بنی آدم پر غفلت طاری ہے اللہ تعالیٰ کے نام کسی خاص موقع میں جب دل راغب الی اللہ ہوتا ہے وہاں تو شوق ذوق سے کہتے ہیں جل جلالہ جل شانہ وعم نوالہ باقی اکثر اوقات میں دل اس کے جلال سے بے خبر ہوتا ہے سیکڑوں باتوں میں اللہ تعالیٰ کا نام آتا ہے جل جلالہٗ وغیرہ

تعیین مطلق کا گلے میں پڑ گیا گویا جواب اعتراض کا خود اعتراض ہی کو بتاتا ہے اس فہم کو غور کرنا لازم ہے دوسرا سوال بھی بعینہٖ پہلا ہی سوال ہے وہاں سارے ذکر فخر عالم میں سے ایک ذکر ولادت کی تخصیص تھی یہاں مطلق ذکر نام فخر عالم میں سے ذکر ولادت کی تخصیص ہے مطلب وہی تخصیص فرد کی ہے مگر مؤلف عوام کے نزدیک اور اپنے زعم میں اپنا وسعت ذہن و علم جتلاتا ہے اور علماء کو ہنساتا ہے اور اظہار اپنی کم مائگی اور جہل کا کر کے تماشا دکھاتا ہے تو اب اس جواب کو غور کرنا کہ اگر با تعیین ہر دفعہ کے قیام کو قبول کریں تو دلیل جواز قیام مخصوص کی ہو جاوے گی دیکھو اس کم فہمی کو کہ با تعیین ہر دفعہ کے قیام کو مندوب کہتے ہیں اور تخصیص کو مکروہ تو ہر دفعہ کا قیام دلیل تخصیص کی کس طرح ہو سکتی ہے وہ تو دلیل کراہت تخصیص کی ہے مطلق قیام علی الذکر تو ذکر ولادۃ کے قیام کی دلیل بے شک ہے کیوں کہ مطلق کا جواز دلیل ہر ہر فرد مقید کے جواز کی ہوتا ہے مگر جواز مطلق کا تو تخصیص فرد کی کراہت کی دلیل ہے نہ دلیل جواز کی مؤلف کی کچھ فہم و عدم علمیت کی محبت کس قدر ہویدا ہے عالم ہے پھر اس پر دعویٰ افراغ علمی کا، دوسری شق کہ اگر تم ہر دفعہ نہیں اٹھتے تو کیوں معترض ہوتے ہو یہ بھی نادانی مؤلف کی ہے کیوں کہ با تعیین مندوب پر دواماً عمل نہ کریں تو بدعت تخصیص کو منع بھی نہ کریں یہ کون سا قاعدہ دین کا ہے کہ یا تو تم اس مندوب پر التزام کرو ورنہ ہم بدعت تخصیص پرست زجر کرو، سبحان اللہ کیا مؤلف کا علم ہے مندوب تو مندوب ہی ہے واجب نہیں پس مؤلف کے نزدیک تارک مندوب اگر نہی عن المنکر کرے تو بیجا کرتا ہے اور عاصی کو یہ جواب پہنچتا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ، مؤلف کا فہم خبط ہو گیا ہے

---

۱ ظاہر ۲ وسعت ۳ ہمیشہ ۴ ڈانٹ ڈپٹ ۵ ممنوع سے روک

الفاظ تعظیم کچھ بھی زبان پر نہیں لاتے بس اسی طرح حال قیام ہے کہ بعض حالات میں نام رسول آتا ہے دل کو ذہول اور غفلت ہوتی ہے
برخلاف مجلس کے کہ یہاں تو ہر قسم کے سامان آداب و تعظیم موجود ہیں خواہی نخواہی ہر عامی کی بھی آنکھیں کھلجاتی ہیں تعظیم بجالاتے ہیں
دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر ہم قیام کو فرض یا واجب کہتے تب یہ اعتراض پڑتا کہ کسی موقع میں بھی ترک جائز جب فرض نہیں بلکہ مستحب اور

تیسرا سوال بھی وہی سوالِ اول ہے کہ ذکر ولادت محفل کو مطلق ذکر ولادت سے کیوں مخصص بالقیام کیا اور وہ بھی تخصیص مطلق کی یہاں
بھی ہے تو اس کا جواب مؤلف نے نہایت عجیب علم و فہم کے ساتھ دیا کہ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قیاماً ذہول
دائماً ہوتا ہے مجلس ہی یاد آجاتا ہے پس اول تو وجہ تخصیص قیام کی ذکر فخر عالم میں .. کیا ہے ذکر اللہ تعالیٰ احق تھا پھر ذکر فخر عالم میں
ذکر ولادت کی کیا تخصیص ہے کوئی کسی طرح کا ذکر ہو اس میں قیام ہووے پھر ولادت میں بھی مجلس ہی کی کیا وجہ تقید ہے کسی وقت ہو اور
پھر مجلس میں بھی خاص اسی وقت میں کہ ذکر کیفیت ولادت کا آوے ان سب خصوصیات کو حذف اور پس پشت ڈال کر ایک خصوصیت کا
ذکر کرتا ہے اور یہ غفلت تمام عالم خاص عام پر ایسی کہ کبھی ہرگز آنکھ نہیں کھلتی کیسا ہی آپ کے نام و احوال مذکور ہوں سوائے وقت مخصوص
کے ہوش نہیں آتی اور ذکر حالات میں بھی جو ذکر ولادت ہو جاوے جب بھی خبر نہ ہو خاص کیفیت مخصوص کے وقت غفلت رفع ہو یہ
کسقدر کذب محض ہے اور معہذا شان فخر عالم کے کسقدر اظہار اپنی غفلت کا ہے اور اس معصیت کے بیان میں کیسی جرارت ہے اور
پھر دعویٰ اتباع اور محبت کا معاذ اللہ اور حق تعالیٰ کے نام پاک پر تو کبھی رات دن میں ایک آدھ دفعہ جل شانہ یا کوئی کلمہ نکل بھی جاتا
ہوگا، مگر فخر عالم کے نام یا ذکر و حالات ولادت پر تو قیام کبھی یاد آتا ہی نہیں اور قیام حق تعالیٰ کے نام پر تو گویا مشروع رہا ہی نہیں خاص
فخر عالم کی ولادت اور ولادت بھی خاص ایک وقت و کیفیت سے ہو گیا ہے کیسا کذب محض اور جرارت ہے گویا تمام دنیا میں غفلت کا
ابر چھا گیا معاذ اللہ نہیں بلکہ یہ سب معاصی آفات اپنے اوپر لینا اور تمام دنیا کو غافل بنانا محض اپنی بدعت عذر کذب کے واسطے
ہے اور بس مؤلف کو شرم نہیں آتی کیسے عجیب نام گستاخ کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ایسے لوازم تعظیم دیکھ کر خواہی نخواہی ہر عامی کی بھی آنکھیں
کھلجاتی ہیں سو اول تو خواہی نہ خواہی اسی وقت آنکھ کھلتی اس شوخ چشمی کو دیکھو دوسری کی علم تو کیا مؤلف اور جملہ خواص کی بھی خواہی نخواہی
اسی وقت آنکھ کھلتی ہے اور باقی تمام عمر غافل تعظیم سے رہتے ہیں اور جو یہ کہیے کہ اور تعظیم درود و سلام کی کرتے ہیں قیام کی نسبت یہ ہے تو
اگر قیام تعظیم ضروری ہے تو پھر وہی تخصیص کا اعتراض رہا اور جو بدون اس کے تعظیم ہو سکتی ہے تو بھی اس کی یہاں خصوصیت مناقشہ طلب
رہی جواب ہی کیا خاص مؤلف نے اپنے منہ میں بھر اایسا شوخ کلام بھی کیا شان فخر عالم سے اپنی غفلت و بے پروائی بھی بیان کی اور پھر
کچھ بھی نہ ہوا اور کیسی غفلت کہ کوئی مذکر ہی اُس کا نہیں سوائے سامان عشرت اور اختلاط بدعت کے لاحول ولا قوۃ الا باللہ لہٰذا اس
خواہی نخواہی قیام تعظیم کو بدعت ضلالہ مانعین کہتے ہیں جس کے بیان تخصیص میں مؤلف چکر کھاتا ہے اور اپنے دین و دنیا کو خراب کرتا
ہے اور ان پر بلاوجہ نقص گستاخی کا کرتا ہے اور اپنی شوخی و گستاخی کو خیال بھی نہیں کرتا جو حق واقعی ہے استغفر اللہ اور دوسرا جواب
کہ قیام فرض نہیں کہ ہر دفعہ کرنا ضرور ہو جہاں سب اسباب تعظیم ہیں اسے بھی کرتے ہیں تکمیل کے واسطے ورنہ جہاں کوئی نہ ہو تو یہ بھی نہ ہو تو
کیا حرج ہے استغفر اللہ استغفر اللہ یہ جواب کس قدر مانع اور بے ادب ہے کیوں کہ مانعین کب فرض کہتے تھے وہ سب جگہ اس کو مندوب
ہی کہتے ہیں کہ سب جگہ تو ایسا مندوب کہ بالکل متروک ہی ہے اور یہاں یہ مندوب ہے مجلس میں تکمیل آداب کے واسطے کرتے

ا غفلت ۲ تعذر ۳ گناہ ۴ اعتراض ۔۔۔ ۵ ایسا مفروض کہ مذہب کا درجہ ہی اسکو نہ رہا

مستحسن کہتے ہیں تو موقع محفل میں کہ وہاں جمیع امور استحسان و آداب موجود و مہیا ہیں قیام بھی کرتے ہیں تاکہ لوازم اکرام بتمامہ مکمل ہو جاویں اور جہاں جمیع لوازم آداب منتفی ہیں وہاں یہ بھی نہ ہوا تو کیا حرج ہے خالی قیام کیا پکار کرے گا باقی رہی یہ بات کہ تلاوت قرآن شریف و قرأت حدیث میں جو یہ ذکر آوے وہاں کیوں نہیں کھڑے ہوتے جواب اس کا یہ ہے کہ ہر عمل کی ایک خصائص ہوتی ہے کہ وہ سب جگہ نہیں کئے جاتے اس وقت ایک مثال کہی جاتی ہے اور مثالیں اس کی بہت ہیں شاہ ولی اللہ صاحب قول جمیل میں لکھتے ہیں، جب کوئی کسی زبردست سے ڈرتا ہو جس وقت اس کے سامنے جاوے پڑھے کہیعص کفیت اور ہر حرف پر ایک انگلی داہنے ہاتھ کی بند کرتا جاوے پھر پڑھے حمعسق حمیت اور ہر حرف حرف پر ایک انگلی بائیں ہاتھ کی بند کرتا جاوے پھر اس ظالم کے سامنے دونوں مٹھی کو کھول دے انتہی اب سمجھنا چاہیے کہ یہ مٹھی کا بند کرنا اور

ہیں اور جگہ نہ ہوا تو کیا حرج ہے وہی اعتراض کو تسلیم کر لیا تو گویا کہا کہ ہاں بدعت ہے تو کرتے ہیں کیوں کہ یہاں تکمیل کے واسطے ہر روز لگا ہوتا ہے تو مثل واجب کے ہوا اور جب کہ نہ ہونے میں کچھ حرج نہیں تو کبھی ہوتا ہی نہیں یہی تو بدعت تھا یہی تو معترض کہتا تھا اس کو ہی مؤلف تسلیم کر رہا ہے بھلا اس عقل کو دیکھنا چاہیے اس سے بڑھ کر یہ کہتا ہے کہ جہاں سب اسباب تعظیم مرتفع ہوں تو یہ بھی نہ ہو تو حرج نہیں یہ کیسی سخت گستاخی ہے کیوں کہ تعظیم آپ کی ہر دفعہ واجب ہے گو ایک مجلس میں تداخل کا مذہب ہے مگر ہر جلسہ میں ایک دفعہ آپ کے نام و ذکر پر تعظیم ضروری ہے جب سب اسباب تعظیم مرتفع ہوں تو قیام ہی کرنا چاہیے تاکہ عظمت سے خالی نہ رہے یہ کہتا ہے کہ کوئی امر تعظیم ہو تو قیام بھی نہ ہو تو حرج نہیں تو تمام اوقات میں سوائے وقت خاص کے تعظیم کی اگر کوئی فرد بھی نہ ہو تو مؤلف کم عقل کے نزدیک حرج نہیں الہٰی توبہ الہٰی توبہ کبرت کلمۃ تخرج من افواههم ان یقولون الا کذبا اور پھر کہتا ہے کہ خالی قیام کیا پکارے گا تو معلوم ہوا کہ قیام تعظیم کی فرد کچھ معتد بہ نہیں لغو ہے کہ تنہا کچھ بکار نہیں کرتی ایں گل دیگر شگفت[1]، اگر مؤلف کے نزدیک یہ قیام کچھ تعظیمی بکار نہیں کرتا تھا تو کیوں اس قدر اوراق اپنے سیاہ کئے اور ایسی حرکت لغو کے اثبات میں وقت ضائع کیا افسوس انہماک بدعت نے مؤلف کو ایسا خوار کیا کہ شان فخر عالم میں بھی گستاخ کلامی کرائی اور فہم کلام غیر سے تو عاری تھا ہی اپنے کلام کا حاصل و مآل بھی نہیں سمجھتا اگرچہ یہ کہے کہ قیام تکمیل تعظیم ہے خود امر تعظیم نہیں تو قطع نظر اس قول کے غلط فاحش ہونے کے پھر وہی نقض ہوگا کہ تکمیل تعظیم سوائے ذکر ولادت کے کیوں نہیں ہوتی یہاں کیوں مثل واجب ٹھہری اور دوسری جگہ کیوں مثل مکروہات کے متروک بنی غرض یہ کیسی واہی بے معنی اور گستاخ کلام ہے کہ العظمۃ للہ تعالیٰ اب زیادہ کیا لکھوں مگر تعجب ہے کہ اول اولیاء و علماء پر زبان درازی کی تھی اب رفتہ رفتہ فخر عالم کی شان میں بھی زبان چل گئی گو قصد گستاخی نہ ہو مگر زبان جس امر کی معتاد ہوتی ہے اور جو کچھ قلب میں بھرا ہوتا ہے وہی نکلتا ہے الاناء یترشح بما فیہ، وہ زعم علم کا اور کبر و خود پسندی کا اپنا ظہور سب جگہ کرتا ہے لا حول ولا قوۃ الا باللہ **قولہ** باقی رہی یہ بات کہ تلاوت الخ **اقول** خصوصیۃ اعمال اخروی و عبادت کی شارع کے ارشاد سے معلوم ہوتی ہے عقل کو دخل نہیں ثواب و عقاب اور حدود و تعظیم اور محال توقیر کما کیفا سب خلاف قیاس ہیں شارع کے امر بغیر معلوم ہرگز نہیں ہو سکتے اگرچہ صحابی ہی ہو عقل سے نہیں کہہ سکتے پس یہ خصوصیت قیام خاص میں کس نص سے معلوم ہوئی مؤلف بتا دے تمام نصوص تو اس تخصیص کو بدعت بتلا رہے ہیں، مگر ہاں مؤلف نے عمل آخرت کو مثل دنیا جیسا ہی جانا ہے کہ مثال عمل قول جمیل کی دیتا ہے یہ قول جمیل کا عمل امور دنیا کا ہے اس میں کوئی ثواب عقاب کی بات نہیں عقل سے یہ امور نکالے ہیں دنیاوی امور ہیں امور آخرت تو ایسے نہیں ہوتے ذرا ہوش کرے مولود تو مؤلف کے نزدیک نجات آخرت کے واسطے تمام اعمال سے بڑھا ہوا ہے گیا اب اس تقریر

[1] ترجمہ: دوسرا گل کھلا کے ذلیل۔

کھولنا خاصہ اس عمل کا ہو تو اب اگر کوئی اس کو کہنے لگے کہ یہ تو قرآن شریف کے حروف ہیں جب کوئی قرآن میں کہیعص، حمعسق پڑھا کرے وہاں بھی انگلیاں بند کیا کرے اور کھولا کرے سب عاقل کہیں گے کہ اے سبحان دہ تو خاصہ اُس عمل کا ہے اسی عمل کے ساتھ مخصوص رکھنا چاہیے جب قرآن پڑھیں تب قرآن کے آداب ملحوظ رکھنا چاہئیں پس اسی طرح مولد شریف ایک عمل ہے واسطے حصول خیر و برکت وغیرہ کے چنانچہ ابو سعید بورانی و سخاوی و علی قاری وغیرہم نے اس عمل کرنے سے برکات کثیرہ کا حاصل ہونا بیان کیا ہے کہ حصولِ منافع دینی و دنیوی کے لئے اس عمل کو بہت اہلِ اسلام بلاد اسلامیہ میں کرتے ہیں اور یہ بھی ظاہر ہے کسی سے مخفی نہیں کہ مشائخ عظام اور علمائے کرام نے اس عمل میں خاصۃً نزدیک ذکر ولادت کے قیام کیا ہے پس خاصہ ٹھیر گیا یہ قیام اس عمل کا اس موقع میں بنا بر علیہ جاری نہ کیا جاوے گا یہ قیام جمیع مواقع خارجی میں مثل تلاوت قرآن اور حدیث کے پس قرآن شریف پڑھنے میں جو کچھ وعظ یا تلاوت قرآن کے آداب معینہ ہیں وہ بجالاویں گے اور اس عمل میں خصائص اس عمل کے اور جواب اس اعتراض کا دافع الاوہام میں دوسری تقریر سے مذکور ہے طالب حق کو چاہیے اس کو بھی دیکھ لے واضح ہو کہ پیش کیا تھا اس عاجز پر ایک عالم منطقی نے یہ اعتراض جس وقت پایا مجھ سے یہ جواب ساکت ہوا اور باقی اعتراضات متفرقہ درباب قیام و مجلس میلاد لمعہ سابعہ میں آویں گے **لمعہ سادسہ** یہ اعتراض کہ محفل مولد شریف میں اشعار مخاطب حاضر کے پڑھتے ہیں بہ نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالانکہ آپ غائب ہیں نظر سے یہ شرع میں جائز نہیں بلکہ کفر ہے **جواب** اس کا یہ ہے کہ یہ بات تو معلوم ہوتی ہے کہ عالم الغیب بالذات وہی ایک ہے جل جلالہ آسمان و زمین میں کوئی نہیں جو بغیر اللہ کے الہام وکشف کر دینے کے خود بخود یقینی طور پر امور غیبیہ کو جان لے اور یہ بھی کہ کوئی ایسا نہیں جو عرش سے لے کر تا تحت الثریٰ

بدعت کے حکم میں اگر بھول گیا یہ عمل تو ابو لہب کافر نجس کو بھی تخفیف[1] دینے والا ہے پس اس کی خصوصیات رائے سے کس طرح ثابت ہووں گی بالآخر جب کچھ کام نہ چلا تو مؤلف پا یہ بندی تجویز اس قیام میں کہتا ہے کہ یہ عمل ہے خیر و برکت کا پس اگر محض دنیا کی زیادۃ کا عمل ہو تو قصہ طے ہوا اور حوم مرکب ہے تو پھر بوجہ آخرت کے عمل ہونے کے خصوصیت کے واسطے نص واجب ہے الحاصل خبط کلامی مؤلف پر تمام ہوئی اور سوء فہم کا اس پر خاتمہ ہے ایک گھر بناتا ہے دس گھر گراتا ہے آگے پیچھے کی کچھ تمیز نہیں اور نہ فہم سے کچھ تعلق محض الفاظ کی تطویل مد نظر ہے اور پھر آخر میں مؤلف نے علمائے کرام کو اپنی کم فہمی کا شریک بنایا اور وہ ہی فعل علماء کی حجت لایا کہ بدون اس کے کوئی چارہ و مفر اس کو نہیں ملتا اور نہ کوئی اس کے پاس دلیل سوائے اس کے ہے اور اس کا حال بھی لکھا گیا کہ ان علماء کے فعل کو مؤلف نہیں سمجھتا پس اب طالبین حق کا تو دل مؤلف کی ہی تقریر سے سیر ہو گیا اور سب حب فخر عالم کی اور اتباع اور دیانت اور علم و فہم اس کا واشگاف[2] ہو گیا اب دافع الاوہام بھی مؤلف صاحب ہی تالیف و نتیجہ افکار والا ہے اس کو دیکھ کر سن کر کیوں کان کے کیڑے جھاڑیں گے اور کسی طفلِ جاہل کو شاید آپ نے یہ جواب دیا ہو گا ورنہ عالم تو اس تقریر سے کیا ساکت ہوتا ہاں اگر مؤلف کو لا یعقل[3] جان کر ساکت ہو گیا ہو تو کیا عجب ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ

قولہ لمعہ سادسہ یہ اعتراض کہ محفل مولود میں الخ **اقول** چونکہ مؤلف کی عادت ہے کہ سائل کے سوال کو ناتمام سمجھ کر نقل کرتا ہے لہٰذا اصل تقریر کرتا ہوں کہ

ندا و خطاب غائب کی کون سی قسم ناجائز ہے اور اس کے جواز میں مؤلف کے دلائل بے اصل ہیں

ناظرین اس کو خیال رکھیں یہ عقیدہ اتفاقی ہے کہ ندا و خطاب اگر فخر عالم کو اس عقیدہ سے کرے کہ آپ بلا واسطہ استقلالاً سنتے ہیں شرک ہے خواہ بضمن صلوٰۃ ہو خواہ بغیر اس کے کسی وجہ سے ہو اور جو عقیدہ نہیں بلکہ یہ عقیدہ ہے کہ جب حق تعالیٰ چاہے جس شے کو چاہے آپ پر

---

[1] سہولت [2] ظاہر [3] بے وقوف

ہر مکان ہر زمان ہر آن میں اللہ تعالیٰ کی طرح حاضر و ناظر ہو لیکن یہ معلوم نہیں ان لوگوں پر کون سی کتاب نازل ہوئی ہے جس میں یہ الفاظ لکھے ہیں کہ غائب کی
بہ نسبت الفاظ حاضر بولنے کفر ہیں ہم اس بات میں جزئی خاص پیش کرتے ہیں قسطلانی و زرقانی وغیرہ محدثین لکھتے ہیں آں حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے خصائص میں ہے ومنہا ان المصلی یخاطبہ بقولہ السلام علیک ایہا النبی والصلوٰۃ صحیحۃ ولا یخاطب غیرہ اس عبارت سے ثابت ہوا کہ نمازی عین نماز میں
خطاب کرتا ہے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور حاضر کا لفظ بولتا ہے کہ السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یعنی التحیات میں کہتا ہے سلام ہو تم پر
اے نبی اور اس خطاب کرنے میں نماز صحیح ہے اور دوسرے کو نماز میں خطاب نہیں کر سکتا یعنی اگر کرے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے انتہیٰ اور بعضے آدمی جو یہ
کہتے ہیں کہ یہ تو نقل نکالتے ہیں قصہ معراج کی اس میں خطاب حضرت کا مراد نہیں سو رد ہو گیا اس کا قول اس عبارت سے جو ہم نے نقل کی کہ اس میں صریح
لفظ یخاطبہ موجود ہے علاوہ ازیں شامی نے بھی رد کیا ہے کہ لا یقصد الاخبار والحکایۃ عما وقع فی المعراج اور در مختار میں بھی رد کیا ہے ویقصد بالفاظ
التشہد الانشاء کانہ یسلم علی نبیہ اور فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے السلام علیک ایہا النبی کی اس طرح شرح کی ہے کتاب تنبیہ میں یعنی یا محمد علیک
السلام غرضکہ جمیع معتبرین فقہاء و محدثین اس قول کو رد کرتے ہیں اور تحقیق یہی ہے کہ اس میں ارادہ کرے خطاب نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کہ سلام ہو
آپ پر یا نبی اللہ اور اگر حکایت قصہ معراج کا ارادہ کرے گا تو کم نصیب محروم رہے گا تعمیل امر الٰہی سے جو لفظ سلموا قرآن میں وارد ہے اس لئے
کہ قرآن میں سلام اس شخص سے خود مطلوب تھا اس نے اپنی طرف سے سلام نہ کیا بلکہ نقل حکایت کا ارادہ کیا الحاصل یہ دیکھئے کہ رسول صلی اللہ
علیہ وسلم نظر سے غائب ہیں پھر بھی آپ کو خطاب حاضر ہو رہا ہے نماز میں بعض کہتے ہیں یہ امر تعبدی ہے منقول اسی طرح ہوا ہے جواب یہ کلام تعبدی کی

منکشف کر دیا اور ملائکہ درود اور سلام پہنچاتے ہیں اور اعمال امت کے بھی آپ پر پیش ہوتے ہیں تو درست ہے اور جو محض شوق میں یہ کلمات
بدون اس عقیدہ سابق و آتی کے وہ بھی جائز اور یہ ہی مؤلف بھی کہتا ہے اس عقیدہ میں مؤلف خلاف مانعین کے نہیں پس سنو معترض
کہتا ہے اگر بعلم استقلال فخر عالم کے ندا و خطاب ہے تو شرک ہے اور جو بدون اس عقیدہ کے ہے تو عوام کے فساد عقیدہ کی تائید ہے
کہ عوام کا یہی عقیدہ علم مستقل کا ہے اور اس مجمع میں ہر قسم کا مبتدع و فساق موجود ہوتے ہیں لہٰذا اگر عقیدہ قاری کا درست ہو مگر عوام
کی وجہ سے مکروہ ناجائز ہے اور بوجہ فساد عوام کے شرح نفیس سے نقل ہو چکا کہ صلوٰۃ رغائب براءۃ مکروہ ہوئی ہے در مختار میں ہے وکرہ
حتی وصلک اس کی شرح میں توجیہات جواز کی الگ کر لکھا ہے ومجرد ایہام اللفظ ما لا یجوز کاف فی المنع کما قدمناہ انتہیٰ اور در مختار نے
تحقیق لفظ معقد العز من عرشک میں لکھا ہے ان مجرد ایہام اللفظ المعنی المحال کاف فی المنع من التلفظ بھذا الکلام وان احتمل معنی صحیحا
ولذا عاب المشائخ بقولہم لانہ یوہم ونظیرہ ما قال النبی انا مومن ان شاء اللہ تعالیٰ فانہم کرھوا ذلک وان قصد التبرک ورد
التعلیق لما فیہ من الایہام کما قررہ التفتازانی وابن الھمام انتہیٰ اب دیکھو کہ ایسا لفظ موہم معنیٰ ناجائز کا بولنا مکروہ ہوا پس خلاصہ
اعتراض یہ ہوا کہ عوام کا عقیدہ شرک کا ہے ایسے مجمع میں خواص کو صالح عقیدے سے بھی بولنا ایسے کلمہ کا ناجائز ہے پس اب مؤلف کے
جواب کو ملاحظہ کرنا چاہیئے کہ اس اعتراض کا جواب ندارد ہے بلکہ اعتراف عقیدہ معترض کا ہے مگر خواہ مخواہ ایک جزو لکھ ڈالا کہ جس کو
اعتراض کے جواب سے کوئی مناسبت نہیں **قولہ** لیکن یہ معلوم نہیں ان لوگوں پر الخ **اقول** مانعین پر کتاب اللہ نازل ہوئی ہے کہ جس میں علم
غیب مطلق خاصہ حق تعالیٰ کا لکھا ہے اور مؤلف بھی مقر ہے پس اس عقیدہ کا خطاب شرک ہے باعتراف مؤلف اور معترض بھی
اس کو ہی شرک کہتا ہے اور بدون اس عقیدہ کے بسبب ایہام شرک کے مکروہ کہتا ہے چنانچہ ردالمحتار سے نقل ہوا اور جو کچھ مؤلف

ہونے سے کام تمہارا نہیں چلتا اس لئے مگر خطاب جائز کہنے کی روایت تو موجود ہے اب یہ بتاؤ؟ غائب کو خطاب کا لفظ بولنے کی حرمت اور کراہت پر کونسی آیت یا حدیث ہے پیش کرو، عقلی گھڑی ہوئی باتوں کو الگ کرو اور یہ سمجھو کہ جب عبادت میں شریک کرنے کا حکم نہیں اور خاص اسی نماز میں خطاب آپؐ کا شریک کیا گیا تو باہر منع ہونے کی کیا دلیل اب ہم سے جواز کی روایت سنو شاہ ولی اللہ صاحب واسطے پڑھنے اوراد فتحیہ کے انتباہ میں لکھتے ہیں۔ "قریبہ نماز بامداد گذاردو چوں سلام دہد یاوراد فتحیہ خواندن مشغول شود کہ از برکات انفاس ہزار وچہار صد ولی کامل شدہ است الخ" حالانکہ اس اوراد فتحیہ میں جس کا دل چاہے شمار کرلے ستر ہ بار ندائے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ان الفاظ سے ہے الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ یا حبیب اللہ یا خلیل اللہ الی آخرہ علاوہ اس کے خود مولوی اسحاق صاحب مائۃ مسائل میں لکھتے ہیں "اگر کسی یا رسول اللہ بگوید برائے رسانیدن درود یا سلام جائز است انتہیٰ" یہ دیکھئے علماء باہر نماز کے بھی خطاب کرنا رسول اللہ کا جائز لکھتے ہیں اور شاہ ولی اللہ صاحب تو خود امر کرتے ہیں لیکن ابھی تک مانعین کو گنجائش ہے یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ خطاب تو درود و سلام کے ساتھ ہے اس کو فرشتے پہنچا دیتے ہیں اس لئے ہم ایسی نظیر پیش کرتے ہیں جس میں درود و سلام کے پہنچانے کی نیت سے خطاب نہیں بلکہ وسیلہ پکڑتا ہے ساتھ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کشف حاجت میں ابن ماجہ قزوینی باب صلوٰۃ الحاجت میں روایت کرتے ہیں عثمان بن حنیف انصاری صحابیؓ سے کہ ایک اندھا آدمی رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا کہ میری آنکھوں کے لئے دعا کیجئے آپؐ نے فرمایا اگر تو چاہے اسی طرح رہنے دے یہ تجھ کو اچھا ہے اور اگر چاہے دعا کراتا تو دعا کروں اس نے کہا دعا فرمایئے آپؐ نے حکم دیا اچھی طرح وضو کرو دو رکعت نماز پڑھو اور یہ دعا پڑھو اللّٰھم انی اسئلک واتوجہ الیک بمحمد نبی الرحمۃ یا محمد انی قد توجھت بک الیٰ ربی فی حاجتی ھذہ لتقضی اللّٰھم فشفعہ۔ یعنی یا اللہ میں اپنی حاجت مانگتا ہوں تجھ سے اور متوجہ ہوتا ہوں تیری طرف وسیلہ پکڑ کے حضرت محمدؐ کا جو نبی رحمت ہیں یا محمد میں متوجہ ہوتا ہوں اپنے پروردگار کی طرف آپؐ کا وسیلہ پکڑ کے اپنی اس حاجت میں تاکہ روا کی جاوے حاجت یا اللہ حضرتؐ کی شفاعت

نے زرقانی سے نقل کیا ہے سو اس میں یہ عقیدہ شرکیہ ہے اور نہ بسبب واجب ہونے تشہد کے ایہام کی کراہت ہو سکتی ہے کیوں کہ فرائض و واجبات میں ایسے امور کا لحاظ درست نہیں کہ واجب من اللہ تعالیٰ ہو چکا ہے مگر مدح خوانی مجمع جہلاء عوام میں کونسی حدیث سے ایسے خطابات واجب ہیں مؤلف اس کو بتا دے تاکہ یہ بھی درست ہو جاوے اور منع ایہام کا رفع ہو وے اور پھر تشہد اخفاء سے بھی ہے خلاف اشعار مدح کے ہاں اگر تشہد میں بھی کسی کا عقیدہ علم غیب کا بالاستقلال ہو وے گا وہ بھی شرک ہو جاوے گا اس میں کیا کلام ہے اطلاقات نصوص[3] قطعیہ اس کی شاہد ہیں پس ناظرین دیکھیں کہ مؤلف کا جواب کس اعتراض کا جواب ہے خواہ مخواہ روایت نقل کر دی ہے بس حکایت کی تقریر کی ضرورت نہ امر تعبدی کہنے کی حاجت خواہ مخواہ ایک طویل کلام کرتا ہے معترض کا مطلب آیۂ قرآن شریف سے ہے اور روایت فقہ سے ثابت ہو لیا کوئی عقلی بات نہیں کہی البتہ مؤلف کی عادت ہے کہ عقل نا تمام کے تکے گھڑا کرتا ہے جیسا جہلم وغیرہ میں اور مولود میں لکھتا ہے قولہ اب ہم سے جواز کی روایت الخ **اقول** اوراد فتحیہ میں سب جگہ صلوٰۃ سلام میں خطاب ہے جیسا تشہد میں تھا علیٰ ہذا مولوی محمد اسحاق صاحب کے کلام میں درود و سلام میں ہی جواز ندا و خطاب کا ہے اور یہ بوجہ ایصال ملائکہ کے ہے چنانچہ مسلم وغیرہ کی حدیث میں مصرح ہے اگر اس میں بھی عقیدہ شرکیہ ہو وے گا حرام ہو جاوے گا بلا خلاف پس جواب معترض کا اس سے بھی حاصل نہیں ہوا قولہ ابن ماجہ قزوینی الخ **اقول** اس وقت میں تو خود فخر عالم زندہ اس عالم میں تھے اور آپ

---

[1] وہم میں ڈالنا [2] ملائکہ کا مطلق ۔۔ موڑنا [3] وہ امر جو من جانب اللہ ؛ بسبب عادت ہوا اور اس میں غلطی کا کچھ دخل نہ ہو گئے تصریح شدہ

شفاعت قبول کیجئے میرے حق میں انتہی، اب دیکھئے یہ نماز حلِ مشکلات کے لئے حضرت نے تعلیم فرمائی اور اس میں اپنا خطاب یعنی یا محمد کہنا تعلیم فرمایا ہے اس مقام میں ایک تماشا ہوا ہے یعنی ایک بڑے عالم مشہور و معروف نے اس حدیث میں اعتراض کیا اور لکھدیا کہ اس کی اسناد میں ایک راوی عثمان بن خالد بن عمر آیا ہے اور تقریب میں اس کو متروک الحدیث لکھا ہے اس عاجز نے ابن ماجہ اور ترمذی میں یہ حدیث نکال کر اس کی اسناد نکالی تو ان دونوں محدثوں کی اسناد میں عثمان بن عمر نکلا اس کو تقریب میں متروک الحدیث نہیں کہا اور عثمان بن خالد بن عمر کو بیشک متروک الحدیث لکھا لیکن وہ اور آدمی ہے والحمد للہ علی ذٰلک اور یہ حدیث تو محدثوں کی پرکھی ہوئی ہے یہ کس طرح ضعیف اور غیر معتبر ہو سکتی ہے لکھا ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح اور نیز صحیح کہا اس کو بیہقی نے کذا فی شرح المواہب اور نیز لکھا ابن ماجہ نے قال ابو اسحٰق ہٰذا حدیث صحیح اور روایت کیا اس حدیث کو آٹھ ائمہ حدیث نے، ابن ماجہ، ترمذی، نسائی، حاکم، بیہقی، طبرانی۔ ابو نعیم نے اور بخاری نے اپنی تاریخ میں بھلا ایسی حدیث میں زبان درازی کر کے اگر کوئی مغالطہ دینے لگے تو کب ہو سکتا ہے خلاصہ یہ کہ جب اس اندھے نے نماز پڑھ کر یہ دعا مانگی تو بخاری اور بیہقی کی روایت میں ہے فقام وقد ابصر یعنی وہ اندھا اٹھ کھڑا ہوا اور اس کی روشن ہو گئی اور روایت کی طبرانی نے کاَن لم یکن بہ ضر یعنی ایسی روشن ہو گئی گویا اس میں کچھ خلل ہی نہیں ہوا تھا واضح ہو کہ یہ دعا اور نماز اور خطاب یعنی یا محمد کہنا آپ کے زمانۂ مبارک میں خاص آپ کی تعلیم سے ہوا اور شرح ابن ماجہ میں اور نیز جذب القلوب میں ہے کہ یہ عمل عہد صحابہؓ میں بعد وفات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بھی کیا گیا ہے طبرانی نے معجم کبیر میں روایت کی ہے کہ ایک آدمی کو حضرت عثمان بن عفانؓ سے ایک حاجت تھی بار بار جاتا حضرت عثمانؓ اس کی طرف التفات نہ فرماتے اس آدمی نے عثمان بن حنیف انصاری صحابیؓ سے شکایت کی عثمان بن حنیفؓ نے کہا وضو کر کے مسجد میں آ دو رکعتیں پڑھ پھر دعا پڑھ اللّٰھم انی اسئلک واتوجہ الیک بنبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی فتقضیٰ حاجتی اور یہ دعا پڑھ کے تو اپنی حاجت کو عرض کیجیو، غرضکہ وہ آدمی موافق تعلیم عثمان ابن حنیف کے گیا اور وضو نماز دعا جس طرح اس نے بتائی تھی پڑھی، بعد ازاں حضرت عثمان ابن عفانؓ کے در دولت پر حاضر ہوا اس وقت دربان نے اس شخص کا ہاتھ پکڑا اور اندر لے گیا حضرت عثمانؓ نے اس کو اپنی مسند خاص پر پاس بٹھلایا اور پوچھا کیا حاجت ہے اس نے بیان کی آپ نے پوری کر دی اور یہ فرما دیا کہ جب جو کچھ مشکل یا حاجت پیش آیا کرے مجھ سے آکر بیان کیا کر وہ آدمی بہت خوشحال حضرت عثمانؓ کے پاس سے نکلا اور عثمان ابن حنیف کے پاس شکریہ ادا کرنے کو گیا اور کہا جزاک اللہ خیرا میری طرف عثمانؓ نظر بھی نہیں فرماتے تھے شاید تم نے ان سے کچھ میری سفارش کی ہے عثمان ابن حنیف صحابیؓ نے جواب دیا قسم اللہ تعالیٰ کی میں نے حضرت عثمانؓ سے کچھ نہیں کہا لیکن اصل بات یہ ہے کہ میں ایکبار رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر تھا ایک اندھا آیا اس نے فریاد کی یا رسول اللہ میری آنکھ جاتی رہی آپ نے فرمایا صبر کر وہ بولا کوئی میرا ہاتھ لاٹھی پکڑ کر لیجانے والا نہیں مجھ پر بڑی مصیبت ہے تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز اس کو اور یہ دعا تعلیم کی تھی وہی قصہ جو ترمذی اور ابن ماجہ والا جو ہم اوپر بیان کر چکے عثمانؓ بن حنیف نے بیان کیا الحاصل بعد وفات صلی اللہ وسلم کے عہد صحابہؓ میں بھی اس خطاب یعنی یا محمد کہنے پر عمل ہوا اس وقت سے اب تک یہ نماز تعلیم ہوتی چلی آتی ہے دین

کے ہی حکم سے یہ عمل ہوا تھا آپ کی خدمت میں جو حاضر تھے تو اس وقت میں تو کوئی ضرورت جواب و توجیہ کی نہیں اور بعد آپ کی معمول ہو تو اسی طرح سمجھ کر ہے کہ آپ کی خدمت میں تبلیغ ہوتی ہے ملائکہ پہنچاتے ہیں علم استقلالی اس میں آپ کو نہ اس عقیدہ سے پڑھنا ہے

جزری رحمۃ اللہ علیہ کتاب حصن حصین میں فرماتے ہیں من کانت لہ ضرورۃ الی آخرہ یعنی جس کسی کو ضرورت اور حاجت مشکل آپڑے پڑھے نماز
حاجت اور یہ دعا پڑھے اور کتب فقہ حنفیہ میں بھی اسی کی تعلیم ہے ابراہیم حلبیؒ نے شرح کبیر منیہ میں جو نوافل تعلیم کئے ہیں ان میں صلوٰۃ الحاجت
دو لکھی ہیں ایک کو بیان کیا اور لکھا کہ یہ ضعیف ہے اور دوسری یہ نماز لکھی جو عثمان بن حنیف کی روایت سے ہم ذکر کر چکے ہیں حلبی نے اس کو لکھ کر
اس کی قوت بیان کی کہ قال الترمذی حسن صحیح الحاصل آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم اور صحابہؓ کی تلقین اور محدثین کی تعمیل اور فقہاء کی
اقامت اور تصحیح سے اب تک یہ خطاب یا محمد ہی جاری ہے علاوہ بریں اور بھی خطاب کے صیغے ہم نقل کرتے ہیں اشعار وغیرہ میں آں حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی پھوپھی صفیہؓ نے بعد وفات آپ کے بہت اشعار غم میں پڑھے ان میں سے یہ ہیں ؎ الا یا رسول اللہ کنت رجاءنا ۞ وکنت بنا برًا
ولم تک جافیا ۞ فلو ان رب الناس ابقی محمدًا ۞ سعدنا ولکن امرہ کان ماضیا اور حضرت حسان صحابیؓ نے آپ کی وفات کی غم میں یہ پڑھا
؎ کنت السواد لناظری ۞ فعمی علیک الناظر ۞ من شاء بعدک فلیمت ۞ فعلیک کنت احاذر ۞ اسی طرح اور بھی صحابہؓ کے اشعار پائے
گئے ہیں جن میں خطاب ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور قاضی عیاض نے کتاب شفا کے باب لزوم محبت میں روایت کی ہے کہ ایکبار
پاؤں حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کا سو گیا یعنی سنسنانے لگا اور بے حس و حرکت ہو گیا کسی نے کہا ایسے آدمی کو یاد کرو جو تم کو بہت پیارا ہو تب وہ چلا کر
پکار اٹھے یا محمداہ اسی وقت ان کا پاؤں درست ہو گیا اور قوت آگئی انتہی یہ عبد اللہ ابن عمر کیسے جلیل القدر صحابی اتباع سنت ہیں نہایت عالی دیکھیے
حالت غیبوبت میں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلفظ حاضر یا محمداہ خطاب کرتے ہیں اور فتوح الشام میں صفحہ ۲۹ میں ہے جب کہ ابو عبیدہ بن الجراحؓ
نے قنسرین سے کعب بن ضمرہ کو بارادہ حلب روانہ کیا ایک ہزار سوار دیکر اور کعب بن ضمرہ کی لڑائی یوقنا سے پڑی اس کی پانچ ہزار سپاہ تھی اور یہ
لڑائی ہو رہی تھی کہ پانچ ہزار سپاہ یوقنا کی اور دوسری طرف سے مسلمانوں پر آپڑی غرضکہ دس ہزار کا مقابلہ ٹھہر گیا اس وقت مسلمان جاں
بازیاں کر رہے تھے اور کعب بن ضمرہ نہایت بے آرام اور پیچیں گرد آواز دیتے تھے اور پکارتے تھے یا محمد یا محمد یا نصر اللہ انزل
اور مسلمانوں کی طرف متوجہ ہو کر کہتے تھے یا معاشر المسلمین اثبتوا انما ہی ساعۃ وانتم الاعلون یہ ایک نظیر ہے خطاب کی حالت غیبت میں اور یہ
کعب بن ضمرہؓ بھی صحابہ میں ہیں رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہو کر بھی انہوں نے جہاد کئے تھے غرضکہ صحابہؓ کے وقت سے یہ خطاب اور ندا
رسول اللہ باوجود غیبت کے جاری رہی علامہ شرف الدین بوصیریؒ متوفی ۶۹۴ھ جو مقبولین روزگار سے تھے ان کا قصیدہ بردہ اور ماورث مشائخ
میں داخل نہایت مقبول بابرکت ہے اور بہاء الدین وزیر کا حال ہم نقل کر چکے کہ وہ کمال تعظیم سے برہنہ سر برہنہ کھڑا ہو کر اس قصیدہ مقبول
کو سنا کرتا تھا اور حلبی اور نی اور قسطلانی سب صاحب بردہ کے مدح ہیں اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے بھی اس قصیدہ کو پڑھا
اور اسناد حاصل کی رسالہ انتباہ میں لکھتے ہیں واما قصیدۃ البردۃ فاخبرنا بہا ابو طاہر عن شیخ احمد النخلی عن محمد بن العلاء البابلی الی ان
قال عن ناظمہا شرف الدین محمد بن سعید بن حماد البوصیری رحمۃ اللہ علیہ انتہی الحاصل اس مقبول قصیدہ میں خطاب حاضر ساتھ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے جا بجا ہے ازاں جملہ دو مقام میں تو خاص ندا بطور فریاد اور دادخواہی کے موجود ہے ؎ یا اکرم الخلق ما لی من الوذ بہ ۞
سواک عند حلول الحادث العمم ۞ رسول صلی اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ندا کرتے ہیں کہ اے بزرگ ترین خلائق کوئی میرا نہیں جس کی پناہ

درست تو ایسی حالت میں یہ بھی شرک ہو جاوے گا ورنہ اس میں کچھ عوام کا خدشہ کیوں کہ ہیچ کر اس کو پڑھتے ہیچ نہیں پس اعتراض بحال خود اور یہ صلوٰۃ مولف
کو غیر مفید ہے علی ہذا اشعار حضرت صفیہؓ کے اور حسانؓ کے اور دیگر صحابہؓ کے اور معاملہ پاؤں سونے کا ابن عمرؓ کا اور قصہ فتوح الشام کا اور دیگر تمام قصص اور

پکڑوں سو آپ کے وقت اترنے بلائے عام ؀ دوسرا شعر یہ ہے ؎ ولن یضیق رسول اللہ جاہک بی ۞ اذا الکریم تجلی باسم منتقم
اس میں رسول اللہ منادیٰ اور ندا محذوف بقاعدہ عربیت یعنی کچھ کم نہ ہوگی شان آپکی یا رسول اللہ ہماری شفاعت کرنے سے جس وقت اللہ
تعالیٰ ظہور فرما دیگا صفت انتقام سے انتہیٰ اور اسی معنی کے ہیں شیخ شرف الدین مصلح المعروف بسعدی شیرازی متوفی ۶۹۱ھ جو واصلین طریقت
اور کاملین شریعت سے تھے حضرت خضر سے ملاقات کی ساتوں ولایت پھرے بارہا پیادہ حج کیا یہ عالم فاضل ولی کامل خطاب حاضر کے ساتھ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں شعر لکھتے ہیں ؎ چو کم گردد اے صدر فرخندہ پے ۞ ز قدر رفیعت بدرگاہ حے ۞ کہ باشند مشتے
گدایان خیل ۞ بمہمان دار السلامت طفیل ۞ چہ وصفت کند سعدی ناتمام ۞ علیک الصلوٰۃ اے نبی والسلام ۞ اور نیز مولانا احمد تھانیسری کہ امیر تیمور
کے عہد میں بڑے فاضل کامل مشہور تھے صاحب ہدایہ کے نبیرہ شیخ الاسلام سے جب ایک موقع میں انکی گفتگو ہوئی امیر تیمور نے جو دیکھا کہ شیخ الاسلام
کو دبایا اس کی عظمت کیلئے یہ کہا کہ یہ نبیرہ ہیں صاحب ہدایہ کے مولانا نہ ڈرے اور یہ کہا کہ ان کے دادا نے ہدایہ میں چند محل پر خطا کھائی اگر انھوں
نے اسوقت ایک خطا کھائی کیا ڈر ہے، غرضکہ یہ بڑے عالم فاضل اور عارف کامل تھے قلعہ کالپی میں انکا مزار ہے، بہت لوگ زیارت کو آتے ہیں
انھوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں ایک قصیدہ لکھا ہے اسمیں سے دو تین شعر لکھتا ہوں ؎ یا حیوتی ویا روحی ویا جسدی ۞
ویا فوادی ویا ظہری ویا عضدی ۞ مالی الیک لقطع البید من قبل ۞ ولیس لی باصطبار عنک من مدد ۞ دیکھئے اس میں بھی ہندوستان سے خطاب
حضرت فخر عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہو رہا ہے اور نیز مولانا نظامی متوفی ۵۹۲ھ علم معقول و منقول میں فاضل کامل تارک الدنیا عارف صاحب
دل سلاطین روزگار ان سے برکت چاہتے وہ کسی کے در پر نہ جاتے غرضکہ یہ جامع شریعت و طریقت بھی اشعار میں خطاب حاضر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت کرتے ہیں ؎ من از کمترین امتان خاک تو ۞ بدیں لاغری صید فتراک تو ۞ نظامی کہ در گنجہ شد پائے بند ۞
مباد از سلام تو بہرہ مند ۞ گنجہ شہر ہے ایران میں، وہاں سے یہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہو رہا ہے اور مولانا عبدالرحمٰن ابن احمد
جامی متوفی ۸۹۸ھ جنکا فضل وکمال کسی سے مخفی نہیں، شرح ملا اور شرح فصوص الحکم اور شرح نقایہ و شرح لمعات وغیرہ کتب مصنفہ ان کی
مشہور ہیں اپنے اشعار میں حضرت کو خطاب حاضر کرتے ہیں ؎ ز مہجوری برآمد جان عالم ۞ ترحم یا نبی اللہ ترحم ۞ نہ آخر رحمۃ للعالمینی ۞ ز مہجوران
چرا غافل نشینی ۞ ملک خراسان میں ایک ولایت جام ہے جو وطن جامی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے، یہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیبت
میں وہاں سے ہو رہا ہے اور یہ بھی نہیں کہ مثل اہل کشف کے روئے مبارک حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وقت مناجات کے ان کے سامنے
تھا اس لئے کہ یہ شعر بھی انکا انہیں اشعار کے ساتھ ہے ؎ شب اندوہ ما را روز گرداں ۞ ز رویت روز ما فیروز گرداں ۞ تو ابر رحمتی آں بہ کہ گاہے
کنی بر حال لب خشکاں نگاہے ۞ ازانجملہ مولانا عبدالحق محدث دہلوی صوفی صافی مشرب، محدث فقیہ حنفی مشرب جن کی ایک سو بیس کتابیں
فارسی اور عربی میں تصنیف ہیں، تاریخ ولادت انکی شیخ اولیا ۹۵۸ اور تاریخ وفات فخر العالم ۱۰۵۲ ہے، اپنے قصیدہ میں جو کہ اخبار الاخیار
کے آخر میں مطبوع ہے لکھتے ہیں ؎ بہر صورت کہ باشد یا رسول اللہ کرم فرما ۞ بلطف خود سر و ساماں جمع بے سر و پا کن ۞ محب آل و اصحاب
تو را کار من حیراں ۞ بلطف خویش ایم امروز بہم در روز فردا کن ۞ اور حضرت شاہ ابوالمعالی صاحب فرماتے ہیں ؎ گر نبودے یا رسول اللہ ذات پاک تو
کے پیغمبر نبردے دولت پیغمبری ۞ اب اس دورہ آخری میں بھی جو علماء و صلحاء اہل سنت والجماعت ہیں وہ خطاب حاضر یا رسول اللہ کہنا

مخاطبات قصیدہ بردہ کے اور سعدی کے اور مولانا احمد تھانیسری کے اور مولانا نظامی اور مولانا جامی اور شیخ عبدالحق دہلوی اور شاہ ابوالمعالی کے
ایک سب میں ندائے شوقیہ ہے ہرگز عقیدہ حضور کسی کا نہیں پس مؤلف کے ان نقول سے نہ معلوم کونسا فائدہ اس کا ہوا اور معترض کا اعتراض کی طرح

جائز رکھتے ہیں چنانچہ حاجی امداد اللہ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ جو مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اور مولوی محمد قاسم صاحب مصنف تحذیر الناس اور مولوی محمد یعقوب صاحب نانوتوی مدرس دیوبند وغیرہم چند علماء کے پیر مرشد ہیں اپنی کتاب ضیاء القلوب مطبوعہ مطبع مجتبائی کے صفحہ ۹۴ میں واسطے حصول زیارت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھتے ہیں بدیں عبارت کہ بعد نماز عشاء با طہارت کامل وجامہ نو واستعمال خوشبو باادب تمام روئے بسوئے مدینہ منورہ بنشیند و ملتجی از جناب قدس حقیقت محمدی برائے حصول زیارت جمال مبارک صلی اللہ علیہ وسلم شود و دل از جمیع خطرات خالی کردہ صورت آنحضرت صلعم بلباس بسیار سفید و عمامہ سبز و چہرہ منور مثل بدر بر کرسی نور تصور کند و الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ راست و الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ چپ و الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ در دل خود ضرب کند الی آخرہ، اور نیز انہی حاجی صاحب سلمہ اللہ نے ایک قصیدہ اردو زبان میں لکھا ہے جس کا مطلع یہ ہے ؎ ذرا چہرہ سے پردہ کو اٹھاؤ یا رسول اللہ ٭ مجھے دیدار تم اپنا دکھاؤ یا رسول اللہ، اس قصیدہ کے چند اشعار لمعہ خامسہ نور دوم میں ہم نقل کر چکے ہیں اور مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی کے اشعار بھی وہاں نقل کئے گئے ہیں جس میں یا نبی اللہ وغیرہ الفاظ خطاب موجود ہیں **توجیہات جواز خطاب یا رسول** واضح ہو کہ بعض محبین درجۂ عشق کو پہنچے ہوئے ایسے ہوتے ہیں کہ جیسے حضرت ابو الحسن شاذلی وغیرہ کہ ان سے ایک دم مشاہدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فوت نہ ہوتا تھا، ایسے آدمی اگر خطاب کریں تو ان کے نزدیک تو وہ خود حاضر ناظر ہیں حاضر کے معنی موجود اور ناظر کے معنی دیکھنے والا جب موجود ہوئے تو دیکھنے والے بھی ہوئے ایسے شخصوں کے حق میں تو خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کچھ محل کلام ہی نہیں باقی رہے دوسری طرح کے آدمی کہ ان کو حضوری رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حاصل نہیں ان کے حق میں بھی خطاب کرنا درست ہے، قطب ربانی امام شعرانی میزان میں لکھتے ہیں کہ محمد بن زین ایک مداح رسول تھا اکثر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت بیداری میں زیارت کرتا تھا ایک بار اس سے ایک آدمی نے اپنے واسطے سفارش حاکم سے چاہی یہ گئے اور حاکم نے انکو اپنی مسند پر بٹھلایا اسی دن سے دیکھنا منقطع ہو گیا اس مقام میں خاص عبارت میزان کی یہ ہے، فلم یزل یطلب من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرویۃ حتی قرأ لہ شعرا فترا ءی لہ من بعید فقال تطلب رویتی مع جلوسک علی بساط الظلمۃ فلم یبلغنا انہ رآہ بعد ذلک حتی مات یعنی پھر ہمیشہ وہ مداح سوال کرتا رہا حضرت سے کہ اپنا دیدار مبارک دکھا دیجئے یہاں تک کہ ایک دفعہ شعر پڑھا تب حضرت صلعم دور سے کچھ دکھائی دئے اور فرمایا تو دیدار کا سوال کرتا ہے اور بیٹھتا ہے ظالموں کے فرش پر پھر ہم کو خبر نہیں ملی کہ انکو حضرت صلعم پھر نظر آئے یہاں تک کہ وہ مر گیا انتہی، اب دیکھئے کہ محمد بن زین مداح باوجودیکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نظر سے غائب تھے اور نظر نہیں آتے تھے وہ اسی حالت غیبت میں بھی حضرت سے سوال کیا کرتا تھا کہ صورت مبارک دکھا دیجئے انتہی، پس اس سے صاف معلوم ہوا کہ اگر اور آدمی جنکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نظر نہیں آتے وہ بھی درخواست کریں اور کہیں ؎ ذرا چہرہ سے پردہ کو اٹھاؤ یا رسول اللہ ٭ مجھے دیدار تم اپنا دکھاؤ یا رسول اللہ، تو صحیح اور جائز ہے اگر یہ ملا خطرۂ ایمان اسکو شرک بتادے اور یہ کہے کہ تم رسول اللہ کو عالم الغیب جانتے ہو کیونکہ اصل عالم الغیب بالذات اللہ تعالیٰ ہے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو غیب کی خبر دیدیتا ہے تو انکو خبر ہو جاتی ہے حضرت شاہ عبد العزیز کا کلام جو انکی تفسیر میں ہے یاد رکھو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہر امتی کے درجے کو پہچانتے ہیں

رفع ہوا اعلیٰ ہذا نقل شغل ضیاء القلوب جس میں نداء خطاب صیغہ صلوٰۃ و سلام میں ہے اور قصیدہ کے اشعار شوقیہ میں ہیں بعد اس کے جس قدر منقول یا مؤلف نے چند اوراق لکھے کوئی اصل اعتراض کو نہیں اٹھاتا اعتراض بحال خود ہے اور مؤلف لکھ لکھ کر

کہ اس کا ایمان کس درجہ پر ہے اور فرشتے سب اُمت کے اعمال حضرت کے پاس پہنچاتے ہیں انتہی کلامہ، حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ہرقل بادشاہ روم کو نامہ رقم فرمایا تھا بروایت بخاری اس کے الفاظ یہ ہیں اما بعد فانی ادعوک بدعایۃ الاسلام اسلم تسلم اس میں خطاب حاضر کا ہے بادشاہ روم کو حالانکہ آپ ملک عرب میں تھے اور وہ روم میں تھا اور وہ اصحاب کشف سے نہ تھا کہ حضرت کا خطاب وہاں سے معلوم کر لیتا لیکن چونکہ یہ بات تھی کہ قاصد اس خط کو لیجا کر اس کے ہاتھ میں دیدیگا یہ خط اس کی نظر کے سامنے گذریگا خطاب صحیح ہو جاویگا، اسی طرح ابتک رسم جاری ہے کہ ہم خط میں مکتوب الیہ کو الفاظ خطاب کے لکھدیتے ہیں کہ فلاں چیز بھیجدو اور تاکید جانو فقط اسی اعتماد پر کہ جب قاصد یہ خط انکو دیدیگا تو ہمارا خطاب حاضر لکھنا صحیح ہو جاویگا اب قاصد کی پہنچی رسانی کے اعتماد پر یہ خطاب بحالت غیبوبت میں جائز ہو ملائکہ جو ہرگز اللہ کا عصیان نہیں کرتے اور جو انکو خدمت سپرد ہوتی ہے ممکن نہیں کہ ان سے تخلف ہو جاوے ان کے اعتماد پر کس طرح خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جائز نہ ہو جب بواسطہ ملائکہ ہمارا قول انکو صبح و شام پہنچتا ہے تو وہ مثل حاضر کے ہیں اگرچہ ہماری آنکھوں کے سامنے جمال مبارک نہیں پس خطاب حاضر کرنا جائز ہے اور اگر ضعیف الایمان آدمی اس تقریر پر بھی راضی نہوں تو تیسری توجیہ اور بھی ہے یعنی جس کو کسی کا عشق ہوتا ہے اس کا نقشہ آنکھوں میں پھرا کرتا ہے اُس اعتبار سے بھی حاضر جانکر خطاب کر دیتے ہیں اشعار عرب میں یہ بات کثرت سے ہے از انجملہ دو شعر عبد السلام ابن یوسف کے جذب القلوب سے نقل کرتا ہوں ؎ علی سا کنی النقا العقیق سلام ٭ وان اہجرونی بالفراق و نا موا ٭ حظرتم علی النوم وہو محلل ٭ وحللتم التعذیب وہو حرام ۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام کی بی بی زلیخا کا حال جو مولوی جامی نے لکھا ہے وہ سب کو یاد ہوگا کہ شروع عشق میں جبتک نکاح نہ ہوا تھا کس طرح تصورات میں باتیں کیا کرتی تھی از انجملہ اس مقام کے دو شعر لکھتا ہوں ؎ خیال یار پیش دیدہ بنشاند ٭ ہم از دیدہ ہم از لب گوہر افشاند ٭ کہ اے پاکیزہ گوہر از چہ کانی ٭ کہ از تو دارم این گوہر فشانی ٭ دلم بردی و نام خود نہ گفتی ٭ نشانے از مقام خود نہ گفتی ۔ یہ زلیخا حضرت یوسف علیہ السلام سے غیبوبت میں خطاب کر رہی ہیں نہ یہ شرک ہے نہ کفر پھر اسی طرح سمجھ لو کہ جو اشعار شوقیہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں بطور خطاب حاضر کے ہیں وہ اسی لئے ہیں چونکہ تصور آپکا دل میں بندھا ہوا ہے غلبہ اشتیاق میں خطاب حاضر بباعث تصوّر فی الذہن کے کرتے ہیں لیکن چونکہ تم لوگوں کو ایسا تصور اور ایسا خیال بندھا ہوا نہیں تمہاری سمجھ میں یہ بھی نہیں آتی کانوا بما لم یحیطوا بعلمہ کلام الٰہی سچا ہے اب ہم چوتھی توجیہ خطاب کی اور بتادیں قرآن شریف میں وارد ہے یا حسرۃ علی العباد یہاں لفظ یا حرف ندا ہے جس سے مخاطب حاضر کو پکارا کرتے ہیں یہ لفظ یا داخل ہوا ہے حسرت پر اور حسرت ایسی چیز بے ادراک و شعور ہے کہ اسکو قیامت تک کبھی خبر نہو گی کہ مجھ کو کوئی پکارتا ہے امام رازی کا کلام اس مقام میں یہ ہے المقصود من ذلک وقت الحسرۃ فان النداء مجاز و المراد الاخبار غرضکہ سب مفسرین اس مقام میں لکھتے ہیں کہ یہ ندا کلام عرب میں شایع ہے اور مراد اس سے یہ ہوتی ہے کہ یہ وقت حسرت کا ہے یعنی یہ نہیں کہ حسرت کو پکارتے ہیں اور بلاتے ہیں اس مقام پر ندا مجاز ہے جب یہ بات ثابت ہوتی کہ کہیں ندا مجاز ہوتی ہے اور مراد اس سے خبر دینا ہوتی ہے پھر اسی طرح اس مقام میں سمجھ لو کہ جو کوئی کہتا ہے ؎ تمہارے نام پہ قربان یا رسول اللہ ٭ خدا ہے تم پہ میری جان یا رسول اللہ ٭ اسکا اصل مطلب یہ ہے کہ میری جان حضرت پر قربان ہو مراد اسکی جملہ خبریہ ہو گو کہ اُس نے لفظ ندائیہ بولا ہے یہ کیا افسوس

معلوم ہوتا ہے ہمکو لفظ لفظ کا جواب تحریر مناسب نہوئی اور چند خطا جو اس تقریر میں مولف نے کئے ہیں بخوف تطویل ۵ بے سود ہے اور ہمارا مقصد کے کچھ خلاف نہیں اور مؤلف کا علم سب ظاہر ہی ہو چکا ہے ان چند خطاؤں پر موقوف نہیں اور جو کچھ زبان درازی نسبت مانعین بدعت کے کی ہے اس کا

ہے کہ یوں کہو یہ شخص خدا کی طرح حاضر ناظر جانکر پکارتا ہے ہاں البتہ یہ تم خود معنی شرک اور کفر کے لوگوں کے ذہن میں جماتے ہو یہ کہکر کہ لفظ یا نہیں ہوتا مگر واسطے حاضر کے اور خطاب نہیں کیا جاتا مگر حاضر کو حالانکہ یہ قاعدہ غلط ہے کلام صحابہ میں غائب کو خطاب اور ندا موجود ہے روایت ہے کہ حضرت علیؓ جب وقت خلافت حضرت عثمان میں ایک رات مسجد کی طرف آئے دیکھا چراغ مسجد میں کثرت سے روشن ہیں تو حضرت عمرؓ کو دعا دی اس دعا کے الفاظ سیرت حلبی جلد ثانی صفحہ ۳۲۵ میں یہ ہیں نورت مساجدنا نور اللہ قبرک یا ابن الخطاب یعنی تم روشن کیا تو نے ہماری مسجدوں کو اللہ روشن کرے تیری قبر کو اے بیٹے خطاب کے، دیکھیے یہاں حضرت عمرؓ کو حضرت علیؓ خطاب فرماتے ہیں بعد وفات عمرؓ اور یہاں حضرت عمر کو پکار کر اپنی طرف متوجہ کرنا یا بلانا جو فائدہ ندا کا ہوتا ہے مقصود نہیں غرض انکی دعا دینی ہے یعنی اللہ روشن کرے عمرؓ کی قبر کو چنانچہ بعض راویوں نے جو روایت بالمعنی کرتے ہیں معنی مقصود کو قالب غائب میں ڈھالکر روایت کر دیا ہے نور اللہ قبر عمر کما نور مساجدنا اب ایک مسئلہ فقہ کا بھی لکھتا ہوں در مختار اور قہستانی وغیرہ کتب فقہ میں لکھا ہے کہ جس وقت اذان میں مؤذن کہے الصلوۃ خیر من النوم یعنی نماز پڑھنا اچھا ہے سونے سے اسوقت چاہئے سامعین جواب اسکا اس طرح دیں صدقت وبررت یعنی تو نے سچ کہا اور بھلا کہا لکھا فقیہ شامی نے کہ یہ جواب نہ احادیث میں آیا ہے واضح ہو کہ یہ جواب دینا کتب فقہ میں ہرگز مقید اس بات کے ساتھ نہیں کہ مؤذن کے پاس آکر جواب دیں اور اسکے نہ پڑھیں لیکن اسی واسطے یہ دستور ہے کہ جس وقت صبح صادق کو مؤذن اذان کہتا ہے اور آدمی اکثر اس وقت اپنی اپنی منازل و مکانات میں ہوتے ہیں نہ انکو مؤذن وہاں نظر آتا ہے غائب ہے نظر سے اور نہ مؤذن خود ان کے جواب اور ان کے خطاب کو سن سکتا ہے باینہمہ اس حالت غیبوبت میں جہاں مؤذن نے کہا الصلوۃ خیر من النوم سب سنکر وہاں آدمی جواب دیتے ہیں صدقت وبررت یعنی تو نے سچ کہا اور بھلا کہا یہ غائب کے خطاب کا عمل کا ہوتا ہے پس چاہئے ان فقہاء آخر الزمان کے نزدیک سب جواب دینے والے کافر ہوں حالانکہ وہ مستحق ثواب ہوتے ہیں اگرچہ انہوں نے خطاب کیا لیکن مراد انکی یہ تھی کہ مؤذن نے سچ بات کہی پس اسی طرح جو شخص کہتا ہے ماسوائے تو یا رسول اللہ، از برائے تو یا رسول اللہ، اگرچہ خطاب کیا ہے لیکن مراد یہ ہی ہے کہ ہر مخلوق کو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ کے واسطے یعنی انکے سبب پیدا کیا ہے اور جو کوئی فقط یہ لفظ کہے کہ یا رسول اللہ اسکی نسبت ہم یہ کہتے ہیں کہ شرح ملا اور غایۃ التحقیق وغیرہ میں ہے کہ لفظ یا بمعنی ادعو ہے اور ادعو کے معنی ہیں ہندی میں کہ میں پکارتا ہوں پس جسنے کہا یا رسول اللہ اس کے معنی قاعدہ نحو کی سے یہ ہوئے کہ پکارتا ہوں رسول اللہ کو یعنی انکو یاد کرتا ہوں انکا نام لیتا ہوں بھلا اس میں کیا شرک کیا کفر ہو گیا اللہ پناہ دے کج فہمی معاندین کی الحاصل ہم خطاب کو چند توجیہات سے ثابت کر چکے اور نیز ثبوت کامل دیکھیے عہد رسالت سے اسوقت تک آنحضرت کو بالفاظ خطاب و بصیغہ حاضر یاد کرنا نماز میں اور خارج نماز دعا اور غیر دعا میں نظم و نثر میں صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اولیاء و علماء و صلحاء مقبولین سے اب دیکھنا چاہئے کہ یہ سب مقبولین باوجود حالت غیبوبت کے خطاب کرنیوالے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معاذ اللہ معاذ اللہ منکرین کے نزدیک کافر ہیں یا خود وہی کافر ہیں جو انکو کافر قرار دیں ہمارے سچے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے من دعا رجلا بالکفر او قال عدو اللہ ولیس کذلک الا حار علیہ متفق علیہ یعنی صحیح مسلم اور بخاری میں ہے جو شخص کسی کو کافر یا دشمن خدا کہیگا حالانکہ وہ ایسا نہیں تو وہ کفر اور لعنت اسی کہنے والے پر الٹ آتی ہے انتہی اب چاہئے کہ مانعین اپنے ایمان کی خیر منائیں ایسا نہ ہو برائی بدشگونی میں اپنی ناک کٹے **لمعۂ سابعہ**

اعتراضات متفرقہ کہتے ہیں کہ جب مولد شریف پڑھتے ہیں منبر یا چوکی پر بیٹھ کر پڑھتے ہیں اور قرآن شریف ہمیشہ نیچے بیٹھے پڑھی

بھی جواب لکھا ضروری نہیں لہذا ختم کرتا ہوں ناظرین کو حال سخن فہمی مؤلف کا معلوم ہو لیا اور سلیقہ جواب نویسی روشن ہو گیا مؤلف اپنے منہ میاں مٹھو ہیں اور سب بار شرح سوال میں بھی اسکی بحث گذر چکی ہے

منبر کے بارہ میں مانعین کے اعتراض کا دیکھنا

قولہ لمعہ سابعہ اعتراضات متفرقہ کہتے ہیں جب مولد شریف پڑھتے ہیں

اقول چوکی منبر کی اصل غرض صحیح کیواسطے جائز ہے معترض یہ کہتا ہے کہ یہ مجلس مولود میں اگرچہ قلیل آدمی ہوں کہ حاجت بلند مکان پر ہونے قاری مولود کی نہ ہو جب

کتاب مولد شریف کا درجہ قرآن سے بھی زیادہ کر دیا جواب تحقیقی اس کا یہ ہے کہ درجہ قرآن نہایت عظیم ہے قرآن کو ہاتھ لگانا بے وضو جائز نہیں اور کتاب مولد شریف کو اگر کوئی بغیر وضو ہاتھ میں لیلے تو اس کو گنہگار نہیں کہا جاویگا یہ دلیل صریح ہے کہ ہم کلام اللہ کو بڑا سمجھتے ہیں اور منبر چوکی پر بیٹھ کر پڑھنا ایک سبب سے ہے تاکہ قاری مولد سب اہل مجمع کو نظر آوے اور سب اسکو نظر آویں اور اوپر بیٹھنے سے آواز اپنی حالت پر بلند ہی ہر طرف پہنچتی ہے نیچے بیٹھنے سے آواز کسی قدر دب جاتی ہے اور تلاوت قرآن میں یہ باتیں مقصود نہیں ہاں اگر کوئی موقع ایسا ہو کہ قرآن اعلان سے لوگوں کو سنایا جاوے تب اس کیلئے بھی منبر مناسب ہوگا اور جواب الزامی یہ ہے کہ یہ اعتراض مجلس وعظ پر کیوں نہیں جاری کرتے ہیں مولوی عبدالرب صاحب وغیرہ کے وعظ میں جا کر دیکھ لو کہ ان کے وعظ میں قرآن شریف کی آیتیں کس قدر پڑھی گئیں اور قصے حکایتیں کس قدر اور طعن مقابلین پر کس قدر اور پھبتی اور ضلع بازی کس قدر اور شعر کس قدر پھر ان صاحبوں کا حال یہ ہے کہ اس قسم کا وعظ تو سب سے اوپر بلند جگہ پر بیٹھ کر کہتے ہیں اور خالص قرآن شریف کو نیچے پڑھتے ہیں جو جواب اس کا ہے وہی ہمارا

اعتراض جب قرآن پڑھتے ہیں نہ فرش بچھا دیں نہ خوشبو لگا دیں نہ کچھ سامان کریں مولد شریف میں کیا کیا سامان کیا جاتا ہے

جواب عیدین کی نماز کیلئے جو فرض نہیں ہے نہانا کپڑے عمدہ بدلنا خوشبو لگانا طرح طرح کے تکلفات ہوتے ہیں پانچوں وقت کی نماز جو فرض قطعی ہے اس کیلئے کچھ بھی نہیں سوائے وضو اور استنجا کے وجہ اسکی یہی ہے کہ وہ برس دن میں دوبار یہ ایک ایک دن میں پانچ بار عید

بھی اہتمام سے چوکی منبر کی تدبیر ہوتی ہے اور اسی واسطے مثل لوازم ضروریہ مجلس کے ہو گیا ہے اور اگر قرآن کسی حافظ قاری سے سنیں تو باوجود کثرت کے بھی اسکا انتظام نہیں ہوتا جیسا اور انتظام کا حال ہے کہ اس مجلس کیواسطے سب طرح کا اہتمام لباس فرش تعطر سب کچھ قصداً ضروری ہو گیا ہے خلاف قرآن کے پس سوچ سے معترض کہتا ہے کہ بوجہ اس اہتمام کے اس مجلس میں اور عدم اہتمام کے قرآن میں ایہام تفضیل مولود کا قرآن پر ہوتا ہے بلکہ عوام کا اعتقاد بھی یہ ہو گیا ہے اور یہ کروہ اور بدعت ہے پس مؤلف کا جواب دیکھو کیا خوب کہتا ہے کہ آواز پہنچانے کے واسطے اور دیکھنے دکھانے کیواسطے اوپر بیٹھتے ہیں سبحان اللہ معترض تو تصریح کرتا ہے کہ اگر ایسی حالت ہو کہ بدون چوکی کے بھی آواز پہنچے اور ترائی متحقق ہو جب بھی اہتمام اس کا ضروری سمجھا جاتا ہے اور دوسرے عوام کا ضروری جاننا اور ایسے اہتمامات سے مولود کا افضل قرآن سے اعتقاد کرنا موجود ہے مگر مؤلف کچھ نہیں سمجھتا اور لکھدیا کہ رفع صوت[1] اور ترائی کیواسطے ہے اور کراہت التزام وفساد عقیدہ عوام کا نہ جواب فہم اور خود جو سمجھے اس کے بھی آئین غائلین محض اعتراض کا اقرار اور مس بلا وضو کرنے سے اپنا عقیدہ انفضلیت قرآن کا لکھدیا حالانکہ معترض اس معاملہ کی وجہ سے اعتراض کرتا ہے پس دیکھو کہ جواب کو سوال سے کچھ بھی علاقہ نہیں عجب جواب ہے سو یہ تو تحقیقی جواب تھا عفا اللہ الزامی تو کیا کہنا اگر وعظ میں ایسا ہی حال ہو جاوے تو معترض اس کو کب جائز کہتا ہے اس کے نزدیک یہ وعظ موصوف اور ایسی حالت کی چوکی منبر بھی مکروہ اور بدعت ہے یہ الزام جب ہو کہ معترض اس کی تصویب[3] کرتا ہو

خوشبو و دیگر سامان مولد پر مانعین کا اعتراض

قولہ اعتراض جب قرآن پڑھتے ہیں نہ فرش الخ **اقول** تقریر سوال تو پہلے اعتراض میں ہو چکی کہ غرض سائل کی وجہ اہتمام سے ایہام تفضیل بلکہ خود تفضیل عوام کے نزدیک مولود کی قرآن پر ہے مگر مؤلف کا جواب عجب قابل غور کے ہے سنو کہ عیدین میں بحکم شارع علیہ السلام کے احسن لباس[4] اور غسل اور تطیب وغیرہ بوجہ عید السلام ہونے کے مستحب ہے اگر یہ لوازم[5] سرور سے ہے اور طبع بھی ایسی حالت میں مائل حسن لباس وہیئت کے ہوتی ہے اور صلوٰۃ خمسہ میں عید نہیں لہذا وہاں حکم استحباب

---

[1] عطر و خوشبو [2] آواز کی بلندی [3] درست قرار دینا [4] عمدہ لباس [5] خوشی کے لوازم

کی طرح سے سامان کرنے میں حرج ہو اور حرج کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں سے اٹھا دیا ما جعل علیکم فی الدین من حرج پس یہی سمجھ لو
قرآن شریف کا پڑھنا روزمرہ ہو مولد شریف ایک آدمی برس دن میں ایک دو بار یعنی کبھی کبھی کرتا ہے اور جو بات کبھی کبھی کرنے میں ہو سکا
کرتی ہے وہ روزمرہ میں نہیں ہو سکتی اعتراض حضرت کا نام سن کے کھڑے ہو جاویں اور اللہ تعالیٰ کے نام پر کھڑے نہیں ہوتے
حضرت کو اللہ تعالیٰ سے بھی فوقیت دیدی جواب یہ کہاں کم بھی ہو اول تو یہ کہ حضرت کے نام پر ہر جگہ تو کھڑے نہیں ہوتے محض وقت
ذکر ولادت شریف کے کھڑے ہوتے ہیں اس میں مناسب یہ ہے کہ ولادت کے معنی یہ ہیں کہ آپ عالم بطون سے عالم ظہور میں آئے
اور آنیوالے کی تعظیم کو کھڑا ہو جانا مستحب ہے پس چونکہ حضرت کی شان عظیم ہے تو کچھ بادشاہ یا امیر کی علی تقدم میں تعظیم دیجاتی ہے وہ آپکے ذکر و
تقدم وجودی میں دیجاتی ہے اور خدا تعالیٰ کی نسبت تو ایسے تقدم کا ذکر نہیں کیا جاتا کیونکہ اسکی شان مقدس یہ ہے کہ لم یلد ولم یولد پھر فرق

احسن لباس کا نہ ہوا پس دونوں میں فرق ظاہر ہے اور پھر کہ عیدین بعد سال کے ہیں اور صلوات پانچ بار اس میں حرج ہے یہ بھی درست ہے
مگر قرآن اور مولود دونوں ایک حال میں ہے بایں وجہ کہ ذکر میں نظافت[1] و تطییب[2] مستحب ہے اور جملہ صلوات اور اذکار اس میں مشترک ہیں اور
لباس حسنہ مولود میں مستحب ہوا اور نہ قرآن وغیرہ میں اور جو ہے تو سب جگہ برابر پس مثل عید کے مولود میں سامان ہوا اور قرآن اور صلوات و
اذکار میں نہ ہو عیدین کے احکام پر مولود کو قیاس نہیں کر سکتے یہ وجہ اعتراض کی تھی نہ تو مولود میں عید ہے اور نہ خصوصاً حکم شارع کا ہے پس وجہ
تخصیص کی مکروہ ہوئی اور یہی وجہ عوام کے فساد عقیدہ[3] کی ہو گئی اور یہ فرق جو مؤلف کا کہ مولود سال میں ایک دو دفعہ ہوتا ہے اول تو قرآن کا مجمع بھی کبھی سال
میں ہی ہوتا ہے نہ ہر روز جس کی وجہ سے عوام کو شبہ ہو اور معترض کی غرض ایسے مجمع کی قرآن کی ہی ہے دوسرے یہ کہ اگر ایک شخص سال میں دو بار مولود
کراتا ہے تو مجموعہ جماعت مولودیوں کی تو دو دفعہ اگر کریں تو ہر روز ہی ہو جاتا ہے آج کسی کے کل کسی کے علیٰ ہذا سال کے سال ہر روز ہوتا رہتا ہے پس
اس مجمع کیواسطے تو ہر روز بھی لباس و ہیئت میں حرج نہ ہو اور قرآن کے واسطے سال بھر میں ایکبار بھی حرج ہو غرض یہ عذر محض غلط ہے اور
بہر حال تطہر تطییب[4] سب جگہ برابر اور قرآن میں احق ہی سو اس میں نہ ہو اور مولود میں لازم ہو گیا اور مجمع کا قرآن تو گاہ گاہ اور مولود مجموعاً نامی کا اکثر
پھر قرآن میں نہ ہو اور مولود میں ہو یہ اعتراض تھا مؤلف نے ایک سفسطہ جواب دیا کہ عیدین اور صلوٰۃ خمسہ پر قیاس کیا حالانکہ وہاں فارق موجود
ہے بخلاف یہاں کے پس اس علم و فہم کو دیکھنا چاہیے اور جو علت جمع کی قائم کی ہے وہ بھی بیجا اور دھوکا ہے کیونکہ مولود ایک شخص کا مراد لیا اور قرآن کا بعض
پڑھنا ٹھہرا لیا حالانکہ معترض کی مراد مجموعہ ناس کی مجالس مولود کی ہے کہ ہر روز دوسرے روز واقع ہوتا رہتی ہے اور مجمع کا قرآن جو کبھی ہو جاتا ہے
پس غور کرنا چاہیے کہ کیسا عجیب جواب مؤلف دیتا ہے الغرض ان توجیہات[5] رکیکہ[6] سے یہانتک نوبت پہنچائی کہ عموماً عوام کے قلب
میں قرآن شریف کی عظمت نہ رہی اور مولود کو قرآن اور صلوات سے بھی افضل جان گئے اور کیا قصور عوام کا ہے جب نام کے مولوی ایسا
اہتمام کریں کہ جو کچھ مولود کے واسطے ہر روز سہل ہو قرآن شریف اور صلوٰۃ کے واسطے برس دن میں بھی آسان نہ ہو اسی واسطے شارع
نے سب کچھ انتظام فرمانے تھے انکے نام کے مولویوں نے اس کو توڑا اور مشاقہ امر شارع کی اور خلق کو خوار کیا

ترک قیام کے دلائل پر مؤلف کی نکتہ رسی قولہ اعتراض حضرت کا نام سنکر کھڑے ہو جاویں الخ اقول معترض مخالفت کہتا ہے کہ قیام تعظیم ذکر اللہ میں کبھی مستحب ہے جیسا ذکر فخر عالم
میں بس خصوصاً ذکر ولادت فخر عالم میں تو کرتے ہیں اور حق تعالیٰ کی تعظیم اور ذکر اللہ کی احق ہے یہاں قیام کبھی نہ ہو اور ذکر ولادت فخر عالم
دائماً ہو اسمیں ترجیح ہے تعظیم فخر عالم کو حق تعالیٰ کی تعظیم پر اسکا جواب مولف نے دیا مگر کمال علم و فہم ظاہر کیا اول کہتا ہے کہ ذکر فخر عالم

[1] پاکی [2] خوشبو لگانا [3] پنج وقتہ نمازیں [4] کسی لفظ معنی ظاہری کے علاوہ کسی معنی پر محمول کرنا [5] کمزور ۱۲

مع الفارق کا اعتراض کیسی نادانی ہے اور خداوند کریم کی شان ہمارے سب کے نزدیک رسول اللہ سے بڑی ہے وہ خود ہمارے افعال سے دیکھ لو کیونکہ ہم اللہ تعالیٰ کو ہر روز نماز فرض واجب نوافل میں شانتھ ستر سے زیادہ سجدے کرتے ہیں یہ کیسی بڑی تعظیم ہوئی کہ ماتھا زمین پر رگڑتے ہیں ہر دراور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیواسطے صرف اس قدر کہ ذکر ولادت شریف پر تعظیماً نظیرہ التعظیم کھڑے ہو جاتے ہیں اب خیال کرو کہ تعظیم رسول خدا کی زیادہ کہاں ہوئی اعتراض مطبع ہاشمی میں جو چند کتب مسائل مولود شریف کی چوبیس صفحہ پر چھپے ہیں ایک صفحہ ۱۲ میں ایک عالم نے تحریر فرمایا ہے یا یہ وجہ ہے کہ روح پاک علیہ السلام کی جو عالم ارواح سے عالم شہادت میں تشریف لائی اس کی تعظیم کو قیام ہے تو یہ بھی محض حماقت ہے کیونکہ اس وجہ میں قیام کرنا وقت وقوع ولادت شریفہ کے ہونا چاہیئے اب ہر روز کون کی ولادت مکرر ہوتی ہے الی ان قال اس امر کی شرع میں کہیں نظیر نہیں کہ کوئی امر فرض ٹھہرا کر حقیقت کا معاملہ اس کے ساتھ کیا جاوے بلکہ یہ شرع میں

میں ہر جگہ تو ہم کھڑے نہیں ہوتے فقط ذکر ولادت پر کھڑے ہوتے ہیں پس اس قول مؤلف کو دیکھو کہ یہ تخصیص تو خود بدعت ہے اور یہ اعتراض تخصیص کا بھی یہاں ہے اس واسطے کہ مؤلف استحباب قیام کو مطلق ذکر اللہ میں قبول کر چکا ہے اور مناقب مفاخر فخر عالم میں بھی ذکر کر چکا ہے پھر منشاء اعتراض تو یہی ہے کہ تخصیص بعض ذکر کی کیوں اپنی رائے سے کی گئی چنانچہ چند دفعہ لکھا گیا پس تعظیم اللہ میں قیام کا ایسا ترک کہ کہیں بھی اور کبھی نہ کیا جاوے اور ولادت میں خاصۃً التزام کر کہ کبھی ترک نہ ہو اور بقول مؤلف تکمیل تعظیم کے واسطے ضروری ہو اور حق تعالیٰ کی تکمیل تعظیم کی حاجت نہ ہو یہ تقصیر شان تعظیم حق تعالیٰ کی ظاہر ہے بہر حال اس تخصیص سے اور التزام ما کید سے یہ قیام بدعت ضلالہ ہو گیا چنانچہ نظائر تقیید مطلق کی پہلے چند بار لکھی گئیں تو یہ نقرہ جواب مؤلف کا کس قدر بے معنی ہوا اور خلاف عقل و شرع کے ٹھہرا گویا اعتراض کو ہی جواب میں ذکر کر آیا پھر مؤلف وجہ تخصیص کی لکھتا ہے کہ مناسبت یہ ہے کہ اس میں معنی قدوم کے ہیں پس اس مناسبت کو دیکھو کہ کیسی حیر بز بیانی ہے اول تو ولادت قدوم نہیں بلکہ بمعنی قدوم ہے پس اصل قدوم کے ذکر میں تو قیام ہرگز کبھی نہیں ہوا حالانکہ تعظیم قدوم میں قیام کو خود مستحب لکھتا ہے اور جو اس کے معنی میں ہے اس کے ذکر میں ایسا التزام قیام کا ہوا کہ مثل واجب کے ہو گیا دوسرے یہ کہ تعظیم قیام کی قدوم محکی کیواسطے ہوتی ہے اور حکایت کو حکم محکی کا کہیں شرع میں نہیں دیا گیا یہ قاعدہ شرع میں جدید مؤلف نے خلاف امر شارع کے وضع کیا ہے اور وہی تعین مطلق اور تعدی حکم اللہ پھر بھی رہی اور جو حکایت کو ذکر محکی کا کہتا ہے تو ذکر ذکر سب یکساں ہیں سب میں استحباب قیام کا ہے اور ذکر اللہ احق ہے وہ بلا ترجیح اور تخصیص پھر لازم آئی پھر مؤلف کہتا ہے کہ حق تعالیٰ قدوم وجودی سے پاک لم یلد ولم یولد ہے سو وہاں یہ تعظیم کیونکر ہو سکے پس اس نقرہ کو مؤلف کے دیکھو کہ تعظیم قیام کو حصر کرتا ہے ولادت کے قدوم میں تو گویا جو ولادت کر کے وجود میں آئے اس وقت اس کے واسطے تو قیام ہو یا اس کی حکایت میں ہو ورنہ نہیں اول تو یہ خود اپنی تحریر کے خلاف کہتا ہے کہ مطلق ذکر اللہ اور ذکر فخر عالم میں تعظیم قیام مستحب لکھ آیا ہے دوسرے پھر وہی تعین بالرائے اور تقیید مطلق ہوئی اور زیادت تعظیم فخر عالم کی حق تعالیٰ پر لازم آئی کیونکہ یہ فرد تعظیم فخر عالم میں تو ایک ذکر خاص پر پائی جاتی ہے لزوماً اور حق تعالیٰ کے واسطے کہیں بھی کبھی نہیں ہوتی وہی محذور پھر لازم آیا اور پھر اپنی تعظیم کو جتلاتا ہے کہ ہم حق تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہیں فخر عالم کو نہیں کرتے سو یہ بھی کم فہمی ہے معترض کب کہتا ہے کہ فخر عالم کو من کل الوجوہ اعلیٰ حق تعالیٰ سے بنا دیا ہے وہ تو اس تعظیم کی وجہ سے کہہ رہا ہے کہ اس تعظیم خاص میں فوقیت دیتے ہیں غرض مؤلف صاحب کے فہم کے قربان ان کے اتباع کرکے کوئی بھی بات سیدھی نہیں بولتے اصل اعتراض کا جواب کچھ نہیں اس کا اعتراف

سے نظر کی جمع معنی مثال ۱۲ سے کمزور غلط سے جس کی حکایت بیان کیجائے ۱۲ سے حکم الٰہی سے تجاوز کرنا ۱۲ شہ راجح قرار دینا ۱۲ سے نہ جتنا ہو نہ جتایا گیا ۱۲

حرام ہے لہذا اس وجہ سے یہ قیام حرام ہوا ہذا کلامہ میں اس کے جواب میں کہتا ہوں الحمد للہ آپ کی زبان سے اتنا تو نکلا کہ قیام کرنا وقت ذکر ولادت شریف کے ہونا چاہئے خیر اس قدر آپ کا تسلیم کر لینا بھی بس ہے ع عمرت دراز باد کہ این ہم غنیمت است ؛ بعد اس کے یہ فرمانا آپ کا کہ ہر روز کون سی ولادت مکرر ہوتی ہے نعوذ باللہ منہا یہ بڑی بیباکی ہے اور اس کے بعد جو خرافات فرضی اور کنھیا کا سانگ وغیرہ الفاظ لکھے ہیں وہ تو نہایت درجہ کی بے ادبی اور گستاخی ہے یہ خیال نہ کیا کہ کیس عالیجناب کا ذکر ہے آدمی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہوشیار ہو کر الفاظ سوچ کر منہ سے نکالے ع ہشدار کہ رہ بر دم تیغ است قدم را۔

اور دوسرا اعتراض ذمہ پر رکھ لیا اور پہلے لکھے کا خیال نہیں اور اس کے مخالف قاعدہ گھڑ لیا سبحان اللہ

جو ذیاں قیام کی کوئی وجہ موجود نہیں پائی جاتی **قولہ** اعتراض مطبع ہاشمی میں الخ **اقول** اس فتوی کی نقل اول نور ہدایہ میں کی گئی ہے سائل نے اس قیام مخصوص کو پوچھا تھا مجیب نے اس کے جواب میں سب شقوق قیام کو لکھ کر ایک ایک شق کا حکم شرعی لکھ دیا مگر یہ کہ مطلق ذکر فخر عالم میں قیام مندوب ہے بلا قیود تخصیص یہ نہیں لکھا کہ سوال سائل میں استفسار نہ تھا پس اس ایک شق کا یہ جواب لکھا ہے کہ اگر قدوم روح مبارک کی وجہ سے یہ قیام ہے کہ وہ ظہور مبنی قدوم کے ہے اور قدوم پر تعظیم مندوب ہے تو یہاں اس وقت قدوم نہیں بلکہ ذکر قدوم معنوی کا ہے کیونکہ ولادت مکرر نہیں ہوتی ایک دفعہ ہو چکی اور اب اگر ذہن میں ولادت فرض کر کے قیام کرتے ہیں تو اسکی کوئی نظیر شرع میں نہیں کہ فرضی امر کیساتھ معاملہ اصلی شے کا کیا جاوے تو مؤلف کہتا ہے کہ **قولہ** میں اس کے جواب میں کہتا ہوں الخ **اقول** مؤلف کو فہم مطالب تو بون بعیدی ہے کہتا ہے کہ الحمد للہ آپکے منہ سے یہ بات نکلی یہ فقرہ مؤلف کا محض نادانی ہے کیونکہ یہ اسوقت لائق تھا کہ اول یہ ثابت کر دیتا کہ قیام تعظیم قادم کو مجیب منع کرتے ہیں اور ہر گاہ کہ یہ امر ثابت نہیں تو پھر یہ کلمہ تعجب کا خود مؤلف کے فہم متعجب کا ثمرہ ہے مؤلف مقر ہو چکا ہے کہ حکم مقید کا بوجہ قید کے ہوتا ہے پس یہ قول مجیب کا الحاصل قیام وقت ذکر ولادت کے الخ خود دلالت کرتا ہے کہ یہ قیام مخصوص بوجہ خصوصیت کے مورد تقسیم احکام کا ہے قیام مطلق اس سے خارج ہے پس اس کو مسلم قلم کے خلاف کہنا کس قدر تعجب اور دیانت سے دور ہے معہذا صریح اس فتوی میں مذکور ہے کہ یہ بات کہ خود جناب علیہ الصلوٰۃ کے واسطے کوئی کھڑا ہوا خارج بحث ہے الخ مگر مؤلف کے چشم حق بین کہاں ہے کہ دیکھے پس ہر گاہ کہ مجیب کا یہ مذہب ہے کہ جس مقام میں قیام تعظیم شرعاً ثابت ہے وہاں مندوب ہے اور جہاں کوئی وجہ منع کی ہے ممنوع اور قدوم کیواسطے بشرط عدم مانع کے اور ذکر اللہ تعالیٰ اور ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیواسطے مندوب بحکم تخصیص مطلق کی بدون نص کے بدعت ہے تو پھر گنجائش اعتراض کی مؤلف کو کہاں ہے بلکہ یہ محض عناد ہے **قولہ** بعد اس کے یہ فرمانا آپ کا الخ **اقول** مؤلف کو فہم مطلب تو کہیں کام نہیں ہوتا بے سوچے جو چاہا کہدیا نہ شرم نہ اندیشہ آخرت بھلا مؤلف جو ایسا سر پھلا کر تعجب کرتا ہے اور گستاخی کا بہتان لگاتا ہے وہ کونسی گستاخی ہے مجیب نے یہ کہا کہ یہ قیام مخصوص اگر بوجہ تشریف آوری روح پاک عالم غیب سے عالم شہادت میں ہے تو یہ قیام وقت ولادت شریفہ کے ہوتا اب جو اہل بدعت کرتے ہیں تو کیا اس وقت ولادت مکررہ ہوتی ہے پس یہ فقرہ استفہام انکاری کا ہے کہ ولادت مکررہ نہیں ایسی کون سی گستاخی ہے یہ امر صحیح اور درست ہے پھر مجیب نے کہا پس یہ ہر روز اعادہ ولادت الخ یعنی ہر گاہ کہ تعظیم تو ولادت کی ہے اور ولادت یہاں کہیں موجود نہیں تو اہل بدعت گستاخ اعادہ ولادت فرضاً کرتے ہیں یہ معنی کہ معدوم ماضی کو موجود فرض کر لیا اور فرضی موجود کو حقیقی تصور کر لیا جیسا ہنود کرتے ہیں پس ایسا کام کرنا سخت گستاخی اور زبونی حرکت ہے معاذ اللہ فخر عالم میں کس نے گستاخی کی مجیب نے ہرگز نہیں کی وہ اس فرضی ولادت کو گستاخی کہتے ہیں اور منع کرتے ہیں تو گستاخی کرنے

ے دریافت ے تشریف آوری ے اختلاف ے آئیرالا ے سرکشی ے بُری ۱۲

لیکن خیر جب آپ زبان پر لائے تو جواب اسکا دینا ضرور ہوا ۱ اے حضرت جس چیز کا ذکر آدمی بیدار دلی سے کرتا ہے اسکا تصور بالضرور ہوتا ہے اسوقت دو نظیریں لکھتا ہوں بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کو قبل احرام باندھنے کے خوشبو لگائی تھی جب حضرت عائشہ نے بعد چندے اس حال کو ایک موقع میں روایت کیا تو فرماتی ہیں کانی انظر الی وبیص الطیب فی مفارق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی گویا میں دیکھ رہی ہوں چمک خوشبو کی سر مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ۱ یہ حدیث صحیحین میں ہے اور ابو جحیفہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سرخ حلہ پہنے ہوئے تھے کانی انظر الی بریق ساقیہ یعنی گویا میں دیکھ رہا ہوں چمک پنڈلیوں نورانی کی یہ حدیث جامع ترمذی کی باب الاذان میں ہے ان روایتوں سے معلوم ہوا کہ جنکو محبت ہوتی ہے انکو وقت ذکر محبوب کے یہی شان جمال محبوب پیش نظر ہوتی ہے پس توں آپکا کہ اب کونسی ہر روز ولادت

مولودی ہیں نہ حبیب اور جو اس ذکر پر قیام کو تشبیہ دینا گستاخی ہے بزعم مؤلف کے تو بھی بیجا ہے کیونکہ اس وجہ مخصوصہ پر تو قیام مشابہ فعل ہنود کے ہی ہے کہ وقت ولادت کنہیا کے ہنود بھی ولادت فرضی کر کے ایسی تعظیم کرتے ہیں گویا اب پیدا ہوا ہے سو یہ قیام خود ممنوع ہے تو اس فعل منع کو تشبیہ دینا کس طرح گستاخی ہوئی مؤلف کو فہم نہیں معذور ہے **قولہ** تو جواب اس کا دینا ضرور ہوا الخ ۱ **اقول** مؤلف نے دو روایتیں نقل کیں دونوں میں تصور حلیہ فخر عالم کا ہے اور کانی کا لفظ مذکور ہے پس مؤلف ہوش کر کے سن لے کہ یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ آدمی جب کسی گذشتہ امر کو حکایت کرتا ہے تو وہ محکی[۱] ذہن میں پیش نظر ذہن کے ہو جاتا ہے تو صحابہ جب حالات فخر عالم کے بیان کرتے تھے تو وہ محکی پاک نظر میں آجاتا تھا خواہ وہ حلیہ ہوتا خواہ اور کوئی قصہ ہوتا اور اس کی یاد پر سرور یا رقت[۲] یا کوئی حال مناسب آتا تھا اور یہ اب بھی سب انسان میں بدیہی ہے اور احادیث میں بکثرت موجود ہے پس یہ امر تو دونوں روایت سے معلوم اور مسلم ہے مگر یہ تو دیکھو کہ اس حکایت اور صورت ذہنیہ کے ساتھ معاملہ خود محکی کا ہوا ہو یہ ان دونوں روایتوں سے ہرگز کچھ ثابت نہیں ہوتا اگر کسی روایت میں یہ معاملہ ثابت ہوا ہو تو مؤلف اور اسکے معتقد[۳] بیان نشان دیویں کہ ولادت کے ذکر میں یا گھر سے باہر تشریف لانے کے ذکر میں یا غزوات سے آنے کے ذکر میں کسی نے وقت اس ذکر کے قیام کیا ہو یا مصافحہ کیا ہو یا سلام علیک یا کچھ اور معاملہ محکی کا ذکر حکایت سے کہیں ہوا ہو پس ان دونوں روایت میں فقط یہ مذکور ہوا کہ گویا میری نظر میں ہے مؤلف کے مدعی کو کیا مفید ہوا اثبات تو اس بات کا کہ حکایت سے معاملہ محکی کا ہو مؤلف پر واجب ہے اور مجیب نے اس پر انکار نہیں کیا کہ وقت حکایت کے محکی ذہن حاکی میں نہیں آتا تاکہ مؤلف ان دونوں روایت سے اسکا اثبات کرے بلکہ اس تصور کے ساتھ معاملہ تعظیم محکی کا نہیں ہوتا یہ لکھتے ہیں سو یہ ان دونوں روایت سے ہرگز ثابت نہیں ہوا لہذا مؤلف ہوش کرے دو روایت مؤلف نے اپنی عادت کے موافق دعوے کا دہی کو نقل کر کے اپنی عقل کے تیر چلانے لگا کہ بے شک محبوب کی شان پیش نظر ہوتی ہے مگر اس شان پیش نظر کے ساتھ شرع سے یہ ثابت کرنا واجب ہے کہ محبوب کا سا معاملہ اسکے ساتھ شرع میں ثابت ہو یا عقل میں درست ہو اگر عاشق فریفتہ اور مجنون ہو جاوے وہ قاعدہ شرع و عقل سے خارج ہے اسکا ذکر ہی نہیں پس مؤلف کا قول کہ اگر ولادت مکرر نہیں ذکر ولادت تو مکرر ہے کس قدر بے معنی و لغو ہے کیونکہ ذکر ولادت کے مکرر ہونے سے قیام کا ثبوت کس طرح ہو جاویگا نہ مؤلف کی دو نظیر سے ثابت نہ کسی حدیث سے نہ عقل کا تقاضا کہ حکایت کو قائم مقام محکی کا کر کے محکی کا معاملہ کرے اس ہی حماقت نے راہ بت پرستاں کا مارا ہے اور صورت حاصلہ[۴] فی الذہن علم کو کہتے ہیں علم شی کا خود شی معلوم ہو کر معظم و مکرم خارجی اعضاء سے مثل معلوم خارجی کے ہونے لگے یہ درجہ تو مشرکوں سے بھی بڑھ گیا انہوں نے تو خارج میں ایک تصویر قائم مقام بھی کر دی تھی یہاں وہ بھی نہیں معاذ اللہ عن ہذا الفہم الردی الحاصل

[۱] مضمون حکایت [۲] خوف و زمی کی حالت [۳] جن کی پیروی کیجائے [۴] وہ صورت جو ذہن میں حاصل ہو [۵] اس خراب عقل و سمجھ سے خدا کی پناہ ۱۲

ہوتی ہے اے حضرت اگر ولادت مکرر نہیں ہوتی ذکر ولادت باسعادت تو مکرر ہوتا ہے اور اس وقت جو ظہور انوار و برکات و عجائب حالات ہوا تھا وہ تو مکرر مذکور ہوتا ہے اور وہ نقشہ جاہ و جلال اور حسن و جمال کا تو ہر بار گفتگوئے تازہ سے دل میں تازہ ہوتا ہے اور آپ فرما چکے کہ قیام کرنا وقت وقوع ولادت کے ہونا چاہئے تو جب تذکرہ کر لیجیے پھر وہی تعظیم محبان رسول کے قلب میں طاری و ساری ہو گئی اور قیام کر دیا فرمائیے کون سی دلیل شرعی اس کے منع پر قائم ہے اور یہ جو آپ نے تحریر فرمایا کہ اس امر کی شرع میں کہیں نظیر نہیں کہ امر فرضی ٹھہرا کر حقیقت کا معاملہ اسکے ساتھ کیا جاوے، اے حضرت ذکر ولادت شریف تو کوئی امر فرضی نہیں یہ تذکرہ تو امر حسی موجود فی الخارج ہے زبانوں پر اس کے الفاظ جاری کانوں میں اسکی صورت طاری دلوں میں اس کا ذوق ساری پس اسوقت میں اگر اصل حقیقت کی طرح تعظیم دی جاوے اس کی نظیریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ شرع شریف میں مل جاویں گی از انجملہ صوم عاشورا ہی کہاں

ذکر مبارک آپکا لاریب موجب کمال سرور مومن کا ہے مگر اس ذکر کے وقت صورت حاصلہ فی الذہن سے معاملہ خود ذات مبارک معلوم ہونے کے لئے یہ ہرگز جائز نہیں ہاں کوئی عشق و وجد[1] میں کھڑا ہو جاوے یا لوٹ جاوے یا بے اختیاری میں کچھ کرے وہ اس بحث سے خارج ہے جیسا علامہ شبلی کا قصہ ہے اور کچھ امر ولادت پر ہی منحصر نہیں سب آپکے حالات میں ہی ہم نے اہل وجد میں اسکو ملاحظہ کیا ہے اب مؤلف ذرا غور کرے کہ ان دو حدیث سے اور دلیل عقلی سے مدعا اسکا ہرگز نہیں نکلتا اس قیام کا ثبوت شرعا سے کہیں نہیں ہوویگا اگر ساری عمر سر ماریگا اسکا جواب کوئی نہیں ہوگا کہ صورت حاصلہ ذہن کے ساتھ معاملہ معلوم خارجی کا ہووے ہوش کرے اور اس قیام کی کراہت پر دلیل شرعی تو خود بارہا ہو گئی مگر مؤلف کے ذہن پر غشاوہ[2] ہے تعیین مطلق خود دلیل کراہت کی ہے اور تشابہ کفار دلیل کراہت کی ہے اور خلاف سلف کے ہونا دلیل کراہت کی ہے اور کیا چاہتا ہے **قولہ** اور یہ جو آپنے فرمایا کہ امر فرضی الخ **اقول** لاحول ولا قوۃ الا باللہ مؤلف کس قدر کند ذہن آدمی ہے ہرگز نہیں سمجھتا ارے مرد آدمی ولادت خارجی واقعی تو محکی[3] ہے اور ولادت کا تصور جو وقت ذکر ولادت کے ہو وہ اسکی صورت ذہنی اور حکایت ذہنی ہے اور جو تذکرہ لسانی ہے وہ حکایت زبانی ہے پس ولادت حقیقی تو وہ ہے جو گذر چکی اور ولادت فرضیہ یہ ہے کہ اسوقت اسکی صورت ذہن میں لیکر یا حکایت زبانی کو قائم مقام اصلی کے کرتے ہیں اور اس تصور یا الفاظ کی حکایت کو ولادت فرض کرتے ہیں کہ گویا یہ وہی ہے پھر اس کے ساتھ تعظیم عین ولادت جیسی کرتے ہیں محکی کو فرضی نہیں کہا اور نہ حکایت کو فرضی کہا بلکہ حکایت کو فرضی کہا ہے بایں معنی کہ مثل محکی کے حکایت کو بنا دیں اور حکایت کو محکی فرض کریں اور معاملہ اصل کا اسکے ساتھ کریں ولادت اور ذکر ولادت میں فرق بدیہی کہ مضاف اور مضاف الیہ دو ہوتے ہیں ایک نہیں ہوتا پس ذکر ولادت خود ولادت نہیں لہذا مضاف الیہ کا معاملہ مضاف کے ساتھ شرع سے ثابت نہیں اور یہ بھی سفسطہ[4] ہے کہ مضاف کو بمقام مضاف الیہ کے رکھکر معاملہ مضاف الیہ کا کریں ہنود کو بھی دھوکا ہے کہ ذکر ولادت کو عین ولادت جانکر معاملہ ولادت کا کرنے لگے یہ امر بدیہی ہے اگر عقل ہو تو مؤلف تمام مضاف و مضاف الیہ کو اور حکایت و محکی کو ذہن میں لیکر عقل کو کام فرماوے اور سمجھے

رمل حج و صوم عاشورا و تصور شیخ سے حکایت کے ساتھ محکی عنہ کا سا معاملہ کرنا ثابت نہیں

قولہ از انجملہ یوم عاشورا ہے الخ **اقول** پہلے خوب محقق ہو چکا کہ فخر عالم علیہ السلام نے صوم عاشورا بافتراض حق تعالیٰ اور حسب عادت قدیمہ کے رکھا تھا اور ہرگز باتباع یہود کے یا بوجہ شکر نجات حضرت موسیٰ کے نہیں رکھا اس تحقیق کا اعادہ نہیں کیا جاتا وہاں دیکھ لیویں ابن حجر نے اس صوم کو اعادہ سرور کی اصل ٹھہرایا تھا کہ جیسا شکر نجات بتجدد[5] امثال ہر سال عود کرتا ہے شکر ولادت بھی ہر سال اس تاریخ میں اگر عود[6] کرے تو اس کی

[1] حال و سروری کیفیت [2] پردہ [3] موضوع حکایت [4] حماقت [5] مثالوں کی تبدیلی کے ساتھ [6] واپس آئے ۱۲

فرعون کا ڈوبنا اور موسیٰ علیہ السلام کا نجات پانا اور انکے شکریہ میں موسیٰ علیہ السلام کا روزہ رکھنا اور کہاں یہ ہمارا زمانہ کہ اتنک وہ روزہ چلا جاتا ہے حالانکہ حقیقتِ وقوعِ واقعہ غرقِ فرعون و نجات موسیٰ تو اسی دور میں ہوئی تھی اب وہ اصل حقیقت موجود نہیں پس جبکہ آپ قائل ہوئے کہ وقوع ولادت میں قیام ہونا چاہیے تو اگرچہ وہ حقیقت اب موجود نہیں لیکن ہمیشہ تعظیم کا جاری رہنا بعد انقضائے اصل واقعہ کے نظیر صوم عاشورا سے ثابت ہو گیا اور دوسری نظیر ایک اور بھی ہے جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے مکہ تشریف لائے تو مدینہ میں بخار کی بیماری تھی مشرکوں نے کہا کہ ان لوگوں کو مدینہ کے بخار نے سست زار و نزار کر دیا ان سے طواف بھی نہ ہو سکے گا یہ کہا اور مقام حجر کی طرف کو مشرک لوگ ان کا تماشہ

مناسبت اسمیں ہے مگر فی الواقع یہ دونوں مغائر ہیں چنانچہ سب تحقیق ہو چکی مگر بہرحال مناسبت ظاہر میں تھی گو واقع میں فرق ہے لیکن مؤلف نے یہ غضب کر دیئے کہ بالکل کوئی مناسبت ہی نہیں رکھی اور پھر اصل بنا دیا یہ محض خیال فاسد ہی ہے اس واسطے کہ وہاں اعادہ سرور و ولادت کا محل یوم ولادت میں تھا جیسا شکر عاشورا محل یوم نجات میں ہے غرض ہر دو یوم تو مناسب ہیں اور یہاں تو محض مؤلف کا امر فرضی ہی ہے اور فرضی امر ٹھہرا کر جسکا کہیں خارج میں وجود نہیں معاملہ اسکا کرتا ہے اور عجیب تر اس کو ہی رد کیا ہے کہ جھوٹ تو چاہے ذہن میں تصور ولادت کا کر لیا اور زبان سے حکایت اس ولادت کی کر دی اور اس تصور ذہنی یا الفاظ حکایت کی تعظیم مثل عین ولادت کے کرنے لگے تو یہاں مؤلف کو واجب تھا کہ اپنے مدعا کے اثبات میں ایسی نظیر دیتا کہ زبان سے حکایت کر کے اس حکایت کے ساتھ تعظیم محکی عنہ کی ہو یا ذہن میں تصور جما کر اس صورت ذہنیہ کی تعظیم قیام خارجی سے بجا لاوے تاکہ مدعیٰ اسکا ثابت ہوتا ورنہ اس نظیر سے اسکو کیا نفع ہے اب نہ معلوم کہ مؤلف کے نزدیک ولادتِ حقیقیہ ماضیہ کے قائم مقام فقط تصور ذہنی ہے یا حکایت لفظ لسانی ہے یا دونوں ہیں جسکے واسطے قیام تعظیم ہوتا ہے بہرحال اس فرضی تصور یا حکایتِ واقعہ کی تعظیم جو فرضاً محکی ہوا ہے اس نظیر صوم عاشورا سے کچھ معلوم نہیں ہوتی کیونکہ یوم عاشورا بعینہ بلکہ امثال ہر سال عود کرتا ہے گو غرق فرعون و نجات بنی اسرائیل عود نہ کریں سو تعظیم یہود اس یوم کی کرتے تھے اور عید مناتے تھے نہ یہ کہ تصور غرق و نجات کا کر کے عید کرتے ہوں یا ذکر غرق و نجات کا پڑھ کر عید مناتے ہوں بخلاف مؤلف کے کہ وہ محض تصور اور الفاظ حکایت و ذکر کو مقام عین ولادت کی کرتا ہے اور تعظیم اسکی مثل تعظیم عین ولادت کے ہوتی ہے دیکھو کہ فعل یہود میں اور فعل مؤلف میں زمین آسمان کا فرق ہے یہود کے فعل کو تو کچھ مناسبت ہے بھی کہ زمانہ زمانہ مماثل ہے مگر مؤلف کے فعل میں کچھ بھی مناسبت نہیں محض مغائرت ہے اور ہنود جیسا فرضی معاملہ ہے اور خیال پرستی کا قصہ ہے معاذ اللہ کیا سوء فہم ہے کہ بے دل سوچے سمجھے جو چاہے لکھ دیوے اور شرم نہ کرے شکر نجات حضرت موسیٰ کا دائمی تھا اور مثل یوم واقعہ کو شکر کے واسطے مقرر کر دینا عید منانا تھا ایسا ہی شکر ولادت فخر عالم علیہ السلام کا دائمی ہے اور اسکے یوم ولادت کو ٹھہرا دینا عید منانا ہے اس مناسبت سے ابن حجر نے یوم عاشورا کو نظیر سرور یوم ولادت لکھی تھی گو اصل میں یہ اصل بنانا بے اصل تھا کیونکہ صوم فخر عالم اسوجہ سے ہرگز نہیں تھا اور سرور و تعید کو آپ نے رد ہی کر دیا تھا لیکن صورت غرق فرعون و نجات موسیٰ کو ذہن میں ٹھہرا کر یا ذکر غرق و نجات کا کر کے اور اصل واقعہ کے قائم مقام فرض کر کے تو عید نہیں بنایا تھا جیسا کہ مؤلف بیاد حکایت واقعہ ولادت کے کھڑا ہونا لکھتا ہے تو وہ ابن حجر کو سوجھی تھی نہ یہود نے یہ فرضی کام کیا تھا مؤلف نے ذرا شرما کر اپنی اصل بے اصل کو خیال کرے کہ شرع محمدی میں تصور ولادت و حکایت ولادت کو مقام عین ولادت کے قائم فرض کر کے خیال و لفظ پرستی کرتا ہے حالانکہ شرع میں یہ محض بے اصل امر ہے اور توبہ کرے **قولہ** اور دوسری نظیر الخ **اقول** رمل میں قوت دکھانا کفار کو تھا مگر دوسری علت کا ہونا کہاں سے محقق ہوا کہ سوائے اس کی کوئی علت نہیں تھی ایک شئی کی کئی کئی علل بھی ہوتی ہیں پس بعد فتح مکہ کے اگرچہ یہ علت مرتفع ہوئی مگر دیگر علل کا رفع ہونا کیونکر

لہ موضوع حکایت ۲ہ زبانی ۳ہ شانوں کی تبدیلی کے ساتھ ۴ہ مشابہ ۵ہ مخالفت ۶ہ ختم ۷ہ علت کی جمع ۱۲

دیکھنے لگے تب حضرت نے صحابہؓ کو فرمایا کہ ان مشرکوں کے سامنے طواف کے وقت رمل کرو انہوں نے رمل کیا یعنی جس طرح پہلوان لوگ وقت لڑائی کے کودتے ہوئے اور مونڈھوں کو ہلاتے ہوئے بہادرانہ چال چلتے ہیں اسی طرح صحابہ اُن مشرکوں کے سامنے چلتے تھے اور کفار یوں بول اٹھے یہ تو ہرن کیطرح چوکڑیاں بھرتے ہیں یہ روایتیں صحاح ستہ میں موجود ہیں خلاصہ یہ کہ رمل یعنی کود اور اچھل کر مونڈھو ہلا کر چلنا اسوقت تو واسطے دکھانے کفار کے کیا گیا تھا لیکن پھر بعد اس زمانہ کے جو حجۃ الوداع واقع ہوا اسوقت بھی قوت رفتار رمل کے طور پر وقوع میں آئی حالانکہ اسوقت کوئی مشرک وہاں نہ تھا قطعاً اور قائم رکھا اسوقت میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس رفتار تبختر کو اور پھر قائم رکھا بعد آپ کے خلفاء راشدین نے پھر تابعین نے یہانتک کہ اب تک بھی وہی پہلوانوں کی چال کود اچھل کر وقت طواف کیجاتی ہے اب دیکھئے یہ معاملہ حقیقت کا سا بعد منقضی ہوجانے اصل حقیقت کے کیا جاتا ہے الیٰ یومنا ہذا اور جاری رہے گا الیٰ یوم القیامۃ حالانکہ اصل علت موجود نہیں یعنی اب حرم شریف میں ایک بھی کافر نہیں جسکو اپنی طاقت اور بہادری اور جوانمردی کی چال دکھلائے چنانچہ صاحب ہدایہ اس معنی کی طرف اشارہ فرماتے ہیں ثم بقی الحکم بعد زوال السبب فی زمن النبی علیہ السلام وبعدہٗ اور شیخ دہلوی نے شرح سفر السعادت میں لکھا ہے معلوم شد کہ بعد از زوال علت نیز ایں حکم باقی ست تو حضرت صاحب اصل حقیقت کا سا معاملہ بعد انقضائے حقیقت بھی کرنے کی نظیریں شرع میں موجود ہیں اور جس چیز کی نظیر پائی جاوے وہ موافق قاعدہ مولوی اسماعیل صاحب کے بدعت نہیں ہوتی الحاصل جب آپ قائل ہوچکے کہ اصل حقیقت یعنی وقوع ولادت شریف میں قیام ہونا چاہئے اور ہم کہتے ہیں کہ واقعی آپ اس امر میں حق پر ہیں چنانچہ بعض روایات موالید میں آیا ہے کہ اس وقت ملائکہ اور حوریں کھڑی ہوئی تھیں آدمی کا تو وہاں گذر نہ تھا اور جسکا گذر

معلوم ہوا پس اولاً یہ جزم کہ دوسری علت نہیں تھی صحیح نہیں بلکہ یہاں دوسری علت کا احتمال بلکہ قرینہ وجود اس کا ہے جس کا ذکر آب آتا ہے نہایت یہ کہ ایک علت کو شارع نے بیان کیا دوسری علت کو مجتہدین کے استنباط پر رکھا جیسا اکثر نصوص میں بیان علت نہیں فرمایا اگر ہم تسلیم کریں[2] کہ دوسری علت نہیں تھی تو حجۃ الوداع میں آپ کا رمل[1] کرنا اور کرانا یہ بھی علت ہے کہ باتباع آپکے فعل کے ہوا اور آپنے تقریر فرمائی پس یہ علت نہایت قوی ہے تو نص علتِ رمل کی موجود ہے ہرچند اس میں بھی استخراج علت کا ممکن ہے مگر مسلماً کہ یہ نص خلاف قیاس کے ہے کہ فقہاء کے فہم میں اسکی علت نہ آئی پس جو نص خلاف قیاس ہوتی ہے وہ اصل کسی شئی کی نہیں ہوتی اور مقیس علیہ[3] نہیں بنائی جاتی تعدی حکم اس سے ناجائز ہے اور حکم اسکا مقصور بمحل نص ہی رہتا ہے پس اس رمل سے قیاس مؤلف کا محل نزاع میں باطل ہوا اور نظیر اسکی کھنی لغو ہوئی اب دیکھو علی قاری شرح مناسک میں کیا لکھتے ہیں لایقال الاصل فی الحکم ان یزول بزوال العلۃ فانا نقول قد فعلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد زوال المشر دعیۃ تذکر النعمۃ بعد الامن الخوف یشکر علیہا فہذہ علۃ اخری والحکم تثبت بعلل شتیٰ دلۃ او انتفاع شخص علۃ لا یؤثر فی انتفاء نوع الحکم ولئن سلم فالحکم ہہنا مع عدم العلۃ فہو غیر معقول المعنی الخ انتہی اور قول صاحب ہدایہ کا جو نقل مؤلف نے کیا ہے اس کے یہ معنی ہیں کہ بعد زوال اس سبب کے جو اس وقت آپ نے اظہار فرمایا تھا نہ مطلق اسباب رمل کی کیونکہ اگر کوئی سبب نہیں تو فعل شارع کا تو خود علت حکم کی موجود ہے کہ اصل علت نص ہی ہوتی ہے مگر مؤلف کس کا فہم لاوے جو سمجھے پھر سنو کہ یہ نظیر بھی محض[4] مغسطہ ہے کیونکہ طواف کی مثل طواف ہے من کل الوجوہ[5] طواف طواف سب ایک ہیں یہاں بھی اعادہ سبب کا موجود ہے کوئی فرضی امر نہیں الغرض یہ نہیں کہ ذکر اظہار قوت کا ہر

[1] سینہ تان کر چلنا [2] ہم نے تسلیم کیا [3] جس پر کسی شے کو قیاس کیا جائے [4] بیہودہ لغو [5] ہر اعتبار سے ۱۲

تھا وہ حالت قیام میں تھا تو اب بھی جب ذکر آوے تو وہی قیام امت میں جاری رہے تعظیماً تو ہرگز مخالف اصل شرعی کے نہیں ہو سکتا اور تماشہ یہ کہ آپ یعنی حضرت معترض صوفی بھی ہیں اور آپکے یہاں تصور شیخ کا قاعدہ بھی چلا آتا ہے آپکے بزرگوار فرماتے ہیں والذکر الاعظم ربط القلب بالشیخ علی وصف المحبۃ والتعظیم وملاحظۃ صورتہ انتہی اور شاہ ولی اللہ صاحب رسالہ انتباہ میں لکھتے ہیں فینبغی ان تجعل صورۃ الشیخ علی کتفک الایمن اور شاہ ولی اللہ صاحب کے خلیفہ محمد عاشق پھلتی جنہوں نے شاہ عبدالعزیز صاحب نے بعد وفات والد اپنے کے تکمیل سلوک کی ہے اپنی کتاب سبیل الرشاد میں مرشد کا تعلیم کیا ہوا طریقہ لکھتے ہیں اگر وقت دوری شیخ کسے استفاضہ خواہد طریق است آن است کہ فارغ دل وضو ساختہ نماز گذاردہ ہمانجا نشستہ صورت شخصیکہ ازوے فیض می جوید بجمع ہمت و دفع خطرات ملاحظہ نماید الی آخرہ اور امام ربانی جلد ثانی مکتوب کی مکتوب سی ام میں کثرت تصور شیخ کیلئے لکھتے ہیں این قسم دولت سعادتمنداں را میسر است تا در جمیع احوال صاحب رابطہ را متوسط خود دانند و در جمیع اوقات متوجہ او باشند اور حاجی امداد اللہ صاحب ضیاء القلوب مطبوعہ کے صفحہ میں اسی طرف اشارہ فرماتے ہیں اگر در حالت ذکر خطرہ درآید بمشاہدہ جمال مرشد آں خطرہ را دفع سازند و باز بذکر مشغول شوند اور مولوی اسحٰق صاحب نے بھی مائۃ مسائل میں اس بات کو رد کردیا کہ پیر کو عالم الغیب جانے لیکن تصور بطور رابطۂ قلبی کے ذکر کیا اور اسکو منع نہ فرمایا یہ صریح علامت جواز کی ہے عبارت ان کی یہ ہے

اور وہ حل کیا ہو یا تذکرہ صورت ذہنیہ واقعہ کی کر کے رمل کیا ہو اصل معترض کا اعتراض اور رد کرنا تو فرض شے کا ہے نہ مثل شی پر پس یہاں اس نظیر میں نہ صورت علمیہ فرضیہ پر عمل ہوا نہ حکایات لفظیہ پر ہوا جیسا ذکر ولادت پر ہوتا ہے اگر مؤلف کو ہوش نہ ہو تو کوئی کیا کرے نہ مؤلف مغز سخن کسی کو سمجھے نہ اپنے جواب کی کیفیت سے مطلع ہو الحاصل دونوں نظیر میں مثل موجود ہے مگر مؤلف کے قیام ولادت میں کوئی مثل ولادت نہیں محض صورت ذہنیہ و حکایت ہے کہ ان دونوں کو یا ایک کو عین ولادت فرض کر کے قیام اسکی تعظیم کا کرتا ہے پس فرق کس قدر ہویدا ہے سے گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ٭ چشمہ آفتاب را چہ گناہ، پس ہرگاہ ثمرہ مؤلف کا معلوم ہو چکا تو صاف تحقیق ہو گیا کہ مؤلف خیال پرستی میں ہے اور یہ امر ہرگز نہ شرع میں ثابت اور نہ عقل میں جائز اور نہ ہرگز یہ وجہ قیام کی درست ہے اور نہ ہو سکتی ہے شرعاً فقط قولہ اور آپ کے یہاں تصور شیخ الخ اقول بدیہی امر ہے کہ اگر کوئی اپنے دوست محبوب کا تصور کریگا تو اس صورت ذہنیہ کے ساتھ حب لازم ہوگی اور دشمن کے تصور میں بغض لازم ہو ویگا اور معظم کے ساتھ تعظیم، اسمیں کسی عاقل کو تامل نہیں پس جب کوئی اپنے شیخ مربی کا تصور مثلاً کریگا تو بالضرور محبت و عظمت اس صورت ذہنیہ کو لازم ہو ویگی طبعاً پھر وہ اس صورت علمیہ کو خواہ مواجہ خیال کرے یا ذہنی یہ حب و تعظیم اسکو لازم مگر یہ تعظیم قلبی تو محل بحث نہیں کیونکہ حب و تعظیم فخر عالم علیہ السلام کی لازم قلب مومن کو ہے ہر دم و ہر لحظہ یہاں کلام افعال تعظیم کی جوارح سے اس صورت کے ساتھ بجالانے میں ہے اور خاص قیام تعظیم اس میں کرنے میں سو یہ کسی اہل طریقہ نے نہیں لکھا اور نہ کسی کا معمول ہے کہ اس صورت کے ساتھ معاملہ متصور کا کرنا چاہیے پس اس رابطہ کی حجت سے اگر مراد مؤلف کی یہ ہے کہ تعظیم تصور کی کرتے ہیں ولادت کی بھی تعظیم لازم آتی تو یہ محض بیجا ہے اس واسطے کہ ابھی بیان ہوا کہ تصور معظم کے ساتھ تعظیم لازم ہوتی ہے سو ولادت کے تصور کے ساتھ بھی تعظیم لازم ہو ویگی مگر اس تعظیم قلبی سے تعظیم بجوارح و قیام تو نہیں لازم آتی جسکے اثبات میں مؤلف چکر کھا رہا ہے ہاں جو منکر حب تعظیم قلبی تصور ولادت کا ہو اس پر یہ حجت ہو ویگی سو ایسا کوئی مومن نہیں چنانچہ توجیہ اسکی بالا ہوئی یہاں تعظیم قیام و جوارح کا انکار ہے سو یہ نہ صحابہ و تابعین و تبع تابعین سے ثابت اور نہ صوفیہ کا معمول اور نہ امر معقول محض ایک جہل قواعد شرع سے ہے پس قول جمیل و انتباہ و سبیل الرشاد و مکتوبات

۱ قریب ۲ تربیت کرنے والا ۳ ظاہر ۴ موضوع بحث ۵ اعضائے ظاہری ۶ جس کی تعظیم کی جائے ۱۲

واگر تصور بصورت شیخ بطور رابطہ باشد پس ممنوع بعض مشائخ است خلاصہ یہ کہ جیسے مرید طالب اپنے پیر کے سامنے مؤدب بیٹھتے ہیں اور تعظیم مد نظر رکھتے ہیں اس سے دو فائدے پیدا ہوئے ایک جب تصور شیخ سے مرید کو فلاح و خیر حاصل ہوئی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ہادی سُبل اور مرشد کامل ہیں انکا تصور غلبۂ محبت کے ساتھ کیونکر نفع نہ دیگا دوسرا فائدہ یہ کہ جب تعظیم مرشد حالت تصور میں بھی ہے تو یہ حقیقت کا طمہ عدم موجودگی حقیقت میں کیا جاتا ہے پس قائم ہوئی معترض پر یہ حجت ہماری از روئے طریقت اور قائم ہوئیں وہ حجتیں صوم عاشورا اور رمل کے ساتھ چلنا حالت طواف میں از روئے شریعت اور وہ جو معترض نے شدت غیظ قلبی سے اس بات کو محض حماقت اور حرام اور تشبہ کفار اور جنم کنھیا اور سانگ قرار دیا ہے اسکا جواب ہم کچھ نہیں دیتے ہاں یہ دعا کرتے ہیں کہ خداوند کریم جاہلوں کی زبان کو ایسے کلمات گندہ اور الفاظ غلیظ سے آلودہ نہ کرے واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم **اعتراض** کہتے ہیں کہ شامی جو مجوزین عمل مولد شریف میں شمار کیا جاتا ہے وہ خود قیام کو بدعت لا اصل لہا لکھتا ہے تو یہ قیام بدعۃ سیئہ ضلالت ہوا اور عبارت اس کی سیرت شامی میں یہ ہے جرت عادۃ کثیر من المحبین اذا سمعوا ذکر وضعہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقوموا تعظیما له صلی اللہ علیہ وسلم وهذا القیام بدعۃ لا اصل لها **جواب** اسکا یہ ہے کہ اس عبارت سے جو یہ لوگ ضلالت اور سیئہ

وضیاء القلوب ماتہ مسائل سے جو کچھ مؤلف نے نقل کیا ہے محض بے سود و بے محل نقل جملات سے. دو امر واضح ہوتے ایک یہ کہ جیسا تصور شیخ اور جملہ محبوب میں محبت قلبی لازمی ہے تصور فخر عالم اور آپ کے حالات ... میں بھی وہ حب و تعظیم لازم ہوتی ہے اور جیسا ان محبان کی کے تصور میں قیام وغیرہ امور جوارح[1] کی تعظیم منقول نہیں فخر عالم کے تصور میں بھی نہیں ہونا چاہئے خصوصاً جہاں تشبہ کفر کا لازم آوے جیسا تصور ولادت میں اور کسی کو نہ دیکھا سنا ہوگا کہ حالت عقل میں تصور زوجہ کے ساتھ بوس و کنار کرے یا تصور قدوم[2] والدین میں قیام مثلاً دوسرے یہ کہ جیسا حب قلبی فخر عالم اور ان کے احوال کے موجب قوت ایمان ہے ایسا ہی امور غیر مشروعہ کو ایسی حالت ذکر و تصور میں بجالانا تشبہ کفار کے ساتھ باعث ہتک[3] حرمت آپکا ہے اور موجب نقصان ایمان فاعل پس ہر دو حجت مؤلف کی منقلب اس پر سبب پشیمانی اس کی ہو گئی اور جو کچھ کلمات تشبیہ کے عدم فہم کی وجہ سے اس نے لکھے اسکا جواب لکھنا ضرور نہیں مگر اول لکھا گیا کہ جب صحابہ نے ایک امر مباح کیواسطے عرض کیا تھا کہ ہمارے واسطے بھی ایک ذات انواط مقرر فرما دیں تو آپ نے یہ تشبیہ فرمائی تھی اجعل لنا الٰہا کما لهم الہۃ کہ یہ کلمہ شرک کا تھا پس مباح کی طلب فعل میں آپنے تشبیہ کلمہ کفر کی فرمائی اور حدیث ما شاء اللہ و شئت میں ہرگز قائل کی نیت میں شرک نہ تھا معنی درست تھے مگر بظاہر جو موہم[4] لفظ شرک کو تھا تو آپ نے فرمایا جعلتنی للہ ندا[5] تو یہ ہی معنی تھے کہ مجھ کو تو نے خدا کا شریک بنایا یعنی مشرکین جیسا کلمہ کہا کہ ظاہر میں شرک کی بو دیتا ہے اور حالت قیام کو صلوۃ مرض قدیم میں فرمایا ان کدتم انفا لتفعلون فعل فارس والروم اور فارس اور روم کا فعل حرام غیر مرضی ہی تو تھا کہ قیام صلوۃ حضرت ع کو بوجہ مشابہت کے تشبہ حرام قیام سے فرمائی اب مؤلف ہر سہ نظیریں دیکھ لیوے کہ بوجہ مشابہت کے فخر عالم نے افعال مباح و مشروع کو تشبیہ شرک و حرام ہے دی ایسا ہی یہاں بھی بیچ حالت ذکر فخر عالم میں جو مندوب تھا اس فعل قیام کو جو مشابہ ہنود کے تھا تشبیہ فعل ہنود سے کیا گیا تو کون سی وجہ اشکال کی آ گئی خود مؤلف کو تو مسجد کو مندر سے تشبیہ دینا جائز ہوا اور فخر عالم کا ہتک بقول اکر اگر سب اسباب تعظیم کے نہ ہونے میں قیام کی تعظیم بھی نہ ہو کیا حرج ہے ایسے کلام گستاخ کرنا درست رکھا اور دوسروں پر یہ کج فہمی کے کلام حق تعالیٰ مؤلف کو ہدایت کرے کہ مومن ہے کو ظلمات[6] بدعت میں محصور ہے

مؤلف کا سیرت شامی سے قیام مولد ثابت کرنا بے اصل ہے

قولہ اعتراض لکھتے ہیں کہ شامی الخ **اقول** جس امر محدث کی قرون ثلثہ میں اصل نہ ہو صراحۃً و دلالۃً وہ بدعت ضلالہ ہے اور بحسب تقسیم بدعۃ کے وہ سیئہ ہی

---

[1] اعضاء ظاہری [2] تشریف آوری [3] بے عزتی [4] وہم میں مبتلا کرنے والا [5] کیا تم نے مجھے خدا کا شریک قرار دیدیا [6] بدعت کی تاریکی

ہونا قیام کا نکالتے ہیں کمال بوالعجبی ہے اس لئے کہ بدعت ہونا اسکا تو مسلم کیونکہ رسول وصحابہ کے دورہ میں اسکا رواج نہ تھا لیکن اسوقت رائج نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ضلالت ہو تقسیم بدعت طرف حسنہ اور سیئہ کے مجتہدین اور محدثین کے قول سے ثابت ہے چنانچہ نور دوم کے لمعہ تاسعہ میں ہم نقل کر چکے اور سیرۃ حلبی میں ہے وقد قال ابن حجر الہیتمی الحاصل ان البدعۃ الحسنۃ متفق علی ندبہا وعمل المولد واجتماع الناس لہ کذلک ای بدعۃ حسنۃ انتہی اور یہ ابن حجر قائل جواز اس قیام مروجہ کے ہیں چنانچہ ان کے مولد کبیر کی عبارت جواز قیام میں عثمان حسن دمیاطی شافعی نے نقل فرمائی ہے پس جبکہ یہ عمل مولد بہیئت مروجہ مع القیام بدعت حسنہ ٹھہرا بالاتفاق اس لئے کہ اشارہ لفظ کذلک کا طرف متفق علی ندبہا کے بھی ہے جس طرح بدعۃ حسنۃ کیطرف ہو کما لایخفی تو استدلال مانعین اوپر بدعت سیئہ ہونے قیام کے جو سیرۃ شامی سے کرتے ہیں اس تقریر سے ساقط ہو گئی اور اگر لفظ لا اصل لہا پر مانعین کو کچھ غرہ ہے کہ اس نے لا اصل لہا جو لکھا ہے اس سے سیئہ ہونا ثابت ہے تو جواب اسکا یہ ہے کہ یہ بات ضروری نہیں جہاں لفظ لا اصل لہا آیا کرے وہاں بدعت سیئہ مکروہہ یا محرمہ مراد ہوا کرے اس بات پر دو عبارتیں دلیل گذارتا ہوں مجمع البحار کے خاتمہ جلد ثالث صفحہ ۵۱۲ مطبوعہ نولکشوری میں ہے کہ صاحب مجمع نے اپنے شیخ سے مسئلہ پوچھا تھا کہ پھول یا خوشبو سونگھتے وقت درود پڑھنا کیسا ہے تو جواب اسکا یہ لکھا ہے اما الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عند ذلک ونحوہ فلا اصل لہا ومع ذلک فلا کراھۃ فی ذلک عندنا الخ اس عبارت سے واضح ہو گیا کہ لا اصل لہا ہونے کو یہ ضروری نہیں کہ وہ نا جائز ہوا کرے اور مولوی محمد اسحق مسائل اربعین کے مسئلہ چہاردہم میں کہ نوشہ کو بطریق سلامی کچھ دینا اور دلہن کو منہ دکھائی میں کچھ دینا کیسا ہے تحریر فرماتے ہیں جواب در شریعت محمدی اصل ایں چیزہا یافتہ نمی شود مگر ظاہر حال ایں چیزہا کہ دادن سلامی و رونمائی ہست مباح باشد الی آخرہ ان عبارتوں سے معلوم ہوا کہ کسی چیز کے بدعت ہونے اور شریعت محمدیہ میں اصل نہ پائے جانے سے حرمت و کراہت لازم نہیں آتی پس سیرۃ شامی میں بدعۃ لا اصل لہا کہلاتی ہے چنانچہ اسکی تحقیق گذر چکی پس جب صاحب سیرۃ شامی نے لا اصل لہا کہا بدعۃ ضلالہ اسکے نزدیک ہو چکی اور بدعت ضلالہ ہونا اسکا اس رسالہ سے بھی محقق ہو لیا اور توجیہات رکیکہ واہیہ مؤلف کا جواب اثبات قیام میں بھی لکھا گیا پس جب احادیث و اجماع سے ضلالہ ہونا ثابت ہو گیا اب ابن حجر ہیتمی یا کسی عالم کا قول معتبر نہیں اور خود مجلس مروجہ کا ممنوع ہونا بھی سابقاً محقق ہو لیا اور اقوال پہلے علماء اور اعمال کی توجیہ بھی کر دی گئی کہ حسن ظن اپنا ان کے ساتھ ہے مگر مؤلف کے نہ ماننے پر تنزل کا جواب دیا جاتا ہے پس حجج مؤلف کی بالکل بے سود و زائل ہیں بدعت سیئہ ہونا اس کا مقرر ہے **قولہ** اور اگر لفظ لا اصل لہ الخ **اقول** مؤلف کے ہوش و فہم کا قصور ہے ہوش کر کے سنے کہ جہاں بدعت کے ساتھ لا اصل لہ ہوتا ہے وہاں بدعۃ سیئہ مراد ہوتی ہے اور جو بغیر لفظ بدعت کے لا اصل لہ بولتے ہیں تو وہاں دوسرا احتمال بھی ہو سکتا ہے پس یہاں سیرۃ شامی میں بدعت لا اصل لہا کہا ہے پس یہ بالضرور سیئہ ہی ہے اور مجمع کی عبارت میں بدعت کا لفظ نہیں فقط لا اصل لہ ہے اور قرینہ مابعد کا موجود ہے کہ اصل سے مراد حدیث و اثر صریح ہے نہ مطلق اصل کیونکہ کہتا ہے فلا کراھۃ فی ذلک عندنا فقد قال الہیتمی من ائمتنا الشافعیۃ واما الصلوۃ علی النبی عند التعجب من الشیٔ کما یقول الانسان حینئذ سبحان اللہ لا الہ الا اللہ ای لایاتی بالنادر الا اللہ تعالی فلا کراھۃ فیہ انتہی پس دیکھو کہ اصل صلوۃ کے وقت امر تعجب کے ہیتمی کے قول سے ثابت کرتا ہے تو قیاس اور قول فقیہہ تو اصل موجود ہے جس پر قیاس ریحان کو کیا مگر حدیث و اثر نہیں پس اصل سے مراد یہاں حدیث و اثر ہے نہ یہ کہ کوئی دلیل صراحۃً و دلالۃً بھی نہیں لہذا لفظ لا اصل لہ کہ مطلق قرینہ سے ہو خصوصاً جب بدعت کا بھی ذکر ہو وہاں ضلالہ ہی مراد ہوتا ہے تو شامیہ میں بدعت سے مراد سیئہ ہی ہے علی ہذا اربعین مسائل میں اصل سے مراد نص صریح ہے نہ اصل

کہنے سے قیام کا ضلالت اور سیئہ ہونا ثابت نہوا اور جبکہ ٹوٹ گئی دلیل مانعین کی تو اب پیش کریں ہم وہ قرائن و دلائل کلام پُرشامی
کو جو قیام کے بدعت حسنہ ہونے پر دلالت کرتی ہیں وہ یہ ہیں کہ اس نے یہ لفظ لکھے ہیں جرت عادۃ کثیر من المحبین اول تو لفظ
اجرلہٗ عادت ایک قسم کے مستند ہونے پر دلیل ہے جیسا کہ صاحب ہدایہ نے باب الاحرام میں لکھا وبذٰلک جرت العادۃ الفاشیہ
وھی من احسن بحیٰ الحج تو عادت فاشیہ یعنی ظاہرہ اگر عہد صحابہؓ سے ہو تو کمال درجہ کی قوی حجت ہے اور اگر مابعد کی عادت ہے تو بھی ایک
طرح کی سند ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ما راٰہ المسلمون حسناً فھو عند اللہ حسن اور مسلموں سے صحابہ
مراد رکھنا غیر مسموع ہے اس لئے کہ مخالف ہے وہ فتاوی اور شرح ہدایہ وغیرہ کے جو بہت اکابر مفتیان دین نے اس روایت سے سند
پکڑی ہے استحسان امور مروجہ مابعد پر جنکو علمائے دین نے مستحسن رکھا ہے اور نیز مفتیان دین جابجا الفاظ فتوی میں لکھتے ہیں
علیہ العمل وعلیہ المسلمون وبہ جری التعامل وھو المتوارث امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ قیام کی تحقیق میں جلد دوم احیاء العلوم
میں لکھتے ہیں ولکن اذا لم یثبت فیہ نہی عام فلا نری بہ باساً فی البلاد التی جرت العادۃ فیہ باکرام الداخل بالقیام ا دوسرا قرینہ یہ کہ
شامی نے عادت لکھی تو کثیر کی عادت لکھی اور گروہ کثیر اہل اسلام کا ایک عمل پر قائم ہو جانا یہ بھی ایک سند ہے شامی شارح درمختار نے لکھا ہے
والاعتماد علی ما علیہ الجم الکثیر اور حدیث شریف میں ہے اتبعوا السواد الاعظم پس عمل سواد اعظم کا ہونا یہ بھی ایک دلیل استحباب کی ہے اور قرینہ

کلی عطار و بہ کی نصوص میں موجود ہے" تمہادو اتحابوا الحدیث وغیرہ اور یہاں بھی لفظ بدعت کا مذکور نہیں اور عاقل جانتا ہے کہ
احسان وصلہ مندوب ہے پس لا اصل لہ کے معنی جو مؤلف سمجھا کس طرح درست ہوتے ہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اس جزئیہ خاص میں نص صریح
نہیں گو اصل کا وجود ہے پس ہر دو حجت مؤلف کی محض کم فہمی تھی سو رد ہوئی اور شامی کا قول ضلالہ ہونے پر نص ہوا قولہ اب پیش
کریں ہم قرائن الخ اقول عادت فاشیہ کے یہ معنی ہیں کہ کسی قرن میں اسکا تعامل بلا نکیر ہوا ہو سو قرون ثلثہ میں اگر یہ شیوع ہوا تو دلیل شرعی ہو
ورنہ نہیں چنانچہ تحقیق بدعت میں مذکور ہوا اور جو بعد قرون ثلثہ کے شیوع ہو تو شرط اسکی یہ ہے کہ کوئی عالم بھی اسکا خلاف کرے اور کوئی
حجت شرعیہ بھی اسکے خلاف نہ ہو پس ایسی عادت فاشیہ کے حجت ہونے کی دلیل عینی نے یہ حدیث ما راٰہ المسلمون حسناً الخ لکھی ہو سو یہ
عادت فاشیہ اجماع ہے اور اجماع میں بانفراد ایک کا بھی قاطع اجماع کا ہے پس مؤلف کی خوش فہمی قابل تحسین ہے کہ اول تو قیام مروج پر
نص سے منع ونہی وارد ہے کہ تعین مطلق نص کا کرنا ہے اور تشبیہ کفار کا حرام ہونا جو پہلے محقق ہو چکا دوسرے ہر زمانہ میں علماء اس کو بلکہ حرام و قیام پر انکار کرتے
رہے ہیں پس اس حالت میں عادت فاشیہ کہاں ہے جو مؤلف ناز کر کے ذکر کرتا ہے اور یہ روایت جنایات الاحرام کی ہے پس جرت کے لفظ سے استدلال مؤلف
کا باطل ہوا اور شرح حدیث ما راٰہ المسلمون کی پہلے لکھی گئی ہے جس سے یہ سب تقریر مؤلف کی لغو ہے کیونکہ اس حدیث میں ہر ہر قرن کا اجماع مراد
ہے بشرطیکہ خلاف نص کے نہ ہو اور کوئی ایک بھی مخالف نہ ہو اور یہی معنی علیہ العمل وعلیہ المسلمون وجرا التعامل وھو المتوارث کی
ہیں اگر فہم وعلم ہو تو ظاہر ہے اور احیاء العلوم میں خود بعد نفی نہی کے کہتا ہے اور بلاد کا جریان تعارف اعتبار کرتا ہے اس واسطے کہ
اصل قیام تو درست ہی ہے خبر تخصیص کا تعارف بلاد سے رفع کر دیا اگر فہم درکار ہے قولہ دوسرا قرینہ الخ اقول واضح ہو چکا کہ خلاف
نص کے کثیر کیا تمام دنیا کا بھی تعارف معتبر نہیں اور سواد اعظم سے مراد اہل سنت ہیں اور جم غفیر کا جب قول معتمد ہوتا ہے کہ فریقین کے
پاس کوئی دلیل نہیں محض رائے ہے تو اکثر کا قول معتبر جانتے ہیں اور نص کے ہوتے جو موافق نص کے کہے اگرچہ دو تین ہی ہوں لاکھوں کے
مقابلے میں تو یہ ہی جم غفیر اور سواد اعظم ہوگا پہلے بھی اس کو واضح لکھا ہے قولہ تیسرا قرینہ الخ اقول اگرچہ کسی اور

ملہ دلیل ےلہ گمراہی ےلہ دلیل قطعی ےلہ رواج ےلہ عام ےلہ کثیر جماعت ۱۲

یہ کہ وہ کثیر جن کا عمل ہے وہ کون ہیں محبین اور یہ بات ظاہر ہے احادیث صحیحہ سے کہ اہل ایمان میں بڑے کامل وہی ہیں جنکو محبت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لایومن احدکم حتی اکون احب الیہ من دالدہ وولدہ والناس اجمعین پس جبکہ ایمان کامل انہیں کا ہوا جو اہل محبت ہیں اور اہل محبت کا عمل اس قیام پر ہوا تو بڑی نادانی کی بات ہے جو شخص ایسے مومنین کاملین کے گروہ کا ضلالت یا سیئہ قرار دیں چوتھا قرینہ یہ کہ شامی نے وجہ ان کے قیام کی لکھدی کہ کوئی غرض نفسانی یا ہوائے شیطانی کیلئے قیام نہیں کرتے بلکہ خاص واسطے تعظیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہے اور یہ بات سب اہل اسلام جانتے ہونگے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم شرع میں مطلوب ہے یا نہیں اور یہ کہ بہ نیت ادب کھڑا ہونا مفید تعظیم ہے یا نہیں پھر جبکہ قیام انکا مبنی ہو التعظیم پر تو بالضرورہ مستحب اور مستحسن ہوگیا پانچواں قرینہ یہ کہ اگر محدث شامی کو منع کرنا قیام کا منظور ہوتا تو وہ اُس قسم کے الفاظ لکھتا جو منکرین قیام نے لکھے ہیں جیسا جونپوری صاحب فرماتے ہیں مالیفعل العوام عند ذکر مولد خیر الانام علیہ التحیۃ والسلام لیس بشیٔ بل مکروہ اور مولوی گجراتی صاحب لکھتے ہیں تداخل بعض جہال المشائخ امور کثیرۃ لا نجد لہا اصلا ولا اسمانی کتاب لا منۃ منہا القیام عند ذکر ولادتہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پس یہ وہ لوگ ہیں جنکو اس فعل پر انکار ہے وہ تو قیام کرنیوالوں کو محبین رسول نہیں کہتے بلکہ شدت غیظ وغضب سے انکو عوام اور جہال وغیرہ الفاظ سے یاد کرتے ہیں، الحاصل یہ قرائن خاص اسی ایک فقرہ کے قطع نظر قرائن عبارت ماقبل ومابعد شامی اور قطع نظر انتظام سیاق و سباق اس کی سے دلالت صریح کرتے ہیں کہ مراد محدث شامی کی یہ ہے کہ اصل اس قیام کی نقل صحابہ سے تو نہیں پائی گئی لیکن جماعت

بدعت اور مضموم کو محبین بھی کریں وہ بھی بدعت ہے اور جب شامی نے بدعت لا اصل لہا کہدیا تو کسطرح جائز ہوگیا اور فعل محبین کا حجت ٹہر گیا محبین سے خطا کا کوئی اگر امر سرزد ہوتا ہے پس وہ خطا صواب نہیں بنجاتی صحابہؓ سے لیکر آج تک یہ تعامل ہے، مگر مؤلف کا یہ عقیدہ کہ محب سے خطا بھی بدعت نہیں ہوتی مردود ہے نصوص قطعیہ سے **قولہ چوتھا قرینہ الخ اقول** تعظیم قابل اعتبار کے وہ ہے کہ موافق قاعدہ شرعیہ کے ہو ورنہ مردود ہوگی اگرچہ حب فخر عالم میں کریں اس میں وجہ جواز کی حسب اجازت شرع کے کرنا ہے نہ غرض تعظیم وحب فخر عالم کا ہونا اور غرض نفسانی مرتفع ہونا حضرت معاذ صحابی رضی اللہ عنہ نے محض حب وتعظیم فخر عالم کی وجہ سے سجدہ آپکو کرنے کی اجازت چاہی آپ نے رد کر دیا اور بہت دلائل اسکی احادیث میں موجود ہیں پس یہ قرینہ محض خطا وضلال ہے باقی رہا قول کہ یہ بات سب اہل اسلام جانتے ہونگے الخ تو یہ کلمہ محض محب احمقی کا ہے کہ تمام عالم کی طرف سے اس علم میں مؤلف کو تردد ہے خود آپ ہی عالم ہے اور آپ ہی محب ہے اور جواب قیام تعظیم کی جواز اور اس قیام کے خاص عدم جواز کا خوب محقق ہو چکا سو یہ قیاس مؤلف کا فاسد ہے کیا حاجت اعادہ جواب کی ہے **قولہ پانچواں قرینہ الخ اقول** لفظ بدعۃ لا اصل لہا سے زیادہ بڑھکر کون سا کلمہ ہجو کا ہوگا کہ خود فخر عالم فرماتے ہیں کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار اور شامی کا تعبیر اہل قیام کو بلفظ محبین یا بر دعویٰ ان کے کے ہے یا واقعی یا حسن ظن سے ان کو محب جانتا ہے اور خطا سے مبتلا اس فعل کو سمجھتا ہے سو یہ قرینہ محض سوء فہم ہے **قولہ** الحاصل الخ **اقول** یہ سب قرائن مؤلف کے معلوم ہوا کہ محض جہل تھا اور سوء فہم معنی کا اور بدعۃ لا اصل لہا کے معنی تمام اہل علم و دیانت کے نزدیک بدعت سیئہ کے ہوتے ہیں پس کلام علماء کے سمجھنے کو علم کا مادہ اور نقل کرنے کو دیانت کا ہونا ضرور ہے، جو دونوں سے عاری ہو وہ کیا کسی اہل علم کے کلام کو سمجھے گا اور جو خود خائن ہو وہ کیا کسی اہل دیانت کو سندیں پہچانے گا مثل اپنے تصور کرے گا اور مادہ علمی وفہم مؤلف کا اس رسالہ سے خوب واضح ہو چکا اور خیانت مؤلف کی بھی نقل عبارت تذکیر الاخوان میں اور اعتبار روایت رد مختار میں محقق ہو چکی اور جو کچھ مؤلف بد زبانی

لے پسند کرنیوالے . ۲ے جس کی کوئی اصل نہیں ۳ے گمراہ کرنا ۴ے لوٹانا ۵ے ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی کا انجام آگ ہے ۶ے خالی

کثیر اہل اسلام کی کہ جو محبین ہیں وہ تعظیماً قیام کرتے ہیں پس یہ الفاظ تو فی الحقیقت ترغیب دیتے ہیں اہل ایمان کو کہ جس کے دل میں محبت ہو اور تعظیم رسول مدنظر ہو تو قیام کرے مطلب سمجھنے کیلئے ایک تو مادہ علمی درکار ہے دوسرے ہدایت من عند اللہ کہ قلب مومن میں القا ہوتی ہے جہاں دونوں مفقود ہوں وہاں کیا کیجئے ومن لم یجعل اللہ لہ نوراً فما لہ من نور اب دیکھئے اسی عبارت شامی کے لفظ لا اصل کو محدثین بیدار دل کس طرح شرح کرتے ہیں، علامہ نور الدین حلبی نے یہ عبارت شامی کی لکھ کر آگے اس کے لکھا ہے" ای لکن ہی بدعۃ حسنۃ لانہ لیس کل بدعۃ مذمومۃ چنانچہ یہ عبارت سیرت حلبی مطبوعہ مصر کے صفحہ ۱۱۳ میں موجود ہے اور علامہ حلبی نے اپنے اصطلاح دیباچہ میں لکھی ہے کہ جس جگہ میں نے سیرت الشمس کی کوئی عبارت لی ہے اس کے شروع میں لفظ ای لایا ہوں تو سیرت شامی کے لفظ بدعۃ لا اصل لہا کو جو ساتھ بدعت حسنہ کے تفسیر کی ہے اسکو بھی حلبی لفظ ای کے ساتھ لایا ہے، کما مر تو معلوم ہو گیا اتفاق ان دونوں محدثوں کا یعنی صاحب سیرت الشمس اور صاحب سیرت حلبی کا اس تفسیر پر اور بعض رسائل میں اس عاجز نے دیکھا ہے کہ محدث شامی کے خلف الصدق ابو نصر عبد الوہاب نے بھی اپنے باپ کے کلام کو تفسیر ساتھ بدعت حسنہ کے کیا ہے اور ہرگز شک نہیں اس میں کہ عمل امت کا شرقاً و غرباً علی العموم بلاد اہل اسلام میں اس قیام کے استحسان پر ہے اسی واسطے لکھا ہے علامہ شیخ عبد اللہ سراج مفتی عرب نے رحمۃ اللہ علیہ اما القیام اذا جاء ذکر ولادتہ عند قراءۃ المولد الشریف توارثہ الائمۃ الاعلام واقرہ الائمۃ الحکام اور شیخ عبد الرحمن سراج مفتی مکہ معظمہ زادہا اللہ شرفاً در باب محفل مولد شریف مع القیام تحریر فرماتے ہیں و علماء العرب المصر والشام والروم الاندلس کلہم رأوہ حسناً من زمان السلف الی الآن الخ **اعتراض** حضرت کی حالت حیات میں

اور بے لگامی عمدۃ المحدثین خیر المعاصرین مولانا احمد علی سہارنپوری قدس سرہ کی شان میں کرتا ہے لاریب اس کا مورد مستوجب وہی ہے اور خود ہی در ظلمات ضلالت[1] و ظلمات بدعۃ میں پڑا ہوا سب کو جاہل اور غیر متدین[2] بتاتا ہے چنانچہ یہ رسالہ اس کا شاہد ہے ومن کان فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الآخرۃ اعمیٰ و اضل سبیلا **قولہ** علامہ نور الدین حلبی نے یہ الخ **اقول** مؤلف بیدار دل کو اب تک خبر نہیں کہ یہ قول حلبی کا شرح ہے، یا روپیں اب بیدار مغزی کو کام میں لا کر سنئے کہ سیرت حلبی اپنی عادت کے موافق ای کا لفظ لایا سیرت شمس کی عبارت نقل کرنے کو اور سیرت شمس لکن کے لفظ سے استدراک کرتا ہے گویہ بدعت لا اصل لہ نہیں بلکہ بدعت حسنہ ہے بدعت ہونے کو قبول کیا اور لا اصل لہ پر تعاقب[3] کیا اور دلیل عدم[4] سئیہ کی بیان کر دی، مؤلف سمجھنے کا تو تصدی نہیں کرتا پس سیرت شمس اور سیرت حلبی دونوں اس قیام کو حسنہ کہتے ہیں اور شامی سئیہ کہتا ہے، یہ قول شرح کی مراد سے نہیں کیونکہ لکن کا لفظ شرح کے واسطے نہیں اور ای حرف تفسیر ہے مگر اصطلاح حلبی میں سیرت شمس کی عبارت کی نقل کا نشان ہے کہ وہ بمنزلہ تغییر کے ہے واقع ہو جاتی ہے پس دل جواب تو وہی ہے کہ شامی کا قول منصوص ہے، مخالفت کسی کی اُس کو مضر نہیں، مخالفت نص کی خود رد کیجاتی ہے مگر تاویل حلبی کی یہ ہے کہ وہ ذکر مطلق کے فرد کی وجہ سے قیام کرتے تھے اور تقیید مطلق کا درجہ اس قیام میں نہیں تھا اور نہ عوام کا اندیشہ تھا لہذا جائز جانتے تھے اب وہ امر نہیں رہا مکروہ ہو گیا اور جواب اس توارث ائمہ کا و علماء عرب و مصر وغیرہا کا جو عبد اللہ سراج اور عبد الرحمن ابن عبد اللہ سراج کے فتوے سے نقل کیا ہے چند بار پہلے گذرا، غرض مؤلف کو سوائے خرافات[5] اور کوئی حال نہیں **قولہ** اعتراض حضرت کی حالت حیات الخ **اقول** مؤلف نے یہ تقریر فتویٰ مولوی احمد علی صاحب محدث کے کہ اس میں بطور ترقی کے مذکور تھا جدا کر کے مستقل اعتراض

[1] گمراہی اور تاریکی [2] لا دین [3] بے دین [4] پیچھا کرنا [5] برا نہ ہونا [6] محرومی ۱۲

صحابہ واسطے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قیام نہیں کرتے تھے جیسا کہ ترمذی میں ہے پھر اب قیام کس طرح ہو **جواب** واقعی قیام نہیں کرتے تھے لیکن اسطرح کا قیام جیسا سلاطین عجم میں تھا کہ جب رعایا اپنے بادشاہ کو آتا دیکھتی اسی وقت سے کھڑی ہو جاتی اور جب تک وہ بیٹھا رہتا تخت پر اس وقت تک سب اس کے آگے بحالت تواضع کھڑے رہتے، ایسا قیام فی الواقع ممنوع شرعی ہے جبکہ وہ بادشاہ یا امیر حکم کرے اور پسند کرے اس قیام کو اور محفل میلاد شریف میں یہ بات تو نہیں کہ اس محفل میں منبر یا چوکی یا تخت پر کوئی بادشاہ بیٹھا ہوا ہے اور سب لوگ اس کے آگے کھڑے ہیں یا یہ کہ بادشاہ حکم کر رہا ہے کہ تم میرے آگے قیام کرو، یہاں تو یہ بات ہے کہ قاری مولد منبر پر کھڑا ہوا درود وسلام واشعار

سناتا ہے یا خیانت ہے یا عدم فہم اصل عبارت یہ ہے "وقیام عند ذکر ولادت ثبوت آں بزمان صحابہ وتابعین وتبع تابعین ائمہ مجتہدین اصلاً نشدہ و در زمان حیاۃ آں سرور مخلوقات صحابہ برائے آنحضرت ﷺ قیام نمی کردند بوجہ آنکہ حضرت ناخوش می آمد بعد وفات آنحضرت ﷺ وجود قیام وقت ذکر ولادت در قرون ثلثہ ثابت نیست الخ" پس اس عبارت میں یہ مضمون کہ صحابہؓ آپ کے واسطے قیام نہیں کرتے تھے بطور ترقی کے ہے کہ ذکر ولادت پر قیام کیا ہوتا خود آپ ﷺ کے مقدم پر بھی نہیں ہوتا تھا مولف اپنی کارروائی سے یہ سمجھا کہ یہ قیام منع جانتے تھے لاحول ولاقوۃ الا باللہ وہ قیام کہ بطور عجم کے ہے وہ تو حرام ہی ہو چکا تھا اور یہ قیام منقول از حدیث ترمذی قیام تعظیم کا ہے کہ خود حدیث میں صریح ہے کہ لم یقوموا اذا رأوہ لما یعلمون من کراھتہ لذلک کیا صحابہؓ ممنوع قیام کو کرتے معاذ اللہ نہیں بلکہ اس قیام تعظیم کو حلال جانتے تھے اور بسبب خوشی حضرت کے ترک کرتے تھے کیونکہ وہاں ارضائے خاطر محبوب[1] کا منظور ہوتا نہ اپنی ہوائے نفس کا اتباع جیسا اب اس زمانہ میں ہے الغرض حدیث ترمذی کا ترجمہ مولف نے بالکل غلط کیا اب حدیث میں بھی مولف اپنے نفس کی رغبت سے تصرف کرنے لگا اس کی شرح طیبی کرتا ہے قال الطیبی لعل الکراھۃ للمحبۃ والاتحاد الموجب رفع التکلیف والحشمۃ یدل علیہ قولہ لم یکن شخص احب الیہم من رسول اللہ علیہ السلام انتہی پس دیکھو کہ طیبی نے اس قیام کو تعظیم کا قیام لکھا ہے جو مباح ومندوب ہے اسی واسطے توجیہ کرتا ہے اور خود حدیث میں دلیل ہے بقولہ لم یکن شخص الخ وبقولہ اذا رأوہ کے لفظ میں مگر مولف محض اپنے جہل سے معنی حدیث کے غلط بناتا ہے اور وہ قائم رہنا تو خود حرام ہو چکا تھا اس کے کف[2] کے واسطے یہ عذر[3] اور عدم قیام کا کیا موقع کلام تھا فہم درکار ہے کیونکہ مقام مدح صحابہؓ میں یہ ذکر ہے کہ رضائے فخر عالم کے واسطے باوجود واجب ہونے کے یہ قیام مستحب بھی نہیں کرتے تھے اگر یہاں وہ قیام حرام ہوتا تو کیا مدح تھی کہ باوجود واجب ہونے کے بھی حرام کام نہیں کرتے تھے اس کو تو کوئی عاقل بھی نہیں قبول کریگا کیونکہ حرام کام تو ایذائے[4] آدمی آپ کی تھی اسکا ترک خود فرض تھا سو یہ کون عاقل کہہ سکتا ہے مقام مدح میں کہ صحابہؓ ایسے محب[5] تھے کہ رسول اللہ ﷺ کے حرام کے کام کو نہیں کرتے تھے یہ کیا مدح ہے، الحاصل یہ قیام تعظیم جائز ہے اور اسکو فخر عالم اپنے لئے پسند نہیں کرتے تھے بوجہ بے تکلفی کے اور جہاں معلوم ہوتا تھا کہ آپ راضی ہیں تو کرتے بھی تھے جیسا حضرت فاطمہؓ نے کیا اور خود آپ ﷺ نے ہی کیا اور وہ جو کھڑا رہنا مثل اعاجم[6] کے ہے وہ حرام ہی ہے وہ کسی حال درست نہیں پس مولف ہرگز نہیں سمجھتا اور غلط توجیہ حدیث کی کرتا ہے اور پھر وہ ایک اپنے فرضی معنی حدیث کے ٹھیرا کر جواب دیتا ہے کہ محفل میلاد میں تو قیام حرام نہیں لاحول ولاقوۃ الا باللہ محفل میلاد مولف میں وہ قیام ہے کہ قرون ثلثہ میں نہ تھا پیچھے حادث ہوا مولف خود قبول کرتا ہے بدعت حسنہ اسکو کہتا ہے اور یہ قیام محدث بسبب مشابہت ہنود کے اور تعین مطلق کے منظور ہو گیا اس کی تحقیق گوش گذار مولف

[1] محبوب کی دلی رضامندی [2] روکنا [3] عذر بیان کرنا [4] تکلیف دینا [5] پسند کرنے والے [6] عجمی کی جمع

نعت ومدح پڑھ رہا ہے یہ خود فعل صحابہؓ سے ثابت ہے، صحیح بخاری میں ہے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضع لحسان منبرا فی المسجد یقوم علیہ قائما یفاخر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت حسان کے واسطے منبر رکھتے تھے مسجد میں اور اس پر حسان کھڑے ہوکر فخر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان کرتے تھے پس محفل میلاد شریف میں بھی قاری مولد منبر پر کھڑا ہوکر فخر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کرتا ہے غرض کہ اس قیام میں اور ترمذی کی روایت کے قیام میں جس کو مانعین سند لاتے ہیں بہت فرق ہے اور اگر کوئی یہ کہے کہ صحابہؓ کسی طرح کا قیام نہیں کرتے تھے نہ وقت مدح رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور نہ وقت تشریف آوری حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو یہ بالکل غلط ہے اسکو ہم مسلم نہیں رکھتے حضرت حسان کا قیام وقت بیان فخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو بروایت بخاری ابھی بیان ہو چکا اور وقت تشریف آوری صلی اللہ علیہ وسلم کے بی بی فاطمہؓ کھڑی ہوتی تھیں اور نیز کھڑے ہوئے صحابہؓ واسطے آپؐ کے اور نیز کھڑے ہوئے آپؐ واسطے آنے حلیمہ سعدیہؓ کے اور نیز وقت آنے پدر رضاعی اپنے کے یہ سات روایتیں دافع الاوہام میں بتوضیح وحوالہ کتب مذکور ہیں ۔

کے پہلے ہو چکی ہے غور کرکے دیکھئے بھلا مولوی صاحب نے کب منع کیا کہ منبر پر کھڑے ہوکر مدح پڑھنی جائز نہیں اگر حاجت منبر کی ہو جواز حدیث ترمذی میں کہاں یہ معنی ہیں جو مؤلف نے وضع کئے مقصود شارع علیہ السلام کا حرام کرنا قیام اعاجم[1] کا ہے اور اباحت قیام تعظیم کی مقام بے تکلفی میں اپنے واسطے پسند نہیں کرتے تھے اگرچہ مندوب ہے مؤلف اپنی کج فہمی سے کہیں کہیں جا رہا ہے اب استدلال جواز قیام پر مؤلف کا دیکھو حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے کھڑے ہوکر اشعار پڑھنے سے جواز قیام مولود کسی طرح ثابت نہیں ہو سکتا

قولہ صحیح بخاری میں ہے کان الخ اقول استدلال جواز قیام کو دیکھنا لازم ہے اس تعظیما خود فخر عالمؐ اور جملہ اصحاب قاعد ہوتے تھے اور ایک حسان قائم اشعار پڑھتے تھے اور یہ قیام اور صعود[2] منبر کا اعلاء صوت[3] کے واسطے تھا نہ تعظیم کے واسطے کہ خود فخر عالمؐ زمین پر ہوتے تھے اور حسان منبر پر چڑھے ہوتے تھے اگر تعظیم کا ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زمین پر کس طرح ہوتے اور حسانؓ منبر پر کیونکر چڑھتے پس یہ قیام نہ تعظیم فخر عالمؐ کا تھا نہ تعظیم مدح فخر عالمؐ کے واسطے تھا اور نہ قدوم فخر عالمؐ کے واسطے تھا غرض جس قدر وجوہ قیام مولود میں ہیں سب کے خلاف تھا کیونکہ اگر تعظیم رسول اللہؐ کو ہوتا تو آپؐ زمین پر بیٹھے تھے حسان منبر پر کس واسطے چڑھتے اور سب صحابہؓ کس واسطے بیٹھے رہتے اور اگر قدوم کا ہوتا تو وہاں قدوم کسی وجہ سے نہیں تھا نہ حقیقی نہ معنوی اور جو تعظیم ذکر و مدح کو ہوتا تو سب صحابہؓ کیوں بیٹھتے، نہیں بلکہ فقط مثل خطیب کے اعلاء صوت کے واسطے تھا پس ایسے قیام سے قیام مولود کا اثبات یا قیام تعظیم کا جواز مؤلف جیسے عاقل ہی کا کام ہے کسی اہل علم سے تو یہ ہرگز نہیں ہو سکتا، البتہ اگر مولود خواں[4] منبر پر کھڑے ہوکر سارا مولود پڑھے اور تمام سامعین بیٹھے رہیں تو یہ ہیئت اس حدیث سے جائز نکلتی ہے مگر اس قیام کا ذکر کسی کو درکار اور نہ یہ قیام قیام مؤلف کو کچھ مفید نہ اس سے خود قیام تعظیم ثابت ہو جسکو مؤلف عقلمند ثابت کرتا ہے مگر فہم کی کوتاہی ہے آسمان ریسمان میں کچھ تمیز نہیں نہایت تعجب ہے اس فہم پر مؤلف علماء کے جواب میں کتاب لکھتا ہے اور تعظیم قادم کو نہ مولوی صاحب نے منع لکھا اور نہ کوئی مانع بدعت منع کرے خود مؤلف اپنی کوتاہ فہمی سے سمجھ گیا پس حضرت فاطمہؓ کا قیام مسلم ہے مگر اس حدیث ترمذی کا اس میں ہرگز معارضہ[5] نہیں کیونکہ یہ امر مباح ہے کسی وقت انبساط[6] طبع کے وقت جائز رکھتے تھے کسی وقت پسند نہیں کرتے تھے نہ بوجہ کراہت شرعی کے بلکہ بوجہ کراہت طبعی کے اور یہی شان مباح کی بلکہ مندوب کی ہے الغرض ایجاد اعتراض کا خود مؤلف کے ذہن کی خوبی تھی اور جواب بھی کمال بلاہت[7] مؤلف کی ہے اور کیا کہا جاوے فہم حدیث اور مطابقت

---

[1] عجمی کی جمع [2] چڑھنا [3] آواز کا بلند کرنا [4] مولود پڑھنے والا [5] مخالفت [6] طبیعت کی خوشی [7] بیوقوفی ۱۲

اعتراض بانیانِ محفل میلاد شریف منکرین قیام پر ایسی ملامت کرتے ہیں جیسے تارک فرض و واجب پر **جواب** جو لوگ قیام نہیں کرتے اکثر ان میں سے ایسے ہیں کہ ان کے عقائد وہابیہ نجدیہ کے طور پر ہیں اور وہ قیام کو کفر و شرک اعتقاد کرتے ہیں پس اس میں ایک تو یہ بات ہوئی کہ اس شخص کے نزدیک فاعلین قیام مشرک اور کافر ٹھیرتے ہیں اگر کسی کو اس بات پر غیظ آجاوے ہاتھ یا زبان سے کچھ سرزد ہو تو کچھ بعید نہیں، اور دوسری یہ بات کہ اس ایک حرکت سے اس کے دوسرے عقائد خبیثہ کا بھی خیال آجاتا ہے، تیسری یہ بات کہ اس فریق کو دیکھتے ہیں کہ یہ سیکڑوں باتیں خوراک و پوشاک اور معاملات میں خلاف صحابہ و خلاف قرون ثلثہ کرتے ہیں اور فقط قیام کرنے اور مولد شریف کی محفل میں یہ گفتگو کہ قرون ثلثہ میں نہیں ہوئی کرتے ہیں اور باہم عناد و فساد پیدا کرتے ہیں اس وجہ سے بھی محبین رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان مفسدوں پر غیظ آجاتا ہے ہاں اگر معلوم ہو جاوے کہ اس شخص کے سب عقائد عمدہ ہیں اور قیام کرنے والوں کو بھی برا نہیں جانتا تو اس شخص کو ہرگز کوئی کچھ نہ کہیگا ہاں البتہ یہ تو کہیں گے کہ آداب محفل کا مقتضا یہ تھا کہ سب کے ساتھ آپ بھی قیام کرتے تو بہتر ہوتا چنانچہ امام غزالی نے

سوال جواب کی کبھی کسی نے ایسی نہ دیکھی سنی ہوگی اور کیوں نہ ہو مؤلف نے حق سے پڑھا ان پر یہی اعتراض اور انکی ہی خدمت میں گستاخی جیا کا نام نہیں بس مشتے نمونہ از خروارے جیسا اس انوار ساطعہ میں بر عکس نام نہند زنگی کافور ظلمات بعضہا فوق بعض مکنون ہیں ایسا ہی دافع الاوہام مخزن شکوک و اوہام واقع ہوگی پس اس کے مطالعہ کی کس کو ہوس ہے مؤلف ہی کو یہ علم نامبارک مبارک رہے **قولہ** اعتراض بانیان محفل الخ **اقول** مؤلف نے اس اعتراض کو تو قبول کیا کہ مولودی منکر قیام پر مثل تارک فرض کے ملامت کرتے ہیں اور اسی کا ہی نام مندوب کو واجب بنانا ہے جس کو شرع میں تغیر حکم اور بدعت کہتے ہیں پس اعتراض بدعت ہونے قیام کا تو ہو لیا مگر علت ملامت کی کچھ تحقیق کرنا ہے سننا چاہیے کہتا ہے اکثر منکر قیام عقیدہ وہابیہ کا رکھتے ہیں اور قیام کو شرک اور قیام کرنیوالوں کو مشرک جانتے ہیں اور دوسرے ان کی حرکت سے انکے دیگر عقائد کا خیال آجاتا ہے اس سے طبع بھڑک جاتی ہے، تیسرے یہ کہ وہ بہت امور خلاف صحابہؓ کے کرتے ہیں اور ایک قیام و محفل مولود میں کلام کرتے ہیں یہ تین سبب غیظ کے ہیں پس مولف نے ملامت اور سب و شتم کو تو تارک قیام پر مسلم کیا مگر سبب اس کا یہ تین امر قرار دیا ہے اور غرض مؤلف کی یہ ہے کہ ہم قیام کو واجب جاننے کے سبب ملامت نہیں کرتے قیام مستحب ہی ہے مگر یہ تین امر سبب و باعث ملامت کے ہوتے ہیں پس یہ تقریر مؤلف کی محض کذب ہے اس واسطے کہ اگر یہ امور باعث وحشت و گریباں ہونے کے ہیں تو اہل بدعت سے اور فساق و فجار و ظالموں سے اور رشوت خواروں سے تو جو اہل سنت کو کافر جانتے ہیں اور مخالفت حدود اللہ تعالی کی کرتے ہیں اور خلق اللہ کو سخت اذیت دیتے ہیں ان سے کبھی مؤلف ناراض نہ ہوا بلکہ محبت سے ہر روز اور الفت سے ملتا رہا اور ہم پیالہ و ہم نوالہ کبھی حمیت دین اللہ تعالی اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہ آئی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جو فرض عین ہر بشر پر ہے کبھی منہ سے نہ نکلا بلکہ مدح و ثنا کر کے مورد اذا مدح الفاسق اهتز عرش الرحمن و غضب الرب کا ہوتا رہا اور اتخذوا احبارهم کا مصداق بنتا رہا اگر یہ امور نہی مثل ان معاصی کے ہے تو کیا خصوصیت اسکی ہے بالفرض زیادہ مؤکد ہوتا عقیدہ ہوگا اور نہیں یہ محض کذب ہے ہاں اگر وہ بجز اہل بدعت کے اکثر عقائد شرک تک پہنچے ہوئے ہیں اور فساق فجار کو بھی الیسا کرتا تو یہ عذر یہاں بھی معتبر ہوتا ورنہ محض جان چھڑانی اور دفع الوقتی ہے کہ قابل اعتبار کے نہیں فی الحقیقت معاملہ اس مستحب کا مثل واجب کے ہے لہذا منکر اس مستحب کو مثل تارک واجب فرض کے جانتے ہیں اگر مؤلف کو شاید یہ وہم ہو تو دیگر ہم مشرب اسکے کا قطعا یہی عقیدہ اور یہی معاملہ ہے والله بمحض التحديد بداہۃً مرکا **قولہ** ہاں اگر معلوم ہو جاوے الخ **اقول**

ما زنگی کا نام اسکی بد صورتی کے بر عکس کافور رکھتے ہیں ۔ شدید تاریکی ۔ پوشیدہ ۔ شکوک و شبہات کا خزانہ ۔ رسوائی کا سبب ۔ حدیث معصیت کی جمع ۔ ذرات ۔

[illegible]

لکھا ہے باب سماع میں کہ یہ بات آداب حقوق صحبت کے خلاف ہے کہ کھڑا ہوتے میں موافقت نہ کرے پس اس تقریر سے معلوم ہو گیا کہ غصہ آجانا تارک قیام پر اور سبب ہوتا ہے نہ اس سبب سے کہ فاعلین قیام فرض وواجب جانتے ہیں قیام کو یہ تو بالاتفاق فتاویٰ میں متعقیان دین تصریح فرما چکے ہیں کہ یہ کھڑا ہونا فرض واجب نہیں بلکہ مستحسن اور تعظیم ادب کی بات ہے اور غور سے دیکھئے تو بعض اوقات میں یہ تارک قیام نص قرآنی کا مخالف بن جاتا ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے یا ایھا الذین امنوا اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس فافسحوا یفسح اللہ لکم واذا قیل انشزوا فانشزوا یعنی اے ایمان والو جب تم کو کہا جاوے کہ کھل بیٹھو مجلسوں میں تو کھل بیٹھا کرو اور جب کہا جاوے اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو اب معلوم کرنا چاہیئے کہ جب قاری مولد نے پڑھا سو اٹھو ذکر میلاد حضرت ہے اب ؛ یا اس طرح پڑھا چاہئے آداب کرنا قیام ؛ یا یہ کہ اس وقت کھڑے

مؤلف کی بیدار مغزی دیکھنے کے قابل ہے کہ جناب مولوی احمد علی صاحب نے اپنے جواب میں یہ افادہ فرمایا تھا کہ تارک شہد ابد تر از تارک جماعت دانند اس میں مؤلف نے یہ اعتراض نکالا ہے مگر چونکہ مؤلف قیام کے استحباب کا قائل ہوتا ہے گو معاملہ واجبات جیسا کرتا ہے تو سوچا کہ اگر تارک پر ملامت کا اقرار کرونگا تو بات خلاف دعویٰ ہو جائیگی تو تقریر اعتراض میں بجائے تارک کے منکر بنایا اور پھر نفس انکار مستحب کو بھی باعث لوم نہ جانا تو یہ عذرات کذب پیدا کئے تھے جو مذکور ہوئے آخر دروغ گورا حافظہ نباشد اس قول میں اپنی اصل پر آگیا کہ وہاں جو معلوم ہو جاوے کہ ہمارے عقیدہ کے موافق ہے اور پھر ترک قیام کرے تو توبیخ نہیں کرتے مگر موافقت کی فہمائش اور تعلیم ادب کرتے ہیں پھر جب اس میں بھی خدشہ نظر آیا تو آیت سے استدلال پیدا کیا کہ جس سے بادی الرائے میں تاکد بلکہ وجوب مفہوم ہو پس یہ تقریر مسلسل قابل تحسین مؤلف کے اور عجب ہے سو پہلے انکی بناوٹ کذب کی تلبیغ تو ظاہر ہو چکی کہ کوئی رفض وخروج مثل انکار قیام مولود کے نہیں ہے سب دوستی ومداہنت کے ساتھ معاملہ ہے مگر تارک قیام کے ساتھ زجر و توبیخ سے پیش آتے ہیں اس کو سنو کہ مسجد میں لوگ نوافل پڑھیں اور ایک آدمی نہ پڑھے تو اس کو موافقت ادائے مستحب پر ادب نہیں سکھاتی تراویح کی ادا میں سب قائم ہوویں ایک شخص قاعدا پڑھے محض کاہلی سے اس کو استحباب کا حکم نہیں ہوتا علیٰ ہذا صدہا امور میں بلکہ مکروہات کے ارتکاب پر بھی حکم موافقت کا بترک مکروہات نہیں ہوتا مگر یہاں یہ حکم کرنا موافقت کا باد ائے مستحب اور ترک کرنا مخالفت کا بترک مستحب ایسی ضروری ہے کہ ضرور اس میں ادب کی تلقین ہوتی ہے یہی نفس کی چوری ہے کہ سب مستحبات میں سے اس پر زیادہ اصرار اور زیادہ وجوب کا معاملہ ہوتا ہے مگر مؤلف داشتہ داشتہ کہتا ہے تا کہ کوئی متنبہ اصل مدعا پر نہ ہو جاوے اور امام محمد غزالی کا قول باب سماع کا حجت مل گیا دیوانہ را ہوئے بس ست حالانکہ وہ ایک امر مباح میں موافقت طلب کرتے ہیں اور مؤلف امر مکروہ میں موافقت چاہتا ہے اور فتاویٰ میں قیام تعظیمی کو جائز لکھا ہے، معترض بھی انکار نہیں کرتا مگر یہ اس وقت جائز ہے کہ کوئی محظور شرعی نہ ہو ورنہ ناجائز ہے مگر بہر حال اس ادب و مستحب ہونے قیام سے مؤلف کو خدشہ ہوا کہ اب عوام بے پروائی کرکے چھوڑ دیویں گے تو انتظام بگڑا اور خواہش نفسانی کے خلاف ہوا تو کہتا ہے **قولہ** اور غور سے دیکھئے تو **اقول** جب غور سے دیکھا تو مؤلف کی چالاکی معلوم ہوئی کہ صیغہ فانشزوا امر کا صیغہ ہے اور موجب اس کا وجوب ہوتا ہے تو اس آیت سے ایجاب قیام ثابت کرنا مد نظر ہے اور یہ خوب محقق ہو گیا کہ مؤلف کو ہرگز فہم نہیں اس آیت میں یہ حکم ہے کہ جب تم کو حکم ہو کہ کھڑے ہو جاؤ تو سعت مکان کے واسطے یا خدمت تحزعام سے چلے جاؤ یا جہاد وصلوٰۃ کی طرف چلو یا کسی امر مامور کی طرف تو اجابت کیا کرو تو اس میں امر مشترک یہ ہے کہ مامور کی طرف اٹھا کرو اور

۱ اس مجلس کے چھوڑنے والے تارک جماعت کو بھی بدتر سمجھتے ہیں ۲ سبب ملامت ۳ ڈانٹ ڈپٹ ۴ بظاہر رائے ۵ لپیٹ ۶ قریب

ہونے والوں نے اس آدمی کو اشارہ کیا کہ آٹھ کھڑا ہو اور اس نے نہ یہ کیا کہ کھڑا ہو جاتا نہ یہ کیا کہ اٹھ کے باہر نکل جاتا تو دیکھئے وہ
اس وقت میں مخالف امر خداوندی کا ہو گیا کیونکہ نزول اس آیت کا منشا یہی ہوا تھا کہ لوگوں کو وہ بات تعلیم کیجو کہ آپس میں محبت پیدا ہو بغض و
عناد و وحشت نہ ہو چنانچہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر کبیر میں اسی آیت مذکورۃ الصدر کے شروع میں لکھا ہے اعلم انہ تعالی لما نھی عباد المؤمنین
عما یکون سببا للتباغض والتنافر امرھم الان بما یصیر سببا لزیادۃ المحبۃ والمودۃ اب سب ارباب انصاف خیال فرماویں کہ اگر وہ
شخص کھڑا ہو جاتا تو اتحاد و مؤانست باہمی کا سبب ہو جاتا اور کھڑا نہ ہونا بغض اور نفرت کا سبب ہو گیا تو یہ فعل اس کا کس قدر منشاء حکم خداوندی
سے بعید جا ٹھہرا فاعتبروا یا اولی الابصار اعتراض قیام کرنے والوں کو اگر اس بات کی تعظیم منظور ہوتی کہ حضرت کے قدوم کی تعظیم کی جاوے تو
فقط وقت ولادت کے کیا خصوصیت تھی چاہیے تھا کہ جب ذکر سنتے کہ فلاں وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں یا مجلس میں تشریف
لائے یا حج یا جہاد کر کے پھر آئے ہر قدوم کا ذکر سن کے کھڑے ہو جایا کرتے جواب ان قدومات میں اور قدوم وجودی یعنی ولادت
شریف میں بڑا فرق ہے یہ سب قدوم جزئی ہیں مثلاً گھر سے جب مسجد یا مجلس میں تشریف لائے تو وہ دولت مخصوص اسی جماعت کے واسطے ہوئی دوسرے

جیسا مامور ایسا ہی اس کے واسطے قیام و نشوز[۱] فرض کا فرض مندوب کا مندوب پس اگر یہ قیام مؤلف کا مندوب ہی ہوتا اور عوارض و موانع
سے مکروہ نہ ہوتا جب بھی وہی استحباب نکلتا تھا اور مؤلف کی مراد حاصل نہ ہوتی تھی چہ جائیکہ شرع سے اس قیام مخصوص کا بوجہ مخصوص
بدعت ہونا اور کراہت ثابت ہو گیا پھر کس طرح یہ قیام اس آیت میں داخل رہ سکتا ہے اول اس کو مندوب ثابت کرنا تھا بعد اس کے
یہ آیت پڑھنی تھی مگر مؤلف کا فہم معلوم لیکن ہاں یہ معنی ہیں کہ جس وقت یہ امر بدعت کیا جاوے تو تم وہاں سے اٹھ کر چلے جاؤ کیونکہ
معصیت کے مجمع سے اٹھ کر چلا جانا بھی مامور اس آیت سے ہے اب تفسیر کبیر کی عبارت جو مؤلف سمجھا ہے اسکی حقیقت سننے کے قابل
ہے یہ عبارت اعلم انہ تعالی لما نھی الخ جو مؤلف نقل کرتا ہے کبیر نے پہلے اس آیت سے ربط کے واسطے لکھی ہے کیونکہ پہلے آیت مناجات و سرگوشی کے
احکام میں تھی یہاں سے اس پر حکم شروع ہوا یا ایھا الذین امنوا اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس فافسحوا الایۃ تو یہ کہتا ہے کہ سرگوشی کرنا جو
پہلے مذکور ہوا موجب تھا تباغض کا اس کی نہی فرما کر وہ امر ارشاد کیا کہ جس سے اتحاد ہو وہ یہ کہ ہر ایک دوسرے کے واسطے فسحت کرے
اور شریک خیر و راحت کا ہووے کہ موجب زیادہ حب کا ہے اور نشوز جو یہاں ہے ایک معنی پر توسیع مجلس کے واسطے بھی مراد لیا گیا ہے تو وہ موجب حب کا ہو
تو اس کو اس قیام پر حمل کرنا سوء فہم ہے کیونکہ یہ اگر مندوب ہوتا حسب زعم مؤلف کے تو اس میں کسی کی اعانت یا راحت متصور نہیں ہر شخص
اپنے عمل میں مشتغل ہے تو اس آیت سے اس کو کیا علاقہ ہے کوئی مجلس وعظ و درس میں مربع بیٹھے اور سب دو زانو بیٹھیں تو یہ ترک ادب
موجب کسی کے ملال کا نہیں اور نہ باعث تکلیف کا پس یہ تفسیر محض خیال مؤلف کا ہے کیونکہ اس کے خیال میں وجوب قیام ہی ہے اور البتہ
ترک واجب میں مخالفت ہوتی ہے پس دیکھو کہ مؤلف نے کیسا ناکام کام کیا کہ نہ تفسیر کبیر کی مراد سمجھا اور نہ قرآن کو مفسرین کے موافق تفسیر کیا
اپنی رائے سے تفسیر کی اور پھر بھی مدعا حاصل نہ ہوا فاعتبروا یا اولی الابصار قولہ اعتراض، قیام کرنے والوں کو الخ اقول خلاصہ جواب مؤلف کا
یہ ہے کہ قدوم ولادت کا تمام عالم کے واسطے ہے اور دیگر قدومات خاص صحابہ کے واسطے تھے لہذا اس قدوم ولادت کو دیگر قدومات پر زیادہ
شرف ہے اس واسطے ولادۃ پر رواج قیام کا ہوا مگر یہ جواب نہایت بے معنی ہے اول تو معترض کی غرض یہ ہے کہ آپ کے سب قدوم لائق

[۱] اٹھنا [۲] عارض کی جمع [۳] گناہ [۴] بغض رکھنا [۵] کشادگی [۶] چار زانو ۱۲

اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس الآیۃ — عمّ تمام الآیۃ الخ

لوگوں کا اس میں کیا حصہ ہے برخلاف قدوم وجودی کے کہ وہ قدوم کلی ہے یعنی آپ کا عالم وجود میں آنا رحمت ہے تمام عالم پر جو کوئی اس وقت دنیا میں موجود ہے یا نہیں اور جو کوئی قیامت تک پیدا ہوتا چلا جائیگا اور جو چیز فرش سے عرش تک ہے کل کیلئے آپ کا پیدا ہونا رحمت ہے وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین پس اس قدوم اور قدومات مذکورہ میں بڑا فرق ہے اس لئے قیام کرنا اس اعلیٰ درجہ کے قدوم میں امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں رائج ہوا اور اللہ تعالیٰ نے بھی اسی قدوم کا احسان اہل اسلام پر ظاہر فرمایا ہے لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیہم رسولا اور مجید میں

تعظیم کے ہیں شریف و اشرف کا فرق نہیں دیکھو کہ حضرت فاطمہ رض اور بعض صحابہ رض نے ان ہی قدومات[1] پر قیام کیا تھا اور قدوم ولادۃ میں وقوع قیام بظاہر ہوا ہی نہیں پس اگرچہ ولادت اعلیٰ ہی ہو تاہم دیگر قدومات لائق تعظیم کے ہیں اور نص سے قابل تعظیم ہونا انکا معلوم ہوا ہے پس جیسے قدوم ولادت کی تعظیم میں قیام ہے قدومات دیگر میں بھی چاہیئے تو اس کا جواب مؤلف دیتا ہے کہ ولادۃ اعلیٰ ہے پس یہ کس قدر بے موقع جواب ہے کہ سوال کچھ جواب کچھ، معترض کہتا ہے سب قدوم اعلیٰ اور ادنیٰ لائق تعظیم ہیں مؤلف جواب دیتا ہے کہ قدوم ولادت اعلیٰ ہے اب بولو کہ یہ مؤلف کا جواب ہے یا کچھ اور ہے ہاں اگر یہ ثابت کرتا کہ سوائے ولادت کے دیگر قدوم لائق تعظیم قیام کے نہیں تو البتہ جواب تھا گو غلط ہے مگر جواب تھا دوسرے یہ کہ آپ کے ان قدومات کی تخصیص بصحابہ رض ہونے سے کیا مراد ہے اگر یہ ہے کہ نفع زیارت وصحبت کا اس جماعت کو تھا تو ولادت کے قدوم کی بھی یہ دولت باین وجہ صحابہ رض ہی کو تھی سو ولادت کی تعمیم کچھ نہ رہی اور اگر نفع بعثت کا کہ علم اور دین کی اصلاح ہی مراد ہے تو وہ آج تک چلا جاتا ہے کہ صحابہ رض نے آپ سے حاصل کر کے ہم تک پہنچایا ورنہ کیونکر آتا پس معلوم کہ مؤلف نے کیا مراد رکھا ہے کیونکہ زیارت وصحبت تو ولادت و وجود کے باعث صحابہ رض کو ہی تھی مثل دیگر قدومات کے اور نفع مطلق دارین کا سوائے صحبت کے قیامت تک سب کو ہے سب قدومات کا مثل وجود کے سوا ایسی بے معنی توجیہ سے کیا نفع مؤلف کو ہے سوائے مضحکہ ہونے کے تیسرے یہ کہ مؤلف ان قدومات پر قیام تعظیم کو آپ ہی بڑے شد و مد سے ثابت کر کے اس کو مقیس علیہ قیام ذکر ولادت کا بنا چکا ہے اب اسکو ادنیٰ غیر قابل تعظیم ہونا لکھنے لگا تو گویا فعل صحابہ رض سے جو قیام تعظیم ثابت ہوا وہ چنداں معتبر نہ تھا اس کا ذکر بھی قابل تعظیم قیام کے نہیں ولادت کا ذکر جو مقیس ہے وہ زیادہ قوی اور قابل تعظیم قیام کے ہے اور قدوم شریف میں قیام لائق نہیں قدوم اشرف میں لائق و احق ہے سو یہ بات رائے ناقص مؤلف کی خلاف نص کے ہے سو اسکو نص سے ثابت کرنا واجب ہے ورنہ ہرگز قابل التفات نہیں چوتھے جو کہ کلی جزئی جو مؤلف لکھتا ہے اگر باعتبار نفع عام وخاص کے ہے تو دونوں کا نفع عام معلوم ہوچکا اور جو باعتبار مقصود کے ہے تو اصل مقصود رسالت کا یہ ہے قدومات میں جن میں تلقین تعلیم دین کی فرماتے تھے اور وجود شرط و موقوف علیہ رسالت کا ہے اور شرط و موقوف علیہ اصل مقصود نہیں ہوتا مقصود ہی اعلیٰ ہوتا ہے شرط سے پانچویں مؤلف دلیل شرافت ولادت میں جو آیۃ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین ذکر کرتا ہے اور آیت لقد من اللہ علی المومنین ان دونوں آیت میں مبعوث کرنے اور رسول بنانے کا احسان اور فضیلت ہے یہ دونوں امر منت کے بعد ولادت کے چالیس سال بعد ہوئے فضل ولادۃ میں آیات سے حجت لانا نہایت جہل لغت اور مراد حق تعالیٰ سے ہے اور مقصود رسالت و بعثت ہے وہ ہی ثمرات ونتائج قدومات جزئیہ کے ہیں اور وجود کی شرافت بڑا سکی دلیل بواسطہ ہے پس یہ استدلال اور یہ جواب محض بلاہت ہے اور جو موقوف بعثت کا ہونے کی وجہ سے فضیلت ہے تو جو موقوف علیہ اقرب الی المقصود ہوتا ہے وہ اعلیٰ ہوتا ہے تو شرح صدر مثلاً اعلیٰ ولادت سے

ذکر ولادت کی طرح ذکر معراج و حج وغیرہ پر قیام نہ کرنے کا جواز بے اصل ہے۔

[1] تشریف آوری [2] یعنی [3] زور و شور [4] جس پر قیاس کیا جائے [5] جسکو قیاس کیا گیا [6] مدار [7] زبان کو ملاحت [8] بیوقوفی [9] معقول

تشریف لانے کی بابت نہیں فرمایا من اللہ علی المومنین اذا خرج رسولا من بیتہ الی المسجد یا اس لئے کہ یہ تشریف آوری دولت خانہ سے مسجد تک مخصوص انہی چند صاحبوں کے حق میں تھی جو وقتیا احاطہ مسجد میں تھی پس منت اس کی اللہ تعالیٰ کل آدمیوں پر کس طرح ظاہر فرماتا بخلاف پیدائش حضور کے کہ وہ کل کے لیئے ہے اس لئے اس کی منت کل پر ظاہر فرمائی اس لئے کل کا دستور ٹھیر گیا کہ جب اس قدوم کلی کا ذکر آتا ہے اسی وقت قیام کرتے ہیں بخلاف اور قدومات کے کہ وہ جزئیہ ہیں **اعتراض** قیام وقت ذکر ولادت نہایت الامر یہ ہے کہ اگر کوئی عرق ریزی کرے تو جواز و اباحت تک نوبت آوے گی مگر مباح کو سنت و واجب جاننے سے پھر بدعت و منکر ہو جاوے گا **جواب** جو شخص کہ از روئے دلیل اس کی اباحت ثابت کرے گا وہ کس طرح عقل میں آوے کہ وہ خود مباح کہکر واجب جاننے لگے یہ تو کوئی ذی شعور مسلم نہ رکھے گا باقی

ہونا چاہیئے اور یہ نکتہ فہمی مؤلف کی کہ حق تعالیٰ نے آیت میں خروج عن البیت کو نہیں فرمایا سبحان اللہ کیا علم ہے یہ نہ سمجھا کہ حق تعالیٰ نے لقد من اللہ علی المومنین اذ خلق بھی تو نہیں فرمایا جس سے ولادت کا فضل نکلتا بعثت تو نبوت کے معنی ہیں نہ ولادت کے پس ان جزئیات کو اس واسطے نہیں فرمایا کہ یہ سب افراد رسالت و بعثت کے ہیں اور آپ کا ہر ہر خروج و دخول حرکت و انقلاب سب اثبات شریعت و احکام دین کرنا تھا لہٰذا عام جامع کلمہ فرمایا سبحان اللہ مؤلف دعویٰ قرآن فہمی کا بھی رکھتا ہے یا یہ علم و فہم الحاصل سب ذکر فخر عالم میں قیام مندوب تھا مگر مؤلف نے ذکر قدوم میں بوجہ مناسبت حصر کیا تھا اب ولادت میں خاص کر دیا اور سب پہلی تحریرات کو بھول گیا اور اپنے گھر جانے کو ہدم کر دیا اور یہ کلمہ گستاخ اس کا کہ آپ کے گھر سے تشریف لانے اور غزوات سے سالم قدوم مبارک میں اور آپ کی تبلیغ وغیرہ میں سوائے صحابہ رضی اللہ عنہم کے کسی کو کیا نفع ہوا ہے جو اس کے مخوانگی کلام سے نکلا صریح بے ادبی ظاہر اور مخالف نص قرآن شریف کی ہے حق تعالیٰ تو اس کلمہ مطلقہ عامہ میں اذ بعث فیہم رسولا اور وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین تمام ذرہ ذرہ آپ کے افعال اقوال کو نعمت بتاتا ہے نعمۃ عامۃ الی یوم القیمۃ اور مؤلف سوائے صحابہ کو سب کو محروم ٹھیراتا ہے سوائے نفع ولادت کے سب منافع رسالت کے عموم اور ابدیت سے انکار کرتا ہے گو نہیں سمجھتا اور لائق احسان کے نہیں جانتا معاذ اللہ ناظرین اس شوخ کلامی اور کوتاہ فہمی اور نا عاقبت اندیشی کو غور فرما دیں کہ اپنی بدعت تخصیص قیام کے جواز میں کیا کیا تکلیف دور از دین و دانش اختیار کر کے دین کو برباد کرتا ہے بس زیادہ کیا کہوں،

قولہ اعتراض. اگر نہایت عرق ریزی کوئی کرے الخ **اقول** مراد معترض اگر امر مباح یا مستحب کی مداومت موہوم وجوب ہو تو ترک نا جب ہے کی یہ ہے کہ قیام مطلقاً ذکر فخر عالم پر مندوب ہے اور تخصیص ذکر ولادت کی بدعت ہے اور اگر کوئی محنت کر کے بالفرض اباحت تخصیص اس قیام کی ثابت کر دیوے تو پھر بھی جب عوام اس کو واجب جاننے لگے تو ان کے حق میں بدعت ہوا اور خواص کو اس کا کرنا مکروہ ہوا کہ موجب افساد عقیدہ عوام کا ہے تو مؤلف کیا خوب سمجھا جواب دیتا ہے کہ اگر کوئی اباحت ثابت کرے گا وہ واجب کس طرح جانے گا سبحان اللہ معترض کب کہتا ہے کہ خود مستدل واجب جانے گا معترض یہ کہتا ہے کہ ہر چند کوئی اس کی اباحت ثابت کرے مگر تاہم جو عوام اس کو اصرار دوام کے سبب واجب جان رہے ہیں ان کے حق میں بدعت ہی ہو وے گا اور مفید جواز کو نہ ہوگا مگر مؤلف عام فہم مطلب سے اوپر کو ہی اڑتے ہیں پس مؤلف کا یہ قول محض بے معنی ہے پس سنو کہ مستحب کو واجب جاننا بدعت ہے اور جس دوام فعل خواص سے عوام کو یہ امر پیدا ہو وہ امر خواص کو اعلان و دوام سے کرنا مکروہ ہوتا ہے کیوں کہ سبب مذموم کا مذموم ہے قال الحلبی

سب کو جمع کرنے والا ۔ ڈھا دینا ۔ مضمون کلام یہ جبکہ بھیجا گیا ان میں رسول ۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سارے جہاں کے لئے رحمت بنا کر ۔ ہمیشگی

رہی یہ بات کہ مبادا اور آدمیوں کو واجب ہونے کا دہوکہ لگے سو صورت اس کی یہ ہو کہ یہ معنی تو بدعت کے نہیں کہ کوئی شخص فعل مباح یا مستحب کرتا ہو اور دوسرا آدمی اس کو اپنے خیال میں واجب سمجھ جاوے تو اصل فاعل کے حق میں وہ امر بدعت ہو جاوے ہاں بعض فقہاء کے کلام سے یہ تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ بعض مسائل میں ڈرا کرتے تھے کہ ہم کس کس کو کہتے پھریں گے مبادا عوام لوگ اس کو فرض خیال کریں سو اس مسئلہ خاص میں یہ علت مفقود ہے کیوں کہ علماء عرب کے فتوی چھپ چکے تفسیر روح البیان اور سیرت حلبی چھپ چکی اور علماء فرنگی محل و علماء کلکتہ و الہ آباد و بمبئی وغیرہ بلاد عظیمہ عرب و عجم کے رسالے اور فتاوی چھپ چکے کتنی کتنی صدیاں گذر گئیں یہ اعلان کرتے ہوئے کہ مجلس پاک اور قیام کرنا مستحسن ہے پس اس قدر اعلان اور اشتہار کرنے کے بعد وہ علت جاتی رہی اور اشتباہ کا محل نہ رہا تو اس قیام کی التزام دائمی میں جو صورت کراہت عند البعض لفقہاء متصور تھی وہ بھی نہ رہی اور بدعت ضلالت ہونا تو کسی طرح ثبوت ہی نہیں رکھتا اور اعتراض آئندہ میں بھی اس کا دفعیہ کریں گے **اعتراض** یہ لوگ اگر قیام کو مباح یا مستحسن جانتے ہیں تو واجب کی طرح دائمی بالتزام کیوں کرتے ہیں حالاں کہ امر مستحب اعلا

فی وجہ کراہۃ صلوٰۃ الرغائب وضعہا ان العامۃ یعتقدونہا سنۃ فیکون فعلہا سببًا لکذبہم علیہ صلی اللہ علیہ وسلم پس ظاہر ہو گیا کہ فعل خواص کا جو عوام کی خرابی کا باعث ہو وہ مکروہ ہوتا ہے مؤلف اس امر کو بعض علماء کی طرف نسبت کرتا ہے حالاں کہ جملہ امت کا اتفاق اس پر ہے مگر مؤلف دبا دبا کہتا ہے نہ اصل مراد معترض سے خبردار اور نہ قواعد دین سے واقف نہ فہم سو علاقہ جو چاہا منہ سے نکال دیا اور یہ قول مؤلف کا کہ عام علماء نے استحباب کو طبع کرا دیا ہے اس وجہ سے علت کراہت رفع ہو گئی یہ قول کس قدر دور از فہم ہے بجوں کہ صلوٰۃ رغائب کی کراہت اور بدعت ہونا علماء نے تحریر و تقریر سے تمام عالم میں اشتہار کیا مگر تسپر بھی عوام جہلاء نے نہ چھوڑا اور کسی عالم نے نہ کہا کہ اب اشتہار عدم سنیت اس کا ہو چکا اب خواص کو مکروہ نہیں دوسرے یہ کہ جب خواص زبان سے تو کہیں کہ مؤکد نہیں مگر علماء مداس التزام سے کریں کہ ترک اس کا مثل سنت مؤکدہ کے زبوں جانیں تو عوام کو زبانی کہنا کیا نافع ہوگا اور تحریر فتاوی اور طبع اس کا عوام کو کیا مفید ہے کہ نہ پڑھ سکیں اور نہ سمجھیں اور نہ ان کو ان امور کا خیال اور نہ تحقیق کا فکر کہ رسائل خرید کر پڑھیں سو یہ اشتہار طبع کس قدر عذر غیر معقول المعنی[1] ہے، تعیین سورۃ کا مسئلہ دیکھو کہ باوصف شہرت کے اور تحریر کتب کے اب بھی علماء اس کو مکروہ ہی کہہ رہے ہیں چنانچہ پہلے اس کی تحقیق ہو چکی اور سب دیگر مسائل پس ایسے [illegible] عذرات سے مؤلف کو شرم نہیں آتی افسوس کہ خلاف کتب دینیہ کے کس طرح اس کا قلم ایسے کلام لا یعنی پر چلتا ہے الحاصل ہر روز فقہاء ایسی حالت میں تحریر اور اشتہار پر قناعت نہیں کرتے بلکہ دوام کو مکروہ ہی کہتے رہے ہیں بلکہ چاہیئے کہ گاہ گاہ ترک بھی کر دیا کرے تاکہ عوام کو یہ خدشہ نہ ہو مگر مؤلف ہر روز جدید قاعدہ خلاف امت کے شرع میں نکالتا ہے کیوں کہ شرع نے تو اس صورت کو مکروہ ٹھیرایا تھا اس واسطے کہ فعل علماء خواص کو ہر عام دیکھتا ہے پس اس کے دوام سے خود عوام واجب جان لیویں گے اور تحریر کا یہ حال ہے کہ لاکھوں میں ہزاروں پڑھے ہوئے ہوتے ہیں اور ہزاروں میں صدہا غافل بے پرواہ اور صدہا میں عدد یکتا[2] آدمی فہمیدہ ہوتے ہیں پس تحریر سے نفع نہیں ہوتا مگر مؤلف اس کو اپنی رائے سے نافع کہہ رہا ہے اور نفع قواعد فقہاء کا وہ سمجھے کہ فہم من اللہ تعالیٰ اس کو عطا ہو ہر عامی کا کام نہیں کہ اپنی رائے سے قواعد فقہاء کو رد اور اپنی رائے ناقص سے ایجاد کیا کرے پس یہ قول مؤلف کا بالکل غلط خلاف عقل اور نقل کے ہے کہ اس طبع اور اشتہار سے علت کراہت مرتفع ہو گئی **قولہ** اعتراض کرتے ہیں کہ یہ لوگ قیام کو مباح الخ **اقول** اول اس امر کو محفوظ رکھنا ضرور ہے کہ مؤلف کو ہنوز دوام اور اصرار میں بھی تمیز نہیں سنو کہ دوام مستحب کا شرع میں محمود[3] ہے بشرطیکہ اس کے ادا سے کوئی محظور شرعی[4] لازم نہ آجاوے اور عوام عبارت ہو

۱؎ جس کے معنی معقول نہ ہوں ۲؎ چند ۳؎ تعریف کیا ہوا ۴؎ شرعی رکاوٹ

کرنے سے مکروہ ہو جاتا ہے جواب التزام امور مستحبہ کا مکروہ نہیں ہے علی العموم بلکہ بعض صور خاصہ میں بعض فقہاء تحریر فرماتے ہیں وہ ہمارے
خوائے کلام سے سمجھ لیجو، تحقیق اصل مسئلہ قیام کی یہ ہے کہ ہم اس کو مستحسنات میں سمجھتے ہیں مذہب جمہور یہی ہے اور اسی پر عمل ہے تمام بلاد اسلام
میں اور منکرین میں ایک فرقہ ایسا ہے کہ اس قیام کو حرام کہتے ہیں اور بعضے ان میں کے بدعت مطلقہ اور بعضے ان میں کے بدعت ضلالہ اور
بعضے ان میں کے شرک قرار دیتے ہیں پس اس صورت میں مجوزین قیام بھی اگر ترک کرنے لگیں تو سب کے دلوں میں سما جاوے یہ بات کہ یہ قیام
بلا شک ممنوع ہے کہ انہوں نے بھی ترک کر دیا تو اس صورت میں بدل جاوے گا حکم شرعی اور ثابت کر چکے ہم دلائل شرعیہ سے اس کتاب میں

ہر روز کرنے سے اور اصرار کہتے ہیں کسی امر پر بندھ جانا اور ایسا التزام کہ ترک کرنا اس کا دشوار ہو مثل ترک ضروریات کے پس اصرار مندوب
کا شرع میں مذموم ہے بقولہ علیہ السلام ان اللّٰہ یحب ان یؤتی رخصہ کما یحب ان یؤتی عزائمہ اور مصر علی المندوب گویا محرم رخصت کا ہوتا ہے
اور اسی کا ہی نام تعدی حدود اللّٰہ تعالیٰ ہے اور مدیم چونکہ مصر نہیں ترک بھی کر سکتا ہے لہٰذا وہ محرم جانب مقابل کا نہیں، پس اصرار مستحب کا
مکروہ ہوا کہ تعدی حدود اللّٰہ کی ہے اور ادامت مکروہ نہ ہوئی بشرطیکہ عوام کو مضر نہ ہو اب سنو کہ معترض اصرار قیام کہتا ہے یہ معنی کہ مطلق
قیام جو مستحب تھا اس پر ایک فرد میں ایسا التزام و اصرار کہ ترک اس کا مثل واجب ناگوار جانتے ہیں اور یہ تعدی حد اللّٰہ تعالیٰ ہے ذکر نی
چاہیے پس پہلے اعتراض میں تو بوجہ خرابی عقیدہ عوام کے اعتراض تھا اور اس میں خود مرتکب کے اصرار کی وجہ سے اعتراض ہے اور دونوں
میں فرق واضح ہے اس کا خیال رہے **قولہ** جواب التزام امور مستحبہ کا مکروہ نہیں الخ **اقول** جب امر مستحب میں التزام و اصرار پیدا ہو جاوے گا
وہ مکروہ ہو جاوے گا البتہ دوام محض مکروہ نہیں بشرط عدم مانع مگر چونکہ مؤلف کو دوام و اصرار میں تمیز نہیں تو کم فہمی سے خیر العمل مادیم علیہ
کو پیش نظر کر کے یہ لکھ مارا ہے حالانکہ اس کو اور اس کو بہت فرق ہے جیسا واضح ہوا پس قول اس کا کہ التزام علی العموم مکروہ نہیں محض غلط ہے
یہ کم فہمی سے سرزد ہوا ہے حالانکہ روایت مجمع واستنبط منہ ان المندوب قد ینقلب مکروھا اذا خیف ان یرفع عن رتبتہ اور عبارت طیبی کی
فیہ ان من اصر علی امر مندوب وجعلہ عزما ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال دونوں عام ہیں کیونکہ ان میں
اصرار ہے اور حدیث میں دوام پس نہ معارضہ نہ مخالفت پس اب قول مؤلف کا کہ اصرار علی العموم مکروہ نہیں غلط ہے اصرار مندوب کا علی العموم
مکروہ ہے جیسا کہ مجمع اور طیبی سے ثابت ہو گیا اور دوام محمود ہے جب تک کہ دوام عوام کو مضرت نہ ہوا اور قیام میں مولودیوں کو اصرار ہے
جیسا کہ تحریر مؤلف سے خود معلوم ہوتا ہے **قولہ** ہم اس کو مستحبات میں الخ **اقول** مطلق ذکر اللّٰہ و ذکر رسول اللّٰہ صلے اللّٰہ علیہ وسلم میں نفس
قیام جائز ہے کوئی اس کا منکر نہیں مگر ہاں جب تخصیص مطلق یا تشبہ یا اصرار عارض ہو جاوے یا عقیدہ حضور روح فخر عالم کا
بعلم استقلال ہو تو اس وقت اس کو مکروہ و بدعت و شرک کہتے ہیں ورنہ نفس قیام میں خلاف نہیں مؤلف کو تاہ فہمی سے جو
چاہے سمجھ لیوے **قولہ** پس اس صورت میں الخ **اقول** اس کلام سے واضح ہوا کہ مؤلف مصر علی القیام ہے کیونکہ ترک قیام میں جب
وہ تعدی حد اللّٰہ کا قائل ہے تو ترک قیام حرام ہوا اور قیام واجب ٹھہرا تاکہ تعدی نہ ہو پس اصرار علی القیام لاریب
ثابت ہوا اور مستحب کا واجب ہونا محقق ہو گیا پس اصرار علی المستحب ہی ہوا کیونکہ قیام درجہ استحباب سے تو نکلا ہی نہیں
اور مستحب کو واجب کرنا بھی پایا گیا نقل کر فیما نحن فیہ پس مؤلف نے یہ اقرار حق اپنے اور سب مولودیوں کے اوپر کر لیا
اور قول طیبی کا نقل اصاب منہ الشیطان اور قولہ تعالیٰ ومن یتعد حدود اللّٰہ فاولٰئک ہم الظٰلمون الآیۃ

اباحت واستحسان قیام بس جبکہ امر مباح و مستحسن کو لوگ شرک اور کفر یا حرام سمجھنے لگیں تو اس سے زیادہ تعدی حدود اللہ میں کیا ہوگی
جس طرح مندوب کو واجب سمجھنے میں تغیر شرع ہے اسی طرح مباح کو حرام اور شرک قرار دینے میں تبدیل احکام اللہ اور تغیر دین ہے بنا علیہ
مناسب سمجھا گیا کہ نہ ترک کیا کریں اس قیام کو واسطے اس مصلحت کے ہاں اگر یہ قیام ایسا ہوتا کہ کسی کو اس کے استحباب میں کلام نہ ہوتا تو
اس صورت میں التزام و اہتمام اس کا بقول ان بعضے فقہاء کے نہ کیا جاتا کیونکہ ایسا امر جو سب کے نزدیک محمود بالاتفاق ہو اور کوئی اسمیں انکار نہ

باقرار مؤلف ان پر صادق آگیا سبحان اللہ مؤلف کے فہم پر ہزار آفریں اب اس کج فہمی کی حقیقت سنو کہ معترض نے اعتراض بوجہ اصرار علی المستحب کے کیا تھا اس کا جواب مؤلف اپنی کج فہمی سے عوام کے تبدیل عقائد کا دینے لگا غور نہیں کیا کہ اصل منشاء اعتراض کا کیا ہے یہ بولا کہ مجوزین کو
ترک میں عوام کا عقیدہ فاسد ہوتا ہے کہ وہ اس مستحب کو مکروہ و ممنوع عقیدہ کر لیویں گے سو دیکھو کہ اصرار مستحب جو اصل اعتراض تھا اس کا کچھ جواب
و انکار نہیں دوسری بات فساد عقیدہ عوام کا اثبات ہونے لگا اور اپنے اوپر اصرار کو اس ضرورت سے قبول کر لیا اور عوام کی حفاظت کے واسطے
آپ جاہلی بن گیا دوسری خرابی یہ کہ اس سے پہلے اعتراض کے جواب میں مؤلف نے لکھا ہے کہ فتاوی علماء عرب و عجم بکثرت طبع ہو گئے ہیں
کہ سب کو مستحب ہونا اس قیام کا روشن ہو گیا ہے تو اب التزام قیام میں خدشہ فساد عقیدہ عوام کا نہیں کہ علت کراہت کی رفع ہو گئی
اور اس جواب میں کہتا ہے کہ ان فتاوی کا اثر بالکل بھی دنیا میں نہیں ہوا وہ بالکل لغو ہو گئے ناچار التزام سے استحباب ثابت کرنا پڑا ورنہ
کراہت ہو جاتی کیونکہ اگر فتاوی کثیرہ بزعم مؤلف عوام کو استحباب کا اثبات کر دیتے جیسا پہلے کہتا تھا تو اب کسی کے حرام و بدعت کہنے سے
کیوں عوام بہکتے پھر کیا اندیشہ عوام کا تھا وہ تو بے التزام مجوزین سے خراب ہوتے نہ فتوی تحریم مانعین سے بگڑتے پس اس کا وبال کیوں مؤلف کے
ذمہ پڑا کہ اصرار مستحب اور تعدی حد اللہ اپنے سر پر رکھی گئی بزعم مؤلف بہر حال یہ تہافت اقوال غور طلب ہے کہ وہاں تو فتاوی مغنی بزعم مؤلف
کہ دوام فعل سے عوام کو کچھ حرج نہیں تھا اور یہاں غیر کافی ہو گئے شاید ایک ساعت میں پرانی ہو کر قوت زائل ہو گئی اور وہاں باوجود
فتاوی کے التزام کا مؤثر نہ ہونا مصرح تھا اور یہاں بدون التزام کے صورت نجات کی ہی نہیں فتاوی میں اثر ہی نہیں رہا جو کچھ اثر ہے
دوام میں ہی ہے مؤلف کو کچھ ہوش نہیں کہ کتاب میں کیا کیا قلم درج کر رہا ہے اپنے جہل مرکب کے نشہ میں سرشار ہے تیسرے یہ کہ مؤلف
مستحب کو واجب جاننا خود داخل تعدی حد اللہ کرتا ہے خواہ عوام کو پیش آوے خواہ خواص کو پس جس تعدی سے عوام کو بچایا ہے وہی تعدی
اپنے اوپر لازم کرتا ہے چنانچہ اس کے کلام سے واضح ہو لیا حالانکہ اگر اس قیام کو گاہ گاہ ترک کر دیتا تو عوام کا حرام جاننا بھی دفع ہو جاتا
اور خود بھی گناہ تعدی اور اصرار مستحب سے پاک رہتا کیونکہ اگر فعل مجوزین قیام کا عند العوام معتبر ہے تو گاہ گاہ کرنے سے حلت کا ثبوت ہو جاتا اور
جو ان کا فعل لغو ہے تو یہ التزام بھی کچھ نافع نہ ہوگا اور بزعم خود تعدی حد اللہ عبث سر پر لی اور عوام کو فائدہ کچھ نہ ہوا چوتھے یہ کہ اصرار کو تعدی
ہر حال لازم ہے اگرچہ مسئلہ مختلف ہو گیا ہو اس واسطے کہ جو فعل ایسا ہو کہ ایک فریق اس کو حلال مستحب اور دوسرا حرام کہے مثلاً زعفران سے
ریش کا خضاب کرنا ابن عمرؓ مستحب کہتے ہیں اور امام ابو حنیفہؒ اور ائمہ دیگر حرام تو اب اگر کوئی بتقلید ابن عمرؓ ریش کو خضاب زعفران کا کرے مستحب
جان کر اور اصرار کرے تو بالضرور حسب رائے ابن عمرؓ کے مصر علی مستحب اور متعدی ہوا اور عوام کے افساد عقیدہ کا سامان کیا کہ اپنے مستحب
مزعوم کو عوام پر واجب کرتا ہی پس یہ قاعدہ مؤلف کا کس قدر غلط ہے کہ کوئی معنی اس کے نہیں کہ مستحب مختلف میں اصرار و تعدی درست ہے
یہ کیسا جہل اور مخالفت شرع کی ہے معہذا طرفہ یہ ہے کہ مؤلف مانعین محض مولود اور قیام کو اپنے کلام نافرجام میں اقل قلیل دکھا

ملہ جائز ماننے والے سلہ گنہگار سلہ بے کار سلہ مانعین کا حرام قرار دینا سلہ حد الٰہی سے تجاوز کرنا سلہ بے پرواہ کر دینے والے سلہ مراحت شدہ سلہ بے وجہ لغو

کرتا ہو بلکہ سب اس کو اہتمام سے بجا لاتے ہوں تو اس کی ملاومت اور التزام سے البتہ عوام کے دلوں میں شبہ وجوب یا فرضیت کا پڑ
سکتا ہے وہ خیال کر سکتے ہیں کہ اس امر کا کوئی منکر نہیں اور سب بالاتفاق بکمال تاکید و اہتمام سے کر رہے ہیں شاید یہ کام فرض
واجب ہو گا پس صاحب مجمع البحار کا کلام جس کو بعض فضلاء سند میں لاتے ہیں درحقیقت وہ ایسے ہی مندوب اور مستحب
بالاتفاق کے حق میں ہے کہ المندوب ینقلب مکروھا اذا خیف ان یرفع عن رتبتہ برخلاف اس قیام کے کہ اس میں لوگوں
کو کیا کیا گفتگوئیں ہیں، بھلا جس چیز کے جواز و عدم جواز میں مباحثہ ہو رہا ہو اور مجوزین قیام جا بجا فتاوی اقرار و استحسان
قیام کے باب میں چھاپ چھاپ کر مشتہر کر چکے ہوں کب عقل سلیم باور کرے گی اس بات کو کہ اس کی فرضیت یا وجوب شرعی کا شائبہ
کسی دل میں پیدا ہو گا حاشا وکلا اعتراض بانیان محفل میلاد نے مطلق کو مقید کر دیا ہے یہ بدعت ہے جواب بدعت کی تعریف
اگلے علماء فرما چکے مولوی اسحاق صاحب مائۃ مسائل میں نقل کر چکے ہم بطور خلاصہ لکھتے ہیں جو علماء بدعت کی تقسیم مانتے ہیں وہ کہتے ہیں

آدمی غیر معتبر غیر معتمد القول[۱] کالعدم اور مجوزین کو سواد اعظم جم غفیر[۲] معتمد القول لکھ آیا ہے پس ان کی منع کا اور تحریم[۳] کا کیا اعتبار ہے اور ان
کے منع پر کس سبب سے یہاں التفات ہونے لگا کہ بدون التزام مکروہ کے چارہ ہی نہ ملا اور پھر آخر جواب میں اول کے خلاف وہی لکھ دیا
کہ اس اشتہار فتاوی کے بعد فرضیت کا عقیدہ ہو نا کسی کی عقل سلیم باور نہیں کرتی پس یہ حواسی مؤلف کی قابل تماشا ہے اور خوبی علم و فہم مؤلف
کی کس قدر روشن ہوئی کہ بابدو شاید اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جس مستحب میں اصرار ہو وہ مؤلف کے نزدیک تعدی حد اللہ[۴] اور حرام ہے اور جس
فعل مستحب دالتزام سے عوام کو مضرت ہو کہ مستحب کو واجب یا حرام جانیں وہ بھی تعدی ہے اور حرام ہے اور پہلے جواب میں اس کراہت کا
بعض علماء کے نزدیک مؤلف مقر تھا اب حرمت کا خود اقرار کر لیا اور اول جواب میں بعض مستحب کے اصرار کو جائز کہتا تھا اور اب اس قاعدہ
میں عموما اصرار مستحب پر حرام ہونے حکم لگا دیا کیونکہ تعدی حد اللہ سب میں لازم ہے پس یہ مبلغ علم مؤلف کا ہے اور اس پر دعوی فہامتہ
العصر ہونے کا ہے سبحان اللہ بہر حال خدا تعالی ناظرین اس لیاقت علمی اور فصاحت بیانی کو غور کریں لاحول ولا قوۃ الا باللہ قولہ
برخلاف اس قیام کے الخ اقول بعد اس تحقیق حقیق کے مؤلف نے کیا عجب نتیجہ نکالا ہے کہ دنیا میں کسی ذی عقل دانا نے سے بھی
نہیں جدا ہو گا، سو مقدمات تو یہ تھے کہ قیام مختلف فیہ ہے اگر مجوزین بھی ترک کرنے لگیں اور التزام نہ کریں تو تعدی حکم اللہ کی عوام کے
نزدیک ہو جاوے گی لہذا التزام اس کا ضرور ہے اور یہی قاعدہ مقرر کیا کہ ایسے امر مختلف فیہ میں اصرار مضر نہیں بلکہ ضرور ہے اور خلاصہ
یہ نکلا کہ عوام کو بسبب اشتہار فتاوی کے عقیدہ وجوب کا نہیں ہو سکتا اب غور کرنا چاہیے کہ اعتراض تو اصرار کی کراہت کا تھا اور خلاصہ
جواب کے اور مقدمات وہ تو مؤلف کے دماغ میں خلل ہے یا نہیں اور یہ جواب خاص عطر فکر صائب مؤلف کا ہے کہ جس پر نہایت نازو
نخرہ ہے قولہ اعتراض بانیان محفل میلاد نے مطلق الخ اقول بدعت کی تعریف میں سب متفق ہیں تفاوت الفاظ کا ہے پہلے تحقیق ہو چکا
اور یہ بھی محقق ہو لیا کہ یہ محفل مروجہ ہر دو تعریف کے موافق بدعت ضلالہ ہے اگرچہ اصل ذکر فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا بلا قیود مندوب ہے چونکہ بہت
واضح بیان پہلے ہو چکا ہے لہذا اعادہ نہیں کیا جاتا مگر مؤلف کی سوء فہم کو دیکھنا ہے کہ مطلق کو مقید کرنا اور عکس اس کا کہتا
ہے کہ حد بدعت میں داخل نہیں حالاں کہ اس کے بدعت ہونے کے برابر سب قائل ہوتے چلے آئے ہیں اور سب کے نزدیک داخل
حد بدعت کی ہے کیونکہ جس نے مطلق شرع کو مقید کیا تو یہ قید خلاف متلقی عن الشارع ہوئی اور احداث مخالف حکم شارع کے

[۱] غیر معتبر اور ناقابل اعتماد ہونے کے برابر [۲] کثیر تعداد [۳] حرام قرار دینا [۴] یقین [۵] حد الٰہی سے تجاوز کرنا

البدعۃ ما احدث فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر اس کو دو قسم کرتے ہیں ایک حسنہ اور ایک سیئہ پس ان کے نزدیک محفل میلاد بدعت حسنہ میں داخل ہے اور مستحب ہے اور جو علماء تقسیم بدعت کے قائل نہیں وہ بدعت کی تعریف یہ کرتے ہیں ما احدث علی خلاف الحق المتلقی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان علماء کے نزدیک محفل میلاد خود سنت میں داخل ہے کیوں کہ گو یہ محدث ہے لیکن محدث علی خلاف الحق نہیں ہے کہ کوئی حکم قرآن یا حدیث و اجماع کا بدلتی اور تغیر دیتی ہو پس اصل حال تو یہ ہے کہ محفل میلاد شریف ہر دو طائفہ کے نزدیک مستحسن ہے باقی جو بعض علماء کو انکار واقع ہوا ہے وہ نہیں پہنچے اس امر دقیق کو الحاصل بدعت کی تعریفیں سلف سے وہ ہیں جو بیان کی گئیں اب تھوڑے دنوں سے یہ لوگ یہ تقریر سیکھے ہیں کہ بدعت وہ ہے جو مطلق کو مقید کر دیں یا مقید کو مطلق کر دیں حالاں کہ اگر ہم اس کو تسلیم بھی کر لیں تب بھی حرمت مولد شریف کی ثابت نہیں ہوتی اس لئے کہ ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ محفل مولد شریف میں کسی مطلق کو مقید نہیں کیا، یعنی روایات میلاد و معجزات کا پڑھنا جس طرح ماہ ربیع الاول میں ہوتا ہے دوسرے مہینوں میں بھی پڑھ لیتے ہیں پھر مطلق مقید کہاں ہوا اور جس طرح ذکر ولادت شریف کے وقت قیام کرتے ہیں اسی طرح اور بھی چند مقامات میں قیام کرتے ہیں چنانچہ وہ مواقع بیان تحقیق قیام میں کسی جدا لکھے گئے پس قیام بھی مقید نہ ہوا کہ نہ ہو قیام کسی مکان اور کسی زمان اور کسی موقع میں مگر خاص مولد شریف میں اور اسی طرح تقسیم شیرینی یا کھانا کھلانا اور بھی تقریبات دین و دنیا میں ہوتا ہے مثل ختم قرآن تراویح و مجلس بسم اللہ و عقد نکاح وغیرہ اور منبر یا چوکی وعظ میں بھی بچھتی ہے اور فروش کا بچھانا وعظ میں بھی ہوتا ہے اور مجلس نکاح وغیرہ میں اور پڑھنا قصائد و مناقب کا جیسا محفل مولد میں ہوتا ہے بعض غیر مجالس میں بھی ہوتا ہے اور بعض آدمی تنہا بھی شوقیہ پڑھتے ہیں اب بیان فرما دیں یہ صاحب کہ مقید کر دیا ہم نے کونسی مطلق شرعیہ کو اس طرح کو نہ جائز سمجھتے ہوں وجہ مولود کے جواز سے شریعت کا حکم مطلق کو مقید کرنا لازم آتا ہے

کہ ہوا کہ عہد شارع میں نہ تھا دونوں حد دیکھو اس پر ظاہر صادق ہو رہے ہیں اس کا بھی پہلے بیان ہو لیا ہے پس یہ محفل مروج بسبب قیود کے داخل بدعت ہیں سب حدود کے موافق ہو گئی بداہۃً اس میں کوئی امر دقیق[1] و مخفی نہیں اگرچہ مؤلف کے فہم پر غطا رہے کہ واضح مضامین کو بھی سمجھنے نہیں دیتا اور حالاں کہ خود تقیید مطلق کو قابل زجر و توبیخ کہہ آیا ہے غور طلب ہے کہ مؤلف کہاں ہے

قولہ ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ محفل مولد الخ **اقول** دعویٰ مؤلف کا سراسر غلط اور کور فہمی ہے اور ہنوز مؤلف معترض کے مطلب کو بھی نہیں سمجھا ساری عمر گنوا دی اور کچھ خبر نہیں معترض یہ کہتا ہے کہ ذکر فخر عالم علیہ السلام کا مطلق بلا کسی قید کے مندوب ہے اور کسی ہیئت اور قیود سے مقید کرنا اس کا اگرچہ وہ قیود امور مباحہ یا مندوبہ ہی ہوں مکروہ و بدعت ہے پس تقرر تاریخ اور فرش معمول اور شیرینی مروج اور روشنی کثیر اور منادی و اہتمام وغیرہ اگر سب یا بعض جیسا مروج ہے ذکر مولود کے ساتھ ہو ویں گے تو وہ محفل تو ان قیود کی اطلاق سے نکل[2] کر بدعت ہو جاوے گی اور جو امور غیر مشروعہ محفل میں ہو ویں گے مکروہ تجاوزی ہوں گی پس معترض یہ نہیں کہتا کہ زمانہ اور شیرینی وغیرہ کو محفل میں مقید و منحصر[3] کر دیا کہ انکار وجود کہیں نہیں ہا بلکہ یہ کہتا ہے کہ ذکر کو ان قیود کے ساتھ مقید کیا کہ بدون ان قیود کے سب کے یا اکثر کے یہ ذکر ہوتا ہی نہیں جس سے معلوم ہوا کہ ان قیود کا ہونا ضروری ہو گیا ہے پس ذکر ولادت جو مطلق عن القیود تھا مقید بقیود کر دیا یہ ذکر بدون قیود کے ہوتا ہی نہیں گویا لازم غیر منفک[4] ہیں اگرچہ قیود دوسری جگہ بھی ہوں تو قیود کو مقید کرنا نہیں کہا مگر مؤلف نہیں سمجھتا اور قیام جو سب ذکر فخر عالم میں مندوب تھا اس کو خاص ذکر ولادت میں حصر و مقید کیا کہ سوائے ذکر ولادت کے کو محفل مخصوص میں ہو اور کسی ذکر پر نہیں ہوتا تو مطلق قیام ذکر فخر عالم بھی مقید ہوا مگر مؤلف کا فہم عالی ہر کچھ کا کچھ سمجھتا ہے مؤلف

---

۱ باریک ۲ نکلنا ۳ منحصر ۴ علیحدہ نہ ہونے والا

ہم اس مطلق کو کسی وقت بلا قید ہاں یہ بات تو ضرور ہے کہ مجلس خیر میں جسقدر حسنات و امور خیر کی کثرت ہو اور جس قدر تعظیم و محبت کا ظہور ہو اسی قدر موجب خیر و برکت ہو گا سو تقیید مطلق اس کا نام نہیں ہے یہ بات ہر مرد سلیم الطبع پسند اور دل سے قبول کرے گا **اعتراض** سلامی جوابی شل روافض کے متعین کرتے ہیں **جواب** یہ بات تو ملک عرب میں بھی رائج ہے کہ جب مولد شریف میں کوئی روایت قاری مولد تمام کرنے کو ہوتا ہے اسی وقت حاضرین مجتمع ہو کر درود پڑھتے ہیں اور وہ اکثر شعر ہوتا ہے حالانکہ اہل الحرمین روافض کے دشمن ہیں ممکن نہیں کہ وہ اعداء دین کی بات اخذ کرتے بلکہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ اہل عرب نے یہ بات حضرت سید العرب والعجم کے فعل سے استنباط کی ہو کہ صحیحین میں انس سے روایت ہے کہ صحابہ مہاجرین و انصار خندق کھودتے اور مٹی نکالتے جاتے تھے اور زبان سے یہ پڑھتے تھے ؎ نحن الذین بایعوا محمدا ÷ علی الجہاد ما بقینا ابدا اور آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان کے جواب میں پڑھتے تھے ؎ اللھم لا عیش الا عیش الآخرۃ ÷ فاغفر للانصار والمہاجرۃ ÷ کذا فی المشکوۃ فی باب البیان والشعر، پس یہ بات قابل طعن نہیں ہاں اگر قواعد موسیقی کے طور پر تغنی کرنے لگیں تو البتہ علماء دین میں مسئلہ مختلف فیہ ہے اور فقط اپنی آواز کا حسن ظاہر کرنے کو پڑھیں اور اخلاص حضور ہرگز دل میں نہ ہو تو بالاتفاق ممنوع ہو گا جیسے بعض قاری خوش الحان محض نموداری کے لئے قرآن مجامع میں پڑھنے لگتے ہیں پس اس نیت سے پڑھنا منع ہے امور خیر میں اخلاص ضروری ہے وما امروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین

اعتراض مولوی محمد ہاشم صاحب میرٹھی فتوی ثانیہ مطبوعہ مطبع ہاشمی کے آخری صفحہ ۲۴ میں اپنی مہر لگا کر رقم فرماتے ہیں لکھنا حضرت مجدد الف ثانی کا در باب مولد شریف کے اگر فرضاً آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس عالم دنیا میں زندہ ہوتے اس اجتماع کو پسند فرماتے یا نہیں نزدیک فقیر کے

کہتا ہے پس قیام بھی مقید نہ ہوا سبحان اللہ خوب سمجھے، علی ہذا طعام و منبر و شیرینی و فرش کو کس قدر الٹا سمجھ گیا ہے پس یہ دعوی مؤلف کا محض غلط نکلا کہ ذکر مولود اور قیام مقید نہیں ہوا بلکہ مقید ہونا اس کا بدیہی ہے اور یہ فہم مؤلف کا کہ شیرینی اور فرش وغیرہ کو مقید کرتا ہے محض خطاء فاحش ایسے واضح کلام کے فہم سے عاری لاحول ولا قوۃ الا باللہ **قولہ** اعتراض سلامی الخ **اقول** بحث تشبہ میں ثابت ہو چکا کہ تشبہ[1] ممنوع کے واسطے ضرور نہیں کہ اس قوم سے ہی دیکھ کر اخذ کریں بلکہ عام ہے سو اگر کسی امر کو مسلمان کرتے ہیں بشرطیکہ وہ شعار بھی کفار و فساق کا ہو اور طبعی اور گو کہ شرعی نہ ہو تو بسبب تشبہ[2] حادث کے ممنوع ہو جاتا ہے دست چپ[3] میں خاتم کا پہننا حدیث سے ثابت ہے پھر جب شعار روافض کا ہو گیا تو اب تمام فقہاء مکروہ لکھتے ہیں کیونکہ یہ سنت مؤکدہ نہ تھا ایسا ہی بحق رسلک کا لفظ حدیث سے ثابت اور بسبب شعار حادث معتزلہ کے فقہاء نے منع لکھ دیا مؤلف کو کاش خبر ہوتی پس یہ سوال جواب گو عرب میں ہو اور قصہ حدیث بھی لیا گیا ہے مگر تاہم اب بسبب تشبہ شعار مجلس روافض کے مکروہ ہو گیا ہے اور فعل فخر عالم اول تو مشابہ روافض کے نہیں تھا کیونکہ اس وقت روافض کہاں تھے دوسرے روافض کی مجلس مرثیہ میں یہ ہوتا ہے مگر قطع نظر اس کے اب جو مجلس مولود میں تشبہ حادث ہو گیا گو یہ کہیں سے لیا ہو ممنوع ہو گیا ہے جیسا مسئلہ تختم[4] اور لفظ بحق کا معلوم ہو لیا **قولہ** اعتراض مولوی محمد ہاشم الخ **اقول** مؤلف کی عادت مستمرہ ہے کہ دوسرے کلام کو ہر گز نہیں سمجھتا اور اپنے نزدیک اس کے کچھ معنی بھر کر زبان درازی شروع کر دیتا ہے حاصل مطلب مولوی محمد ہاشم کا سنو یہ ہے کہ وہ لکھتے ہیں کہ مجھکو تردد تھا کہ مجلس مروجہ مولود جائز ہے یا نہیں مگر اب ان فتاوی کے مطالعہ سے اور امام ابو الحسن اور حضرت مجدد صاحب کی تحریر دیکھنے سے تردد رفع ہو گیا اور نامشروع ہونا معلوم ہو گیا اور پھر اس فتوی کی عبارت تو نقل نہ کی کہ خود موجود تھی مگر ترجمہ امام ابو الحسن اور حضرت مجدد کی عبارت کا نقل کیا تو غرض مجیب کی تو اسی قدر تھی

[1] ایسی مشابہت جس سے منع کیا گیا ہو [2] بنا پیدا شدہ تشبہ [3] بایاں ہاتھ [4] شیعہ کی انگوٹھی پہننے کا مسئلہ،

یہ ہے کہ ہرگز اس امر کو جائز نہ فرماتے بلکہ انکار فرماتے انتہی کلامہ المجیدؒ، اس کے بعد مولوی صاحب موصوف لکھتے ہیں تا ثابت ہوا کہ یہ مجلسیں ایسی صورت پر بیشک بدعت سیئہ ہیں اب مجھ کو کچھ شک و شبہ باقی نہ رہا یہ خلاصہ کلام ہے مولوی محمد ہاشم صاحب کا **جواب** افسوس کرتا ہوں کہ یہ صاحب نہ سباق و سیاق پر نظر فرماتے ہیں اور نہ شان الفاظ و مرجع ضمائر میں فکر لگاتے ہیں مجدد صاحبؒ اس مقام پر مکتوب ۲۷۳ جلد اول میں فرزندان خواجہ احرار کا ذکر اور اپنے خواجہ علیہ الرحمۃ کا حال بیان فرماتے ہیں جس کا دل چاہے مکتوب مذکورہ نکال کر دیکھے غرضکہ وہ ان کی نسبت لکھتے ہیں اگر فرضاً حضرت ایشاں دریں آوان در دنیا زندہ بودند اب خیال کیجئے کہ کجا ضمیر حضرت ایشاں کی راجع مذکورین بالا کی طرف اور کجا مولوی محمد ہاشم صاحب کا ترجمہ فرمانا، کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں زندہ ہوتے بھلا مجدد صاحبؒ حضرت ایشاں سے اگر مراد رسول خدا لکھتے تو ان کو پیر رشد و ہدایت نہ تھی نعوذ باللہ منہا کہ وہ حضرت کے نام پر صلی اللہ علیہ وسلم لکھتے، حضرت ایشاں بلا درود لکھنا بھی صریح دلیل ہے

تھا ان بزرگوں کے افادات سے میرا شک رفع ہو گیا اور مولوی احمد علی صاحب کا یہ خلاصہ کلام تھا کہ اصل ذکر درست اور قیود مکروہ و بدعت تو نفس مولود کی ممانعت نہیں کرتے اور یہی حضرت مجددؒ نے فرمایا بقولہ در نفس قرآن خواندن بصوت حسن و قصائد نعت خواندن چہ مضائقہ است، پس مجیب کے یہ محقق ہو گیا کہ اصل ذکر محمود ہے اگر ضم قیود سے کراہت و بدعت فقد خطر قیود کے پیدا ہو جاتی ہے اور حضرت مجددؒ کے نزدیک ایسی صورت میں مذموم ہونا محقق ہے چنانچہ فرماتے ہیں اگر اندک تجویز کردند منجر بہ بسیار خواہد شد الخ اس سے معلوم ہوا کہ اس قدر پر کہ اصل ذکر مولود ہے اگر زیادہ ہوا تو مکروہ ہو گا علی ہذا قولہ یقین فقیر آن است کہ ہرگز تجویز ایں معنی نمی فرمودند، جس سے حضرت مجددؒ کے نزدیک ان امور زائدہ کا مکروہ ہونا معلوم ہوتا ہے اور یقین فرماتے ہیں کہ حضرت ایشاں بھی اس کو ہرگز جائز نہ فرماتے پس اس مجموعے اصل کا جواز اور قیود کا عدم جواز حضرت مجددؒ کے نزدیک محقق ہونا معلوم ہو گیا پس مجیب بتقلید حضرت مجددؒ کے اس کو قبول کرتے ہیں کہ اصل درست اور قیود ناجائز چنانچہ مجیب خود کہتا ہے کہ یہ مجلس ایسی صورت پر جو تکلفات کئے جاتے ہیں الخ جس سے خوب بدیہی ہے کہ یہ مجلس ہیئت کذائیہ کو بدعت کہتے ہیں نہ نفس مولود کو مگر مؤلف خوش فہم کہتا ہے **قولہ** افسوس کرتا ہوں الخ **اقول** بیشک سخت افسوس ہے کہ مؤلف ایسے بدحواس کہ بدیہی امر کو بھی نہ سمجھے اور مطلب اصل سے اعراض اور زوائد امور پر زور و شور اور طعن کرنے کو موجود ہو جائے اچھا صاحب تسلیم کر لیا کہ مجیب نے مرجع آں حضرت میں غلطی کی مگر مطلب میں تو کوئی خطا نہیں کی اور مقصود تو صاف ہے لیکن مؤلف کس منہ سے تخطیہ ناجائز کہتا ہے مؤلف تو اصل مطلب کو بھی نہیں سمجھا نہ حضرت مجددؒ کا مطلب پوچھا نہ مولوی احمد علی صاحبؒ کا نہ مجیب کا کیونکہ مجیب نے تو یہی کہا ہے کہ مجلس مروجہ حضرت مجددؒ کے نزدیک ناجائز ہے اور اس قدر یقین عدم جواز کا رکھتے ہیں کہ کہتے ہیں کہ حضرت ایشاںؒ اگر زندہ ہوتے تو حضرت ایشاں بھی ناجائز ہی فرماتے تو یہ حضرت مجددؒ کے کمال وثوق[۱] کی وجہ ہے کہ حضرت ایشاںؒ پر بھی اس حکم کا یقین رکھتے ہیں تو گویا عدم جواز کی ایسی دلیل واضح ہے کہ حضرت ایشاںؒ اس امر میں ایسا ہی فرماتے بس مطلب تو خوب روشن ہے گو کسی کو نظر نہ آئے اب رہا کہ حضرت ایشاں کن سے مراد ہے فخر عالم علیہ السلام یا خواجہ احرار یا خواجہ محمد باقی اس کو کوئی غرض و مقصود متعلق نہیں اور اس پر ایسے زور و شور سے بحث محض فضول ہے اچھا حضرت احرارؒ ہی سہی مگر حضرت مجددؒ کا مکروہ جاننا تو اس مجلس کا ثابت ہو گیا اور یہی مجیب کی غرض تھی اور اگر فخر عالم علیہ السلام مراد ہوں جب بھی تو یہ قول حضرت مجددؒ کا ہی ہے اور ان کا ہی یقین ہے حدیث تو نہیں ہو جائے گی اور اس کو کوئی حدیث[۲] ہونا نہیں مانتا جیسا اب خواجہ

[۱] واضح ہے [۲] یقین،

کہ اس سے مراد آپ نہیں ہیں اور پھر یہ کونسی دلیل شرعی قطعی ہو گئی کہ وہ فرماتے ہیں یقین فقیر آن ست کہ ہر گز ایں معنی تجویز نمی فرمودند اسلئے کہ
دوسرا آدمی کہہ سکتا ہے کہ پرائے دل کی کیا خبر ہے کچھ تعجب نہیں کہ وہ جائز فرماتے ہیں ہرگز کوئی دلیل یقینی قابل اسناد نہیں ہے اب یہ عاجز
اصل مطلب حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے اس مکتوب کا بیان کرتا ہے اول تو یہ ہے کہ انہوں نے مولد شریف نام رکھا ہے اشعار پڑھنے کا خواہ
وہ اشعار کسی طرح کے ہوں چنانچہ عبارت خاص ان کی یہ ہے، مولود کہ عبارت از قصائد نعت و اشعار غیر نعت خواندن ست، دیکھئے اول تو

احرار اگر مراد ہیں حسب زعم مؤلف کے تو یہ خواجہ احرار کا قول ہو گیا بلکہ محض قول حضرت شیخ مجدد کا اور حکم یقینی ان کا ہی ہے پس مطلب میں کچھ نقصان
نہیں لیکن مؤلف ہی نہیں سمجھتا اور اپنے زعم میں اگر کسی کی ذرا لفظی غلطی پر بھی مطلع ہو جاتا ہے تو کپڑوں میں نہیں سماتا اور گویا مؤلف کا علم و فہم
الفاظ میں ہی منحصر اول کتاب سے آخر تک دیکھو کہیں بھی کوئی مطلب نہیں سمجھتا کوئی غلط مضامین ہی موضوع لا اس کتاب کا ہے اس پر خود کو
تنبیہ نہیں اور مواخذات لفظیہ سے ہم کو غرض نہیں ورنہ وہ بھی دکھلایا جاتا مگر چونکہ یہ داب اہل علم کا نہیں لہٰذا اس پر التفات ہی نہیں لیکن
مؤلف کو کونسی دلیل محقق سے محقق ہوا کہ جناب فخر عالم یہاں مراد نہیں اول مقام میں رضار فخر عالم کا دیکھنا مذکور تھا اس کے بعد مبیان
میں خواجہ احرار کا ذکر بطور اعتراض کے کیا اور پھر صاحبزادہ کا حال بیان کر کے فرماتے ہیں کہ خواب کا کچھ اعتبار نہیں گر حضرت فخر عالم علیہ السلام
زندہ ہوتے تو یقین تھا ہر گز جائز نہ فرماتے اگر یہ تقریر اس کی ہو تو مؤلف بتائے کہ کون حجت مانع اس کی ہے اور کیا دلیل قطعی اس کے خلاف
کی ہے اور یہ دلیل کہ حضرت ایشاں پر درود نہیں لکھا اور اس کو مؤلف دلیل صریح کہتا ہے تو یہ مؤلف کی کمال کوتاہ فہمی پر دال ہے کیونکہ
اس کتاب میں تلاش کر کے مؤلف دیکھے تو بہت جگہ آپ کے نام پاک پر درود مکتوب نہیں سو یہ کوتاہی کاتب کی ہے نہ حضرت مجدد صاحب
کی مگر مؤلف کی ہر روز یہ عادت رہی کہ کاتب اور اہل مطبع اگرچہ کوئی کیسی ہی غلطی کرے اس کو بری کر کے اصل مصنف تک
پہنچا کرتا ہے پس یہ دلیل کس قدر بے اصل ہو اگر مجیب یا کوئی کہدے کہ کاتب نے صلوٰۃ و سلام نہیں لکھا اصل کتاب میں تھا تو
پس مؤلف کی تمام ہوئی ہاں مؤلف کے پاس حضرت مجدد کے ہاتھ کا لکھا ہوا مکتوب ہوگا جو یہ جزم ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ
ایسی چربوز دلیل پر اس قدر زور و شور غرض ایسی ضعیف دلیل پر مؤلف کا ایسا اعتماد اور پھر خواہ مخواہ اعتراض کس قدر عجیب بات ہے
پس مطلب بھی درست ہے اور مرجح کی خطا بھی محقق نہیں مؤلف کا یہ غیظ و غضب محض نادانی ہے **قولہ** پھر یہ کونسی دلیل شرعی قطعی الخ اقول
دلیل قطعی تو آیت قرآن شریف کی باوصات معلومہ اور حدیث متواتر اور اجماع قطعی ہی ہے باقی سب آپ کی کتاب دلائل ظنیہ سے
بھری ہے بلکہ مؤلف تو اپنی دہمیات سے ہی اثبات ہر مطلب کا کرتا چلا آرہا ہے اور مراد مولوی محمد ہاشم کی تو یہ تھی کہ حضرت مجدد
کے نزدیک یہ محقق ہوا اور ایسا یقینی ہے کہ حضرت ایشاں پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ یہ ہی فرماتے اور واقع میں احتمال خلاف کا بھی ہے
مگر حضرت مجدد کا یہ یقین تھا تو عجیب ہے حضرت مجدد کے حکم سوا بنا رفع تردد لکھا ہے نہ حضرت ایشاں کے حکم سے فراموش کردہ مطلب سمجھو پس یہ اعتراض مؤلف
کا کہ دوسرا کہہ سکتا ہو کہ دوسرے آدمی کے دل کی کیا خبر ہو الخ کس قدر کم فہمی ہے کیوں کہ یہ اعتراض حضرت مجدد پر کرے کہ تم نے کیوں ایسی بات دوسرے شخص
کی بابت کہدی اس میں مولوی محمد ہاشم پر کیا اعتراض ہے وہ تو حضرت مجدد کے علم الیقین سے استدلال لائے ہیں نہ حضرت احرار کے قول کو فراموش کر
بطور مت پس یہ حضرت مجدد کا قول دلالت قطعی رکھتا ہے کہ حضرت شیخ مجدد کے نزدیک یہ فعل ناجائز تھا اور یہی مراد ہے مگر مؤلف کے فہم میں خلل ہے،
مجدد صاحب کی عبارت سے جواز مولد ثابت نہیں | **قولہ** اب یہ عاجز اصل مطلب الخ **اقول** یہ مؤلف کا کمال فہم عالی ہے کہیں بھی دینا

لہ عادت سکہ خواب سکہ یقینی سکہ جن کے بارہ میں یقین نہ ہو محض ظن ہو،

ہماری مجلسیں اسی عبارت سے بری ہو گئیں کیونکہ ہم روایات میلاد و معجزات و خصائص کا بیان کرتے ہیں اور جو اشعار پڑھتے ہیں نعت و
حمد کے پڑھتے ہیں اور اشعار غیر سے ہم کو کچھ کام نہیں ثانیاً یہ کہ مجدد صاحب نے اس اشعار غیر نعت کو جو منع کیا ہے وہ اس لئے نہیں کہ اس میں
قباحت شرعی ہے بلکہ اپنی طرز کے خلاف سمجھ کر منع فرمایا ہے اس لئے کہ ایسے اشعار پڑھنے سے طرز سماع پیدا ہوتا ہے اور سماع ان کے طریقہ میں
درست نہیں چنانچہ اسی مکتوب میں منع کرنے کا سبب بیان فرماتے ہیں، عبارتہٗ فقیر در منع بواسطہ مخالفت طریقت خود است حضرت خواجہ
نقشبند فرمودہ اند ما ایں کار می کنیم و نہ انکار می کنیم، اور واضح ہو کہ یہ منع فرمانا مجدد صاحب کا مبنی اس بات پر ہے کہ اُن کے وقت میں کسی نے

میں غزلیات و اشعار کا نام مولود خوانی ہے شرعاً یا لغتہً یا عرفاً ایسی بادہوائی بات تو مؤلف کو ہی نصیب ہے کہ نوشہ و سودا کی غزلیات کو مولود
کہا جاوے استغفر اللہ خوب مطلب سمجھے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس مجلس میں ذکر مولود اور قصائد مدح کے ہیں اور اشعار غیر مدح کے بھی
جمع ابھارنے کو ہوتے ہیں نہ یہ کہ خالص غزلیات کو مولود خوانی کہتے ہیں حاشا و کلا واؤ بمعنی جمع کے ہیں بمعنی او کے نہیں جیسا مؤلف
سمجھا کہ اصل معنی حقیقی کو چھوڑ کر بلا قرینہ مجازی معنی لیتا ہے دوسرے مکتوب کی عبارت جو خود مؤلف نقل کرتا ہے اس زعم مؤلف کو رد کرتی ہے
فرماتے ہیں، و در رنگ مولود خوانی اندراج یافتہ بود در نفس قرآن خواندن بصوت حسن و قصائد منقبت خواندن چہ مضائقہ است الخ اب دیکھو کہ مولود
میں قرآن و قصائد منقبت آپ ہی فرماتے ہیں اور اس کے ہی عدم جواز کا ارشاد ہے اگر کوئی محظور شرعی اس میں مضموم جیسا نغمہ تصحیف و تحریف
و تبدیل کلمات و حروف قرآن مثلاً لیس دیکھو مؤلف کی غفلت کو کہ خود ہی مولود کے معنی نقل کرتا ہے اور پھر آپ ہی اس کے خلاف کہتا ہے اور اگر
ہم مسلم رکھیں کہ اصطلاح حضرت مجدد کی میں مطلقاً اشعار خوانی کا نام مولود تھا تو بھی ایک فرد مطلق مولود کی ہے جو کہ حضرت مجدد نے فرمائی ہے قرآن
و قصائد مدح خواندن لیس اگر اس میں بھی محظور شرعی ہو ویگا وہ بھی ممنوع ہوگی بارشاد حضرت مجدد کے وہو المراد پس مؤلف کی توجیہ کسقدر
لغو ہو گئی اور مدعا مولوی محمد ہاشم صاحب کا ثابت ہو گیا بہر حال مجالس مروجہ ماننا ہر گز اس تقریر حضرت مجدد سے خارج نہیں ہو سکتی کیونکہ ذکر
ولادت و اشعار مناقب ان میں بھی ہیں اور محظورات شرعیہ بھی موجود ہیں حضور امارد و فساق مثلاً جیسا پہلے ذکر کیا گیا کچھ خصوصیت تصحیف و تحریف
حروف قرآن کی تو نہیں بلکہ سب مناکیر کے حکم سے کراہت حاصل ہو جاتی ہے پس مؤلف کی مجالس حسب ارشاد حضرت مجدد کے جملہ بدعت و منکر مگر مؤلف کو
ہرگز فہم ہوش نہیں **قولہ** ثانیاً یہ کہ مجدد صاحب نے اول اشعار غیر نعت الخ **اقول** یہ مسلم کہ اشعار غیر نعت کو خلاف طریقہ اپنے کے ہونے کی
وجہ سے منع فرمایا مگر اشعار مناقب کا پڑھنا بھی ان کے طریقہ کے خلاف ہے خصوصاً جب اس میں کوئی محظور ہو تو بہر حال ممنوع ہے پس اس
تقریر سے مؤلف کی کوئی غرض صحیح معلوم نہیں ہوتی کہ کیا ہے اس واسطے کہ اشعار نعت یا غیر نعت کا نام مؤلف نے مولود فرض کیا اور جس
مولود میں امر محظور ہوگا وہ ممنوع ہو جاوے گا خواہ کوئی مولود ہو بوجہ امر محظور کے محظور ہو جاویگا جیسا کہ خود حضرت مجدد کے ہی کلام سے
ظاہر ہے اور جس میں کوئی محظور نہ ہوگا دونوں جائز ہو دیگر، مگر خلاف طریقہ حضرت مجدد کے ہے کہ اشعار کی نسبت وجد پیدا ہوتی ہے اور ان
حضرات کی نسبت سکینہ ہے، پس یہ فقرہ اول ہی توجیہ کی تتمیم ہے جس کو مؤلف ثانی امر کہہ رہا ہے مگر بہر حال یہی مقصود مولوی محمد ہاشم کا ہے اگرچہ
مؤلف خواہ مخواہ تطویل کر رہا ہے **قولہ** اور واضح ہو کہ یہ منع فرمانا الخ **اقول** مؤلف خود مطلق اشعار خوانی کا نام مولود باصطلاح حضرت
مجدد ٹھہرا چکا ہے پس اب خود کہتا ہے کہ مولود میں اس وقت کسی نے تالی بجانا اور قواعد موسیقی سے پڑھنا جاری کیا تھا اس کو منع کیا
سوا اول تو غیر اشعار نعت کو خلاف طریقہ مجددیہ کے ہونے سے ممنوع کہتا تھا اور ابھی مطلق مولود کو بوجہ محظور شرعی کے منع بتانے لگا

ل وہ معنی جس کے لئے لفظ وضع نہیں کیا گیا ۲ تالی بجانا ۳ ردوبدل ۴ تعریف و مدح ۵ نابالغ لڑکوں اور فاسقوں کی موجودگی ۶ تکمیل

تالی بجابجا کر اور قواعد موسیقی و نغمات کی رعایت سے مولد شریف پڑھا تھا چنانچہ جلد ثالث مکتوبات سے صاف سمجھا جاتا ہے وہی حسام الدین احمد جنکو یہ مکتوب ۲۹۳ جلد اول ہیں واسطے منع کے لکھا ہے ان ہی حسام الدین احمد کو بار دوئم جلد ثالث میں مکتوب ۷۲ لکھا ہے اس کی عبارت یہ ہے، وربا مولود خوانی اندراج یافتہ بود در نفس قرآن خواندن بصوت حسن در قصائد نعت و منقبت خواندن چہ مضائقہ است ممنوع تحریف و تغیر حرف و قرآن است والتزام رعایت مقامات نغمہ و تردید صوت بآں بطریق الحان با تصفیق مناسب آں کہ در شعر نیز غیر مباح است اگر بنہجے خوانند کہ تحریفی در کلمات قرآنی واقع نہ شود و در قصائد خواندن شرائط مذکورہ متحقق نہ گردد وآں را ہم بغرض صحیح تجویز نمایند چہ مانع است الی آخرہ، اب سب ارباب انصاف خیال فرمادیں کہ یہ تحریر مجدد صاحبؒ کی کس درجہ میں ہے جس کو مولوی محمد ہاشم صاحب حجت قطعی سمجھ کر مطمئن ہو گئے اب مجھکو کچھ شک باقی نہ رہا ہرگز اس مجلس کا ہونا نہ چاہیئے، اے حضرت اگر آپ مجدد صاحبؒ کے کہنے پر چلتے ہیں تو فقط اسی طریقہ والوں کو منع کیجیے، دوسرے لوگوں پر کیوں انکار فرماتے ہو مجدد صاحبؒ کی دلیل تو اس مکتوب میں مبنی اس پر ہے کہ تمہارا انکار مہم ہے اور یہ انکار مبہم پورا مکتوب پڑھ کر دیکھو اگر لا تقربوا الصلوٰۃ پڑھا ہے تو وانتم سکاریٰ بھی پڑھو والسلام علی من اتبع الہدیٰ **اعتراض محفل مولود**

تماشا ہے اور یہ جو مراد ہے کہ اشعار غیر نعت کی وہ وجہ تھی اور اشعار نعت کی یہ وجہ ہے تو یہ تفرقہ بھی غلط ہے کیوں کہ محظور شرعی سے تو سب انسان ممنوع ہو جاتے ہیں مگر تاہم خلاصہ مطلب کا دیکھو اگرچہ بیان مؤلف کا پریشان و حیران ہے کہ مطلق مولود کی وجہ کراہت کسی محظور کا اس میں ملنا سمجھا جاتا ہے یعنی گو اصل ذکر مباح ہو مگر اختلاط امر محظور سے ممنوع ہو جاتا ہے تو یہ مؤلف نے اس قدر تقریر طویل کر کے حاصل نکالا اور حالانکہ یہی مجیب نے کہا تھا بعینہٖ چنانچہ ہر ادنیٰ عاقل پر بھی ظاہر ہے اب مؤلف سے کوئی پوچھے کہ اعتراض مجیب کا تو خود قبول کرتا ہے اور اس کی یہی شرح و تنقیح کرتا ہے تو نے جواب کیا دیا اور کیا رد کیا فقط ایک مرجع حضرت ایشاں کا کہ وہ بھی محتمل المعنی ہے اس میں تشکیک ظاہر کر دی اور بس مگر کیا عجب العجاب ہے کہ مؤلف کو لکھنے ہی کا شوق ہے سمجھنے کا خیال بھی نہیں دعویٰ تو رد تقریر مجیب کا کیا اور دلیل دعویٰ میں خود مجیب کا مطلب ثابت کیا سبحان اللہ کیا فہم عجیب ہے **قولہ** اب سب ارباب انصاف الخ **اقول** اب سب ارباب انصاف خیال فرمادیں کہ مجدد صاحبؒ نے مطلق مولود کو بوجہ ضم امر غیر مشروع کے ممنوع شرعاً کہا ہے اور اشعار کو مطلقاً اپنے طریقہ کے خلاف کہا ہے اگرچہ شرعاً مباح ہوں اور مؤلف ہرگز نہیں سمجھا اور اپنی کج فہمی سے طعن مجیب پر کیا مگر مجیب کے مقصود کا اعتراف کرتا ہے، در حاصل مؤلف کا کچھ نہیں محض غیظ بے موقع ہے سارے مکتوب کو نہیں دیکھا نہ سمجھا خواہ مخواہ الجھتا ہے حق تعالیٰ اس کو ہدایت فرماوے،

اعتراضات مانعین کے جواب میں مؤلف کی لغزشیں **قولہ** اعتراض محفل میلاد میں الخ **اقول** حاصل اعتراض یہ ہے کہ جس مجمع میں مرد و عورت اکٹھے جمع ہوویں محل اندیشہ فتنہ کا ہے خواہ کہیں ہوں، شادی غمی ہو یا وعظ و مولود، کیونکہ ایسا مجمع خلاف شرع کے ہے تو مؤلف جواب دیتا ہے کہ یہ امر مولوی عبد الرب اور مولوی حفیظ اللہ کے وعظ میں بھی ہوتا ہے سبحان اللہ اول تو مولوی عبد الرب و مولوی حفیظ اللہ کا فعل کونسا حجت شرعیہ ہے کہ اس کو دلیل جواز بنانا مؤلف کے نزدیک مقبول ہوا مگر ہاں مؤلف تو ایسی ہی حجج لکھتا رہتا ہے سو یہ خود مردود ہے دوسرے معترض نے یہ کب کہا ہے کہ ایسا مجمع وعظ میں درست ہے بلکہ اگر ایسا مجمع وہاں بھی ہوگا وہ بھی ممنوع ہوگا پھر وعظ و مولود میں فرق بھی ایسے مگر ہم کو اس کے بیان سے بحث نہیں اور یہ جو جواب مؤلف نے الزامی دیا ہے تو معترض کب معترض جواز ایسے مجمع وعظ کا مولوی عبد الرب میں ہوا ہے جو اس کو جواب الزامی ایسا چڑ تو نہ دیا گیا پھر آخر میں قول مؤلف کا کہ اگر یہی دلیل حرمت کی ہے تو مجالس وعظ کو بھی حرام کہیو سخت کم فہمی ہے

اختلاف کے حل ہوجانے سے جواب دینے والا کہ تفصیل کی دلیل سے دوسرے معنیٰ کا احتمال کہ شبہ کے حصہ کی کمزور،

مرد و عورت جمع ہوتے ہیں جواب مولوی حفیظ اللہ اور عبد الرب وغیرہ کے وعظ میں بھی بہت عورتیں جمع ہوتی ہیں اگر یہی دلیل حرمت کی ہے تو مجالس وعظ کو بھی حرام ٹھیرا دو اعتراض مولود شریف میں روایات موضوعہ بے اصل پڑھتے ہیں جواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پیدا ہونا اور دایہ حلیمہ کا دودھ پلانا چالیسویں سال نبوت کا ہونا اور معجزات کا واقع ہونا اور آپ کا سید المرسلین ہونا یہ سب کچھ مولد شریف میں پڑھا جاتا ہے یہ سب صحیح ہے اگر شاید فضائل میں کوئی حدیث مطعون فیہ یا موضوع بھی بیان ہو گئی تو انصاف کی بات یہ ہے کہ خاص ان لوگوں کو منع کرنا چاہیئے کہ ایسی روایت نہ پڑھیں اس میں ہم بھی تمہارے ساتھ ہو جاویں اور یہ بات انصاف سے بہت بعید ہے کہ اگر کسی ناواقف نے کوئی ایسی روایت پڑھ دی تو اس کو تم ذریعہ اپنے خیال خام کا ٹھیرا کر علی العموم سب محفل میلاد کو حرام کہنے لگو ہم نے بہت سنا ہے کہ واعظین آج کل کی بہتیری روایتیں موضوع بیان کر جاتے ہیں ان کو تمیز بھی حاصل نہیں تو چاہیئے بعض واعظوں کی جہالت سے علی العموم کل مجالس میلاد حرام ٹھیر جاویں اعتراض بعضے امیر لباس ریشمین و زرین خلاف شرع پہنکر محفل

مجالس وعظ فی حد ذاتہ حلال و مشروع ہے، جیسا ذکر مولود مشروع ہے اور جیسا امر محظور[1] کے مختلط ہونے سے وہ مکروہ اور حرام ہو جاتا ہے، یہ مولود بھی ممنوع ہو جاتا ہے یہ فقرہ کسقدر مہمل مؤلف نے لکھا ہے مجالس وعظ کو ن حرام کہتا ہے مگر خلط ممنوع[2] سے ممنوع ہو جاتا ہے علی ہذا مولود کا ہے مگر جو اس مؤلف کے محال صواب نہیں رہے جو کچھ سمجھے قولہ اعتراض مولود میں روایات موضوعہ الخ اقول درست ہے روایت موضوع پڑھنے کا اعتراض اس پر ہی ہے جو ایسی روایت پڑھے اگر مؤلف اس سے بری ہے تو خیر یہ ملامت مؤلف سے رفع ہوگی مگر دیگر امور غیر مشروعہ جو پہلے مذکور ہو چکے ہیں وہ تو مؤلف کی مجلس میں موجود ہیں، پس جیسا مؤلف نے اس کے ممنوع ہونے کا اقرار اور اس سے اپنی برائۃ[3] کی کیسی عمدہ توجیہات ہو کہ دیگر امور سے بھی ایسا ہی برائۃ حاصل کرے کہ اعتراض ان کی قباحت کا کر کے تائب ہو جاوے ... پھر اس کے ذکر میں اہل سنت بھی آیا کریں خیر یہ تو مؤلف کی عادت سے معلوم ہے مگر یہ ثابت ہو گیا کہ مؤلف کے نزدیک بھی جس محفل میں روایات موضوعہ ہووینگی وہ قابل منع کے ہے سو ایسا ہی سے منہی کی وجہ سے ممنوع ہونا اس محفل کا ضروری باقرار مؤلف ہو گیا یہ طلب مشترکہ پس جس محفل میں تقدار فساق کی اور مداہنت[4] امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی ہووے گی وہ بھی ممنوع ٹھیرے گا سو مؤلف کی مجلس ہر روز ایسی ہی ہوتی ہے کیا اس مسئلہ سے مؤلف واقف نہیں یا ہیں لہذا اسقدر بحث نو توبہ کرے کہ یہ مسئلہ تو ایسا ہے کہ عوام بھی جانتے ہیں اور مؤلف تو بحر العلوم ہے باقی پھر دیکھی جاوے گی الغرض کوئی امر خیر و شر تو مخفی نہیں مگر مؤلف کو بڑا اندیشہ کساد بازاری[5] کا ہے کیا کیجیے کہ اس ضرورت نے محظورات کو عند المؤلف مباح بنا رکھا ہے پس باستثناء امور قیود سے ایک روایت موضوعہ کا بیان مؤلف کے یہاں نہیں تھا اس کا وہی انکار اور ممنوع ہونا بلا تأمل اقرار کر لیا باقی اپنے عیوب کو کسطرح قبول کریں تقاضا غیرت کی بات ہے دیکھو کہ جو حرام اتفاقی ہے اسکے تلبس کا کیا جواب دیتا ہے قولہ اعتراض امرا لباس ریشمین الخ اقول دیکھو کہ یہ لباس بالاتفاق حرام ہے اور معترض نے یہ لکھا ہے کہ ایسے لوگوں کو کیوں بلاتے ہو اور ان سے مودت کا اظہار اور مدارات[6] کرتے ہو اور امر و نہی جو فرض عین ہے کس واسطے ترک کرتے ہو تو چونکہ ان کا ہی سبب جلوہ اور ان سے ہی رونق و شہرت ہے تو مثل جواب روایات موضوعہ کے یہ نہ لکھ دیا کہ یہ امور حرام و غیر مشروع ہیں اور ایسی محفل مولود جس میں مدارات فساق و مداہنت فی الدین ہو جاتا مکروہ ہے بلکہ توجیہہ جواز کی شروع ہوئی کہ عیدین اور نکاح میں بھی یہ لوگ ہوتے ہیں تو مؤلف کی یہ مراد ہے کہ جیسا باوجود ان کے ہونے کے عید و نکاح میں جانا درست ہے اس مجمع مولود کو بھی محظور رکھنا چاہیئے اور یہ جواب مؤلف کا سراسر خلاف حق کے ہے اور مطلق کج فہمی ہے کیوں کہ معترض کب کہتا ہے کہ نکاح میں یا عیدگاہ میں یہ امر غیر مشروع ہے نہیں بلکہ حالت صلوٰۃ خمسہ میں بھی حرام ہے اور کوئی اگر ایسے لباس سے صلوٰۃ خمس اور عیدین میں آوے اس کو بھی نہی عن المنکر[8] کرنا فرض ہے اور جو

---

[1] ممنوع [2] ممنوع کے شامل ہو جانے سے [3] چھٹکارا حاصل کرنا [4] خاطرداری [5] مخالفت [6] بازاری نقصان [7] بحث
[8] امر ممنوع سے منع کرنا۔

مولد شریف میں آتے ہیں اور بعضے داڑھی منڈے بھی آتے ہیں **جواب** یہ لوگ مجالس نکاح وغیرہ میں اور نیز عیدگاہ کی نماز پڑھنے
عیدین میں بھی اسی طرز سے با لباس فاخرہ اور ریشہائے محلوقہ جاتے ہیں تو چاہیے کہ ان کے شریک ہو جانے سے مجالس نکاح
اور مجامع عیدگاہ وغیرہ میں بھی محرمات شرعیہ ہیں اور دیندار لوگ وہاں نہ جایا کریں **اعتراض** اس محفل میں فروش نفیسہ اور گلدستہ
ہائے عجیبہ ہوتے ہیں **جواب** یہ کچھ ضرور یات محفل سے تو نہیں کہ جس کو نہ میسر ہو وہ بھی اس کی بہم رسانی میں جا بکا ہی کرے ہاں
جن آدمیوں کو یہ چیزیں میسر ہیں یا بسہولت دوست آشناؤں سے مستعار لے سکتا ہے تو وہ لوگ بھی ایسے سامان کر لیتے ہیں سو
کوئی دلیل شرعی فروش نفیسہ اور گلدستوں کی حرمت یا کراہت پر نہیں قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہٖ کی
تشریح تفسیر کبیر اور بیضاوی وغیرہ میں دیکھو **اعتراض** جب کسی کے گھر محفل میلاد شریف وقت شب ہوتی ہے اور سامعین

قدرت نہ ہو تو ان کو ترک کرنا نہیں چاہیے کیونکہ یہ فرض اور واجب ہیں اور نکاح میں اگر ایسے امور ہوں تو وہاں شریک
ہونا لاریب[۱] حرام ہے اگر ان کو منع کریں اور نہ مانیں تو چلا آوے اور ایسوں کو طلب کر کے شریک کرنا حرام ہے بقولہ تعالیٰ
فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظالمین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یاکل طعامک الا تقی ولا تاکل الا طعام تقی
الحدیث اور ایسے مجامع[۲] میں ضیافت بھی رد[۳] کرنی واجب ہے حالاں کہ اجابت اس کی سنت ہے اور رد ضیافت میں وعید ہے ومن لم یجب فقد عصے
اباالقاسم الحدیث اور وہاں سے لوٹ آنا واجب ہے پہلے تحقیق ہو چکی پس محفل مولود بھی مندوب ہے اگر ایسوں کو بلا کر شریک کرے گا بلا شبہ
گنہگار ہے اور ان کی شرکت کے بعد ان کو منع کرنا واجب ہے اگر مداہنت ہو تو وہاں بیٹھنا حرام ہے اس میں کیا تردد ہے، عجیب ہے
مؤلف سے کہ کیسا کمزور[۴] جواب دیا ہے شرح منیہ میں جو زیر نظر مؤلف ہے لکھا ہے وان کان مع الجنازۃ نائحۃ اوصائحۃ تزجر وتمنع وان لم
تنزجر لا بأس ان یمشی معہا لان اتباع الجنازۃ سنۃ انتہی ردالمحتار میں ہے ولا یترک اتباعہا لاجلہا لان السنۃ لا تترک بما اقترن بہا من البدع ولا یرد
الولیمۃ حیث تکون حضورہا ایۃ فیہا للفارق بانہم لو ترکوا المشی مع الجنازۃ لزم عدم انتظامہا ولا کذلک الولیمۃ انتہی بحولہ
یہ فرض کفایہ ہے مگر نہی کرنا واجب ہے اگر نہ کرے گا بیشک عاصی ہوگا پس یہ حال جواب عیدین کا ہے اور امر مستحب میں ترک کرنا اس کا ظاہر
ہے جیسا ضیافت کا حال پہلے مع روایات کے لکھا گیا مؤلف ہوش کر کے دیکھ لیوے پس یہ جواب خالص غلط ہے اور باطل اور خلاف نصوص
اور روایات فقہ کے ہے اگر رسائل اردو مؤلف پڑھ لیتا تب بھی ایسا لغو جواب نہ دیتا **قولہ اعتراض** محفل میں فروش نفیسہ اور گلدستہ الخ **اقول**
اس کا جواب پہلے بھی ہو چکا ہے بساط و فروش اگر اباحت کے درجہ میں ہیں تو درست ہیں مگر جو تاکد کی نوبت ہو جاوے تو مکروہ ہو جاتی ہیں اور
گلدستہ عجیبہ کا حال بھی یہی ہے کہ بتکلف بہم پہنچانا اور ایسے امر مباح کا اہتمام کرنا عوام کے نزدیک موجب تاکد کا ہو جاتا ہے کہ وعظ
و دیگر مجامع خیر میں نہیں ہوتا اور اس محفل میں ہر روز ہوتا ہے تو بالفرد ان کو سنت یا مستحب ہونے کا عقیدہ ہو جاتا ہے اس وجہ سے مکروہ
ہیں اور یہ سب مولوی احمد علی صاحب مرحوم کے جواب میں مذکور ہے مگر مؤلف نے آنکھ فہم کی بند کر لی اور وجہ کراہت و تقیید کی نسیاً منسیاً[۷] کر کے
اصل اباحت کا جانب دیکر یہاں جائز کر رہا ہے مولوی صاحب مرحوم نے بھی تو ان کو مباح ہی کہا ہے مگر قید اس قید کا کرنا امور مباحہ کو مکروہ فرماتے ہیں مؤلف
اس مطلب کو گویا سمجھا ہی نہیں بسبب ختم حق بیں یا پر خطا یا اپنی ہوائے طبعی کا تاکد اصل اباحت کو حجت لاتا ہے ورنہ امر بدیہی تھا کچھ خفا نہیں تھا
اور کراہت تقیید مطلق کا خود مؤلف بھی مقر ہے مگر فہم سے اپنے مجبور ہے **قولہ اعتراض** جب کسی کے گھر میں محفل میلاد وقت شب الخ **اقول**
بیشک خود مؤلف کے محافل میں جو قصبہ رام پور میں شب کو ہوتے ہیں تو اس صبح کی جماعت تو اکثر کی جاتی ہے اور بعض بعض کے

۱؎ یقیناً ۲؎ مجمع کی جمع ۳؎ قبول نہ کرنا ۴؎ کمزور ۵؎ بار بار کرنا ۶؎ فراموش ۷؎ نہ ہونے کے برابر کر دینا۔

جو زیادہ رات گئے فارغ ہو کر سوتے ہیں تو صبح کو شاید اگر کسی کی نماز میں دیر ہو گئی یا سو آدمیوں میں ایک کی نماز قضا ہو گئی تو کمال جہالت سے اس بات کو دلیل عام مذمت مولد شریف کی ٹھیراتے ہیں حالانکہ اگر یہی دلیل برائی کی ہے تو محفل عقد نکاح کے اہتمام میں اگر آدمیوں کی نماز پس و پیش ہو جاوے اور اکثر ہو جاتی ہے اور نیز رمضان میں سحری کھانے کو اٹھتے ہیں بعضوں کی نماز صبح قضا ہو جاتی ہے چاہئے اس دلیل سے نکاح اور سحری بھی حرام ہو جاوے ہر چند اعتراضات واہیہ ہمارے خیال کرنے کے قابل نہ تھے لیکن چونکہ ہم نے دیکھا کہ بعضے صاحب علم بھی اپنی زبان مقالات ردیہ سے آلودہ کرتے ہیں اور بعضے نادان ان کو کمال درجہ کے حجج ساطعہ اور براہین قاطعہ سمجھتے ہیں اسلئے یہ چند الفاظ ان کے جواب میں لکھے گئے اور عطر و لوبان و پھول وغیرہ کا ذکر اور زیب زینت محفل کا بیان اور چوکی یا منبر پر بیٹھکر پڑھنے کی اسناد یہ سب باتیں رسالہ دافع الاوہام میں ہیں طالب حق اس کی طرف رجوع کرے اب ہم کو زیادہ گنجائش اس رسالہ میں نہیں وقت شروع تحریر رسالہ ہذا یوں سمجھا گیا تھا کہ شاید دو تین جزو میں مکمل ہو جاوے گی، لاکن کیا کیجئے ہر چند قلم کو روکا گیا پھر بھی اس قدر طویل ہو گیا اور اطناب کلام اس میں نہ فقط فتویٰ انکاری کے سبب واقع ہوا بلکہ اور بھی چند رسائل منکرین کے مغالطات و شبہات کا رد کرنا مد نظر ہوا جو شخص اس رسالہ کو اور دافع الاوہام کو خوب جمیع شقوق اور قیود سے بغور ملاحظہ کر کے ذہن میں جما دے گا امید خداوند کریم سے یہ ہے وہ دھوکا اور مغالطہ نہ کھائے گا اور منکرین کے رسائل پر عوائل کی تردید ان میں صراحۃً یا اشارۃً پاوے گا بنا برآں علی الخصوص ضرور یہ سمجھا گیا کہ عنان سمند خامہ کو پیاسہ کوئی وادی طول تقریر سے جانب اختصار موڑ دیجے اور جو علماء ربانی اور

نماز بھی قضا ہو جاتی ہے اور جس امر مندوب سے ایسا ہوا اس امر مندوب کا کرنا منع ہے بخاری میں ہے کان یکرہ النوم قبلہا والحدیث بعدہا عسقلانی اس کی شرح میں کہتا ہے والسمر بعدہا قد یودی الی النوم عن الصبح او عن وقتہا المختار او عن قیام اللیل وکان عمر یضرب الناس علی ذلک ویقول اسمرا اول اللیل ونوما آخرہ انتہی دیکھو کہ خدشہ فوت وقت مختار اور تہجد میں حدیث صحیح سے مسامرۃ مکروہ ہوئی اور حضرت عمر رضہ کا مارنا اس پر ثابت ہوا قال فی شرح المنیہ ومنہا ان فی صلوۃ الصبح مخالفۃ السنۃ فی تعجیل الفجر انتہی ہرگاہ کہ ترک سنت اسفارہ سے صلوۃ مکروہ ہوئی تو محفل مولود واجب کے ترک میں تو حرام ہونا چاہیئے پس اس کو کمال جہالت کہنا مؤلف کا ایک کمال جہل مرکب مؤلف کا ہے کہ حدیث اور قول فقہاء کو اپنی رائے ناقص سے رد کرتا ہے اور پھر مؤلف نے وہی نظیر نکاح شادی کی لکھی اور بدالسنۃ خود نہایت تبحر کو کام فرمایا حالاں کہ یہ محض جہل ہے لا ریب اگر اہتمام شادی و نکاح میں نماز یا جماعت فوت ہو جاوے تو وہ حرام ہے اور ایسا کام کرنا بھی حرام ہوا اسکو کہاں شرع نے جائز کیا ہے مگر مؤلف بیخبر ہے علیٰ ہذا اگر سحری کھانے کے سبب جماعت فوت ہو تو ایسے شخص کو سحور بھی حرام ہے علی قاری شرح مناسک میں لکھتے ہیں ثم اعلم انہ قیل یشترط ایضا ان یکون الحاج متمکنا من اداء المکتوب علیا لوجہ المفروض فی الاوقات قال الکرمانی لانہ لا یلیق بالحکمۃ ایجاب فرض علی وجہ یفوتہ فرض آخر یہ لکھتے لکھتے آخر میں لکھتے ہیں ویویدہ الاول ایضا ما قالہ ابن الحاج المالکی وھیح صلوۃ ما خوجہا عن وقتہا لا جل فرضیۃ الحج لا یجوز اجماعا وقد قال علماءنا فی المکلف اذا علم انہ یفوتہ صلوۃ واحدۃ اذا خرج الی الحج فقد الحج عنہ انتہی اب مؤلف ذرا آنکھ کھولکر دیکھے کہ خدشہ فوت ایک صلوۃ میں حج بھی ساقط ہوتا ہے چہ جائیکہ سحور مستحب کا کھانا حلال ہو یا نکاح کے سامان مباح کا کرنا جائز ہو یا مولود مستحب کی شرکت درست ہو جبکہ یہ مولود بدعت ہے پس واضح ہو گیا ایک نماز کی فوت یا تاخیر سے یہ سب حرام ہو جاتا ہے اب بھی اگر کسی کی چشم نابینا حق بین نہ ہو تو بس ومن یضلل اللہ فلا ہادی لہ کا مضمون ہے اور

حضرت عمر رضہ لوگوں کو مارتے تھے بوجہ قصہ گوئی کے اور یوں فرماتے تھے کہ کیا شروع رات میں قصہ گوئی میں مشغول ہوتے ہو اور آخر رات میں سوتے رہو گے ۱۲ یعنی جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت نہیں کر سکتا ۱۲

[illegible]

عرفاء حقانی مجوزین محفل میلاد شریف ہوئے ہیں ان کا ذکر کیجئے لمعہ تامعہ نام ذکر کیا جاتا ہے ان علماء محدثین و فقہاء کا جنہوں نے عمل مولد شریف کو مستحب اور مستحسن فرمایا ہے (۱) شیخ عمر بن محمد الملا الموصلی من الصالحین المشہورین (۲) علامہ ابو الخطاب ابن دحیہ اندلسی جو دحیہ کلبیؓ صحابی کی اولاد میں سے تھے ذکرہ الزرقانی اور جس قدر علماء و صلحاء سلطان ابو سعید مظفر کی محفل میں آتے تھے ان کی اسماء نگاری کہاں تک کیجائے جن کو جلال الدین سیوطیؒ نے لکھا ہے وحضرہ عندہ فیہ العلماء والصلحاء من غیر نکیر منہم تحقق لاء علماء حتی یثنون رضوہ اتحم کا دلیہ نیکر حجہ (۳) علامہ ابو الطیب السبتی نزیل قوص من اجلۃ العلماء المالکیۃ ذکرہ الزرقانی (۴) ابو محمد عبد الرحمن ابن اسمٰعیل استاد امام نووی معروف بہ ابو شامہ (۵) علامہ ابو الفرج بن جوزی محدث و فقیہ حنبلی (۶) امام علامہ سیف الدین حمیری دمشقی حنفی محدث معروف بابن طغربک (۷) امام القراء والمحدثین حافظ شمس الدین ابن جزری (۸) حافظ عماد الدین ابن کثیر (۹) علامہ ابو الحسن احمد بن عبد اللہ البکری (۱۰) علامہ ابو القاسم محمد بن عثمان اللولوی الدمشقی (۱۱) شمس الدین محمد بن ناصر الدین الدمشقی (۱۲) علامہ سلیمان برسوی، امام جامع السلطان کشف الظنون میں لکھا ہے کہ مولد شریف ان کا تالیف کیا ہوا پڑھا جاتا ہے مجالس اور مجامع میلادیہ میں (۱۳) ابن الشیخ

پس اب ہر ناظر بالانصاف دیکھے کہ کون جاہل ہے تارک فرض صلوٰۃ کا اور تارک واجب جماعت کا برائے مندوب مولود اور مؤلف مجوز اس معصیت کا یا مفتی تحریم محدث سہارنپوری قدس سرہ ہر گاہ کہ فقہاء کے نزدیک فوت صلوٰۃ کی وجہ سے حج کی فرضیت ساقط ہو تو مولود کا کھانا اور مولود کی شرکت کس طرح حلال ہووے گی سو یہ مذمت نفس مولود کی نہیں بلکہ ایسی شرکت کی ہے کہ جس کے عوارض کے سبب کراہت شرکت مولود ثابت ہوتی ہے اور باقی جواب عطر و لوبان وغیرہ کا سب کچھ بعونہ تعالیٰ لکھا گیا ہے کہ مؤلف اور اس کے معاونین اگر دین سے ہاتھ دھو کر جواب دیں تو ممکن ہے ورنہ اگر پابند قواعد دینیہ کے رہیں گے تو دلائل واضحہ سے اثبات حق ہو چکا ہے وما علینا الا البلاغ واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم

ایک قاعدہ کلیہ مفیدہ

قولہ لمعہ تامعہ نام ذکر کیا جاتا ہے ان علماء الخ **اقول** پہلے بندہ لکھ چکا ہے کہ مانعین بدعت نفس مولود کو جائز کہتے ہیں اس میں ہرگز ان کو بحث نہیں البتہ قیود زائدہ کی کراہت اور بدعت ہونے کے قائل اور مثبت ہیں اور یہ بات متفق علیہ تمام امت کی ہے کہ امر مشروع اگرچہ فرض ہو کسی غیر مشروع کے خلط و عروض[1] سے خواہ یہ غیر مشروع اصلی ہو یا عرضی غیر مشروع و ممنوع ہو جاتا ہے جیسا نماز فرض ارض مغصوبہ[2] میں مکروہ تحریمہ ہے اور تصویر کے سامنے اور آتش کے سامنے نماز مکروہ تحریمہ ہے اگرچہ نماز فرض عمدہ عبادت مفروضہ تھی مگر عروض ان امور غیر مشروعہ کے محروم ہو گئی اور پہلے یہ بھی عرض کر چکا ہے کہ قیود محفل مروجہ کی دو قسم کی ہیں بعض وہ امور ہیں کہ بالاصلہ مکروہ و حرام ہیں تو ان کی اس محفل میں موجود ہونے سے یہ محفل محکوم[3] بحرمت و کراہت ہو جاوے گی ہر حال اس کا عقد اور شرکت دونوں ممنوع رہیں گے اور کوئی عذر تاویل اس کے جواز کی ممکن نہیں جیسا روشنی زائد از قدر حاجت کہ نص حرام و اسراف ہے اور لباس وزری حاضرین کا جو محرم شرعی ہے اور مداہنت فی الدین کہ نص سے حرمت اس کی محقق ہے اور قسم دوئم وہ امور ہیں کہ بالاصلہ مباح ہیں یا مندوب مگر بسبب عروض تاکد یا وجوب کے علماً یا عملاً ذہن خواص میں یا عوام میں ان کو کراہت عارض ہو گئی ہے حسب حکم شرع کے پس ان امور قسم ثانی کا وجود مجلس مولود میں اس وقت تک مباح و جائز ہے کہ اپنی حالت اصلیہ پر رہیں اور جس وقت اپنی حالت سے نکلی اور خواص یا عوام کے ذہن میں ان کی کیفیت اندازِ اباحت و ندب سے بڑھی اس وقت وہ بھی مکروہ ہو جاتے ہیں اور ان کے ہوتے سے محفل مولود عقد اور شرکت میں مکروہ ہو جاتی ہے پس یہ قاعدہ شرعیہ سب اہل ایمان خوب محفوظ رکھیں کہ بہت کار آمد ہے اور یہ احقر بار بار اس کو بھی ظاہر کر چکا

[1] جائز قرار دینے والا کے سحری کی جمع کے عارض ہونا [2] غصب کی ہوئی زمین [3] یعنی اس پر حرمت و کراہت کا حکم لگایا جائے گا

آقا شمس الدین ذکرہ صاحب کشف الظنون (۱۴) المولیٰ حسن البحری (۱۵) الشیخ محمد بن حمزۃ العربی الواعظ (۱۶) الشیخ
شمس الدین احمد بن محمد السیواسی (۱۷) علامہ حافظ ابو الخیر سخاوی (۱۸) سید عفیف الدین الشیرازی (۱۹) ابوبکر الدقلی (۲۰)
برہان محمد ناصحی (۲۱) برہان ابو الصفا ان کے مولد شریف کا نام ہے فتح اللہ حسبی وکفی فی مولد المصطفیٰ (۲۲) الشمس الدمیاتی
المعروف بابن السلیاطی (۲۳) برہان بن یوسف الفاقوسی ان کا مولد شریف چار سو شعر سے زیادہ ہے (۲۴) حافظ زین الدین
عراقی (۲۵) مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی شیرازی صاحب قاموس ان کے مولد شریف کا نام ہے النفحات العنبریہ
فی مولد خیر البریہ (۲۶) امام محقق ولی الدین ابو زرعہ العراقی (۲۷) ابو عبد اللہ محمد بن النعمان (۲۸) جمال الدین العجمی
الہمدانی (۲۹) یوسف الحجار (۳۰) یوسف بن علی بن زریق الشامی الاصل المصری المولد (۳۱) ابوبکر الحجار (۳۲) منصور بشار
(۳۳) ابو موسیٰ الزرہونی وقیل زرہونی (۳۴) الشیخ عبد الرحمٰن بن عبد الملک المعروف بالمخلص (۳۵) ناصر الدین المبارک
الشہیر بابن الطباخ (۳۶) امام علامہ ظہیر الدین ابن جعفر الیسینی (۳۷) فاضل عبد اللہ بن شمس الدین الانصاری (۳۸) الشیخ
الامام صدر الدین موہوب الجزری الشافعی (۳۹) علامہ ابن حجر عسقلانی (۴۰) شیخ جلال الدین سیوطی مجدد مائۃ تاسعہ (۴۱)
محمد بن علی الدمشقی مصنف سیرت شامی (۴۲) شیخ شہاب الدین قسطلانی صاحب مواہب لدنیہ وشارح صحیح بخاری (۴۳)
نور الدین علی حلبی شافعی مصنف سیرت حلبی (۴۴) علامہ محمد بن عبد الباقی زرقانی مالکی شارح مواہب وغیرہ کتب احادیث
(۴۵) علی بن سلطان محمد ہروی معروف بملا علی قاری انہوں نے اپنے مولد شریف میں ثابت کیا ہے عمل مولد شریف تمام
ملکوں مصر وشام وروم واندلس ومغرب وبلاد ہندوستان ومکہ مدینہ زادہا اللہ شرفاً جمیع بلاد اسلامیہ سے پس درحقیقت
یہ ایک کتاب گویا اقالیم سبعہ کا ثبوت ہے اور لکھا ہے اس میں علی قاری نے کہ اس محفل کی عظمت یہ ہے کہ مشائخ وعلماء اس سے

کہ مؤلف کے پاس کوئی دلیل ادلۂ شرعیہ سے اپنے مقصود پر کہ اثبات جواز قیود وہیئت مروجہ کا ہے نہیں محض قول علماء کا اور تعامل
ان کا پیش کر دیتا ہے اگرچہ ابتداء نامہ میں کوئی نص لکھتا ہے مگر چونکہ ان کے مدعا پر وہ دلیل نہیں ہو سکتی ناچار مضطر[1] ہو کر وہی
تعامل علماء کا پیش کر دیتا ہے وہ نص محض تبرکاً اور دھوکہ دہی عوام کے واسطے ہے ورنہ ہرگز مثبت اس کے مدعیٰ کے نہیں ہوتی
چنانچہ ناظرین نے سارے رسالہ کو اس کے ملاحظہ کر لیا ہے پس معلوم ہوا کہ اس کے پاس کوئی دلیل اثبات جواز ہیئت مروجہ کا کچھ
میں نہیں سوائے اس فقرہ کے کہ اکابر علماء کرتے رہے ہیں پس اب اس لمعہ شامہ میں وہی اپنے مبلغ علم[2] اور دلیل محکم وحجت مستند کو
لکھتا ہے کہ جس کے سہارے پر یہ کتاب لکھنے کی اس نے ہمت کی تھی تو گویا اس کی ساری عمر کی تحصیل اور تمام ایام کی تحقیق کا یہ ثمرہ و
نتیجہ ہے مگر یہ بھی اس کا محض خیال باطل اور سودائے لاحاصل ہے کیونکہ یہ دلیل بھی شکل ادلۂ اربعہ کے مؤلف کے مدعیٰ کا اثبات
نہیں کرتی اور اس تعامل کو بھی اس کی مراد سے مطابقت وموافقت نہیں،

علماء متقدمین کے مولود کرنے کی کیفیت

چنانچہ یہ احقر پہلے لکھ چکا ہے اب پھر ذرا بسط لکھتا ہوں کہ یہ علماء معدودین[3] کہ بعد سبعین[4]
یہاں مؤلف نے لکھے ہیں بعض تو ان میں وہ ہیں کہ انہوں نے کتاب ذکر فخر عالم علیہ السلام کی لکھی اور اس کا مذاکرہ کیا پس اس تالیف
وتذکیر سے سوائے اس بات کے کہ ذکر فخر عالم اور سیر آپ کی تالیف کرنا اور پڑھنا عمدہ عمل ہے اور کچھ ثابت نہیں ہوتا سو اس کا
کوئی بھی منکر نہیں اس سے عمل مولد کا کسی قسم کا جواز نہیں ظاہر ہوتا اور بعض وہ ہیں کہ انہوں نے عمل مولد کیا اور وہ عمل مولد جو کہ

---

[1] مجبور [2] منتہائے علم [3] بے شمار [4] ستر

انکار نہیں کرتا اس میں شامل ہوتے ہے (۴۶) عبدالرحمٰن صفوری شافعی صاحب نزہۃ المجالس (۴۷) نورالدین ابو سعید لوبانی انہوں نے بھی کل ملکوں سے مولد شریف کا ہونا ثابت کیا ہے اور بادشاہ مصر کے حال میں لکھا ہے، کہ بادشاہ مصر سائبانی ساختہ بود کہ دواندہ ہزار کس در سایۂ او می نشستند در غایت آراستگی از جہت آنکہ دریں شب و روز آنرا برافراز ند و غیر آں پیچیدہ باشند (۴۸) سید امام جعفر برزنجی ان کا مولد شریف نثر عبارت مقفّٰی فصیح مشہور ہے دیار عرب میں بہت پڑھا جاتا ہے (۴۹) سید زین العابدین برزنجی ان کا مولد شریف منظوم دیار عرب شریف میں رائج ہے (۵۰) شیخ احمد ابن علامہ ابوالقاسم بخاری ان کا نسب محمد بن اسماعیل بخاری تک پہنچتا ہے (۵۱) شیخ اسماعیل حقی آفندی مفسر و اعظا مصنف تفسیر روح البیان (۵۲) احمد بن محمد قشاشی مدنی (۵۳) محمد بن عرب مدنی (۵۴) شیخ عبدالمالک کردی (۵۵) فاضل ابراہیم باجوری (۵۶) امیر محمد استاد ابراہیم باجوری (۵۷) شیخ سقاط استاد الاستاد باجوری (۵۸) شیخ عبدالباقی پدر و اُستاد علامہ زرقانی (۵۹) شیخ محمد رملی (۶۰) علامہ احمد بن حجر مؤلف تحفۃ الاخیار بمولد المختار (۶۱) حافظ ابن رجب حنبلی (۶۲) ابی زکریا یحییٰ ابن عائذ حافظ کبیر اندلسی (۶۳) سعید بن مسعود گازرونی انہوں نے بہت ملکوں کے علماء و صوفیہ سے مولد شریف ہونا ثابت کیا ہے (۶۴) مولانا زین الدین محمود نقشبندی (۶۵) حضرت مولانا جمال الدین

چھ سو چار میں ایجاد ہوا اور آخر تک جاری رہا وہ ہے کہ جلال الدین سیوطی کے رسالہ حسن المقصد سے بندہ نقل کر چکا ہے کہ جمع ہو کر کچھ قرآن پڑھیں اور ذکر آپ کا کر کے کھانا کھا کر چلے جاویں اور اس سے زیادہ کچھ نہ ہو تو اس عمل میں ذکر مندوب پر اجتماع یوم معین اور اطعام طعام زائد ہوا ہے اور یہ دونوں امر باصلہ مباح ہیں چونکہ اس زمانہ میں نہ یہ امور مؤکد عملی ہوئی تھی اور نہ عوام کو اس سے کوئی مضرت تھی بزعم ان علماء کے لہٰذا اس مجلس میں کراہت نہ تھی بلکہ مباح تھے اگرچہ جن علماء کو اس میں اس امر کا خدشہ تھا انہوں نے اس کو مکروہ کہا تھا، چنانچہ بالا واضح ہو لیا پس چونکہ اس میں کوئی امر منکر نہیں تھا محض یہ دو امر مباح تھے کہ خواص و عوام میں علماً و عملاً اپنے درجہ سے نہیں خارج ہوئے تھے تو وہ محافل مباح رہی اور مولود انکار شرع کی نہ ہوئی اور اسی طرح عمل در آمد رہا پس ابتدا ایجاد اس محفل سے آخر تک یہی وضع مباح رہی اب شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی محفل کی کیفیت سنو کہ جن کو مؤلف خاتم الاسماء بنا رہا ہے فیوض الحرمین میں فرماتے ہیں یہ عبارت بعینہا ان کی نقل کرتا ہوں وکنت قبل ذلک بمکۃ المعظمۃ فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی یوم ولادتہ والناس یصلون علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ویذکرون ارھاصاتہ التی ظھرت فی ولادتہ ومشاھدہ قبل بعثتہ فرأیت انوارا سطعت دفعۃ واحدۃ لا اقول انی ادرکتھا ببصر الجسد ولا اقول ادرکتھا ببصر الروح واللہ اعلم کیف الامر بین ھذا وذلک فتاملت تلک الانوار فوجدتھا من قبل الملائکۃ المتوکلین بامثال ھذہ المشاھد وبامثال ھذہ المجالس ورأیت یخالط الانوار الملائکۃ انوار الرحمۃ انتہی بلفظہ اب ناظرین غور فرمائیں کہ شاہ ولی اللہ جو مولد النبی میں اپنا ہونا فرماتے ہیں تو مولد النبی وہ مکان مکہ معظمہ میں ہے جس میں آپ کی ولادت ہوئی تھی وہاں ایک قبہ بنا رکھا ہے اس کی زیارت کرتے ہیں اور وہاں لوگ جو جمع ہوئے یوم ولادت میں تو زیارت مکان کے واسطے جمع ہوئے اور وہاں جو صلوٰۃ و سلام اور ذکر آپ کی حالات کا تھا وہ نفس ذکر آپ کا تھا چنانچہ بالکل ظاہر و بدیہی ہے پس اس میں نہ اجتماع بنداعی ہوا تھا نہ وہاں طعام و شیرینی کا ذکر ہے نہ وہاں فرش و بخور کا نشان ہے نہ فسقہ فجرہ بلباس و زیّ مکروہ کا پتہ بلفظ وہاں مجمع ناس کا ہونا اور آپ کے حالات کے ذکر اور صلوٰۃ کا ہونا مذکور ہے جس کو مؤلف مجلس مولود قرار دیتا ہے اور اپنی ہیئت

؎ مستحب ہے کھانا کھلانا اگربتی وغیرہ، ؎ مکہ معظمہ میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کی جگہ آں حضرت علیہ السلام کی ولادت کے دن اور وہاں لوگ درود شریف پڑھتے تھے اور وہ ذکر کرتے تھے ان کرامات و حالات کو جو وقت ولادت کے ظاہر ہوئے اور وہ کہ لکھی ایسے جو پہلے مبعوث ہونے کی پیش آئے پس دیکھا میں نے انوار کو کہ یکبارگی بلند ہوئے اور میں یہ نہیں کہتا کہ آنکھ ظاہری سے میں نے ان کو دریافت کیا اور نہ میں ... ایسے صحابہ تھے اور مجالس کے حاضر ہونے کے لئے مستقر ہیں اور میں نے دیکھا انوار ملائکہ انوار رحمت سے مختلف ہیں ۱۲

میرک (۶۶) علامہ محمد قاسمی مدنی ساکن فی رزقاق المدور (۶۷) قاضی ابن خلکان شافعی (۶۸) شیخ محمد بن طاہر محدث مصنف مجمع البحار (۶۹) شیخ عبدالحق محدث دہلوی (۷۰) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فیوض الحرمین میں اپنا شریک ہونا محفل مولد شریف میں اور دیکھنا انوار کا اس میں بیان کرتے ہیں اور ان کے کلام سے یہ ظاہر ہے کہ جس جگہ ایسی مجلسیں ہوتی ہیں وہاں سب جگہ فرشتے انوار رحمت لاتے ہیں کما قال فتأملت تلک الانوار فوجدتہا من قبل الملائکۃ الموکلین بامثال ہذہ المشاہد وبامثال ہذہ المجالس ورأیت یخالط انوار الملائکۃ انوار الرحمۃ واضح ہو کہ ہم شروع رسالہ میں لکھ چکے ہیں کہ حضرت شاہ ولی اللہ جمیع مفتیان فتویٰ انکاری کے مستند اور مقتدا اور منتہی الیہ اسناد ہم ہیں پس فاتحہ طعام بھی ہم نے انہیں سے ثابت کردی اور اب بحث مولد شریف کا اثبات بھی ہم نے انہیں کے نام پر ختم کیا اور خاص ان کی زبان سے اس مجلس کا محل نزول ملائکہ اور مورد رحمت ہونا ثابت کر دیا وکفیٰ بہ حجۃ نقل مواہیر علماء عرب حضرت مولانا احمد سعید فقیہ محدث دہلوی نقشبندی اپنے رسالہ میں جو مولوی محبوب علی جعفری کے جواب میں لکھا ہے علماء حرمین و مفتیان مذاہب اربعہ کا فتویٰ در باب قیام نقل فرماتے ہیں علاوہ اس کے غایۃ المرام مطبوعہ کلاں کوٹھی میں بھی وہ فتویٰ عرب کا منقول ہے اس کو بطور تلخیص و ترک تطویل لکھتا ہوں (۷۱)

قد اجمعت الائمۃ الاربعۃ من اہل السنۃ والجماعۃ علی استحسان القیام وہی بدعۃ مستحبۃ لما فیہ من اظہار الفرح والسرور والتعظیم قالہ رقمہ محمد عثمان حسن الدمیاطی الشافعی المقیم بالمسجد الحرام (۷۲) نعم استحسنہ کثیرون کتبہ عبد اللہ بن محمد المیرغنی الحنفی مفتی مکۃ المکرمۃ

کہ آئیہ پر دلیل لاتا ہے ذرا انصاف درکار ہے کہ اس میں تو وہ امر مباح کے سیوطی کے عمل مولد میں منقول تھے وہ بھی نہیں نفس ذکر فخر عالم کا بیان ہے اب دیکھو کہ یہ عمل مولد ابتدا سے شاہ ولی اللہ تک جو ثابت ہوا مؤلف کی محفل اور دعویٰ کو اس سے کیا مناسبت ہے کیونکہ اس وقت کی محافل میں بارہا مذکور ہو چکا کہ منکرات شرعیہ جو بالاصل مکروہ و حرام ہیں موجود ہوتے ہیں اور وہ امور کہ بالاصل مباح تھے اور اب وہ واجب علماً یا عملاً ہو گئے ہیں اور مکروہ و بدعت بن گئے ہیں ضرور موجود ہوتے ہیں پس ان علماء سابقین سے جو کچھ مؤلف نے ثابت کیا یا نفس ذکر ہی یا مخلوط بامر کہ وہ بالاتفاق مباح ہی ہے اور مؤلف کے مولد میں خود مناکیر بھی موجود ہیں اور مباحات بھی مناکیر ہو گئے ہیں پس ان علماء کے قول و تعامل سے کس طرح اثبات ہیئت کذائیہ مروجہ کا ممکن ہو کوئی عاقل بالغ ایسی بات کہہ سکتا ہے کہ جس امر کا مانعین انکار کرتے ہیں اس کا اس تعامل میں نام و نشان نہیں اور جس کا دعویٰ مؤلف کرتا ہے اس کا یہاں پتہ بھی نہیں اور پھر حجت جوان کی بتاوے لاحول ولا قوۃ الا باللہ کیا غباوۃ و غفلت ہے اور کسقدر کوتاہ فہمی و جہل ہے پس صاف ظاہر ہو گیا کہ یہ مؤلف کی اسم نویسی علماء کی محض مردم شماری و دھوکہ دہی عوام کی ہے ورنہ کوئی حجت اس کی اسمیں نہیں اسی واسطے کہ شاہ ولی اللہ صاحب کا تصریحاً بیان ہو لیا کہ جسپر مؤلف کو بہت شور تھا اور جلال الدین کی تحریر سے تمام حال عمل مولد کا واضح ہو لیا کہ جسپر مؤلف کو کمال اعتماد تھا کہ اس وقت سے لیکر برابر تعامل علماء معدودین کا ساہی اور واضح ہو گیا کہ یہ تعامل ہرگز مانعین کے خلاف رائے پر نہیں اگر تھوڑا سا فہم ہو تو بدیہی ہے پس اب مؤلف کا یہ قول کہ شاہ ولی اللہ کی زبان سے اس محفل کو محل نزول ملائکہ ہونا ثابت کر دیا کسقدر لغو ہے کیونکہ نفس ذکر مولود کا نہ انکار ہے نہ اس کی نزاع ہے قیود میں کلام ہے سو اس کا یہاں نہ نام ہے نہ نشان ہے مگر مؤلف کو بالکل ذہول ہے اور اس کا کوتاہ فہم ہونا ہر ناظر عاقل پر ظاہر و عیاں ہے

نقل مواہیر علماء عرب در سند اصلاً مفید نہیں | قولہ نقل مواہیر علماء عرب الخ اقول اوپر تو مؤلف نے شاہ ولی اللہ تک کے اقوال سے ثابت جواز مجلس مولود مروج کا چاہا تھا سو وہ تو اس کے مدعا کا مثبت ہرگز نہ ہوا جیسا واضح ہو لیا اب علماء عرب کے اقوال سے قیام کا اثبات کرتا ہے اور یہ علماء مندرجہ معاصر جناب مولانا احمد علی صاحب کے ہیں نہ ان کو مولانا ممدوح پر تقدم زمانی ہے اور نہ سبق علمی ہم رجال و نحن رجال کا مضمون ظاہر اور نہ یہ وجہ حاصل کہ سوائے ایک مولانا احمد علی صاحب کے سب کا اتفاق استحسان اس قیام پر بالخصوص

لہ محفل کی جمیع کے ممنوعات سے عمل سکہ جن کا رواج ہو گیا وہ بھی آ گئی اور ہم بھی آ گئے ہیں

(۳) ہل القیام عند ذکر ولادۃ سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استحسنہ کثیر من العلماء کتبہ حسین ابن ابراہیم مفتی المالکیہ بمکۃ المحمیہ (۴) نعم القیام عند ذکر ولادتہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استحسنہ العلماء وھو حسن الفقیر الیہ محمد بن ابی بکر الرئیس مفتی الشافعیہ بمکۃ المکرمہ (۵) نعم یجب القیام عند ذکر ولادتہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استحسنہ العلماء الاعلام قدوۃ الدین والاسلام کتبہ الفقیر الی اللہ عفا بن یحیی مفتی الحنابلۃ فی مکۃ المشرفۃ (۶) اما القیام اثناء ذکر ولادتہ عند قراءۃ المولد الشریف توارثہ الائمۃ الاعلام واقرہ الائمۃ الحکام من غیر نکیر منکر ورد راد واللہ ولی التوفیق والھادی الی سواء الطریق حررہ خادم الشریعۃ والمنہاج عبد اللہ بن المرحوم عبد الرحمن سراج المفسر والمحدث بمسجد الحرام واضح ہو کہ میں یہ عبد اللہ سراج بڑے مکمل بکمال میں تھے اس عاجز نے مخالف اور موافق مذہب والوں سب سے ان کی تعریف سنی ہے اور حضرت مولانا احمد سعید نقشبندی اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں کہ مولانا عبد اللہ سراج حنفی مفسر و محدث حرم شریف مکہ یکتائے عہد خویش بود و در اس رئیس فرقہ محدث بزانوی ادب و درس او شاگرد می نشست واعتراف بجامعیت مولانا موصوف می نمود و فتوی باستحسان قیام نموداست و نزد راقم السطور موجود الی آخرہ فائدہ اور یہ بھی معلوم ہو کہ یہ جو ہم نے کلام ان علماء عرب کا نقل کیا ہے یہ منتخب کاملین تھے جو سلطان عالیجاہ روم کی طرف سے مکہ معظمہ میں مفتی مقرر کئے ہوئے تھے رحمۃ اللہ علیہم اجمعین اور ان سے پہلے بھی قدیم الایام میں جو علماء و فضلاء عرب میں گذرے حکم دیتے رہے ہیں استحباب قیام کا چنانچہ سید امام برزنجی عقد الجوہر فی مولد النبی الازہر میں فرماتے ہیں وقد استحسن القیام عند ذکر مولدہ الشریف ائمۃ ذوو روایۃ افسوس ہے کہ جب اب تک کتنی صدیاں گذر چکیں اور مخبر صادق کا سچا وعدہ ہے کہ ہر صدی میں ایک مجدد جو بدعت کو اٹھائے اور سنت کو قائم کرنے پیدا ہوا کرے گا کیا سبب کہ بلاد متبرکہ ہندوستان میں تو جب سے بہت سے مجدد ہو گئے اور وہاں اتنی مدت میں ایک بھی مجدد نہ ہوا جو اس بدعت اور ضلالت کا استیصال کرتا پس معلوم ہوا کہ صحیح یہی ہے کہ یہ قیام خیر البلاد میں سیکڑوں برس سے ہے اور علماء سب مستحسن اس کو کہتے رہے اور عبد اللہ سراج حنفی مکہ معظمہ لکھتے ہیں کہ کسی نے اس پر رد کیا

ہو کیونکہ ہزارہا علماء اس عصر کے محقق منکر اس قیام کے ہیں اور یہ امر مخفی نہیں پس ان علماء مذکورین کے اقوال کی حجت ہونے کی مؤلف کے نزدیک وجہ یہ ہے کہ وہ عرب ہیں اس واسطے مؤلف اس کو پیش کرتا ہے سو یہ باطل ہے جس کو حق تعالیٰ علم دیوے وہی عالم معتمد ہے خواہ ہند و عجم میں ہو خواہ عرب میں بخاری و مسلم اور جملہ اصحاب کتب حدیث اور شرح وقایہ و ہدایہ و کنز و در مختار وغیرہا جملہ مؤلفین کتب فقہ کے عجم تھے اور اس آخر وقت میں اب مولوی رحمۃ اللہ صاحب تمام علماء مکہ پر فائق اور باقرار علماء مکہ اعلم ہیں اور رہا یہ وجہ کہ خود لکھا ہے کہ سلطان نے ان کو انتخاب کر کے مفتی بنایا تو یہ نہ کوئی شرعی حجت اعلمیہ کی ہے اور نہ دلیل عقلی کیونکہ اکثر مشاہد ہے موجود ہے کہ عمال و قضاۃ سلطانی ادنی ادنی علماء وجہلاء ہوتے ہیں چنانچہ اب بھی بلاد روم و عرب میں موجود ہے کہ مفتی و قاضی ہونے کو اعلمیت لازم نہیں سو یہ دلیل اعلمیت مؤلف کی یا جہل ہے حقیقۃ الحال اور قواعد شرع سے یا عوام کو دھوکہ دینا مراد ہے مہذا مولانا احمد علی صاحب تو اس قیام کی کراہت دلیل شرعی سے ثابت فرما رہے ہیں جس میں مؤلف نے کیا کیا چکر کھائے اور کلام خارج از علم و فہم کر کے اس کے جواب کے درپے ہوا اور ناکام رہا اور تمام جوہر مخفی اپنا ظاہر کر کے مضحکہ بنا اور یہ علماء مؤلف کے یہی لکھ رہے ہیں کہ استحسنہ کثیر من العلماء یا قریب اس کے کوئی کہتا ہے کہ امت محمدیہ نے اجماع کیا ہے استحسان پر اور بدعت مستحبہ ہے کوئی اکثر کا استحسان کہتا ہے کوئی کہتا ہے کہ متوارث بلا نکیر ہے اور یہ فقط دعویٰ محض اور قول ہی قول ہے کیونکہ اس پر انکار کرنا علماء کا خود ثابت ہو چکا اور بدعت ہونے کا وہ بھی اقرار کر رہے ہیں پھر اجماع کس طرح ہو سکتا ہے اور یہ کلیات نصوص جس سے تقیید اطلاق خود ممنوع ہو چکی پھر کس کا اجماع معتبر ہو سکتا ہے اور کس کا استحسان قابل التفات کے بن سکتا ہے ہاں اگر نفس قیام کا استحسان ہو

ے قابل اعتماد ے بلند ے بڑے عالم ے دلیل ے مطلق کو مقید بنانا۔

انکار نہیں کیا بلا شک و شبہ جائز بلکہ مستحسن ہے ہرگز ضلالت نہیں مولوی قطب الدین خاں صاحب کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ جس مسئلہ پر مکہ اور مدینہ کے علماء متفق ہوں یہ اس کے حق ہونے کی دلیل ہے مظاہر الحق مطبوعہ میرٹھ صفحہ ۸ میں بدعتیوں کے بیان میں لکھتے ہیں کہ سنیوں کا مذہب سچا ہے کہ مکہ مدینہ کہ دین وہیں سے پیدا ہوا وہاں کے لوگ بھی سنی ہیں اگر ان کا مذہب یعنی بدعتیوں اور رافضیوں کا اچھا ہوتا تو وہ مکہ مدینہ والے پہلے اس مذہب میں ہوتے انتہی کلامہ اس سے معلوم ہوا کہ اگر انکار قیام مولد شریف کا اچھا ہوتا تو اول علماء عرب انکار کرتے کیونکہ پختہ اہل سنت والجماعت وہی ہیں اب نقل کرتے ہیں ہم بطور اختصار دوسرا فتویٰ علماء عرب کا جس کو ۱۲۸۶ بارہ سو اٹھاسی ہجری میں مولوی عبدالرحیم صاحب شمکانی مرتب کرا کر لائے تھے اور کتاب روضۃ النعیم کے آخر میں چھپایا تھا عبارات

سوال یہ ہے **سوال** ما قولکم رحمکم اللہ فی ان ذکر مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم والقیام عند ذکر الولادۃ خاصۃ مع تعیین الیوم وتزیین المکان واستعمال الطیب وقراءۃ سورۃ من القرآن واطعام الطعام للمسلمین ھل یجوز ویثاب فاعلہ ام لا بینوا توجروا۔ جواب علماء مکہ معظمہ زادھا اللہ شرفا۔ اعلم ان عمل المولد الشریف بھذہ الکیفیۃ المذکورۃ مستحسن مستحب فالمنکر لھذا مبتدع لانکارہ علی شیء حسن عند اللہ والمسلمین کما جاء فی حدیث ابن مسعود قال ما رآہ المسلمون حسنا فھو حسن والمراد من المسلمین الذین کملوا الاسلام کالعلماء العاملین وعلماء العرب والمصر والشام والروم والاندلس کلھم رأوہ حسنا من زمان السلف الی الآن فصار الاجماع والامر الذی ثبت بالاجماع فھو حق لیس بضلال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تجتمع امتی علی ضلالۃ فعلی حاکم الشرع تعزیر منکرہ واللہ اعلم۔

عبدالرحمن سراج	احمد دحلان	حسن	عبدالرحمن جمال	حسن طیب	محمد شرقی	مفتی حنفی	مفتی شافعی
مفتی حنبلی	حنفی	حنفی	مفتی مالکی	سلیمان حلبی	عبدالقادر خوقیر	ابراہیم الفتنی	محمد جاراللہ
احمد صدقی الداغستانی	عبدالقادر شمس	عبدالرحمن آفندی	احمد ابوالخیر	عبدالقادر سنبغیتی	محمد سعید	عبدالمطلب	کمال احمد

بلا تقیید اور بلا فساد عقیدہ عوام تو خود مانعین بھی بعض قیام کو منع نہیں کرتے تو یہ فتاویٰ ہرگز مخالف مانعین کے نہ ہوئے اور مؤلف کو کچھ مفید نہ ہوویں گے بہر حال ان اقوال سے علماء کے نزدیک موافق قاعدہ شرعیہ کے کوئی کچھ بھی ثبوت نہیں مگر مؤلف کی ناواقفیت علم دین سے یہ حرکات کراتی ہے اور وہی مآل کار حجت ہوتی ہو کہ علماء نے یہ کہا اور کیا ہے اور یہ کوئی حجت فی الدین نہیں خصوصاً جبکہ یہ تعامل نص کے مخالف ہو اور رد و انکار اسپر کسی عالم سے ثابت ہو جاوے چہ جائیکہ صدہا سے مدلل رد ہو چکا ہو اب یہ قول مؤلف کا کہ کتنی صدیاں گذر چکیں کسی مجدد وغیرہ نے اس کو منع نہ کیا یہ بھی ایک کلام سخت کم فہمی مؤلف کی ہے ہر چند ظاہر ہے کہ مؤلف نہ مجدد کے معنی اور کیفیت سمجھا اور نہ تجدید کی حقیقت سے واقف ہوا فقط ترجمہ حدیث کا مظاہر حق سے یاد کر لیا ہے اور ہم کو بھی جواب دینے کے واسطے اس کی تقریر و تحقیق ضرور نہیں فقط اس قدر الزامی جواب کافی ہے کہ عید عاشورا کو بخاری و مسلم کی حدیث صریح ہے کہ فخر عالم علیہ السلام نے رد کیا اور خلاف یہود اس میں ارشاد فرمایا اور پھر کسی وقت میں عید عاشورا مکہ میں حادث ہوئی اور کسی مجدد نے اس کو منع اور موقوف نہ کیا اب تک چلی آتی ہے اور سب علماء کے گھر میں ہوتی ہے معلوم کہ مؤلف کے نزدیک کوئی مجدد یہاں نہیں ہوا یا یہ عید مسنون و مستحب ہے اور مؤلف اور اس کے سب مجددین و علماء مکہ کے نزدیک حلال ہے

؎ معترضین کے انجام کار کے دلیل سے ثابت ہے کہ یہود کی مخالفت کرو

محمد سعید الادیب	علی جودہ	سید عبداللہ کوشک	حسین عرب	براہیم زمزمی	احمد امین	شیخ فروش	عبدالرحمن مجبی
عبداللہ مشاط	عبداللہ قماشی	محمد بابصیل	محمد سیرتی	علی آبیسی	محمد صالح زعاری	عبداللہ زواری	محمد حبیب اللہ
احمد النخاوی	سلیمان عقبہ	سید شبلی عمر	عبدالحمید الاغستانی	مصطفی عفیفی	منصور	نشاوی	محمد راضی

جواب علماء مدینہ منورہ تلخیصاً۔ اعلم ان ما یصنع من الولائم فی المولد الشریف وقراءۃ قصۃ حضرۃ المسلمین وانفاق المبرات والقیام عند ذکر ولادۃ الرسول الامین ورش ماء الورد والقیاد البخور وتزیین المکان وقراءۃ شیء من القرآن والصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم واظہار الفرح والسرور فلا شبہۃ فی انہ بدعۃ حسنۃ مستحبۃ وفضیلۃ مستحسنۃ فلا ینکرھا الا مبتدع لا استماع بقولہ بل علی حاکم الاسلام ان یعزرہ واللہ اعلم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم

محمد الامین	جعفر حسینی البرزنجی	عبدالجبار	سید جمال الدین	ابراہیم بن خیار	یوسف سید	السید علی عمید	السید عبداللہ بن سید احمد
محمد بن احمد رفاعی	عمر بن علی	عزیزی علی	سید مصطفی	احمد سراج	حسن ادیب	ابوالبرکات	عبدالقادر مشاط
سید سالم	احمد الحدشی	محمد نور سلیمانی	عبدالرحیم البرعی	محمد عثمان کردی	قاسم	عبدالعزیز ہاشم	یوسف روے
محسن	مبارک ابن سعید	حامد	محمد ہاشم ابن حسن	عبداللہ ابن علی	عبدالرحمن صفوری		

جواب علماء جدہ تلخیصاً

اعلم ان ذکر مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعلاۃ الصورۃ المجموعۃ المذکورۃ بدعۃ حسنۃ مستحبۃ شرعاً لا ینکرھا الا من فی قلبہ شعبۃ من شعب النفاق وکیف یسوغ لہ ذلک مع قولہ تعالی ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب واللہ اعلم

حالانکہ نص صریح اس کے منع کی موجود ہے اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی شرح سفر السعادت میں صواعق محرقہ سے نقل کرتے ہیں۔ وہم از بدع ناصبیہ متعصبہ باہل بیت از عید گرفتن آن روز باظہار فرح وسرور وزینت وخضاب واکتحال ولبس ثیاب الخ خلاصہ یہ کہ احادیث واقوال معتمدین سے عید ہونا عاشورا کا حرام ہو چکا پس اب مؤلف حدیث صریح کو اور اقوال علماء مقبولہ خود کو بالرائے رد کر کے تجدید مکہ کو قبول کرے تا کہ اس کا قیام مستحب ہو یا کچھ تاویل اس عید کی جریان کی باوجود مجددین کی کرے گا وہ ہی اس قیام کی کرے اور دل میں سمجھ کر تائب ہو جاوے بہر حال مؤلف کی فہم کا کمال ہر ہر نکتہ میں واضح ہوتا ہے اور نواب قطب الدین خاں نے یہ لکھا ہے کہ قدیم صحابہؓ کے عہد سے وہاں حرمین میں سنی ہی ہیں یہ دلیل اہل سنت کی اہل حق ہونے کی ہے نہ یہ کہ وہاں کوئی بدعت جاری نہیں ہوتی اب یہی مثال کہ مروجہ حرمین کی مؤلف پر مخفی نہیں اور رفض بھی اب ایک مدت سے مکہ اور مدینہ میں موجود ہے اگر مؤلف کو یقین نہیں تو تحقیق کر لیوے پس یہ خوبی فہم مؤلف کی ہے کہ مطلب پر غور نہیں کرتا پس قیام تو خود بعد چھ سو سال کے حادث ہوا ہے اور عید عاشورا بھی بعد قرون کثیرہ کے حادث ہوئی پس ایسے تغافل و تجاہل اللہ اہل علم کا کام نہیں اور یہ دلیل لائق شان علم کے نہیں بلکہ عوام کا قول ہے اور فتوی بارہ سوا بٹھانسی کا جو مؤلف نقل کرتا ہے اس کے جواب کی کچھ حاجت نہیں کیوں کہ اجماع کے

علی بن احمد باقشیر حسن | عباس ابن جعلان ابن مرزوقی | احمد فتاح | محمد سلیمان | احمد عباس | محمد صالح | احمد عثمان

احمد بن عجلان | محمد مسعود مفتی | عبدالرحیم بن محمد ...

جواب علمائے جدہ زیارۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم مع الاشیاء المذکورۃ جائزۃ بل مستحبۃ شرعًا علی ما اتفق علی ذلک العلماء وحثوا علی فعلہ قالوا لا ینکرها الا مبتدع فعلی حاکم الشرع ان یعزرہ ۔

علی شامی | محمد مسلم عابش | علی بن عبد اللہ بن محمد العلم | محمد بن ابراہیم خشری | علی الطحان | محمد بن عبد اللہ | الفقیر الی اللہ یحیٰ ابن مکرم | محمد بن داؤد بن عبدالرحمٰن | علی بن ابراہیم الزبیدی

علی بن محمد حباب | احمد بن محمد ابن جلیل | عبدالرحمٰن بن علی جعفری

واضح ہو کہ یہ چاروں جواب یعنی علمائے مکہ و مدینہ زادہما اللہ شرفًا و تعظیمًا نیز علمائے جدہ و حدیدہ مہی ایک سوال کے جواب میں ہیں جمیع قیود قیام تزئین مکان وغیرہ کی مذکور ہیں پس علمائے عرب ایدہم اللہ و سلمہم اسی ہیئت کذائی کے منکر کو بالاتفاق تعزیر کا حکم دیتے ہیں اب نقل کی جاتی ہیں تحریریں ہندوستان کے علمائے مستندین کی جو اپنے وقت کے فرد کامل تھے **ازانجملہ علمائے فرنگی محل** کہ سنہ یکہزار دوصد و ہفتاد و نہ ١٢٧٩ ہجری میں محمد مصطفیٰ خاں صاحب کے مطبع مصطفائی میں فتویٰ ان کا مطبوع ہوا تھا جس کو اس کے مضامین بالتفصیل دیکھنے ہوں کتاب مذکور بہم پہنچا کر دیکھے خلاصہ اس کا یہ ہے کہ مولد شریف کی تعیین خاص ماہ ربیع الاول کے ساتھ فرض اور واجب تو نہیں ہاں البتہ بہت علمائے و محدثین نے مستحب اور مستحسن فرمایا ہے اور یہ بات کہ جو چیز قرون ثلثہ میں نہ ہوئی ہو وہ بدعت سیئہ ہے صحیح نہیں اور جب کہ آیت کریمہ وتعزروہ وتوقروہ سے تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت ہوئی اور کھڑا ہونا محفل میلاد میں وقت ذکر ولادت شریف جو منجملہ افراد تعظیم ہے اچھی طرح ثابت ہو گیا کہ یہ بدعت سیئہ ہرگز نہیں انتہی (١) ابو البرکات رکن الدین محمد المدعو بتراب علی عفی عنہ (٢) محمد سعد اللہ عفی عنہ (٣) محمد لطف اللہ عفی عنہ (٤) ابو الاحیاء محمد المدعو بالنعیم (٥) ابو الحسن محمد صالح (٦) محمد عبد الوحید

ابو البقاء محمد عبد الحلیم ١٢٣٠ | حفیظ اللہ ١٢٣٣ | نصیر اللہ ١٢٣٤ | محمد علی ١٢٦٢ | محمد عبد الحلیم ١٢٦٦

ازانجملہ علمائے دہلی و بریلی و رامپور و افغانان واضح ہو کہ محفل مولد شریف اور قیام کے جواز میں ایک کتاب غایۃ المرام مطبع علوی کلکتہ لکھنؤ میں بادوقع سنہ یکہزار دو صد و ہفتاد و یک مطبوع ہوئی تھی اسمیں علمائے و فضلائے دہلی و بریلی و رامپور وغیرہ چند مقامات کے علمائے مستندین کے فتوی جمع کر کے چھاپے تھے اور چونکہ سراج الدین ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی بھی استحباب محفل میلاد شریف کا اعتقاد رکھتا تھا اور رئیس سلطان اسلام کے تجمل اور احتشام

معنی اور حدیث ما راٰہ المسلمون کی مراد پہلے واضح ہو چکی ہے اب اس فتوی سے علم علمائے عرب کا ہر اہل علم پر واضح ہو جاوے گا اور قول ان کا مخالف نص کے ہرگز معتمد اور ملتفت نہیں ہو سکتا ہے اور ان کے اقوال کے قیود مذکورہ کو درجہ اباحت میں اگر کوئی دعوی کر لیوے تو پھر مؤلف کو کوئی جواب نہیں گو بظاہر الفاظ فتاوی کے ان قیود کی تاکید کو تقاضا کرتے ہیں اور خلاف نص کے ہو کر مردود بن جاتے ہیں اور یہی جواب فتاوی ہندیہ کا ہے کہ منجملہ مقبولوں مؤلف کے بہادر شاہ اور حکیم احسن خاں اور حکیم امام الدین خاں بھی ہیں اور دیگر اشخاص خواہ مخواہ تصریح نام کی حاجت نہیں اور جس قدر بیان کو چند گونہ زیادہ عمل اور عدد میں مانعین موجود ہیں مگر ہم کو بعد دلائل دلدار لعبہ کے کیا حاجت مردم شماری کی ہو یہ طریقہ مؤلف کا تو خود دلیل عجز کی اثبات حجت شرعیہ سے اور پھر آخر میں مؤلف مانعین کو جمع لیسیر خود بخود دل کی تسلی کو کہہ بیٹھے شرم کی آنکھ نہ ہو تو جو چاہے کہے اور سواد اعظم کے معنی

کا سبب ہوتا ہے رئیس المسلمین اور زین المسلمین سمجھ کر ان کی مہر بھی علماء دہلی کی مہروں کے ساتھ کرائی گئی تھی اور شاہ ولی اللہ صاحب کے پوتے مولوی مخصوص اللہ صاحب مرحوم بھی اس وقت زندہ تھے ان کی مہر بھی استحسان محفل مولد شریف پر کرائی گئی جس کو ہر عالم فاضل کی تحریر حرفاً حرفاً بالتفصیل دیکھنی منظور ہووے اصل کتاب بہم پہنچا کر ملاحظہ کرے اسمیں محفل مولد شریف کو مع جمیع تعینات مروجہ مثل قیام و تقسیم شیرینی وغیرہ جائز بلکہ مستحب لکھا ہے ایک سو بائیس صفحہ کی کتاب ہے اس کے صفحات متفرقہ پر جو مہریں اور دستخط مرقوم ہیں ان سب کو مجتمع ایک جگہ نقل کرتا ہوں سنہ ۱۲۶۹ھ علماء کے دستخط اور مہریں ہیں ہر عالم کا نام ایک شکل مربع میں مندرج کرتا ہوں

محقق ہو چکے اور جو نا درست ہے وہ بھی معلوم ہو لیا اب ایک قول پر اکتفا کر کے ختم رسالہ کرتا ہوں قال اللہ تعالیٰ ما اٰتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا۔ حق تعالیٰ اپنے کلام پاک میں اتباع طریقہ مرضیہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرض فرماتا ہے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد کیا علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المہدیین تمسکوا بہا وعضوا علیہا بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثۃ بدعۃ وکل بدعۃ ضلالۃ۔ الحدیث۔ وعن ابن مسعود قال من کان مستنا فلیستن بمن قد مات فان الحی لا تؤمن علیہ

عبدالکریم	عبداللہ ولد محمد رفیع اللہ	فخر العلماء محمد عبد الجامع خاں	ابن اللہ جمیل ویحب الجمال	محمد عبدالعلے	علی حسین	محمد لطف اللہ	نور الغنی
محمد عبداللہ	علی الدین	آل نبی	مقصود علی	حسین حافظ شریف	شاداز ظہور حسین علم وعدل انام شہرت	سبط محمد کل باغ جاوید	نظام الدین احمد
محمد علی خادم العلماء	وزیر علی	مولانا محبوب علی شاہ علی جلالہ	احمد تاج محمد سرور عالم علے	محمد سلامت اللہ	دستخط فضل رسول فاضل بدایونی	سید بشیر علی امروہی	مولوی وارث بخش
حسن الزماں	محمد فضل حق	رفیع اللہ	محمد جلال الدین	وحید الدین	محمد فضل اللہ	فضل حسن	محمد عبد الحق
محمد حیات	محمد خلیل الرحمن	محمد حیات ولد مولوی سید احمد					

اہل سنت والجماعت خیال فرمادیں کہ ان دونوں فتویٰ متاخرہ میں ہندوستان کے کیسے کیسے علماء جلیل القدر مثل مفتی سعد اللہ صاحب و مولانا تراب علی و مولانا سید محمد مدرس اعلی و مولانا فضل حق و مولانا محمد حیات و مولانا حیدر علی مصنف منتہی الکلام و مولانا سلامت اللہ و مفتی صدر الدین خاں صاحب و مفتی شرع متین مفتی شرف الدین صاحب استحسان محفل مولد شریف پر فرماتے ہیں اس وقت میں ایسے عالم کہاں ہیں ایک ایک عالم کو دو دو سو کے مقابل سمجھو اور ہم نے اس وقت کے علماء کی مہریں نہیں کرائیں علماء سلف کی نقل مؤلف پر اکتفا کیا اب یہ خیال کرنا چاہیئے کہ اس لمعہ تامہ میں ہم نے جسقدر علماء عاملین اور فضلاء کاملین کے نام ذکر کیے اگرچہ یہ جمیع اقالیم مشرقی و مغربی جنوبی و شمالی کے تمام علماء و فقہاء کے نام نہیں اگر ان سب کو جمع کیجیے تو واللہ اکبر ایک دفتر بنتا ہے کما قال سے گراں جملہ را سعدی ملا کند، مگر دفتر دیگر انشا کند، یہ تو چند مقامات کے چند علماء کا تذکرہ کیا گیا ہے لیکن یہ بھی کیا کچھ کم ہے یہ بھی اللہ تعالی کے عباد صالحین کا ایک جمہور کثیر و جم غفیر ہے پس بموجب فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ ان کا اتباع اہل سنت کو لازم ہے فرمایا آپ نے اتبعوا السواد الاعظم من شذ شذ فی النار اس کی تحقیق لمعہ اولی نور چہارم میں محدثین سے ہم نقل کر چکے ہیں وہاں دیکھو یعنی یہ ہیں کہ پیروی کرو بڑی جماعت کی جو کچھ خلاف سو وہ پڑے گا آگ میں یعنی جب اختلاف واقع ہوا علماء میں تو جس طرف اکثر مسلمین ہوں اس پر عمل کرو یہ تو حدیث ہے اب فقہ کا مسئلہ سنو علامہ شامی نے جلد ثانی شرح در مختار باب صدقۃ الفطر میں تصریح کی ہے فان المانعین جمع یسیر والمجوزین جم غفیر فالاعتماد علی ما علیہ الجم الکثیر اور نیز جلد اول رسم المفتی میں لکھا ہے فان اختلفوا یوخذ بقول الاکثرین اور مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بھی اسے دلیل کو حق جانتے ہیں چنانچہ مصباح التراویح مطبوعہ مطبع ضیائی کے صفحہ میں لکھتے ہیں آنفاق اکابر و تسلیم او شان با جم غفیر از و شان نیز دلیل است الی آخرہ اور مولوی اسمعیل صاحب تذکیر الاخوان کی فصل سادس میں کتاب و سنت و اجماع و قیاس مجتہدین کا ذکر کر کے اس کے بعد لکھتے ہیں پھر اور کوئی مولوی مشائخ جو اپنی عقل کو دخل دیکر کوئی بات نکالے تو اس کا کیا ٹھکانا مگر ہاں اکثر دیندار متقی پرہیزگار اس مسئلہ کو قبول کریں تو البتہ وہ

السنۃ اوسنۃ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کانوا افضل ہذہ الامۃ ابرہا قلوبا واعمقہا علما واقلہا تکلفا اختارہم اللہ لصحبۃ نبیہ ولاقامۃ دینہ فاعرفوا لہم فضلہم واتبعوہم علی آثارہم وتمسکوا بما استطعتم من اخلاقہم وسیرہم فانہم کانوا علی الہدی المستقیم الحدیث پس دونوں حدیث نے سنت کو بدرجہ التزام واستنان طریقہ صحابہؓ کو واجب کر دیئے ہیں الخ سو امر عبادت میں واجب ہے کہ طریقہ وسنت صحابہ

بھی معتبر ہے انتہی، اب دیکھئے اس عبارت سے صاف ثابت ہے کہ کسی مولوی مشائخ کی نکالی ہوئی بات کو اگر سارا جہان متفق ہوکر مانے تو ملا کثر دیندار متفق اس کو مان لیں تو وہ بھی حق اور معتبر ہے پس اس مسئلہ میں مولوی اسماعیل صاحب اور نیز مولوی محمد قاسم صاحب تابع فقہا اور محدثین کے ہیں کہ مسئلہ مختلف فیہ میں متفق ہو جانا اکثر علماء دین کا ایک حجت ہے دلیل حقیقت کی ہو یہ مسئلہ خاص ان کی زبان کو ہم نے تسلیم کر لیا اگر موقع استحسان مولد شریف میں یہ صاحب یا ان کے تابعین اس دلیل سے باہر ہوتے لگیں تو ہم ان لوگوں پر کچھ دار و غم ہو کر متوکل نہیں ہوئے کہ ان کے دل و زبان کو امر حق کی طرف جبراً پھیر دیں خود حضرت ہادی انام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ نسبت یہ ارشاد ہے لست علیہم بمصیطر اور دوسری جگہ فرمایا انک لا تہدی من احببت ہمارا ذمہ تو تصحیح امر حق تھا وہ کر چکے جس لفظ کی قید مولوی اسماعیل صاحب نے نکالی ہے یعنی دیندار متقی پرہیزگاروں سے جواز محفل مولد شریف ثابت کر چکے مثل امام ابو شامہ و ابو الخیر سخاوی و ابن جزری و سیوطی و قسطلانی وغیرہم جن کے نام المعونامہ میں ہم نے لکھے ہیں اور جو شخص شاہ ولی اللہ صاحب کے سلاسل طریقت اور اسانید علم حدیث سے واقف ہوگا اس پر یہ بات مخفی نہیں ہوگی کہ ان مجوزین مولد شریف میں وہ علما بھی ہیں جو شاہ ولی اللہ صاحب کے مشائخ حدیث اور شیوخ طریقت کے پیشوا ہیں پس تحقیق کو پہنچا چکے ہم یہ بات کہ مولد شریف کرنا جم غفیر سے ثابت ہے اور یہ مضمون حدیث اور فقہ سے اور ان کے علماء مستندین سے ثابت کر چکے کہ جو چیز جم غفیر سے ثابت ہو وہ معتبر اور ماخوذ بہا در معتمد علیہ لازم الاتباع ہو جب دو نوں مقدمہ صحیح ثابت ہو چکے تو یہ بخوبی ثابت ہو گیا کہ مولد شریف کرنا معتبر ماخوذ معتمد علیہ لازم الاتباع ہے والسلام علی من اتبع الہدی مناجات بدرگاہ مجیب الدعوات یا اللہ میں تیرا بندہ ہوں تو سمیع و علیم ہے سنتا ہے جمیع اقوال کو جانتا ہے دلوں کے احوال کو میں نے یہ کتاب لکھی ہیں نے یہ کتاب مگر اس لئے کہ افراط و تفریط جانبین کی دور ہو ہر فریق اپنی غلو و تعصب سے نفور ہو اگر حضرات مانعین پر باعث تکفیر و تفسیق اہل ایمان چند تنبیہات ہیں تو طرف ثانی کو بھی اصلاح نیت و تصحیح اعمال کے لئے ہدایات بینات ہیں اور مبنی کیا میں نے اپنے جمیع مسائل و دلائل کو ان علماء مقبولین کی دلائل و اقوال پر کہ وہ دنیا میں کالبدر المنیر مشہور ہیں اور کتابیں ان کی ان ملکوں میں جا بجا موجود اور حوالہ دے چکا ہوں میں ہر ایک مسئلہ میں تصانیف سلف صالحین کا بس میرا میرا جو قول ہے وہ فی الحقیقت انہی مقبولین کا قول ہے یا اللہ ان مقبولین کے توسل سے قبول کیجئو مجھ سے یہ کتاب اور کیجئو اس کو فریقین کے لئے فصل الخطاب یا اللہ اس کتاب کی ہر دلیل مظہر الحق اور شک میں پڑے ہوؤں کو دافع الاوہام ہو یہ کتاب تسکین بخشی براہین حقانی سے راحت قلوب مستہام ہو یا اللہ میری کل مساعی مشکور ہوں اور یہ انوار ساطعہ اندھیری گور کا چراغ ہو میری قبر بہار جنت کا باغ ہو اے ناظرین انوار ساطعہ کہو تم میرے حق میں دعا آمین یا رب العالمین آمین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ؛ فقط تمام شد

تمت

کو ہر مسلم عاقل اپنا امام بنا لے اور اس کے موافق عمل کرے اور خلاف قول و فعل ان کے قول کسی عالم کا اور تو ارث اور استحسان کسی کا ہرگز قابل التفات و اعتبار فی الدین کے نہیں مؤلف نے لاطائل تطویل کی اور کوئی نفع اس کو اس سے حاصل نہیں ہوتا کما لا یخفی علی من وفق للفہم والسداد واللہ الہادی الی سبیل الرشاد والحمد للہ علی آلہ ونوالہ کہ برہان رابع تمام ہوئی وتمت کلمۃ ربک صدقا وعدلا اور اطفاء انوار باطلہ انوار ساطعہ کا کما ینبغی حاصل ہوا ذہب اللہ بنورھم وترکھم فی ظلمت لا یبصرون بس بعد اس براہین قاطعہ کے بھی اگر مؤلف اور اس کے مشرب بدعت کو تنبیہ نہ ہو تو من یضلل فلا ھادی لہ کا مورد ہے اور اب بھی اگر ظلمات ضلالۃ بدعت پر تبصرہ نہ ہو تو ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور کا مصداق ہے نجانا اللہ تعالیٰ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ وصلی اللہ علی سیدنا ومولانا محمد ھادی الامۃ وکاشف الغمۃ الذی ترکنا علی مثل البیضاء لیلھا ونھارھا سواء وعلی آلہ وصحبہ واتباعہ سرج الامۃ ومصابیح الظلمۃ صلوۃ دائمۃ کما یحب ربنا ویرضی وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

تمت

ل اور پوری ہوئی بات تیرے رب کی سچائی اور انصاف میں ۔ ٢ اور جس کو اللہ تعالیٰ روشنی نہ دے اس کو کہیں روشنی نہیں مل سکتی ۔١٢

تقریظ کتاب براھین قاطعہ جیدہ قلم فیض رقم جناب قدوۃ المحققین زبدۃ الفقہا والمحدثین عمدۃ الصلحاء والکاملین حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی مدفیوضہم،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامدًا و مصلیًا۔ امابعد احقر الناس خادم الطلبہ بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ نے اس کتاب مستطاب براہین قاطعہ کو اول سے آخر تک بغور دیکھا الحق کہ بندہ کے نزدیک رد اور جواب کافی اور الزام وحجت تامی ہے اور فی الواقع یہ براہین قاطعہ اپنے مصنف کی وسعت نورِ علومِ دینیہ فسحت ذکا و فہم و حسن تقریر و بہار تحریر پر دلیل واضح اور اقوال مخالف کے باحسن البیان فاضح ہے لہٰذا یہ احقر الناس اس کتاب کو ملقب بالدلائل الواضحہ علی کراہۃ المروج من المولود والفاتحہ کرتا ہے حق تعالیٰ اس کے مؤلف کے علم و فہم میں برکت اور اس کی خیرات و مبرات میں عموماً اور اس تالیف نفیس میں خصوصاً کرامت قبولیت عطا فرما دے اور اس کو موجب ندامت و توبہ اہل بدعت کا اور سبب استقامت اور تثبت متبعین سنت کا بنا کر مقبول مقبولین و معمول عاملین فرمائے آمین وما ذلک علی اللہ بعزیز واللہ تعالیٰ ولی التوفیق وصلی اللہ تعالیٰ علی سید الکائنات وآلہ وصحبہ اھل الدرجات عدد ما یحب و یرضی ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

تاریخ طبع اوّل کتاب براھین قاطعہ از جناب قامع البدعۃ محی السنۃ مولوی محمد حسین صاحب فقیر

[illegible]	چوں اختطاف برق براھین حق رسید تاریخ او دست بے سر طغیان دگفتہ گو		شد باعث ذہاب با نوار ساطعہ بدعات قطع کرد براھین قاطعہ	۱۳۰۲ھ

تاریخ ۴ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۱ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقل خط فیض نمط حضرت سیدنا ومرشدنا جناب حاجی شاہ امداد اللہ صاحب مہاجر مکہ معظمہ سلمہ اللہ تعالیٰ[1]

التماس مشتہر

بعد حمد وصلوٰۃ کے واضح رائے ناظرین ہو کہ امسال جو بعض حجاج مکہ معظمہ سے بعد فراغ حج بیت اللہ وزیارت روضۂ اطہر جناب سرور عالم فخر بنی آدم رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم وزیارت حضرت حجۃ الاصفیاء تاج الاولیاء زبدۃ المقربین عمدۃ الواصلین شمس الحقیقۃ والعرفان بدر الطریقۃ والاحسان حجۃ اللہ تعالیٰ البالغۃ برہان الملۃ المستنیفۃ مرجع عالم منبع الفیض الاتم بحر الحقائق والاسرار مصدر العلوم والانوار صاحب المقامات العلیۃ والافضال والدرجات الرفیعۃ الصدیق الاعظم والقطب الافخم وسیدنا الحاج شاہ امداد اللہ الفاروقی الچشتی المہاجر فی المکۃ المعظمۃ لازالت شموس فیوضہ بازغۃ وبدور مکارمہ طالعۃ ہندوستان کو واپس آئے تو ایک نقل نامہ والا حضرت موصوف الصدور سلمہ کی جو ذیل میں درج کیجاتی ہے ساتھ لائے کہ جس کی تحریر کی وجہ حضرت سلمہ کو یہ پیش آئی کہ ایک مولوی نذیر احمد خاں نامی ساکن رام پور فی الحال مدرس مدرسہ احمد آباد گجرات نے ایک خط طویل جس میں چند اعتراضات براہین قاطعہ کے مضمون پر کئے ہیں روانہ خدمت عالیہ حضرت حاجی صاحب سلمہ کیا اس خط میں علاوہ اعتراضات کے تکفیر علماء ربانیین کی نوبت پہنچائی چنانچہ ان اعتراضات کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاوے گا۔

الحاصل اس نامہ والا حضرت موصوف سلمہ کو دیکھ کر اور اسکے مضامین سے بقدر استعداد واقف ہو کر یہ خیال میں آیا کہ چونکہ اس تحریر میں حضرت سلمہ نے افراط وتفریط سے اغماض فرما کر طریق وسط کو جو خیر امت کی علامت ہے اختیار فرمایا ہے اور اصلاح خلق اور رفع اختلافات کو مد نظر رکھا اور حق گوئی میں پرواہ مطاعن طاعنین نہیں فرمائی علاوہ ازیں بیان بھی ایسا مدلل اور قوی ہے کہ باوجود اختصار کے مطالب مرقومہ بوجہ احسن منکشف ہیں صاف صاف الفاظ میں مسائل متنازعہ کو ایسی طرح بیان فرمایا کہ کسی کو گنجائش چون وچرا نہ رہی عقل ونقل وشریعۃ وحقیقۃ کو باہم ایسا ربط دیا کہ کسی کو سوائے تسلیم مجال گفتگو نہیں اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ اس خط حضرت حاجی صاحب سلمہ کو طبع کرا دیا جاوے کہ اس تحریر سراپا ہدایت کو اہل انصاف علی الخصوص معتقدین ومریدین حضرت سیدنا جناب حاجی صاحب موصوف سلمہ دیکھ کر اختلاف باہمی سے کنارہ کریں اور تحریرات طرفین کے لئے یہ خط محاکمہ ہو جاوے اور نیز یہ بھی معلوم ہو جاوے کہ حضرت سیدی ومرشدی جناب حاجی صاحب عم فیضہ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی سلمہ اللہ تعالیٰ جو خاص خلیفہ حضرت سلمہ کے ہیں ان مسائل میں ---------------------- متفق ہیں کسی قسم کی

---

[1] چنانچہ حضرت سیدنا جناب حاجی صاحب سلمہ ضیاء القلوب کے صفحہ ۷۶ میں ارقام فرماتے ہیں و نیز ہر کس کہ ازیں فقیر محبت وعقیدت وارادت دارد مولوی رشید احمد صاحب سلمہ و مولوی محمد قاسم صاحب سلمہ را کہ جامع جمیع کمالات علوم ظاہری وباطنی اند بجائے من فقیر راقم اوراق بلکہ بمدارج فوق از من

مخالفت باہم نہیں جیسا کہ عوام میں مشہور ہو گیا اور اس تحریر بابرکت کے دیکھنے سے حلم و اخلاق حضرت سلمہ کا سب پر عیاں ہو جاوے گا کہ باوجود
یکہ مسائل یعنی مولوی نذیر احمد خاں اپنے خط میں بہت کچھ سب و شتم و تکفیر و تذلیل کو کام میں لائے ہیں لیکن حضرت سلمہ نے کوئی امر خلاف
داب علماء تحریر نہیں فرمایا اور نہ ان کی سب و شتم کا جواب ترکی بترکی دیا بلکہ نفس مطلب سے بحث فرمائی اور اصلاح باہمی مدنظر رکھی علاوہ
اریں چونکہ حضرت عم فیضہم نے وقت تحریر جواب یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ مولوی عبدالسمیع کو بھی ان ہی مسائل میں شبہ ہے ایک نقل اس کی ان
کے پاس بھی جانا مناسب ہے اس لئے بر طبع کراتے ہیں یہ بھی نفع سمجھا گیا کہ مولوی عبدالسمیع یا جس کسی صاحب کو ان مسائل میں اشتباہ

شمارند اگرچہ بظاہر معاملہ بر عکس شد کہ اوشاں بجائے من و من بمقام اوشاں شدم و صحبت اوشاں را غنیمت نا مند کہ ایں چنیں کساں دریں زمان نایاب اند
واز خدمت بابرکت ایشاں فیضیاب بودہ باشند و طریق سلوک کہ دریں رسالہ نوشتہ شد در نظر اوشاں تحصیل نمایند انشاء اللہ تعالیٰ بے بہرہ نخواہد ماند اللہ تعالیٰ
در عمر شاں برکت دہاد واز تمامی نعماء عرفانی و کمالات تربیت خود مشرف گرداند و بمراتبات عالیات رساند واز نور ہدایت ایشاں عالم را منور گرداند و تا قیامت
فیض اوشاں جاری دارد بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد انتہی بلفظہ ، احقر کاتب الحروف کہتا ہے کہ خدائے پاک نے حضرت حاجی صاحب سلمہ کی دعا ان حضرات
کے بارہ قبول فرمائی چنانکہ ان کے نور ہدایت سے عالم کو منور فرمایا اور نیز جناب حاجی صاحب سلمہ نے بارہا یہ فرمایا کہ جو کچھ ضیاء القلوب میں ان
حضرات کی شان میں کلمات لکھے گئے ہیں وہ میں نے اپنی طرف سے نہیں لکھے بلکہ بامر حق جل و علی والہام غیبی لکھے گئے و کفی بہ فضلاً والحمد للہ تعالیٰ
پس حضرت مولانا رشید احمد صاحب سلمہ پر طعن کرنا بعینہ حضرت حاجی صاحب سلمہ پر طعن ہے مخالفین اپنا انجام سوچیں اور تائب ہوں وما علینا الا البلاغ

لہ کیونکہ جو کچھ حضرت سیدنا جناب حاجی صاحب نے مسائل متنازعہ کی نسبت اس خط میں تحریر فرمایا ہے بعینہ وہی مسلک حضرت مولانا رشید احمد صاحب کا
ہے ۱۲ ۔ لہ چنانچہ مولوی احمد حسن صاحب پنجابی مدرس مدرسہ کانپور وغیرہ کو بھی اس مسئلہ میں اشتباہ واقع ہوا اور معتبرین و متکلمین کے کلام میں لفظ محال
و ممتنع دیکھ کر قدرت باری کی نفی کر دی حالاں کہ وہی حضرات دوسری جگہ خلاف وعدہ کو داخل قدرت فرماتے ہیں پس معلوم ہوا کہ وہ حضرات وقوع کذب کو
محال لکھتے ہیں اور ان کی مراد محال و ممتنع سے محال بالغیر و ممتنع بالغیر ہے ورنہ خدائے پاک قادر علی الاطلاق کو خلاف وعدہ وعید و خلاف مقدرات کے کرنے
سے مجبور کہنا پڑے گا وہو باطل بالاجماع ، تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ مثلاً زید جس کی تقدیر میں عالم ہونا اور عمرو جس کے مقدر میں جاہل ہونا لکھا گیا یا ایک
شخص کیلئے جنت کا وعدہ ہوا اور دوسرے کو دوزخ میں ڈالنے کا حکم ہو سو اگر اس تقدیر یا وعدہ وعید کا خلاف ہوگا تو لوح محفوظ میں یا وحی میں خلاف واقع ہونا
ثابت ہوگا اور یہی کذب ہے مگر اس عدم وقوع سے یہ لازم نہیں آتا کہ خدا تعالیٰ کو خلاف کرنے پر بھی قدرت نہ رہی ورنہ زید عالم کا جاہل کرنا اور عمرو جاہل کا
عالم بنانا اور جنتی کا دوزخ میں لیجانا اور اس کا عکس قدرت خدائے پاک سے خارج ماننا پڑے گا بلکہ یہ لازم آئیگا کہ تمام کائنات کے لئے جو کچھ ایکبار مقدر
کر دیا گیا اس کے خلاف سے خدا تعالیٰ عاجز ہے معاذ اللہ مولوی احمد حسن صاحب بلا تدبر و تفقہ رسالہ لکھنے کو تو موجود ہو گئے پر نہ سمجھے کہ اس مسئلہ کے انکار اور
اہل حق کی تضلیل سے بالکل خدا تعالیٰ کا عجز لازم آتا ہے اور عقیدہ اہل سنت بلکہ اہل اسلام کے خلاف پر عوام کو جمانا ہے لفظ کذب سے گھبرا کر کمال د
قدرت جناب باری کی نفی کرنا بعینہ ایسا ہے جیسا کوئی شخص خنزیر وغیرہ وار ذل مخلوقات دیکھ کر یا افعال و اعمال سیئہ و شرور انسانی کو لحاظ فرما کر خدا
تعالیٰ کو ان چیزوں کے خالق کہنے سے انکار کرے اور خدا تعالیٰ کے تنزیہ اسی میں سمجھے اور یہ کہنے لگے کہ خدا تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ ایسے برے
افعال اور بدترین مخلوقات کو پیدا فرماوے سو جیسا اس شخص کا یہ کہنا اہل حق کے نزدیک مسلم نہیں بلکہ سب جانتے ہیں کہ مخلوقات کے نقص سے
خدائے پاک تک نقص نہیں پہنچتا اور اس کی تنزیہ میں کچھ فرق نہیں آتا ایسے ہی قضیہ کاذبہ خلاف واقع کے پیدا کرنے سے خدائے پاک میں
کیوں نقص آئے گا جو بدیں وجہ قادر مطلق کی قدرت کا انکار کیا جاوے ۱۲ ۔

ہو اس جواب حضرت حاجی صاحب سلمہ سے اپنی تسکین کرے اور چوں کہ اس تحریر کی اشاعت سے صرف اصلاح طرفین و رفع فتنہ و خلافات باہمی مقصود ہے نہ اظہار نفسانیت و عناد بس اگر کسی صاحب کو اس تحریر کی حقیقت میں شبہ ہو تو حضرت سیدی و مولائی جناب حاجی صاحب سلمہ سے بذریعہ تحریر تصدیق کرے اور مولوی نذیر احمد خاں صاحب مکتوب الیہ کے پاس بھی یہ تحریر موجود ہے امید ہے کہ وہ بھی بلا کم و کاست اظہار واقعی فرمائیں گے اور اصل تحریر کو نہ چھپائیں گے اور نیز جناب مولوی حاجی محمد عزیز الرحمٰن صاحب دیوبندی جو قریب ایک سال سے حرمین شریفین میں تھے وقت تحریر صحیفہ بھی حضرت حاجی صاحب سلمہ کی خدمت میں حاضر تھے اس امر کے شاہد ہیں اور نقل اصل خط حضرت موصوف کی اپنے پاس بھی رکھتے ہیں اور چوں کہ کاتب حروف کی غرض اشاعت سے صرف اصلاح و تسکین فتن ہے اسلئے مصداق حدیث الدال علی الخیر کفاعلہ امید اجر رکھتا ہے اور بصد عجز و زاری جناب باری عز و علی میں ملتجی ہے کہ اس تحریر حضرت والا سلمہ کو باعث رفع فتنہ و نزاع باہمی فرمائے اور نیز ناظرین حق بین اور انصاف پرست کی خدمت والا میں ملتمس ہے کہ اس تحریر کو بغور ملاحظہ فرمائیں اور کاتب کی اصل اشاعت کو کسی اور غرض پر محمول فرما کر مطعون و ملام نہ فرمائیں نقل سوالات سائل ہیں سائل کے نفس مطلب کو بوجہ اختصار لکھا ہوں سب و شتم و تکفیر و تضلیل جو اصل خط سائل میں مندرج ہے وہ بوجہ تطویل درج تحریر لہٰذا نہیں کیا اصل خط بندہ کے پاس موجود ہے جواب حضرت سلمہ بجنسہ نقل ہوگا

خلاصہ اعتراض

پہلا اعتراض :۔ براہین قاطعہ میں یہ لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے کذب ممکن ہے اس مسئلہ کی وجہ سے کتب الٰہیہ میں احتمال جھوٹ کا پیدا ہو سکتا ہے یعنی مخالفین کہہ سکتے ہیں کہ شاید قرآن ہی جھوٹا ہے اور اس کے احکام ہی غلط ہیں اور براہین قاطعہ کی اس تحریر کی وجہ سے بہت لوگ گمراہ ہو گئے

دوسرا اعتراض :۔ براہین قاطعہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بشریت میں مثل جملہ مخلوقات کے کہکر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو سب کی برابر کر دیا اور ہامان و فرعون بھی اس اعتبار سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی برابر ہو گئے یہ بات کفر کی ہے

تیسرا اعتراض :۔ براہین قاطعہ میں مجلس میلاد کو بدعت ضلالہ کہا اور فاتحہ اور محفل میلاد کرنیوالوں کو ہنود اور روافض لکھا،

چوتھا اعتراض :۔ براہین قاطعہ میں دیوبند کو حرمین شریفین پر ترجیح دی،

پانچواں اعتراض براہین قاطعہ میں لکھا ہے کہ جو ایک وتر پڑھے اس کے ایمان کا کیا ٹھکانا ہے پس یہ اعتراض امام شافعیؒ و صاحبینؒ وغیرہ تک جو تین وتر کے قائل ہیں پہنچتا ہے اس سے لازم آتا ہے کہ ان کے ایمان کا بھی ٹھکانا نہ ہو، نعوذ باللہ

چھٹا اعتراض :۔ براہین قاطعہ میں یہ صاف لکھدیا ہے کہ مسائل مختلف فیہا بین الحنفیہ والشافعیہ میں بلا ضرورت دوسرے کے مذہب پر عمل کرے

نقل خط حضرت حاجی صاحب سلمہٗ

نحمد اللہ العلیم القدیر الدیان الذی کشف بمحض فضلہ علی من اصطفی من عبادہ حقائق العلوم والبیان ونصلی ونسلم علی عبادہ الذین اصطفیٰ لاسیما علی اشرف الرسل والانبیا سیدنا محمدن المصطفیٰ وآلہ وصحبہ النجبا ما الاتقیاء اما بعد از فقیر امداد اللہ چشتی فاروقی عفا اللہ عنہ بخدمت مولوی نذیر احمد خاں صاحب بعد سلام تحیۃ اسلام آنکہ آپ کا خط آیا مضمون سے مطلع ہوا ہر چند کہ بعض وجوہ سے عزم تحریر جواب نہ تھا مگر بغرض اصلاح اور توضیح براہین قاطعہ بالاختصار لکھا جاتا ہے شاید اللہ تعالیٰ نفع پہنچاوے ان ارید الا الاصلاح ما استطعت وما توفیقی الا باللہ

جواب اول۔ واضح ہو کہ امکان کذب کے جو معنی آپ سمجھے ہیں وہ بالاتفاق مردود ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف وقوعِ کذب کا قائل ہونا باطل ہے اور خلافِ نص صریح ہے ومن اصدق من اللہ قیلا، ان اللہ لا یخلف المیعاد وغیرہما آیات کے وہ ذات پاک مقدس ہے شائبہ نقص و کذب وغیرہ سے باختلاف علماء کا جو در بارہ وقوع خلاف وعید ہے جس کو صاحب براہین قاطعہ نے تحریر کیا ہے دراصل کذب نہیں صورت کذب ہے اس کی تحقیق میں طول ہے الحاصل امکان کذب سے مراد دخول کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ وعید فرمایا ہے اس کے خلاف پر بھی قادر ہے اگرچہ وقوع اس کا نہ ہو امکان کو وقوع لازم نہیں بلکہ ہو سکتا ہے کہ کوئی شیئ ممکن بالذات ہو اور کسی وجہ خارجی سے اس کو استحالہ لاحق ہوا ہو چنانچہ اہل عقل پر مخفی نہیں پس مذہب جمیع محققین اہل اسلام و صوفیائے کرام و علمائے عظام کا اس مسئلہ میں یہ ہے کہ کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ ہے پس جو شبہات آپ نے وقوع کذب پر متفرع کئے تھے وہ مندفع ہو گئے کیونکہ وقوع کا کوئی قائل نہیں ہے یہ مسئلہ دقیق ہے عوام کے سامنے بیان کرنے کا نہیں اس کی حقیقت اور ادراک سے اکثر ابنائے زمانہ قاصر ہیں آیات و احادیث کثیرہ سے یہ مسئلہ ثابت ہے ایک ایک مثال قرآن و حدیث کی لکھی جاتی ہے ایک جگہ ارشاد جناب باری ہے قل ہو القادر علی ان یبعث علیکم عذابا الآیۃ اور دوسری جگہ فرمایا

---

۱ کیونکہ فساق مومنین کے لئے مثلاً جو کچھ وعید و تہدید آیات و احادیث میں فرمائی گئی ہیں وہ عموماً باعتبار استحقاق عذاب سزائے نفس اعمال بلا تخصیص مقرر فرمائے گئے ہیں پھر اس کے ساتھ یہ بھی فرما دیا کہ ہم ان میں سے جس کو چاہیں بلا تعذیب بخش دیں پس اس وعید کا خلاف کذب نہیں چنانچہ بعض اہل عصیان مومنین کا بلا تعذیب جنت میں جانا اور خدا تعالیٰ کا ان کو محض اپنی رحمت سے بخش دینا احادیث میں مصرح ہے البتہ کفار کے لئے دوزخ میں جانا وعید قطعی ہے اس کا خلاف کذب ہے اس لئے کفار جنت میں نہ جاویں گے مگر کفار کا جنت میں داخل کرنا قدرۃ خداوندی میں داخل ہے یہی معنی امکان کذب کے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کذب پر قادر ہے پر وقوع اس کا نہ ہوگا ۱۲۔ ۲ جیسے رسول خدا خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل اصل میں ممکن ہے یعنی خدا تعالیٰ قادر ہے کہ آپ کا مثل پیدا کرے کیونکہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ مثل الممکن ممکن جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ممکن ہیں واجب نہیں مخلوق ہیں خالق نہیں تو آپ کا نظیر بھی ممکن افعیینا بالخلق الاول مگر چونکہ وعدہ الٰہی ہو چکا کہ کمالات نبوت و رسالت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو چکی اور آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اس لئے وقوع نظیر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا محال ہو گیا ہے محال بالغیر علیٰ ہذا زید مثلاً جس کی تقدیر میں عالم ہونا لکھا گیا اس کا جاہل ہونا بالذات ممکن یعنی خدا تعالیٰ کی قدرت میں داخل ہے پس چونکہ خدا تعالیٰ کا لکھا ہوا بدلتا نہیں اس لئے زید کا جاہل ہونا محال بالغیر ہو گیا اسی طرح غیر متناہی مثالیں اس کی موجود ہیں ۱۲ ۳ معترض کے شبہات کی بنا وقوع کذب پر تھی کیونکہ قرآن شریف میں مثلاً احتمال کذب اسی وقت ہے کہ کذب کے وقوع کا کوئی قائل ہو ہرگاہ وقوع کذب باری تعالیٰ محال ہو یا استحالہ کسی وجہ سے ہوا احتمال کذب کلام اللہ بھی غلط اور نیز واضح ہو کہ ہرگاہ جناب حاجی صاحب سلمہ نے جمیع محققین اہل اسلام و صوفیہ کرام کا مذہب امکان کذب بمعنی دخولہ تحت القدرۃ تحریر فرمایا تو اب منکرین اپنا انجام سوچیں کہ وہ کس گروہ میں داخل ہیں ۱۲ ۴ مگر جب دیکھا کہ اس زمانہ کے معمولی مغالطات کے بھروسہ قدرت خداوندی کی نفی کرنے لگے اور اہل حق کی تکفیر و تذلیل پر آمادہ ہوئے تو بضرورت اظہار اس مسئلہ کا کرنا پڑا ۱۲ منہ ۵ اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے تمہارے اوپر عذاب بھیجنے پر اور آیت ثانیہ کا حاصل یہ ہے کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بدولت آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں عذاب نہ آئے گا پس اس وعدہ کی وجہ سے دنیا میں بے شک عذاب نہ آئے گا مگر آیت اولیٰ سے اس کا قدرت الٰہی میں داخل ہونا معلوم ہوا وہو المدعیٰ ۱۲ منہ ۶ بدلالۃ عرف و عقل کے ثابت ہے کہ خلاف وعدہ کے قدرت میں داخل ہونے سے کذب کا داخل قدرۃ ہونا لازم آتا ہے بلکہ احادیث میں مصرح ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے خلاف وعدہ عہد کو کذب سے تعبیر کیا چنانچہ قصہ ابوہریرہؓ میں جو ان کو شیطان لعین کے ساتھ غلہ صدقہ میں پیش آیا اور شیطان نے یہ عہد کیا کہ میں پھر نہ آؤں گا مگر جو گیا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ شیطان پھر آئے گا اور اپنا

وما کان اللّٰہ لیعذبہم وانت فیہم الآیۃ آیۃ ثانیہ میں نفی وقوع عذاب کا وعدہ فرمایا اور ظاہر ہے کہ اگر اس کا خلاف ہو تو کذب لازم آئے مگر آیت اولیٰ سے اس کا تحت قدرت باری تعالیٰ داخل ہونا معلوم ہوا پس ثابت ہوا کہ کذب داخل تحت قدرۃ باری تعالیٰ جل علیٰ ہے کیوں نہ ہو وہو علیٰ کل شیئ قدیر، احادیث کو دیکھئے کہ عشرہ مبشرہ مثلاً بالیقین جنتی بارشاد نبوی جو حقیقۃً وحی الٰہی جل علیٰ ہے ہو چکی مگر چونکہ صحابہ کرام جانتے تھے کہ خدائے پاک مجبور نہیں ہے اس لئے نظر بقدرۃ وجلال کبریائی ڈرتے ہی رہے بلکہ خود سرور کائنات علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات جن کی شان میں لیغفر لک اللّٰہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر ہے فرماتے رہے واللّٰہ ما ادری وانا رسول اللّٰہ ما یفعل بی ولا بکم او کما قال واللّٰہ تعالیٰ یحق الحق وھو یھدی السبیل،

جواب ثانی:۔ علیٰ ہذا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا بشریت میں شریک و مثل ہونا جملہ بشر کے بنص قرآنی ثابت ہے اس کا انکار نص کا انکار ہے مگر ایک وصف میں شامل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ جمیع اوصاف میں شامل ہوا گر یہ سو برابری کا دعویٰ کوئی نہیں کرتا خود براہین قاطعہ میں آیت انما انا بشر مثلکم کی شرح کے بعد صاف لکھدیا ہے، کہ جملہ یوحی الی سے علو مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور امتیاز معلوم ہو گیا مگر شاید کہ براہین قاطعہ کی اگلی عبارت کو بنظر انصاف نہیں دیکھا اس لئے تکفیر علماء و صلحاء پر مبادرت کر کے اپنا خیال کیا یہ طعن تو در پردہ خود سرور کائنات بلکہ خالق موجودات تک پہنچتا ہے کیوں کہ انما انا بشر مثلکم کے اظہار و بیان کا ارشاد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جناب باری تعالیٰ جل علیٰ کی طرف سے ہوا ہے فاعتبروا یا اولی الابصار

وعدہ اور عہد پورا نہ کرے گا اس لئے اس کو کاذب فرمایا لفظ کذب جو حدیث میں موجود ہے شاید دعویٰ ہے یعنی شیطان تجھ سے جھوٹ بول گیا پس بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ وعدہ کا خلاف کرنا تو داخل قدرت جناب باری ہے پر کذب داخل قدرت نہیں محض سفسطہ عقلی ہے ؎ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے یعنی محدثات و ممکنات خواہ برے ہوں یا اچھے سب اس کی قدرت میں ہیں ذات و صفات قدیمہ ازلی ابدی ہیں ان میں حدوث ممکن نہیں اس لئے وہ اس سے خارج ہیں ۱۲ ؎ عشرہ مبشرہ یعنی دس صحابی جن کو ایک دفعہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے دخول جنت کی بشارت دی ۱۲ ؎ کیوں کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ جس کے لئے قطعاً جنت کا وعدہ فرمایا اس کو دوزخ میں ڈال دے اور دوزخی قطعی کو جنت میں داخل کرے اگرچہ اس کے عدل و کرم سے ایسا نہ ہوگا پر اس کی قدرت و جلال کے سامنے چون و چرا کی مجال نہیں وہو القاہر فوق عبادہ وہو الحکیم الخبیر ۱۲ ؎ تاکہ بخشے اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ اگلے پچھلے ۱۲ ؎ قسم اللہ تعالیٰ کی نہیں جانتا ہوں میں حالانکہ میں رسول خدا تعالیٰ کا ہوں کہ کیا کیا جائے گا ساتھ میرے اور نہ یہ کہ کیا معاملہ ہوگا ساتھ تمہارے ظاہر ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا نظر بقدرۃ جلال و کبریائی ہے ورنہ آپ کو وعدہ الٰہی پر پورا وثوق تھا ۱۲ ؎ معترض کا یہ کہنا کہ ہامان و فرعون کی برابر سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم کے کہدیا نہایت درجہ کی بلادت اور گستاخی ہے رسول اللہ کے کمالات تو اور انبیاء کو بھی عطا نہیں ہوئے اور کوئی نبی کمالات میں آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے برابر نہیں چہ جائیکہ فرعون و ہامان مگر یہ خوش فہمی معترض کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بشر اور مخلوق کہدینے سے فرعون و ہامان کی برابری ثابت کردی کیا معترض کے نزدیک جملہ انبیاء علیہم السلام اور امتی اور مومنین و کفار یکساں ہیں معاذ اللہ، یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم و دیگر انبیاء معترض کے نزدیک مخلوق و بشر ہونے سے خارج ہیں آں حضرت صلے اللہ علیہ والہ وسلم و نیز دیگر انبیاء کا کمال تو عبدیت ہی میں ہے سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ ۔ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین ۱۲

جواب ثالث ۔ اسی طرح صاحب براہین قاطعہ نے نفس ذکر میلاد کو بدعت ضلالہ نہیں کہا قیودات زائدہ محرمہ مکروہہ کہا ہے اور نہ نفس ذکر و قیام کرنے والوں کو ہنود و روافض لکھا بلکہ عقیدہ باطلہ پر حکم حرمۃ مشابہۃ روافض و ہنود کا لگایا ہے چنانچہ خود فتوی جناب مولوی احمد علی صاحب مرحوم اور مولوی رشید احمد صاحب سلمہ میں یہ امر مصرح موجود ہے کہ نفس ذکر میلاد کو وے باعث حسنات و برکات لکھتے ہیں اور براہین قاطعہ میں مکرر اس کو ظاہر کیا ہے انصاف شرط ہے

جواب رابع ۔ ایسے ہی براہین قاطعہ میں دیوبند کو حرمین پر ترجیح نہیں دی ہے جو موجب استبعاد ہو بلکہ اس کتاب میں صاف لکھدیا ہے کہ دیوبند کو مثل بازار کے جو شر البلاد ہے سمجھو اور حرمین کو مثل مسجد کے جو خیر البلاد ہے مگر فتوی ایسی اعتبار علم ربانی منتقی کا ہے گو وہ کسی جگہ کا ہو بنظر تحقیق اس میں کسی کو کلام ہو سکتی ہے ،

جواب خامس ۔ ایسے ہی ایک وتر کی بحث میں جو آپ نے لکھا ہے کہ صاحب براہین کا اعتراض امام صاحب و صاحبین علیہ الرحمۃ تک پہنچتا ہے یہ کو محض تعصب بلا سفاہت ہے صاحب براہین اس شخص کو رد کرتے ہیں جو عموماً ایک وتر پڑھنے والوں پر طعن کرے کیوں کہ ایک وتر پڑھنے والے بعض صحابہؓ و ائمہؒ بھی ہیں حضرت امامؒ و صاحبینؒ نے کب ایک وتر پڑھنے والوں پر طعن کیا ہے اور وے کب طعن کر سکتے ہیں کہ اس طرف بھی صحابہ کبار و ائمہ اخیار ہیں صاحب انوار ساطعہ نے چونکہ بالعموم ایک وتر پڑھنے والوں کو مطعون کیا تھا حالانکہ ان میں صحابہؓ و ائمہ ہیں اس کو متنبہ کیا ہے اور اس گستاخی سے روکا ہے

جواب سادس ۔ صاحب براہین نے یہ کہیں نہیں لکھا کہ مسائل مختلف فیہا بین الحنفیۃ والشافعیۃ میں بلا ضرورت دوسرے کے مذہب پر عمل کرنا درست ہے اس میں یہ مضمون کسی جگہ نہیں شاید آپکو نقل قول امام ابن ہمام سے جو در بارہ تراویح لکھا ہے یہ شبہ پیدا ہوا ہے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں اول تو امام ابن ہمامؒ حنفی ہیں شافعی نہیں پھر صاحب براہین نے اس پر عمل ہونا نہیں لکھا اور نہ اس کو ترجیح دی فقط واللہ الموفق والہادی واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ،

۱؎ حضرت حاجی صاحب سلمہ نے جیسا اس تحریر میں قیودات زائدہ سے منع فرمایا ایسا ہی زبانی بھی بارہا قیودات زائدہ سے منع فرمایا اور نیز حضرت سلمہ کی دیگر تحریرات سے مخالفت عیاں ہے پس اس صورت میں اگر حضرت سلمہ نے کسی کو اجازت میلاد شریف کی دی تو اس کو نفس ذکر میلاد شریف پر محمول کرنا چاہیے ۱۲ اسی پس معترض کا یہ کہنا کہ براہین کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ امام صاحب و صاحبین رحمہم اللہ تعالیٰ کے ایمان کا بھی کیا ٹھکانا نہایت حمق و شقاوت ہے کیوں کہ ان حضرات نے ایک وتر پڑھنے والوں صحابہؓ و ائمہ کو کبھی طعن نہیں کیا اور نہ کلمات تحقیر ان حضرات کی شان میں لکھے مؤلف انوار ساطعہ نے بالعموم ایک وتر پڑھنے والوں کی نسبت کلمات ناشائستہ لکھے اس لئے اس کو گستاخی سے روکا گیا اور سمجھایا گیا کہ تحقیر احادیث و تحقیر سلف میں ایمان کا ٹھکانا نہیں ، اگر مؤلف انوار ساطعہ کہے کہ میری مراد حضرت صحابہؓ و ائمہ قائلین وتر واحد پر اعتراض کرنا نہیں تو یہ عذر گناہ بدتر از گناہ ہے کیونکہ اس کتاب میں بالتعمیم ایک وتر پڑھنے والوں پر اعتراض کیا ہے حکم شرع ظاہر پر ہے اور پھر سلف ہوں یا خلف جس امر میں وہ متبع حدیث نبوی ہیں اس فعل پر اعتراض نہیں ہو سکتا اور نہ اس کی تحقیر زیبا اعتراض جب ہے کسی احادیث یا اتباع ہونے کی وجہ سے ہے وجہ چاہیئے کہ فرق باطلہ و اہل ہوی جن عقائد و اعمال میں اہل حق کے موافق ہیں ان عقائد و اعمال پر بھی اعتراض کیا جائے پھر جب ایک وتر کے قائلین بھی صحابہؓ و اہل سنت ہیں تو اس فعل پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے فقط

تمام شد

ضمیمہ براہین قاطعہ

حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مصنف براہین قاطعہ پر تنقیص شان سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا ناپاک بہتان اور اس کا مفصل جواب

از مولانا محمد منظور نعمانی

مولوی احمد رضا خاں صاحب حسام الحرمین ص ۱۵ پر لکھتے ہیں:

وهؤلاء اتباع شيطان الآفاق
ابليس اللعين وهم ايضاً اذناب
ذلك المكذب الكنكوهي فانه
قد صرح في كتابه البراهين القاطعة
وما هي والله الا القاطعة لما امر
الله به ان يوصل بان شيخهم
ابليس اوسع علما من رسول الله
صلى الله عليه وسلم وهذا
نصه الشنيع بلفظه الفظيع
(ص ۴۷) شیطان وملک الموت کو الخ) ان
هذه السعة في العلم ثبتت
للشيطن وملك الموت بالنص

اور یہ شیطان آفاق ابلیس لعین کے پیرو ہیں اور یہ بھی اسی تکذیب خدا کرنے والے گنگوہی کے دم چھلے ہیں کہ اس نے اپنی کتاب "براہین قاطعہ" میں تصریح کی (اور خدا کی قسم وہ قطع نہیں کرتی مگر ان چیزوں کو جن کے جوڑنے کا اللہ عز وجل نے حکم فرمایا ہے) کہ ان کے پیر ابلیس کا علم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے اور یہ اس کا بُرا قول خود اس کے بد الفاظ میں ص ۴۷ پر ہے۔

شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص

وای نص قطعی فی سعۃ علم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتّٰی تُرَدَّ بہ النصوص جمیعا ویُثبت شرک وکتب قبلہ ان ھٰذا الشرک لیس فیہ حبۃ خردل من ایمان۔

کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے اور اس سے پہلے لکھا کر شرک نہیں تو کونسا ایمان کا حصہ ہے۔

پھر مؤلف براہین کو کچھ "صلواتیں" سنا کر چند سطروں کے بعد لکھتے ہیں:

وقد قال فی نسیم الریاض کما تقدم من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ علیہ وسلم فقد عابہ ونقصہ فھو ساب والحکم فیہ حکم الساب من غیر فرق لا نستثنی منہ صورۃ وھذا کلہ اجماع من لدن الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھم ثم اقول انظروا الی آثار ختم اللہ کیف یصیر البصیر اعمٰی، وکیف یختار علی الھدی العمٰی، یومن بعلم الارض المحیط لابلیس واذا جاء ذکر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ھذا اشرک وانما الشرک اثبات الشریک

اور بے شک نسیم الریاض میں فرمایا (جیسا کہ اس کا نص اصل کتاب میں گزر چکا ہے) کہ جو کسی کا علم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ بتائے اس نے بے شک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو عیب لگایا اور حضور کی شان گھٹائی تو وہ گالی دینے والا ہے اور اس کا حکم وہی ہے جو گالی دینے والا ہے، اصلاً فرق نہیں، اس میں سے ہم کسی صورت کا استثنا نہیں کرتے، اور ان تمام احکام پر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ سے اب تک برابر اجماع چلا آیا ہے۔ پھر میں کہتا ہوں کہ اللہ کی مہر کر دینے کا اثر دیکھو، کیونکر انکھیارا اندھا ہو جاتا ہے اور راہ حق چھوڑ کر چوپٹ ہونا پسند کرتا ہے۔ ابلیس کے لئے تو زمین کے علم محیط پر ایمان لاتا ہے اور جب

لله تعالیٰ فالشیٔ اذا کان اثباته
لاحد من المخلوقین شرکاً
کان شرکاً قطعاً لکل الخلائق
اذ لا یصح ان یکون احد شریکاً
لله تعالیٰ فانظروا کیف آمن بان
ابلیس شریک له سبحانه وانما
الشرکة منتفیة عن محمد صلی
اللہ تعالیٰ علیه وسلم ثم انظروا
الیٰ غشاوة غضب اللہ تعالیٰ
علیٰ بصره یطالب فی علم محمد
صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بالنص
ولا یرضیٰ به حتی یکون قطعیاً
فاذا جاء علیٰ سلب علمه صلی
اللہ تعالیٰ علیه وسلم تمسك
فی هذه البیان نفسه علی
صفحه ۴۶ لبتة اسطر قبل
هذا الکفر المهین بحدیث
باطل لا اصل له فی الدین
وینسبه کذباً الیٰ من لم یروه
بل رده بالرد المبین حیث
یقول روی الشیخ عبد الحق
قدس سره عن النبی صلی
اللہ تعالیٰ علیه وسلم انه قال

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آیا تو
کہتا ہے یہ شرک ہے، حالانکہ شرک تو اسی کا
نام ہے کہ اللہ عزوجل کے لئے کوئی شریک
ٹھہرایا جائے تو جس چیز کا مخلوق میں سے کسی
ایک کے لئے ثابت کرنا شرک ہو، وہ تو تمام
جہان میں جس کے لئے ثابت کی جائے یقیناً
شرک ہوگا کہ اللہ کا کوئی شریک نہیں ہو
سکتا۔ تو دیکھو ابلیس لعین کے اللہ عزوجل
کے ساتھ شریک ہونے کا کیسا ایمان رکھتا
ہے، شرکت تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے منتفی ہے پھر غضب الٰہی کا گھٹا
ٹوپ اس کی آنکھوں پر دیکھو۔ علم محمد صلی
اللہ علیہ وسلم میں تو نص مانگتا ہے اور نص
پر بھی راضی نہیں جب تک قطعی نہ ہو اور
جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی نفی
پر آیا تو خود اسی بحث میں صفحہ ۴۶ پر اس
ذلت دینے والے کفر سے چھ سطر پہلے ایک
باطل روایت کی سند پکڑی ہے جس کی دین
میں بالکل اصل نہیں اور انکی طرف اسکی نسبت
کر رہا ہے جنھوں نے اسے روایت نہ کیا
بلکہ اس کا صاف رد کیا کہ کہتا ہے شیخ عبد الحق روایت
کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم
نہیں حالانکہ شیخ نے "مدارج النبوۃ" میں

لا اعلم ما وراء هذا الجدار اھ	یوں فرمایا ہے
مع ان الشیخ قدس اللہ تعالیٰ سرہ انما قال فی مدارج النبوۃ هکذا یشکل هٰهنا بان جاء فی بعض الروایات انہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما انا عبد لا اعلم وراء هذا الجدار	کہ یہاں یہ اشکال پیش کیا جاتا ہے کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا ——— ——— میں تو ایک بندہ ہوں، اس دیوار کے پیچھے کا حال مجھے معلوم نہیں؛
وجوابہ ان هذا القول لا اصل له ولم تصح به الروایة اه فانظروا کیف یحتج بلا تقربوا الصلوٰۃ ویترک ۝ وَ اَنْتُمْ سُکَارٰی؛	اس کا جواب یہ ہے کہ یہ قول بے اصل ہے؛ اس کی روایت صحیح نہیں ہوتی۔ دیکھو کیسی لا تقربوا الصلوٰۃ سے دلیل لایا اور "انتم سکارٰی" کو چھوڑ گیا۔

(حسام، ص۱۴)

اِس موقع پر شوقِ تکفیر پورا کرنے کے لئے مولوی احمد رضا خاں صاحب نے دین و دیانت پر جو ظلم کیا ہے اس کی فریاد لیس واحدِ قہار سے ہے۔ اس کی بازپرس انشاء اللہ روزِ جزا ہو گی۔ لیکن دُنیا میں اربابِ انصاف بھی فیصلہ فرمائیں کہ اس مدّعی مجدّدیت کے بیان اور اس کے فتوے میں کتنی صداقت ہے؟

اس عبارت میں خاں صاحب نے مصنّفِ براہینِ قاطعہ پر مندرجہ ذیل چار اعتراض کیے ہیں:

۱۔ (معاذ اللہ) رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کو شیطانِ رجیم کے علم سے گھٹایا۔

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے زمین کے علم محیط کے اثبات کو شرک بتلایا اور شیطانِ لعین کے لئے اس کو ثابت مانا حالانکہ کسی ایک مخلوق کے لئے جس چیز کا ثابت کرنا شرک ہے تو دوسری مخلوقات کے لئے بھی اس کا ثابت

کرنا یقیناً شرک ہے تو گویا مصنّف براہین نے (معاذ اللہ) شیطان کو خدا کا شریک مان لیا۔

۳۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے علم پر نص قطعی کا مطالبہ کیا، اور جب حضورِ اقدس کے علم کی نفی کی، تو ایک باطل الروایۃ حدیث سے استشہاد کیا۔

۴۔ پھر اس حدیث کی روایت کو از راہِ دروغ بیانی اس شخص کی طرف منسوب کیا جس نے روایت نہیں کی بلکہ نقل کر کے ردِّ بلیغ کیا۔

یہ ہے خاں صاحب کی اس ساری عبارت کا خلاصہ اور مصنّف براہینِ قاطعہ کے خلاف ان کی فردِ قرار دادِ جرم ــــــ ہم تحریرِ جواب سے پہلے چند تمہیدی مقدمات عرض کرتے ہیں۔

پہلا مقدمہ علم کی دو قسمیں ہیں: ذاتی اور عطائی۔ ذاتی وہ ہے جو از خود ہو، کسی کا دیا ہوا نہ ہو۔ اور عطائی وہ ہے جو کسی کا دیا ہوا ہو اور بتلایا ہوا ہو۔ پہلی قسم (علمِ ذاتی) اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔ مخلوقات میں سے جس کو بھی کوئی علم ہے وہ سب اسی کا دیا ہوا اور بتلایا ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی ولی یا نبی یا فرشتے کے لئے بھی علمِ ذاتی ثابت کرے گا تو سب کے نزدیک مشرک ہوگا، چونکہ یہ تمام اُمّت کا مشہور اجماعی مسئلہ ہے لہٰذا ہم اس کے ثبوت میں صرف خاں صاحب بریلوی ہی کی تصریحات پیش کر دینا کافی سمجھتے ہیں ؎

مدّعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

"موصوف "خالص الاعتقاد" صفحہ ۲۸ پر رقمطراز ہیں:

"علم یقیناً ان صفات میں سے ہے کہ غیرِ خدا کو بعطائے خدا مل سکتا ہے تو ذاتی و عطائی کی طرف اس کا انقسام یقینی، یونہی محیط و غیر محیط کی تقسیم بدیہی، ان میں اللہ عزّ و جل کے ساتھ خاص ہونے کے قابل صرف ہر تقسیم کی قسمِ اوّل ہے یعنی علمِ ذاتی و علمِ محیط حقیقی۔"

نیز اسی "خالص الاعتقاد" کے صفحہ ۳۲ پر فرماتے ہیں:

"بلاشبہ غیرِ خدا کے لئے ایک ذرہ کا علم ذاتی نہیں، اس قدر خود ضروریاتِ دین سے ہے اور منکر کافر۔"

اور "الدولۃ المکیۃ" کی نظرِ اوّل صفحہ ۶ پر ہے:

فالاول (العلم الذاتی) مختص بالمولیٰ سبحانہ وتعالیٰ لا یمکن لغیرہ ومن اثبت شیئاً منہ ولو ادنیٰ من ادنیٰ من ذرۃ لاحدٍ من العالمین فقد کفر واشرک وباد وہلک۔	علمِ ذاتی اللہ عزّوجل سے خاص ہے اس کے غیر کے لئے محال ہے جو اس میں سے کوئی چیز اگرچہ ایک ذرہ سے کمتر سے کمتر غیرِ خدا کے لئے ملنے وہ یقیناً کافر و مشرک ہو گیا اور ہلاک و برباد ہوا۔

دوسرا مقدمہ کائنات کے ہر ذرہ کے متعلق اللہ تعالیٰ کے علوم غیر متناہی ہیں اور چونکہ کسی مخلوق کا علم معلوماتِ غیر متناہیہ کو محیط نہیں ہو سکتا لہٰذا کہا جا سکتا ہے کہ کسی مخلوق کو ایک ذرہ کا بھی حقیقی معنی میں علم محیط نہیں ہو سکتا۔

اس کے ثبوت میں بھی ہم خاں صاحب بریلوی ہی کی تصریحات پر قناعت کریں گے موصوف "الدولۃ المکیۃ" صفحہ ۹ نو پر لکھتے ہیں:

بل لہ سبحانہ وتعالیٰ فی کل ذرۃ علوم لا تتناھی لان لکل ذرۃ مع کل ذرۃ کانت او تکون او یمکن ان تکون نسبۃ بالقرب والبعد والجہۃ مختلفۃ فی الازمنۃ باختلاف الامکنۃ من اول یوم الیٰ مالا آخر لہ والکل معلوم لہ سبحانہ وتعالیٰ بالفعل فعلمہ عزجلالہ غیر	بلکہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے لئے ہر ذرہ میں علوم غیر متناہیہ ہیں، اس لئے کہ ہر ذرہ کو دوسرے اس ذرہ کے ساتھ جو موجود ہو چکا یا آئندہ موجود ہوگا یا جس کا وجود ممکن ہے، قرب اور بُعد اور جہت کے اعتبار سے کوئی نسبت ہے جو مختلف ہوتی رہتی ہے، زمانوں میں ساتھ مختلف ہونے ان امکنہ کے جو واقع ہوں اور جن کا امکان ہے دنیا کے پہلے دن سے

(الدولۃ المکیۃ)

متناهٍ فی غیر متناهٍ فی غیر متناهٍ ....

و معلوم ان علم المخلوق لا یحیط فی آنٍ واحدٍ غیر متناهی کما بالفعل تفصیلاً تاماً حیث یمتاز فیہ کل فردٍ عن صاحبہ امتیازاً کلیاً

ابداً لآباد تک اور سب اللہ سبحانہ و تعالیٰ کو بالفعل معلوم ہے۔ پس اللہ عزوجل کا علم غیر متناہی در غیر متناہی در غیر متناہی ہے۔ ... اور معلوم ہے کہ مخلوق کا علم ایک آن میں غیر متناہی بالفعل کا تفصیلی احاطہ نہیں کر سکتا۔ اس طرح کہ اس میں ہر فرد دوسرے سے کامل طور پر ممتاز ہو۔

نیز اسی "الدولۃ المکیۃ" کے صفحہ ۲۱۲ پر ہے:

انی بیّنت ان لہ سبحانہ فی کل ذرۃ ذرۃ علوم لا تتناھی فکیف ینکشف شیٔ لخلق کا نکشافہ للخالق عزّ وجلّ۔

"میں تحقیق میں بیان کر چکا ہوں کہ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے ہر ہر ذرہ میں غیر متناہی علوم ہیں پس کوئی چیز کسی مخلوق کے لئے اس طرح کیسے منکشف ہو سکتی ہے جیسے کہ اس کا انکشاف خداوند تعالیٰ کے لئے ہے۔"

تیسرا مقدمہ | عقیدہ قائم کرنے کے لئے دلیلِ قطعی کی ضرورت ہے اور نفی کے لئے صرف عدم دلیلِ ثبوت کافی ہے۔ اسی لئے قرآنِ عزیز میں جابجا مشرکین کے خیالاتِ باطلہ اور عقائدِ فاسدہ کی تردید میں فرمایا گیا ہے کہ یہ ان کے ذاتی خیالات اور شیطانی وساوس ہیں۔ خدا کی طرف سے اُن پر کوئی دلیل و بُرہان نہیں۔

نیز خود مولوی احمد رضا خاں صاحب نے بھی انباء المصطفیٰ میں عقائد کے اثبات کے لئے دلیلِ قطعی کی ضرورت کو تسلیم کیا ہے۔

چوتھا مقدمہ | علوم دو قسم کے ہیں۔ ایک وہ جن کو دین سے تعلق ہے (جیسے تمام علوم دینیہ شرعیہ) اور دوسرے وہ جن کو دین سے تعلق نہیں (جیسے زید، عمرو، گنگا پرشاد، جمنا داس، سر سنگھ اور لارڈ ولنگڈن، مسٹر چرچل وغیرہ کے جزئی حالات کا علم، زمین کے کیڑے مکوڑوں اور سمندر کی مچھلیوں کی تعداد اور ان

کے خواص کا علم، ان کی عام نقل وحرکت، اکل وشرب اور بول وبراز کا علم) ظاہر ہے کہ ان چیزوں کے علم کو دین سے کوئی تعلق نہیں اور نہ ان علوم کو کمالِ انسانی میں کوئی دخل، اور نہ ان کے نہ ہونے سے انسان میں کوئی نقصان!

اگرچہ یہ مقدمہ بدیہی ہے اور ہر معمولی سی عقل رکھنے والا بھی اس کو تسلیم کرے گا، مگر اب چند روز سے مولوی احمد رضا خاں صاحب کی روحانی ذریت نے اس سے انکار شروع کر دیا ہے اور وہ نہایت بلند آہنگی کے ساتھ کہتے ہیں کہ دنیا میں کوئی علم ایسا نہیں جس کا دین سے تعلق نہ ہو اور جس کو کمالِ انسانی میں دخل نہ ہو۔ لہذا یہاں بھی ہم صرف خاں صاحب ہی کی ایک عبارت پیش کر دینا کافی سمجھتے ہیں۔ موصوف کے ملفوظات حصہ دوم صفحہ ۶۲ پر ہے "سیمیا ایک ناپاک علم ہے" خاں صاحب کے اس مختصر مگر پُر معنی فقرے سے صرف اتنا ضرور معلوم ہو گیا کہ بعض علم ناپاک بھی ہیں اور ظاہر ہے کہ جو علم ناپاک ہو وہ نہ دینی علم ہو سکتا ہے اور نہ کسی انسان کے لئے باعثِ کمال۔

پانچواں مقدمہ شریعت میں جس علم کی مدح کی گئی ہے اور انسانوں کو جس کی ترغیب دی گئی ہے اور جو رضائے الٰہی کا باعث ہے، وہ صرف وُہ علم ہے جس کا تعلق دینیات سے ہو اور جس سے کمالِ انسانی وابستہ ہو، مثلاً قرآن عزیز میں ہے:

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ	کیا علم والے اور بے علم سب برابر ہو سکتے ہیں۔ (ہرگز نہیں)

اور دوسری جگہ ارشاد ہے:

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ	اللہ تعالیٰ تم میں سے اہلِ ایمان اور اہل علم کے درجے بلند کرے گا۔

ظاہر ہے کہ ان آیات میں علم سے نہ انگلش مُراد ہے نہ سنسکرت یا بھاشا، نہ سائنس نہ جغرافیہ، نہ جادوگری نہ شاعری، بلکہ صرف علمِ دین ہی مُراد ہے، اور وُہی خُدا کو محبوب ہے اور حدیث شریف میں ہے:

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَىٰ	طلب علم ہر مسلمان پر فرض ہے۔

كُلِّ مُسْلِمٍ۔

اور ایک دوسری حدیث میں ہے:

اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَاِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَ مِنْهُ اَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ	بہ تحقیق انبیاء علیہم السلام نے دراھم ودنانیر کی میراث نہیں چھوڑی، ان کی میراث صرف علم ہے، جس نے اسکو لے لیا اس نے بہت بڑا حصّہ پایا۔

ان احادیثِ کریمہ میں بھی علم سے علمِ شریعت اور علمِ دین ہی مراد ہے۔ کون بدبخت کہہ سکتا ہے کہ دُنیاوی علوم کو حاصل کرنا بھی مسلمان کا مذہبی فرض ہے، اور کون محروم البصیرت خیال کر سکتا ہے کہ جادُوگری وشعبدہ بازی جیسے لغو علوم بھی میراثِ نبوت ہیں۔ بہرحال یہ چیز بالکل بدیہی ہے کہ شریعت میں جس علم کی ترغیب دی گئی ہے اور جس کو کمالِ انسانی میں دخل ہے وہ صرف علمِ دین ہے۔ بلکہ بیکار اور غیر متعلق باتوں کی کھود کرید سے تو شریعت نے منع فرمایا ہے۔ رسُولِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں:

مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالَا يَعْنِيْهِ (حدیثِ نبوی)	انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وُہ بیکار باتوں میں نہ پڑے۔

مولوی احمد رضا خاں صاحب سے کسی نے تعزیہ داری اور امورِ متعلقہ تعزیہ داری کے متعلق چند سوال کئے تھے۔ منجملہ ان کے بارھواں سوال (شہدائے کربلا رضوان اللہ علیہم اجمعین کے متعلق) یہ تھا کہ:

"بعد شہادت کس قدر سر مبارک دمشق کو روانہ ہوئے تھے اور کسقدر واپس آئے"۔

اس کے جواب میں مولوی صاحب موصوف تحریر فرماتے ہیں:

"حدیث میں فرمایا کہ آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ بیکار باتیں چھوڑے"

خاں صاحب کا پُورا فتوای جس میں یہ سوال وجواب درج ہے، کئی جگہ متعدد

بار چھپ کر شائع ہو چکا ہے اور اس کی اصل بہ مہر و دستخط بھی میرے پاس محفوظ ہے اور اگر ان کے یہاں نقل فتاوٰی کا پورا اہتمام ہوگا (جیساکہ میں نے سُنا ہے) تو غالباً وہاں بھی اس کی نقل محفوظ ہوگی۔

فتوے پر تو کوئی تاریخ درج نہیں اور لفافہ پر ڈاک خانہ کی مُہر بھی کچھ زیادہ صاف نہیں تاہم بعد غور بسیار ظن غالب یہ ہے کہ اکتوبر ۱۹۲۰ء میں بریلی کے ڈاک خانہ سے وہ فتوٰے روانہ ہوا ہے۔ واللہ اعلم!

خاں صاحب کے اس فتوے سے بھی صاف معلوم ہوگیا کہ بعض علوم ایسے بھی ہیں جو بیکار ہیں اور اُن کا حاصل نہ کرنا ہی بہتر ہے۔

یہ بھی واضح رہے کہ جس سوال کے جواب میں خاں صاحب نے یہ تحریر فرمایا ہے وہ سوال زید، عمرو، بکر، حیوانات و بہائم، دریا کی مچھلی، مینڈک یا حشرات الارض کے متعلق نہیں کیا گیا ہے بلکہ اہل بیت کرام و شہدائے عظام کے مقدس سروں کے متعلق سوال ہے اس کا جواب خاں صاحب یہ دیتے ہیں کہ اسلام کی خوبی یہ ہے کہ بیکار باتوں کو چھوڑ دے۔

چھٹا مقدمہ جو علوم انسان کے لئے باعث کمال نہیں اور جن کے حصول کے لئے انسان خدا کی طرف سے مامور نہیں (جیسے روزمرہ کے جزئی حوادث اور مخصوص افراد کے شخصی اور خانگی حالات) ان میں ایک مفضول کا دائرۂ علم افضل سے اور ایک مردود کا مقبول سے وسیع ہو سکتا ہے بلکہ غیر دینی اور غیر ضروری اُمور میں غیر نبی کا علم بھی کبھی نبی سے بڑھ سکتا ہے۔ لیکن علوم شرعیہ و امور ضروریہ اور اصول دینیہ میں ہمیشہ نبی ہی کا دائرۂ علم زیادہ وسیع ہوگا کیونکہ ان علوم کے فیضان میں وہ تمام اُمت کے لئے واسطہ کبرٰی ہوتا ہے اور اسی کے ذریعہ سے یہ علوم افرادِ اُمت تک پہنچتے ہیں

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں:

یجوز ان یکون غیر النبی	جائز ہے کہ غیر نبی، نبی سے بڑھ جائے
فوق النبی فی علوم لا تتوقف نبوته	ان علوم میں کہ جن پر نبی کی نبوت

علیہا۔ (ج ۵، ص ۲۹۵) موقوف نہ ہو۔

ساتواں مقدمہ دین سے غیر متعلق اور غیر ضروری امور کے نہ جاننے کی وجہ سے حضرات انبیاء علیہم السلام اور دیگر مقبولین بارگاہِ احدیت کی شان میں کوئی کمی بھی نہیں آتی اور نہ ان کے کمالِ علمی کو اس سے کچھ صدمہ پہنچتا ہے۔ بلکہ ایسا سمجھنا انتہائی سفاہت اور منصب رسالت سے اعلیٰ درجہ کی جہالت ہے۔

علامہ قاضی عیاضؒ جن کو حضرتِ رسالتؐ کے ساتھ قابلِ تقلید عشق ہے "شفا شریف" میں اس نکتہ پر تنبیہ فرماتے ہوئے رقمطراز ہیں:

فاما تعلق منها بامر الدنيا فلا يشترط في حق الانبياء العصمة من عدم معرفة الانبياء ببعضها او اعتقادها على خلاف ما هي عليه ولا وصم عليهم فيه اذ همتهم متعلقة بالاخرة وانبائها وامر الشريعة وقوانينها وامور الدنيا تضادها بخلاف غيرهم من اهل الدنيا الذين يعلمون ظاهرا من الحيوٰة الدنيا وهم عن الاخرة هم الغافلون۔
(شفاء، ص ۲۵۴)

بہر حال وہ علوم جن کا تعلق دُنیاوی باتوں سے ہو، سو ان میں سے بعض کے نہ جاننے سے اور ان کے متعلق خلافِ واقعہ اعتقاد قائم کر لینے سے انبیاء علیہم السلام کا معصوم ہونا ضروری نہیں (یعنی ہو سکتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو بعض دنیاوی باتوں کا علم نہ ہو) اور اس کے نہ جاننے کی وجہ سے ان پر کوئی دھبہ نہیں کیونکہ انکی توجہ آخرت اور اسکی خبروں اور شریعت اور اس کے قوانین کے ساتھ متعلق ہے اور دنیاوی باتیں اُن کے برعکس ہیں بخلاف اور اہل دنیا کے جو اسی دنیاوی زندگانی کو جانتے ہیں اور آخرت سے بالکل غافل ہیں

پھر اس مضمون کو متعدد احادیث شریفہ سے ثابت فرما کر صفحہ ۲۰۲ پر لکھتے ہیں:

فمثل هذا واشباهه من امور الدنيا التي لا مدخل فيها لعلم ديانة ولا اعتقادها

پس دنیاوی امور میں سے ایسی باتیں کہ جن کو نہ دین کے علم میں کوئی دخل ہے نہ اسکی تعلیم میں نہ اس کے اعتقاد میں (سو ایسی باتوں کے

ولا تعليمها يجوز عليه فيها ما ذكرناه اذ ليس في هذا كله نقيصة ولا محطة وانما هي امور اعتيادية يعرفها من جربها وجعلها همه وشغل نفسه بها والنبي مشحون القلب بمعرفة الربوبية ملآن الجوانح بعلوم الشريعة "

انتهى بقدر الحاجة

شفا قاضی عیاض، ص ۳۰۲

بارے میں) جائز ہے نبی علیہ السلام پر وہ جو ہم نے ذکر کیا (یعنی ان باتوں کا نہ جاننا) اس لئے کہ ایسی باتوں کے نہ جاننے کی وجہ سے نہ تو کچھ نقصان پیدا ہوتا ہے نہ درجہ اور مرتبہ میں کوئی کمی آتی ہے۔ یہ امور تو عادت پر موقوف ہیں ان کو وہ شخص خوب جانے گا جس نے ان کا تجربہ کیا ہو اور انہیں کو اپنا مقصد بنا لیا ہو اور جس نے اپنے نفس کو انہیں باتوں میں مشغول کر دیا ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قلب مبارک تو معرفتِ الٰہیہ سے اور سینۂ فیض گنجینہ علوم معرفت سے لبریز ہے

بہر حال جو امور دین سے غیر متعلق ہوں، اگر ان میں سے بعض کا علم کسی غیر نبی کو ہو جائے، اور نبی کو نہ ہو تو اس میں اس نبی (علیہ السلام) کی کوئی تنقیص نہیں، کیونکہ ان امور سے حضرات انبیاء علیہم السلام کو کوئی خاص تعلق ہی نہیں۔ اسی لئے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

انتم اعلم بامر دنیاکم ۔

(رواہ مسلم)

اپنی دنیا کی باتوں کے تم زیادہ جاننے والے ہو۔

صحیح مسلم کی یہ روایت ہمارے مدعا کے لئے نہایت واضح اور روشن دلیل ہے

نیز آپ ارشاد فرماتے ہیں:

اذا کان شیئ من امر دنیاکم فانتم اعلم به واذا کان شیئ من امر دینکم فالیّ رواه احمد ومسلم عن انس، وابن ماجة

جب کوئی چیز تمہارے دنیاوی امور میں سے ہو جب تو تم ہی اس کے زیادہ جاننے والے ہو اور اگر کوئی دینی معاملہ ہو تو میری طرف رجوع کرو۔ روایت کیا اس کو امام احمد

عن انس و عائشة معًا، و ابن خزیمۃ عن ابی قتادۃ) (کنز العمال ۔ ج ۶ ، ص ۱۱۶)

اور امام مسلم نے حضرت انس سے اور ابن ماجہ نے حضرت انس اور حضرت عائشہ دونوں سے ابن خزیمہ نے حضرت ابو قتادہ سے۔

آٹھواں مقدمہ اگر بعض جزئی واقعات کا علم کسی ادنیٰ درجے کے شخص کو ہو اور اعلیٰ کو نہ ہو، یا کسی اُمتی کو ہو اور نبی کو نہ ہو تو صرف اس کی وجہ سے اس ادنیٰ کو اعلیٰ سے اور اس اُمتی کو نبی سے اعلم (زیادہ علم والا) نہیں کہا جا سکتا، مثلاً آج کل کی مادی ایجادات اور صنعتی اختراعات کے متعلق جو معلومات یورپ کے ایک مُلحد کو حاصل ہیں یقیناً وہ حضرت امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ کو حاصل نہ تھے۔ گراموفون بنانے کا علم جو اس کے غیر مسلم مُوجد کو تھا، وہ یقیناً حضرت غوث پاکؒ کو نہ تھا۔ لیکن کوئی احمق ہے جو ان مادی اور دنیوی امور کی وجہ سے یورپ کے ان مُلحدین کو حضرت امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ اور شیخ عبد القادر جیلانیؒ سے اُعلم (زیادہ علم والا) کہنے کی جرأت کرے سینما اور تھیٹر کے متعلق جو معلومات ایک فاسق و فاجر بلکہ ایک کافر و مشرک تماشہ بین کو ہیں وہ یقیناً ایک بڑے سے بڑے متقی عالم کو نہیں۔ تو کیا کوئی تاریک دماغ ہر تماشہ بین کو اس عالم سے اعلم کہہ سکتا ہے اور اسی پر کیا موقوف، جرائم پیشہ لوگوں کو جو معلومات اپنے جرائم کے متعلق ہوتے ہیں حضرات علمائے دین کو ان کی ہوا بھی نہیں لگتی تو کیا سب چور، ڈاکو، گرہ کٹ، پاکٹ مار، شرابی، کبابی، ہر عالم دین کے مقابلہ میں اعلمیت کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

اور کیا یہ واقعہ نہیں کہ نجاست کھانے والے کیڑے کو نجاست و غلاظت کا ذائقہ معلوم ہوتا ہے اور ہر شریف انسان اس سے ناواقف ہے، تو کیا اب نجاست کا ہر کیڑہ بھی تمام انسانوں سے اعلم کہا جا سکتا ہے۔

بہر حال یہ مقدمہ بالکل بدیہی ہے کہ جو علوم دین سے غیر متعلق ہوں اور جن علموں کو کمالِ انسانی میں کوئی دخل نہ ہو، وہ اگر کسی شخص کو زیادہ مقدار میں حاصل ہو جائیں؛ تو صرف اس کی وجہ سے اس کو زیادہ علم والا نہیں کہا جا سکتا۔ اُعلم (زیادہ علم والا)

جبھی کہا جائے گا جب کہ علومِ کمالیہ اور علومِ دینیہ میں دوسروں پر فوقیت رکھتا ہو۔

نواں مقدمہ قرآن و حدیث میں اس کی نظیریں بکثرت ملتی ہیں کہ حضورؐ کی حیاتِ طیبہ میں بہت سے واقعاتِ جزئیہ کی اطلاعات دوسرے لوگوں کو ہو گئیں اور وجہ اس کے کہ وہ واقعہ انھیں پر گزرا تھا یا ان سے اس کا کوئی خاص تعلق تھا، اور حضورؐ کو اس وقت اس کی اطلاع نہ ہوئی۔ اس کی چند مثالیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں:

۱۔ غزوۂ تبوک میں عبداللہ بن اُبَیّ منافق نے کسی موقعہ پر یہ کہا:

لَا تُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔	جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رہنے والے ہیں ان پر کچھ خرچ مت کرو۔

نیز اسی مجلس میں اُس نے یہ بھی کہا:

وَلَئِنْ رَجَعْنَا اِلَی الْمَدِیْنَةِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ۔	اگر ہم مدینہ پہنچے تو ہم میں سے جو زیادہ عزت والا ہوگا وہ ذلیلوں کو نکال دے گا (یعنی ہم مہاجرین کو مدینہ سے بھگادیں گے)

اس کی یہ بکواس حضرت زید بن ارقمؓ نے سنی اور انھوں نے اپنے چچا سے اس کا ذکر کر دیا، انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا۔ حضورؐ نے عبداللہ بن اُبَی اور اس کے ساتھیوں کو بلایا اور اس سے دریافت کیا کہ یہ کیا ماجرا ہے؟ اُن منافقین نے جھوٹی قسم کھائی کہ ہم نے نہیں کہا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی تصدیق کر دی اور زید بن ارقم کو جھوٹا قرار دے دیا۔ حضرت زید فرماتے ہیں کہ مجھے اس کا ایسا صدمہ ہوا کہ مدت العمر کبھی ایسا صدمہ نہ ہوا تھا، یہاں تک کہ میں نے باہر نکلنا چھوڑ دیا، تاآنکہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ منافقون کی ابتدائی آیتیں نازل فرمائیں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی گئی کہ درحقیقت اُن منافقین نے ناشائستہ کلمات کہے تھے۔ تو حضورؐ نے مجھ کو طلب فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ مطمئن ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ نے تمھارے بیان کی تصدیق نازل فرما دی۔ (صحیح بخاری کتاب التفسیر)

۲۔ بعض منافقین کے متعلق سورۂ توبہ میں ارشاد ہے:

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ

اور بعض (انہی) لوگوں میں سے جو تمہارے اردگرد ہیں بدوی منافق ہیں اور بعض اہلِ مدینہ میں سے منافقت میں بہت مشاق ہیں، آپ ان کو نہیں جانتے، ہم ان کو (خوب) جانتے ہیں۔

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ عہدِ رسالت میں خود مدینہ طیبہ اور اس کے آس پڑوس کی بستیوں میں کچھ ایسے منافق تھے جن کے متعلق اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اے محبوب آپ ان کو نہیں جانتے، اور ظاہر ہے کہ خود ان منافقین کو اپنے نفاق کا ضرور علم ہوگا۔

(۳) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِي قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ۔

(سورۂ بقر)

اور لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جن کی بات اس دنیاوی زندگی میں آپ کو اچھی معلوم ہوتی ہے اور وہ اپنے دل کی بات پر خدا کو شاہد بتاتے ہیں اور فی الحقیقت وہ نہایت جھگڑالو ہیں۔

تفسیر معالم التنزیل اور تفسیر خازن وغیرہ میں ہے کہ یہ آیت اخنس بن شریق ثقفی کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ یہ شخص دیکھنے میں بہت اچھا اور نہایت شیریں زبان تھا۔ حضورؐ کی خدمت میں آتا اور اپنے کو مسلمان ظاہر کرتا اور بہت زیادہ اظہارِ محبت کرتا تھا اور اس پر خدا کی قسمیں کھاتا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو اپنے پاس بٹھاتے تھے، اور درحقیقت وہ منافق تھا، اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

فنزل فیہ "ومن الناس من یعجبك قوله" ای یروقك وتستحسنه و یعظم فی قلبك۔

(خازن، جلد اول، ص ۱۶۱)

اور لوگوں میں سے بعض وہ ہیں جن کی بات آپ کو بھلی معلوم ہوتی ہے اور آپ اس کو اچھا سمجھتے ہیں اور آپ کے دل میں اسکی عظمت ہوتی ہے۔

اس آیتِ کریمہ اور اس کے شانِ نزول سے معلوم ہوا کہ اخنس بن شریق کے باطن

کا حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مخفی تھا، اور ظاہر ہے کہ وہ بدبخت اپنے حال سے خود آگاہ تھا۔

۴۔ نیز منافقین ہی کی ایک جماعت کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد ہے :۔

وَاِذَا رَأَیْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ وَاِنْ یَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ۔ (سورۂ منافقون)	اور جب آپ ان کو دیکھیں تو ان کے قد و قامت آپ کو خوشنما معلوم ہوں، اور اگر وہ کچھ کہیں تو آپ انکی سُن لیں گے۔

تفسیر خازن اور تفسیر معالم التنزیل میں وَاِنْ یَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ کی تفسیر میں ہے :

ای فتحسب انه صدق	یعنی آپ اسکو سچا سمجھیں (ج۷، ص ۸۲)

ان تینوں آیتوں سے بطور قدر مشترک اتنا معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں مدینہ طیبہ ہی کے اندر کچھ ایسے سیاہ باطن منافق بھی تھے جن کے نفاق (یا مدارجِ نفاق) کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ تھا۔ ظاہر حال دیکھ کر آپ ان کو اچھا جانتے تھے۔ ان کی جھوٹی باتوں کو سچ سمجھتے تھے، اور وہ بدکردار اپنے حال سے خود یقیناً خبردار تھے (اگرچہ بعد میں بذریعہ وحی حضورؐ کو بھی مطلع فرما دیا گیا ہو)

اس کے بعد ہم اس سلسلہ میں صرف ایک آیت اور پیش کرتے ہیں، ارشادِ خداوندی ہے :

وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا یَنْبَغِیْ لَهٗ۔ (سورۂ یٰسین)	اور ہم نے اپنے رسول کو شعر نہیں سکھایا اور نہ وہ ان کے لئے مناسب ہے۔

اس آیت کریمہ سے نہایت صاف طور پر معلوم ہوا کہ آپ کو علمِ شعر نہیں عطا فرمایا گیا حالانکہ یہ علم کافروں تک کو حاصل ہوتا ہے۔

بہر حال قرآن اس حقیقت پر شاہد ہے کہ بعض غیر ضروری اور امورِ رسالت سے غیر متعلق علوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں عطا فرمائے گئے، اور دوسروں کو حتیٰ کہ

لا یموت فیکم میت مادمت بین ظہرانیکم الا آذنتمونی بہ فان صلوٰتی لہ رحمۃ (ج ۱ ص ۲۸۴)	جب تم میں سے کسی کا انتقال ہو جب تک میں تمہارے درمیان موجود ہوں ، تو مجھ کو ضرور اسکی خبر دیا کرو کیونکہ میری نماز اس کے واسطے رحمت ہے ۔

اس روایت سے بھی ہمارے مدعا پر نہایت صاف روشنی پڑتی ہے اور اس سے صرف ایک وقتی واقعہ ہی نہیں بلکہ آپ کی زندگی کی ایک عام مستمر حالت معلوم ہوتی ہے

(۳) صحیح بخاری اور سنن اربعہ میں حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ احد میں شہدائے اُحد میں سے دو دو کو ایک ایک قبر میں دفن فرماتے تھے اور قبر میں اتارتے وقت لوگوں سے دریافت فرماتے تھے ۔

ایہما اکثر اخذاً للقرآن فاذا اشیر الی احدہما قدمہ فی اللحد ۔	ان دونوں میں سے کون زیادہ قرآن حاصل کرنیوالا ہے پس جب ان میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کر دیا جاتا تو آپ اُس کو لحد میں پہلے اتارتے ۔

(۴) صحیح مسلم اور سنن نسائی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قبر سے کچھ آواز سنی ، فرمایا :

متٰی مات ھذا ؟	یہ شخص کب مرا ہے ؟
قالوا مات فی الجاھلیۃ	لوگوں نے عرض کیا ، دورِ جاہلیت میں ۔
فسُرّ بذٰلک	تو آپ کو اس سے مسرت ہوئی ۔

(۵) مسند احمد اور مسند بزار میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک غزوہ میں حضورؐ کی خدمت میں پنیر حاضر کیا گیا تو آپ نے دریافت فرمایا کہ :

این صُنعت ھذہٖ ؟	یہ کہاں کا تیار شدہ ہے ؟
فقالوا بفارس ! الخ	لوگوں نے عرض کیا کہ پارس کا بنا ہوا ہے ۔

(۶) ابو داؤد و جامع ترمذی میں ابیض بن جمال سے مروی ہے کہ وہ رسول خدا صلی اللہ

علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور درخواست کی کہ مقام مارب میں جو شورابہ[۱] ہے وہ مجھ کو عنایت فرما دیا جائے ۔ چنانچہ حضورؐ نے درخواست منظور فرمائی ۔ اور وہ ان کو دے دیا گیا ۔ جب وہ واپس چل دیئے تو حاضرین مجلس میں سے ایک صحابی نے حضورؐ سے عرض کیا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آپ نے ان کو کیا دے دیا ؟

اتدری ما قطعت لہ یارسول اللہ انما قطعت لہ الماء العِدّ فانتزعہ منہ ۔ الخ ترمذی ج ۱ ص ۱۶۶

آپ نے تو ان کو بنا بنایا پانی (جو بلا کد و کاوش کے نمک بن سکتا ہے) دے دیا ۔ تو حضورؐ نے ان سے وہ واپس لے لیا ۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ حضورؐ کو پہلے اس سرزمین کی مخصوص حیثیت معلوم نہیں تھی اور اسی لاعلمی کی وجہ سے وہ ابیض بن حمّال کو عطا فرما دی گئی تھی ۔ لیکن جب بعد میں اُن صحابی کے عرض کرنے سے اس کی حیثیت معلوم ہوئی (کہ اس سے عام پبلک کے منافع وابستہ ہیں) تو حضورؐ نے اس کو واپس لے لیا ۔

(۷) صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم (ایک دفعہ قضائے حاجت کے لئے) بیت الخلا تشریف لے گئے تو میں نے حضورؐ کے لئے پانی بھر کر رکھ دیا[۲] جب آپ باہر تشریف لائے تو دریافت فرمایا کہ

ما وضع ھذا فأُخبر فقال اللّٰھم فقّھہُ فی الدین وعلّمہُ التاویل ۔

یہ کس نے رکھا ہے ؟ تو حضورؐ کو اطلاع دی گئی کہ میں نے رکھا ہے تو حضور نے میرے تفقہ فی الدین اور علمِ تاویل قرآن کی دعا فرمائی ۔

اس روایت سے یہ معلوم ہوا کہ اس موقع پر حضورؐ کو پانی رکھنے والے کی اطلاع دوسروں نے دی ۔

(۸) سُنن ابی داؤد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں بخار میں مُبتلا تھا اور مسجد میں پڑا ہوا تھا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے پس آپ نے فرمایا :

من احسّ الفتی الدوسی ثلث مرات فقال رجل یارسول اللّٰہ ھو ذا یوعك فی جانب المسجد فاقبل یمشی حتی وصل الیہ فوضع یدہ علیہ الخ

کسی نے دوسی جوان (ابوہریرہ) کو دیکھا ہے؟ یہ آپ نے تین دفعہ فرمایا، تو ایک شخص نے عرض کیا، حضرت وہ یہ ہیں، بخار میں مبتلا ہیں، مسجد کے کونہ میں ہیں، پس آپ میری طرف کو چلے اور میرے پاس پہونچ کر اپنا دست مبارک مجھ پر رکھ دیا۔

اس روایت سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ کے مسجد میں ہونے کی اطلاع حضورؐ کو نہ تھی۔ دوسرے شخص کے مطلع کرنے سے حضورؐ کو خبر ہوئی۔

(۹) مصنّف ابن ابی شیبہ میں عبدالرحمٰن ابن الازہر سے مروی ہے کہ:

رایت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عام الفتح وانا غلام شاب یسئل عن منزل خالد بن ولید۔

میں نے فتح مکہ کے سال (جبکہ میں جوان لڑکا تھا) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ خالد ابن ولید کے گھر کا پتہ پوچھتے تھے۔

(۱۰) صحیح بخاری صحیح مسلم، سُنن نسائی اور سُنن ابی داؤد میں حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے خالد بن ولید نے بیان کیا کہ میں ایک بار اپنی خالہ حضرت میمونہؓ[۱] کے پاس حاضر ہوا، تو میں نے ان کے پاس بھُنی ہوئی "گوہ" دیکھی جس کو ان کی بہن "حفیدہ" نجد سے لائی تھیں۔ وہ گوہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دی گئی اور حضورؐ کی عادت شریفہ تھی کہ جب تک کھانے کی کیفیت نہ بیان کر دی جاتی اور اس کا نام نہ بتلایا جاتا۔ آپ اسکی طرف بہت کم ہاتھ بڑھاتے تھے۔

وکان قلما یقدم یدیہ لطعام حتی یحدث عنہ ولیسمّٰی لہ فاھوی بیدہ الی الضب فقالت امرأۃ

پس آپ نے اپنا دستِ مبارک گوہ کی طرف بڑھایا تو ایک عورت نے کہا کہ حضورؐ کو بتلا دو کہ حضورؐ کے سامنے کیا رکھا گیا ہے۔

---

[۱] حضرت میمونہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ اور خالد بن ولید اور عبداللہ بن عباسؓ کی حقیقی خالہ ہیں۔ ۱۲ منہ۔

اخبرن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بما قد متن لہ قلن ھو الضب یا رسول اللہ فرفع یدہ الخ	(چنانچہ ازواج مطہرات میں سے جو حاضر تھیں انھوں نے عرض کیا کہ حضورؐ یہ گوہ ہے، تو آں حضرتؐ نے اپنا ہاتھ اٹھا لیا۔ الخ

اس روایت سے معلوم ہوا کہ جب وہ گوہ حضورؐ کے سامنے رکھی گئی تو آپ کو معلوم نہ تھا کہ یہ گوہ ہے حتیٰ کہ آپ نے کھانے کے لئے ہاتھ بھی بڑھایا اور بعد میں جب، دوسروں کے بتلانے سے اس کا علم ہوا تو آپ نے ہاتھ کھینچ لیا۔

(۱۱) طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت بلالؓ سے روایت کیا ہے کہ ایک دفعہ میرے پاس معمولی درجہ کی کھجوریں تھیں۔ میں نے ان کھجوروں کو دے کر ان کے بدلے میں ان سے آدھی عمدہ کھجوریں لے لیں اور حضورؐ کی خدمت میں حاضر کیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا، ان سے اچھی کھجوریں آج تک ہم نے نہیں دیکھیں۔ تم یہ کہاں سے لائے ہو (حضرت بلالؓ کہتے ہیں)

من این ھذا لک یا بلال؟ فحدثتہ بما صنعت فقال انطلق فردہ علی صاحبہ الخ	میں نے وہ بٹاؤ لے کا واقعہ بیان کر دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابھی جاؤ اور ان کو واپس کر کے آؤ (کیونکہ یہ ربو ہو گیا)

(۱۲) مصنف عبدالرزاق میں حضرت ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بعض ازواج کے پاس تشریف لے گئے تو آپ نے وہاں بہت عمدہ کھجوریں دیکھیں۔ دریافت فرمایا یہ کھجوریں تمھارے پاس کہاں سے آئیں انہوں نے عرض کیا:

من این لکم ھذا؟ قلن ابدلنا صاعین بصاع فقال (صلی اللہ علیہ وسلم) لا صاعین بصاع ولا درھمین بدرھم الخ	ہم نے دو صاع اپنی معمولی کھجوریں دے کر یہ ایک صاع اچھی کھجوریں لے لی ہیں، حضورؐ نے فرمایا ایک صاع کے بدلے میں دو صاع، اور ایک درہم کے بدلے میں دو درہم جائز نہیں۔

ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ حضورؐ کو اس ناجائز تبادلہ کی اطلاع دوسروں

کے عرض کرنے سے ہوئی۔

(۱۳) روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنّف میں اور امام احمد نے مسند میں اور ابونعیم نے کتاب المعرفت میں حضرت عبداللہ بن سلام سے، اور عبدالرزاق نے ابوامامہ سے اور ابن جریر نے ابن ساعدہ سے کہ:

جب اہلِ قبا کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی"

ما ھٰذا الطھور الذی قد خصصتم بہٖ فی ھٰذہ الاٰیۃ و فی بعض الروایات فما طھورکم و فی بعضھا ان اللہ قد اثنیٰ علیکم فی الطھور خیرا الخ

تو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ قبا کو بلا کر دریافت فرمایا کہ تمھاری وہ کیا خاص طہارت ہے جسکی تعریف خداوند تعالیٰ اپنی مقدس کتاب میں فرماتا ہے؟ انھوں نے عرض کیا کہ ہم استنجا میں ڈھیلے کے ساتھ پانی کا بھی استعمال کرتے ہیں۔

(۱۴) صحیح مسلم، جامع ترمذی، سُنن ابی داؤد اور سُنن نسائی میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک غلام آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے ہجرت پر حضورؐ سے بیعت کی اور حضرت کو یہ علم نہ تھا۔

ولم یشعر انہ عبدٌ فجاء سیّدہ یریدہ فقال لہ صلّی اللہ علیہ وسلم بعنیہ فاشتراہ بعبدین اسودین ثم لم یبایع احدًا بعدہ حتی یسئل اعبدٌ ھو؟

کہ وہ غلام ہے۔ بعد میں اس کے لینے کے ارادہ سے اس کا آقا آیا تو حضورؐ نے اس سے فرمایا کہ تم اس غلام کو ہمارے ہاتھ بیچ ڈالو۔ چنانچہ آپ نے دو حبشی غلام دے کر اس کو خرید لیا اور اسکے بعد آپ کسی کو بیعت نہیں کرتے تھے جب تک کہ یہ دریافت نہ فرما لیں کہ وہ غلام تو نہیں ہے۔

(۱۵) صحیح بخاری اور جامع ترمذی اور سُنن ابی داؤد میں حضرت زید بن ثابتؓ سے مروی ہے کہ مدینہ میں سریانی زبان کے جاننے والے صرف یہودی تھے۔ اگر کہیں سے سُریانی میں کوئی خط آتا تو وہی پڑھتے اور کسی کو سُریانی میں کچھ لکھوانا ہوتا تو وہ انھیں سے لکھواتا۔ جب حضورؐ کو اس کی ضرورت محسوس ہوئی تو آپ نے مجھکو سُریانی

سیکھنے کا حکم دیا اور فرمایا، خدا کی قسم، میں اپنی خط و کتابت میں یہودیوں کی طرف سے مطمئن نہیں (واللہ ما آمن یہود علیٰ کتابی) پس نصف مہینہ پورا نہیں ہوا تھا کہ میں نے سریانی سیکھ لی اور مجھے اس میں خاصی مہارت ہو گئی۔ پھر میں ہی آں حضرتؐ کی طرف سے یہودیوں کو خط لکھتا تھا، اور میں ہی اُن کے خطوط پڑھتا تھا“

اس روایت میں یہودیوں کی طرف سے جس خطرے کا ذکر ہے وہ جب ہی ممکن ہے کہ حضورؐ کو اس سریانی زبان کا علم نہ ہو جس کا علم اس زمانہ کے یہودیوں کو تھا۔ اگرچہ اس مدعا کے لئے حضورؐ کا اُمّی ہونا بھی کافی ہے جس کی شہادت قرآن مجید میں دی گئی ہے مگر میں نے یہ روایت اس لئے نقل کر دی کہ یہ اُس اُمّیت کی ایک عملی تفسیر ہے جس کے بعد کسی تاویل کی گنجائش نہیں رہتی، کیونکہ تاویل صرف اقوال و الفاظ میں چل سکتی ہے نہ کہ واقعات و حالات میں۔

یہاں تک پانچ آیتوں اور پندرہ حدیثوں سے صرف یہ ثابت کیا گیا ہے کہ عہدِ رسالت میں بہت سے جزئی واقعات پیش آتے تھے اور حضورؐ کو ان کی اطلاع نہیں ہوتی تھی اور دوسرے لوگوں کو ہو جاتی تھی، لیکن صرف ان جزئی معلومات کی وجہ سے (جن کو امورِ دین و دیانت اور فرائضِ نبوت و رسالت سے کوئی خاص تعلق بھی نہیں)، نہ ان دوسرے لوگوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ علم داں کہا جا سکتا ہے اور نہ ان علوم کے عدمِ حصول سے حضورؐ کے کمال علمی میں کوئی کمی آتی ہے۔

علامہ سید محمود آلوسی مفتیٔ بغداد علیہ الرحمۃ اپنی بے نظیر تفسیر ”روح المعانی“ میں ارقام فرماتے ہیں:

ولا اعتقد فوات کمال بعدم العلم بحوادث دنیویۃ جزئیۃ کعدم العلم بما یصنع زیدٌ مثلاً فی	اور میں دُنیوی اور جزئی حوادث کے علم نہ ہونے کی وجہ سے کمال کے فوت ہو جانے کا قائل نہیں جیسے کہ زید کے روزمرّہ کے

بیتہ و ما یجری علیہ فی یومہ و غدہ۔ (روح المعانی ج ۸، ص ۳۵)

خانگی حالات کا علم دوسرے ایسے علموں کے نہ ہونے سے کمال نہیں جاتا)۔

دسواں مقدمہ

اگر زید کو ایک ہزار باتوں کا علم ہو اور عمرو کو لاکھوں کروڑوں باتوں کا لیکن زید کے ان ایک ہزار معلومات میں سے دس بیس ایسے ہوں جو عمرو کو حاصل نہ ہوں تو ان دس بیس علوم کی وجہ سے (جو زید کو حاصل ہیں اور عمرو کو حاصل نہیں) زید کو علی الاطلاق "اعلم من عمرو" (عمرو سے زیادہ علم والا) نہیں کہا جا سکتا (دراں حالانکہ عمرو کو لاکھوں اور کروڑوں وہ علوم عالیہ حاصل ہیں جن کی زید کو ہوا بھی نہیں لگی) البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ زید کو فلاں فلاں معلومات ہیں اور عمرو کو نہیں، مثلاً حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو شریعت کے لاکھوں اور کروڑوں علم حاصل تھے اور ابن رشد کو بھی علوم شرعیہ میں خاصی دستگاہ تھی، لیکن حضرت امام ابوحنیفہ رح کے عشر عشیر بھی نہیں تھی مگر فلسفہ یونان کے متعلق جو معلومات ابن رشد کو حاصل تھے، وہ یقیناً حضرت امام ابوحنیفہ رح کو حاصل نہ تھے کیونکہ ان کے زمانے میں فلسفہ یونان عربی میں منتقل ہی نہیں ہوا تھا لیکن اس کی وجہ سے ابن رشد کو حضرت امام ابوحنیفہ رح سے اعلم نہیں کہا جا سکتا۔

علیٰ ہذا حضرت امام شافعی رح اور امام احمد رح، امام بخاری رح اور امام مسلم رح کو کتاب و سنت کے لاکھوں علوم حاصل تھے مگر تاریخ و سیر میں جو معلومات ابن خلدون اور ابن خلکان کے تھے وہ تمام بحیثیت مجموعی ان حضرات کو یقیناً حاصل نہ تھے کیونکہ ابن خلکان اور ابن خلدون کے علم میں تو بہت سے وہ تاریخی واقعات بھی تھے جو ان حضرات ائمہ کی وفات کے بعد وقوع میں آئے۔ لیکن اس کی وجہ سے ابن خلکان اور ابن خلدون کو یا آج کل کے کسی مورخ کو ان ائمہ دین سے اعلم نہیں کہا جا سکتا۔ علیٰ ہذا ایک موٹر ڈرائیور کو ڈرائیوری کے متعلق اور ایک موچی کو جُفت دوزی کے متعلق جو معلومات حاصل ہوتے ہیں وہ یقیناً خود مولوی احمد رضا خانصاحب کو حاصل نہ تھے، لیکن میرے نزدیک کوئی اعلیٰ درجہ کا احمق بھی اس کی وجہ سے ہر موٹر ڈرائیور اور موچی کو خاں صاحب موصوف

سے زیادہ وسیع العلم کہنے کی جرأت نہ کرے گا۔

بہرحال جب کسی ایک شخص کو دوسرے کے اعتبار سے علی الاطلاق اعلم (زیادہ علم والا) کہا جائے گا۔ تو مجموعۂ علوم کے اعتبار سے اور بالخصوص علومِ دینیہ شرعیہ ہی کے اعتبار سے کہا جائے گا ——— اور اگر کوئی شخص زید کے لئے کسی خاص علم کی وسعت تسلیم کرے اور عمرو کے لئے تسلیم نہ کرے تو اس سے ہرگز لازم نہیں آتا کہ اس نے زید کو عمرو سے اعلم مان لیا۔ بالخصوص جب کہ وہ علم علوم عالیہ کمالیہ میں سے بھی نہ ہو۔ اور پھر خصوصًا جب کہ شخص مذکور عمرو کے لئے اعلیٰ درجہ کے لاکھوں اور کروڑوں علوم ایسے مان رہا ہو جن کی زید کو بلکہ دنیا کے کسی انسان کو ہُوا بھی نہ لگی ہو ——— تِلْکَ عَشَرَۃٌ کَامِلَۃٌ

یہاں تک دس مقدمے ہوئے۔ ہم اس سلسلہ کو یہیں ختم کرتے ہیں اور اصل مبحث کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ افسوس ہے کہ اس بحث میں بھی جواب دینے سے پہلے ہم کو مولوی احمد رضا خاں صاحب کی دیانت کا مرثیہ پڑھنا پڑتا ہے اگر جناب موصوف عباراتِ "براہینِ قاطعہ" کے نقل کرنے اور ان کا مطلب بیان کرنے میں خیانت سے کام نہ لیتے تو آج اس کے جواب میں ہم کو اس قدر طوالت اختیار کرنے کی ضرورت نہ پڑتی۔

"براہینِ قاطعہ" میں نہ تو مطلق علم کی وسعت میں کلام تھا، نہ علومِ عالیہ کمالیہ کی بحث تھی، بلکہ صرف علمِ روئے زمین کی وسعت میں گفتگو تھی۔ مولوی احمد رضا خاں صاحب کے ہم مشرب مولوی عبدالسمیع صاحب نے "انوارِ ساطعہ" میں شیطان وملک الموت کے لئے اسی وسعتِ علمی کو دلائل سے ثابت کرکے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اس پر قیاس کیا اور اسی قیاس کی بناء پر حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لئے علمِ زمین کی وسعت ثابت کی تھی، اور حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ مصنّف "براہینِ قاطعہ" نے اسی قیاس کو رد کیا ——— ("براہینِ قاطعہ"، "انوارِ ساطعہ" ہی کا جواب ہے)۔

بہرحال "براہینِ قاطعہ" کی ساری بحث صرف علمِ زمین کی وسعت میں تھی، (جس کو دین و دیانت اور فرائضِ نبوّت و رسالت سے کوئی خاص تعلق نہیں) اور ایسے

علوم کے متعلق بذیل مقدمہ ۶ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح ہم تفسیر کبیر سے نقل کر چکے ہیں کہ وہ ان میں غیر نبی سے بڑھ سکتا ہے"[1]

لیکن مولوی احمد رضا خاں صاحب نے اپنی مجدّدانہ تلبیس سے لکھ مارا کہ:

انه قد صرح فی کتابه البراهین القاطعة . . . . بان شیخهم ابلیس اوسع علما من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم	اُس نے اپنی کتاب "براہین قاطعہ" میں تصریح کی کہ ان کے پیر ابلیس کا علم نبی صلی اللہ علیہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے۔

غور فرمایا جائے! کہاں صرف علم زمین کی وسعت اور کجا مطلق علم کی وسعت۔

ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بہ کجا

ہم ناظرین کی سہولت کے لئے ایک مثال بھی پیش کرتے ہیں اور اسی سے انشاء اللہ عبارتِ براہین کی پوری توضیح بھی ہو جائے گی۔

فرض کیجئے کہ مصنف انوارِ ساطعہ کی ذہنیت رکھنے والا مولوی احمد رضا خاں صاحب کا کوئی دوسرا بھائی مثلاً زید کہتا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو "شعر" کا علم حاصل تھا اور دلیل یہ پیش کرتا ہے کہ بہت سے فاسقوں اور کافروں کو یہ فن آتا ہے، امراء القیس بدترین کافر تھا اور ساتھ ہی اعلیٰ درجہ کا شاعر بھی، فردوسی فاسد العقیدہ شیعی تھا اور فارسی کا بہترین شاعر بھی، پس جب کہ فاسقوں اور کافروں تک کو یہ فن حاصل ہے تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جو افضل المرسلین سید الاولین والآخرین ہیں ضرور حاصل ہوگا، اس کے جواب میں مولانا خلیل احمد صاحب کا کوئی اہم مسلک مسلمان لکھے کہ:

"امرأ القیس اور فردوسی کا حال تاریخ کی متواتر شہادتوں سے معلوم ہوا، اب اس پر کسی افضل کو قیاس کر کے اس میں بھی مثل یا زائد اس مفضول سے

---

[1] نیز مقدمہ ۶ کے ذیل میں نہایت واضح دلائل سے ہم یہ بھی ثابت کر چکے ہیں کہ اگر ایسے علوم میں کسی کا دائرۂ علم زیادہ وسیع ہو تو اس کو دوسرے کے اعتبار سے علی الاطلاق اعلم نہیں کہا جا سکتا، جب کسی کو دوسرے کے اعتبار سے اعلم کہا جائے گا تو علوم کمالیہ اور مجموعۂ علوم ہی کے اعتبار سے کہا جائے گا جیسا کہ آخری مقدمہ میں ثابت کیا جا چکا ہے۔

ثابت کرنا کسی عاقل ذی علم کا کام نہیں۔ اول تو عقائد کے مسائل قیاسی نہیں کہ قیاس سے ثابت ہو جائیں، بلکہ قطعی ہیں قطعیات نصوص سے ثابت ہوتے ہیں کہ خبرِ واحد بھی یہاں مفید نہیں لہٰذا اس کا اثبات جب قابلِ التفات ہو کہ قطعیات سے اس کو ثابت کرے اور خلاف تمام امت کے ایک قیاس فاسد سے عقیدہ خلق کا اگر فاسد کیا چاہے تو کب قابلِ التفات ہوگا۔

قرآن پاک میں ہے:

وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهٗ	یعنی ہم نے ان کو (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو) شعر کا علم نہیں دیا، اور وہ ان کے لئے مناسب بھی نہیں۔

(سورہ یٰس)

اور کتبِ حدیث میں مروی ہے کہ حضورؐ نے مدت العمر کبھی ایک شعر بھی نہیں کہا، اور فقہ حنفی کی مشہور کتاب "فتاویٰ قاضی خاں" میں ہے:

قال بعض العلماء من قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال شعرًا فقد كفر۔	جو شخص کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شعر بھی کہا ہے، وہ کافر ہے۔

تیسرے اگر افضلیت ہی اسکی موجب ہے تو تمام نیک مسلمان امراء القیس اور فردوسی سے اچھے شاعر ہونے چاہئیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ علیٰ ہٰذا القیاس غور کرنا چاہیے کہ امراء القیس اور فردوسی کا حال دیکھ کر علم شعر کا فخرِ عالم کو خلافِ نصوصِ قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسد سے ثابت کرنا بدینی نہیں تو کونسا ایمان کا حصہ ہے۔

امرأ القیس اور فردوسی کو علمِ شعر کی وسعت تاریخ کی متواتر شہادتوں سے ثابت ہوئی، فخرِ عالم کی وسعتِ علمِ شعر کی کون سی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک خلافِ شریعت عقیدہ ثابت کرتا ہے۔[1]

---

[1] یہ مذکورۂ بالا عبارت بعینہٖ "براہین قاطعہ" کی ہے، البتہ خط کشیدہ الفاظ ہمارے ہیں جن میں تفصیل کی ضرورت سے کچھ ترمیم کر دی گئی ہے، ورنہ خاکہ بالکل براہین قاطعہ ہی کا ہے۔ ۱۲ منہ

اس پر مولوی احمد رضا خاں صاحب کا کوئی روحانی فرزند فتویٰ دے کہ :۔

"اس شخص نے اپنی عبارت میں تصریح کی ہے کہ امراء القیس اور فردوسی کا علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے ...... اور بیشک نسیم الریاض میں فرمایا کہ "جو کسی کا علم حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ بتائے اس نے بیشک حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عیب لگایا اور حضورؐ کی شان گھٹائی تو وہ (حضورؐ کو) گالی دینے والا ہے۔[۱] (لہٰذا کافر و مرتد ہے)

ناظرین با انصاف غور فرمائیں کہ اس مفتی نے خیانت نہیں کی؟ کیا مذکورہ بالا عبارت میں مطلق علم، یا علومِ عالیہ کمالیہ کی بحث تھی؟ اور کیا شخص مذکورہ نے امراء القیس اور فردوسی کے لئے مطلق علم کی یا علومِ عالیہ کمالیہ کی وسعت تسلیم کی ہے؟ اور کیا اس نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مطلق وسعتِ علمی سے انکار کیا ہے؟ یا علومِ متعلقہ نبوت ورسالت و علومِ عالیہ و کمالیہ سے اس کو انکار ہے؟ ظاہر ہے کہ ان میں سے کچھ بھی نہیں بلکہ یہاں صرف علمِ شعر کی بحث ہے۔ اُسی کی وسعت کو امراء القیس جیسے کافر اور فردوسی وغیرہ کے لئے تسلیم کیا گیا ہے اور حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی نفی کی گئی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ شخص مذکورہ نے امراء القیس جیسے کافر اور فردوسی جیسے فاسد العقیدہ کو حضور سے زیادہ وسیع العلم مان لیا ——— یا تو ایسے عیار و مکار کا کام ہے جو اپنا اُلو سیدھا کرنے کے لئے مسلمانوں میں تفریق ڈالنا چاہتا ہے یا ایسے جاہل اور احمق کا کام ہے جو "اعلم" اور "اوسع علماً" کے معنی سے بھی ناآشنا ہے۔ ہم دسویں مقدمہ میں ثابت کر چکے ہیں کہ ایک کو دوسرے کے اعتبار سے اعلم (زیادہ وسیع العلم)، علومِ عالیہ کمالیہ اور مجموعۂ علوم ہی کے اعتبار سے کہا جاتا ہے ورنہ لازم آئے گا کہ ایک موچی اور ایک موٹر ڈرائیور بلکہ بلکہ نجاست

---

[۱] منقولہ بالا عبارت بعینہٖ مولوی احمد رضا خاں صاحب کی ہے، ہم نے صرف تطبیقِ مثال کے لئے ابلیس کے بجائے امراء القیس اور فردوسی کا نام لکھ دیا ہے۔ ۱۲ منہ

کے ایک ناپاک کپڑے کو بھی مولوی احمد رضا خاں صاحب کے مقابلہ میں اعلم کہنا صحیح ہو، اس کی تفصیل آٹھویں اور دسویں مقدمے کے ذیل میں گذر چکی ہے۔

اگرچہ ارباب فہم کے لئے اسی قدر کافی ہے مگر بدقسمتی سے سابقہ ایسی جماعت سے پڑا ہے جس میں جہل کی کثرت ہے اور پھر اللہ کی عنایت سے جو علماء ہیں وہ بھی جُہلاء سے کمتر نہیں بلکہ بدتر ہیں۔ لہٰذا مزید تفصیل کے لئے ہم ایک مثال اور عرض کرتے ہیں:

مولوی احمد رضا خاں صاحب نے ایک اُلّو کی عجیب و غریب کہانی بیان فرمائی ہے:

خاں صاحب بریلوی کا کراماتی اُلّو

خاں صاحب ارشاد فرماتے ہیں:

"تین صاحب جا رہے تھے۔ دُور سے ایک جنگل میں دیکھا کہ بہت سے آدمیوں کا مجمع ہے۔ ایک راجہ گدی پر بیٹھا ہے۔ جوار[1] سی حاضر ہیں ایک فاحشہ ناچ رہی ہے۔ شمع روشن ہے۔ یہ صاحب تیر اندازی کے بڑے مشاق تھے۔ آپس میں کہنے لگے کہ اس مجلس فسق و فجور کو درہم برہم کرنا چاہیئے۔ کیا تدبیر کی جائے؟

ایک نے کہا کہ راجہ کو قتل کر دو کہ سب کچھ اسی نے کیا ہے۔ دوسرے نے کہا، اس ناچنے والی عورت کو قتل کرو۔ تیسرے نے کہا کہ اسے بھی نہ قتل کرو کہ وہ خود نہیں آئی۔ راجہ کے حکم سے آئی ہے۔ اپنی غرض تو مجلس کا درہم برہم کرنا ہے۔ اس شمع کو گل کر دو، یہ رائے پسند ہوئی، انھوں نے تاک کر شمع کی لَو پر تیر مارا۔ شمع گل ہوئی، اب نہ وہ راجہ رہا، نہ فاحشہ نہ مجمع۔ نہایت تعجب ہوا۔ بقیہ رات وہیں گزاری۔ جب صبح ہوئی تو دیکھا کہ ایک اُلّو مرا پڑا ہے اور اسکی چونچ میں وہی تیر لگا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ سب

---

[1] یعنی پیشہ ور لونڈیاں۔ ۱۲۔

کام اُسی اُلّو کی رُوح کر رہی تھی"۔ [1]

اب فرض کیجیے کہ خاں صاحب کا ایک مرید (علیم الدین) جو خاں صاحب کو محدث[1] مفسر[2] فقیہ[3] صوفی[4] حافظ[5] قاری[6] سبھی کچھ سمجھتا ہے مگر کہتا ہے کہ اعلیٰ حضرت کو مسمریزم نہیں آتا تھا، اور ایک دوسرا مرید (حفیظ الدین) کہتا ہے کہ اعلیٰ حضرت کو مسمریزم آتا تھا اور دلیل یہ پیش کرتا ہے کہ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ کے مذکورہ بالا ملفوظ شریف سے معلوم ہوا کہ ایک اُلّو مسمریزم کا اتنا ماہر تھا کہ اپنی ایک نگاہ میں اچھا خاصہ بھان متی کا تماشا دکھاتا تھا تو ہمارے اعلیٰ حضرت مجدد ملّت جو خدا کے بڑے مقبول بندے تھے اور اس اُلّو سے یقیناً ہزاروں بلکہ لاکھوں درجہ افضل تھے تو بھلا ان کو کیوں نہیں آتا ہوگا۔ اس پر علیم الدین کہتا ہے کہ اُلّو کی مسمریزم دانی تو اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہٗ کے ملفوظ شریف سے معلوم ہوئی مگر اعلیٰ حضرت کی مسمریزم دانی کا کیا ثبوت ہے؟ اور اعلیٰ حضرت کو اُلّو پر قیاس کرنا ——— قیاس فاسد (بلکہ نہایت بیہودہ حرکت) ہے۔

تو کیا خاں صاحب کے کسی مرید یا وارث کو حق پہونچتا ہے کہ اس غریب علیم الدین پر اعلیٰ حضرت کے علم کی تنقیص کا دعویٰ دائر کرے اور یہ کہے کہ اس نے ایک اُلّو کو حضور پُر نور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد الملّت صلی اللہ تعالیٰ علیٰ جدیہٖ علیہ وسلم ——— سے زیادہ وسیع العلم مان لیا ——— میں تو سمجھتا ہوں کہ ایسا سمجھنے والا اور کہنے والا اُلّو ہے، اور اگر بیچارے علیم الدین کو رضا خانی برادری سے خارج کرنے کے لئے دانستہ طور پر ازراہ عیاری اس کے خلاف یہ پروپیگنڈہ کرتا ہے تو اعلیٰ درجہ کا فریبی اور پلّے سرے کا خائن ہے۔

بہر حال خاں صاحب کی پہلی خیانت تو یہ ہے کہ براہین قاطعہ میں ایک خاص علم کی وسعت یعنی علم روئے زمین کی وسعت میں کلام تھا۔ اسی کو مولوی احمد رضا خاں صاحب

---

[1] جناب خاں صاحب نے یہ قصہ مسمریزم کی حقیقت بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے ملاحظہ ہو ملفوظات، حصہ چہارم مطبوعہ حسنی پریس بریلی ۱۲۰ منہ

[2] مولوی احمد رضا خاں صاحب کے مریدین و متبعین یوں ہی کہتے ہیں۔

کے مشربی بھائی مولوی عبد السمیع صاحب نے شیطان اور ملک الموت کے لئے دلائل سے ثابت کر کے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بنابر افضلیت قیاس سے ثابت کیا تھا اور مصنفِ براہین نے اسی قیاس کو رد کیا تھا، نیز عبارت میں ایسے الفاظ بھی موجود تھے جنہوں نے بحث کو صرف علمِ زمین کے ساتھ مخصوص کر دیا تھا، چنانچہ براہینِ قاطعہ کے صفحہ ۴۷ سے خاں صاحب نے جو فقرہ نقل کیا ہے، اس کے شروع میں یہ الفاظ موجود ہیں :۔

"الحاصل غور کرنا چاہئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علمِ محیطِ زمین کا فخرِ عالم کو خلاف نصوصِ قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاسِ فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے۔"

اس فقرے میں "علمِ محیطِ زمین" کا لفظ موجود ہے جس کے بعد کوئی شبہ بھی نہیں رہتا مگر خاں صاحب کی دیانت ملاحظہ ہو کہ آپ نے "حسام" میں اس فقرے کا آخری خط کشیدہ جز یعنی صرف "خبر" تو نقل کر دی، لیکن پہلا جز یعنی مبتدا جس میں علمِ محیطِ زمین کی تصریح تھی صاف ہضم کر گئے، اور اس پر آپ کا لقب ہے مجددِ مائۃ حاضرہ، مؤیدِ ملتِ طاہرہ وغیرہ وغیرہ۔

پھر اسی جگہ اسی قسم کی ایک اور خیانت ملاحظہ ہو، خاں صاحب کی نقل کردہ عبارت براہین سے ٹھیک دو سطر کے بعد اُسی صفحہ پر یہ عبارت شروع ہوتی ہے :۔

"پس اعلیٰ علیین میں رُوحِ مبارک علیہ السلام کے تشریف رکھنے اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ۔"

اس عبارت میں بھی "ان امور" کا لفظ صاف بتلا رہا ہے کہ بحث صرف علمِ روئے زمین کی ہے نہ مطلق علم کی۔ نہ علومِ عالیہ کمالیہ کی جن پر فضیلِ انسانی کا مدار ہے، لیکن خاں صاحب نے اس عبارت کو بھی صاف اُڑا دیا۔

بہر حال براہینِ قاطعہ میں یہ تمام تصریحات ہوتے ہوئے بھی دجن سے صاف

معلوم ہو جاتا ہے کہ یہاں بحث صرف علم روئے زمین کی ہے نہ مطلق علم کی۔ خاں صاحب نے بے دریغ لکھ مارا کہ:

"اس نے اپنی کتاب براہین قاطعہ میں تصریح کی کہ ان کے پیر ابلیس کا علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہے۔"

یہاں تک خاں صاحب کی پہلی خیانت کا ذکر تھا اور اس کے ضمن میں موصوف کے پہلے اعتراض کا شافی جواب بھی ہو گیا جس کے بعد کسی مصنف بلکہ متعنت اور متعصب کو بھی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ فللہ الحمد!

حاصل اس جواب کا یہ ہے کہ براہین قاطعہ میں ملک الموت اور شیطان کے لئے (ان دلائل کی بنا پر جو مولوی عبدالسمیع صاحب مصنف انوار ساطعہ نے پیش کئے ہیں) صرف علم زمین کی وسعت تسلیم کی گئی ہے اور اسی مخصوص وسعت کو حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے غیر ثابت بالنص کہا گیا ہے اس کو مطلق وسعتِ علمی کے انکار پر محمول کرنا اور یہ نتیجہ نکالنا کہ (معاذ اللہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کو شیطان کے علم سے کم بتلا دیا صرف اسی جاہل اور احمق کا کام ہے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علم عالی کو اسی عالم سفلی میں محدود سمجھتا ہو لیکن جس کے نزدیک آپ کے علم کی پرواز عرش و کرسی سے بھی بالاتر ہو وہ ایسی حماقت کا ارتکاب کیونکر کر سکتا ہے؟

اگر آج کوئی شخص کہے کہ تعمیرات کے فن میں فلاں یورپین انجینئر کے معلومات حضرت امام ابوحنیفہؒ سے زیادہ وسیع ہیں تو کوئی احمق سے احمق بھی یہ نہیں کہے گا کہ اس شخص نے حضرت امام ابوحنیفہؒ کے علم کو اس کافر انجینئر کے علم سے گھٹا دیا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کہے کہ فلاں شرابی کو شراب کے متعلق بہت کچھ معلومات ہیں اور فلاں غوث و قطب کو وہ معلومات حاصل نہیں تو اس سے ہرگز یہ نہیں سمجھا جا سکتا کہ اس شخص نے اس شرابی کو غوث و قطب سے زیادہ وسیع العلم مان لیا۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ گمراہ کرنے کے لئے شیطان کو جن وسائل کی ضرورت

تھی (بندوں کی آزمائش کے لئے) حق تعالیٰ نے وہ سب اس کو عنایت فرمائے۔ قیامت تک کی عمر دی۔ وہ عجیب و غریب قدرت دی کہ انسان کی رگ و پے میں خون کی طرح دوڑ سکے بندگانِ خدا کو گمراہ کرنے کے لئے جس علم کی ضرورت تھی، وہ بھرپور دیا تاکہ وہ اپنی ابلیسانہ کوششیں ختم کر لے اور دنیا دیکھ لے کہ "عباد الرحمٰن" کے مقابلے میں اس کے سارے ہتھیار کس طرح بے کار ہوتے ہیں۔

اُس کو ضرورت ہے کہ بنی آدم کو گمراہ کرنے کے لئے ان کے امیال و عواطف و جذبات و خواہشات سے واقف ہو، اس کو معلوم ہونا چاہئے کہ فلاں جگہ تنہائی میں ایک نوجوان عورت ہے اور فلاں آوارہ نوجوان کو اس تدبیر سے وہاں تک پہنچایا جاسکتا ہے۔ فلاں جگہ مجلس رقص ہے اور شوقین مزاج نوجوانوں کا فلاں جگہ مجمع ہے اور اس حیلہ سے ان کو اس مجلس فواحش میں بھیجا جاسکتا ہے۔ بہرکیف اس کو ان شیطانی امور کی تکمیل کے لئے اس عالمِ سفلی کے وسیع معلومات کی ضرورت ہے لیکن مقربانِ بارگاہِ خداوندی کو ان لغویات سے کیا غرض؟ ان کا کام تو ارشاد و ہدایت ہے اور اس کے لئے جن پاکیزہ علوم کی ضرورت ہے وہ حق تعالیٰ نے ان کو بے نہایت عطا فرمائے۔

پس اگر اس عالمِ سفلی کے کچھ علوم شیطان کو حاصل ہوں اور حضرات انبیاء علیہم السلام کو حاصل نہ ہوں تو کون احمق اور شیطان کا کونسا اُمتی ہوگا۔ جو صرف علوم سفلیہ کی وجہ سے شیطان کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم یا کسی دوسرے نبی علیہ السلام سے زیادہ وسیع العلم کہہ دے دراں حالیکہ علومِ الٰہیہ اور معارفِ ربانیہ سے ان کو وہ وافر حصہ ملا ہے جو کسی مقرب سے مقرب فرشتہ کو بھی نصیب نہیں۔

ہم مقدمات کے ذیل میں اس موضوع پر کافی سے زیادہ روشنی ڈال چکے ہیں اب یہاں صرف ایک چیز اور عرض کرتے ہیں اور اسی پر انشاء اللہ اس بحث کا خاتمہ ہے۔ دشمنانِ صداقت سے تو ہمیں کوئی توقع نہیں، ہاں جن حق پسند دل کو اللہ تعالیٰ توفیق دے ان سے ضرور قبولِ حق کی اُمید ہے ملاحظہ ہو:

حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ کی صفائی میں

مولوی عبدالسمیع و مولوی احمد رضا خان صاحبان کی زبردست شہادت

ہُوا ہے مُدّعی کا فیصلہ اچھا مرے حق میں
زلیخا نے کیا خود پاک دامن ماہِ کنعاں کا

ہمارے بیانِ سابق سے یہ تو معلوم ہو چکا ہے کہ مصنّفِ براہینِ قاطعہ کا جرم صرف اس قدر ہے کہ اس نے ایک خاص علم یعنی علمِ زمین کی وسعت (بنا برآن دلائل کہ جو آپ کے مولوی عبدالسمیع صاحبؒ نے انوارِ ساطعہ میں پیش کئے ہیں) ملک الموت اور شیطان کے لئے تسلیم کی ہے اور اسی وسعتِ علمی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے غیر ثابت بالنص کہا ہے لیکن ——— ایں گناہیست کہ در شہرِ شما نیز کنند۔

ذرا اِسی بحث میں انوارِ ساطعہ کے یہ الفاظ ملاحظہ ہوں:

"اور تماشا یہ کہ اصحابِ محفلِ میلاد تو زمین کی تمام پاک ناپاک مجالس مذہبی و غیر مذہبی میں حاضر ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں دعوٰی کرتے۔ ملک الموت اور ابلیس کا حاضر ہونا اس سے بھی زیادہ تر مقامات پاک، ناپاک، کفر و غیر کفر میں پایا جاتا ہے۔"

کہیے! اتنی صفائی کے ساتھ تو مولانا خلیل احمد صاحب نے بھی نہیں لکھا انہوں نے تو صرف علمِ زمین کی اُس مخصوص وسعت کو غیر منصوص تبلایا تھا۔ مولوی احمد رضا خاں صاحب کے یہ مشربی بھائی مولوی عبدالسمیع صاحب تو صاف فرماتے ہیں کہ ملک الموت اور شیطان کا حاضر ہونا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہی نہیں بلکہ زیادہ تر مقامات میں پایا جاتا ہے۔ منقولہ بالا عبارت انوارِ ساطعہ کے اُس پہلے ایڈیشن میں بھی ہے جو براہینِ قاطعہ سے پہلے شائع ہوا ہے، اور اس میں بھی

جو بعد میں مولوی عبد السمیع صاحب کی نظرِ ثانی اور ترمیم کے بعد شائع ہوا ہے اور جس پر مولوی احمد رضا خاں صاحب کی تقریباً چار صفحہ تقریظ بھی ہے جس میں مولوی عبد السمیع صاحب کی انوارِ ساطعہ کی تعریف میں خوب زمین آسمان کے قلابے ملائے گئے ہیں لہٰذا مولوی احمد رضا خاں صاحب کے اخلاف و متبعین۔

(۱) مولوی عبد السمیع صاحب اس عبارت کی وجہ سے کافر ہوئے یا نہیں؟

(۲) اور خود خاں صاحب اس پر تقریظ لکھنے کی وجہ سے کہاں پہنچے؟

اللہ تعالےٰ ہم کو اور آپ کو دیدۂ بصیرت دے۔ آپ حضرات نے مصنفِ براہینِ قاطعہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کرامت دیکھی؟ ان خاں صاحب نے جو الزام ان پر رکھا تھا، وہ خود ہی اس میں گرفتار ہو گئے۔

اس وقت ہم اس بحث کو یہیں ختم کرتے ہیں اور مناسب سمجھتے ہیں کہ خاتمہ بحث میں رسالہ "التصدیقات لدفع التلبیسات" سے مصنفِ براہینِ قاطعہ (علیہ الرحمۃ) کا وہ کلام بھی نقل کر دیں جو آں مرحوم نے خاں صاحب کے اسی شیطان والے بہتان کے جواب میں تحریر فرمایا ہے۔

جب مولوی احمد رضا خاں صاحب اپنی محنت اور کمائی کا نتیجہ (فتوائے کفر) لے کر حرمین شریفین پہنچے اور وہاں سے ان علمائے کرام سے جو حقیقتِ حال سے ناواقف تھے دھوکا دے کر تصدیق کرالی اور حرمین شریفین میں بھی علمائے دیوبند کے متعلق یہ چرچے ہوئے تو وہاں کے بعض اہلِ علم نے حضرات علمائے دیوبند وسہارنپور سے ان کے عقائد کے متعلق چھبیس ۲۶ سوالات کئے ان سوالوں کا جواب حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مصنف براہینِ قاطعہ نے تحریر فرمایا۔ پھر یہ مجموعہ بغرضِ تصدیق و توثیق حرمین شریفین، شام، دمشق، حلب، مصر وغیرہ بلادِ اسلامیہ کے علمائے کرام کی خدمت میں بھیجا گیا اور ان علمائے کرام و مفتیانِ عظام نے اس کی تصدیق و تصویب فرمائی اور پھر وہ جواب مع ان تصدیقات کے چھپوا دیا گیا اور اسی زمانہ میں "التصدیقات لدفع التلبیسات" کے نام سے اس کا پہلا اڈیشن مع ترجمہ کے شائع ہو گیا، پھر اس کے بعد سے اس وقت تک اس کے بہت سے

اڈیشن نکل چکے ہیں۔

اس میں انیسواں سوال مولوی احمد رضا خاں صاحب کے اسی شیطان والے بہتان کے متعلق ہے۔ ذیل میں ہم وہ سوال و جواب بجنسہٖ نقل کرتے ہیں۔ ناظرین ملاحظہ فرمائیں گے کہ ہم نے جو کچھ اس بحث میں لکھا ہے وہ درحقیقت اسی اجمالی جواب کی تفصیل ہے جو خود مصنفِ براہین نے اپنی زندگی میں دیا ہے۔

السؤال التاسع عشر

اترون ان ابلیس اللعین اعلم من سیّد الکائنات علیه السلام واوسع علما منه مطلقا وهل کتبتم ذٰلك فی تصنیف ما وبم تحکمون علی من اعتقد ذٰلك۔

انیسواں[19] سوال

کیا تمہاری یہ رائے ہے کہ ملعون شیطان کا علم سید الکائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم سے زیادہ اور مطلقاً وسیع تر ہے اور کیا یہ مضمون تم نے اپنی کسی تصنیف میں لکھا ہے جس کا یہ عقیدہ ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب

قد سبق منا تحریر هذه المسئلة ان النبی علیه السلام اعلم الخلق علی الاطلاق بالعلوم والحکم والاسرار وغیرها من ملکوت الآفاق ونتیقن ان من قال ان فلانا اعلم من النبی علیه السلام فقد کفر وقد افتی مشائخنا بتکفیر من قال ان ابلیس اللعین اعلم من النبی علیه السلام فکیف یمکن

جواب

اس مسئلہ کو ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ نبی کریم علیہ السلام کا علم حِکَم و اسرار وغیرہ کے متعلق مطلقاً تمامی مخلوقات سے زیادہ ہے اور ہمارا یقین ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ فلاں شخص نبی کریم علیہ السلام سے اعلم ہے وہ کافر ہے اور ہمارے حضرات اس شخص کے کافر ہونے کا فتوٰے دے چکے ہیں جو یوں کہے شیطان ملعون کا علم نبی علیہ السلام سے زیادہ ہے پھر بھلا ہماری کسی تصنیف میں یہ مسئلہ کہاں پایا جا سکتا ہے، ہاں کسی جزئی حادثہ حقیرہ کا

ان توجد هذه المسئلة في تاليف
ما من كتبنا غير انه غلبوبة لبعض
الحوادث الجزئية الحقيرة عن
النبي عليه السلام لعدم التفاته
اليه لا يورث نقصا ما في اعلميته
عليه السلام بعد ما ثبت انه اعلم
الخلق بالعلوم الشريفة اللائقة
بمنصبه الاعلى كما لا يورث
الاطلاع على اكثر تلك الحوادث
الحقيرة لشدة التفات ابليس
اليها شرفا وكمالا علميا فيه
فانه ليس عليها مدار الفضل
والكمال ومن ههنا لا يصح
ان يقال ان ابليس اعلم من
سيدنا رسول الله صلى الله عليه
وسلم كما لا يصح ان يقال لصبي
علم بعض الجزئيات انه اعلم من
اعلم متبحر محقق في العلوم و
الفنون الذي غابت عنه تلك
الجزئيات ولقد تلونا عليك
قصة الهدهد مع سليمان على
نبينا وعليه السلام وقوله اني
احطت بما لم تحط به ودواوين

حضرت کو اس کے معلوم نہ ہونا کہ آپ نے
انکی جانب توجہ نہیں فرمائی، آپ کے اعلم ہونے
میں کسی قسم کا نقصان پیدا نہیں کر سکتا جب
کہ ثابت ہو چکا کہ آپ اُن شریف علوم میں جو
آپ کے منصب اعلیٰ کے مناسب ہیں ساری
مخلوق سے بڑھے ہوئے ہیں جیسا کہ شیطان
کو بہتیرے حقیر حادثوں کی شدتِ التفات
کے سبب اطلاع مل جانے سے اس مردود
میں کوئی شرافت اور علمی کمال حاصل نہیں ہو
سکتا کیونکہ ان پر فضل و کمال کا مدار نہیں ہے
اس سے معلوم ہوا کہ یوں کہنا کہ شیطان کا علم
سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم
سے زیادہ ہے ہرگز صحیح نہیں جیسا کہ کسی ایسے
بچہ کو جسے کسی جزئی کی اطلاع ہو گئی ہے یوں
کہنا صحیح نہیں کہ فلاں بچہ کا علم اس متبحر و محقق
سے زیادہ ہے جس کو جملہ علوم و فنون معلوم
ہیں مگر یہ جزئی معلوم نہیں اور ہم ہُدہُد کا
سیدنا سلیمان علیہ السلام کے ساتھ پیش
آنے والا قصہ بتا چکے ہیں، اور یہ آیت پڑھ
چکے ہیں کہ " مجھے وہ اطلاع ہے جو آپ کو
نہیں " اور کتب حدیث و تفسیر اس قسم کی
مثالوں سے لبریز ہیں، نیز حکماء کا اس پر
اتفاق ہے کہ افلاطون و جالینوس وغیرہ بڑے

علاوہ بعض اس کا [illegible]

الحديث ودفاتر التفسير مشحونة بنظائرها المتكاثرة المشهورة بين الانام وقد اتفق الحكماء على ان افلاطون وجالينوس وامثالهما من اعلم الاطباء بكيفيات الادوية واحوالها مع علمهم ان دید ان النجاسة اعرف باحوال النجاسة وذوقها وكيفياتها فلم تضر عدم معرفة افلاطون وجالينوس هذه الاحوال الردية في اعلميتهما ولم يرض احد من العقلاء والحمقى بان يقول ان الدید ان اعلم من افلاطون باحوال النجاسة ومبتدعة ديارنا يثبتون للذات الشريفة النبوية عليه الف الف تحية و سلام جميع علوم الاسافل و الاراذل والافاضل الاكابر قائلين

طبیب ہیں جن کو دواؤں کی کیفیت وحالات کا بہت زیادہ علم ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ نجاست کے کیڑے نجاست کی حالتوں اور مزے اور کیفیت سے زیادہ واقف ہیں تو افلاطون وجالینوس کا ان ردّی حالات سے ناواقف ہونا ان کے اعلم ہونے کو مُضر نہیں اور کوئی عقلمند بلکہ احمق بھی یہ کہنے پر راضی نہ ہوگا کہ کیڑوں کا علم افلاطون سے زیادہ ہے حالانکہ اُن کا نجاست کے احوال سے افلاطون کی بہ نسبت زیادہ واقف ہونا یقینی امر ہے اور ہمارے ملک کے مبتدعین سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تمام شریف وادنیٰ واعلیٰ واسفل علوم ثابت کرتے اور یوں کہتے کہ جب آنحضرت ساری مخلوق سے افضل ہیں تو ضرور سب ہی کے علوم جزئی ہوں یا کلی آپ کو معلوم ہوں گے اور ہم نے بغیر کسی معتبر نص کے محض لس فاسد قیاس کی بنا پر اس علم کلی وجزئی کے ثبوت کا انکار کیا۔ ذرا غور تو فرمائیے ہر

عہ الہدہد اوسع علماً من افلاطون

عــہ [illegible] ←

عہ یہ واقعہ سورۂ نمل میں مذکور ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بار حضرت سلیمانؑ نے ہدہد کو تلاش کیا تو نہیں پایا۔ تو بہت زیادہ ناراضگی کا اظہار فرمایا جب وہ دیر کے بعد حاضر ہوا تو اس سے باز پرس کی تو اس نے کہا کہ میں ملک "سبا" سے ایک نہایت عظیم الشان خبر معلوم کر کے لایا ہوں جس کا آپ کو علم نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہدہد جیسے پرند کو ایک ایسی بات معلوم ہو سکتی ہے جو نبی وقت کے علم میں نہ ہو۔ ۱۲۰۔

عــہ ہم نویں مقدمہ میں اس مضمون کی پانچ آیتیں مع اقوال مفسرین اور پندرہ حدیثیں پیش کر چکے ہیں۔ ۱۲۰۔

انه علیه السلام لما کان افضل
الخلق کافة فلا بد ان یحتوی علی
علومهم جمیعها کل جزئی جزئی و
انکرنا اثبات هذا الامر بهذا
القیاس الفاسد بغیر نص من
النصوص المعتدة بها الاتری ان
کل مؤمن افضل واشرف من
ابلیس فیلزم علی هذا القیاس
ان یکون کل شخص من احاد
الامة حاویا علی علوم ابلیس
ویلزم علی ذلک ان یکون سلیمان
علی نبینا وعلیه السلام عالما
بما علمه الهدهد وان یکون
افلاطون وجالینوس عارفین بجمیع
معارف الدیدان واللوازم باطلة
باسرها کما هو المشاهد وهذا
خلاصة ما قلنا فی البراهین
القاطعة لعروق الاغبیاء المارقین
القاصمة لاعناق الدجاجلة
المفترین فلم یکن بحثنا فیه
الا عن بعض الجزئیات المتحدثة
ومن اجل ذلک اتینا فیه بلفظ
الاشارة حتی تدل ان المقصود

مسلمان کو شیطان پر فضل وشرف حاصل ہے
پس اس قیاس کی بناء پر لازم آئے گا کہ ہر
امتی بھی شیطان کے ہتھکنڈوں سے آگاہ
ہو اور لازم آئے گا کہ سلیمان علیہ السلام
کو خبر ہو اس واقعہ کی جسے ہُدہُد نے جانا اور
افلاطون وجالینوس واقف ہوں، کیڑوں کی
تمام واقفیتوں سے اور سارے لازم باطل
ہیں چنانچہ مشاہدہ ہو رہا ہے۔ یہ ہمارے قول
کا خلاصہ ہے جو براہین قاطعہ میں بیان کیا ہے
جس نے کند ذہن بددینوں کی رگیں کاٹ
دیں اور دجال ومفتری گروہ کی گردنیں توڑ
دیں سو اس میں ہماری بحث صرف بعض
حوادث جزئی میں تھی اور اسی لئے اشارہ
کا لفظ ہم نے لکھا تھا تاکہ دلالت کرے
کہ نفی واثبات سے مقصود صرف یہی جزئیات
ہیں لیکن مفسدین کلام میں تحریف کیا کرتے
ہیں اور شاہنشاہی محاسبہ سے نہیں
ڈرتے ہیں اور ہمارا پختہ عقیدہ ہے کہ جو
شخص اس کا قائل ہو کہ فلاں کا علم نبی علیہ السلام
سے زیادہ ہے وہ کافر ہے چنانچہ
اس کی تصریح ایک نہیں ہمارے
بہتیرے علماء کر چکے ہیں اور جو شخص
ہمارے بیان کے خلاف ہم پر بہتان

بالنفي والاثبات هنالك تلك
الجزئيات لا غير لكن المفسدين
يحرفون الكلام ولا يخافون محاسبة
الملك العلام وانا جازمون ان من
قال ان فلانا اعلم من النبي عليه
السلام فهو كافر كما صرح به غير
واحد من علمائنا الكرام ومن افترى
علينا بغير ما ذكرناه فعليه بالبرهان
خائفا عن مناقشة الملك الديان
والله على ما نقول وكيل ۔

باندھے اس کو لازم ہے کہ شاہنشاہِ
روزِ جزا سے خائف بن کر دلیل
بیان کرے اور اللہ ہمارے قول
پر وکیل ہے ۔

للہ انصاف! کیا خود مصنف براہین کے اس جواب کے بعد بھی اس بہتان کی کوئی گنجائش باقی رہتی ہے ۔ لا واللہ الحساب یوم الحساب ۔

براہینِ قاطعہ پر مولوی احمد رضا خاں صاحب کے دوسرے اعتراض کا جواب

مؤلف براہینِ قاطعہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر خاں صاحب بریلوی کا دوسرا سنگین اعتراض یہ تھا کہ انھوں نے شیطان کے لئے علم محیط تسلیم کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اسی علم کے اثبات کو شرک کہا حالانکہ جس چیز کا کسی ایک مخلوق کے لئے ثابت کرنا شرک ہے، دوسری تمام مخلوقات کے لئے بھی اس کا اثبات شرک ہی ہوگا تو گویا مصنف "براہینِ قاطعہ" نے شیطان کو خدا کا شریک مان لیا (سبحان اللہ و بحمدہ) لیکن اگر ناظرین کرام غور فرمائیں گے تو معلوم ہوگا کہ خاں صاحب کا یہ اعتراض پہلے سے بھی زیادہ غلط اور بے بنیاد ہے اور اس کو حقیقت سے اتنا ہی بُعد ہے جتنا کہ خاں صاحب اور اُن کے فتوے کو دیانت وصداقت سے ۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ "براہینِ قاطعہ" میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے علم

ذاتی کے اثبات کو شرک بتلایا گیا ہے اور ان دلائل کے بموجب جو خاں صاحب کے مشربی بھائی مولوی عبد السمیع صاحب نے "انوارِ ساطعہ" میں پیش کئے ہیں) شیطان کے لئے صرف علم عطائی تسلیم کیا گیا ہے، اور شرک علم ذاتی ثابت کرنے سے لازم آتا ہے جیسے کہ پہلے مقدمہ کے ذیل میں ہم خود خاں صاحب کی تصریحات سے ان کو ثابت کر چکے ہیں۔

براہینِ قاطعہ میں جابجا ایسی تصریحات موجود ہیں جن سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ شیطان کے لئے صرف علم عطائی تسلیم کیا گیا ہے اور شرک علم ذاتی کے اثبات کو کہا گیا ہے۔ (جس سے خاں صاحب کو بھی اختلاف نہیں) مگر افسوس ہے ان کی اس مجددانہ دیانت پر کہ براہینِ قاطعہ کی ان تمام تصریحات سے چشم پوشی کرتے ہوئے صاحب براہین کے متعلق صاف لکھ ڈالا کہ:

> "ابلیس کے لئے تو زمین کے علم محیط پر ایمان لایا ہے اور جب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آیا تو کہتا ہے یہ شرک ہے۔ حالانکہ شرک تو اسی کا نام ہے کہ اللہ عزوجل کے لئے کوئی شریک ٹھہرایا جائے تو جس چیز کا مخلوق میں سے کسی ایک کے لئے ثابت کرنا شرک ہو وہ تو تمام جہان میں جس کے لئے ثابت کی جائے یقیناً شرک ہوگا۔"

ہم کو خاں صاحب کے اس کلیہ سے اتفاقِ کلّی ہے کہ مخلوق میں سے کسی ایک کے لئے جس کا اثبات شرک ہے وہ تمام جہان میں سے جس کے لئے بھی ثابت کی جائے یقیناً شرک ہوگا (یہ نہیں ہو سکتا کہ مشرکین عرب اگر اپنے بتوں کے لئے تصرف ثابت کریں تو شرک ہو اور مشرکین ہند قبروں یا قبر والوں کے لئے وہی تصرف ثابت کریں تو شرک نہ ہو اور اسی طرح یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ جو امور عادتاً طاقتِ بشریہ سے خارج ہیں، مثلاً اولاد دینا، کاروبار میں نفع دینا، مارنا جلانا، وغیرہ وغیرہ، ان امور میں بتوں سے مدد مانگنا تو شرک ہو اور زندہ یا مردہ بزرگوں سے مدد مانگنا اور ان کو فاعل با اختیار سمجھنا شرک نہ ہو جیسا کہ قبر پرستوں کا خیال ہے۔)

بہرحال مولوی احمد رضا خاں صاحب کے اس کلیہ سے ہم کو بالکل اتفاق ہے

لیکن صاحب براہین پر اس کو چسپاں کرنا رخاں صاحب کی وہی مخصوص کارروائی ہے جس کو خیانت یا تحریف کہتے ہیں۔

علاوہ اس ذاتی اور عطائی فرق کے اس موقع پر خاں صاحب نے ایک کھلا افترا یہ کیا کہ صاحب براہین نے شیطان کے لئے "علم محیط" مان لیا، حالانکہ یہ وہ جھوٹ ہے جس میں سچائی کا شائبہ تک نہیں۔

مگر افسوس ہے کہ رضا خانی جماعت میں کوئی ایسا دیانتدار اور راستباز بھی نظر نہیں آتا جو اپنے مقتدا کی اس قابلِ نفرت حرکت کو اگر خیانت نہیں تو دانستہ غلطی ہی تسلیم کر لے۔

اصل حقیقت یہ ہے کہ مولوی احمد رضا خاں صاحب کے برادرِ مشربی مولوی عبد السمیع صاحب نے انوارِ ساطعہ میں شیطان کے علم کی وسعت ثابت کرتے ہوئے لکھا تھا کہ:

> "در مختار کے مسائل نماز میں لکھا ہے کہ شیطان اولادِ آدم کے ساتھ دن کو رہتا ہے اور اس کا بیٹا آدمیوں کے ساتھ رات کو رہتا ہے، علامہ شامی رح نے اس کی شرح میں لکھا ہے کہ شیطان تمام بنی آدم کے ساتھ رہتا ہے مگر جس کو اللہ نے بچا لیا۔ بعد اس کے لکھا ہے۔ واقدرہ علی ذالک کما اقدر ملک الموت علی نظیر ذالک، یعنی اللہ تعالیٰ نے شیطان کو اس بات کی قدرت دے دی ہے جس طرح ملک الموت کو سب جگہ موجود ہونے پر قادر کر دیا ہے۔" (انتہٰی کلامہ انوار ساطعہ)

پس مولوی عبد السمیع صاحب کی اس دلیل سے شیطان کے لئے جتنا علم ثابت ہوتا ہے اس کو بیشک مولانا خلیل احمد صاحب نے تسلیم کیا ہے، اگر اسی کو مولوی احمد رضا خاں صاحب روئے زمین کا علم محیط سمجھتے ہیں، تو یہ ان کی علمی قابلیت ہے جس کی داد اہلِ علم ہی دیں گے ورنہ کجا شیطان کا آدمیوں کے ساتھ رہنا اور کجا روئے زمین کا علم محیط جس کے لئے ذرّے ذرّے قطرے قطرے اور پتے پتے کا علم ضروری ہے۔

اور اگر خاں صاحب کی خاطر اسی کو علمِ محیط مان لیا جائے تو بھی شیطان کے علمِ محیط

پر پہلے ایمان لانے والے بلکہ دوسروں کو ایمان لانے کی دعوت دینے والے خاں صاحب کے برادرِ بزرگوار مولوی عبد السمیع صاحب ٹھہریں گے اور اس کفر و شرک کے فتوے کے اولین مصداق وہی ہوں گے کیونکہ انھوں نے ہی شیطان کے لئے یہ وسعت علم دلائل سے ثابت کی ہے، حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ تو صرف "سلّمنا" کہنے والے ہیں۔ بہرحال خاں صاحب نے اس موقع پر ایک افتراء تو یہ کیا کہ بالکل خلاف واقعہ مصنفِ براہین کے متعلق لکھ دیا کہ "ابلیس کے لئے زمین کے علمِ محیط پر ایمان لایا" اور دوسری خیانت یہ کی کہ براہینِ قاطعہ میں شیطان کے لئے مولوی عبد السمیع صاحب کے پیش کردہ دلائل کے بموجب صرف علمِ عطائی تسلیم کیا گیا تھا، اور حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے علمِ ذاتی ثابت کرنے کو شرک قرار دیا تھا جناب خاں صاحب نے یہ ذاتی اور عطائی کا زبردست فرق بالکل ہی نظر انداز کر دیا۔ اب ہم ان دونوں باتوں کا ثبوت عرض کرتے ہیں کہ تسلیمؔ علمِ عطائی کیا گیا ہے اور شرکؔ علمِ ذاتی کو کہا گیا ہے۔

امرِ اوّل کا ثبوت | براہینِ قاطعہ کی اسی بحث بلکہ اسی قول میں صفحہ ۵ کی چودھویں سطر میں ہے: "شیطان کو جس قدر وسعت علم دی" الخ

پھر اُسی کے چار سطر بعد ہے:

"اور شیطان و ملک الموت کو جو یہ وسعتِ علم دی" الخ

ان دونوں فقروں میں تصریح ہے کہ شیطان کے لئے علم کی جو وسعت تسلیم کی گئی ہے وہ خدا کی دی ہوئی ہے۔

امرِ دوم کا ثبوت | پہلے یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ مصنّفِ براہینِ قاطعہ اس بحث میں اس قیاس کو رد فرما رہے ہیں کہ جب شیطان اور ملک الموت کو علم کی یہ وسعت حاصل ہے (جو انوارِ ساطعہ کے حوالہ سے مذکور ہو چکی) تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی افضلیت کی وجہ سے اس سے زیادہ یعنی روئے زمین کا علم خود ہی پیدا کر لیں گے اور اسی خیال کو صاحبِ براہین نے شرک قرار دیا ہے، اس مختصر تمہید کے بعد ملاحظہ ہو۔

براہینِ قاطعہ میں جس جگہ یہ بحث ہے اس کی پہلی سطر ہے:

"تمام اُمت کا یہ اعتقاد ہے کہ جناب فخرِ عالم علیہ السلام کو اور سب مخلوقات کو جس قدر علم حق تعالیٰ نے عنایت کر دیا اور بتلا دیا اس سے ایک ذرّہ زیادہ کا بھی علم ثابت کرنا شرک ہے۔ سب کتبِ شرعیہ سے یہی مستفاد ہے۔"

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ صاحب براہین کے نزدیک صرف اس علم کا ثابت کرنا شرک ہے جو علاوہ عطائے خداوندی کے کسی مخلوق کے لئے ثابت کیا جائے اور اسی کا نام علمِ ذاتی ہے۔ پھر اسی بحث میں کچھ آگے چل کر فرماتے ہیں:

"عقیدہ اہلسنّت کا یہ ہے کہ کوئی صفت حق تعالیٰ کی بندے میں نہیں ہوتی اور جو کچھ اپنی صفات کا ظل کسی کو عطا فرماتے ہیں، اس سے زیادہ ہرگز کسی میں ہونا ممکن نہیں۔ ...... پھر جس کو جس قدر علم عطا فرما دیا ہے اس سے زیادہ وہ ہرگز ذرّہ بھر بھی نہیں بڑھ سکتا۔ شیطان اور ملک الموت کو جس قدر وسعت دی (جس کو مولوی عبدالسمیع صاحب نے دلائل سے ثابت کیا ہے۔) اس سے زیادہ کی ان کی کچھ قدرت نہیں۔"

پھر فرماتے ہیں:

"علمِ مکاشفہ جس قدر حضرت خضر علیہ السلام کو ملا، اس سے زیادہ پر وہ قادر نہ تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو باوجود افضلیت کے نہ ملا، تو وہ حضرتِ خضر مفضول کی برابر بھی اس علمِ مکاشفہ کو پیدا نہ کر سکے۔"

یعنی یہ خیال غلط ہے کہ کوئی افضل اپنی افضلیت کی وجہ سے بغیر عطائے خداوندی کوئی صفتِ کمال مفضول سے زیادہ اپنے اندر پیدا کر سکے بلکہ جس کو جو کچھ علم وغیرہ ملے گا وہ اللہ تعالیٰ ہی سے ملے گا۔ اس مضمون کو مدلل کرنے کے بعد صاحب براہین تحریر فرماتے ہیں:

"الحاصل غور کرنا چاہیئے کہ شیطان اور ملک الموت کا حال دیکھ کر (یعنی یہ دیکھ کر کہ اُن کو بعض مواقع زمین کا علم حاصل ہے جیسا کہ مولوی عبدالسمیع صاحب کے دلائل سے معلوم ہوا) علمِ محیط زمین کا (علمِ ذاتی) فخرِ عالم کو خلافِ نصوصِ قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسد سے ثابت کرنا (یعنی اس اٹکل سے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شیطان و ملک الموت سے افضل ہیں تو آپ بوجہ اپنی اس افضلیت کے اپنے اندر خود ہی ساری زمین کا علم پیدا کر لیں گے) شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت (یعنی اللہ کے حکم سے بہت سے مواقع زمین کا علم ہونا) نص سے ثابت ہوئی (یعنی اُس نص سے جو مولوی عبدالسمیع صاحب نے پیش کی) فخرِ عالم کی وُسعتِ علم کی (یعنی علم ذاتی کی کیونکہ قیاس فاسد اور محض اٹکل سے تو وہی ثابت کیا جا رہا ہے اور حضرت مولانا اُسی کی بحث فرما رہے ہیں جیسا کہ اوپر کے مضمون سے معلوم ہو چکا اور آئندہ خود حضرت مرحوم کی تصریح سے معلوم ہو جائے گا) کون سی نصِ قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے؟"

اس آخری جملہ سے بھی صاف معلوم ہو گیا کہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مرحوم یہاں اسی وسعتِ علم کی بحث فرما رہے ہیں جس کا ثابت کرنا شرک ہے اور یہ سب سے پہلی سطر نے بتلا دیا تھا کہ شرک صرف اسی علم کا ثابت کرنا ہے جو عطاءِ خداوندی کے علاوہ ذاتی طور پر ثابت کیا جائے۔

الغرض زیرِ بحث عبارت سے پہلی عبارت اور اس سے متصل ہی اُس کے بعد کی عبارت صاف طور سے بتلا رہی ہے کہ صاحب براہینِ اس موقع پر صرف وسعتِ علمِ ذاتی میں کلام فرما رہے ہیں اور اسی کو انھوں نے شرک قرار دیا ہے۔

یہاں تک تو سیاق و سباق کے قرائن سے ہم نے اپنا مدعا ثابت کیا ہے

اور اگرچہ یہ قناشِ بھی تصریحات سے کچھ کم نہیں لیکن اس کے بعد ہم مصنفِ براہین کی صاف وصریح عبارت پیش کرتے ہیں جس میں انھوں نے نہایت صفائی کے ساتھ اس کو واضح کر دیا ہے کہ میری یہ بحث صرف علمِ ذاتی میں ہے نہ کہ عطائی میں، ملاحظہ ہو اسی بحث اور اسی قول میں خاں صاحب کی نقل کردہ عبارت سے چند ہی جملوں کے بعد یہ عبارت ہے:

"اور یہ بحث اس میں ہے کہ علمِ ذاتی آپ کو کوئی ثابت کر کے یہ عقیدہ کرے جیسا جہلا کا یہ عقیدہ ہے۔ اگر یہ یہ جانے کہ حق تعالیٰ اطلاع دے کر حاضر کر دیتا ہے تو شرک تو نہیں ہے مگر بدوں ثبوتِ شرعی کے اس پر عقیدہ درست بھی نہیں۔"

غور فرمایا جائے، مصنفِ براہین نے کتنی وضاحت کے ساتھ اس کو بیان کر دیا کہ شرک کا حکم صرف اس صورت میں ہے جب کوئی شخص حضور کے لئے علمِ ذاتی ثابت کرے۔[ا]

اور ہم پہلے مقدمہ کے ذیل میں "الدولۃ المکیۃ" اور "خالص الاعتقاد" کے حوالہ سے خود خاں صاحب کی تصریح نقل کر چکے ہیں کہ اگر کوئی شخص اللہ کے سوا کسی کے لئے بھی ایک ذرہ سے کمتر سے کمتر کا علمِ ذاتی ثابت کرے تو وہ مشرک ہے۔

[ا] مولوی احمد رضا خاں صاحب نے اپنے رسالہ "الموت الاحمر" میں براہین قاطعہ کی اس عبارت پر بڑا وسیع جواب لکھا ہے اور بہت زیادہ زور اس پر دیا ہے کہ مولوی عبدالسمیع صاحب نے انوارِ ساطعہ میں کہیں علمِ ذاتی ثابت نہیں کیا، پس ان کے جواب میں علمِ ذاتی کا ابطال کسی طرح امرِ معقول نہیں، نیز دوسرے رضاخانی صاحبان بھی اس بحث میں ان ہی کی پیروی میں یہی کہا کرتے ہیں۔ سرِ دست اس کے متعلق ہم صرف اتنا عرض کریں گے کہ یہ بات تو صاحبِ براہین کی تصریحات سے ثابت ہے کہ شرک کا حکم صرف علمِ ذاتی کے اثبات پر ہے، اب یہ کہنا کہ جانبِ مخالف جب اس کا مثبت نہیں تو اس کا ابطال اور شرک کا حکم لگانا کیسا؟ ایک الگ علمی بحث ہے جس کا مبحثِ تکفیر سے کوئی تعلق نہیں۔ ہاں اگر تکفیر کی غلطی تسلیم کر لینے کے بعد ہم سے یہ سوال کیا جائے تو انشاء اللہ اس کا بھی ایسا تشفی بخش جواب دیا جائے گا کہ مولوی احمد رضا خاں صاحب کی روح بھی حیرت کرے کہ اتنی کھلی ہوئی چیز مجھ سے کیوں مخفی رہی۔ ۱۲۔ (مؤلف)

پس مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا کوئی جرم ایسا نہیں جس میں خاں صاحب برابر کے شریک نہ ہوں اور اگر بفرض براہین میں یہ تصریح بھی نہ ہوتی اور سیاق و سباق کے وہ قرائن بھی نہ ہوتے جو علم ذاتی کے مراد لینے پر مجبور کر رہے ہیں تب بھی اس جگہ وسعت علم سے علم عطائی کی وسعت مراد لینا بالخصوص مولوی احمد رضا خاں صاحب کے لئے کسی طرح جائز نہ تھا، وہ "خالص الاعتقاد" صفحہ ۲۸ پر بطورِ قاعدہ کلیہ کے لکھ چکے ہیں کہ :-

"آیات و احادیث و اقوالِ علماء جن میں دوسرے کے لئے اثبات علم غیب سے انکار ہے اُن میں قطعاً یہی دو قسمیں (ذاتی یا محیطِ کل) مراد ہیں"

پس براہین قاطعہ میں جس علم کے اثبات کو شرک کہا گیا ہے وہ بدرجۂ اولیٰ ذاتی یا محیطِ کل پر محمول ہونا چاہیئے لیکن افسوس ہے کہ شوقِ تکفیر نے اپنا لکھا ہوا اُصول بھی بھلا دیا۔ سچ ہے، حُبُّكَ الشَّيءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ۔

یہاں تک براہینِ قاطعہ کے متعلق خاں صاحب کے دوسرے اعتراض کا جواب ہوا جس کا حاصل صرف اس قدر ہے کہ اعتراض جب وارد ہو سکتا تھا کہ شیطان کے لئے جو علم تسلیم کیا گیا تھا اسی کے اثبات کو شرک کہا گیا ہوتا، حالانکہ واقعہ اس کے خلاف ہے شیطان کے لئے علم عطائی تسلیم کیا گیا ہے اور شرک علم ذاتی کے اثبات کو کہا گیا ہے۔ وشتّان ما بینهما۔

براہینِ قاطعہ پر خاں صاحب کے تیسرے اعتراض کا جواب

مؤلف براہینِ قاطعہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر خاں صاحب کا تیسرا اعتراض یہ تھا کہ

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف پر تو نصِ قطعی کا مطالبہ کرتا ہے اور نفی کے موقع پر خود ایک باطل روایت سے استدلال کیا۔"

روایت کی حیثیت کے متعلق تو انشاء اللہ ابھی چوتھے اعتراض کے جواب میں عرض کیا جائے گا۔ یہاں تو ہم صرف خاں صاحب کے اس علمی مغالطہ کا جواب دینا چاہتے ہیں کہ "ثبوت کے لئے نصِ قطعی کا مطالبہ کیا اور نفی کے موقع پر خود ایک

پیش کی ؟

کاش خاں صاحب اعتراض کرنے سے پہلے یہ غور فرما لیتے کہ مصنف براہین نے اس موقع پر جو حدیثیں پیش کی ہیں اور مدعی اور مستدل ہونے کی حیثیت سے پیش کی ہیں، یا مانع اور معارض ہونے کی حیثیت سے، اور کاش اصولِ مناظرہ کی کسی کتاب میں ان دونوں حیثیتوں کا فرق ملاحظہ فرما لیتے۔

واقعہ یہ ہے کہ صاحب براہین نے عقیدہ کے اثبات کے لئے نص قطعی کا مطالبہ کیا ہے اور مولوی عبد السمیع صاحب مصنف "انوارِ ساطعہ" کے قیاس کے معارضہ میں خود احادیث پیش کی ہیں اور یہ دونوں چیزیں صحیح ہیں، عقیدہ کے ثبوت کے لئے بیشک نص قطعی ہی کی ضرورت ہے۔ خود مولوی احمد رضا خاں صاحب کو بھی اصولاً یہ تسلیم ہے (ملاحظہ ہوا بناء المصطفٰے) اور بیشک قیاس کے معارضہ میں احادیث کیا معنی قیاس بھی پیش کیا جا سکتا ہے (ملاحظہ ہو مناظرہ رشیدیہ اور اسکے حاشی)

براہینِ قاطعہ پر چوتھا اعتراض اور اس کا جواب

چوتھا اعتراض یہ تھا کہ "صاحب براہین نے نقل میں خیانت کی، اور حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے جس روایت کو نقل کر کے رد کیا، اس کو انکی طرف منسوب کر کے نقل کر دیا اور رد کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا تو گویا "لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ" تو لے لیا "اَنْتُمْ سُکَارٰی" کو چھوڑ دیا۔

خاں صاحب کی ذریت ہمیں معاف فرمائے یہاں ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ چونکہ وہ خود اس قسم کی کاروائیوں کے عادی تھے، اس لئے انھوں نے دوسروں کو بھی ایسا ہی سمجھا لیکن ان کو معلوم ہو جانا چاہیئے کہ ان باتوں کی ضرورت صرف اہل باطل کو پیش آتی ہے۔ حق پرستوں کو اس کی حاجت نہیں، مگر چونکہ خانصاحب کا یہ اعتراض بھی موضوعِ تکفیر سے غیر متعلق ہے، اس لئے اس کے جواب میں بھی یہاں ہم اختصار ہی سے کام لیں گے۔

دیکھنا یہ ہے کہ اس موقع پر "صاحب براہین" کے الفاظ کیا ہیں ؟ ملاحظہ ہو

صفحہ ۱۵ کی ساتویں سطر میں فرماتے ہیں :

"اور شیخ عبد الحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں"۔

یہاں صاحب براہینؒ نے شیخ کی کسی خاص کتاب کا نام نہیں لیا ہے۔ پس اگر شیخ کی کسی ایک کتاب میں بھی یہ روایت بغیر جرح و تردید مذکور ہو تو صاحب براہین کا حوالہ بالکل صحیح ہے اور یہ سمجھا جائے گا کہ انھوں نے وہیں سے نقل کیا ہے۔ اس کے بعد ملاحظہ ہو مشکوٰۃ المصابیح باب صفۃ الصلوٰۃ کی فصل ثالث کے اخیر میں ذیل کی حدیث درج ہے :

عن ابی ھریرۃ قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الظہر وفی مؤخر الصفوف رجل فاساء الصلوٰۃ فناداہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا فلان الا تتقی اللہ الا ترے کیف تصلی انکم ترون انہ یخفی علی شیئ مما تصنعون واللہ انی لاری من خلفی کما اری من بین یدی (رواہ احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک دفعہ ظہر کی نماز پڑھائی اور پچھلی صفوں میں ایک شخص تھا جس نے نماز اچھی طرح نہیں پڑھی۔ پس جب سلام پھیر دیا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پکارا کہ اے فلانے کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ تم کیسی نماز پڑھتے ہو؟ تم سمجھتے ہو کہ جو کچھ تم کرتے ہو، اس میں سے کوئی بات مجھ پر پوشیدہ رہتی ہے۔ خدا کی قسم! میں اپنے پیچھے کے لوگوں کو اسی طرح دیکھتا ہوں جس طرح اپنے سامنے والوں کو۔ (روایت کیا اس کو امام احمد نے)

اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے حضرت شیخ عبد الحقؒ دہلوی علیہ الرحمۃ "اشعۃ اللمعات" صفحہ ۳۹۲ پر ارقام فرماتے ہیں :

بداں کہ ایں دیدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم از پس وپیش بطریق

جان کہ دیکھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا آگے اور پیچھے سے بطور خرق عادت

خرقِ عادت بود بوحی یا بالہام وگاہ گاہے
بود نہ دائم ومؤید آں است آنچہ در خبر
آمدہ است کہ چوں ناقہ آنحضرت گم شُد
ودر نیافت کہ کجا رفت منافقاں گفتند
کہ محمد ﷺ می گوید کہ خبر آسماں می رسانم ونمی
داند کہ ناقہ او کجا است، پس فرمود آنحضرت
واللہ من نمی دانم مگر آنچہ بدانا ند مرا پروردگار
من اکنوں بنمود مرا پروردگار من کہ وے
در جائے چنیں وچناں است ومہار وے
در شاخ درختے بند شدہ است ونیز
فرمودہ است کہ من بشرم نمی دانم کہ در
پس ایں دیوار چیست یعنی بے دانا نیدن
حق سبحانہٗ۔
(اشعۃ اللمعات جلد اول، صفحہ ۲۹۲)

تھا، وحی یا الہام سے اور کبھی کبھی تھا،
نہ ہمیشہ۔ اور اس کی تائید اس حدیث سے
ہوتی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی ناقہ مبارکہ گم ہو گئی اور یہ نہ معلوم ہوا
کہ کہاں گئی، تو منافقوں نے کہا کہ محمد (علیہ
الصلوٰۃ والسلام) کہتے ہیں کہ میں آسمان
کی خبر دیتا ہوں اور ان کو کچھ خبر نہیں کہ انکی
ناقہ کہاں ہے۔ تب آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ قسم اللہ کی میں نہیں جانتا
مگر وہ کہ میرے پروردگار نے مجھ کو دکھایا
ہے، اب میرے پروردگار نے مجھ کو بتلادیا
ہے کہ فلاں جگہ ہے اور اسکی مہار ایک
درخت کی شاخ میں بندھی ہوئی ہے اور
یہ بھی حضورؐ نے فرمایا ہے کہ میں بشر ہوں
میں نہیں جانتا کہ اس دیوار کے پیچھے کیا
ہے، یعنی بے بتلائے حق سبحانہٗ کے۔

یہاں شیخ نے اس روایت کو نقل فرمایا اور کوئی جرح نہیں فرمائی لہٰذا حضرت مولانا خلیل احمد صاحب علیہ الرحمۃ کا حوالہ بالکل صحیح ہوا، بلکہ غور کیا جائے تو شیخ کی اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ روایت ان کے نزدیک قابلِ اعتبار ہے۔ کیونکہ یہاں اس کو شیخ نے اپنے دعوے کی تائید میں پیش کیا ہے اور شیخ کی ثقاہت سے یہ بعید ہے کہ وہ کسی روایت کو باطل محض سمجھتے ہوئے اپنے دعوے کی تائید میں پیش کریں۔ پس مقامِ تائید میں شیخ کا اس روایت کو نقل فرمانا صریح دلیل اس کی ہے کہ یہ ان کے نزدیک معتبر ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ شیخ نے "مدارج النبوۃ"

میں ایک جگہ اسی روایت کے متعلق یہ بھی فرمایا ہے کہ "اس کی کوئی اصل نہیں" سواگرچہ اس سوال کا جواب ہمارے ذمہ نہیں، مگر تاہم ناظرین کے دفع خلجان کے لئے اس کے متعلق بھی کچھ مختصراً عرض کرتے ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ مشہور محتاط اور متشدد محدث حافظ ابن جوزی (حدیث کے بارے میں جن کی غیر معمولی احتیاط اور حد اعتدال سے بڑھا ہوا تشدد اہل علم کو معلوم ہے) نے اس روایت کو اپنی بعض کتابوں میں بلا اسناد کے نقل فرمایا ہے اور ان جیسے محتاط، نقد بصیر محدث کا کسی روایت کو بغیر جرح کے نقل کرنا اس کے معتبر ہونے کی کافی دلیل ہے، اور اسی وجہ سے شیخ علیہ الرحمۃ نے روایت کو معتبر سمجھا اور "اشعۃ اللمعات" کی مذکورہ بالا عبارت میں اپنے دعوے کی تائید میں پیش کر دیا مگر چونکہ اس روایت کی اسناد منقول نہیں، اس لئے "مدارج النبوۃ" میں ایک جگہ یہ بھی فرمایا کہ "اسکی کوئی اصل نہیں" یعنی اسناد نہیں، اس طرح شیخ کے کلام کا تعارض بھی دفع ہو جاتا ہے اور کوئی اشکال بھی باقی نہیں رہتا۔ اور یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی رح کا کلام بھی اس روایت کے متعلق بظاہر اسی طرح متعارض ہے چنانچہ قسطلانی "مواہب لدنیہ" میں حافظ سخاوی رح کی "مقاصد حسنہ" سے ناقل ہیں کہ:

حدیث ما اعلم ما خلف جداری هذا قال شیخنا شیخ الاسلام ابن حجر لا اصل له قلت ولکنه قال فی تلخیص تخریج احادیث الرافعی عند قوله فی الخصائص ویری من وراء ظهره کما یری من قدامه هو فی الصحیحین وغیرهما من حدیث انس وغیره والاحادیث الواردة بذلك مقیدة بحالة

یہ حدیث کہ "میں نہیں جانتا جو میری اس دیوار کے پیچھے ہے" ہمارے شیخ، شیخ الاسلام حافظ ابن حجر اس کے متعلق فرماتے ہیں کہ "اس حدیث کی اصل نہیں" میں کہتا ہوں کہ مگر تخریج احادیث رافعی کی تلخیص میں خصائص کے بیان میں رافعی کے اس قول کے پاس کہ "اور آپ دیکھتے تھے اپنے پس پشت جس طرح دیکھتے تھے اپنے آگے" خود انہی (حافظ ابن حجر) نے فرمایا ہے کہ

الصلوٰة وبذالك يجمع بينه وبين قوله عليه السلام لا اعلم ما وراء جداري هذا انتهى وهذا مشعر بوروده

یہ حضرت انس وغیرہ سے صحیحین اور انکے علاوہ دوسری کتب حدیث میں مروی ہے اور جن احادیث میں یہ مضمون (یعنی حضرت اقدس کا پس پشت کی چیزوں کو دیکھنا) وارد ہوا ہے وہ نماز کی حالت کے ساتھ مقید ہیں اور اس توجیہ سے تطبیق ہو جاتی ہے اور اس میں اور حضور علیہ السلام کے فرمان میں کہ:

"میں نہیں جانتا اس کو جو میری اس دیوار کے پیچھے ہے"

ختم ہوا (کلام حافظ ابن حجر کا، اس کے بعد حافظ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ) اور ہمارے شیخ کے، اس کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث وارد ہوئی ہے"

علامہ زرقانی شرح مواہب میں حافظ سخاویؒ کے اس قول کے بعد فرماتے ہیں کہ:

فينافي قوله لا اصل له فهو تناقض منه ويمكن ان مراده لا اصل له معتبر لكونه ذكر بلا اسناد لا ان مراده لبطلانه

پس ان کا (یعنی حافظ ابن حجرؒ کا) یہ قول ان کے اس قول کے منافی ہے (جس میں انھوں نے اس حدیث کے متعلق کہا ہے کہ "اس کی اصل نہیں" پس یہ انکی جانب سے (کھلا ہوا) تناقض ہے اور ممکن ہے کہ اس قول سے انکی مراد یہ ہو کہ "اس حدیث کی اصل معتمد نہیں" کیونکہ وہ بلا اسناد منقول ہوئی ہے یہ مطلب نہیں کہ سرے سے باطل ہے۔

پس ہم نے شیخ علیہ الرحمۃ کے مذکور والے قول کی جو توجیہ کی ہے وہ بعینہٖ وہی ہے جو علامہ زرقانی نے حافظ ابن حجرؒ کے کلام کی کی ہے۔

یہاں تک جو کچھ عرض کیا گیا، وہ شیخ کے قول "اصلے ندارد" کی توجیہ سے متعلق تھا اور اپنے فریضہ سے زائد، ورنہ ہمارے ذمہ صرف اسی قدر تھا کہ شیخ کی کسی تصنیف سے بس اتنا ثابت کر دیتے کہ انھوں نے اس کو بلا جرح نقل فرمایا ہے یہ ہمارا تبرع تھا کہ ہم نے شیخ کے طرزِ عمل سے روایت کا معتبر ہونا بھی ثابت کر دیا اور ان کے دونوں قولوں کے ظاہری تعارض کو بھی اٹھا دیا۔ فللّٰہ الحمد والمنۃ

اور قطع نظر ان تمام چیزوں سے اس میں تو کوئی شک ہی نہیں کہ یہ روایت معناً صحیح ہے اور بہت سی صحیح حدیثیں اس کے مضمون کی تائید کرتی ہیں۔ چنانچہ صحیحین اور سنن نسائی میں حضرت زینب زوجۂ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں زکوٰۃ کے متعلق ایک مسئلہ پوچھنے کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر حاضر ہوئی جب میں پہنچی تو اسی ضرورت سے ایک انصاری بی بی بھی وہاں کھڑی ہوئی تھیں ..... پس حضرت بلالؓ ہمارے پاس آئے تو ہم نے ان سے کہا:

ائت رسول الله صلی الله علیه وسلم فاخبره ان امرأتین بالباب تسألانك اتجزی الصدقة عنهما علی ازواجهما وعلی ایتام فی حجورهما ولا تخبره من نحن فسأله بلال فقال له رسول الله صلی الله علیه وسلم من هما فقال امرأة من الانصار وزینب فقال له ای الزیانب قال امرأة عبد الله فقال لهما اجران اجر القرابة واجر الصدقة

آپ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں جائیے اور ان کو اطلاع دیجئے کہ دو عورتیں دروازہ پر کھڑی ہیں اور یہ مسئلہ دریافت کرنا چاہتی ہیں کہ "اگر وہ اپنے شوہروں اور ان یتیم بچوں پر جو ان کی پرورش میں ہیں صدقہ کردیں تو کیا ادا ہو جائے گا؟" اور اے بلال دیکھو حضرت کو یہ مت خبر دینا کہ ہم کون ہیں۔ پس حضرت بلالؓ نے حضورؐ سے وہ مسئلہ اسی طرح دریافت کیا۔ حضورؐ نے دریافت فرمایا کہ وہ پوچھنے والیاں کون ہیں؟ حضرت بلالؓ نے عرض کیا کہ ایک کوئی انصاری بی بی ہیں اور ایک زینب، حضورؐ نے فرمایا کہ کون زینب؟ حضرت بلالؓ نے عرض کیا کہ عبد اللہ ابن مسعود کی بیوی۔ تو حضورؐ نے فرمایا کہ اس صورت میں ان کو دو اجر ملیں گے۔ ایک صدقہ کا، ایک قرابت کا۔

سو اگر حضورؐ کو دیوار کے پیچھے کی سب باتیں معلوم ہو جایا کرتی تھیں تو حضرت بلالؓ سے نام دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہوتی؟ پس آپ کا نام دریافت فرمانا اور زینب نام معلوم ہونے پر یہ فرمانا کہ کونسی زینب؟ صریح دلیل اس کی ہے کہ آپ کو دیوار کے پیچھے کی باتیں معلوم نہیں ہوتی تھیں۔

نیز حیاتِ طیبہ کے اخیر دنوں میں حالتِ مرض میں حضورؐ کو اپنی جماعت کو دیکھنے کے لئے حجرۂ مبارکہ کے دروازہ پر تشریف لانا اور پردہ ہٹا کر مسجد نبوی میں نماز پڑھنے والی جماعت کو دیکھنا (جس کا ذکر کتبِ صحاح میں ہے)، اور بالخصوص آخری دن بار بار یہ دریافت فرمانا کہ اَصَلَّی النَّاس؟ "کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ حالانکہ مسجد مبارک اور حجرۂ شریفہ میں صرف دیوار ہی حائل تھی، صریح دلیل اس کی ہے کہ دیوار کے پیچھے کی کچھ باتیں حضورؐ کو معلوم نہیں ہوتی تھیں۔ پس اگر کسی حدیث میں یہ وارد ہوا ہو کہ "واللہ لا ادری ما وراء جداری هذا او کما قال علیه الصلوٰة والسلام (یعنی اللہ کی قسم! میں نہیں جانتا اس کو جو اس دیوار کے پیچھے ہے)، تو اس میں کیا استبعاد ہے۔ بہرحال اس روایت کی معنوی صحت سے تو کسی کو بھی انکار کی جرأت نہیں ہو سکتی۔

اور پھر اگر ان باتوں سے بھی قطع نظر کر لیا جائے تو یہ ہر منصف مزاج کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ صاحب براہین نے اس روایت کو علمِ ذاتی کی نفی کے موقع پر پیش کیا ہے کیونکہ ہم خود صاحب براہین کی تصریحات سے ثابت کر چکے ہیں کہ ان کی وہ تمام بحث علمِ ذاتی کے متعلق ہے تو گویا اس روایت کو انھوں نے علمِ ذاتی کی نفی پر محمول کیا ہے اور ہم خود مولوی احمد رضا خاں صاحب کی تصریحات سے ثابت کر چکے ہیں کہ وہ بھی علمِ ذاتی کے قائل نہیں بلکہ جو شخص ایک ذرہ یا اس سے بھی کمتر سے کمتر کا علمِ ذاتی غیر اللہ کے لئے مانے وہ ان کے نزدیک بھی کافر و مشرک ہے۔ پس اس اعتبار سے تو یہ روایت خاں صاحب کے نزدیک بھی معناً صحیح ہے اور وہ تو خود فرما چکے ہیں کہ "آیات و احادیث و اقوالِ علماء جن میں دوسروں کے لئے اثباتِ علمِ غیب سے انکار ہے، ان میں قطعاً یہی دو قسمیں (یعنی ذاتی یا محیطِ کل) مراد ہیں۔" خالص الاعتقاد، صفحہ ۲۸۔

پس جب کہ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس کو علمِ ذاتی کی نفی پر محمول فرما رہے ہیں تو پھر خاں صاحب یا اُن کی ذریت کے لئے کیا محلِ اعتراض ہے۔

ہم شروع ہی میں عرض کر چکے ہیں کہ یہ بحث موضوعِ تکفیر سے غیر متعلق ہے اس لئے ہم اسی قدر پر اکتفا کرتے ہیں۔

یہاں تک عبارت براہین قاطعہ کی بحث ختم ہو گئی اور خاں صاحب کے چاروں اعتراضوں کے جوابات سے ہم بعون اللہ تعالیٰ فارغ ہو گئے، اب حسام الحرمین کی آخری بحث متعلق عبارت حفظ الایمان شروع ہوتی ہے۔

لہ واضح رہے کہ خاں صاحب کے دوسرے اعتراض کے جواب میں جو ذاتی اور عطائی کا فرق ہم نے دکھلایا ہے وہ پہلے اعتراض کے جواب میں بھی جاری ہو سکتا ہے۔ فافہم وتامل۔ ۱۲ منہ

مدلل مکمل فتاویٰ دار العلوم دیوبند

بارہ ۱۲ جلدوں والا عکسی ایڈیشن

تالیف :- مفتی اعظم عارف باللہ مولانا عزیز الرحمٰن

ترتیب وحواشی :- مفتی ظفیر الدین صاحب مدظلہ

حسب ہدایت ونگرانی :- حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب رح

دار العلوم دیوبند کی خداداد شہرت و مرکزیت اور اس کے فتاویٰ پر تمام ممالکِ اسلامیہ اور مسلمانوں کی پنچایتوں اور عدالتوں کا اعتماد محتاج بیان نہیں ہے۔ یہ تمام فتاویٰ جواب تک غیر مرتب تھے، ان کی ترتیب کیلئے حضرت قاری محمد طیب مہتمم دار العلوم نے ایک مستقل شعبۂ ترتیبِ فتاویٰ قائم کیا جس میں ماہر علماء و فقہا کی ایک جماعت نے فتاویٰ کے اس عظیم الشان ذخیرے کو فقہی ترتیب پر مرتب کیا اور ہر فتوے پر بصیرت افروز حواشی لکھے اور اصل عربی کتب کے حوالے بقید صفحات تحریر کئے ہیں جس کی وجہ سے مسئلہ نکالنا نہایت آسان ہو گیا ہے۔ یہ عظیم فتاویٰ، فتاویٰ عالمگیری کی طرح مسلمانوں میں قانون کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ بارہ جلدوں کے کل صفحات تقریباً ۵۰۰۰

عکسی طباعت، سفید کاغذ، مضبوط اور حسین جلدیں

بارہ حصوں کے کامل سیٹ کی قیمت -/۵۲۵

ملنے کا پتہ: دار الاشاعت متصل اردو بازار کراچی ۱

کتب قصص و اسلامی حکایات وغیرہ

قصص القرآن	کامل چار جلد — مولانا حفظ الرحمن	قرآنی قصص اور انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات اور ان کی دعوت حق کی مستند تاریخ و تفسیر پر محققانہ ترین کتاب — چار حصے مکمل اعلیٰ	
قصص الانبیاءؑ	حضرت آدم سے لے کر آنحضرتؐ و خلفائے راشدین و ائمہ اربعہ کے حالات		
قصص الانبیاءؑ	(انگریزی) مندرجہ بالا کتاب کا انگریزی ترجمہ		
حیاۃ الصحابہؓ	صحابہؓ کے حالات میں تبلیغی جماعت کی مشہور کتاب		
حضرت تھانوی کے پسندیدہ واقعات	حضرت تھانویؒ کے مواعظ و حکایات سے جمع کردہ عام فہم مجموعہ مولانا ابوالحسن علی		
لطائف علمیہ ترجمہ کتاب الاذکیا	ذہانت چالاکی اور حاضر جوابی وغیرہ کی دلچسپ کتاب، امام ابن جوزیؒ		
ارواح ثلاثہ مجلد	شاہ ولی اللہ کے خاندان اور علمائے دیوبند کی دلچسپ حکایات۔	مولانا اشرف علیؒ	
حکایات صحابہؓ	صحابہؓ کی سچی اور مستند دلچسپ حکایات۔	مولانا محمد زکریاؒ	
علمی کشکول	علمی اخلاقی تاریخی دلچسپ مضامین۔ مجلد	مفتی محمد شفیعؒ	
فسانۂ آدمؑ	حضرت آدم و حوا علیہ السلام کا سچا دلچسپ قرآنی قصہ	حافظ محمد اسحاق دہلویؒ	
جلوہ طور	حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سچا قرآنی دلچسپ قصہ	〃 〃 〃	
داستانِ یوسفؑ	حضرت یوسفؑ اور زلیخا کا سچا قرآنی دلچسپ قصہ	〃 〃 〃	
تاجِ سلیمانیؑ	مشہور پیغمبر حضرت سلیمانؑ و ملکہ بلقیس کا سچا قصہ	〃 〃 〃	
ملتِ ابراہیمؑ	مشہور پیغمبر حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسماعیل کا سچا قصہ	〃 〃 〃	
معجزاتِ مسیحؑ	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سچا قصہ اور معجزات	〃 〃 〃	
معراجِ رسولؐ	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج کا قصہ	〃 〃 〃	
صبرِ ایوبؑ	حضرت ایوب علیہ السلام کے صبر کا دلچسپ سچا قصہ	〃 〃 〃	
طوفانِ نوحؑ	مشہور پیغمبر حضرت نوح علیہ السلام کا دلچسپ سچا قصہ	〃 〃 〃	
قصہ یونسؑ	مشہور پیغمبر حضرت یونس علیہ السلام کا دلچسپ سچا قصہ	〃 〃 〃	
قصہ جرجیسؑ	حضرت جرجیس پیغمبر کا دلچسپ سچا قصہ	〃 〃 〃	
قصہ اصحاب کہف	ان دینداروں کا قصہ جو کئی سو سال تک غار میں سوتے رہے	〃 〃 〃	
موت کا منظر	شداد اور اس کی جنت اور عبرت ناک انجام	〃 〃 〃	
بستانِ اولیاء کامل	اولیاء اللہ اور مقبول بندوں کے دلچسپ حالات	〃 〃 〃	
روزِ محشر	میدان حشر جنت دوزخ حساب کتاب کا قصہ	〃 〃 〃	
شہادت حسنینؓ	حضرت حسین و حسن رضی اللہ عنہم کے حالات	〃 〃 〃	
عشق النبی	اللہ تعالیٰ سے عشق کے اولیاء اللہ کے حالات	〃 〃 〃	
نیکی بدی	نیکی و بدی کے متعلق دلچسپ کتاب	〃 〃 〃	
آنحضرتؐ کے تین سو معجزات	آنحضرتؐ کے تین سو معجزات قرآن و حدیث سے۔ مولانا احمد سعید		
مسلمان فاتحین	تاریخ اسلام کے مشہور واقعات	احمد مصطفیٰ صدیقی راہی	

فہرست کتب مفت ڈاک کے ٹکٹ بھیج کر طلب فرمائیں | **دارالاشاعت** اردو بازار **کراچی ۱** فون ۲۱۳۷۶۸